UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224470

UNIVERSAL
LIBRARY

۲۵۹/

إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا

بعض بیان جادو کی تاثیر رکھتے ہیں

جناب شمس العلماء ڈاکٹر مولوی حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم و مغفور ایل ایل ڈی

ڈی او ایل رٹپٹی کلکٹر بہادر و ممبر بورڈ آف رونیو سرکار عالی نظام کے

لکچروں کا مجموعہ

(جلد دوم)

جس میں ۱۸۹۵ء سے لے کر ۱۹۰۵ء تک کے بائیس لکچر ہیں

مرتبہ

مولوی بشیر الدین احمد صاحب تعلقہ دار (کلکٹر) پنشنر سرکار عالی نظام

خلف الصدق جناب لکچرار ممبرور

۱۳۳۶ھ مطابق ۱۹۱۸ء

محمد قادر علیخان صوفی کے اہتمام سے

مفید عام اسٹیم پریس اگرہ میں چھپا

طبع دوم ایک ہزار جلد

(جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری بحق مولوی بشیر الدین احمد صاحب محفوظ ہیں)

قیمت ۵ خطۂ ڈی پی

مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن (ایسٹن روڈ)

شمس العلماء ڈاکٹر مولوی حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم و مغفور کی دیگر تصانیف

	کاغذ دولایتی سفید	کاغذ ستائی	جلد	محصول ڈاک
(۱) **قرآن مجید مترجم** تقطیع کلاں دو صفحہ تیرھواں ایڈیشن مطبوعہ مفید عام آگرہ جس کے آخر میں الفاظ و محاورات اُردو کی ایک مکمل فرہنگ مستزاد کی گئی ہے.....	معہ ر	سے ر	عہ ر	عصر ۲ ر
(۲) **قرآن شریف** تقطیع متوسط چوصفحہ ترجمہ بین السطور "جامع المصاحف".....	سے ر ۸	×	عصر ۸	۹ ر
(۳) **قرآن شریف** ترجمہ برصفحہ مقابل "غرائب القرآن".....	سے ر ۸	سے ر	ایضاً	۱۳ ر
(۴) **حمائل شریف** تقطیع ۱۶+۲۲ ترجمہ بین السطور بارھواں ایڈیشن جس کے آخر میں الفاظ و محاورات اُردو کی ایک مکمل فرہنگ مستزاد کی گئی ہے.....	سے ر	×	عصر	۶ ر
(۵) **وہ سورہ فی احسن صورہ**۔ مروجہ پنج سوروں کی جگہ یہ وہ سورہ مترجم و منشی ہے سفر حضر میں پڑھنے کے بہت کام کا ہے۔ حمائل کی تقطیع ہے.....	۸ ر	×	×	۲ ر

	رنگین ٹائٹل	سادہ ٹائٹل	محصول ڈاک
(۶) **ادعیۃ القرآن**۔ قرآن شریف کی تمام دعائیں مترجم معہ ایک مفصل دیباچے کے جس میں دعا کی حقیقت اور اُس کی مقبولیت وغیرہ عمدہ اور مفید مضامین ہیں روزانہ وظیفہ کے لیے ایک نایاب مجموعہ ہے.....	۷ ر	۶ ر	۲ ر

	قیمت	محصول ڈاک
(۷) **الحقوق والفرائض**۔ حصہ اول حقوق اللہ حصہ دوم حقوق العباد حصہ سوم اخلاق و آداب۔ مسایل شرعیہ میں اس سے بڑھ کر جامع و مفصل اور کوئی کتاب اردو میں نہیں ہے جو نہایت عام فہم اور سلیس بھی ہے.....	للعہ ر	۱۲ ر
(۸) **اجتہاد**۔ اس کتاب میں یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ اسلام اور اُس کے معتقدات		

إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا

بعض بیان جادو کی تاثیر رکھتے ہیں

جناب شمس العلماء ڈاکٹر مولوی حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم و مغفور ایل ایل ڈی

ڈی او ایل ڈپٹی کلکٹر بہادر و ممبر بورڈ آف رونیو سرکار عالی نظام کے

لکچروں کا مجموعہ

(جلد دوم)

جس میں ۱۸۹۵ء سے لے کر ۱۹۰۵ء تک کے بائیس لکچر ہیں

مرتبہ

مولوی بشیر الدین احمد صاحب تعلقہ دار (کلکٹر) پیشہ سرکار عالی نظام

خلف الصدق جناب لکچرار ممبرور

سنہ ۱۳۳۶ھ مطابق سنہ ۱۹۱۸ء

محمد قادر علیخان صوفی کے اہتمام سے

مفید عام آگرہ پریس میں چھپا

طبع دوم ایک ہزار جلد (جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری مولوی بشیر الدین احمد صاحب محفوظ ہیں)

۷۸۶

جلد دوم
تیئیسواں لکچر

یہ لکچر انجمن حمایت اسلام کے دسویں سالانہ جلسہ میں ۱۸۹۵ء میں
بمقام لاہور دیا گیا

نچا مارا ہے یکسر کیا عرب اور کیا عجم سب کو
خدا غارت کرے اس اختلافِ دین و مذہب کو

عجب بد عقل ہے انساں کہ باایں دعوئ دانش
ہزاروں سال سیکھا پر نہ سمجھا اصل مطلب کو

اگر تعلیم دیں یہ ہے تو آخر کار سن لینا
کہ خود مکتب کے لڑکوں نے کیا برباد مکتب کو

زمانے نے بہت سفاکیاں مذہب کی دیکھی ہیں
اگر شک ہو تو تم بھی آزما دیکھو مجرّب کو

خدا محفوظ رکھے اس کی زد سے یہ وہ گولا ہے
نہ پیادے ہی کو چھوڑے اور نہ راکب کو نہ مرکب کو

یہ وہ آتش ہے عالم سوز جس کی ایک چنگاری
جلا دے ایک دم میں خشک و تر کو دور و اقرب کو

ڈسا ہو جس کو اس موذی نے وہ پھٹکا نہیں کھاتا
خدارا تم نہ چھو لینا کہیں اس نیشِ عقرب کو

مُصِر طرکس لئے بنتے ہو لوگو کہ یہ منصب
نہ حاصل تھا نہ حاصل ہے مقرّب سے مقرّب کو

نہ اس آواز کو کانوں میں آنے دینا سن رکھو
نہ ایسی بات سے زنہار کرنا آشنا لب کو

نظر کچھ مقتضائے وقت پر بھی چاہیئے کرنی
کہ دن کو کام میں مصروف ہو آرام میں شب کو

مگر تم جھونپڑوں میں دیکھتے ہو خواب محلوں کے
ذرا سوچو تو کیا نسبت گئے وقتوں سے ہے اب کو

مزاجِ اسلام کا ناساز ہے۔ اچھا نہیں لگتا
کسی کا بولنا آواز سے جانِ معذّب کو

وے تم لوگ یوں بیگانہ وار آپس میں لڑ لڑ کر
بالآخر دق بنانا چاہتے ہو عارضی تب کو

پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑو چھوڑ دو حق پر
وہ خود بچا ن لیگا بے ادب کو اور مؤدب کو

اگر ایک پتھر اوپر کی طرف کو پھینکا جائے تو وہ پھینکنے والے کی قوت سے ایک حد تک اونچا

جائے گا۔ مگر اُس کا اونچا جانا ہی اُس کے گرنے کی دلیل ہے ۵

یہ اقامت ہمیں پیغامِ سفر دیتی ہے	زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے

اونچا چڑھنے میں پتھر کی رفتار ابتداءً تیز ہوتی پھر بتدریج دھیمی اور مدھم ہوتے ہوتے آخر کار فنا ہو جاتی ہے اسی کاش رفتار صعودی کے فنا ہوئے پیچھے پتھر کو سکون اور وقوف ہو۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا اور ہو نہیں سکتا۔ ریٹری بیوشن یعنی مکافات کے قاعدے سے ضرور ہے کہ پتھر جیسا اونچا چڑھتا تھا ویسا ہی نیچے کو گرے۔ صعود و ہبوط حرکتیں دونوں میں فرق اگر ہے تو صرف اسی قدر ہے کہ حرکت صعودی کی ابتدا فاسٹ (تیز) ہوتی ہے اور انتہا سلو (آہستہ) اور حرکت ہبوطی کی بالعکس یعنی ابتدا بطی اور انتہا سریع۔ مجھے یاد نہیں مگر اتنا خیال ضرور ہے کہ حرکت صعودی جس نسبت سے سست اور حرکت ہبوطی جس نسبت سے تیز ہوتی جاتی ہے۔ ہندسہ دانوں نے تحقیق کر کے اعداد میں اس کا ٹھیک اندازہ ٹھیرا دیا ہے جس کو شوق ہو اور وہ اس وقت کے مسلمانوں کو نہ ہوا ہے نہ ہوتا ہم جس کو شوق ہو ہمارے شمس العلماء خان بہادر مولوی ذکاء اللہ صاحب سے معلوم کر سکتا ہے۔ پتھر کے ہبوط اور صعود پر ہم قومی ترقی اور تنزل کو قیاس کر سکتے ہیں اور اسی غرض سے میں نے اس کا تذکرہ بھی کیا ورنہ کہاں میں اور کہاں ریاضی کا مسئلہ۔

غرض ہم مسلمانوں کی قوم نے بھی ترقی کرنی شروع کی تو کس تیزی سے کہ اور قوموں کو بھی ایسے اتفاقات پیش آئے ہیں تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ لیکن تاریخ کسی قوم کی مثال نہیں بتا سکتی جس نے مسلمانوں کی طرح ترقی کی ہو کہ ابتداءً شیوع اسلام سے صرف ساٹھ برس کے عرصہ میں وہ روم اور فارس کی زبردست سلطنتوں کو مغلوب کر کے گویا تمام زمین کے فرماں روا ہو گئے تھے۔ ہجرت ہی کو اسلام کے نشو و نما کی ابتدا سمجھو تو نویں برس مکہ فتح ہوا۔ جس کی نسبت اللہ تعالیٰ جل شانہٗ فرماتا ہے اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا

عرب جاہلیت جیسے اکھڑ درشت خو جنگ جو بدافعال بے دین لوگوں کو آٹھ برس صرف آٹھ برس میں بھلا آدمی کو بردبار۔ متواضع۔ منکسر۔ خداپرست بنا دینا فی نفسہ ایک معجزہ عظیم الشان ہی (اس کے بعد لکچرار نے اپنے مسدس اتمام حجت کے چند بند سنائے) حدیث کی کتابوں میں لکھا ہی کہ حجۃ الوداع کے وقت ایک لاکھ صحابی حضرتؐ کی رکاب میں تھے جب کہ نو برس پہلے آں حضرت صلعم کافروں کے ڈر سے شب کے وقت چھپ کر اپنے ایک رفیق حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ مکّے سے نکلے تھے۔ جنگِ بدر میں ابوجہل وغیرہ سردارانِ قریش مارے گئے۔ تو ابوسفیان رئیسِ قریش قرار پائے اور وہ بعد فتح مکّہ ایمان لائے۔ فتح مکّے کے وقت لشکر اسلام کی آمد سُن کر اُنھوں نے حضرت علیؓ کے پاس پناہ لی تھی اور جناب رسولِ خدا صلعم نے حضرت علیؓ کو حکم دیا تھا کہ ان کو لے جا کر ایسی جگہ کھڑا کرو کہ لشکرِ اسلام ان کے سامنے سے ہو کر گزرے اور اسلام کی عظمت ان کے ذہن میں مرتکز ہو چنانچہ ابوسفیان نے لشکرِ اسلام کو فئۃً[۵۱] بعد فئۃٍ گزرتے دیکھا۔ تو حضرت علیؓ سے کہا لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِیْ کَبْشَۃَ اِن کا مطلب یہ تھا کہ واقع میں اب تو تمھارے پیغمبر کو بڑا عروج ہو گیا ہے۔ لاکھ آدمی کا لشکر بہت بڑا لشکر ہوا[۵۲]

جَیْشٌ کَاَنَّکَ فِیْ اَرْضٍ تَطَاوَلُہٗ	وَالْاَرْضُ لَا اُمَمٌ وَالْجَیْشُ لَا اُمَمٌ
اِذَا مَضٰی عَلَمٌ مِنْہُ بَدَا اَعْلَمٌ	وَاِنْ مَضٰی عَلَمٌ مِنْہَا بَدَا اَعْلَمٌ

یہ واقعات تاریخی ہیں جن سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ میں نے حال میں کسی انگریزی اخبار یا ماہانہ رسالے میں دیکھا ہی کہ ولایت کے کسی کلب میں یہ مضمون زیر بحث تھا کہ دنیا میں عجب العجاب واقعات کون کون سے ہوئے مسٹر گلیڈسٹون جن کو یورپ نے گرینڈ اولڈ مین[۵۳] کا خطاب دے رکھا ہی اور بہ استحقاق دیا ہی۔ اُن کی دوسری فضیلتوں کے سوا یہ امر بھی مسلّمات سے ہی کہ دنیا کی تاریخ پر ان کی بڑی وسیع نظر ہی۔

۵۱ ایک گروہ کے بعد دوسرا گروہ ۱۲ ۵۲ عظیم الشان بڈھا آدمی ۱۲

چنانچہ ان مسٹر گلیڈسٹون نے اُس مجمع میں جہاں اور عجب العجاب واقعات بیان کیئے اُن میں اوّل نمبر پر اسلام کی ترقی تھی۔ نہ مطلق ترقی بلکہ اِس قدر زمانۂ قلیل میں۔ خیر وہ تو ترقی تھی بدیر ہوئی تو اور جلدی ہوئی ہوئی تھی اور ہوئی۔ اُس کے یاد کرنے سے مُسلمانوں کو اِس طرح تو فائدہ ہوسکتا ہی کہ اپنے بزرگوں کی حالت سے اپنی موجودہ حالت کا مقابلہ کریں اور اپنے حال زار پر متاسف ہوں۔ غیرت کو کام میں لائیں اور داغِ ناخلفی کو اپنے ناصیۂ حال سے چھڑائیں۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ مُسلمان اپنے بزرگوں کے کمالات اور کارنامے سُن کر اُلٹے شیخی میں آجاتے ہیں اور گو مُنہ سے نہ کہیں دل میں سمجھنے لگتے ہیں کہ دنیا میں بھلا مانس باآبرو دیندار رہو کر رہنا ایک فرض کفایہ تھا اور اِس فرض کو بزرگوں نے ادا کر کے اُن کو سبک دوش کر دیا ہی۔ سخت سے سخت بیماری میں مبتلا ہونا بھی چنداں خوف کی بات نہیں۔ ہاں خوف کی بات یہ ہی کہ بیماری کا احساس نہ ہو یا احساس ہو اور وہ مرض کو علاج پذیر نہ سمجھے۔ مجھ کو افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہی کہ ہم مسلمانوں میں اکثر لوگ ان ہی دو قسموں کے ہیں۔ قوم برباد ہو چکی ہی اور ان کو خبر تک نہیں اور اگر معدودے چند کو خبر ہی بھی تو وہ خدا اور تقدیر پر چھوڑ رکھ کر کچھ کرنا نہیں چاہتے۔ اِس واسطے کہ اُن کے نزدیک کچھ بھی کرنے سے کچھ بھی فائدہ نہیں ہوسکتا۔ ان کو تقدیر اور توکّل اور جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ کے معنی ہی یہی سمجھائے گئے ہیں اور سمجھائے جا رہے ہیں۔ پھر ایک بڑی مصیبت جس نے بالکل آس توڑ دی ہی یہ ہی کہ لوگ قوم اور قومیت کے مفہوم کو نہیں سمجھتے کوئی اپنی جگہ کچھ کر بھی رہا ہی تو اپنے شخصی فائدے کے لیئے کر رہا ہی۔ ای کاش وہ اپنا شخصی فائدہ کرے مگر یہ سمجھ کر کرے کہ وہ بھی مسلمانوں میں کا ایک مسلمان ہی۔ جب وہ ایسی نیّت رکھے گا تو اُس کے شخصی افعال میں ایک قومی شان پیدا ہوگی۔ اصل خلقت میں انسان ایک مخلوق خود غرض ہی اِس کا ثبوت تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ انسان کے بارے میں اللہ تعالیٰ خود فرقانِ حمید میں ایک مقام پر فرماتا ہی اِنَّ الْاِنْسَانَ

خُلِقَ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ایک تو خلقت ہوئی اور غرض دوسرے پشتوں سے دیکھیں شخصی حکومتیں اب ہمارا حال یہ ہے کہ ہمارا کھانا پینا سونا جاگنا چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا غرض جو فعل بھی ہم کرتے ہیں سب شخصی ہیں کبھی بھول کر بھی قوم اور قومیت کا خیال ہمارے دل میں نہیں آتا۔ وہ جو سُنا ہو نَوْمُ الْعَالِمِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الْجَاهِلِ وہ بھی اسی تفرقہ پر مبنی ہے کیوں کہ جاہل سوتا ہے اس لیئے کہ اپنے شخصی کاموں سے تھکا ماندہ ہو گیا تھا۔ سو کر اپنے نفس کو آرام دے۔ عالم بھی اسی غرض سے سوتا ہے مگر وہ حسبتہً للہ لوگوں کو درس دینے حسبتہً للہ لوگوں کو وعظ اور نصیحت کرنے سے تھک گیا تھا اُس کی غرض بھی تکان کا رفع کرنا ہے کہ بیدار ہو کر چست و چالاک پھر خدا کے کاموں میں مصروف ہو۔ ہمارے ہاں کہیں کہیں کوئی کوئی قومی کام ہو بھی رہے ہیں تو یا تو اُن میں شہرت اور جلبِ منفعت کی قسم کی ذاتی اغراض مضمر ہوتی ہیں یا نہیں بھی ہوتیں تو لوگ بدنفسی سے ناحق ناروا اُن کو متہم کر دیتے ہیں۔ اِن اطراف میں نمود کے دو ہی کام سُننے میں آتے ہیں اوّل درجے میں علی گڑھ محمدن کالج اور اس کے بعد انجمن حمایت الاسلام لاہور۔ سو دونوں متہم ہو چکے ہیں اور اب بھی متہم ہیں۔ اِس کا ضروری اور لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قومی کام یا تو شروع ہوتے ہی بیٹھ جاتے ہیں یا مدد کرنے والوں کے تشکّی اور کارکنوں کی بے دلی کی وجہ سے سسک سسک کر کچھ چلتے ہیں اور اُن کا قیام ہمیشہ معرضِ خطر میں رہتا ہے۔ یہ حالت دیکھ کر میری اپنی تو یہ کیفیت ہو گئی ہے کہ کسی قومی کام میں طوعاً خوش دلی سے شریک ہونے کو جی نہیں چاہتا۔ نہ میں کسی انجمن یا سوسائٹی کا ممبر ہوں نہ سکرٹری نہ کارفرما نہ کارکن نہ مُشیر۔ بعض لوگ جن کی خاطر مجھ کو ایسی ہی عزیز ہے زبردستی لکچر دینے کے لیئے پکڑ لے جاتے ہیں اتنے ضعیف تعلق پر بھی مجھ کو قومی خدمت کا صلہ تھوڑا بہت تو مل ہی رہتا ہے۔ انجمن حمایت الاسلام میں لکچر دینے کی یہ سزا ملی کہ ہزاروں روپے گرہ سے خرچ کیئے سخت سے سخت گرمی کی ایذائیں اُٹھائیں مہینوں بیمار رہا۔ سید احمد خاں کے برسویں دن کے چند گھنٹے کی رفاقت کا نتیجہ ہے

کہ اگر علمائے شہر سے فتویٰ لیا جائے تو مجھ کو مرتد نہیں تو کافر اور کافر نہیں تو فاسق ضرور بتائیں گے۔ ابھی شاید کاسۂ بدنامی کے لبریز ہونے میں کچھ بوندوں کی کسر ہے کہ اب مجھ کو اِس انجمن میں بُلایا گیا ہے۔

میں نے اِس انجمن کا نام تو سُنا تھا مگر اُسی بے اعتنائی کے ساتھ جیسا کہ میں عموماً قومی کاموں کی خبروں کو سُنا کرتا ہوں۔ آج تیسرا دن ہے کہ میں نے اِس انجمن کی رپورٹ کو سرسری نگاہ سے دیکھا اور اُس میں ایک شان خاص پائی جس کی وجہ سے میں یہاں چلا بھی آیا۔ وہ شانِ خاص جس نے مجھے اِس انجمن کا گرویدہ کیا اِس کے ممبروں کا محالفہ ہے مجھ کو اِس محالفے پر یاد آئی بیعت الرضوان کہ جناب پیغمبر خدا نے عمرے کے ارادے سے مکّہ کا قصد فرمایا۔ حدیبیہ پہنچے تو کفارِ قریش مانع ہوئے آخر کار صلح کی ٹھیری اور حضرت عثمانؓ صلح کی گفتگو کے لیئے مکّہ گئے اُن کے واپس آنے میں دیر ہوئی یہاں خیال ہوا کہ شاید حضرت عثمانؓ کو دشمنوں نے مار ڈالا۔ اِس موقع پر حضرتؐ نے اصحابؓ سے لڑنے مرنے کی بیعت لی اِسی بیعت کے بارے میں قرآن کی وہ آیت نازل ہوئی اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰھَدَ عَلَیْہُ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا محالفہ بھی ایک قسم کی بیعت ہی ہے۔ مگر جیسا میں اِس محالفے سے خوش ہوا ویسا ہی رپورٹ میں یہ دیکھ کر افسوس بھی کیا کہ بعض صاحبوں نے حلف کی ویسی رعایت نہ کی جیسی کہ اُن کو کرنی چاہیئے تھی۔ پھر نکثِ بیعت کی نوبت نہیں پہنچی تو بھی محالفہ قدر کی چیز ہے۔ انجمن کے اکثر ممبروں کے حالات سے مجھ کو ایسی آگاہی ہے کہ اُن کو کوئی طلبِ شہرت یا جلبِ منفعت کی شخصی اغراضِ خسیسہ سے متہم کر نہیں سکتا۔ مگر وہی جو وعید یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ سے بھی نہ ڈرتا ہو۔ غرض چنوں کی تو میں کہتا نہیں مگر چنوں کے سوائے روپے پیسے کوڑی آٹا کپڑا جو کچھ بھی اِس انجمن کے ہاتھوں میں ہے۔ قسم کھانے کی بات ہے کہ محفوظ ہاتھ

اور اُس کا مصرف بھی محفوظ ہی۔ چنوں کو جو میں نے مستثنیٰ کیا تو مجھ کو ایک کہانی یاد آگئی کہ ایک بار چنا حضرت میکائیل کے پاس فریادی گیا کہ یوں تو سارے غلّے کھائے جاتے ہیں اور اسی لیئے پیدا کیئے گئے ہیں اس کی تو کچھ شکایت نہیں مگر مجھ پر جو خاص ستم ہوتے ہیں اُن کی داد چاہتا ہوں کہ جب سے میں زمین سے سر باہر نکالتا ہوں ساگ کے لیئے لوگ مجھ کو توڑنا شروع کر دیتے ہیں۔ پھر آخر دم تک مجھ کو چین نہیں لینے دیتے اچھی طرح پھلنے نہیں پاتا کہ کچے کو کھانے لگتے ہیں قدرتی پختگی کا انتظار نہ کر کے ہولے بنا ڈالتے ہیں۔ پھر ان ظلموں سے جانبر ہوا تو شاخ و برگ بھُس ہو کر جانوروں کے دوزخِ شکم کا ایندھن ہوتا ہی رہا دانہ اُس کو دلتے پیستے اُبالتے بھونتے ہیں غرض ستانے اور ایذا دینے کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے چنوں کا اس طرح چٹر پٹر بولنا سُن کر حضرت میکائیلؑ نے اُس کو ایسا گھورا کہ گویا کھا ہی جائیں گے۔ آپ سمجھے کہ کیوں میں نے چنوں کو مستثنیٰ کیا تھا۔ پھر میں نے اس بات کو بھی نظرِ استحسان سے دیکھا کہ انجمن نے بہت چھوٹے سکیل کا کام لیا ہی۔ مسلمانوں کو اگر ایک بڑی وسیع عمارت خیال کیا جائے اور جب کہ مسلمانوں کا شمار ہمارے ہندوستان میں چھ کروڑ ہی تو کیوں اُن کو وسیع عمارت خیال نہ کیا جائے۔ بہرکیف مسلمانوں کو اگر ایک وسیع عمارت خیال کیا جائے تو اس عمارت کا یہ حال ہی کہ کوئی اینٹ اپنی جگہ پر قائم نہیں الّا ماشاء اللہ دیواروں کو لونی لگی ہی چھلیں ڈھے پڑی ہیں کڑی تختہ گل گل کر آٹا ہو گیا ہی کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ عمارت خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا کی مصداق کیوں نہیں ہو گئی۔ اچھا تو میں دیکھتا ہوں کہ اور لوگ ساری عمارت کے از سرِ نو بنانے کے مدعی ہیں۔ مگر اس انجمن نے اس عمارت کا بہت چھوٹا سا کونہ لیا ہی وہ بھی تجدید کے لیئے نہیں بلکہ صرف اس لیئے کہ ہو سکے تو اُتنے ٹکڑے کو اڑواڑ یا تھونی لگا کر گرنے نہ دیں۔ یہ لوگ حدِ امکان وقوعی میں ہیں اور مدعیانِ تجدید حدِ امکان عقلی سے بھی متجاوز اس میں شک نہیں کہ مسلمان ایک طرح کی نہیں سیکڑوں طرح کی اصلاح کے محتاج ہیں۔ ان لوگوں نے چند باتیں اختیار کی ہیں اور وہ بھی ایک محدود حلقے میں اور ان باتوں کا سرانجام

بھی آسان سے آسان ہی مگر ۵

مشکل ز توجہ تو آساں		آساں ز تغافل تو مشکل	

اگر ایک کام کو کرنا ہی نہ چاہو تو اس کا کچھ بھی علاج نہیں چٹکی چٹکی آٹے کی بھی کچھ حقیقت ہی مگر یہی چٹکی چٹکی سب گھروں سے ملے تو شاید ایک دن کی آمدنی سے یتیم تو یتیم انجمن کے ممبر انجمن کے ملازم انجمن کے سالانہ جلسہ کے حضار مہینوں پھرے رہیں۔ لیکن یتیموں کے سوا خدا نہ کرے کہ کوئی اور اس آٹے کو کھائے اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِھِمْ نَارًا وَسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا میں نے انجمن کے اغراض و مقاصد پر غور کیا تھا کہ اگر ہو سکے تو ممبروں کو اغراض کے اور زیادہ محدود کرنے کی رائے دوں کیوں کہ طلب الکل فوت الکل کا کھٹکا بھی تو لگا ہوا ہی مگر ایک سے ایک مقصد زیادہ ضروری ہی ان میں کسی ایک غرض کو چھوڑ دیا جائے تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ سرے سے تائید اسلام کا نام ہی نہ لیا جائے اب مجھ کو صرف ایک بات اور کہنی ہی کہ انجمن کے تمام اغراض نہایت عمدہ اور نہایت ضروری ہیں۔ اور انجمن نے قائم ہو کر تمام مسلمانوں پر کیا امیر کیا غریب حجت الٰہی تمام کر دی ہی مگر بنظر خیر خواہی اسلام بعض اغراض کے پیرایۂ اظہار میں اختلاف کرتا ہوں۔ مثلاً آپ صاحب مسلمانوں کے یتیم اور لاوارث کی پرورش اور تعلیم کا تکفل کرتے ہیں تو کون ایسا کم بخت سنگ دل ہو گا جو اس کو کار ثواب نہ سمجھے اور کار ثواب نہ کہے۔ آپ کے لیئے اس مطلب کے ادا کرنے کا سب سے عمدہ اور معقول پیرایہ یہ ہی کہ یتیمی اور لاوارثی سے بڑھ کر کوئی مصیبت نہیں جو ایک بدنصیب فرزند آدم پر دنیا میں نازل ہو سکتی ہے۔ یتیمی اس طرح کی بے سہارے اور مایوسانہ زندگی ہی کہ اکثر صورتوں میں مرجانا اس سے بدارجہ بہتر ہو سکتا ہی۔ نابالغی تک کا زمانہ یتیم کے لیئے نہایت عاجزی اور بے بسی کا زمانہ ہی نہ صرف موجودہ تکلیفات کے اعتبار سے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ یہی زمانہ نابالغی مدت العمر کی رنج و راحت کا فیصلہ کر دیتا ہی۔ ابتداے زندگی میں ماں باپ سے بڑھ کر آدمی کا کوئی خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ اولاد کے ساتھ ماں باپ کی محبت

فطری محبت ہی بے شائبۂ غرض۔ اگر یتیم کے ماں باپ زندہ ہوتے وہ ضرور اس کو اُسی مذہب کی تعلیم دیتے جس کو اُنہوں نے اپنے لیئے نجاتِ ابدی کا ذریعہ سمجھا اور جس کو وہ تمام آدمیوں کے لیئے نجات ابدی کا ذریعہ سمجھتے رہے۔ پس اگر کسی مسلمان کا بچہ لاوارث رہ جائے تو اُس کے والدین کے ہم قوموں اور ہم مذہبوں یعنی مسلمانوں ہی کو اُس کا نیچرل گارڈین یعنی محافظ قانونی اور ولی اور سرپرست ہونا چاہیئے۔ اگر کسی دوسرے مذہب والے کو مسلمانوں کے لاوارث بچے کا ولی اور سرپرست بنایا جائے وہ فی اغلب الاحوال اُس کو اپنے مذہب کی ترغیب دے گا جس کے معنی دوسرے لفظوں میں یہ ہوں گے کہ لاوارث گویا تبدیل مذہب پر مجبور کیا گیا جو گورمنٹ کے منصفانہ اُصولِ مذہبی نیوٹریلٹی اور آزادی رائے کے بالکل خلاف ہی۔ اگر یتیموں کے حاصل کرنے کا یہ پیرایہ ہو تو اس میں کچھ بھی اعتراض کی بات نہیں اور غالب ہی کہ آپ صاحبوں نے صاحب ڈپٹی کمشنر کو عرضی دی ہوگی تو اسی مضمون کی دی ہوگی یا اسی طرح کا کوئی اور مضمون لکھا ہوگا لیکن بعض مقامات پر آپ کی رپورٹ کے مضامین میں ایسے فقرات پاتا ہوں جو بالکل خلاف مصلحتِ وقت میں وہ طرز جو بعض صاحبوں نے ان مقامات پر اختیار کیا ہی غیر مذہب والوں کو بُرا لگنے والا ہی حضرات! یہی تو کج ادائیاں ہیں جو ہم کو چین سے بیٹھنے نہیں دیتیں۔ کوئی برس خالی نہیں جاتا کہ کہیں نہ کہیں مسلمانوں اور ہندوؤں میں فساد نہ ہوتا ہو۔ وہی ہندو ہیں وہی اُن کے مندر ہیں وہی اُن کے سنکھ ہیں وہی اُن کے تیوہار ہیں وہی اُن کے اوقات ہیں وہی اُن کے باجے ہیں اور وہی ہم مسلمان ہیں وہی ہماری مسجدیں ہیں وہی ہماری پنجگانہ نمازیں ہیں وہی اذانیں ہین وہی ہمارے تیوہار ہیں اور وہی رسمیں ہیں اگر ہم دونوں اسی طرح کرتے ہوتے تو کبھی کے کٹ مرے ہوتے۔ فرض کیا جائے کہ ہمیشہ اور ہر جگہ دوسروں ہی کی زیادتی ہوتی ہو تو اچھا تالی کبھی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ مسلمان زیادتی نہ کرتے ہوں گے۔ تو کلوخ انداز را پاداش سنگ ست کرتے ہوں گے۔ ہمیں اپنے جوشِ مذہبی کو ٹھنڈا کرنا اور

سمجھنا چاہیئے کہ ہم پر وہ وقت نہیں تو اُسی کے قریب قریب وقت پڑا ہی جو شروع کے مسلمانوں پر ہجرت سے پہلے بلکہ ہجرت کے کئی سال بعد تک پڑا تھا۔ دوسرے مسلمانوں کی کون کہے خود جناب رسولِ خدا ہی کی بے آبروئی اور ایذا دہی میں لوگوں نے کون سا دقیقہ اُٹھا رکھا تھا مگر یہ کرتے کیا تھے صبر۔ خیر ویسا صبر تو ہونا مشکل ہی کہ سر پر پتھر کھینچ مارا ہی خون کی تلی جاری ہی دندانِ مبارک شہید ہو گئے ہیں صحابہؓ عرض کرتے ہیں کہ اُن کے حق میں بددعا کیجئے اور آپ فرماتے ہیں کہ اے اللہ ان کو معاف کر کہ اُنھوں نے اپنے رسول کی قدر نہیں جانی۔ مگر ویسا صبر مشکل ہی تو شکر ہی کہ ویسی مصیبت بھی نہیں۔ ہم ہی نے اپنے تئیں کچھ ایسا چھوئی موئی بنا رکھا ہی کہ بے تمیزی کرے کوئی اور ایمان جائے ہمارا۔ ہندو اور عیسائی تو بھلا خیر وہ سرا مذہب رکھتے ہیں اور اُن کے ہمارے اُصول مختلف ہیں۔ ہمارے آپس ہی میں ایک سے ایک کی نہیں بنتی۔ خدا ایک رسول ایک قرآن ایک قبلہ ایک بلکہ یوں کہو کہ دین ایک تاہم چھوٹے چھوٹے بے حقیقت اختلافات پر مسلمانوں میں لاٹھیاں چلیں سر پھٹول ہو فوجداری استغاثے ہوں۔ عدالت سے فریقین کو سزا ہو چکنے لیئے جائیں۔ دونوں فریق ایک ایک مسجد میں نماز نہ پڑھ سکیں۔ اِس سکڑی جنتری میں سے نکلے تب کہیں جا کر چودھویں صدی کا مسلمان کہلائے رباعی

شنیدم کہ مردانِ راہِ خدا		دلِ دشمناں ہم نہ کردند تنگ	
ترا کی میسر شود ایں مقام		کہ با دوستانت خلاف ست و جنگ	

مسلمانانِ درگور و مسلمانی در کتاب۔ ہاں تو لاؤ لکچر کی وہ شروع کی بات یاد کریں۔ اوّل آخر نسبتے دارد۔ پتھر جب اوپر سے گرتا ہی تو اُس کی رفتار تنزل تیز ہوتی جاتی ہی مسلمانوں کو دنیا میں ظہور کئے ہوئے اب کم و بیش تیرہ سو برس ہوئے اِس میں سے آدھی مدت ترقی کی رکھو اور آدھی تنزل کی یا دو تہائی ترقی کی رکھو اور ایک تہائی تنزل کی یا تین چوتھائی ترقی کی اور ایک چوتھائی تنزل کی تو اُس حساب سے جس کا حوالہ میں نے شمس العلماء خان بہادر مولوی

ذکار اللہ پر کیا تھا مسلمان حضیض نکبت میں دن دونے اور رات چوگنے گرتے چلے جاتے ہیں۔ غرض کچھ کرنا ہی تو پرسوں کے کرتے کل اور کل کے کرتے آج اور آج کے کرتے اب اور اب کے کرتے ابھی کرو۔ ورنہ پس ازاں کہ من نہ مانم بہ چہ کار خواہی آمد +

چوبیسواں لکچر

یہ لکچر ایجوکیشنل کانفرنس کے دسویں سالانہ جلسہ میں ۱۸۹۵ء بمقام شاہجہان پور دیا گیا تھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظَالِمُوْنَ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

یہ آیت تو سورۂ عنکبوت کی ہے مگر نوح علیہ السلام کا ذکر قرآن میں کئی مقام پر ہے۔ اور اُنتیسویں پارے میں تو ایک سورت ہی بر اسمہا نوح علیہ السلام کے حالات میں ہے اور اُن ہی کے نام سے نامزد بھی ہے۔ نوح علیہ السلام کا سب سے زیادہ مذکور سورۂ ہود

میں ہی کہ ایک ہی جگہ اکھٹے دور کوع ان ہی جناب کے حالات میں ہیں اور بڑے ہی دلکش اور مؤثر ہیں۔ قرآن کا یہ طرز خاص ہی کہ اُس میں ایک ہی پیغمبر یا ایک ہی اُمّت یا ایک ہی واقعے کے حالات بقدر مناسب جگہ جگہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیان ہوئے ہیں اور کہیں کہیں ایک ہی مضمون کا ان ہی لفظوں یا دوسرے لفظوں میں اعادہ بھی ہی تو وہ قند مکرر کا مزہ دیتا ہی۔ میں نے ایک خاص غرض سے سورۂ عنکبوت کی آیت اختیار کی ہی ورنہ میں سورۂ ہودؑ ہی میں سے پڑھتا۔ سورۂ ہودؑ کی عظمت آپ صاحبوں کو اس سے معلوم ہوگی۔ کہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ارذل العمر کو نہیں پہنچے جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہی وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا۔ اور ارذل العمر کو پہنچنا شانِ رسالت کے خلاف سا بھی تھا۔ ہم اس عمر کے آدمی کو کہا کرتے ہیں کہ سٹھیا گیا ہی یا سترا بہترا ہو گیا ہے۔ پیغمبر صاحب پر جو آثار پیری ظاہر ہوئے تو اسی قدر کہ آخر عمر میں بدن مبارک ذرا بھاری ہو چلا تھا اور نافلۂ شب بیٹھ کر پڑھنے لگے تھے اور صدغین یعنی کنپٹی اور عنفقہ یعنی لبِ زیریں کے بالوں میں گنتی کے چند سفید بال آگئے تھے۔ سو عمر کے لحاظ سے یہ بھی قبل الوقت تھا۔ بلکہ ایک صحابی نے کہا بھی کہ یا حضرت آپ جلد بوڑھے ہو چلے تو فرمایا شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَمْثَالُهَا باوجودے کہ آپ کے اگلے پچھلے سب گناہ خدا نے معاف فرما دئے تھے۔ إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا وَيَنْصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا لیکن آپ نے شرط عبودیت کو فوت نہیں ہونے دیا یہاں تک کہ نماز شب میں زیادہ کھڑے رہنے سے آپ کے پانوں ورم کر آئے تھے۔ اور کسی نے کہا بھی کہ آپ عبادت کی اتنی زحمت کیوں اُٹھاتے ہیں تو فرمایا أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا۔ اور واقع میں قرآن سی ہی ایسی چیز کہ اگر خدا کا جلال اور جبروت کما حقہٗ انسان کے ذہن نشین ہو اور وہ صدق دل سے قرآن کو کلام الٰہی جانتا اور مانتا ہو اور اس کا بھی اُس کو کامل

یقین ہو کہ زمین اور آسمان اپنی جگہ سے ٹل جائیں تو ٹل جائیں مگر قرآن کا ایک ایک جملہ۔ نہیں ایک ایک لفظ۔ نہیں ایک ایک شوشہ ضرور پورا ہو کر رہے گا پر رہے گا۔ اگر قرآن کی نسبت انسان کا ایسا عقیدہ ہو اور ہر شخص اپنی اپنی جگہ غور کرلے کہ ایسا عقیدہ رکھتا ہے یا نہیں۔ لیکن اگر قرآن کی نسبت انسان کا ایسا عقیدہ ہو تو کچھ عجب نہیں کہ وہ قیامت کے حالات سُن کر کانپ اُٹھے۔ اور کچھ عجب نہیں کہ قیامت کے حالات سن کر اُس کی گھگی بندھ جائے اور کچھ عجب نہیں کہ قیامت کے حالات سُن کر وہ بے اختیار رو پڑے جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں ایک جگہ فرماتا ہے اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَی اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ اور دوسری جگہ اُن وقتوں کے سچے عیسائیوں کی نسبت فرمایا ہے وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰٓی اَعْیُنَهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ اَنْ یُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِیْنَ انسان راسخ العقیدہ کا کانپ اُٹھنا اور رو پڑنا کیا بڑی بات ہے قرآن میں تو خدا نے وہ تاثیر رکھی ہے کہ اُس کو سُن کر پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں تو عجب نہیں لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ۔ مؤثر کے قوی الاثر ہونے میں تو سر مو فرق نہیں۔ ہاں فرق ہے تو متاثر کی حالتوں میں ہے۔ ایسے بھی خدا کے بندے ہو گزرے ہیں کہ مارے دہشت کے دہل کر مر گئے ہیں زرارہ بن اوفی تابعی کا مذکور ہے کہ جامع بصرہ میں نماز پڑھانے کھڑے ہوئے۔ قراءۃ میں فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ منہ سے نکلا تھا کہ دھڑام سے گر پڑے اُٹھایا تو ہولِ قیامت سے ڈر کر طائرِ روح پرواز کر چکا تھا۔ مرتے تو نہیں مگر نماز میں بعض بزرگوں کو زار و قطار روتے تو میں نے بھی دیکھا ہے۔ شیخ سعدیؒ نے سچ کہا ہے ؎

باراں کہ در لطافتِ طبعش خلاف نیست		در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس	

ایک تو وہ تھے کہ قرآن سُن کر قبل الوقت بوڑھے ہو گئے تھے۔ گویا فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ جیتے جی اُن پر گزر رہا تھا۔ ایک وہ تھے کہ قرآن سُن کر کانپ اُٹھتے تھے۔ ایک وہ تھے کہ قرآن سُن کر رونے لگتے تھے۔ ایک ہم ہیں کہ نَبَذَ فَرِيقٌ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ کے مصداق بن کر کتاب اللہ سے کچھ سروکار ہی نہیں رکھتے۔ کتاب اللہ کو پسِ پشت ڈال دینے کے معنی یہی ہیں کہ اُس سے سروکار نہ رکھا جاوے اور كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ صاف بتا رہا ہے کہ گویا اُن کو اُس کتاب کی خبر ہی نہیں کہ خدا کی طرف سے نازل بھی ہوئی ہے اور نازل ہوئی ہے تو اُس میں کیا لکھا ہے۔ اِس اعتبار سے کہ قرآن صرف پیغمبر صاحب کی طرف وحی کیا گیا خدا نے اُس کو مَا أُنْزِلَ عَلَيْكَ یا مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ فرمایا ہے۔ اور اِس اعتبار سے کہ اُس کے احکام عام ہیں اور نہ صرف مسلمان بلکہ تمام افرادِ بنی آدم اُس کے مخاطب ہیں۔ اِس کو مَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ اور مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ بھی ارشاد ہوا ہے۔ اِس کہنے سے میرا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی نسبت ایسا خیال نہ کرو کہ وہ پیغمبر صاحب پر نازل ہوا اور ہم قرآن کی ذمہ داریوں کے بوجھ سے سبکدوش ہیں نہیں نہیں۔ تعمیل کے اعتبار سے قرآن جیسا پیغمبر صاحب پر نازل ہوا ویسا ہی ہر ایک فردِ بشر پر نازل ہوا۔ جو نزولِ قرآن کے وقت خطاب کی صلاحیت رکھتا تھا یا تا قیامِ قیامت جامۂ بشریت میں آکر خطاب کی صلاحیت رکھے گا۔ نزولِ قرآن کی غرض و غایت اُس کے احکام کی تعمیل ہوئی تو سب سے پہلے ضرور ہے کہ ہم اُن احکام کو جانیں اور سمجھیں اور جاننا اور سمجھنا جیسا قرآن کی اصلی زبان یعنی عربی میں ہو سکتا ہے کسی دوسری زبان میں ہو نہیں سکتا۔ یہ جو پچھلی آسمانی کتابوں یعنی تورات انجیل وغیرہ پر مسلمان تبدیل و تحریف کا الزام لگاتے ہیں بادی النظر میں یہ الزام مخاصمانہ معلوم ہوتا ہے۔ کیوں کہ انسان کا اتنا بدنفس ہونا بھی قرینِ قیاس نہیں کہ وہ ایک کتاب کو کتاب اللہ بھی کہے اور پھر اُس میں دیدہ و دانستہ تبدیل و

تحریف بھی کرے۔ لیکن مسلمانوں نے بڑی کاوش سے اس الزام کو منزل تک پہنچایا ہے۔ یہاں تک کہ خود یہود و نصاریٰ کے علماء کو یہ مجبوری تسلیم کرنا پڑا ہے کہ واقع میں صحف سماوی انسانی تصرّفات سے محفوظ نہیں۔ لوگوں نے دیدہ و دانستہ تبدیل و تحریف نہ بھی کی ہو تاہم ترجمہ خود ایک طرح کی تبدیل و تحریف ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو شخص اس گناہ کا مرتکب ہوا ہے۔ وہ بے تامل میں کو تسلیم کرے گا۔ میں شروع سے قرآن کے ترجمے کا سخت مخالف رہا ہوں اب بھی مخالف ہوں اور جب تک زندہ ہوں مخالف ہی رہوں گا۔ اور اس کے دو بڑے سبب ہیں۔ بے شک بعض لوگ ایسے اداشناس بھی ہوتے ہیں جو پیغمبر کی طرز زندگی یا تعلیم یا قیافے سے اس کی صداقت کے معتقد ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ جب پیغمبر صاحب نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اپنے معراج پر جانے کا حال بیان کیا تو وہ بے تامل صَدَّقْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کہہ اُٹھے۔ اور اسی سے صدیق اُن کا خطاب ہوا۔ اور لوگوں نے پوچھا کہ تم نے ایسی خلاف قیاس بات کو کس طرح پر تسلیم کر لیا ہوگا تو جواب دیا کہ پیغمبر نے فرمایا اور مجھ کو یقین آگیا۔ ان ہی کی ایک اور حکایت ہے کہ پیغمبر صاحب کے زمانے میں روم نصاریٰ اہلِ کتاب تھے اور فارس آتش پرست۔ دونوں میں ہوئی لڑائی تو اہلِ فارس نے فتح پائی مشرکینِ عرب نے یہ سن کر خوب بغلیں بجائیں اور اپنے حق میں اس کو فالِ نیک سمجھا کہ جس طرح فارسی آتش پرست روم اہلِ کتاب پر غالب آئے۔ ہم بھی مسلمانوں پر غالب آئیں گے۔ جیسے مشرکینِ فارس کی فتح سے خوش ہوئے تھے ویسے ہی مسلمان روم کی شکست سے آزردہ۔ آخر مسلمانوں کی تسکین خاطر کے لیے وہ بڑے دھڑلے کی پیشیں گوئی نازل ہوئی الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَھُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِھِمْ سَیَغْلِبُوْنَ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ وَیَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰہِ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ وَعْدَ اللّٰہِ لَا یُخْلِفُ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ظَاھِرًا مِّنَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَھُمْ عَنِ الْاٰخِرَۃِ ھُمْ غٰفِلُوْنَ۔ ہم لوگوں کا کیا حال ہے کہ تمام

دنیا کے جغرافئے اور تاریخ کی کتابیں پڑھتے ہیں۔ زمین کے چپے چپے کے نقشے ہمارے سامنے رہتے ہیں۔ کوئی حصہ ملک کا نہیں جس کے تفصیلی حالات ہم کو اخبار سے معلوم نہ ہوتے ہوں۔ ریل اور سٹیمر کے ذریعے سے سیر و سیاحت ایسی آسان ہو گئی ہے کہ دو مہینے میں تمام محیطِ زمین کا چکر لگا آنا کچھ بڑی بات نہیں۔ اس پر بھی حال کی بات ہے کہ چین اور جاپان میں لڑائی کی چھیڑ چھاڑ شروع تھی تو تمام دنیا کے اہل الرائے اس پر متفق تھے کہ کم ظرف جاپان اہل یورپ کی ادھوری نقل کر کے شیخی میں آگیا ہے اور اُس کی شامت آئی ہے کہ چین کے ہاتھی کے ساتھ گنّے کھانے چلا ہے۔ خُدا کی قدرت وہی کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ جاپان نے چین کو خلاف توقع ایسا ایسا رگیدا کہ آخر کو اُس سے چیں بُلوا دی۔ اب چین کا بھرم کھُل گیا ہے اور جاپان اُس کو زخمی شکار کی طرح نیم مردہ کر کے چھوڑ گیا ہے۔ یورپ کے گدھ موقع پا کر اس کو آلپٹے ہیں اور اُس کی بوٹیاں نوچ رہے ہیں۔ تو میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اِس آگہی کے زمانے میں کہ چین اور جاپان دونوں کی فوجی قوت بحری اور برّی یورپ کے بچّے بچّے کو معلوم تھی۔ اور اس پر سمجھتے تھے کچھ اور ہوا کچھ۔ اِسی طرح جب جرمن اور فرانس کی مشہور لڑائی ہوئی تھی جس میں فرانس کی شخصی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا اُس وقت بھی پالی ٹیشن لوگوں نے جتنی پیشیں گوئیاں کیں سبھی تو غلط نکلیں۔ اب ہم اُن پیشیں گوئیوں کا مقابلہ کرتے ہیں اُس بڑے دھڑلّے کی قرآنی پیشیں گوئی کے ساتھ جو جناب پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روم اور فارس کی نسبت وحی آسمانی کے ذریعے سے کی تھی۔ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ۔ پیغمبر صاحب کے حالات روزِ ولادت سے لے کر روزِ وفات تک کے جزو کل ایسے شرح و بسط کے ساتھ قلم بند کیے ہوئے موجود ہیں کہ اُن سے پیغمبر صاحب کا کوئی قول و فعل متروک نہیں ہونے پایا۔ اس واسطے کہ اُن حالات کو لوگوں نے نہایت تفتیش و تلاش و احتیاط کے ساتھ عبادت سمجھ کر جمع کیا ہے۔ پیغمبر صاحب کی ساری لائف

پڑھ ڈالو کہیں سے اِس کا پتہ نہیں چلتا اور نہیں چل سکتا کہ یہ پیشیں گوئی پیغمبر صاحب کی اپنی ذاتی رائے تھی۔ اُنھوں نے روم اور فارس کا سفر نہیں کیا اُن کو ان دو زبردست سلطنتوں کی فوجی قوت کے موازنہ کرنے کا کوئی موقع نہیں ملا۔ اور اگر یہ پیشیں گوئی پیغمبر صاحب کی اپنی ذاتی رائے ہوتی تو وہ کبھی ایسے وثوق کے ساتھ اُس کو مشتہر نہ کرتے کہ اُس کو وحی متلو میں داخل کر دیتے جس کے صدق و کذب پر اُن کی رسالت کا صدق و کذب موقوف تھا اور پھر پیشیں گوئی بھی ایسے تھوڑے زمانے کی فِی بِضْعِ سِنِینَ۔ کہ لفظ بضع عربی میں ۳ سے لے کر ۹ تک کی اکائیوں پر بولا جاتا ہے۔ لیکن اِدھر صاحب وحی کو یقین کامل تھا کہ یہ پیشیں گوئی خدا کی پیشیں گوئی ہے اور اپنے وقت پر ضرور ہو کر رہے گی۔ اور اسی لیے اِس کے مشتہر کرنے میں ذرا بھی تامل نہ کیا اور اُدھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسے اُس کے باور کرنے والے کہ دوڑے دوڑے جا سَو اونٹوں کی شرط لگا آئے اور جیتے۔ خیر تو بعضے لوگ ایسے ادا شناس بھی ہوتے ہیں کہ پیغمبر کی طرز زندگی یا تعلیم یا قیافے سے اُس کی صداقت کے معتقد ہو جاتے ہیں۔ جیسے ابوبکر رضی اللہ عنہ۔ یا جیسے عبداللہ بن سلام کہ وہ کہتے ہیں میں نے جب اوّل بار پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینے میں دیکھا تو میرا دل مان گیا کہ ایسی نورانی شکل و صورت کا آدمی جھوٹا نہیں ہو سکتا وَاللّٰہِ مَا ھٰذَا بِوَجْہِ کَذَّابٍ لیکن سب کے دل تو ایک طرح کے نہیں ہوتے بلکہ سچ پوچھو تو اِس آسانی کے ساتھ حق سے متاثر ہونے والے آدمی بہت ہی کم ہوئے ہیں اب بھی بہت ہی کم ہیں اور آیندہ بھی بہت ہی کم ہوں گے۔ ایک بڑا جمِ غفیر تو اُن لوگوں کا ہے جو معجزے کو پیغمبری کی دلیل متعین سمجھتے ہیں اور ان میں بھی سب سے تیز وہ تھے جو من مانتے معجزے طلب کیا کرتے تھے وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ حَتّٰی تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ یَنْۢبُوْعًا اَوْ تَکُوْنَ لَکَ جَنَّۃٌ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْھٰرَ خِلٰلَھَا تَفْجِیْرًا اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ کَمَا زَعَمْتَ عَلَیْنَا کِسَفًا اَوْ تَاْتِیَ بِاللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ قَبِیْلًا اَوْ یَکُوْنَ لَکَ بَیْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰی فِی السَّمَآءِ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِیِّکَ حَتّٰی تُنَزِّلَ

عَلَيْنَا كِتَابًا نَقْرَؤُهُ اِن کو دین و مذہب سے تو کچھ بحث تھی نہیں صرف پیغمبر کے ساتھ ہرانی جتانی کرنی منظور تھی اور بس۔ لیکن کام تو ایسے ہی لوگوں سے پڑتا رہا ہے اس مصلحت سے پیغمبروں کو معجزے دیئے گئے پھر معجزے فی نفسہا کیسے ہی عظیم الشان کیوں نہ ہوں بعد الوقوع واقعہ تاریخی ہو کر رہ جاتے ہیں۔ میں یوں کہتے ہی کہتے رہ گیا کہ معجزہ صاحب معجزہ کے مرنے سے واقعۂ تاریخی ہو جاتا ہے اور رُکا بھی تو اس خیال سے کہ ہمارے یہاں تو لوگوں نے خرقِ عادت کو ایسی قوت ٹھیرا رکھا ہے جو صاحب قوت کے مرے پیچھے اور بھی زور پکڑ جاتی ہے۔ میں خود چند بزرگوں کی زیارت سے اُن کی زندگی میں مشرف ہوا ہوں۔ بے شک بہت لوگ اُن سے ارادت رکھتے تھے اور اُن کے حق میں میرا گمان بھی نیک تھا ظَنُّوْا بِالْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا مگر دعوے کے ساتھ کوئی خرقِ عادت اُن کی طرف منسوب نہیں کیا جاتا تھا۔ دفعۃً سُنا کہ اُن بزرگ کا انتقال ہوا اور خبر انتقال کے ساتھ یہ بھی سُنا کہ غسل دیتے میں ہونٹ ہلتے ہوئے دکھائی دیئے۔ کان لگا کر سُنا تو نفی و اثبات جہری کا ذکر جاری تھا۔ پھر قطب صاحب میں مزار کی تجویز ہوئی تھی۔ بہتیرے زور لگائے جنازہ جگہ سے نہ ہلا پر نہ ہلا اتنے میں حضرت سجادہ نشین صاحب کو مراقبے میں بشارت ہوئی کہ جہاں ہمارا وصال ہوا ہے ہم کو یہیں رہنے دو۔ تو میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ معجزہ صاحب معجزہ کے مرنے سے مر جاتا ہے۔ بلکہ شاید یہ کہنا بہتر ہوگا کہ معجزہ عند الوقوع بڑا قوی ڈوز[۱] ہوتا ہے لیکن مرور زمانہ سے پرانا ہو کر ضعیف الاثر ہو جاتا ہے۔ مثلاً جس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مُردے کو قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ کہکر جلا اُٹھایا ہوگا۔ جتنوں نے یہ کرشمۂ قدرت دیکھا ہوگا ضرور حضرت عیسیٰؑ پر صدق دل سے ایمان لائے ہوں گے۔ لیکن اب اُس معجزے کا کیا حال ہے۔ بہتوں کو تو یقین نہیں کہ ایسا ہوا ہو اور جن کو یقین ہے تو اُس کو نہ عین الیقین کہہ سکتے ہیں اور نہ حق الیقین۔ وہ ایک افسانے سے زیادہ دلوں پر اثر نہیں کر سکتا۔ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ کا فتویٰ نہ صرف بنی آدم پر جاری ہے بلکہ کُل چیزوں پر جو روئے زمین پر ہیں۔ یہاں تک کہ واقعات پر بھی۔ لیکن فنا کے طریقے مختلف ہیں۔ آدمی کا

[۱] معتاد۔ مقدارِ خوراک۔ ۱۲

فنا ہونا اُس کے مرنے سے ہوتا ہے اور واقعات کا فنا ہونا اُن کی تاثیر کے ضعیف ہو جانے سے غرض جس طرح کل انبیاء علیہم السلام کو پیشگاہ خداوندی سے معجزے ملے تھے اُسی طرح ہمارے پیغمبر صاحب کو معجزے کا ملنا تو ضرور تھا۔ لیکن وہ فضیلت جو خدا نے اُن کو دوسرے پیغمبروں پر دی ہے اس کی بھی متقاضی تھی کہ جس طرح وہ اشرف الانبیاء ہیں اُسی طرح اُن کا معجزہ بھی اشرف المعجزات ہو۔ سو واقع میں بھی ایسا ہی ہے۔ ہمارے پیغمبر صاحب کا بڑا معجزہ ہے قرآن اور دوسرے انبیاءؑ کے معجزوں سے اس کا مقابلہ کیا جاوے تو یہ ابدی اور دائمی اور مستمر اور متجدد اور باقی ہے۔ جب کہ دوسرے معجزات اپنے وقت میں معجزہ تھے اور اب صرف ایک واقعہ تاریخی ہو گئے ہیں کہ اُن کا وقوع تسلیم بھی کیا جائے تاہم اُن میں مرورِ زمانہ کی وجہ سے وہ اثر وہ زور وہ وقعت باقی نہیں۔ لیکن معلوم رہے کہ یہ شرف اور یہ فضیلت جو معجزۂ قرآن کو ہے اس کی فصاحت و بلاغت کی وجہ سے ہے۔ جس کا معارضہ باوجود طلب و تحدّی نہ آج تک کوئی کر سکا اور نہ آیندہ کوئی کر سکے لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا تو میں جو قرآن کے ترجمے کا مخالف تھا اور مخالف ہوں اور مخالف رہوں گا۔ اس کا ایک سبب تو یہی تھا کہ ترجمہ کیسی ہی احتیاط اور عمدگی سے کیوں نہ کیا جاوے۔ اصل عربی کی فصاحت اور بلاغت تو ترجمے میں آنی ممکن نہیں اور یہ اختلاف اَلسنہ کا ضروری نتیجہ ہے۔ اور قرآن کا ترجمہ ہوگا تو لوگ اصل متن سے بے نیاز ہوتے جائیں گے اور ترجمہ ہی اصل قرآن کے قائم مقام ہوگا جیسا کہ تورات و انجیل وغیرہ کا حال ہوا کہ یہ کتابیں اپنی اصلی زبان میں تیمناً لوگوں نے رکھ چھوڑی ہوں تو رکھ چھوڑی ہوں ورنہ جہاں دیکھو تراجم۔ اور اگر خدانخواستہ قرآن کا یہی حال ہوا اور ان شاء اللہ نہیں ہوگا۔ کیوں کہ خدا نے اس کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ لیکن اگر بفرض محال قرآن کا یہی حال ہوا تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ مسلمان ایک زندہ معجزے کو ہاتھ سے دے بیٹھیں گے یعنی میرے منہ

میں خاک بنیادِ اسلام متزلزل ہو جائے گی۔ دوسرا سبب میرے مخالفِ ترجمہ ہونے کا وہی خوفِ تحریف تھا اور ہے۔ زیادہ نہیں ۳ یا ۴ بار بے رجوع الی الاصل ترجمہ در ترجمہ ہونے دو اور پھر مثلاً چوتھے ترجمے کو اصل سے ملا کر دیکھو تو پاؤ گے کہ گویا دو کتابیں ہیں جدا گانہ ذرا سمجھنے اور غور کرنے کی بات ہے کہ جناب پیغمبر صاحب صلعم اپنی رسالت کے جہاں اور دلائل پیش کرتے تھے وہاں تورات اور انجیل اور صحف انبیاء سابقین کی پیشیں گوئیوں سے بھی استدلال کرتے تھے اور استدلال بھی کرتے تھے تو اس شد و مد کے ساتھ کہ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْرِفُوْنَہٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ اور وَاِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰاۃِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُہٗٓ اَحْمَدُ۔ اس سے بڑھ کر صاف اور صریح پیشیں گوئی اور کیا ہو سکتی ہے کہ نام تک بتا دیا۔ کسی کی عقل اس بات کو قبول کر سکتی ہے کہ کتاب مخالفوں کے ہاتھ میں ہو اور اُس میں پیغمبر صاحب کا نام و نشان نہ ہو اور ناحق زبردستی اُن سے کہا جائے کہ نہیں خود تمھاری کتابوں میں نام تک لکھا ہوا موجود ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو مخالفین لا کر کتابوں کا ڈھیر لگا دیتے کہ لو بتاؤ ان میں تمہارا مذکور کس مقام پر ہے۔ مگر سیر اور حدیث کہیں سے اس کا پتہ نہیں چلتا کہ کسی مخالف نے ایسا کیا ہو۔ یوں اُن کے مناظروں اور مباحثوں یہاں تک کہ مباہلے تک کا مذکور ہے اور نہیں ہے تو اس معارضے کا۔ پس ہو نہ ہو پیغمبر صاحب کے زمانے تک تو پیشیں گوئی بقید نام ضرور موجود تھی۔ لیکن اب واقع میں کہیں نہیں پائی جاتی تو یہ اِس اثنا میں کدھر غائب ہوئی۔ غائب ہوئی ترجموں میں کہ احمد اسم صفتی ہے۔ کسی نے اُس کو صفت سمجھا اور تعیین اسمی اُڑ پڑ گئی۔ غرض ایک تو قرآن کی فصاحت اور بلاغت کے لحاظ سے اور دوسرے اِس خاص قسم کی تحریف کے ڈر سے میں ہمیشہ قرآن کے ترجمے کا مخالف رہا ہوں اور اب بھی ہوں اور رہوں گا بھی۔ مگر آپ صاحب نہایت تعجب سے سنیں گے کہ باوجود ایسی سخت مخالفت کے میں نے آپ ہی قرآن کا اُردو ترجمہ بھی کیا ہے

جو مطبع انصاری دہلی میں چھپ رہا ہی۔ اِس کا یہ سبب ہوا کہ ایک طرف تو مَیں ترجمے کا مخالف تھا اور دوسری طرف میں نہایت افسوس کے ساتھ دیکھتا تھا کہ مسلمانوں کے معاملات صاف نہیں اِس لیئے کہ اُن کے مذہبی خیالات درست نہیں اور مذہبی خیالات درست نہیں اس لیئے کہ اُن کی مذہبی معلومات ٹھیک نہیں۔ میں دوسری قوموں کے ساتھ مسلمانوں کا مقابلہ کرتا ہوں تو میں ان کو الزام نہیں دیتا کہ یہ اپنے مذہب کا پاس کم کرتے ہیں۔ نہیں۔ اِن میں اکثر نمازیں پڑھتے ہیں اور روزے تو گویا سب ہی رکھتے ہیں۔ محرّماتِ شرعی سے بھی اکثر مجتنب رہتے ہیں میں ان کو مذہبی رسموں کا اہتمام کرتے ہوئے بھی دیکھتا ہوں۔ اور اپنی مذہبی کتاب یعنی قرآنِ مجید کو تو یہ ایسا عزیز رکھتے ہیں کہ دوسری قوموں میں اُس کی نظیر ملنی مشکل ہی۔ مگر قرآن کو عزیز رکھتے بھی ہیں تو اُس کے لفظوں کو۔ مجھ کو کتاب فروشوں اور چھاپے خانے والوں سے معلوم ہوا ہی کہ جس کثرت اور تواتر سے قرآن چھپتا ہی کوئی کتاب نہیں چھپتی ایک۔ اور دوسرے یہ کہ جتنی قرآن کی نکاسی ہی کسی کتاب کی نہیں کہ حمائل ہو ضخیم ہو۔ خفی ہو جلی ہو مترجم ہو غیر مترجم ہو۔ اِدھر چھپا اور اُدھر بکا۔ پھر مسلمانوں میں لاکھوں قرآن کے حافظ نکلیں گے اور الحمد للہ کہ اُن میں سے ایک میں بھی ہوں جب کہ دوسری قوموں میں کوئی حافظِ کتاب سننے میں نہیں آیا۔ لیکن کیا نقوش اور الفاظ کی عزت کرنے سے کہہ سکتے ہیں کہ مسلمانوں نے حَقَّ قَدْرِہٖ قرآن کی قدر کی۔ حاشا نہیں۔ کلا نہیں۔ قرآن نام ہی مجموعۂ معانی و الفاظ کا۔ پس جو شخص طوطے کی طرح قرآن کے الفاظ پڑھتا ہی۔ اور فہمِ معانی سے بے بہرہ ہی۔ ہم اُس کو بہت کریں گے نیم قرآن خواں کہیں گے۔ یا اِس سے بھی کم۔ ای کاش مسلمان جس قدر قرآن کے الفاظ کی قدر کرتے ہیں اُس کی آدھی تہائی چوتھائی بلکہ دسواں بیسواں پچاسواں سواں حصّہ اُس کے معانی کی طرف متوجہ ہوں بے شک قرآن عربی زبان میں ہی اور وہ بجائے خود مشکل زبان ہی اور اُس کی صرف و نحو میں بڑی موشگافیاں ہیں۔ اور اُس کا سیکھنا بے شک دقّت طلب ہی لیکن لوگوں نے

جتنا اُس کو مشکل بنا رکھا ہی اور مشکل سمجھ رکھا ہی میں خیال کرتا ہوں اُس کا عشر عشیر بھی مشکل نہیں۔ گو زبان مشکل ہی۔ لیکن اِس اشکال کے مقابلے میں یہ کتنی بڑی سہولت ہی کہ اُس کے الفاظ ہماری زبان اُردو میں اِس کثرت سے ہیں جیسے کھچڑی میں چاول اُس کے الفاظ فصیح اُردو کی جان ہیں کَیْفَ مَا اتَّفَقَ کوئی سا اُردو کا اخبار اُٹھا کر دیکھو۔ گو اُس کا اڈیٹر ہندو اور ہندو بھی کٹا ہندو۔ مسلمانوں کی صورت مسلمانوں کے نام مسلمانوں کی بولی یعنی نہ صرف مسلمانوں کے مذہب سے بلکہ مسلمانوں کی ہر چیز سے جلتا ہو۔ خدا نے چاہا تو اس کے اخبار کی بھی کوئی سطر نہیں پاؤ گے جس میں عربی کا لفظ نہ ہو۔ اور یوں جیسے مرزا نوشہ مرحوم کو نتھ کو نتھ کر پارسی نا آمیختہ تبازی لکھا کرتے تھے اُن کی طرح کوئی ٹھیٹ ہندی کی چندی لکھے تو اُس کا مذکور نہیں۔ مگر اُس کو ٹھیٹ ہندی کہیں گے نہ فصیح اُردو۔ بہرکیف عربی کے اِشکال کے مقابلے میں ایک سہولت تو یہ ہی کہ فصیح اُردو میں اِس کے الفاظ بکثرت ہیں۔ اِس کے علاوہ زبان دانی دو طرح کی ہی۔ ایک اعلیٰ درجے کی اور وہ تو ساری عمر کے صرف کیے بدون نہیں آتی۔ اور دوسری بقدرِ کارروائی اور فہمِ قرآن کے لیئے میں سمجھتا ہوں اتنی بھی بس کرتی ہی۔ لیکن ہاں امام رازیؒ کا سا سمجھنا نہیں بلکہ یہی معمولی طور کا سا سمجھنا جیسے ہم معمولی استعداد کے ہندی یعنی باشندگانِ ہند سمجھ لیا کرتے ہیں۔ سو امام رازیؒ ہی نے قرآن میں بڑی نکتہ چینیاں کرکے کون سا کمال حاصل کر لیا تھا۔ یہ وہی امام رازی ہیں نہ جن کی شان میں مولانا روم فرماتے ہیں ؎

گر بہ استدلال کارِ دیں بُدے		فخر رازی رازدارِ دیں بُدے	

بلاشبہ فہمِ قرآن کی قدر عربی جاننے کے لیئے ہم کو اپنے طریقۂ تعلیم کی اصلاح کرنی پڑے گی اور وہ محتاجِ اصلاح ہی بھی۔ لیکن فرض کرو کہ اتنی عربی جو فہمِ قرآن کے لیئے بس کرے۔ پتھر ہی اور پتھر بھی خارا۔ مگر بے فہمِ قرآن آدمی ٹکسالی مسلمان تو ہوتا نہیں۔ اور ٹکسالی مسلمان ہونا اگر نعمت ہی اور وہ واقع میں نعمت ہی اور بڑی نعمت ہی

کیوں کہ نجاتِ ابدی اور نعماے بہشت اور رضوان اللہ کی کفیل ہو تو ایسی بڑی نعمت کو دیکھیں یا چند روزہ زحمت کو۔

بھائیو! ذرا انصاف کرو دنیاے فانی کی موہوم کامیابیوں کے لیے ہم تم محنت اور جانفشانی کا کون سا دقیقہ اُٹھا رکھتے ہیں تو آخرت کے گھر کو جہاں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہو ایسا کہاں کا گیا گزرا ہو سمجھ لیا ہو کہ اُس کے لیے اِتنی سی زحمت بھی گوارا نہ کرو اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ تم ایسی بے حقیقت زحمتوں کو لیے پھرتے ہو۔ قرآن میں ایک مقام پر اللہ تعالیٰ دودلے مسلمانوں کی نسبت اعتراض کے طور پر فرماتا ہو وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا۔ مگر ہاں یوں کہو کہ ہم پہلے مسلمان تھے اِس لیے کہ مسلمان کے گھر پیدا ہوئے مسلمانوں کا سا نام رکھا گیا۔ زبردستی پکڑ کر ختنے کر دیے جن دنوں انگرکھے کا رواج تھا بائیں طرف کو انگرکھے کا پردہ رکھا۔ مزے سے جانوروں کے گوشت کھاتے رہے۔ اور اب مسلمان ہیں اِس واسطے کہ مذہب کی آڑ پکڑ کر اپنا ہو یا بیگانہ لڑنے کو موجود خانہ جنگی کو طیار بلوے کو آمادہ ہنگامے کو مستعد۔ اس میں تو دوست اور دشمن کسی کو کلام نہیں کہ مسلمانوں کی حالت یوماً فیوماً خراب ہوتی چلی جارہی ہو۔ اِس خرابی کے اسباب قریبہ جو کچھ بھی ہوں مگر جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ان اسباب کا سلسلہ آخرکار اسی ایک سبب پر جاکر منتہی ہوتا ہو کہ مسلمانوں کا مذہب اصلی حالت پر نہیں رہا۔ بے شک جیسا میں نے ابھی تھوڑی دیر ہوئی کہا تھا وہ مذہب رکھتے ہیں اور کون سا فرد بشر ہو جو کوئی نہ کوئی مذہب نہیں رکھتا بہرکیف مسلمان مذہب رکھتے ہیں مگر ہیں وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ

اعتراض کے طور پر نہیں دل سوزی اور ہمدردی کی راہ سے کہتا ہوں کہ ان وقتوں کے اکثر مسلمانوں وَلَا کَثْرَ حَکَمُ الْکُلِّ یعنی ان وقتوں کے مسلمانوں کے مذہب کی بنیاد تقلید آبائی پر ہے یا رسم و رواج پر یا طرزِ معاشرت پر یا کسی اور چیز پر جو تم لوگ تجویز فرماؤ نہ قرآن پر اس واسطے کہ یہ بیچارے قرآن کے مفہوم سے واقف نہیں۔ واقفیت کی ان کو لیاقت نہیں اور واقفیت کی نظر سے اس کو پڑھتے بھی نہیں۔ یاد رکھو کہ عام مسلمانوں کے حال سے بحث ہے اگر سیکڑوں میں نہیں ہزاروں میں بلکہ شاید لاکھوں میں دو چار عربی داں اور فہمِ قرآن پر قادر ہوئے تو اتنوں سے اُس حکم میں جو عام مسلمانوں پر لگایا جائے کوئی خلل نہیں آتا۔ اب میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ایک حکم الفاظ قرآن کے پیرائے میں جو وقعت رکھتا ہے وہ دوسری زبان کے پیرائے میں نہیں رکھ سکتا۔ جب ہم سمجھ کر قرآن کی تلاوت کرتے ہیں تو خود بخود ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا ہم خدا سے باتیں کر رہے ہیں۔ کبھی ہم کچھ عرض کرتے ہیں اور کبھی وہ کچھ ارشاد فرماتا ہے۔ لیکن جب ہم ترجمہ لیکر بیٹھتے ہیں۔ تو یہ خیال ہوتا ہے کہ خدا نہیں کہہ رہا بلکہ اُس کی طرف سے مترجم کہہ رہا ہے اور اسی واسطے ترجمہ وہ زبردست اثر نہیں ڈال سکتا جو اصل قرآن ڈالتا۔ اگر ہم اُس کو سمجھتے ہوتے۔ عربی زبان کا تلفظ بھی ایک خاص وقعت رکھتا ہے۔ اُس کے حروف حلقی بولنے میں شان دار معلوم ہوتے ہیں ہم کو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اہلِ جنت عربی ہی میں بات چیت کریں گے۔ غرض ہم مسلمان کئی سبب سے عربی کا ادب کرتے ہیں اور وہ قابلِ ادب ہے بھی۔ اور یہ میرا یکا عقیدہ ہے کہ اگر ہم قرآن کو اُس کی اصلی زبان میں سمجھتے ہوتے تو ہم اِس سے کہیں بہتر مسلمان ہوتے جیسے اب ہیں۔ میں اپنے لکچروں میں عربی کے چھوڑ بیٹھنے پر مسلمانوں کو بڑی سختی سے ملامت کرتا تھا اُن کو بتاتا تھا سمجھاتا تھا کہ مسلمانوں نے عربی کو ناحق ہوّا بنا رکھا ہے وہ جیسی مشکل سمجھی جاتی ہے۔ ہرگز ایسی مشکل نہیں۔ کہنے کو تو میں سب کچھ کہتا تھا۔ پر دل میں یہ بھی سمجھتا تھا کہ ایک مذہبی خیال تو محرک اور وہ بھی ضعیف اور ہزاروں موانع

اور وہ ایک سے ایک قوی۔ عربی کی اٹکی ہوئی گاڑی کو جگہ سے سرکانا ایں خیال است و محال است و جنوں۔ جب اِدھر سے مایوسی ہوتی تھی تو میں ترجمے کی تصویب کرنے لگتا تھا کہ جب مسلمانوں کو عربی کے پڑھنے کی فرصت نہیں۔ توفیق نہیں تو خیر ان کو ترجمے ہی کی چاٹ لگائی جائے کہ کسی طرح حکمِ خدا ان کے کانوں میں تو پڑے۔ اور حکمِ خدا بُری طرح یا بھلی طرح کانوں میں پڑتا رہے گا تو کہاں تک ان کے معتقدات اور معاملات پر اثر نہ کرے گا آخر گوش رسیدہ اثرے دارد۔ یوں تو قرآن کے متعدد ترجمے ہوئے ہیں اور اگرچہ پہلے لوگ قرآن کے ترجمے کا قصد کرتے ہوئے رُکتے تھے مگر اب یہ جھجک اُٹھ گئی ہے اور اُٹھتی چلی جاتی ہے۔ بہرکیف قرآن کے متعدد ترجمے موجود ہیں۔ مگر سب میں مشہور اور مقبول تین ہیں۔ اور کتنے بڑے دینی فخر کی بات ہے کہ تینوں ترجمے ایک ہی گھر کے ہیں۔ اسلام کے اعتبار سے جو خاندان عموماً تمام ہندوستان اور خصوصاً دہلی کا موجب فخر ہو گزرا ہے۔ اس کے مورثِ اعلیٰ تھے حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب [illegible] کے دو فرزند حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب اور مولانا شاہ اہل اللہ صاحب۔ مولانا شاہ ولی اللہ کے چار فرزند۔ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب۔ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب اور مولانا شاہ اسمٰعیل شہید کے والد مولانا شاہ عبدالغنی صاحب۔ فارسی ترجمہ مولوی شاہ ولی اللہ صاحب مرحوم و مغفور کا ہے۔ بڑی احتیاط سے ترجمہ کیا ہے۔ احادیث اور تفاسیر پر شاہ صاحب کی بڑی وسیع نظر ہے۔ اور اس لئے یہ ترجمہ سب سے زیادہ مستند ہے۔ مگر ہے فارسی۔ اور ظاہر ہے کہ شاہ راہِ عدم پر آگے عربی ہے تو پیچھے فارسی۔ یعنی عربی تو گویا ہندوستان سے رخصت ہوئی اور فارسی یوں ہی سی کچھ ہے سو وہ بھی مہمانِ چند روزہ ہے ع اگر ماند شبے ماند شبے دیگر نمی ماند۔ پس ہم کو مولانا مولوی شاہ ولی اللہ صاحب کے فارسی ترجمے سے تو قطع نظر کرنی چاہیئے اب رہ گئے اُردو کے دو ترجمے ان میں سے ایک مولوی شاہ رفیع الدین صاحب کا ہے اور دوسرا مولوی شاہ عبدالقادر صاحب کا کہ یہ دونوں مولوی شاہ ولی اللہ صاحب کے فرزند

تھے۔ مولوی شاہ عبدالعزیز صاحب سے چھوٹے۔ مولوی شاہ رفیع الدین صاحب کا ترجمہ لفظی ہی۔ جس کو انگریزی میں لٹرل کہتے ہیں۔ یعنی شاہ رفیع الدین صاحب ترتیب الفاظ کو بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ اگر ایک آیت کا ترجمہ اُس کے نیچے لکھا جائے گا تو تم پاؤ گے کہ ہر ایک لفظ اور ہر ایک حرف کا ترجمہ اُس کے مقابلے میں ٹھیک اُسی کے نیچے موجود ہی۔ ظاہر ہی کہ یہ ترجمہ شگفتہ ہو نہیں سکتا۔ کیونکہ اُردو اور عربی کا طرز ادا مطلب ایک دوسرے سے بالکل متغائر ہی۔ مثلاً ایک موٹی سی بات کہتا ہوں کہ ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا عربی کا ایک جملہ ہی فصیح اور بامحاورہ۔ جس کا ترجمہ مولوی شاہ رفیع الدین صاحب کے ڈھنگ پر یوں ہوگا کہ "مارا زید نے عمرو کو" لیکن "مارا زید نے عمرو کو" صحیح تو ہی مگر فصیح اور بامحاورہ نہیں۔ کیوں کہ عرب کے لوگ پہلے فعل بولتے ہیں پھر فاعل پھر مفعول کا نام لیتے ہیں۔ اور ہم اوّل فاعل و مفعول کا ذکر کر کے آخر میں فعل لاتے ہیں اسی مطلب کو ہم اس طرح پر کہیں گے کہ "زید نے عمرو کو مارا" "مارا زید نے عمرو کو" ویسی ہی غیر فصیح اُردو ہی جیسی ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا غیر فصیح عربی ہی۔ اور جملہ صرف فعل اور فاعل اور مفعول ہی کا تو نام نہیں۔ بعض اوقات شرط و جزا اور متعلقات اور بدل اور تاکید اور صفات اور معطوفات اور جملۂ معترضہ وغیرہ کے داخل کلام ہونے سے ایک جملہ کئی کئی سطروں میں جا کر تمام ہوتا ہی اور جب تین لفظوں میں ترتیب کی پابندی کرنے سے اُردو کا یہ حال ہو گیا کہ زید نے عمرو کو مارا کی جگہ مارا زید نے عمرو کو بولنے لگے تو اُن بڑے جملوں کا کیا حال ہونا ہی جن کے ساتھ متعلقات کا لمبا دُم چھلا بھی لگا ہی۔ بس یہ حال ہونا ہی کہ عبارت اُکھڑی اُکھڑی معلوم ہوتی ہی۔ طبیعت اُلجھتی ہی ہماری اپنی زبان ہی اور مطلب بھی دقیق نہیں مگر کچھ ایسی تعقیدات واقع ہوئی ہیں کہ قدم قدم پر سوچنے اور غور کرنے کی ضرورت پڑتی ہی۔ نتیجہ یہ ہی کہ لوگ شوق سے ترجمے کی طرف راغب نہیں ہوتے اور کچھ لوگ ترجمے کو پڑھتے بھی ہیں تو وہی تعبّدی طور پر پڑھتے ہیں۔ جیسے اصل متن کو۔ میں بہ قسم

اِس بات کو کہتا ہوں کہ مَیں اِن بزرگوں کی اور اِن بزرگوں کے ترجموں کی اِس قدر عزت کرتا ہوں کہ بس میرا ہی جی جانتا ہے۔ میں خوب سمجھتا ہوں کہ اُنھوں نے کتنی کچھ تو محنت کی ہوگی اور کتنا کچھ وقت صرف کیا ہوگا۔ اور اِن ترجموں پر کیا موقوف ہے۔ ایں خانہ تمام آفتاب است۔ اِس خاندان نے تو تمام ہندوستان میں اسلام کی وہ وہ خدمتیں کی ہیں کہ بس خدا ہی اُن کی داد دے گا۔ میرا اپنا عقیدہ تو یہ ہے کہ اِن بزرگواروں نے ہندوستان کے اسلام کے حق میں ایسا کام کیا ہے۔ جیسا عرب کے اسلام کے حق میں مہاجرین اور انصار نے کیا تھا۔ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ۔ پھر یہ مترجم دلّی میں پیدا ہوئے۔ اِن کی بولی بجائے خود سند ہے۔ مجھ سے کسی معتبر نے روایت کی تھی کہ شیخ ابراہیم ذوق شروع شروع میں میاں نصیر سے مشورہ لیا کرتے تھے۔ پھر دونوں میں ایک طرح کی منافست پیدا ہوگئی تھی تو میاں ذوق بالالتزام مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کے وعظ میں حاضر ہوتے اور اُن کے بیان سے استفادۂ سخن کرتے۔ تو کون ایسا نا انصاف اور حق ناشناس اور احمق ہوگا۔ کہ مولوی شاہ رفیع الدین یا مولوی شاہ عبدالقادر کے ترجموں پر معترض ہو۔ مگر ہے کیا کہ ان بزرگوں نے فرطِ ادب سے لفظی تقدیم و تاخیر کو بھی گناہ سمجھا۔ اور اُن کی یہ احتیاط قابلِ تحسین ہے انگلوں نے ایسی ہی احتیاطیں کی ہیں تب کہیں جا کر قرآن محفوظ رہا ہے۔ ورنہ آج تورات و انجیل کا سا حال ہو گیا ہوتا۔ مثلاً سورۂ اقرأ میں جو وہ آیت ہے کَلَّا لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِیَۃِ نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ خَاطِئَۃٍ اِس میں لَنَسْفَعًا حقیقت میں صیغۂ جمع متکلم مضارع موکد بہ لامِ تاکید و نونِ تاکید خفیفہ ہے مگر مصحفِ عثمانی میں غلطی سے نون خفیفہ کی جگہ تنوین لکھ گیا کہ اُس وقت تک قواعد اچھی طرح منضبط نہیں ہوئے تھے۔ اور نون خفیفہ اور نون تنوین دونوں کا تلفظ یکساں تھا۔ ابھی تک وہی غلطی نقل در نقل ہوتی چلی آتی ہے۔ اور رسم الخط قرآنی کی رو سے اگر کوئی تنوین کی جگہ نون خفیفہ لکھ دے تو اُس کو غلط سمجھیں گے۔ اِس بارے میں ہمارے علما کی احتیاط تو اِس درجے تک بڑھی ہوئی ہے کہ

قرآن تو قرآن حدیث اور مسائل فقہی کا بھی جب ترجمہ کریں گے لفظی بلکہ دینیات کے متعلق اُن کی اپنی عبارت بھی کچھ ایسی ہی شان کی ہوتی ہی۔ نواب قطب الدین خاں صاحب نے جو مولوی شاہ اسحاق صاحب کے سجادہ نشین تھے ایک کتاب لکھی ہی مظاہر الحق بڑی مبسوط کتاب ہی۔ اور اوّل سے آخر تک عبارت کی ایک ہی شان ہی۔ اِس بات کے دکھانے کو کہ یہ لوگ اپنی خاص عبارت کے لیئے بھی وہی لفظی ترجمے کی شان اختیار کرتے ہیں میں مختصر سے دو مقام پیش کرتا ہوں۔ اوّل خطبہ اور دوسرے ایک فائدے کی ڈیڑھ سطر

"بعد اِس کے مسکین محمد قطب الدین شاہجہان آبادی عرض کرتا ہی کہ مشکوٰۃ"
"شریف علم حدیث میں عجب نافع کتاب ہی کہ ہر مضمون کی حدیثیں اس میں مندرج"
"ہیں اُس کا ترجمہ عدیم النظیر میرے اُستاد بزرگوار مولانا مخدومنا مکرمنا حاجی"
"محمد اسحاق نواسۂ حضرت شیخ عبد العزیز رحمہما اللہ تعالیٰ کے نے بیچ زبان ہندی"
"کے بین السطور میں لکھا تھا۔ لیکن کاتبوں سے اِس کی صحت میں فرق آنے لگا"
"مرضی جناب موصوف کی ایسی پائی کہ اگر یہ بطور شرح لکھا جاوے۔ بہتر ہی"
"اِس لیئے اِس ہیچ مداں نے ترجمہ اس کا عبارت عربی سے علیحدہ کرکے لکھا"
"اور فائدے مختصر مناسب مقام کے شروح مشکوٰۃ وغیرہ سے مثل مرقات شرح"
"ملا علی قاری اور ترجمہ شیخ عبد الحق اور حاشیہ سید جمال الدین رحمہم اللہ کے"
"اور سوائے ان کے سے زیادہ کرکے خدمت عالی میں عرض کی اور جناب ممدوح"
"نے بھی کہ کچھ فائدے لکھے تھے تبرکاً اُس میں درج کیئے۔ اور نام اِس کا مظاہر حق"
"رکھا گیا کہ اِس میں تلمیح اِس کی نکلتی ہی۔ اللہ اِس کو مقبول فرما اور ہم سب کو"
"اِس سے دارین میں فائدہ مند کر۔ اور سند اِس کتاب مستطاب کی یہ ہی کہ"
"پڑھی یہ کتاب اضعف العباد محمد قطب الدین الاحراری الدہلوی غفر اللہ لہما"
"نے۔ حضرت مخدومی معظمی مکرمی مولوی محمد اسحاق رحمہ اللہ سے اور اُنہوں نے"

"پڑھی حضرت شیخ عبدالعزیز رحمۃ اللہ سے اور اُن کو اجازت ہی حضرت شاہ ولی اللہ"
"محدث دہلوی سے۔"

"بیٹھے درمیان دونوں خطبوں کے اس قدر کہ قرار پکڑتا ہر عضو اپنی جگہ پر اور"
"صحت کو نہیں پہنچی دعا کرنی حضرت سے اِس جلسے میں۔"

مولوی شاہ رفیع الدین صاحب کی نسبت مولوی شاہ عبدالقادر صاحب نے ذرا اِس پیچ کو ڈھیلا کیا ہی اور محاورات اُردو کو بہت نباہا ہی۔ مگر انقباض اُن کے ترجمے میں بھی ہی۔ یہ سب کچھ ہی مگر اس کو کیا کیا جائے کہ اِس وقت کے لوگ اِس طرح کے ترجموں کو نہیں کرتے اور ان کو پڑھ کر خوش نہیں ہوتے اور اصل مطلب فوت ہو رہا ہی کہ جو لوگ اُردو کے پڑھنے پر قادر ہیں ان میں اکثر ان ترجموں سے اُکتا اُٹھتے ہیں اور مطالب قرآن سے ایسے ہی بے خبر رہتے ہیں جیسے اَن پڑھ۔ قرآن کے ترجمے کے بارے میں ایسے خیالات وقتاً فوقتاً میرے ذہن میں گزرا کرتے تھے کہ اِس اثناء میں حدیث کی ایک کتاب دیکھنے کا اتفاق ہوا جس کا نام ہی تَیْسِیْرُ الْوُصُوْلِ اِلٰی جَامِعِ الْاُصُوْلِ مِنْ حَدِیْثِ الرَّسُوْلِ۔ صاحب کتاب نے صحاح ستہ کی احادیث کو ایک جگہ اِس خوبی سے ترتیب دے کر جمع کیا ہی کہ اُس کا حجم ایک کتاب کے حجم سے بڑھنے نہیں پایا۔ مجھ کو وہ کتاب ایسی پسند آئی کہ میں نے بے تامل اِس کا ترجمہ شروع کر دیا اور یہ سمجھا کہ اگر اس کتاب کا شگفتہ ترجمہ ہو جاوے تو صحاح ستہ کے ترجموں کی کچھ ضرورت نہیں۔ چنانچہ اِس کے رُبع اوّل کا ترجمہ کیا ہوا موجود ہی۔ اِسی رُبع میں واقع ہوئی کتاب التفسیر اور اُس میں واقع ہوئیں قرآن کی آیتیں اور چار و ناچار اُن کا ترجمہ کرنا پڑا۔ تو میں نے اِن آیات کا ویسا ہی با محاورہ سلیس مطلب خیز ترجمہ کیا جیسا ترجمہ لوگ چاہتے ہیں اور جیسے کی ضرورت ہی۔ اب مجھ کو خیال آیا کہ وہی آیتیں احادیث میں آئیں تو میں نے ترجمہ کرنے میں کچھ باک نہ کیا۔ اور وہی آیتیں قرآن میں ہیں تو میری طبیعت ترجمہ کرنے میں مضائقہ کرتی ہی تو میری وہی مثل ہوئی کہ گڑ کھاؤں گلگلوں سے پرہیز

اِس خیال نے ایسا آکر دبایا کہ میں نے تیسیر کا ترجمہ تو کیا موقوف اور ایک دم سے قرآن مجید کا ترجمہ شروع کر دیا۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہی کہ وہ ترجمہ تمام ہو گیا ہی اور میں نے اُس کو مطبع انصاری دہلی میں اپنے زیر نظر چھپوانا بھی شروع کر دیا ہی اور میں اُمید کرتا ہوں کہ اِن شاء اللہ ۱۳۱۵ھ ہجری میں چھپ کر طیار بھی ہو جاے گا۔ بعض صاحبوں نے مجھ سے مُنہ پھوڑ کر فرمائش کی اور صلاح تو بہتوں نے دی کہ میں نمونے کے طور پر چند مقامات کا اپنا ترجمہ دوسرے ترجموں سے مقابلہ کر کے پبلک کے روبرو پیش کروں۔ مگر میں نے ایسا کیا نہیں اور کروں گا بھی نہیں۔ کیوں کہ اس میں دوسرے مترجموں کے ساتھ ایک طرح کا معارضہ ٹھیرتا ہی اور معارضہ نہ میری نیت میں ہی اور نہ میں اپنے اوپر یہ تہمت لینی چاہتا ہوں۔ ہاں میں اپنا ترجمہ ہر ایک شخص کو دکھا سکتا ہوں اور دکھانے کے لیئے اُس کو چھپوایا ہی ہی۔ رہا دوسرے ترجموں سے مقابلہ کرنا یہ میرا کام نہیں۔ جس ارادے سے وہ ترجمے کیئے گیئے اور جس زمانے میں کیئے گیئے وہ اب بھی لاجواب ہیں۔ اور جو شخص شگفتہ عبارت میں قرآن کا مطلب آسانی سے سمجھنا چاہتا ہی اُس کے لیئے تو نہیں مگر ہاں جو مبتدی ادب عربی میں لفظ لفظ کے ترجمے سے اپنی استعداد بڑھانا چاہتا ہی اُس کے لیئے بکار آمد ہیں اور بکار آمد رہیں گے۔ میں نے ترجمۂ قرآن کی نسبت بہت زیادہ گفتگو کی ہی تو کوئی صاحب ایسا خیال نہ فرمائیں کہ میں اپنے ترجمے کی خریداری کی ترغیب دیتا ہوں۔ میں تو اُس شخص کا ہم خیال ہوں۔ جس نے یہ شعر کہا ہی ؎

حقا کہ باعقوبتِ دوزخ برابر است		رفتن بہ پاے مردِ ہمسایہ در بہشت	

اِس زمانے میں جس طرح کے مصنفوں کی قدر کی جاتی ہی اِن میں سے ایک میں بھی ہوں۔ مگر میں نے کبھی اپنی کسی کتاب کی اشاعت کے لیئے کسی طرح کی کوشش نہیں کی۔ بلکہ میں نے اپنی کسی کتاب میں لکھا بھی ہی کہ میں کتابیں نہیں تصنیف کرتا بلکہ یوں سمجھو کہ ایک طرح کے کنکوّے بناتا ہوں اگر ان میں پرواز کا مادہ ہی تو آپ سے آپ اُڑیں گے ورنہ میں کہاں

ان کے پیچھے دُم چھلّے کی طرح لٹکا لٹکا پھروں گا۔ اور یہی معاملہ میں اپنے قرآن کے ترجمے کی نسبت بھی کرنے والا ہوں۔ اور میں قوم کی قدردانی کا بھی اندازہ کیئے بیٹھا ہوں۔ میں تو ایک ہیچ کارہ سا آدمی ہوں اور میری ساری عمر اپنے ہی نفس کی خدمت میں گزری ہے۔ لیکن جو قوم کے محسن اور ہم درد اور خیرخواہ اور دل سوز اور فدائی ہیں اُن کو بھی جیسے جیسے خطاب اور جو جو انعام ملے ہیں مجھ کو ذرا ذرا معلوم ہیں۔ میں تو اپنے ترجمے کی نسبت فیصلہ کر چکا ہوں کہ میری زندگی میں تو یہ ازیں سو راندہ وزاں سو درماندہ ہی رہے گا۔

اِس اجمال کی تفصیل یہ ہے۔ کہ اسلام پر یعنی ہندوستان کے اسلام پر یہ وقت بڑا نازک گزر رہا ہے۔ نہ اِس اعتبار سے کہ مسلمان یوماً فیوماً مفلس اور محتاج اور ذلیل اور خوار اور بے وقعت اور بے اعتبار ہوتے چلے جاتے ہیں کہ اِس بارے میں اگر میں کچھ کہوں گا بھی تو شاید ذرا ٹھیر کر کہوں گا بشرطیکہ وقت ملا۔ مگر میں اسلام کے حق میں اس وقت کو اِس لیئے نازک سمجھتا ہوں کہ خود مذہب ایک تزلزل کی حالت میں پڑا ہے۔ شیعہ سنی اور وہابی بدعتی اور مقلّد غیر مقلّد کے اختلافات جو تھے سو تھے اور وہ مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے اور اسلام کو ضعیف کرنے کے لیئے بس کرتے تھے اور کر ہی رہے تھے کہ اب انگریزی عملداری کی وجہ سے انگریزی پڑھے ہوؤں کا ایک اَور گروہ پیدا ہوا اور ہر چند مردم شماری کے اعتبار سے یہ گروہ ہنوز بہت ہی تھوڑا ہے۔ مگر اس کا تھوڑا ہونا بجائے اِس کے کہ اسلام کے حق میں فالِ نیک ہو اُس کی تباہی اور خرابی کی دلیل ہے۔ پھر اِس گروہ کا تھوڑا ہونا بات ہی کی دن کی ہے۔ اگر ہندوستان میں انگریزی عمل داری رہی اور ظاہری سامان تو ایسے ہیں کہ خدا نے چاہا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ رہے گی اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ اور جائے گی بھی تو قیامت کے بوریئے سمیٹ کر جائے گی۔ بہرکیف اگر انگریزی عمل داری رہی تو اِس گروہ کو خدا نے ایسی برکت دی ہے کہ یہ گروہ انڈے بچے دیتا چلا جا رہا ہے وہی جیسا مشہور ہے کہ شروع شروع میں خدا کو جلدی سے دنیا کو آباد کرنا منظور ہوا تو

ماما حوّا ایک بچّہ صبح دیتی تھیں اور ایک بچّہ شام تب تو باوا آدم لاکھ سے زیادہ بیٹے پوتے پروتے چھوڑ کر مرے تھے۔ فرطِ بداہت کی وجہ سے کوئی شخص اس سے انکار کر نہیں سکتا کہ انگریزی کا پڑھنا اس عمل داری میں تمام دنیاوی کاموں پر مقدم ہے اور نہ صرف اس عمل داری میں بلکہ اس زمانے میں کیوں کہ انگریزی تعلیم کا اثر نہ صرف انگریزی عمل داری میں محدود ہے بلکہ جہاں انگریزی عمل داری نہیں اُن کو بھی انگریزی کا جاننا ناگزیر ہے۔ ہماری تو کیا بساط ہے۔ اچھے اچھے ہیکڑ انگریزی کے نام سے چڑتے رہے ہیں اور آخر کار جھک مار کر اُن کو انگریزی کے آگے ہاتھ پھیلانا پڑا ہے۔ وسعت میں آبادی میں جاپان کو چین سے کچھ بھی تو نسبت نہ تھی مگر یہ گویا آنکھوں دیکھی بات ہے کہ مقابلہ ہوا تو جاپان بازی لے گیا۔ اِس لیئے کہ یورپ کی کوئی ادا بھی اُس کی تقلید سے نہیں بچی تھی اب چین کے ہوش درست ہوئے اور وہ بھی اس تجویز میں ہے کہ کچھ لوگ تعلیم پانے کے لیئے یورپ بھیجا کرے۔ اور روم اور مصر کی نسبت تو مدّت سے سُن رہے ہیں کہ وہاں کے امیزادے جس کثرت سے ان کو جانا چاہیئے اُس کثرت سے تو نہیں مگر ہاں یورپ تعلیم پانے جاتے ہیں اور اپنے لوگوں میں لیاقت نہیں پاتے تو یورپ کے لوگوں کو بُلا بُلا کر پولیس اور فوج اور انجنیری علاقوں کی افسریاں دیتے ہیں۔ ہم اپنے پڑوس میں کابل کو دیکھتے ہیں کہ اِن دنوں ماشاء اللہ بڑے زوروں پر ہے۔ تو کیوں۔ اس لیئے کہ ولایت سے کلیں منگوا منگوا کر توپوں اور بندوقوں اور کارتوسوں اور چھرّے باروت وغیرہ کے بہت سے کارخانے جاری کر رکھے ہیں۔ اور یہ جو آئے دن سنتے رہتے ہیں کہ ایشیا کے فلاں بادشاہ یا رئیس یورپ کی سیر کو تشریف لے گئے اُن کی سیر میں بھی تعلیم مضمر ہوتی ہے۔ جو کچھ وہاں دیکھتے واپس آکر اپنے یہاں اُس کی نقل کرتے۔ بھلا پھر یہ اہلِ یورپ کے آگے ہاتھ پھیلانا نہیں ہے تو کیا ہے۔ دنیا اسی ہندوستان یا اسی نارتھ وسٹرن پراونسز یا اسی ضلع شاہ جہاں پور سے تو عبارت نہیں ہے اگرچہ اپنی کوتاہ نظری سے لوگ دنیا کو نہایت محدود خیال کرتے ہیں

ایک آدمی چند اخباروں میں اپنا نام یا کسی دوسری طرح پر لوگوں میں اپنا تذکرہ ہوتا ہوا سُن کر اپنے تئیں مشاہیر میں شمار کرتا اور اپنے جی میں خوش ہو لیتا ہی لیکن اگر وہ ذرا اپنی نظر کو وسیع کرے تو اُس کو فوراً معلوم ہو جاے کہ جس دائرے کو اُس نے محیط زمین خیال کر رکھا ہی وہ حقیقت میں ایک نقطے سے زیادہ پھیلاؤ نہیں رکھتا۔ شاید افریقہ کا مذکور ہی کہ وہاں کسی ریاست کا بادشاہ اپنے تئیں ہفت اقلیم کا بادشاہ سمجھتا تھا اور اس ایک بادشاہ پر کیا موقوف ہی بادشاہوں اور رئیسوں اور دولت مندوں بلکہ میں تو کہتا ہوں عموماً کل آدمیوں کے کم تر سا ورنٹی (عُجب) کے خبط سے خالی ہوتے ہیں۔ امیروں کے نام اور اُن کے خطاب دلالت کرتے ہیں کہ وہ اپنے تئیں کیا سمجھتے ہیں۔ شروع کے مسلمانوں کے نام سے پتہ لگتا ہی کہ اُن کے مزاجوں میں کس درجہ کا انکسار تھا وہ باوجود یکہ دنیاوی اور دینی عظمتوں اور بزرگیوں کے جامع تھے اور عظمتیں اور بزرگیاں بھی اِس درجے کی کہ اُس کا پاسنگ بھی کسی کو نصیب نہیں ہو سکتا۔ باایں ہمہ الفاظِ مفردہ میں اپنے نام رکھتے تھے جیسے علی۔ حسن۔ حسین وغیرہ۔ لیکن اب کیا حال ہی چاہے باوا لنتھو اور بُدھو ہی نام کیوں نہ رکھا ہو۔ پہلا کام جو ہم میں سے ایک آدمی شد و بود حاصل کر لینے کے بعد کرنا چاہتا ہی یہ ہی کہ وہ اپنے نام کو شان دار بناتا ہی۔ ای کاش وہ اپنے تئیں لیاقت سے شان دار بنائے۔ وہ مفرد نام کو پسند نہیں کرتا۔ اور پھر ترکیب پر بھی قانع نہ ہو کر تیمناً نہیں بلکہ کبراً و نخوۃً اطالت نام کے لیئے لفظ محمدؐ تو ضرور ہی اپنے نام کے ساتھ لگا لیتا ہی۔ اور اِس کے بعد مذہب یا وطن یا نسبت نسبی میں بہتیری گنجائش ہی اچھے نام رکھنا تو بہت اچھی بات ہی مگر اُس داعیئے کو دیکھنا چاہیئے۔ جس وجہ سے ناموں کو شان دار بنایا جاتا ہی۔ ہاں تو شاید افریقہ کا مذکور ہی کہ وہاں کسی ریاست کا بادشاہ اپنے تئیں ہفت اقلیم کا بادشاہ سمجھتا تھا۔ اتفاق سے وہاں کسی سیّاح انگریز کا گزر ہوا۔ مجھ سے جس شخص نے یہ حکایت نقل کی اُس نے مطلق سیاح کہا تھا انگریز کا لفظ میں نے اپنی

طرف سے بڑھا دیا ہی۔ اِس لیئے کہ اب یہ شوق جو ترقی تجارت بلکہ ملک گیری کی کلید ہی۔ خدا نے انگریزوں ہی کو دیا ہی کہ یہ لوگ اگر سیر و سیاحت نہیں بھی کر سکتے تو گھر بیٹھے جغرافیئے اور تاریخ کا اوڑھنا بچھونا بنائے رہتے ہیں اور یہی وجہ ہی کہ تعلیم میں جغرافیئے اور تاریخ پر سب سے زیادہ زور دیا جاتا ہی۔ رہے ہم گھر گھسنے ہندوستانی۔ ہمارا تو حال یہ ہی کہ میں نے تو کسی طالب علم کو جغرافیئے اور تاریخ کا شایق نہ پایا۔ جس کو دیکھا روتے اور جھینکتے ہی دیکھا۔ اور میں دوسروں پر کیا الزام دوں کہ جغرافیہ اور تاریخ کے نام سے خود مجھ کو نفرت ہی۔ اِس سے کہ دو چار آدمی بہ ضرورت ولایت گئے اور بارسٹری کا ڈپلوما اور ولایتی بی بی لے آئے یا حج کی تقریب سے اگر مقلد ہوئے تو حرمین شریفین اور غیر مقلد ہوے تو غالباً صرف مکہ معظمہ کی زیارت سے مشرف ہو آئے اِس سے تو فریضۂ سیر و سیاحت ادا نہیں ہوتا۔ ہندو اگر ملک کے باہر نہیں جاتے تو وہ معذور ہیں کہ اُن کا مذہب اُن کو اجازت نہیں دیتا کہ کالے پانی سے عبور کریں اور عبور کرنے کے علاوہ دوسرے ملک میں وہ کھانے پینے کی احتیاط بھی باقی نہیں رکھ سکتے۔ مگر سر پیٹ لینے کی بات تو یہ ہے کہ جن کا مذہب مانع ترقی ہو وہ ترقی کریں۔ اور جن کا مذہب مانع ترقی ہونا کیسا ترقی کے لیئے اُلٹا مقتضی ہو وہ اُسی مذہب کا حیلہ بنا کر ترقی معکوس کریں۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا۔ کیوں جی وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ اور لَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ اور يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ یہ اور اِس طرح کی اَور بہت آیتیں جن سے استشہاد کروں تو بات بڑھتی چلی جائے تقاضاے ترقی نہیں تو کیا ہی۔ اور ہندوؤں کا نام بھی میں نے اِس لیئے لیا کہ ہم اور وہ ملے جُلے ہوے بستے ہیں شاید اُن کی حالت دیکھکر مسلمانوں

کے دلوں میں گدگدی پیدا ہو ورنہ قیود اور شرائط اور مزاحمتوں اور رکاوٹوں کے اعتبار سے نصاریٰ کا مذہب تو سب سے گیا گزرا ہوا ہی اور پھر یہ لوگ معراج الکمال ترقی پر چڑھے چلے جا رہے ہیں۔ ہندوؤں کا مذہب تو سمندر پار ہی جانے کی مناہی کرتا ہو ان کے یہاں تو جگہ سے ہلنے تک کی مناہی ہو۔ کیوں کہ کل کے لیئے ذخیرہ کرنے ہی کی مناہی ہو اور فکرِ فردا نہیں تو یوں کہو کہ دنیا میں کوشش کوئی چیز نہیں۔ اٹلی میں گاری بالڈی ایک بڑا مشہور سپہ سالار ہو گزرا ہو۔ جس نے روم کو پوپ کی سلطنت سے آزاد کرایا۔ سنہ ۱۸۷۰ء میں وہ فتحمند اپنی فوج لے کر روم میں داخل ہوا۔ برسا برس فوج کے اس داخلے کی یادگار میں تمام ملک خوشیاں مناتا ہو۔ اب کے برس اُس تقریب میں گاری بالڈی کا ایک بُت بھی کھولے جانے کو تھا۔ اُس موقع پر اٹلی کے وزیرِ اعظم کرسپی نے جو اسپیچ دی میں آپ صاحبوں کو انگریزی میں پڑھ کر سناتا ہوں اگر تلفظ میں غلطی کروں تو معاف فرمانا کیونکہ میں نے انگریزی کسی سکول یا کالج میں نہیں پڑھی۔ اور نہ انگریزی سوسائٹی میں رہا۔ اور نہ ساری عمر خدا نے انگریزی کے ذریعے سے مجھ کو معاش دی۔ لیکن با ایں ہمہ میں جو کچھ بھی ہوں اور جیسا کچھ بھی ہوں ہو انگریزی ہی کی بدولت۔ ورنہ سیکڑوں عربی فارسی پڑھے ہوئے مجھ سے بہتر اس مجمع میں موجود ہوں گے۔

(اس کے بعد لکچرار نے انگریزی عبارت پڑھی جس کا خلاصہ یہ ہو)

کرسپی نے کہا کہ مذہب کو ملک داری اور ملک گیری سے کچھ سروکار ہی نہیں۔ عیسائی مذہب تو یہ چاہتا ہو کہ تارک الدنیا ہو کر کسی گرجا گھر کے کونے میں بیٹھے یادِ الٰہی کیا کرو انتہیٰ۔ با ایں ہمہ اہلِ یورپ عیسائیت کا بھی دم بھرتے ہیں اور ملک بھی فتح کرتے چلے جاتے ہیں۔ یہ دین داری ہم مسلمانوں ہی کے حصے میں آئی ہو کہ ملک گیری اور ملک داری کا کیا مذکور ہو۔ یہاں خانہ داری سے بھی ایمان میں فرق آجاتا ہو۔ اے تب تو مسلمان اپنی حالت کو درست نہیں کرتے۔ مجھ میں یہ ایک بڑا عیب ہو کہ ایک بات کو شروع کرتا ہوں اور کہتے کہتے کہیں

سے کہیں نکل جاتا ہوں اور وہ بات ناتمام رہ جاتی ہے۔ لیکن آپ سب صاحب ذرا صبر سے بیٹھے رہیں۔ جو جو باتیں ناتمام رہ گئی ہیں مجھ کو معلوم ہیں اور میں اِن شاء اللہ سب کو پورا کر کے اور ایک کا ایک سے جوڑ لگا کر دکھا دوں گا۔ آخر میں تو بات یہ ہو رہی تھی کہ افریقہ میں کسی ریاست کا بادشاہ حمق سے اپنے تئیں ہفت اقلیم کا بادشاہ سمجھتا تھا۔ اتفاق سے کسی انگریز سیّاح کا وہاں گزر ہوا اور وہ انگریز تھا بڑا لایق۔ اور انگریز اکثر ایسے ہی ہوا کرتے ہیں اور لیاقت ایسا بیج نہیں کہ ضائع جائے۔ آخر کار وہ انگریز بادشاہ کا اتالیق اور مصاحب ہو گیا۔ تو یہ انگریز بادشاہ سے اپنے ملک کے حالات بیان کیا کرتا اور بادشاہ اُس کو افسانے کی طرح سنتا کیوں کہ اُس کو تو یقین ہی نہ تھا کہ اُس کے ملک کے سوا کوئی اور ملک بھی ہے۔ جب اُس انگریز نے دیکھا کہ اس پتھر میں جونک نہیں لگتی تو آخر اُس نے یہ تدبیر نکالی کہ بادشاہ کو جغرافیوں اور نقشوں کی طرف متوجّہ کیا اور روے زمین کا ایک بڑا سا کرہ بنا کر اُس کے سامنے رکھ دیا اور بتایا کہ یہ پہاڑ ہیں اور سمندر ہیں۔ بادشاہ کو تو خبط تھا ہی کہ میں ہفت اقلیم کا بادشاہ ہوں۔ چھوٹتے ہی پوچھا کہ ہمارا ملک کدھر ہے۔ انگریز نے ایک سوئی لے کر اُس کی ایک جگہ پر ٹیک دی کہ یہ ہو گا اور اتنا ہی ہو گا۔ سُنا ہے کہ اس کے بعد سے وہ بادشاہ اپنے ملک کو بے حقیقت سمجھنے لگا تھا۔ لیکن کیا خاک سمجھنے لگا ہو گا۔ اُس نے عاجز آ کر اُس انگریز کو اپنے یہاں سے اِس قصور پر نکلوا دیا کہ ایک دن اِس انگریز نے اَور تذکروں میں یہ بھی کہا تھا کہ جاڑے کے دنوں میں ہمارے یہاں پانی از خود جم جایا کرتا ہے بادشاہ نے کہا اب تم مجھ کو نرا احمق ہی بنانے لگے۔ اِس گستاخی کے بدلے میں جان سے تو تم کو کیا ماروں جاؤ پھر اپنا مُنہ نہ دکھانا۔ تو جس طرح افریقہ کا یہ بادشاہ یا رئیس دنیا کی وسعت سے بے خبر تھا۔ ہم مسلمان بھی اِسی کے قریب قریب انگریزوں کے اقتدار سے بے خبر ہیں۔ اور میرا خیال یہ ہے کہ تمام دنیا میں انگریزی کا اثر پڑ رہا ہے اور ہندوستان میں تو انگریزی شرطِ تموّل اور شرطِ تعزّز اب ہے کوئی دن جاتا ہے کہ وہ شرطِ زندگی ہوئی

جاتی ہی۔ اور انگریزی دانوں کا شمار اور خاصکر مسلمان انگریزی دانوں کا شمار اگر اس وقت کم ہی مگر یہ کمی کے دن کی ہی۔ یہ گروہ اب بھی آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہی اور آیندہ بھی بڑھے گا اور جلد جلد بڑھے گا۔ اس میں تو ذرا بھی شک نہیں کہ اس گروہ کے بڑھنے سے مسلمانوں کی دنیاوی خوش حالی کو بہت کچھ ترقی ہوگی۔ مگر بحث اس میں یہ ہی کہ انگریزی مذہب اسلام پر کیسا اثر ڈال رہی ہی۔ سو ظاہر ہی کہ اگر اسلام میں پہلے سے بہتّر فرقے موجود تھے تو یہ تہتّروں صاحب اور تشریف لائے ۵

نقشہ ایک اور نے جمایا		پس ماندہ کا پیش خیمہ آیا	

اب اگر اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ کہتا ہوں تو اختلاف بڑھتا ہی اور نہیں کہتا تو نیچری فرقے کے لوگ ناخوش ہوتے ہیں۔ گو یم مشکل وگرنہ گو یم مشکل۔ میں ان لوگوں کے معتقدات کے بارے میں بُرا یا بھلا ایک لفظ بھی مُنہ سے نہیں نکالنا چاہتا۔ مگر ہاں اتنا جانتا ہوں کہ جس طرح انگریزی بڑھتی جاتی ہی۔ ورنہ ستانی بہ ستم می رسد۔ اُسی کے ساتھ ساتھ نیچریانہ عقائد بھی بڑھتے جاتے ہیں۔ اگرچہ پُرانے فرقوں کے اختلاف بھی چٹکیاں لینے میں کمی نہیں کرتے تھے مگر بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔ نیچری تو ایسی مہین چٹکیاں لیتے ہیں جیسے کسی بھڑنے کاٹا کہ آدمی بلبلا اُٹھتا ہی۔ بھلا کیوں کر ہو سکتا تھا کہ قرآن کا ترجمہ کروں اور اِس گروہ کا خیال نہ کروں کہ ان کو تو فلسفہ کی عینک کے بدون قرآن کا ایک لفظ نہیں سوجھتا اور پھر فلسفہ کی عینک لگا لینے سے اِن کو وہ سوجھتا ہی جو ہم میں سے کسی کو نہیں سوجھتا۔ عینک پر ایک بات یاد آئی۔ کہ بندے کے ایک دوست تھے اور وہ ہمیشہ عینک لگائے رہتے تھے۔ مگر کس طرح کہ معمول کے مطابق کمانیاں کنپٹیوں میں اڑا کر عینک کو اونچا کر لیتے کہ تا لیں پیشانی پر رہتیں۔ چند روز تک تو مجھ کو خیال ہوا کہ اِس وضع خاص سے عینک کا لگانا اتفاقی بات ہی مگر میں نے ہمیشہ اُن کو اِسی وضع سے عینک لگائے دیکھا یہاں تک کہ لکھنے پڑھنے میں بھی۔ تو میں نے اُن سے پوچھا کہ آپ عینک تو ہمیشہ لگائے رہتے ہیں مگر عینک

سے کبھی کام لیتے ہیں نے آپ کو نہیں دیکھا تو فرمایا کہ میں عینک سے بس یہی کام لیتا ہوں کہ اِس کو اِس طرح پر لگائے رہتا ہوں اِس سے ذرا صورت رعب دار ہو جاتی ہے۔ اے کاش ہمارے انگریزی داں بھائی اِسی طرح پر فلسفہ کی عینک لگائے رہیں۔ اور اس سے کام نہ لیں۔ خاص کر قرآن پڑھتے وقت کہ میرے خیال میں فلسفہ کی عینک سے قرآن کے حرف بجائے صاف دکھائی دینے کے اَور دُھندلے دُھندلے دکھائی دینے لگتے ہیں ؎

ناقص کا صفا کیش سے مطلب نہ برآئے	جو کور ہو عینک سے اُسے کیا نظر آئے

غرض میں نے قرآن کا ترجمہ کیا تو ایک طرف متعارف مسلمانوں کا خیال اور دوسری طرف اُن مسلمانوں کا جنھوں نے انگریزی تعلیم پائی ہے یا جو آیندہ چار و ناچار انگریزی پڑھیں گے اور دونوں طرف کا خیال کر کے جیسا میں نے پہلے کہا تھا اپنے ترجمے کی نسبت یہ فیصلہ کیا کہ میری زندگی میں تو یہ ازیں سو راندہ وزاں سو درماندہ ہی رہے گا۔ انگریزی داں تو اُس کو اِس توقع سے لیں گے کہ مترجم معلوم ہے کہ تھوڑی سی انگریزی بھی جانتا ہے اور کبھی کبھی تو ایسی اُردو بولتا ہے کہ فعل اُردو ہوتا ہے تو فاعل انگریزی یا مبتدا انگریزی ہوتا ہے تو خبر اُردو اور لوگوں کے دکھانے کو نیچریوں پر مُنہ بھی آتا ہے مگر وَكُلُّ إِنَاءٍ بِالَّذِي فِيهِ يَنْضَحُ نیچریت ہے کہ اِس کے کلام سے ٹپکی پڑتی ہے اِس نے ترجمہ کیا ہوگا تو کہاں تک فلسفہ کی رعایت نہ کی ہوگی۔ مگر ترجمہ پڑھ کر دیکھیں گے تو پائیں گے وہی آسمان وہی فرشتے وہی جنات وہی دوزخ وہی بہشت وہی خلافِ عقل عیسیٰؑ کا بے باپ کے پیدا ہونا وہی موسیٰؑ کی عصا کا اژدہا بننا پتھر کی چٹان سے پانی کے سوتے بہانا بحر کو رواں پھاڑنا۔ ایک سے ایک اَن ہوئی ایک سے ایک عجیب۔ آپ سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ میرا ترجمہ دیکھ کر کیا کہیں گے۔ وہی کہیں گے جو قوم ثمود نے صالحؑ سے کہا تھا يَا صَالِحُ قَدْ كُنْتَ فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَٰذَا۔ یہ لوگ شاید دیکھے پیچھے یہ حکم لگائیں گے۔ رہے متعارف مسلمان وہ تو غالباً سرے سے آنکھ اُٹھا کر دیکھنے ہی کے نہیں۔ اور کیوں دیکھیں جن کا عقیدہ یہ ہے کہ قرآن اُردو میں نازل ہوتا تو

مولوی شاہ عبدالقادرؒ کا موضح القرآن ہوتا۔ تو اب فرماؤ میرا ترجمہ ازیں سو راندہ وزاں سو درماندہ ہوا یا نہیں۔ باایں ہمہ میں خدا کے بھروسے پر تکیہ کرکے کہتا ہوں کہ یہ ترجمہ میری زندگی میں ازیں سو راندہ وزاں سو درماندہ رہے تو رہے۔ مگر ان شاء اللہ چودھویں صدی بلکہ پندرھویں صدی کی ایک حد تک یہی ترجمہ لوگوں کے ہاتھوں میں رہے گا۔ نیچری مسلمان ہوں تو اور متعارف پرانی فیشن کے مسلمان ہوں تو۔ کچھ خیال ہو کہ میں نے لکچر کیوں کر شروع کیا تھا۔ شروع کیا تھا اس طرح پر کہ میں نے پہلے قرآن کی ایک آیت پڑھی تھی وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِہٖ فَلَبِثَ فِیْھِمْ اَلْفَ سَنَۃٍ اِلَّا خَمْسِیْنَ عَامًا فَاَخَذَھُمُ الطُّوْفَانُ وَھُمْ ظَالِمُوْنَ فَاَنْجَیْنٰہُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَۃِ وَجَعَلْنٰھَا اٰیَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اس کے ترجمے کی بھی نوبت نہ آئی کہ بات سے بات نکلتے نکلتے کہیں سے کہیں جا پہنچا۔ اچھا تو اب ترجمہ سنو۔ اور ہم نے نوح کو اُن کی اُمت کے لوگوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا اور وہ پچاس برس کم ہزار برس اُن میں رہے (اور اتنی مدت سمجھانے سے بھی رستے پر نہ آئے) تو اُن کو طوفان نے آلیا اور ان ہی کی زیادتی تھی۔ پھر ہم نے نوح کو اور اُن لوگوں کو جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے طوفان سے نجات دی اور اس واقعے کو دنیا جہان کے لوگوں کے لئے ایک واقعۂ عبرت بنا دیا۔ سیدھی سیدھی باتیں ہیں اور ایک سیدھا مسلمان آسانی سے ان کو سمجھ لیتا ہے۔ قرآن کوئی تاریخی کتاب نہیں کہ گزشتہ واقعات کی یادداشت قلم بند کرنے کے لئے لکھی گئی ہو۔ قرآن کی غرض و غایت ہے لوگوں کے معتقدات اور اخلاق اور معاملات کی اصلاح اور جہاں کہیں اُس میں واقعات گزشتہ کا بیان ہے وہ بھی اسی غرض سے ہے کہ لوگ دوسروں کے حالات سُن کر متنبہ ہوں عبرت پکڑیں۔ اپنا چال چلن درست کریں۔ چنانچہ ایک سیدھا مسلمان نوحؑ کے اس قصہ سے اتنا ہی مطلب اخذ کرتا ہے کہ نوحؑ ایک پیغمبر ہو گزرے ہیں۔ دوسرے پیغمبروں کی طرح اُنھوں نے بھی اپنی اُمت کو خداشناسی اور خداپرستی کی تلقین کی۔ باوجود یہ کہ نوحؑ ان کو ساڑھے نو سو ۹۵۰ برس تک

وعظ و نصیحت کرتے رہے اِن پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اور آخر کار طوفان آیا اور نوحؑ اور معدودے چند مسلمان جن کو اُنھوں نے اپنے ساتھ کشتی میں سوار کر لیا تھا وہ تو بچے باقی سب غرق ہو گئے۔ وہ یہ قصہ سُنتا تو ہی مگر اُس کی نظر اصل مطلب پر ہی کہ مجھ کو خدا شناس اور خدا پرست ہونا چاہیئے۔ کہیں ایسا نہ ہو میں بھی خدا کے غضب میں آجاؤں۔ لیکن اب ایسا وقت آیا ہی کہ لوگ ایسی سادہ دلی کے ساتھ قرآن کو سُننا نہیں چاہتے۔ جس طرح بلا تشبیہ وکیل اور بارسٹر پینل کوڈ کے لفظ لفظ پر حجتیں کرتے ہیں۔ اسی طرح لوگ قرآن میں بال کی کھال نکالنا چاہتے ہیں۔ ایک آیت اور بیسیوں جھگڑے۔ اب یہ نوحؑ کا مختصر سا قصہ ہی مگر یہ لوگ سیدھی طبیعت کے ہوں تو سیدھے مسلمانوں کی طرح ارادت اور عقیدت سے سُنیں۔ اُنھوں نے تو قرآن کو معاذ اللہ شطرنج کی بساط قرار دیا ہی اور اُس میں بُردو مات کے نقشے سوچتے ہیں اور فی زعمہم خوش ہیں کہ ہم اجتہادی مسلمان اور استدلالی دین دار ہیں اور اگر انصاف کے ساتھ اپنے نفس کا احتساب کریں تو سمجھیں کہ دین سے بہ منازل دور ہیں یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَمَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ دین و مذہب کے اعتبار سے طبیعت کی یہ اُفتاد بہت ہی بُری اُفتاد ہی۔ مگر کیا کیا جائے۔ خُدا کسی مصلحت سے اب ایسی ہی طبیعتیں پیدا کرتا ہی۔ اب میں بتاؤں کہ ایسی کُرُبُری طبیعتوں کے لوگ نوحؑ کے اِس مختصر قصے کو کس نظر سے دیکھیں گے۔ وہ پوچھیں گے کہ نوحؑ کس کے بیٹے کس کے پوتے کس کے پڑوتے تھے۔ یعنی ان کا نسب نامہ آدمؑ تک نہیں بلکہ اجزائے صغار دی مقراطیسی تک کا کیا ہی۔ کس ملک میں تھے اور کس زمانے میں تھے۔ پھر خدا جو کہتا ہی کہ ہم نے اُن کو پیغمبر بنا کر بھیجا۔ پیغمبری ہی کیا چیز۔ اور پیغمبر کی ضرورت کبھی تھی بھی یا نہیں۔ اور خدا نے اُن کو بھیجا تو کیوں کر بھیجا۔ خود اُن کو اپنے روبرو بُلا کر حکم دیا یا نوحؑ کو خواب ہوا۔ روبرو بُلا کر حکم دیا ہو تو لازم آتا ہی کہ خدا متجسّم اور متشکّل ہوا اور خواب ہوا تو وہ نوحؑ کا اپنا خیال ہوا۔ پھر الیٰ قومہٖ صاف دلالت کر رہا ہی کہ

نوحؑ کی خاص اُمت تھی اُن ہی لوگوں نے نافرمانی کی اور اُنہیں پر عذاب آیا ہوگا۔
حالاں کہ عام خیال یہ ہے کہ طوفانِ نوحؑ میں ساری دنیا غرقاب ہوگئی تھی۔ اور پھر
خداشناسی اور خداپرستی کو طوفان سے تعلق کیا۔ طوفان آیا ہوگا تو آکسیجن اور ہائڈروجن
کے پروپورشن میں کسی وجہ سے فرق آیا ہوگا۔ پھر جب تک جیالوجی اور فزیالوجی سے
طوفان کی تصدیق نہ ہو کوئی سائنٹفک[۵۱] مین تو اس کو باور کرنے کا نہیں۔ اور نوحؑ
اور اُن کے رفقا کشتی میں بچ بھی گئے تو اس میں نوحؑ نے کمال ہی کیا کیا۔ اور اگر یہ مطلب
ہو کہ نوحؑ نے سب سے پہلے کشتی ایجاد کی تو کشتی کا ایجاد کرنا نہ معجزہ ہو اور نہ اس ایجاد
کی بنا پر نوحؑ پیغمبری کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ پھر اور سب باتیں تو تحقیق طلب ہیں اور
تحقیق کیے پیچھے جیسا کچھ نتیجہ نکلے مگر اس ساڑھے نو سو برس کی عمر کو کوئی کیسے مان سکتا
ہو۔ پُرانے کھنڈروں کے کھودنے سے کبھی کی گڑی دبی لاشیں برآمد ہوئی ہیں اور بڑی
مشکل سے اُن کا پتہ لگایا گیا ہو اور یہ بات حدِ یقین کو پہنچ گئی ہو کہ ہمیشہ سے آدمی کا
یہی قد و قامت رہا ہو اور یہی اوسطِ عمر۔ اور جس طرح لوگوں میں مشہور ہو۔ کہ کوئی عوج[۵۲]
بن عوق تھا اور سمندر اُس کے ٹخنوں تک آتا تھا اور وہ ہاتھ نیچا کر کے سمندر کی تہ سے
مچھلیاں نکالتا اور آفتاب سے بھون بھون کر کھاتا اور باوجود یہ کہ موسیٰؑ کا قد ستّر گز کا
تھا اور ستّر ہی گز کا اُن کا نیزہ اور ستّر ہی گز اُچھلے اس پر بھی وہ عوج کے ٹخنے تک
پہنچے۔ یا جس طرح جدّے میں باوا آدم کا بڑا لمبا مزار بنا ہو اور اُس پر اُن کی درازیِ قد
کو قیاس کیا جاتا ہو۔ غرض جس طرح یہ ڈھکوسلے لوگوں میں مشہور ہو گئے ہیں اسی طرح
اگلے لوگوں کی عمر کے بارے میں بھی غلط روایتیں اور بے اصل حکایتیں چل پڑی ہیں۔
جن کو کوئی سائنٹفک مین ایک لمحہ کے لیئے بھی تو یقین نہیں کر سکتا۔ تو ہو نہ ہو قرآن
میں برس سے یہ متعارف برس مُراد نہیں ہوگا۔ عجب نہیں نوحؑ کے وقت میں شش ماہی

---

۵۱ وہ شخص جو ہر بات میں سائنس کی تقلید کرتا ہو۔ ۵۲ عوج بن عنق جو مشہور ہو غلط ہو۔

یاسہ ماہی یا کسی اَور وقت خاص پر برس کا اطلاق ہوتا ہو۔ یہ تو میں نے تھوڑے سے احتمالات نمونے کے طور پر بیان کیئے ورنہ جو جو اور جیسی جیسی باتیں ان شکیّوں کو سوجھتی ہوں گی ہمارا تو ذہن بھی اُن کی طرف منتقل نہیں ہوتا اور خدا نہ کرے کہ منتقل ہو۔ ہم تو مذہبی باتوں میں بھولے اور سادہ لوح ہی بھلے۔ آج کل کے کُرید بُری طبیعت اور شکّی مزاج کے لوگ یعنی انگریزی داں جس کاوش کے ساتھ قرآن کو دیکھنا اور سمجھنا چاہتے ہیں۔ میری آج کی بات خوب مضبوطی کے ساتھ پلّے باندھ لیں کہ وہ وَضْعُ الشَّیْءِ فِیْ غَیْرِ مَحَلِّہٖ کرتے ہیں اور اُنہوں نے بالکل غلط رستہ اختیار کیا ہی ؎

ترسم نہ رسی بہ کعبہ ای اعرابی		کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان ست	

مذہب اور سیان پت میں بڑا بَیر ہی۔ سیانا آدمی اپنی عقل پر بھروسا کرتا ہی اور سمجھتا ہی کہ مَیں بھی کچھ ہوں بلکہ سب کچھ ہوں اور مذہب کہتا ہی کہ میں کے گلے پر چھُری۔ یہاں چاہیئے عاجزی اور مسکنت۔ لیکن مشکل ہی کہ مخالف آوازیں سنیں اور دل میں اُن کو جگہ نہ دیں اور مشکل ہی کہ عقل رکھیں اور اُس سے کام نہ لیں اور مشکل ہی کہ عقل سے کام لیں اور اُن کو مذہب کی طرف سے شکوک واقع نہ ہوں اور مشکل ہی کہ شک بھی واقع ہوں اور صاف دل اسلام پر بھی جمے رہیں۔ اچھا پھر یہ لوگ مبتذل بازاری کودن کندۂ ناتراش تو نہیں کہ ان کی کچھ پروانہ کی جائے۔ مسلمانوں نے تو کوٹ پتلون ترکی ٹوپی بوٹ چھُری کانٹے میز کرسی یعنی بات بات پر ان کو برادری سے بہتیرا خارج کرنا چاہا۔ لیکن یہ لوگ عملداری کا تقاضائے وقت کا اور سب سے بڑی بات تو یہ ہی کہ مفید اور بہ کار آمد معلومات اور لیاقت کا بَل رکھتے تھے یہ بھلا کیا نکلنے والے تھے یہی غنیمت سمجھو کہ اُنہوں نے ہم کو نہیں نکالا۔ مگر سوال یہ ہی کہ ان کو ان ہی کی حالت پر چھوڑ دینا تھا یا ان کی روک تھام کرنی ضرور تھی۔ اگر ان کو ان ہی کی حالت پر چھوڑ دیا ہوتا تو میں یہ تو نہیں کہتا کہ ان میں کے اکثر کبھی کے عیسائی ہو گئے ہوتے کیوں اَ جس کے کان اسلام کی بھنگ پڑی ہی اور اُس کے سر میں عقل اور دل میں انصاف

بھی ہو وہ عیسائی تو کیوں ہونے لگا تھا۔ اگر کسی کی عقل ایسی ہی ماری پڑی ہو اور وہ دنیاوی اغراض سے نہیں بلکہ مذہبی تقاضے سے ترکِ اسلام کرتا ہو تو دنیا میں کوئی سا مذہب بھی اُس کو مطمئن نہیں کر سکتا۔ یعنی مسلمان جو اسلام سے بھاگا بس سمجھ لو کہ وہ نہ عیسائی ہوگا نہ یہودی نہ کچھ نہ کچھ۔ وہ ہوگا تو ملحد اور دہریہ ہوگا اور بس۔ غرض انگریزی داں مسلمانوں کی اگر روک تھام نہ کی گئی ہوتی تو ظنِ غالب تھا کہ وہ کبھی کے ملحد اور دہریئے ہو گئے ہوتے۔ اور ملحد اور دہریئے ہو گئے ہوتے تو عیسائیت یا یہودیت یا کسی اَور مذہب سے اسلام کو اتنا نقصان نہیں پہنچ سکتا جتنا کہ اِن دہریوں سے پہنچتا ہے۔ اچھا تو میں پوچھتا ہوں کہ اِن کی روک تھام کس نے کی۔ بے شک فلسفیانہ خیالات کی وبا نے مرضِ متعدی کی طرح یونان سے پھیل کر مسلمانوں میں بھی سرایت کی تھی اور اُن وقتوں کے اطبائے روحانی یعنی علما نے اِس مرض کی جیسی چاہیئے روک کی بھی تھی بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ استیصال کلّی کر دیا تھا مگر جس طرح امراضِ جسمانی کا دورہ ہوا کرتا ہے اِسی طرح امراضِ روحانی یعنی خیالاتِ فاسد کا بھی دورہ ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ اب پھر اُن ہی فلسفیانہ خیالات نے بڑے شد و مد کے ساتھ عود کیا ہے۔ اور علمِ کلام کی کتابوں میں اِن کی تردید بھی موجود ہے۔ مگر ایک تو خیالات کی شان بدلی ہوئی ہے۔ دوسرے علمِ کلام کی کتابوں کی طرف رجوع کرنے کی انگریزی خوانوں کو فرصت نہیں۔ یعنی مرض بڑھتا جاتا تھا اور دوا کچھ بھی نہیں ہوتی تھی۔ سید احمد خاں نے مسلمانوں پر بڑے بڑے احسان کیئے ہیں مثلاً اُن کا ایک علی گڈھ محمڈن کالج ہی ہے کہ ہزاروں احسان ایک طرف اور وہ اکیلا ایک طرف۔ مگر میں باوجودے کہ سرسید کے بعض مذہبی خیالات سے اختلاف رکھتا ہوں تاہم اِن کے کالج سے اِن کے مذہبی رفارم کی زیادہ عزت کرتا ہوں اِس لیئے کہ اگر یہ تعلیم انگریزی کے ساتھ ساتھ مذہبی رفارم کو نہ لے چلے ہوتے تو انگریزی تعلیم مسلمانوں میں اتنا رواج ہی کیوں پاتی اور پاتی بھی تو ڈھلمل یقین مسلمانوں سے

اسلام ہی کو کون سے بھاگ لگ جاتے - اب جو علی گڈھ کالج کے لڑکے (میں نے ان کو لڑکے کہا تو غلطی کی عمر کے اعتبار سے تو یہ ضرور لڑکے ہیں مگر مفید اور بکار آمد معلومات کے اعتبار سے یہ ہم جیسے بڈھوں کے کان کترنے کو موجود ہیں ع گوسالۂ ما پیر شود و گاؤ نشد غرض اب جو علی گڈھ کالج کے لڑکے مذہبی رفارم اور انگریزی تعلیم کی دوہری دوہری جنتریوں میں سے ہو کر نکلتے ہیں تو اعمالِ ظاہر کے لحاظ سے پرانی فیشن کے مسلمانوں کو ان کے دین و مذہب کی طرف سے کیسی ہی بدگمانی کیوں نہ ہو مگر اسلامی حمیت اور قومی ہمدردی کہ یہی پکے مسلمان کی شناخت ہے ان کی عشر عشیر تو کسی میں ہو لے - اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ علی گڈھ کالج میں سید احمد خانی عقائد کی تعلیم نہیں دی جاتی اور طلبہ سرسید کی مصنفات دیکھنے نہیں پاتے یہ بھی اپنی جگہ سچ ہے اور بالکل سچ ہے کیوں کہ واقع میں سرسید کی کوئی کتاب داخلِ درس نہیں اور کیسے داخلِ درس ہو سکتی ہے جب کہ مذہبی کورس تجویز کرتی ہے مستند اور مسلّم دین دار عالموں کی کمیٹی - لیکن غالب کے کیا برمحل دو شعر یاد آئے ہیں جو بالکل مناسب مقام ہیں ؎

گر کیا ناصح نے ہم کو قید اچھا یوں سہی	یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جائیں گے کیا
خانہ زادِ زلف ہیں زنجیر سے بھاگیں گے کیوں	ہیں گرفتارِ وفا زنداں سے گھبرائیں گے کیا

سید احمد خاں اپنی ساری مصنفات کو لے کر جلا دیں اور آگے کو مذہب کے متعلق لکھنے سے توبہ کریں تو بھی تو یہ خیالات بند نہیں ہو سکتے کہ خود بخود در و دیوار سے اس طرح کی آوازیں نکلی چلی آتی ہیں - بیچارے سید احمد خاں کیا کریں اور کوئی کیا کر سکتا ہے - ہاں یوں کہو کہ مذہب کے اعتبار سے ایسے پُر آشوب زمانے میں پیدا ہونا ہی ٹھیک نہیں - بہرکیف علی گڈھ کالج کے طالب العلموں کے عقائد کی نسبت جو کچھ بھی سمجھو اسلامی حمیت اور قومی ہمدردی کہ یہی پکے مسلمان کی شناخت ہے ان کے عشر عشیر تو کسی میں ہو لے رہے اعمالِ ظاہر تو ایسا کون سا فردِ بشر ہے جس سے کوتاہی نہیں ہوتی **قطعہ**

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیرِ خویش		عذر بہ درگاہِ خُدا آورد	
ورنہ سزاوارِ خداوندیش		کس نہ تواند کہ بجا آورد	

اور یہی تو وجہ تھی کہ جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی کو اُس کا عمل جنّت میں نہیں لے جائے گا۔ اِس پر لوگوں نے پوچھا بھی کہ یا حضرت کیا آپ کے اعمال کا بھی یہی حال ہی۔ فرمایا کہ ہاں مجھ کو بھی میرے عمل جنّت میں نہیں لے جائیں گے میں بھی جنّت میں جاؤں گا تو خدا ہی کی رحمت سے جاؤں گا۔ اچھا تو وہ بات پھر رہ گئی کہ میں نے جو لکچر کو وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِہٖ سے شروع کیا تو کیوں۔ بات یہ ہی کہ میں اکثر لکچر سے پہلے تھوڑی بہت نظم بھی پڑھا کرتا ہوں۔ آج کے لکچر کے لیئے بھی عَلٰی وَفْقِ الْعَادَۃ چند شعر کہہ کر لایا تھا اور اتفاق سے پہلے ہی شعر میں نوحؑ کا نام آگیا تھا۔ اس مناسبت سے میں نے وہ آیت پڑھی تھی۔ مجھ کو کیا خبر تھی کہ میں تمہید ہی میں رہ جاؤں گا اور مطلع لکچر اُس کا مقطع ہو جائے گا۔ بہرکیف بٹر لیٹ[۱] دیں نور وہ نظم یہ تھی:-

بچایا ڈوبنے سے کشتیِ دینِ محمدؐ کو		الٰہی نوحؑ کی سی عمر دے سرسید احمد کو	
مگر میں پورے ساڑھے نو سو شمسی سال گن لونگا		کہ کوئی نیچری کچھ کم نہ کردے وقتِ ممتد[۲] کو	
ہمیں احسان شناسی شکر پر مجبور کرتی ہی		وگرنہ ہم کمینہ پن سمجھتے ہیں خوشامد کو	
تعصب ہی ترقی میں مسلمانوں کی حارج تھا		جزاک اللہ کس خوبی سے سرکایا ہی اس[۳] سد کو	
کسی ڈھب سے انہیں تعلیم کے رستہ پہ لاڈالا		اگر اب بھی نہ سمجھیں یہ تو روئیں قسمتِ بد کو	
کیا تھا پاک اِس کے جدِّ امجد نے سُنا ہوگا		بتوں کی گندگی سے خانۂ کعبہ کے معبد کو	
سو اس نے بھی دلوں سے دھو دیا اوہام باطل کو		کہ اِس کا فرض تھا پھر زندہ کرنا سنتِ جد کو	
مسلمانوں نے آپ اسلام کو ایسا بگاڑا تھا		کہ ہم اِس کی بدولت آخر آپہنچے ہیں اِس حد کو	

[۱] دیر آید درست آید۔ ۱۲ [۲] دراز۔ ۱۲ [۳] روک۔ ۱۲

کہ ہم کو آج دنیا میں ہی وہ رُسوائی و ذلّت
جوہونی چاہیئے انجام میں کافر کو مرتد کو

جو عالم تھے اُنہوں نے صرف دستارِ فضیلت کی
بنا کر دھجیاں اُس پاک پیغمبر کی مسند کو

عوام الناس فہم رازِ دیں سے عاجز و قاصر
لیئے بیٹھے تھے رسم و راہ و تقلیدِ شد آمد کو

خدا ہی جانے کیا اسلام کو لوگوں نے سمجھا تھا
پلے آتے تھے سب تکذیب کو ابطال کو رد کو

اِدھر سائنس کا پتھراؤ کہتا تھا کوئی دم میں
کیئے دیتا ہوں چکنا چور اس شیشے کے گنبد کو

سو اس نے اپنے زورِ عقل سے وہ پائداری دی
کہ اب جنبش نہیں تا حشر اِس قصرِ مشید کو

خدا کی شان وہ اب بیچلر آف آرٹ[۵۱] ہوتے ہیں
جو کفر و زندقہ کہتے تھے انگریزی کی ابجد کو

بہت سنتے رہے ہو جذرِ اسلامی سمندر کے
اب آگے دیکھنا طغیان و جوش و شورش و مد کو

یہ کنکوّے ہیں ان میں قوّتِ پرواز خلقی ہی
انہیں تعلیم کی دریائی پہنچائے گی فرقد کو

عزیزو یہ عمل داری بڑی رحمت خدا کی ہی
غنیمت بس غنیمت جانو اُس کے فضلِ بے حد کو

نہ کچھ تخصیص مذہب کی نہ کچھ تعیین ملت کی
جو اسود[۵۲] کو وہ ابیض[۵۳] کو جو ابیض کو وہ اسود کو

بہ اطمینان اسبابِ ترقی جمع ہیں سارے
اگر تم کام میں لاؤ طلب کو جہد کو جد کو

علی گڈھ ہو کے سیدھی راہ نکلی ہی ترقی کی
ہمارے ساتھ ہو لو جلد تر پہنچو گے مقصد کو

بچو ٹکر سے حتی الوسع وقتِ نامساعد کی
اُٹھایا ہی کسی نے یا اُٹھا سکتا ہی اِس زد کو

اب آزادی نے اپنا سکّہ عالم میں بٹھایا ہی
نکالو مطلقاً فرہنگ سے لفظِ مقید کو

کسی کی بات بھی مانا کرو ضد کی بھی اک حد ہی
خدارا چھوڑ دو اِس جاہلانہ کاوش و کد کو

اگر اب بھی نہ تم نے قدر و قیمت وقت کی جانی
تو بس پتھر پہ کھدوا رکھنا اِس قولِ مؤکّد کو

کہ مٹ جاؤ گے اور برباد ہو جاؤ گے بالآخر
پکڑ پاؤ گے کیا تم ناتواں اِس چرخِ دھویں صد کو

بس اپنی شاعری موقوف کر بر خود غلط مت ہو
اگرچہ روکنا مشکل ہی مضمونوں کی آمد کو

کہیں اِس شاعری کے خبط میں عادت نہ کر لینا
خلافِ وضع وصفِ خط و خال و عارض و خد کو

---

[۵۱] بی۔ اے کی ڈگری ۱۲ [۵۲] کالے ۱۲ [۵۳] گورے ۱۲

خیر اُلٹا سیدھا لکچر تو تمام ہو گیا مگر کانفرنس کے متعلق میں نے ابھی تک ایک لفظ بھی نہیں کہا اِس واسطے کہ مسلمانوں کے دار العلوم علی گڈھ کالج میں ہماری قومی بدنصیبی سے ایک بڑا رخنہ واقع ہو گیا ہے۔ اِس رخنے سے میری مُراد وہ بڑا بھاری غبن ہے جو کالج کی رقموں میں ایک ہندو کلرک کی بد دیانتی اور بدنیتی سے ہوا اور جس کی کیفیت آپ سب صاحبوں کے گوش زد ہو لی ہو گی۔ علی گڈھ کالج ہماری قومی رفاہ اور فلاح کی شاہ نہر ہے اور کانفرنس یا الفرض یا اخوان الصفا یا لجنۃ الادب یا کالج میگزین یا تہذیب الاخلاق یا علی گڈھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ یہ اُسی شاہ نہر کے رجبہے ہیں۔ شاہ نہر میں پانی کی کمی ہوتی ہے تو رجبہوں میں خاک اُڑنے لگتی ہے۔ اِس سے میں نے خیال کیا تھا کہ شاید امسال کانفرنس جمع نہ ہو۔ کیوں کہ جتنی چیزیں کالج پر متفرّع اور کالج سے متعلق ہیں۔ ان سب کا فرض منصبی اِس وقت یہ ہونا چاہیئے کہ پہلے کالج کے نقصان کو پورا کریں پھر بات سو بات۔ لیکن شاہ جہاں پور کے اِس کانفرنس نے یہ ثابت کر دیا کہ گو مسلمانوں سے سلطنت گئی حکومت گئی دولت گئی عزت گئی خوش حالی گئی لیکن ان کی راکھ میں ابھی کچھ چنگاریاں ہیں ؎

	سب گئے ہوش و صبر و تاب و تواں		لیکن اے درد دل سے تو نہ گیا		

اگر شاہ جہاں پور کے لوگ ہماری یعنی قوم کی یعنی قومی کالج کی امداد پر دل سے آمادہ ہوں اور اِس کانفرنس کے جمع ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ آمادہ ہیں۔ تو ہم کالج کے نقصان کی اِتنی بھی تو پروا نہ کریں جتنی مسجد میں ایک مٹی کے بدھنے کے ٹوٹ جانے کی۔ بے شک کالج کو بڑا اور بہت بڑا نقصان پہنچا ہے۔ لوگ کالج کی نسبت جو کچھ خیال کرتے ہوں وہ قومی ضرورتوں کے لحاظ سے بالکل ابتدائی اور ناتمامی کی حالت میں ہے اور سالہا سال کی محنت اور مشقّت سے اب اُس نے کچھ صورت پکڑی تھی کہ سر مُنڈاتے ہی اولے پڑے۔ اِس نقصان سے کالج کی وہ مثل ہوئی ہے کہ رحمان جوڑے پلی پلی اور

شیطان لڑھائے گیا۔ اِس نقصان کو سُن کر میرا تو دل بیٹھ گیا تھا۔ مگر جب شاہ جہاں پور میں کانفرنس کا ہونا سُنا تو میرے دم میں دم آیا اور میں نے اپنے دل میں کہا کہ الحمدللہ

	خدا گر بہ حکمت بہ بندد درے		کشاید بہ فضل و کرم دیگرے

میں شاہ جہاں پور کے لوگوں کے حالات سے بہت کم واقف ہوں۔ لیکن جب سے مجھے خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب کی خدمت میں نیاز حاصل ہوا مجھ کو اہلِ شاہ جہاں پور کے ساتھ ایک طرح کی ارادت ہو گئی ہے ؎

	نہ تنہا عشق از دیدار خیزد		بسا کیں دولت از گفتار خیزد

وَلِلنَّاسِ فِیْمَا یَعْشَقُوْنَ مَذَاھِبٌ بلکہ مجھ کو تعجب ہوا کرتا تھا کہ جس بابرکت مٹی سے برکت علی خاں کا وجود باجود پیدا ہو قومی کام وہاں کے صاحبوں کی شرکت اور ہمدردی اور سرپرستی سے کیوں محروم ہیں۔ اب معلوم ہوا کہ یہ برکت اِس دن کے لیئے مرہون تھی کہ کالج کو ایک نقصان پہنچنے والا تھا وہ پہنچ لے اور شاہ جہاں پور کے بزرگوں کو اِس کی تلافی کا موقع دیا جاوے۔ میں شاہ جہاں پور کے لوگوں کے حالات نہیں بھی جانتا تاہم اتنا مجھ کو پہلے سے تحقیق معلوم ہے کہ یہاں کے لوگ سپاہی منش ہیں اور سپاہی منش ہیں تو جرأت اور حمیت اور سیر چشمی اِن کے خمیر میں ہے۔ عرب کے حالات دیوانِ حماسہ وغیرہ علم ادب کی کتابوں میں پڑھتا ہوں اور پاتا ہوں کہ وہ لوگ ان تمام صفتوں سے متصف تھے۔ اِس لیئے کہ سپاہی تھے۔ نوکری کے زمانے میں مجھ کو ایسے شہروں میں بھی رہنے کا اتفاق ہوا ہے جہاں انگریزی فوج کی چھاؤنی تھی اور میں چاہتا تو فوجی افسروں سے بھی معرفت پیدا کر لیتا مگر ہمیشہ طبیعت ایسے لوگوں سے گریز ہی کرتی رہی اِس خیال سے کہ یہ لوگ سپاہی ہیں تو ضرور اکھڑ اور درشت خو اور بدخُلق ہوں گے۔ لیکن بعد کو مجھے اُن لوگوں سے جن کو ہر طرح کے انگریزوں سے واسطہ پڑا ہے تحقیق ہوا کہ فوجی افسر اکثر شریف اور ملنسار اور بے تکلف اور نفع رساں ہوتے ہیں کہ سولین

لوگوں پر اُن کی چھینٹ بھی نہیں پڑی۔ علم اخلاق کی کتابوں میں لکھا ہے کہ شجاعت اور سخاوت لازم و ملزوم ہیں اور واقع میں جو شخص جان جیسی عزیز چیز کے خرچ کر دینے میں مضائقہ نہ کرے کہ اسی کا نام شجاعت ہے وہ مال کی جو ہاتھ کا میل ہے کیوں پروا کرنے لگا پٹھانوں نے بہادری میں اپنا ایسا سکّہ بٹھایا ہے کہ پٹھان کا لفظ التزاماً سپہ گری پر دلالت کرتا ہے اور سپہ گری ایسا شریف پیشہ ہے جو دنیا میں ہمیشہ معزز رہا ہے اور ہمیشہ معزز رہے گا۔ اس واسطے کہ دنیا ہمیشہ سلطنت کی محکوم رہی ہے اور سلطنت سپاہیوں کی لونڈی اَلْمُلْکُ لِلسَّیْفِ ۱۸۵۷ء کے غدر میں یہ باغی پوربیئے کسی کی سنتے سناتے تو تھے نہیں دلّی شہر میں ایک دُند مچا رکھی تھی۔ اہلِ شہر نے بادشاہ سے جا فریاد کی۔ بادشاہ نے بُلوایا تو چوب دارانِ شاہی سے کہتے کیا ہیں "کون[1] بادسا جا پے مور پنھئی دھر دیب تو نے بادسا ہوئیے" بات تو گستاخی کی تھی مگر جیسے سپاہیوں کی وردی پہنے تھے ویسے ہی سپاہیوں کے سے کام بھی کرتے تو تھی سچّی۔ بہرکیف پیشہ سپہ گری دنیا میں ہمیشہ معزز رہا ہے اور ہمیشہ معزز رہے گا۔ شاعری اور سپہ گری سے کیا مناسبت دونوں میں بزم و رزم کا تقابل اور شاعر جیسے خود پسند ہوتے ہیں معلوم۔ مگر سپہ گری کو وہ بھی تو ذریعۂ عزت مانتے آئے ہیں۔ اسد اللہ خاں غالب اور شیخ ابراہیم ذوق دونوں ہم عصر تھے۔ اور ہم پیشگی کی وجہ سے دونوں میں ایک طرح کی چشمک بھی رہا کرتی تھی۔ غالب کے مقابلے میں ذوق کو یہ بھی مزیت تھی کہ بادشاہ کے اُستاد تھے اور غالب اپنے زورِ طبیعت کے آگے بادشاہ اور اُستادِ بادشاہ کسی کی بھی کچھ حقیقت نہیں سمجھتے تھے۔ مرزا جواں بخت کی شادی میں بادشاہ نے شاعروں سے سہروں کی فرمائش کی۔ اسد اللہ خان غالب نے جو سہرا کہا تو اُس کا مقطع یہ تھا[2]

جس کو دعویٰ ہو سخن کا یہ سُنا دے اُس کو	دیکھ اس طرح سے کہتے ہیں سخن ور سہرا

بادشاہ نے اِس کو سمجھا کہ اُستاد ذوق پر چوٹ کی۔ ناراض ہو گئے۔ غالب کا دربار بند

[1] کون بادشاہ جس پر میں اپنی جوتی دھر دوں گا وہی بادشاہ ہو جائے گا۔ ۱۲

کر دیا اور دربار کے ساتھ تنخواہ بھی۔ غالب کے گھر میں تو چوہے کلابازیاں کھانے لگے۔ مجبور ہو کر نظم میں معذرت نامہ لکھا جس کے چند اشعار یہ ہیں ؎

منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی	اپنا بیانِ حُسنِ طبیعت نہیں مجھے
سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری	کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے
سہرا لکھا گیا زرہِ امتثالِ امر	جانا کہ چارہ غیر اطاعت نہیں مجھے
مقطع میں آپڑی ہے سخن گسترانہ بات	منظور اس سے قطعِ محبت نہیں مجھے
روئے سخن کسی کی طرف ہو تو روسیاہ	کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے
جامِ جہاں نما ہے شہنشاہ کا ضمیر	سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے
اُستادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال	سودا نہیں جنوں نہیں وحشت نہیں مجھے
قسمت بُری سہی پہ طبیعت بُری نہیں	ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے

مجھ کو اس قطعے کے دوسرے شعر سے استشہاد کرنا تھا کہ غالب شاعر یکتا سے روزگار رہو کر اپنے پیشۂ آبائی سپہ گری پر فخر کرتا ہے۔ انگریزی عملداری امن کی عملداری ہے۔ یعنی اس میں شاذ و نادر لڑائی کی ضرورت واقع ہوتی ہے اس پر بھی میں نے درباروں میں یہی دیکھا ہے کہ سولینز کے مقابلے میں ملٹری آفیسرز کی بہت زیادہ عزت کی جاتی ہے اس واسطے کہ ان کا پیشہ سپہ گری معزز ہے۔ اے اہلِ شاہ جہاں پور ساری دنیا اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ تم ذات کے پٹھان اور موروثی اور پیدائشی سپاہی ہو۔ اور یہ تمہارا ہی طفیل ہے کہ عموماً تمام مسلمانوں کو گو وہ پتلی دال کے کھانے والے شیخ ہی کیوں نہ ہوں۔ بنیوں اور بنگالیوں کی طرح گیگلا اور پھسپھسا اور بودا نہیں سمجھا جاتا۔ تم کو ایک مدت دراز سے اپنی ذاتی بہادری کے جوہر دکھانے کا موقع نہیں ملتا۔ لیکن گاؤ زوری ہی تو بہادری کے ظاہر کرنے کا ایک متعین ذریعہ نہیں ہے۔ کچھ تم کو خبر بھی ہے کہ تمہاری قوم پر یعنی سب مسلمانوں پر اور خاص کر تم پر ایک غنیم چڑھ آیا ہے اور وہ مال اور آبرو اور عزت کا خواہاں ہے تمہاری حمیت کہاں

سوئی پڑی ہے کہ اس دشمن کو دفع نہیں کرتے۔ غضب تو یہ ہے کہ تم کو ابھی تک دشمن کے چڑھ آنے کی خبر بھی نہیں۔ یوں تو دشمن کے ساتھ بڑا لاؤ لشکر ہے مگر اس کی فوج کا سپہ سالار ہے جہالت۔ خاص خاص لوگوں کی شخصی حالت شاید بِوَجْہٍ مِنَ الْوُجُوْہ پہلے سے بہتر بھی ہو مگر برادری اور قوم پر نظر ڈالو گے تو پاؤ گے کہ روز بروز مسلمانوں کے ہاتھ سے دولت نکلتی چلی جاتی ہے اور بے دولتی کا ضروری نتیجہ ہے بے عزتی اور ذلت اور خواری۔ زمینداری اور تجارت نوکری وغیرہ جتنے ذریعے معاش پیدا کرنے کے ہیں کہیں بھی تو مسلمان خوش حال نہیں دکھائی دیتے۔ کبھی تو سوچا کرو کہ آخر اس کا سبب کیا ہے۔ اس کا سبب ہے وہی جہالت۔ جس کو میں نے غنیم اور دشمن سے تعبیر کیا تھا۔ اور جہالت سے میری مُراد ہے روٹی کما کھانے کے ہنر کو نہ جاننا۔ تو اتنی بات میں آپ صاحبوں کو سمجھا دوں گا کہ اَن پڑھ تو اَن پڑھ ہم میں جو لوگ فارسی عربی منقول معقول سب کچھ گھول کر پیئے بیٹھے ہیں ان کو بھی روٹی کما کھانے کا ہنر نہیں آتا۔ نظر کو وسیع کرو تو معلوم ہو کہ مسلمانوں کو فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَۃٍ کی نوبت آگئی ہے اور جن کو نہیں آئی تو وہ فارغ نہ بیٹھیں ان کو نہیں آئی تو ان کی اولاد کو آئے گی یا اولاد کی اولاد کو آئے گی مگر یہی لچھن ہیں تو آئے گی ضرور۔ مخمصے سے یہ تو غرض ہے نہیں کہ مسلمان حقیقت میں فاقے کرتے ہیں یا آگے چل کر فاقے کرنے لگیں گے بلکہ غرض ہے معاش کی تنگی۔ عزت و آبرو اور فارغ البالی کے ساتھ معاش کا پیدا کرنا اس زمانے میں کچھ آسان کام نہیں ہے اور یہ معاش کا پیچ ایسا ہے کہ روز بروز کستا چلا جاتا ہے۔ وہ بادشاہی وقتوں کی بات تو رہی الگ کہ اپنی سلطنت تھی۔ انگریزی عملداری میں جب یہ پولیس کا انتظام ہوا تو مجھ سے یہ معاملہ پیش آیا کہ صاحب مجسٹریٹ نے فرمائش کی کہ ہم کو انسپکٹر دو۔ بھلا اب کوئی ڈپٹی کلکٹر کسی کو ایک دم سے ہیڈ کانسٹبل تو کرا دے۔ مگر معاش ایسی چیز نہیں کہ لوگوں کو اُس کی ترغیب دینے کی ضرورت ہو۔ اس میں کمی نہیں اور کمی ہو بھی نہیں سکتی۔ کمی اس میں ہے کہ لوگ ذریعۂ معاش کے بہم پہنچانے میں غلطی کرتے ہیں

کوئی سی بھی معاش ہو سب کا مدار تو اِس زمانے میں آکر ٹھیرا انگریزی تعلیم پر اور یہی جگہ ہے جہاں مسلمانوں میں پانی مرتا ہے۔ انگریزوں کی ولایت کا تو یہ حال ہو گیا ہے کہ کسی مبتذل سے مبتذل پیشے میں آدمی روٹی کمانے کے قابل نہیں ہوتا تا وقتے کہ اُس نے سینہ بہ سینہ نہیں اُس پیشے کی سبقاً سبقاً کتابی تعلیم نہ پائی ہو۔ اور کوئی دن کو ہندوستان کا بھی یہی حال ہونا ہے۔ اہلِ یورپ نے ایک ایک چیز اور ایک ایک کام کو ایک علم بنا دیا ہے۔ اور یہ تعلیم جو تم دیکھتے ہو اور وہ بھی تم سے نہیں بن پڑتی یہ تو صرف ایک نوکری کے کام کی ہے اور بس۔ اور یہی بڑا سبب ہے کہ تعلیم کی طرف سے ابھی سے لوگ بے دل ہو چلے ہیں کیوں کہ لوگ ضرورت سے زیادہ بہت زیادہ نوکری کے لیئے طیار رہوتے ہیں اور بہ قاعدۂ تجارت جب ضرورت سے زیادہ کسی قسم کا مال جمع ہو جاتا ہے تو ضرور ہے کہ اُس کی قیمت گھٹے اور پھر بھی ایک جزو کثیر کی نکاسی نہ ہو۔ قوم کی حالت سخت نا اُمیدی کی حالت ہے۔ وہ ایک مرضِ مُہلک میں مبتلا ہے اور زیادہ رنج کا مقام یہ ہے کہ ان میں کے بعض لوگ ان کے مرض کا حکمی علاج بھی کر جانتے ہیں اور وہ علاج کے بتانے اور کرنے میں دریغ بھی نہیں کرتے بلکہ خدا نے ان کے دل میں ایسا رحم دیا ہے کہ وہ ایک ایک کے سر ہوتے ہیں۔ دوا کچھ ایسی گراں بھی نہیں مگر گراں ہوتی جاتی ہے اور مرنے کی بھی ہے اور قوم کا حال یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں ہم ہرگز بیمار نہیں اور ہم کو کوئی علاج درکار نہیں اور جو کہے سُنے سے اپنے تئیں بیمار سمجھتے اور علاج کرانے آتے ہیں وہ علاج میں بے تدبیریاں کرتے ہیں طبیب کی رائے پر کاربند نہیں ہوتے۔ پھر ایسے بیماروں کا تو خدا ہی حافظ ہے۔ نوکری کے لیئے طیاری کرنا اور کثرتِ اُمیدواروں کی وجہ سے ناکام رہنا اور تعلیم کو بے سود سمجھنا اِسی کو تو مَیں نے علاج کی بے تدبیری کہا۔ اچھا اب تم پوچھ سکتے ہو کہ پڑھ لکھ کر آدمی نوکری نہ کرے تو کیا کرے۔ ہل جوتے۔ بنیئے کی دکان لے کر بیٹھے۔ پڑھیں فارسی بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل۔ تو سب صاحب اچھی طرح کان کھول کر سُن رکھیں کہ جو شخص صرف نوکری کی توقع سے انگریزی پڑھتا ہے۔ اُس کی کامیابی

کے احتمالات اب بھی ضعیف ہیں اور آیندہ اور بھی ضعیف ہوتے ہوتے آخر کار شاید نل[۵۱] ہو جائیں۔ اُمیدواروں کی کثرت دیکھ کر نوکری کو یک انار وصد بیمار کہنا ذرا بھی مبالغہ نہیں اور یک انار وصد بیمار بھی اب ہو آگے آگے یک انار وہزار بیمار کہنا ہوگا۔ تم اکیلے تو نوکریوں کے حق دار نہیں ہو۔ تمہاری ہی طرح کی رعایا ہندو بھی ہیں۔ تم ایک ہو تو وہ چھ ہیں ؎

	ای آہ شعلہ زا یخس وخار بھی نہیں	نو آسماں ہیں دو بھی نہیں چار بھی نہیں	

اور نوکری کا سلیقہ جیسا اُن کو ہو تم کو چھو بھی نہیں گیا۔ نہ اُن کی سی تم سے اطاعت کرتے بن پڑتی ہو نہ اُن جیسی تم میں لیاقت ہو۔ سائیسی علم دریاؤ۔ تو انصافاً تم ایک بھی ہو تو منفی ایک ہو اور وہ چھ ہیں تو مثبت چھ ہیں۔ تمھارا اُن کا مقابلہ کیا۔ اگر نوکری ہی مدار تمول ہوتی تو بھی ہندوؤں کو ہم سے زیادہ متموّل ہونا چاہیئے تھا۔ کیوں کہ اس لین[۵۲] میں بھی وہ لائینز[۵۳] شیئر رکھتے ہیں مگر ان کے تمول میں نوکری کو دخل ہو بھی تو اتنا ہی جتنا مَن میں رتّی۔ اچھّا پھر اِن کے تموّل کا بڑا سبب کیا ہو؟ بڑا سبب یہ ہو کہ طاق اور جُفت دونوں داؤ اِن ہی کے ہیں۔ یعنی نوکری کے حاصل کرنے میں سعی کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے اور پھر نوکری پر بند بھی نہیں۔ ہم مسلمانوں پر تو یہ شامت سوار ہو کہ لے دے کر ایک نوکری کا ذریعہ اور اُس میں بھی طرح طرح کے مضایقے۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہو کہ مسلمانوں کو ایک لکیر کا فقیر نہیں ہونا چاہیئے۔ ہر چہ آید در پیش نگزارد درویش۔ دنیا میں جتنی وجوہ معاش ہیں یا ہو سکتی ہیں اُن میں سے کوئی وجہ معاش عرف تو مارو گردن۔ عقلاً شرعاً بے عزّت نہیں اور جو پیشے بے عزّت خیال کیے جاتے ہیں وہ اصل میں اِس سے بے عزّت ہوے کہ بے عزّتوں نے اِن کو اختیار کیا ؎

	ہر چہ گیرد علتے علت شود	کفر گیرد کاملے ملت شود	

۵۱ صفر۔ ندارد۔ ۱۲ ۵۲ سلسلے۔ ۵۳ بڑا حصّہ۔ ۱۲

ابھی چند روز ہوئے میں نے علی گڈھ کالج میگزین میں سید احمد خاں کا ایک مضمون پڑھا۔ جس میں اُنہوں نے بزرگانِ دین یعنی اصحاب کے پیشے گنوائے ہیں۔ اِن میں کوئی بزّاز تھا کوئی قسائی کوئی درزی کوئی لوہار کوئی بڑھئی کوئی بھٹیارہ۔ اگر ان پیشوں میں کوئی ان کی توہین سمجھے تو وہ خود قابلِ توہین ہے۔ زمرۂ مشائخ میں شیخ فریدالدین عطّار منصور حلّاج کیسے مشہور ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ کوئی پیغمبر ایسا نہیں گزرا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔ غرض جب تک ہندوستان میں کوئی سا پیشہ بھی اپنی ذات سے ذلیل سمجھا جاتا ہے ایک تعلیم نہیں ہزار تعلیم کیوں نہ ہو ہندوستانیوں کو تو فلاح ہوتی نہیں۔ یورپ اور امریکہ کی سند تو تم مانو گے نہیں اچھا تو تم مسلمانوں ہی میں میمنوں اور بوروں اور پنجابیوں کو دیکھو کہ یہ لوگ کسی قسم کی تجارت کو عار نہیں سمجھتے۔ پھیری یہ پھریں۔ ٹاٹ یہ سیئیں بساط خانہ اور پیتل بانا اور پرچون اور لوہا اور نواڑ اور گوٹا پٹھا اور کپڑا اور ہر قسم کا مال ولایت کوئی چیز بھی تو ان لوگوں سے نہیں بچی تو جیسے ذوفنوں اور ہرہابی ہیں ویسے ہی ماشاءاللہ چشم بد دور خوش حال بھی ہیں۔ ابھی حال کا مذکور ہے کہ بمبئی کے حاجی زکریا سیٹھ نے یتیم خانے کے لیئے ایک دم سے دو لاکھ روپیہ دے دیا۔ یہاں دو لاکھ آدمیوں سے بھی دو لاکھ نہیں نکل سکتا۔ ننگی نہائے گی کیا اور نچوڑے گی کیا۔ اور ہم لوگ جو تعلیم تعلیم پکارتے پھرتے ہیں ہمارا اصلی مطلب بھی یہی ہے کہ سب مسلمان میمنوں اور بوروں اور پنجابیوں کی طرح مالدار ہو جائیں اور وہ بے تعلیم کے ہونا نہیں تعلیم پاکر کچھ لوگ نوکری میں گھسیں گے۔ اور جن کو نوکری نہیں ملے گی وہ کچھ نہ کچھ کرکے کھائیں گے۔ اوّل تو تعلیم ہی اُن کو کچھ نہ کچھ کرنے پر مجبور کرے گی۔ تعلیم نے اُن کے حوصلوں کو فراخ اُن کی ہمتوں کو بلند اُن کی غیرتوں کو مشتعل کر دیا ہوگا وہ احدی ایا ہج دوسروں کے دست نگر بن کر بیٹھ ہی نہیں سکیں گے گو وہ دوسرے اُن کے باپ یا چچا تائے یا نانا ماموں ہی کیوں نہ ہوں۔ اور پھر جو کچھ بھی کریں گے نا تعلیم یافتہ سے بہ مدارج

بہتر کریں گے۔ خدا نے چاہا تو مٹی ہاتھ میں لیں گے اور سونا کر دکھائیں گے ؎

آناں کہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند		آیا بود کہ گوشۂ چشمے بہ ما کنند	

اور یہ جو ہمارے ملک میں خاک پڑی اُڑ رہی ہے واللہ ہمارے نا تعلیم یافتہ ہونے کی بے برکتی ہے۔ ورنہ ہندوستان کی سرزمین اور ہم ٹکڑوں کو محتاج ؎

تہی دستانِ قسمت راچہ سود از رہبر کامل		کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ می آرد سکندر را	

ای اہلِ شاہ جہاں پور مسلمانوں کی جو حالت ہے تمہارے پیشِ نظر ہے۔ اب فرماؤ کہ کچھ کرنا یا نہیں کرنا؟ ہم کو تو اس سے کہ تم پٹھان اور سپاہی زادے ہو تم سے بڑی بڑی اُمیدیں ہیں ہمت اور جرأت اور غیرت جو تمہاری خلقی اور جبلی صفتیں ہیں جب تک تم نے تعلیم کے بارے میں ان سے کام نہیں لیا نہیں لیا اور جب لینے پر آؤ گے تو تم مجلّی ہو گے اور باقی سب مُصلّی۔ گھُڑدوڑ ہوتی ہے تو جو گھوڑا سب سے آگے اور میہری ہوا اُس کو مجلّی کہتے ہیں اور دوسرے نمبر کے گھوڑے کو مصلّی۔ خدا کرے مجلّی اور مصلّی دونوں تم ہی ہو۔ مگر وہ گھُڑدوڑ کے مصلّی نہ وہ مصلّی جیسے سنا کرتے ہو کہ فلاں شخص نے باوا کی فاتحہ کی تو اتنے ملّانے یا مصلّی کھلائے۔

پچیسواں لکچر

یہ لکچر انجمن حمایت اسلام لاہور کے گیارھویں سالانہ جلسے میں ۱۸۹۶ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جب سے میں نے اِس انجمن میں آنا شروع کیا ہے کہ اس کو بھی اب چھ سات برس ہوئے ہوں گے اِس اثنا میں صرف ایک برس ناغہ ہوا ہے کہ کسی ایسی ہی ضرورت سے میرا آنا نہیں ہوا۔ ورنہ بالالتزام مَیں ہر برس آتا ہوں۔ نہ اِس لیئے کہ میرا کوئی ذاتی مفاد ہے۔ اور میرا ذاتی مفاد اِس کے سوا اور

ہو بھی کیا سکتا ہو کہ مجھ کو اپنی شہرت مقصود ہو۔ لیکن اگر مجھ کو اپنی شہرت ہی مقصود ہو وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ تو وہ مجھ کو یہاں آنے کے بدون بھی حاصل ہو اور اس کے اَور بھی مواقع ہیں۔

مَیں اس سے بہتر بہت بہتر مجمع کا لکچرار ہوں یعنی "محمدن ایجوکیشنل کانفرنس" کا۔ بے شک محمدن ایجوکیشنل کانفرنس میں لوگوں کا اتنا ہجوم نہیں ہوتا۔ لیکن کانفرنس کے ممبر اور وزیٹر متعارف لیاقت اور دنیاوی وجاہت کے اعتبار سے چیدہ اور برگزیدہ لوگ ہوتے ہیں اور تعلیمی کانفرنس میں شریک ہونا ہی ان کی چیدگی اور برگزیدگی کی دلیل ہو۔ کیوں کہ اس زمانے میں وہی چیدہ اور وہی برگزیدہ ہو جو تعلیم میں اور خاص کر مسلمانوں کی تعلیم میں کسی طرح کا انٹرسٹ لے۔ یعنی اُس سے دل چسپی رکھتا ہو۔ کانفرنس کا لکچرار ہونے کے علاوہ شہرت کا ایک ذریعہ تصنیف و تالیف ہو۔ اور آپ صاحبوں کو معلوم ہو کہ مَیں اس شہرت سے بھی بے نصیب نہیں رہا اگرچہ ایسی تصنیفات موجب فخر نہیں ہونی چاہئیں اور مَیں ان کو موجب فخر سمجھتا بھی نہیں۔ بلکہ سچ پوچھو تو جب کوئی میرے مُنہ پر میری کتابوں کی تعریف کرتا ہو تو مَیں اُلٹا جھینپتا ہوں۔ میں نے عربی کی صرف اور نحو اور منطق سے تصنیف کا سلسلہ شروع کیا تھا اور شروع بھی کیا تھا تو خاص اپنے لڑکے کے پڑھانے کے لیے۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ کوئی باپ اپنی اولاد کی خیر خواہی میں کمی نہیں کیا کرتا۔ مَیں نے بھی ان کتابوں کے عمدہ بنانے میں کوتاہی نہیں کی۔ دل تو یہ چاہتا تھا کہ جو کچھ بھی مجھ کو آتا ہو بیٹے کو گھول کر پلا دوں حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ مگر وہ تو ایک اَن ہونی بات تھی۔ تاہم مَیں نے برسوں کے سوچ بچار سے ایسے رسالے بنائے کہ مبتدی زیادہ سے زیادہ برس سوا برس میں عربی عبارت کے پڑھنے پر قادر ہو جائے۔ منطق کے ابتدائی رسالے پر جس کا نام "مبادی الحکمۃ" ہی مجھ کو گورمنٹ سے پانسو روپیہ کا انعام بھی ملا۔ وہ کتاب گورمنٹ کی فرمائش سے لکھی گئی تھی اور اُس کے ساتھ دوسرے دوسرے مصنفوں کے گیارہ رسالے اَور بھی پیش ہوئے تھے مگر مَیں اس کامپی ٹیشن[1] میں بازی لے گیا۔ اور "مبادی الحکمۃ" کلکتہ یونی ورسٹی

[1] مقابلے ۱۲

کے کورس میں داخل ہو گئی۔ معلوم نہیں کہ اَب بھی ہی یا نہیں۔ کچھ تو انعام کے لالچ اور زیادہ تر اِس خیال سے کہ لوگوں میں خود تو قوتِ ممیّزہ ہی نہیں۔ مَیں نے صرف عربی کا رسالہ "مَا یُغْنِیْکَ فِی الصَّرْفِ" بھی گورمنٹ میں پیش کیا۔ بدقسمتی سے وہ رسالہ کسی مولوی صاحب کے پنجۂ غضب میں جا پڑا۔ یعنی گورمنٹ نے اُس رسالہ کی نسبت اُن سے رائے طلب کی۔ مولوی صاحب نے جیسی کچھ اُس رسالہ کی روئی دُھنکی ہو۔ مجھ کو معلوم نہیں۔ مگر گورمنٹ نے وہ رسالہ مجھ کو یہ کہہ کر واپس دیا کہ عربی خواں طلبہ اپنا پُرانا کورس بدلنا پسند نہیں کرتے۔ ہر چند میں نے وہ کتاب اصل میں اپنے لڑکے کے لیئے لکھی تھی اور مَیں اِس کتاب کو اُس پر آزما بھی چُکا تھا اور کتاب امتحان میں پوری بھی اُتری تھی۔ مگر کم بخت دل نے تنہا خوری کو جائز نہ رکھّا۔ اور باوجودے کہ گورمنٹ نے کتاب کو بیرنگ واپس کر دیا تھا۔ مَیں نے اپنے خرچ سے اُس کو لوگوں کے فائدے کے لیئے چھپوایا۔ مَیں نے لوگوں کو دینا چاہا مُفت اور اُنہوں نے کہا ہماری آنکھیں پھوٹیں۔ اشتہار دیئے۔ اخباروں میں چھپوایا۔ صدائے برنہ خاست۔ آخرکار میں نے کتاب کے آخر میں ایک اعلان زیادہ کیا۔ اور اُس میں لکھّا کہ کیا کوئی علمی کتاب کے لکھنے کا حوصلہ کرے جب کہ اُس کو اتنی مصیبتیں جھیلنی پڑیں کہ آپ ہی مسودہ لکھّے آپ ہی کاپی اور آپ ہی تصحیح کا ذمہ دار ہو اور آخرکار آپ ہی بیٹھا پڑھا بھی کرے۔ وہ دن اور آج کا دن مَیں نے تو علمی کتاب کے لکھنے سے اپنا کان اَمیٹھا[۵]

	دل میں کتنے مسوّدے تھے ولے		ایک پیش اُس کے روبرو نہ گیا	

تعلیم کا اتنا تو غل پُکار ہا ہو رہا ہی۔ اور علم کی یہ قدر ہی۔ اِس سے کہ نئے نئے سکول جاری ہوتے چلے جا رہے ہیں اور اِس سے کہ سکولوں میں طلبا کا شمار بڑھ رہا ہی بلکہ اِس سے بھی کہ طلبا امتحانوں میں پاس ہو رہے ہیں۔ ہرگز نہ سمجھنا کہ مسلمان بلکہ نیٹوز[۵] علم کا شوق رکھتے ہیں۔ اِن کے شوق کی اور مَیں تو اِس کو سرے سے شوق ہی نہیں سمجھتا۔ بس اِتنی حقیقت ہی کہ

[۵] باشندگانِ ملکِ ہند۔ ۱۲

سرکار نے معدودے چند نوکریوں کو جن کی اُس کو ضرورت ہی۔ ایک خاص طرح کی تعلیم کے ساتھ جو نوکری کے لیئے درکار ہی۔ مشروط کر دیا ہی اور لوگ پیٹ کی مار کے ڈر سے بھیڑیا دھسان بادلِ ناخواستہ تعلیم کے رستے پر پڑ لیئے ہیں۔ ورنہ فی الواقع نہ تو یہ تعلیم ہی اور نہ لوگوں کو علم کا شوقین کہا جا سکتا ہی۔ آج نوکری پر سے تعلیم کی شرط اُٹھا دی جاے۔ اور پھر ہم میں سے کوئی بھول کر بھی پڑھنے لکھنے کا نام لے تو میں اُس کو سو سلام کروں۔ اور پھر اِس کی شناخت کیا مشکل ہی۔ جو لوگ فارغ التحصیل ہو کر یا کسی اَور وجہ سے مدرسہ چھوڑ دیتے ہیں یا جو نوکری کا جُوا اپنے کندھے پر نہیں رکھنا چاہتے کسی نے اُن کو کسی وقت بھی کتاب پڑھتے دیکھا ہی۔ بس اِسی سے لوگوں کے شوق کا اندازہ کر لو۔ اگر ہم لوگوں نے اِس وقت گرم کپڑے پہن رکھے ہیں تو کیا کوئی کہہ سکتا ہی کہ ہم کو گرم کپڑوں کے پہننے کا شوق ہی۔ شوق نہیں بلکہ ضرورت ہی۔ گرمی پڑنی شروع ہوئی اور ہم نے اِن کو اُتار پھینکا۔ بعینہٖ یہی حال تعلیم کا ہی۔ نوکری کی اُمید میں پڑھتے ہیں۔ ملی تو اور نہ ملی تو۔ اور ملی تو ایک پائی اور وہ بھی شاید۔ اور نہ ملی تو سولہ آنے۔ اور وہ تیقّن۔ بہرکیف نوکری کی اُمید میں پڑھتے ہیں ملے تو اور نہ ملے تو دونوں صورتوں میں مدرسہ چھوڑا۔ اور پڑھنا لکھنا بالاے طاق۔ ہم تو شوق جب سمجھیں کہ علمی مذاق نشے کے عمل کی طرح چمٹ جائے۔

کچھ خبر بھی ہی کہ علم نے اِس زمانے میں دوسری شان اختیار کی ہی۔ ہم جو اپنے علوم پر نظر کرتے ہیں۔ تو اُن کے دو ہی نتیجے پاتے ہیں۔ یا تو زبان کی تکمیل۔ یا ذہن کی تشحیذ۔ سو زمانے نے ایسا پلٹا کھایا کہ دونوں نتیجے بے کار ہو گئے۔ جن زبانوں کی تکمیل کے پیچھے ہم عمر کا بڑا حصّہ صرف کیا کرتے تھے۔ اَب اُن زبانوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔ رہی ذہن کی تشحیذ یعنی حکمتِ نظری۔ اس کا بھرم حکمتِ عملی نے اُٹھا دیا۔ اور ہم علم کے اعتبار سے بالکل کورے کے کورے رہ گئے۔ زبان کی تکمیل سے جو اغراض دنیوی متعلق ہو سکتی ہیں۔ وہ اب انگریزی کی طرف منتقل ہو گئی ہیں۔ لیکن ہم میں سے اکثر اِن اغراض کے سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں۔ لوگوں نے

اِسی کو انگریزی کی غرض وغایت سمجھ رکھا ہی اور اِسی لیئے اِس کو سیکھتے ہیں کہ حکامِ وقت کی زبان ہی اور اِس کے ذریعے سے اور اِسی کے ذریعے سے ہم حکام کے ساتھ بہ آسانی خیالات کا مبادلہ یعنی عرضِ مطلب اور فہم مافی الضمیر کرسکتے ہیں۔ اور مَیں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف لوگ انگریزی کی یہ غرض غایت سمجھتے ہیں۔ بلکہ شاید خود سرکار نے بھی اسی کو غرض وغایت قرار دے کر انگریزی زبان کا سٹینڈرڈ[۵۱] ٹھیرایا ہی۔ بلاشبہ حاکم ومحکوم میں بہ آسانی خیالات کا مبادلہ بڑی ضروری اور بہ کار آمد چیز ہی۔ لیکن میں انگریزی کی ٹون[۵۲] کو ذرا اونچا لے جانا چاہتا ہوں حکام کے ساتھ خیالات کا مبادلہ تو انگریزی کے ادنیٰ ترین اور خسیس ترین فائدوں میں سے ہی۔ انگریزی کا اصلی اور عمدہ فائدہ جو مدّ نظر ہونا چاہیئے یہ ہی کہ زبانِ انگریزی علومِ مفیدہ کی کلید ہی۔ یہ علوم یا تو سرے سے ایشیائی زبانوں میں ہیں ہی نہیں۔ یا ہیں بھی تو زمانۂ حال کی تحقیقات کے مقابلے میں تقویمِ پارینہ کا حکم رکھتے ہیں۔ انگریزی قوم اور ملک کو اُس وقت اور اُسی وقت مفید ہوگی۔ جب یہ مقصود پیشِ نظر رکھ کر اُس کو حاصل کروگے غرض یہ ہرگز علم مقصود بالذات ہو اور زبان انگریزی کو اُس کا آلہ سمجھا جائے۔ افسوس ہی کہ اِس گُر کو ابھی تک لوگوں نے سمجھا ہی نہیں یا سمجھا ہی تو اُس پر عمل نہیں کیا۔ اور سمجھا اور اُس پر عمل کیا ہوتا تو اتنے ہی دنوں میں ہندوستان کی کایا پلٹ گئی ہوتی۔ تحقیقاتِ مزید اور ترقی اور ایجاد کا تو کیا مذکور ہی۔ جو علوم زبانِ انگریزی میں مدوّن ہیں اور جس درجہ تک وہ پہنچ چکے ہیں۔ اُتنے ہی پر کسی نے کچھ عمل کرکے دکھایا ہوتا۔ ہمارے بدنصیب ہندوستان میں میٹریل[۵۳] کی تو کمی نہیں۔ کمی تو اس کی ہی کہ کوئی میٹریل کا ہینڈل[۵۴] کرنے والا نہیں۔ ایک نوکری کی لکیر کے فقیر بنے بیٹھے ہیں۔ اور نوکری کیمیا اور کبریتِ احمر ہوتی جاتی ہی۔ نتیجہ یہ ہی کہ مثلاً سَو بی۔ اے پاس ہوتے ہیں (ای خدا! کبھی وہ دن بھی آئے گا کہ کسی برس ہول برٹش انڈیا میں سَو مسلمان بی۔ اے پاس کریں گے) خیر تو نتیجہ یہ ہی کہ مثلاً سَو بی۔ اے پاس

---

۵۱ معیار۔ ۱۲ ۵۲ مرتبے۔ ۱۲ ۵۳ مواد۔ ۱۲ ۵۴ برتنے والا۔ ۱۲

ہوتے ہیں تو نوّے روٹیوں کے لیئے سرگردان پڑے پھرتے ہیں۔ اور نوّے بھی اب ہیں۔ کوئی دن جاتا ہی کہ سَو پاس اور سَو کے سَو پاس حرمان و یاس۔ انگریزی پڑھ کر کچھ فائدہ اُٹھانا چاہتے ہو تو پہلے نوکری کے خبط کو سر سے نکالو۔ یہ جنون تمھیں نہیں پنپنے دے گا۔ کبھی ان باتوں پر بھی غور کیا کرو کہ مثلاً تمھارے اِسی لاہور میں کتنے آدمی ہیں اور اُن میں کتنے ہیں جو نوکری سے معاش پیدا کرتے ہیں۔ حساب لگاؤ گے تو فی صد کوئی چوتھے پانچویں درجے کا ڈیسیمل[۵۱] نکلے گا۔ پھر مردم آزاری کے مواقع پاکر شیخی بگھارنے کی تو بات اَور ہی۔ خوش حالی کا ایک سٹینڈرڈ قرار دے لو۔ مثلاً مَیں سمجھتا ہوں کہ جس کی سو روپیہ ماہوار کی آمدنی ہو۔ اُس کو اِس زمانے میں خوش حال سمجھنا چاہیئے۔ اب دیکھو کہ خوش حالی کے اس سٹینڈرڈ کے لحاظ سے نوکری پیشوں میں فی صد کتنے ہیں اور دوسرے پیشوں میں کتنے۔ تو پاؤ گے کہ اس نسبت میں نوکری پیشہ چوتھے پانچویں درجے کے ڈیسیمل سے بھی دور رہتے ہوئے ہیں۔ پس تم انگریزی پڑھ لکھ کر جو ایک نوکری پر دھرنا دو تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ اُس عمارت کو جو برسوں کی محنت سے بنائی ہی۔ اپنے ہاتھوں ڈھاتے ہو۔

عقلاً شرعاً کوئی سا پیشہ بھی مبتذل نہیں۔ مبتذل اگر ہی تو وہ آدمی ہی جو دغا بازی بے ایمانی سے پیشے کو بدنام کرتا ہی۔ کسی ایک ذلیل سے پیشے کا نام لو۔ میں دعوی سے کہتا ہوں کہ ایک دو نہیں کوڑیوں بزرگانِ دین کو اور بزرگانِ دین میں بھی صحابہ اور علما اور مشائخ کو اُس پیشے کا پاؤ گے۔ دل پر دین داری اور نیکی کا پَرتو پڑا ہو تو جانو کہ اصلی عزت کیا ہی اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ[۵۲] لوگ نہ اِس لیئے نوکری کے گرویدہ ہو رہے ہیں۔ کہ اِس پیشے میں تموّل و خوش حالی زیادہ ہی۔ نہیں۔ بلکہ اِس لیئے کہ اُن کو اپنے ابنا جنس پر حکم چلانے اور اُن کو ستانے اور ایذا دینے کا موقع ملتا ہی۔ لوگوں نے اسی کو عزت سمجھ رکھا ہی۔ حالاں کہ نیک دل اور دین دار آدمی کی نظر میں اِس سے بڑھ کر کوئی بے عزتی کی بات

---

[۵۱] اعشاریہ۔ ۱۲ [۵۲] تم میں سب سے بڑا وہی ہی جو سب سے زیادہ بزرگ ہی۔ ۱۲

نہیں۔ تم تو نصیحت کی بات کو اس کان سُنتے اور اُس کان نکال دیتے ہو۔ کیا میں نے تم سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا حال کبھی بیان نہ کیا ہوگا کہ اُن کو وقت کا خلیفہ خدمتِ قضا دیتا رہا جو حقیقت میں ایک طرح کی ویسرائیلٹی[۵۱] تھی اور اُنہوں نے حقوق العباد کے ڈر سے اُس خدمت کے قبول کرنے سے انکار کیا۔ اور انکار بھی کیا تو ایسے اصرار کے ساتھ کہ خلیفہ نے اِس کو عدول حکم اور گستاخی سمجھا اور امام کو قید کیا اور تازیانے مارے۔ امام نے یہ بے عزتی گوارا کی اور خدمتِ قضا کو جو رسوائی آخرت کی مستلزم تھی۔ گوارا نہ کیا۔ تحکّم اور مردم آزاری کو عزّت سمجھو۔ تو نوکری ذریعۂ عزّت ہی۔ اور پرائی تابع داری کے اعتبار سے دیکھو۔ تو وہ ایک طرح کی غلامی ہی۔ کتنی ہی بڑی نوکری کیوں نہ ہو آخر کسی نہ کسی کی محکومی تو اُس میں ہو ہی گی ویسرائے جو ہیڈ[۵۲] آف گورمنٹ آف انڈیا ہی۔ وہ بھی تو سکرٹری[۵۳] آف سٹیٹ کا ماتحت ہی۔ جو لندن میں بیٹھا بیٹھا ویسرائے کو لتاڑا کرتا ہی۔ اور اکثر ہوتا رہتا ہی کہ ویسرائے کو قبل از وقت واپس بُلا لیا جاتا ہی۔ جو مرادفِ عزل ہی۔ یا قبل از وقت استعفا دینے پر مجبور کیا جاتا ہی۔ اور پھر سکرٹری آف اسٹیٹ کیا ہی۔ وہ بھی پارلیمنٹ[۵۴] اور ملکہ کا محکوم ہی۔ اور ویسرائے اور سکرٹری آف سٹیٹ کیا چیز ہیں۔ اب تو وہ زمانہ آیا ہی کہ خود ملکہ کو پبلک[۵۵] اوپینین کا ادب کرنا پڑتا ہی۔ جن لوگوں نے ایسے خیالات پر زور نہیں دیا۔ اُنہیں کا مقولہ ہی ؎

بہ دست آہک تفتہ کردن خمیر		بہ از دست بر سینہ پیش امیر	

مَیں نے بھی مدرسی اور ڈپٹی انسپکٹری اور تحصیل داری اور ڈپٹی کلکٹری اور بالآخر سرکار نظام میں صدر تعلقہ داری یعنی ایک ڈویزن کی کمشنری نہیں بلکہ گورنری کی ہی۔ اور ان سب خدمتوں میں تھوڑی بہت اضافی حکومت تو تھی ہی۔ شاید تم لوگ اعتراض کرو کہ مدرسی کو حکومت سے کیا مناسبت۔ تو حضرات اوّل تو سارے پروفیسر اور طلبا اِس کی تصدیق کریں گے۔ دوسرے اِس کی تصدیق اچھی طرح اِس حکایت سے ہو گی کہ عالم گیر نے جب اپنے

۵۱ نیابت سلطنت - ۱۲ ۵۲ حکومتِ ہند کا سب سے بڑا سردار - ۱۲ ۵۳ وزیر ہند - ۱۲ ۵۴ مجلس وزرا - ۱۲

۵۵ عام رائے - ۱۲

باپ شاہ جہاں کو قید کیا۔ تو شاہ جہاں بے شغلی کی شکایت بیٹے کو کہلا کہلا بھیجتے تھے۔ عالم گیر جو مناسب سمجھتا تھا مشغلے مہیا کرتا تھا۔ مگر شاہ جہاں ان سے خوش نہیں ہوتے تھے۔ آخر کار عالم گیر نے شاہ جہاں کی خدمت میں عرض کرا بھیجا کہ پھر حضرت ہی کوئی مشغلہ تجویز کریں۔ شاہ جہاں نے سوچ کر کہا اچھا تو شہزادوں کو میرے سپرد کرو کہ میں اُن کو تعلیم دیا کروں گا۔ یہ سُن کر عالم گیر نے کہا کہ درس و تدریس کا حیلہ بنانا کیا ضرور ہی۔ سیدھی طرح یہی ارشاد کیوں نہیں ہوتا کہ میں سلطنت حضرت کے حوالے کروں۔ تو حضرات مدرسی بھی سلطنت کا ایک شعبہ ہی۔ تو باوجود اسکے میں نے ساری عمر حکومت ہی کی نوکریاں کیں۔ مگر اب جو پچھلی زندگی کا کبھی خیال کرتا ہوں تو کسی شان میں محکومی کی ایذاؤں سے محفوظ نہیں رہا۔ ہاں ایک وقت تھا کہ تنزل اور جرمانے سے ڈرتا تھا۔ پھر ایک وقت وہ ہوا کہ کمشنر اور بورڈ کے مُنہ سے تم کی سہار نہیں ہوتی تھی۔ غرض نوکری کو عموماً پیشہ معزز سمجھنا محض خیالی بات ہی۔ عزت اور ذلت کسی پیشہ پر موقوف نہیں۔ بلکہ عزت اور ذلت کا مدار انسان کا اپنا کردار ہی۔ اگر کوئی شخص کسی بڑی خدمت پر مامور ہو اور وہ آمدنی بھی معقول رکھتا ہو اور بڑی شان سے زندگی بسر کرتا ہو۔ حکومت بھی ہو۔ اختیارات بھی ہیں اور سرکار میں بھی رشد و رسائی ہو اور وہ ناحق بندگانِ خدا کو ایذا دیتا اور اُن کے حقوق تلف کرتا اور رشوت لیتا۔ حقیقت میں وہ سب سے زیادہ ذلیل ہی۔ نہ صرف پبلک کی نظر میں بلکہ خود اپنی نظر میں اور خدا کے نزدیک۔ لیکن ایک غریب آدمی جو محنت۔ مزدوری سے جائز طور پر معاش پیدا کرتا کسی سے لڑتا۔ جھگڑتا نہیں۔ کوئی اس کا شاکی نہیں ؎

چگونہ شکر ایں نعمت گزارم		کہ زورِ مردم آزاری نہ دارم	

ایسا شخص اصلی عزت رکھتا اور اُس کا مستحق ہی۔

اس وقت جو اس تعلیم کے ساتھ تعلیم ہو رہی ہی۔ اور تعلیم کو اس سے بھی زیادہ عام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہی۔ اچھی طرح طالب علموں کے ذہن نشین کر دینا چاہیئے کہ نوکری کے خبط کو سر میں نہ آنے دیں ورنہ تعلیم سے فائدہ کی جگہ اُلٹا نقصان اُٹھائیں گے۔ اور ہمیشہ

کے لیئے اپنی زندگی اور نہ صرف اپنی زندگی بلکہ اَور بہت سی زندگیاں جو اُن کے ساتھ وابستہ ہیں سب کو تلخ کر دیں گے۔ میرے اِس بیان سے کوئی صاحب ایسا نہ سمجھیں کہ مَیں تعلیم کی طرف سے لوگوں کے دلوں کو اُچاٹ کرتا ہوں میرا مقصود ہرگز یہ نہیں۔ میں تو تعلیم کو اور اسی تعلیم کو جو ان دنوں ہو رہی ہے۔ ہر فرد بشر کے لیئے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں۔ کیوں کہ مجھ کو وہ دن آتا ہوا دکھائی دے رہا ہے اگرچہ جب تک وہ آئے آئے مَیں دنیا سے رخصت ہو جاؤں گا۔ مگر مجھ کو وہ دن آتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ جب کہ یہی تعلیم شرطِ زندگی ہونے والی ہے! اور زندگی سے میری مُراد ہے معزّز اور مطمئن زندگی ؎

	زندگی زندہ دلی کا ہے نام		مُردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

میرا مطلب صرف اس قدر ہے کہ جو لوگ تعلیم پا رہے ہیں اور تعلیم تو سبھی کو پانی چاہیئے غرض سارے تعلیم یافتہ اگر ایک ہی پیشہ پر جُھک پڑیں گے۔ گو وہ پیشہ فی حدذاتہ کیسا ہی وسیع کیوں نہ ہو۔ یہ اُس کا ضروری اور بدیہی نتیجہ ہے کہ سب بھوکوں مریں۔ لوگوں کی ضرورتیں متنوّع ہیں اور اسی لیئے دنیا میں متنوّع پیشے چل پڑے ہیں انسانی ضرورتوں اور پیشوں کے تنوّع سے ثابت ہوتا ہے کہ دنیا میں روزی کی کمی نہیں مگر ہم ایک پیشۂ خاص کے مقید ہو کر روزی کو تنگ کر لیتے ہیں۔ اب یہ ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ نوکری کے علاوہ دوسرے پیشوں کے لیئے تعلیم ہی کی کیا ضرورت ہے۔ جواب یہ ہے کہ تعلیم سے تو کبھی کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ پیشہ بھی بے نیاز نہیں ہوا۔ ہاں تعلیم سینہ بہ سینہ ہوتی رہی ہے یا نقل و تقلید سے۔ اِس زمانے میں یہ نئی بات پیدا ہوئی ہے کہ ایک ایک چیز اور ایک ایک کام علمِ مستقل قرار پایا ہے۔ مثلاً موسیقی کہ ہمارے ہاں سینہ بہ سینہ اُس کی تعلیم ہوتی ہے یا نقل و تقلید سے لوگ اِس کو حاصل کرتے ہیں۔ مگر تم نے انگریزی بینڈ بجتے دیکھے ہوں گے کہ اونچی اونچی میزوں کا ایک حلقہ ہے لوگ مزا میر لیئے اُس کے گرد کھڑے ہیں۔ ہر ایک کے آگے ایک کتاب دھری ہے۔ صدر مقام پر بینڈ ماسٹر کھڑا ہوا باجے بجوا رہا ہے۔ انگریزوں کی ولایت میں تو یہ حال ہو گیا ہے کہ درزی اور حجام اور موچی اور لوہار تک اپنا پیشہ نہیں چلا سکتا تا وقتیکہ اُس نے سبقاً سبقاً اپنے پیشے کی کتابی تعلیم نہ پائی ہو۔ اور یہ بات سب پر

روشن ہے کہ ہندوستان کل باتوں میں یورپ کی تقلید کرتا چلا جاتا رہا ہے اور تقلید کے بدون اس کو چارہ نہیں۔ یہ تعلیم گو کسی خاص پیشے کی نہ بھی ہو۔ تاہم اس سے اتنی آگہی تو انسان کو ضرور ہو جاتی ہے کہ وہ جس کام کو اختیار کرے گا اُس کو کر دکھائے گا اور سلیقہ کے ساتھ کر دکھائے گا

میری طالب علمی کے زمانے میں جو لوگ دہلی کالج میں پڑھتے تھے اگرچہ اُن دنوں کی پڑھائی سے اِن دنوں کی پڑھائی میں عمدگی بہت زیادہ ہے مگر اُس پرانی پڑھائی میں یہ برکت تھی کہ کالج کے طالب علموں نے مختلف کام اختیار کیے اکثر تو نوکری کی لَین[1] میں گئے۔ بعض زمینداری لے کر بیٹھے۔ بعض نے تجارت کی۔ لیکن جو جس حال اور شان میں تھا مشارٌ[2] الیہ بالبنان تھا۔ اگرچہ مروجہ تعلیم قومی اور ملکی ضرورتوں کے لیے کافی نہیں مگر یہ اُس کی تمہید ہے یعنی اُس رنگ میں رنگنے کے لیے اس کو پہلا ڈوب سمجھنا چاہیئے۔ لیکن وہ آخری رنگ تو تب ہی اچھا چڑھے گا کہ نوکری کی تخصیص اُٹھا دو اور کسی کام کے پیشے کو عار نہ سمجھو۔ آج کل کے تعلیم یافتہ لوگوں کا مانو ہونا چاہیئے۔ "ہر چہ آید در پیش نہ گزارد درویش"

مسلمانوں میں جہاں کہیں بھی میں سنتا ہوں کہ اس تعلیم اور ایسی تعلیم کے لیے کوشش کی جا رہی ہے۔ واقعی بات یہ ہے کہ میں اُس کو دل سے پسند کرتا ہوں چاہے میں اُس کوشش میں شریک ہو سکوں یا نہ ہو سکوں۔ میری شرکت یہی زبانی جمع خرچ ہے۔ سو اس کو بھی میں نے نہ تو اپنے اوپر لازم کیا اور نہ لکچر کو اپنا پیشہ بنایا۔ اور اگر ایسا کروں تو لوگ مجھ کو گھر پر بیٹھنے بھی نہ دیں۔ ملک میں تو انجمنوں کی رسم چل پڑی ہے۔ شاید ہی کوئی مہینہ خالی جاتا ہو۔ کہ کہیں نہ کہیں سے بُلاوا نہ آتا ہو۔ اتنے بڑے ہندوستان میں صرف تین جگہ ہیں جہاں میں لکچر دیتا ہوں سب سے اوّل سر سید احمد خاں کا کانفرنس یا کوئی سی بھی مجلس جس میں وہ مجھے لکچر دینے کی تکلیف دیں۔ میں نے آج تک اُن کی کسی دعوت کو رد نہیں کیا۔ اور ان شاء اللہ کروں گا بھی نہیں۔ اور باوجودے کہ میں اُن سے بعض باتوں میں اختلاف بھی کرتا ہوں۔ تاہم میرے

---

[1] سلسلہ۔ ۱۲ [2] لوگ اُنگلیوں کے اشارے بتلاتے ہیں۔ ۱۲

دل میں اُن کی ایسی عظمت ہو کہ اگر میں اُن کے تمام عقائد سے اتفاق رکھتا ہوتا۔ اور مجھ کو پیر کی تلاش بھی ہوتی۔ تو میں ضرور اُن کے ہاتھ پر بیعت کر لیتا۔ اور میرے اِس انجمن میں آنے کی ابتدا بھی اُنھیں سے ہوئی ہو کہ وہ اپنے کانفرنس میں مجھ کو ساتھ لائے۔ میں نے لکچر دیا اور ممبرانِ انجمن اُس وقت سے میرے گرد ہوئے۔ سب سے زیادہ مجھ کو اِس کا افسوس تھا کہ بعض لوگوں نے غلط فہمی سے اور نہ صرف غلط فہمی سے بلکہ بدگمانی اور بدگمانی بھی ممنوع بدگمانی سے جس کی نسبت فرمایا ہو یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ سرسید کو اِس انجمن کا سخت مخالف قرار دے رکھا تھا۔ سرسید کو کسی طرح پر اس کا علم ہوا۔ اُنھوں نے اس بدگمانی کے رفع کرنے کو لاہور کا سفر دور و دراز اختیار کیا اور انجمن کے جلسۂ سالانہ کی شرکت کی غرض سے آموجود ہوئے۔ افسوس ہو کہ سرسید بوجہ ضعف و پیری زحمتِ سفر کے متحمل نہ ہو سکے اور بیمار پڑ گئے۔ ورنہ اس انجمن کی نسبت اپنے خیالات اپنی زبانِ مبارک سے ضرور ظاہر فرماتے۔ لیکن اگر سرسید شریک جلسہ نہ ہو سکے۔ تو اُن کے حواری یا خلیفہ جو کچھ سمجھو نواب محسن الملک مولوی سید مہدی علی خاں بہادر نہایت خوش دلی اور شوق سے اُن کے بدلے رونق افروز جلسہ ہوئے۔ اور جیسی کچھ اُنھوں نے اِس انجمن کی ستایش کی۔ وہ سال گزشتہ کے جلسہ کی روداد میں آپ صاحبوں نے ملاحظہ فرمائی ہوگی۔ سرسید اور مولوی مہدی علی واقع میں ایک جان دو قالب ہیں۔ تو جو کچھ مولوی مہدی علی نے اِس انجمن کے بارے میں فرمایا۔ اگر سرسید سے پوچھا جائے تو وہی لفظ اور وتنے ہی لفظ وہ بھی فرمائیں گے۔

انجمن کے بارے میں سرسید پر لوگوں کو بدگمانی کرنے کی وجہ یہ ہوئی کہ سرسید کے خیالات تعلیم کی نسبت بڑے عالی خیالات ہیں۔ وہ ولایت جا کر اور رہ کر اپنی آنکھوں سے وہاں کے حالات دیکھ آئے ہیں۔ یوں سننے کو تو ولایت کے حالات ہم بھی سُنتے اور کتابوں اور اخباروں میں پڑھتے رہتے ہیں۔ لیکن "دو شنیدہ کے بود مانند دیدہ" اُنھوں نے چشم دید

دو چیزیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ جیسے گاڑی کے دو پہیئے۔ ایک طرف کرِڈٹ یعنی تحسین و آفرین و شاباش کا استحقاق ہو تو دوسری طرف کالج کی ناتمامی اور بدانتظامی اور اُس کے نقصانات کی جواب دہی ہو۔ فرض کرو کہ ممبران انجمن نے کالج کے کھول دینے میں جلدی یا ناعاقبت اندیشی یا توقع بے جا کی۔ تو اس کا الزام نہ صرف ممبرانِ انجمن پر ہو۔ بلکہ پنجاب کے تمام مسلمانوں پر جنھوں نے ممبرانِ انجمن کو کالج کھولنے دیا۔ یا کالج کے کھولنے کا موقع دیا اور اگر اب کالج اسی بے اطمینانی اور ناتمامی کی حالت میں رہے۔ یا خدانہ خواستہ آیندہ کو بند ہو۔ یا اُس کو بند کرنا پڑے تو بدنامی۔ اور ملامت اور شماتت جو کچھ بھی ہو وہ بھی مسلمانانِ پنجاب کو انگیز کرنی ہوگی۔ یہ بات زیادہ غور کی محتاج نہیں ہو کہ اگر کالج کا قائم کرنا غلطی تھی تو کالج کا بند کرنا دوسری غلطی ہوگی۔ پہلی سے مکروہ تر۔ پہلی سے مذموم تر۔ اب اُس غلطی کی صرف یہی ایک اصلاح ہوسکتی ہو کہ کالج کی بنیاد مستحکم کی جاے۔ اور کالج میں جو کچھ ناتمامی ہو اُس کو رفع کیا جاے۔ اور اس کے لیئے دو باتوں کی ضرورت ہو۔ اول رقم معتدبہ کا فراہم کیا جانا۔ یعنی اتنی آمدنی کا متیقن ہونا جس سے اعلیٰ درجے کی لیاقت کے پروفیسر معقول تنخواہ پاسکیں اور اُن کو اُن کی خدمات کا کافی معاوضہ ملے کہ وہ دل نہاد ہوکر کام کریں اور اس کے علاوہ دوسرے مصارف مستلزمہ بھی وقت پر چلتے رہیں۔ سو یہ اس روز کی گداگری اور سالانہ جلسوں کے چندوں سے تو کچھ ہوتا ہوا تا نہیں یہ اتفاقی اور بے سہارے سیری فاقہ کا حکم رکھتی ہو ؎

زیادہ ہوگا تو کُل سے بھی کہیں روزہ	کہ اس میں آئی تو روزی ہو اور نہیں روزہ

اور اگر کسی کو اسی طور سے کالج کے عمدگی کے ساتھ جاری رہنے کی توقع ہو تو یہ وہی بے ٹھور بے ٹھکانے توکّل ہو۔ جس نے مسلمانوں کو تباہ کیا ہو۔ کوئی تو کھڑا ہوکر مجھ کو بتائے کہ اُس نے کبھی اپنے کسی ذاتی کام میں اس طرح کا توکل کیا ہو۔ جاڑا آنے کو ہوا ہو اور اُس نے لحاف توشک نہیں [illegible] سفر کو نکلا ہو اور زادراہ ساتھ نہیں لیا۔ کاشتکار ہو

اور کھیت کو وقت پر نہیں جوتا۔ ہوش سنبھالتے ہی کسبِ معاش کی فکر میں نہیں پڑا۔ تو جب ہم میں سے کبھی کسی نے اپنے کسی کام میں ایسا توکّل نہیں کیا۔ تو کیا قومی کام یعنی اسلامیہ کالج ہی اِس توکّل کے لیئے رہ گیا ہے۔ کہ اب تک بُرا یا بھلا توکّل پر چلا ہے۔ تو آگے کو بھی توکل ہی پر چلا جائے گا۔ تھوڑے اور نامطمئن فنڈز کے ہوتے بنایا ہوا اسلامیہ کالج کالج نہیں ہے بلکہ ماکرّی آف اے کالج ہے۔ یعنی کالج کی نقل اور نقل بھی نہیں بلکہ سوانگ ؎

یہ تو کہیئے میر جی صاحب کیا ہے اگر یہ سوانگ نہیں	گرمی سبزہ رنگوں سے اور گھر میں بھونی بھانگ نہیں

خیر تو سب سے پہلا اور سب پر مقدم کام تو کافی فنڈز کا بہم پہنچانا ہے۔ اور وہ موقوف ہے لوگوں کی توفیق پر۔

بعض صاحب ایسے بھی ہیں جو کالج کے کھول دینے کو ممبرانِ انجمن کی مکروہ اور خطرناک غلطی سمجھ کر چاہتے ہیں کہ کالج بند ہو جائے اور ممبرانِ انجمن فضیحت اور رسوا ہوں۔ لیکن اُن کا طیش اُن کو نہیں سمجھنے دیتا۔ کہ لوگ اُن کے اِس خیال کو ذاتیات پر محمول کرتے ہیں۔ علاوہ بریں بے شک کالج کے بند ہونے سے ممبرانِ انجمن کی بڑی رُسوائی ہوگی۔ لیکن پنجاب کے باہر کی دنیا اسلامی کالج کی نسبت کیا خیال کرتی ہے۔ علی گڈھ محمدن کالج کو تو کبھی کوئی سید احمد خاں کا کالج بھی کہہ دیتا ہے اور یہ ایک حد تک صحیح بھی ہے۔ کہ کالج کے قائم کرنے کا خیال سب سے پہلے سید احمد خاں کو ہوا۔ اُنھوں نے اپنی وجاہت سے چندہ جمع کیا کالج کے منصوبے کو عمل میں لاکر دکھایا اور وہ دن اور آج کا دن اُسی کالج کے پیچھے تکیہ داروں کی طرح علی گڈھ میں دھونی رمائے بیٹھے ہیں۔ اور پہلے تو اپنی ذات سے اکیلے تھے۔ اَب جب سے سید محمود نے ہائی کورٹ کی ججی سے سبک دوش ہو کر علی گڈھ میں ڈیرے ڈالے اِس سے معلوم ہوا کہ سید احمد خاں اور اُن کی نسل علی گڈھ محمدن کالج ہی کے ہو رہے۔ تو اِن خصوصیتوں کی وجہ سے کبھی کوئی علی گڈھ محمدن کالج کو سید احمد خاں کا کالج کہہ دیتا ہے اور سید احمد خاں کو

کالج کا فونڈر (بانی) مگر یہ تو فرمائیے ممبرانِ انجمنِ حمایتِ اسلام میں سے فونڈر آف اسلامیہ کالج کس کو کہا یا سمجھا جائے پس چار و ناچار "ورنہ ستانی بستم می رسد" اسلامیہ کالج تو مسلمانانِ پنجاب ہی کا کالج ہے۔ وہی اس کے فونڈر ہیں۔ وہی اس کو چلا رہے ہیں۔ وہی اس کو چلائیں گے۔ اور اگر خدانہ خواستہ یہ کالج بند ہو جائے گا۔ تو وہی وِد اَوٹ اینی اکسپشن (بلا استثنائے احدے) دنیا جہان میں فضیحت بھی ہوں گے۔ رسوا بھی ہوں گے۔ بدنام بھی ہوں گے۔ اور آنے والی نسلیں اُن کو کوسیں گی بھی۔ پس جو لوگ اسلامیہ کالج کا بند ہونا منا رہے ہیں۔ وہ اس بات کو خیال نہیں کرتے کہ اسلامیہ کالج کا کریڈٹ لینا چاہیں یا نہ لینا چاہیں۔ اُن کو مل رہا ہے اور ملے گا۔ اسی طرح کالج کے بند ہونے کی صورت میں بھی وہ الزام کی لپیٹ میں آئیں گے پر آئیں گے۔ تو بھائیو! کالج کے بند ہونے یا اسی بے اطمینانی اور محتاجی کی حالت میں رہنے کا تو نام ہی نہ لو۔ یہ کالج تو تمھارے سر پڑا۔ اور اب تمھاری آنر[۵۱] اس کے ساتھ وابستہ ہو چکی۔ کالج کی مدد نہ بھی کرو۔ تو اپنی آنر کو ونڈیکیٹ[۵۲] کرو۔

پھر فنڈز کے جمع ہوئے پیچھے اُن کا ہینڈل[۵۳] کرنا جمع کرنے سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ انجمن کے مالہٗ اور ماعلیہ پر نظر کرنے سے میری قطعی یہ رائے ہے کہ جنرل سکرٹری تنخواہ دار سکرٹری ہو جو اپنا سارا وقت اور اپنی تمام ہمت انجمن کے کارخانوں کے انتظام اور اُن کی نگرانی میں صرف کرے اور اس کو انجمن کے فنڈز سے معقول معاوضہ دیا جائے۔ لوگ اپنے اپنے جنس کی ویلیو (قیمت) کے اندازہ کرنے میں اکثر غلطی کرتے ہیں۔ اور اس کی ایک مثال ہم کو خود جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات میں ملتی ہے کہ معترض کہتے تھے لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ یعنی جزیرۂ عرب میں مکہ مدینہ دو بڑے شہر ہیں اور ان میں ایک سے ایک لائق فائق لوگ موجود ہیں۔ اِن میں سے کسی پر قرآن نازل ہونا تھا۔ خدا اس کا جواب دیتا ہے اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَةَ رَبِّكَ کیا یہ لوگ خدا کی

---

۵۱ عزت - آبرو - ۱۲ ۵۲ حفاظت - بچاؤ - ۱۲ ۵۳ سنبھال - ۱۲

رحمت کے تقسیم کرنے والے بنتے ہیں۔ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ نبوت تو بڑی چیز ہے۔ یہ روزمرہ کی معاش جس میں بظاہر ان کی اپنی تدبیر کو بھی دخل ہے۔ یہ تک تو ان میں ہم تقسیم فرماتے ہیں يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ جس کو چاہتے ہیں بافراغت روزی دیتے ہیں۔ اور جس کو چاہتے ہیں نپی تُلی روزی دیتے ہیں اور جس طرح رزق کے اعتبار سے لوگوں کی حالتیں مختلف ہیں۔ اسی طرح دوسرے اعتبارات سے بھی ہم نے ان میں فرقِ مراتب رکھا ہے کہ کوئی باپ ہے اور کوئی بیٹا۔ کوئی اُستاذ ہے۔ کوئی شاگرد۔ کوئی آمر ہے۔ کوئی مامور۔ کوئی حاکم ہے۔ کوئی محکوم۔ کوئی بادشاہ ہے۔ کوئی رعیت۔ کوئی آقا ہے۔ کوئی نوکر۔ اور انھیں حالات اور مدارج کے اختلاف و تفاوت پر انتظامِ دنیا کا مدار ہے کہ ایک سے ایک کار و خدمت لے۔ اور جب معاش و مراتب دنیوی کی تقسیم تمھارے اختیار میں نہیں تو نبوت جو فضلِ کردگار ہے وہ تو مال و متاع دنیا سے کہیں زیادہ قدر کی چیز ہے۔ وہ تمھاری رائے سے کیوں دی جانے لگی ؎

خدا نے رسولِ عرب کو جو بھیجا	لگا پکنے کفّار کے سر میں بھیجا
کہ ہم میں بہت سے بڑے آدمی ہیں	مگر وہ رسالت کے شایاں نہیں ہیں
خدا گر کسی کو پیمبر بناتا	تو جبریل ہم میں کسی پاس آتا
خدا نے کہا تم ہو شدّت سے احمق	نہیں تم کو فہمید سے بہرہ مطلق
رسالت نہیں ہے مگر فضلِ باری	یہ انعام ہے محض رحمت ہماری
اُسے دیتے ہیں اہل پاتے ہیں جس کو	ذرا تم تو درمیاں سے دور کھسکو

پھر پیغمبری کے بعد خلافت کے بارے میں ہمیشہ اسی طرح کے جھگڑے رگڑے ہوا کیے کچھ ہم لوگوں کا وستور ہو گیا ہے کہ ہم کام کو نہیں دیکھتے بلکہ ذاتیات میں بحث کرنے لگتے ہیں

ضرور نہیں کہ اچھا عالم فاضل عمدہ ٹیچر[۵۱] بھی ہو۔ اِسی طرح ضرور نہیں کہ اچھا ٹیچر عمدہ مصنف بھی ہو۔ مختلف طرح کی لیاقتیں ہیں اور مختلف طرح کی طبیعتیں۔ ہر ایک طرح کی لیاقت کے واسطے طبیعت کی مناسبت شرط ہے۔ تمھارے ہی پڑوس میں ایک واقعہ ہو گزرا ہے کہ مولانا شاہ اسمٰعیل صاحب شہید دہلی سے مجاہدین کو لے کر افغانستان کو پہنچے اور اُلٹ کر سکھوں سے لڑے۔ مولٰنا نے کچھ علاقہ فتح بھی کر لیا تھا۔ مگر وہ اُن سے سنبھل نہ سکا۔ وہ بڑے بہت بڑے عالم۔ بڑے بہت بڑے خطیب تھے۔ مگر کیا ضرور ہے کہ جو بڑا عالم اور بڑا خطیب ہو۔ وہ بڑا کمانڈر[۵۲] اور بڑا اسٹیسمین[۵۳] بھی ہو۔ غرض بھائی **شمس الدین** کو ترکِ چاکری پر مجبور کیا جائے اور اُن کو انجمن کے فنڈز سے کافی معاوضہ دیا جائے۔ پھر انجمن میں بڑی ضرورت فنڈز کے جمع کرنے کی ہے اور جو تدبیریں اِس کے لیئے عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ کافی نہیں۔ ہرگز کافی نہیں۔ مَیں ممبرانِ انجمن کو شاید ایک سال ایسے ہی مجمع میں سمجھا گیا تھا کہ ہز ہائینز نظام حیدر آباد۔ مہاراجہ پٹیالہ۔ مہاراجہ بنارس۔ مہاراجہ وزیانگرم۔ نواب صاحب رام پور۔ جیسی موٹی چڑیوں کے پھنسانے کا تم میں بوتا نہیں تو ضعفاء الطیور[۵۴] کو دام میں لاؤ۔

اے ممبرانِ انجمن تم ہر سال مجھ کو یہاں لکچر دینے کے لیئے کھینچ لاتے ہو۔ اِس توقع پر کہ مَیں لوگوں کو کچھ دینے کی ترغیب دوں۔ لیکن لوگ میرا کہنا کیا مانیں گے جب کہ تم خود میری نصیحت پر عمل نہیں کرتے۔ مجھ کو آنے اور جانے کی تکلیف جو ہوتی ہے۔ سو ہوتی ہے۔ سب سے بڑی تکلیف یہ ہے کہ کہوں اور اثر نہ ہو۔ بات یہ ہے کہ جس کام کا تم نے بیڑا اُٹھایا ہے۔ تم میں سے کسی نے اُس کی عظمت اور وقعت ہی کو نہیں سمجھا۔ یہ بھی کوئی کالج کے چلانے کی صورتیں ہیں۔ کہ مجھ جیسے تماشائی فنڈز کے جمع کرنے کی تجویزیں بتائیں اور اُن پر بھی عمل نہ ہو۔ تم کو خود ایسی تجویزیں سوچنی چاہئیں۔ جن کی طرف کسی کا بھی ذہن منتقل نہ ہو۔ اور یوں بے وضو

---

۵۱ معلم۔ ۱۲ ۵۲ حاکم۔ ۱۲ ۵۳ مدبر ملک۔ ۱۲ ۵۴ کم زور پرندے۔ ۱۲

نماز ٹرخاؤ اور وہ قبول ہو جاوے۔ ایسے سرسری طور پر کالج کو چلاؤ اور وہ چل جائے۔ تو تمھاری کرامت اور خرقِ عادت پر پہلا ایمان لانے والا میں ہوں ۵

جی عبادت سے چُرانا اور جنّت کی طلب		کام چور اس کام پر کس مُنہ سے اُجرت کی طلب

باوجودے کہ جب سے علی گڈھ محمدن کالج میں ٹرسٹیوں کا قانون بنا۔ تبھی سے ع "بدنام کنندۂ نکونامے چند" میں بھی کالج کا ایک ٹرسٹی ہوں۔ لیکن اُس کے سالانہ اجلاس میں اب کے پہلی بار مجھ کو شریک ہونے کا اتفاق ہوا۔ تو مَیں نے چھوٹتے ہی اُس رقمِ خطیر ایک لاکھ کئی ہزار کے غبن کے حالات دریافت کیئے اور چند باتیں تمھاری نصیحت کے لیئے وہاں سے اخذ کر کے لایا۔ ایک تو یہ کہ کسی ایک متنفس پر گو وہ کیسا ہی جفاکش اور بیدار مغز کیوں نہ ہو۔ فوقِ طاقت کام کا بوجھ ڈالنا ٹھیک نہیں۔ آپ اِس بات کو تعجّب سے سنیں گے کہ سیّد احمد خاں سکرٹری کے دفتر میں لاکھوں روپے کا آنا جانا لگا رہتا ہے۔ تھوڑی یا بہت جس مد کی جو رقم آتی ہے۔ اُسی دن بنک میں بھیج دی جاتی ہے اس میں ایک خردہرہ کا غبن نہیں۔ سکرٹری تو ذمہ داری رقوم سے بری ہو چُکا۔ غبن ہوا جعلی چکوں کے ذریعہ سے۔ مارے کفایت کے ایک انگریزی کلرک رکھا اور وہ چکوں پر سید احمد خاں کے انگریزی دستخط بنا بنا کر وقتاً فوقتاً روپیہ نکلواتا رہا۔ اُردو کے روزنامچے سے مقابلہ ہوتا۔ تو انگریزی کا حساب اسی کلرک کے ہاتھ میں رہتا اور یہ جعلی چکوں کو چھوڑتا چلا جاتا۔ سید احمد خاں کو فرصت نہیں۔ کوئی اُن کا اتنا بھی ہاتھ بٹانے والا نہیں۔ اور دوسری مصیبت یہ کہ انگریزی نہیں جانتے۔ اور انگریزی میں کارسپانڈنس[۱] کرنا اور حساب رکھنا پڑتا اور خیر سے آپ انگریزی دستخط بھی اُڑائے جاتے ہیں۔ جانتے ہو کہ بڑے میاں پر اس غبن کا کیا اثر ہوا۔ اُنھوں سے مجھ سے واقع میں رو کر کہا کہ ساری عمر میں مجھ کو دو صدمے ہوئے ہیں۔ ایک تو سید حامد کا جواں مرگ مرنا۔ دوسرے یہ غبن۔ اگرچہ سید احمد خاں بدستور

[۱] مراسلت۔ خط و کتابت۔ ۱۲

کام میں لگے ہیں۔ مگر اُٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے کسی وقت اُن کو یہ رنج نہیں بھولتا۔

ای ممبرانِ انجمن! تم کو اِس حادثے سے کہ یہ ایک قومی حادثہ ہے۔ یہ نصیحتیں پکڑنی چاہئیں۔ حساب کی پوری پوری نگرانی۔ بے جا کفایت شعاری سے کہ مَیں تم کو بے طرح اِس میں مبتلا پاتا ہوں۔ احتراز۔ ایک متنفّس پر فوقِ طاقت کام کا بوجھ نہ ڈالنا۔ کوّے ہو کر ہنس کی چال نہ چلنا یعنی نیٹو ہو کر انگریز بننے کا حوصلہ نہ کرنا ۵

جس کا کام اُسے کو ساجے		اَور کرے تو مونگرا باجے	

دوسری بات جو مَیں تمھاری نصیحت کے لیئے لے کر آیا ہوں ہمّت اور استقلال ہے۔ اتنی بڑی رقم کثیر تو ضائع ہو چکی ہے۔ مگر **سید احمد خاں** نے اعلان کر دیا ہے کہ کالج جس شان سے چل رہا ہے اُسی شان سے چلا جائے گا۔ اور سوائے عمارت کے کوئی کام اٹکا نہیں رہے گا یہ اُنھوں نے کیوں اعلان کر دیا ہے۔ اِس لئے کہ اُن کو اعتماد ہے کہ وہ کہیں نہ کہیں سے اور کسی نہ کسی طرح اِس نقصان کی تلافی کر لیں گے۔ **سید احمد خاں** تو بڑے اولوالعزم ہیں۔ مَیں تو اِس بات کو دیکھ کر حیران رہ گیا کہ طالب العلموں نے اِس غبن کی تلافی پر کمرِ ہمّت چُست باندھ لی ہے۔ ان لوگوں کو جب جب موقع ملتا۔ چندے جمع کرتے پھرتے اور اُس سے غریب طلبا کو وظیفے دیئے جاتے اور ان لوگوں نے اِسی طرح بھیک مانگ مانگ کر بورڈنگ ہوس بھی بنوائے ہیں۔ اِسلامیہ کالج کے طالب علم خوب غور سے اِس کو سُنیں وَفِیْ ذٰلِكَ[۱] فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ مَیں انجمن کے رسالوں میں اِس بات کو پڑھ کر بہت ہی خوش ہوا تھا کہ لاہور میڈیکل کالج کے طلباء انجمن کے لئے گداگری کرتے ہیں۔ لیکن مسلمانوں کے سب کام باسی کڑھی کا اُبال ہوتے ہیں ع "ای طبلِ بلند بانگ در آخر ہیچ"، پھر مدّتوں سے کچھ سننے میں نہیں آیا۔ نہیں معلوم لوگوں نے دینا بند کر دیا یا اُنھوں نے مانگنا۔ لیکن لوگوں نے دینا تو کیا بند کیا ہوگا۔ مانگنے والوں ہی نے ہمّت ہار دی ہوگی۔

---

[۱] اور رئیس کرنے والے اِس بات کی رئیس کریں۔ ۱۲

وابستگانِ دامانِ دولتِ انجمن یعنی پروفیسر اور مدرس اور طلبا اور حضرات و اعظین ماشاء اللہ اتنے کثیر التعداد ہیں کہ اِن کا مجموعہ بجائے خود ایک لشکر ہی۔ میں انجمن کو معدہ فرض کرتا ہوں اور ان کو اعضا و جوارح۔ جس طرح اعضا و جوارح معدے سے غذا پاتے ہیں۔ اِسی طرح معدے کے لیئے غذا بہم پہنچاتے بھی ہیں۔ برخلاف انجمن کے اعضا و جوارح کے کہ یہ پاتے ہیں اور بہم نہیں پہنچاتے۔ مَیں ایک حکایت بیان کروں تو اس سے آپ میرے مدعا کو خوب سمجھیں گے۔ ایک دفعہ اعضا و جوارح کا سارا لشکر پیٹ سے پھر بیٹھا۔ اِس لشکر کے ہر ایک سپاہی یعنی ہر عضو اور ہر جارحہ نے کہا کہ پیٹ نے ناحق ہم کو اپنا غلام بنا رکھا ہے اور بلا استحقاق ہم سے مفت خدمت لیتا ہے۔ پاؤں نے کہا مَیں پیٹ کے لیئے دوڑتے دوڑتے تھک گیا۔ ہاتھ نے کہا کہ مَیں پیٹ کے لیئے کام کرتے کرتے عاجز آ گیا۔ آنکھ نے کہا پیٹ کھائے اور مَیں اُس کے لیئے مکھی بال بیٹھی دیکھا کروں۔ ناک نے کہا مَیں سڑا بُسا کیوں سونگھوں۔ زبان بولی مَیں کس کے لیئے چکھوں۔ دانتوں نے کہا ہم کاہے کو پیسیں۔ غرض تمام اعضا و جوارح اپنا اپنا کام چھوڑ بیٹھے۔ پیٹ کو لگی بھوک تو ہاتھ ٹکڑا نہیں توڑتا۔ مُنہ لقمہ نہیں لیتا۔ مجبور پیٹ انتڑیاں مسوس کر رہ گیا۔ مگر اس نے بھی بدل ما یتحلل کی رسد بند کی۔ تو لگی ٹانگیں لڑکھڑانے۔ ہاتھ کانپنے۔ زبان بہکنے اور آنکھوں کے آگے ترمرے پھرنے۔ بارے کمانڈنگ افسر اور لشکریوں میں میل ملاپ ہو گیا۔ ورنہ چھاؤنی ہی ٹوٹ گئی ہوتی۔ اے وہ لوگو جو وابستۂ دامانِ دولتِ انجمن ہو۔ انجمن کے اعضا و جوارح بنو یعنی انجمن سے لیتے ہو تو انجمن کو علیٰ قدرِ حیثیت کچھ دو بھی۔ پروفیسر اور مدرّس سمجھتے ہوں گے کہ ہمارا دینا یہی ہے کہ ہم طالب العلموں کو پڑھاتے ہیں۔ لیکن پڑھاتے ہیں تو اُس کا معاوضہ بھی پاتے ہیں ؎

منت منہ کہ خدمتِ سلطاں ہمی کنم		منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت	

رہے طالب العلم وہ کچھ تو یتیم ہو کر چھوٹ گئے اور کچھ بچے بن کر۔ لیکن اِس طرح کے بچے دنیا میں بڑوں کے کان کتر رہے ہیں۔

سکول یا کالج کے لڑکے نمایش کے لیئے کچھ پڑھ کر سنا دیتے ہیں تو یہ کسی حساب میں نہیں بلکہ یہ بھی ایک طرح کا امتحان ہی۔ ہاں بعض کچھ اپنی موزونی طبع دکھانے کو نظمیں بھی کہہ کر لاتے اور واعظ یا لکچرار کا کام دیتے ہیں۔ تو یہ البتہ ایک طرح کی خدمت ہی۔ میں نے دیکھا ہی کہ کوئی لڑکا اپنی کہی ہوئی نظم سناتا ہوتا ہی تو ممبرانِ انجمن کی باچھیں کھلی جاتی ہیں اور آڈینس[۵۱] سے بھی شاباش وتحسین کا آوازہ بلند ہوتا ہی مگر میں لڑکوں کی اِس ادا کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ اگرچہ مولوی **حالی** نے نظم کا رنگ بدل دیا ہی اور شاعری اگلی گندگی اور بیہودگی سے بہت کچھ پاک ہوگئی ہی۔ لیکن اُٹھتی جوانی اور شاعری کا مذاق۔ کیوں کر اطمینان ہوسکتا ہی کہ اِس عمر میں اِس مذاق کا آدمی ایشیائی شاعری کے زہر آلود اثر سے محفوظ رہ سکے گا۔ اُس کو شاعری کی مشق کے لیئے وہی لٹریچر پیشِ نظر رکھنا پڑے گا جو دین کا عدو اور اخلاق کا دشمن ہی۔

میں سمجھتا ہوں کہ انجمن کے پروفیسر اور طالب العلم فنڈز جمع کرنے میں بہت نہیں تو کچھ مدد ضرور دے سکتے ہیں۔ لیکن شاید ان میں سے کسی نے اِس کا خیال بھی نہیں کیا اور نہ کسی نے اُن کو اِس کا خیال دلایا۔ فنڈز کے علاوہ ایک اَور طرح کی مدد ہے جو اُن کو کرنی چاہیئے نہ احسان وتبرّع کے طور پر۔ بلکہ ایز اے[۵۲] ڈیوٹی۔ اور وہ اِن کے اور انجمن کے حق میں زیادہ مفید اور بہ کار آمد بھی ثابت ہوگی۔ وہ یہ کہ فنڈز کی کوتاہی کی وجہ سے انجمن بڑی بڑی تنخواہ کے یورپین پروفیسر انگیج[۵۳] نہیں کرسکتی اور اِسی وجہ سے یہاں کی تعلیم کو بعض اصحاب حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ بلکہ میں نے تو کسی اخبار میں پڑھا ہی یا کسی سے مُنہ زبانی سُنا ہی کہ اسلامیہ کالج کے توڑ دینے یا بند کر دینے کی جہاں اَور وجوہ بیان کی جاتی ہیں اُن میں اِسی وجہ پر بڑا زور دیا جاتا ہی کہ کم تنخواہ کے پروفیسر اگر واقع میں لایق ہیں تو کم تنخواہ پر قانع نہیں ہوسکتے اور اُن کو قانع ہونا چاہیئے بھی نہیں اور اگر جیسی ان کی تنخواہ کم ہی

---

[۵۱] حضارِ مجلس۔ ۱۲ [۵۲] بطور فریضہ۔ ۱۲ [۵۳] ملازم۔ ۱۲

ویسی ہی ان کی لیاقت بھی کم ہی۔ تو ان کی تعلیم کچھ مفید نہیں ہوسکتی۔ اس میں شک نہیں کہ جو علوم پڑھائے جاتے ہیں انگریزی ہیں اور انگریزی ہی زبان میں پڑھائے جاتے ہیں۔ اور خود زبانِ انگریزی بھی بجائے خود ایک علم ہی۔ بلکہ علوم سے زیادہ مشکل ہی۔ یہ اِس بحث کا محل نہیں ہی کہ یہ علوم وہ ہیں جن میں سے اکثر یونان میں ایجاد ہوئے اور اُن سے مسلمانوں نے اخذ کئے اور بعض خود مسلمانوں کی ایجاد ہیں اور مسلمانوں سے اہلِ یورپ نے سیکھے۔ یہ منصب ایک محقق مورخ کا ہی۔ جیسے ہمارے شمس العلما مولنا شبلی کہ وہ جس بات کو لیتے ہیں اُس کو اصل تک پہنچا کر چھوڑتے ہیں۔ ہم کو تو اتنا بس کرتا ہی کہ یہ علوم چاہے کسی نے ایجاد کیئے ہوں اور اہلِ یورپ سیکھ کر نہیں بلکہ چوراکر لائے ہوں اب ان علوم پر انھیں کا قبضہ ہی۔ وہی ان کو بہت عزیز رکھتے اور اُن کی بڑی قدر کرتے ہیں اور اُنھوں ہی نے ہندوستان میں انھیں رواج بھی دیا ہی۔ تو جیسی زبان انگریزی ہی ویسے ہی یہ علوم بھی انگریزی ہیں اور قاعدہ ہے کہ تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں۔ ایک موجد جیسی اپنی ایجاد کی ہوئی چیز کی حقیقت سے واقف ہی۔ دوسرا ہو نہیں سکتا۔ پس ٹیچر یا پروفیسر جیسا یورپین ہوسکتا ہی نیٹو کو کیسا ہی باکمال کیوں نہ ہو۔ ہو نہیں سکتا۔ لیکن یورپین ٹیچر یا پروفیسر ہم کو کہاں نصیب ؎

یا مکن با فیل بانان دوستی		یا درے افراز بر بالائے پیل	

ہماری بیچاری تھوڑی پونجی کی انجمن کو ان ہاتھیوں کے پالنے کا مقدور ہی نہیں۔ اور اگر بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹ پڑے اور خدا ہُن برسادے۔ اس صورت میں بھی میری تو رائے نہیں ہی کہ انجمن یورپین پروفیسروں اور پروفیسروں کیسے کسی ایک یورپین پروفیسر کو بھی نوکر رکھے۔ یورپین پروفیسر کے رکھنے کا ضروری نتیجہ یہ ہی کہ انجمن کا کلاوہ اور شجرہ سب کچھ پروفیسر صاحب کے حوالے کرکے ممبرانِ انجمن دور کھڑے ہوئے اُس کا مُنہ تکا کریں۔ تو پھر انجمن۔ انجمنِ حمایتِ اسلام ہی کیوں ہو اور کالج اسلامیہ کالج ہی

کیوں کہلائے۔ بات یہ ہی کہ ہم میں اور اہلِ یورپ میں اس وقت وہ نسبت ہی اور مَیں تو سمجھتا ہوں کہ یہ نسبت لازمی سی ہی۔ جیسے تیل اور پانی۔ یعنی ہم پانی ہیں اور اہلِ یورپ تیل اگر ایک برتن میں پہلے تیل ڈال کر اوپر سے پانی ڈالو یا پہلے پانی ڈال کر اوپر سے تیل ڈالو از بسکہ تیل کا وزنِ مخصوص زیادہ ہی تیل اوپر ہی رہے گا۔ مجھ کو خود ایسے مواقع ملے ہیں اور مَیں نے دوسرے نیٹوز کو بھی انگریزوں پر افسری اور حکمرانی کرتے دیکھا ہی۔ انگریز تو انگریز یورپین بھی نیٹوز سے رُخ دے کر بات نہیں کرتا۔ اچھا تو پھر یورپین پروفیسروں کے رکھنے کا مقدور نہیں اور اُن کا رکھنا مناسب بھی نہیں تو کام بنے تو کیسے بنے۔ اور نالیاقتی کا دھبّہ دُھلے تو کیوں کر دُھلے۔ کام بنے اور دھبّہ دُھلے طالب العلموں اور پروفیسروں کی غیر معمولی محنت اور جاں فشانی سے کہ امتحان کے نتیجے ہمیشہ بہتر سے بہتر ہوں

زبان انگریزی کی تو مَیں کہتا نہیں کہ وہ تو جیسی یورپین پروفیسر جانے گا کوئی دوسرا کیا جان سکتا ہی لیکن اس میں بھی اتنی پچّریں لگی ہیں کہ گو انگریزی یورپین پروفیسر کی مادری زبان ہی مگر خود جاننا اور دوسرے کو سکھانا دونوں میں بڑا فرق ہی ممکن ہی کہ یورپین پروفیسر ہو اور نیٹوز کو انگریزی سکھانے کا سلیقہ نہ رکھتا ہو یا وہ سرے سے جی ہی نہ لگائے۔ اور متوجّہ ہی نہ ہو۔ اور یوں نیٹوز بھی ایسے انگریزی داں ہوے ہیں اور اَب موجود ہیں کہ انگریز بھی اُن کا لوہا مانتے ہیں۔ تو ایسے ہی نیٹوز ہمارے اسلامیہ کالج کے پروفیسر بھی کیوں نہ ہوں۔ نَحْنُ رِجَالٌ[۵۱] وَ هُمْ رِجَالٌ۔ وہاٹ مین ہینز ڈن مین کین ڈُو[۵۲] لیکن ہوں تو کیوں کر ہوں۔ بہت پڑھنے سے کثرت مطالعہ سے وسعتِ معلومات سے اور استحضار سے کہ جو کچھ نظر سے گزرا مستحفظ۔ رہی علوم اگرچہ شاید اسی پنجاب کے کسی ڈائرکٹر[۵۳] آف پبلک انسٹرکشن نے کسی رپورٹ میں لکھ مارا تھا کہ مسلمانوں کے سر ہی خدا نے ریاضی کے قابل ہی نہیں بنائے۔ لیکن اُن کا یہ کلیہ فزیاگنمی

۵۱ جیسے ہم آدمی ویسے ہی وہ۔ انسان انسان سب برابر۔ ۱۲ ۵۲ جو ایک انسان کر سکتا ہی وہ دوسرا بھی کر سکتا ہی

۵۳ ناظم تعلیماتِ عامّہ۔ ۱۲

یعنی علمِ قیافہ کے کسی اُصول پر مبنی نہ تھا۔ مسلمانوں کو حساب اور ریاضی میں اکثر فیل ہوتے دیکھ کر اُنھوں نے ایسا لکھ دیا ہوگا۔ ورنہ یہ اُنھیں مسلمانوں کی نسلیں ہیں نہ جو جبر و مقابلہ اور علمِ ہیئت کے موجد ہو گزرے ہیں۔ بہرکیف علومِ انگریزی کی تو میں اہلِ یورپ کے ساتھ زبانِ انگریزی کی سی خصوصیت سمجھتا نہیں۔ ہمارے ہی دہلی کالج میں جناب ماسٹر رام چندر صاحب مرحوم دہلی ہی کے رہنے والے کایستھ ریاضی کے پروفیسر تھے جنھوں نے ریاضی کے شعبہ ڈفرنشل اینڈ انٹگرل کیلکیولس یعنی علمِ کلیات و جزئیات میں کتاب میکسما اینڈ مینیما لکھ کر تمام یورپ میں ایک شور برپا کر دیا تھا۔ سر آیزک نیوٹن کی مشہور وصایا میں ایک مسئلہ یہ بھی تھا جو نیوٹن کو زندگی میں حل نہیں ہوا تھا۔ مگر وہ عالی دماغ میتھا میٹیشن لکھ مرا تھا کہ مجھ کو تو موت نے مہلت نہیں دی تاہم یہ مسئلہ کبھی نہ کبھی حل ہوگا۔ یہ فخر ہمارے ماسٹر صاحب کے حصے کا تھا کہ اُنھوں نے اس کو حل کیا اور تمام اہلِ یورپ پر سبقت لے گئے۔ بڑے بڑے جھگڑے ہوئے آخر کار یورپ کو تسلیم کرنا پڑا کہ اس کے موجد ماسٹر رام چندر ہیں۔ اس کے بعد سے جو کتابیں یورپ میں تصنیف ہوئیں اُن میں رام چندر زپرابلمز کا ایک نیا چیپٹر قایم ہوگیا۔ وکفیٰ بہٖ فخراً۔ میں نے ماسٹر رام چندر صاحب کو مرحوم اس لیئے کہا کہ وہ میرے اُستاد اور اپنے فن میں فخرِ ہندوستان تھے اور اگرچہ وہ عیسائی ہوگئے تھے اور اس اعتبار سے وہ اہلِ کتاب تھے۔ لیکن اگر وہ ہندو بھی مرے ہوتے تو بھی مَیں اُن کو مرحوم کہتا اور اُن کی مغفرت کی دعا مانگتا۔ کیوں کہ بہ تعیین شخص کسی پر کفر کا اطلاق منع ہے اور بالفرض وہ کافر ہی مرے سہی تو اُن کے لیئے دعاے مغفرت کرنے میں میرا ہی کون سا ہرج ہے۔ مَیں کوئی مستجاب الدعوات پیغمبر تو ہوں نہیں کہ میری دعا قبول نہ ہوگی تو اُمت بدعقیدہ ہو جاے گی۔ سب چیزوں سے قطع نظر کر کے میں تو مختصر سی ایک بات یہ کہتا ہوں کہ ہم کو تعلیم کے رستے میں ابھی بہت دوڑ کر چلنا بھی

---

۵۱ ریاضی داں۔ ۱۲ ۵۲ رام چندر کے اصول۔ ۱۲ ۵۳ باب۔ ۱۲

مناسب نہیں۔ ہمارا منتہائے نظری بالفعل وہی سٹینڈرڈ[۵۱] ہونا چاہیئے جو گورمنٹ نے قرار دے رکھا ہے۔ اِس سے زیادہ حوصلہ کرنے کو مَیں قبل الوقت سمجھتا ہوں۔ اور گو اسلامیہ کالج کا سٹاف[۵۲] نیٹو ز ہوں اور گو اَنڈر پیڈ[۵۳] بھی ہوں لیکن چوں کہ گریجوئٹ[۵۴] ہیں دوسروں کو گریجوئٹ بنا دینا کیا دشوار ہے اگر محنت کی جائے اور محنت لی جائے۔ اے پروفیسر صاحبو! اور اے طالب العلمو اپنے ذاتی مفاد کی نیت سے محنت نہ بھی کرو تو اپنے کالج کی آنر[۵۵] سنبھالنے کے لیئے محنت پر جُھک پڑو ؎

بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد	اگر خارے بود گلدستہ گردد

اگر تمھارے امتحانوں کے نتیجے اچھے نکلیں گے اور محنت کروگے تو ضرور اچھے نکلیں گے۔ تو جو لوگ جلی کٹی کہتے پھرتے ہیں خود بخود اُن کی زبانیں بند ہو جائیں گی اور تمھارا کالج پبلک کی نظر میں وہ اعتماد پیدا کرے گا کہ تمام راٹول انسٹی ٹیوشنز پر اُوس پڑ جائے گی اور پبلک کی نظر میں ایسے اعتماد کا پیدا ہونا فنڈز کے جمع ہونے اور کالج کے استحکام کی کافی ضمانت ہے۔ جو لوگ کسی اَور کالج کی سند پکڑ کر تم کو چھیڑیں بہتر ہے کہ نتائج امتحان سے اُن کو جواب دو اور یوں مطلق جواب دینے کو تو تم یہ بھی کہہ دے سکتے ہو کَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ رُوم وَازناٹ بلٹ اِن اِے ڈِے۔ اور مَیں تو کہتا ہوں کہ علی گڈھ محمدن کالج اب بھی محمدن کالج نہیں ہے۔ اور کالج کا نام کر دیا تو کون کسی کی زبان پکڑے لیتا ہے۔ اب یہ نیشنل کانگرس ہی ہے کہ ہندوستان میں نہ کوئی ایک نیشن ہے اور نہ یہاں کا کوئی کام نیشنل ہو سکتا ہے۔ شروع شروع میں لوگوں نے بڑا غل مچایا مگر ہونا کیا تھا وہی نیشنل کانگرس نام پڑ گیا۔ میں دلّی میں بہت دیکھتا ہوں کہ عورتیں ماما گری کرتی یا کوڑی دکان مانگتی پڑی پھرتی ہیں اور نام پوچھو تو امیر زمانی بیگم۔ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ قرآن مجید کی ایک آیت کا ٹکڑا ہے اَب مَیں تم کو ساری آیت

۵۱ معیار۔ ۱۲ ۵۲ کارپرداز۔ ۱۲ ۵۳ کم تنخواہ۔ ۱۲ ۵۴ یونیورسٹی کا ڈگری یافتہ۔ ۱۲ ۵۵ عزّت۔ ۱۲

اور اُس کا شانِ نزول بتاؤں تو سمجھو کہ جو لوگ علی گڈھ محمدن کالج کی سند پکڑ کر تم کو چھیڑیں
كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ کیوں کر اُن کا جواب ہوا۔ پوری آیت تو یوں ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ
لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ كَذٰلِكَ
كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا اور
شانِ نزول یہ ہے کہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چند مسلمانوں کو ایک گانوں کی
طرف بھیجا۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ لڑائی کی ابتدا ہو چکی تھی و غالباً پیغمبر صاحب
نے ان مسلمانوں کو اطراف و جوانب کی خبر لانے کے لئے بھیجا ہوگا۔ یہ لوگ گانوں کے
پاس پہنچے تو چند لوگ سوادِ دہ میں کھڑے بکریاں چرا رہے تھے ان کو آتا ہوا دیکھ کر انہوں نے
ان سے صاحب سلامت کی اور ان کی طرف کو لپکے۔ وہ لپکے تھے اظہارِ بشاشت کے لئے۔ اور
مسلمانوں نے سمجھا کچھ اور۔ دونوں فریق آپس میں گتھ گئے اور جو لڑائی میں ہوا کرتا ہے وہ ہوا
جناب پیغمبر صاحب کو معلوم ہوا تو آپ بہت ہی ناخوش ہوئے اور اسی پر یہ آیت اُتری۔
جس کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانو! خدا کے کام میں کسی طرف کو نکل جانے کا اتفاق ہوا کرے
تو وہاں کے لوگوں کے حال کو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو اور کوئی تم سے ابتدا بہ سلام کرے تو
اُن سے یوں نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں کہ اس کہنے سے تمھاری یہی غرض ہوگی کہ
لڑائی ہو اور کچھ مال و متاع اپنے ہاتھ آئے۔ گھبراتے کیوں ہو کھلے ہوئے دشمنوں سے لڑائیاں
ہوں گی اور تم کو بہتیری لوٹ ملے گی۔ ابتدا میں تمھارا اپنا بھی تو یہی حال تھا۔ پھر خدا نے تم پر اپنا
فضل کیا۔ تو تم اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو اور جو کچھ بھی کرتے ہو خدا اُس سے باخبر ہے۔ اب سمجھے
كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ کو انجمن حمایت اسلام سے کیا مناسبت ہے۔
علی گڈھ محمدن کالج کی ہسٹری پڑھو تو معلوم ہو کہ اُس کی بھی ابتدا کیا تھی مجھے یاد پڑتا ہے کہ
کالج کا سب سے پہلا چندہ شاید ایک پیسہ صرف ایک پیسہ تھا۔ لیکن وہ ایسی برکت کا پیسہ تھا

کہ لاکھوں روپیہ گھسیٹ لایا اور ابھی تک ماشاء اللہ گھسیٹے ہی چلا جا رہا ہی تو بجاے اس کے کہ انجمن ٹھڈلی ہو اُس کو محمدن علی گڈھ کالج کے حال پر نظر کر کے حوصلہ بلند اور ارادہ محکم رکھنا چاہیئے ۵

مرد باید کہ ہراساں نہ شود		مشکلے نیست کہ آساں نہ شود	

چھبّیسواں لکچر

یہ نظم مدرسہ طبیّہ دہلی کے سالانہ جلسہ میں ۲- اپریل ۱۸۹۶ء کو بمقام دہلی پڑھی گئی تھی

کس قدر جلدی گزرتے ہیں جہاں میں ماہ و سال		کاش ہم کو بھول کر آئے کبھی اس کا خیال	
حال جتنے ہیں وہ ہو جائیں گے ماضی ایک دن		جتنے مستقبل ہیں ہو جائیں گے وہ ایک روز حال	
ہر منٹ اور ہر سکنڈ ایک آدمی ہی فی المثل		اس کا ہو چکنا گزر جانا ہی اُس کا انتقال	
جلسۂ سالِ گزشتہ گویا کل کی بات ہی		جمع تھے جس میں تمامی شہر کے اہلِ کمال	
صدر میں صاحب کمشنر جلوہ گر چوں ماہتاب		دوسرے حکّام گرد اگرد تاروں کی مثال	
وہ نہ تھا جلسہ مگر ایک کورٹ تھا بے اشتباہ		وہ نہ تھا جلسہ مگر دربار تھا بے قیل و قال	
سکرٹری پڑھ رہے تھے کس فصاحت سے رپوٹ		باغ میں جس طرح چہکے طوطیِ شیریں مقال	
ہر طرف سے مرحبا و آفریں کا شور تھا		ہو رہے تھے حاضرانِ جلسہ سُن سُن کر نہال	
اور صفِ پائیں میں یہ عاجز کھڑا تھا سرنگوں		بے بضاعت بے ہنر نادم سراپا انفعال	
یوں ہوا اتنے میں ارشادِ حکیمِ محتشم		کیا کھڑا ہی آ ادھر اور جیب سے کاغذ نکال	
ایسا لکچر دے کہ پا جائے ہمیشہ کے لیے		طبِ یونانی و انگریزی کا جھگڑا انفصال	
اُن کی اِس درخواست پر میں نے بھی وہ تقریر کی		جس کو سُن کر لوگ کہتے تھے کہ ہی سحرِ حلال	
ایسی بے باکی سے بولے کس کا اتنا حوصلہ		اِس صفائی سے کہے کوئی کسی کی کیا مجال	
کوئی کوئی معترض بھی تھے کہ یہ سب لغو ہی		بے دلیل و بے سند اثباتِ دعواے محال	

گُل ہوا ہی چاہتا ہی طبِ یوناں کا چراغ
اور یہ جو کچھ دیکھتے ہو آخری ہی اشتعال

یہ عمارت کُہنگی سے گِر کے آٹا ہو گئی
اب نہ جالینوس کے باوا سے ہو اس کی سنبھال

طبِ یونانی و انگریزی کہ دو بہنیں ہیں یہ
بے محابا مدتوں سے لڑ رہی تھیں بدخصال

گرچہ یونانی بڑی تھی پر نہ تھا اس کے تئیں
اپنی چھوٹی بہن کی پرداخت کا مطلق خیال

کوستی تھی اور کہتی تھی کہ تو ہو جائے رانڈ
ٹکڑے روٹی کے لیئے کرتی پھرے گھر گھر سوال

چھوٹی کھوٹی تڑ سے بول اُٹھی کہ بس بک بک نہ کر
تیرے مٹ جائیں جیتے اور تیرے مر جائیں لال

جب کہ دونوں میں ہوئی تُھکّا فضیحت اس قدر
اُٹھ گیا دونوں طرف سے پاسِ حدِّ اعتدال

بارے دونوں کو کسی ڈھب سے گلے ملوا دیا
ورنہ ہوتی خاندانِ طب کی رسوائی کمال

دور ہو کر رنجشیں پھر ہو گیا گہرا ملاپ
اب تو سننے میں نہیں آتی کبھی جنگ و جدال

امن سے ایک ہی جگہ میں دونوں گھر آباد ہیں
نی حسد ہی نی گِلہ نی شکوہ نی رنج و ملال

کوئی کرتا ہی سدیدی اور نفیسی کی چھٹاڑ
کھینچتا ہی چیرہ دستی سے کوئی مُردے کی کھال

مدرسہ طبیہ اپنی شان میں ہی منفرد
کیجیئے تسلیم یا دکھلایئے ایسی مثال

درسِ طب اور درسِ طب کے ساتھ حسنِ انتظام
تجربہ اور تجربہ کے ساتھ اس کی دیکھ بھال

حیف ہی صد حیف گر اس کی نہ کی جائے مدد
ظلم ہی گر دستگیر اس کا نہ ہو دستِ نوال

یہ ابھی تک صرف منصوبے ہیں دور از واقعات
جیسے کوئی خواب دیکھے یا کرے دل میں خیال

ڈالنے کو گڑ نہیں پیدا تو پھر کیسی مٹھاس
یا سُنے ہیں آپ نے بے دودھ بنتے شیر مال

وقفِ تفریحات لا یعنی ہی جو ہی جس کے پاس
پر نہیں ہی قوم کے کارن کوئی کوڑی رِدوال

قوم کے سر میں مگر احساسِ حالت ہی نہیں
پڑ رہا ہی مدتوں سے ملک میں قحط الرجال

اِک سرے سے آ گیا ہی سب کی عقلوں میں فتور
یا دماغوں کی بناوٹ میں ہی داخل اختلال

انقلابِ دہر کو لوگوں نے سمجھا ہی نہیں
کیا نتیجہ ہو گا کیا انجام ہو گا کیا مآل

حاکمانِ وقت کی ہر چیز سے کُلّی گریز
وضع ہو یا طرز ہو یا علم ہو یا بول چال

ہو چکا سیراب ساری عمر ایسا تشنہ کام
جو پھرے سرگشتہ دور از چشمۂ آب زلال

بود باش بحر اور اُس پر مگر سے دشمنی
بدنصیبی اس کو سمجھو یا حماقت یا ضلال

جیسے ایک تنکا مقابل ہو کسی سیلاب کے
جیسے کوئی توپ سے لڑنے کو جائے لے کے ڈھال

بُرد کیسی آپڑا ہے صاف نقشہ مات کا
ابتدا ہی سے غلط ہوتی گئی بازی میں چال

عزت و دولت حکومت سلطنت سب کھو چکے
اب نرا افسانہ ہے اسلام کا جاہ و جلال

گر کسی کو شاذ و نادر ہے بھی انگریزی کا شوق
فرسٹ ریڈر پڑھ کے بننا چاہتا ہے کوتوال

یا بنا کر اوپری باتوں میں انگریزوں کی نقل
وہ مثل ہے ہو کے کوّا ہنس کی سیکھا ہے چال

یہ نکھٹو لا نہیں سکتا کما کر ایک درم
ہاں اِسے دیدو اُٹھانے کو دنانیر و ریال

روم و ایران ہند و مصر افریقیہ اور ایشیا
جس طرف جاؤ تنزل اور جدھر دیکھو زوال

ہو چکے دورے وہ عبداللہ احمد بخش کے
اب ہیں ماتا دین تلسی داس بابو شام لال

ہو گئی ہیں رسیاں جل جل کے سب خاکِ سیاہ
لیک نکلے ہوں کسی کے بل جلے پر کیا مجال

نازشِ بیجا بڑوں پر اور خود نا اہل ہیں
راگنی بے وقت کی بے تک اُس میں سُر نہ تال

اینٹھنے لگتے ہیں احمق ماش کے آٹے کی طرح
گر کہیں سے اتفاقاً مل گئی کھانے کو دال

اُٹھ گئی دنیا سے رسم و اتحاد و یک دلی
اور اسی نا اتفاقی کے ہیں یہ سارے وبال

اب یہ حالت ہے کہ گویا ایک کا دشمن ہے ایک
بس چلے اور دست رس پائے تو کر ڈالے حلال

ایسے سفاکوں سے کس کی آبرو محفوظ ہے
شیرِ مادر ہے جو پا جائیں کسی کا مُفت مال

جنگ ہوتی دیکھ مذہب آن کو دا بیچ میں
تا نہ رہنے پائے کوئی آشتی کا احتمال

یہ وہ حضرت ہیں لگے رہتے ہیں ہر دم تاک میں
مکر و تلبیس و فریب و زور کا پھیلائے جال

یہ اُبھرنے ہی نہیں دیتا ہے ہم کو ایک انچ
اور ہمیں چارہ نہیں چڑھنے سے تا اعلی الجبال

گر یہی اسلام ہے کر دور سے اس کو سلام
گر یہی جنت ہے اس جنت کو لے دوزخ میں ڈال

طیبات العیش سامے لے گئے اگلے بزرگ
جھیلنے کو رہ گئے ہم ناخلف رنج و ملال

ایسی کثرت کی خوشی کیا ہو کہ ہم ہیں چھ کروڑ
جن میں اکثر بلکہ اکثر سے بھی اکثر خستہ حال

کیا ہوا ہم میں اگر آسودہ ہوں بھی بعض بعض
کیا ہوا ہم میں اگر خوش حال ہوں بھی خال خال

بالیقیں آدھے سے زائد مبتلائے مخمصہ
جن کو جو کچھ وقت پر مل جائے کھا لینا حلال

دن کو کھا لیتے ہیں موٹا جھوٹا آدھے پاؤ پیٹ
رات کو فاقے سے سو رہتے ہیں سب اہل و عیال

یا گھروں سے ہو کے مضطر عورتیں پردہ نشیں
بھیک کی خاطر نکل پڑتی ہیں برقع سر پہ ڈال

اس قدر دُبلی کہ تن پر نام کو بوٹی نہیں
حلقے آنکھوں میں پڑے پچکے ہوئے اندر کو گال

ہڈیوں کے ڈھانچ باقی رہ گئے ہیں سوکھ کر
پیٹ دیکھو کھول کر جیسے کوئی خالی کھال

وقت تھوڑا طبع نازک داستانِ غم دراز
اب دعا کے ساتھ ہونا چاہیئے ختم المقال

ای خدا سارے جہاں کا خالق و رازق ہے تو
ای خدا ہے ذات تیری لم یزل اور لایزال

مشکلوں نے ہم کو آگھیرا ہے چاروں سمت سے
ہم کو گردش نے فلک کی کر دیا ہے پائے مال

مدرسہ طبیہ جس میں آج ہم سب جمع ہیں
یہ بھی ہے حق میں ہمارے ایک طرح کی نیک فال

یعنی کچھ دن پھر چلے ہیں طالعِ ناساز کے
کیا عجب شاید ہمیں بہبود برآرد پر و بال

یہ اور اُس کے ساتھ وابستہ ہیں جتنے کاروبار
سب کو استحکام دے پروردگارِ ذوالجلال

آپ ملکی لارڈ ہو کر ہوں ہمارے سرپرست
جل مریں پھر مدرسہ کے حاسدانِ بدسگال

آپ دیں طلاب کو انعام ہم دیں آپ کو
ہر برس صدہا دعائیں یاں بُلا کر خیر نال

ستائیسواں لکچر

جو محمدن اینگلو اورنٹیل ایجوکیشنل کانفرنس کے گیارھویں جلسے میں بمقام میرٹھ ۱۸۹۶ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ ابراہیم ذوق کی ایک مشہور غزل کا مطلع ہے ؎

ہیں دہن غنچوں کے وا کیا جانے کیا کہنے کو ہیں		شاید اُس کو دیکھ کر صلِّ علیٰ کہنے کو ہیں

پارسال جو شاہجہاں پور میں کانفرنس ہوا تو ایک صاحب نے جن کا نام اور تخلص دونوں مجھ کو بھول گئے ہیں **سید احمد خاں** کے خیر مقدم کے طور پر اسی وزن میں ایک نظم پڑھی تھی اور نواب **محسن الملک** بہادر نے جو اُس کانفرنس کے پریزیڈنٹ تھے اُس نظم کی بڑی مدح کی تھی۔ اور وہ مدح کی مستحق تھی بھی۔ امسال مجھ کو خیال آیا کہ میں بھی اُن کی طرح طبع آزمائی کروں۔ بے شک میں اُن جیسے شعر نہیں کہہ سکتا اور میں نے ساری عمر شعر گوئی کو اپنا مشغلہ بھی نہیں بنایا۔ یہاں تک کہ ہنوز میں نے اپنا کوئی تخلص بھی نہیں رکھا۔ اور یوں طبیعت کے موزوں ہونے کی وجہ سے کبھی کوئی شعر موزوں کر لیا ہو تو اس کی قسم بھی نہیں کھاتا۔ مگر اتنا کرنے سے میں شاعر نہیں ہو گیا اور نہ میں شاعر ہونے کا دعویٰ کرتا ہوں اور شاعر نہیں اور شاعری کا دعویٰ نہیں تو مدح کی توقع کیوں ہو ؎

نہ ستایش کی تمنا نہ صلہ کی پروا		گر نہیں ہیں میرے اشعار میں معنی نہ سہی

مدح و ستایش نہ بھی ہو تاہم یہ فائدہ کیا کم ہے کہ مجھ جیسے اناڑی عطائی کی وجہ سے خواجہ **الطاف حسین حالی** جیسے کلانوت کی حق قدر و قدر کی جاوے گی وَبِضِدِّہَا تَتَبَیَّنُ الْاَشْیَاءُ[1]

نظم

کچھ نہ پوچھو آج ہم لکچر میں کیا کہنے کو ہیں		قوم کو خود قوم کے مُنہ پر بُرا کہنے کو ہیں
ان کو اِن کے عیب ان کے سُتم دکھلانے کو ہیں		ان سے اِن کی داستانِ ماضی کہنے کو ہیں

[1] مقابلے ہی کے وقت ہر شے کی اصلی حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔ ۱۲

الغرض اسلام پر جو کچھ کہ گزرا نیک و بد	اس کو ہم از ابتدا تا انتہا کہنے کو ہیں
مدتوں ہم ان کو چپکے چپکے سمجھایا کیئے	اب جو کچھ کہنے کو ہیں سو بر ملا کہنے کو ہیں

صَدَقَ اللّٰہُ[۵۱] شاعروں کی نسبت فرمایا ہے وَالشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُھُمُ الْغَاوٗنَ[۵۲] اَلَمْ تَرَ اَنَّھُمْ فِیْ کُلِّ وَادٍ یَّھِیْمُوْنَ وَاَنَّھُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ مجھ کو شاعروں کی ذرا سی بھاپ لگ گئی تھی تاہم یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ سے نہ بچ سکا۔ میں نے اگر قوم کو سمجھایا ہے تو اسی قدر کہ کبھی لکچر میں کوئی بات نصیحت کی کہہ دی۔ یا اپنی کتابوں میں جن کو کتاب کہتے ہوئے بھی مجھ کو شرم آتی ہے کوئی بہتری کی بات سمجھا دی سنا دی تو اتنے سے مجھ کو یہ حق حاصل نہیں ہوا کہ (مدتوں ہم ان کو چپکے چپکے سمجھایا کیئے) اپنی نسبت کہہ سکوں۔ ہاں یہ سید احمد خاں کا حق ہے جنھوں نے ساری عمر قوم کے سمجھانے میں صرف کر دی ہے۔ مجھ کو اس شعر پر نوح علیہ السلام کا قصہ بھی یاد آیا۔ وہ جناب باری سے عرض کرتے تھے رَبِّ[۵۳] اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّنَھَارًا فَلَمْ یَزِدْھُمْ دُعَآءِیْ

[۵۱] اللہ تعالیٰ سچ فرماتا ہے۔ ۱۲ [۵۲] اور (جیسا کہ کافر خیال کرتے ہیں پیغمبر شاعر بھی نہیں کیوں کہ) شاعر (خود گمراہ ہوتے ہیں اور گمراہی کی تعلیم کرتے ہیں اور) اور اُن کی پیروی (بھی) گمراہ (ہی) کرتے ہیں (اے مخاطب) کیا تو نے اِس بات پر نظر نہیں کی کہ یہ (شاعر لوگ خیالی باتوں کے) ہر ایک میدان میں سرگردان پڑے پھرا کرتے ہیں اور ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو خود نہیں کرتے۔ ۱۲ [۵۳] اے پروردگار میں نے اپنی قوم (کے لوگوں) کو رات کے وقت بھی بلایا اور دن کے وقت بھی (بلایا) تو میرے بُلانے کا اُن پر یہی اثر ہوا کہ (جتنا زیادہ بُلایا اُتنا ہی) زیادہ بھاگے اور جب جب میں نے اُن کو بُلایا کہ (یہ تیری طرف رجوع ہوں اور) تو اُن کے گناہ معاف فرمائے اُنھوں نے اپنے کانوں میں اُنگلیاں ٹھونس ٹھونس لیں (کہ ان کے کانوں میں کہیں میرے بُلانے کی بھنگ نہ پڑے) اور (اوپر سے) اپنے کپڑے اوڑھ اوڑھ لیئے (کہ کہیں میری صورت اُن کو نہ دکھائی دے) اور ضد کی اور شیخی میں آکر اکڑ بیٹھے۔ پھر میں نے ان کو پکار کر بلایا اور ان کو ظاہر بھی سمجھایا اور ان کو پوشیدہ بھی سمجھایا (اور بار بار ان سے) کہا کہ اپنے پروردگار سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو کہ وہ بڑا بخشنے والا ہے (تمھارے قصور بھی معاف کر دے گا اور) تم پر (آسمان سے موسلا دھار مینہ برسے گا اور مال اور اولاد سے تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے لیئے باغ لگائے گا اور تمھارے لیئے نہریں (جاری) کرے گا (سر الگ) ۱۲

إِلَّا فِرَارًا وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا قرآن کی اس آیت میں أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا اس شعر سے ملتا ہوا ہے ۵

مدتوں ہم ان کو چپکے چپکے سمجھایا کئے	اب جو کچھ کہنے کو ہیں سو برملا کہنے کو ہیں

لیکن نظم قرآن ایسا دل کش واقع ہوا ہے کہ ایک لفظ سے استشہاد کرنا ہو تا ہے تو ساری آیت بلکہ سارا رکوع پڑھے بدون صبر نہیں آتا میں تو ساری سورت پڑھنے کو تھا مگر وقت کم ہے اس خیال سے اتنے ہی پر بس کیا۔

شاعری کو اسلام کے ساتھ قدیمی تعلق ہے۔ مگر ویسا ہی تعلق جیسا کہ ایک شاعر کہتا ہے

گو واں نہیں پہ واں کے نکالے ہوئے تو ہیں	کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

یعنی مخالفین جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر اور قرآن پر طرح طرح بے تکے بونگے اعتراض کرتے اور ہمیشہ منہ کی کھاتے تھے کبھی کہتے إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ[۵۱] اس کا جواب دیا جاتا تھا لِسَانُ الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ[۵۲] کبھی کہتے یہ قرآن اس شخص نے خود بنا لیا ہے أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ[۵۳] اس کا جواب دندان شکن تھا فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ[۵۴] إِن كَانُوا صَادِقِينَ کبھی اس اعتراض کو دوسرے پیرائے میں

---

۵۱ کافر (قرآن کی نسبت) یہ اشتباہ کرتے ہیں کہ ہو نہ ہو اس شخص کو فلاں آدمی سکھایا کرتا ہے۔ ۱۲

۵۲ سو جس شخص کی طرف (سکھانے کی) نسبت کرتے ہیں اس کی بولی تو عجمی ہے اور یہ (قرآن) صاف عربی زبان (میں) ہے۔ ۱۲ ۵۳ یا کہتے ہیں کہ یہ قرآن اس (شخص) نے خود بنا لیا۔ ۱۲ ۵۴ سو اگر (اپنے دعوی میں) سچے ہیں تو اسی طرح کا کلام (یہ بھی بنا کر) لے آئیں۔ ۱۲

پیش کرتے قَالَ[۵۱] الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَیْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ اِس کا
جواب تھا قُلْ[۵۲] مَا یَكُوْنُ لِیْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِیْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰٓی
اِلَیَّ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ
عَلَیْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ فَمَنْ
اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ اور اسی
قبیل کا جواب وہ بھی تھا وَمَا[۵۳] كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ
اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ من جملہ اور اعتراضات کے ایک اعتراض شاعری کا بھی تھا
بَلْ[۵۴] قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ اَنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ
مَّجْنُوْنٍ اور مجھ کو اس مقام پر اعتراض کا ظاہر کرنا منظور تھا۔ اس کا جواب تھا وَمَا[۵۵] عَلَّمْنٰهُ
الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ کہ شاعری جس کو تم لوگ بڑا کمال سمجھتے ہو تمہارے لیے سرمایۂ فخر
ہوگا۔ مگر پیغمبر کے لیے موجب کسرِ شان ہے اس لیے کہ وَالشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ
اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِیْ كُلِّ وَادٍ یَّهِیْمُوْنَ وَاَنَّهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ سو پیغمبر صاحب

---

۵۱ تو جن لوگوں کو (مرے پیچھے) ہمارے پاس آنے کا (ذرا سا بھی) کھٹکا نہیں وہ (تم سے) فرمائش کرتے ہیں کہ اس کے سوا کوئی (اور) قرآن لاؤ یا اسی میں ردّ و بدل کر دو۔ ۱۲ ۵۲ (تو تم ان سے) کہو کہ میرا تو ایسا مقدور نہیں کہ اپنی طرف سے اس میں (کسی قسم کا بھی) ردّ و بدل کروں۔ میری طرف جو وحی آتی ہے میں تو اُسی پر چلتا ہوں۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے (قیامت کے) بڑے (مشکل) دن کے عذاب سے (بہت ہی) ڈر لگتا ہے (اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو اگر خدا چاہتا تو میں یہ (قرآن) تم کو پڑھ کر سناتا ہی نہیں اور نہ خدا تم کو اُس سے آگاہ کرتا۔ اس سے پہلے میں مدتوں تم میں رہ چکا ہوں (اور میں نے کبھی وحی کا نام بھی نہیں لیا) کیا تم (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے تو اُس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا پر جھوٹ (جھوٹ) بہتان باندھے یا اُس کی آیتوں کو جھٹلائے اس میں ذرا شک نہیں کہ (ایسے) گنہگار فلاح نہیں پاتے۔ ۱۲ ۵۳ اور (اے پیغمبر) قرآن سے پہلے نہ تو تم کوئی کتاب ہی پڑھتے (پڑھا تھا) تھے اور نہ تم کو اپنے ہاتھ سے لکھنا ہی آتا تھا کہ ایسا ہوتا تو یہ بے دین خواہی نخواہی شبہ کرتے۔ ۱۲ ۵۴ بلکہ لگے کہنے کہ یہ تو پریشان خیالات کا مجموعہ ہے بلکہ اُس نے یہ جھوٹی جھوٹی باتیں اپنے دل سے بنالی ہیں بلکہ یہ (شخص) شاعر ہے بھلا (کہیں) ہم اپنے معبودوں کو ایک باؤلے شاعر کی خاطر چھوڑے دیتے ہیں۔ ۱۲ ۵۵ اور ہم نے ان (پیغمبر)

۴۰ محمدؐ کو شاعری نہیں سکھلائی اور شاعری ان (کی شان) کے لائق بھی نہیں۔ ۱۲

جیسے اُمّی یعنی پڑھے لکھے نہ تھے ویسے ہی شاعری تو بجائے خود آپ کی طبیعت تک بھی موزوں نہ تھی۔ اِس پر بھی گو آپ نے ساری عمر کبھی شعر نہیں کہا۔ اور شعر کہنا جانتے ہی نہ تھے۔ مگر آپ حقانی اشعار سنتے بلکہ فرمائش کر کے پڑھواتے اور کبھی ایسے اشعار سے تمثّل بھی فرماتے۔ یعنی برمحل خود بھی اُن کو دوہراتے مگر وہی ناموزوں۔ مثلاً

	اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَا خَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ[۵۱]		وَکُلُّ نَعِیْمٍ لَا مُحَالَۃَ زَائِلٌ

کو آپ ناموزونی طبیعت کی وجہ سے اَلَا کُلُّ شَیْءٍ سِوَی اللّٰہِ بَاطِلٌ پڑھ دیتے حضرت ابوبکرؓ کی نسبت لکھا ہے کہ پیغمبر صاحب کو اشعارِ ناموزوں پڑھتے سُن کر روتے اِس خیال سے کہ جس شخص کو موزوں شعر نہ پڑھنا آتا ہو اُس پر شاعری کی تہمت ظلمِ صریح ہے۔ شعر تو نہیں مگر ہاں پیغمبر صاحب نے اپنے کہے ہوئے رجز پڑھے ہیں کہ اِن میں وزن کی رعایت نہیں ہوتی۔ مثلاً

	ھَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِیْتِ[۵۲]		وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَا لَقِیْتِ
	اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ[۵۳]		اَنَا بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ
	فَاَکْرِمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُھَاجِرَہْ[۵۴]		اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَہْ

فَاغْفِرْ لِلْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ[۵۵]

کہ اِس میں سجع بھی ندارد ہے۔

	اَللّٰھُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اھْتَدَیْنَا[۵۶]		وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا
	فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا		وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقِیْنَا

۵۱ سوائے اللہ کے ہر چیز جھوٹی ہے (اللہ کا نام سچّا ہے سب جھوٹا ہے جتن) اور ہر نعمت ایک نہ ایک دن ضرور جاکر رہے گی۔ ۱۲ ۵۲ تو صرف ایک اُنگلی ہی ہے جس نے تیر پھینکا اور اللہ کی راہ میں جو کچھ تجھے پیش آیا سو آیا ۵۳ مَیں نبی ہوں۔ اِس میں ذرا بھی شبہ نہیں۔ مَیں عبدالمطلب کا فرزند ہوں۔ ۱۲ ۵۴ انصار اور مہاجرین کا بول بالا رہے۔ عیش تو سوائے عیش آخرت کے کہیں بھی نہیں۔ ۱۲ ۵۵ اے اللہ مہاجرین اور انصار کو بخش دے ۱۲ ۵۶ تجھی ہدایت اے خدا تیرے سوا ہم کو کہاں۔ کیسے پڑھتے ہم نمازیں کیسے ہم دیتے زکوٰۃ۔ دشمن آجائے تو ہم کو کر عطا یا رب ثبات۔ بے سبب ہم پر یہ دشمن ظلم سے چڑھ آئے ہیں۔ فتنہ گر ہیں وہ نہیں بھاتی ہمیں فتنے کی بات۔ ۱۲

إِنَّ الْأُلَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا		إِذَا أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا	

رہے اصحاب اُن میں تو بڑے بڑے لاجواب شاعر ہو گزرے ہیں۔ حضرت علیؓ کا دیوان ہی موجود ہے۔ حسّان بن ثابت کا کام ہی یہی تھا کہ مشرکین قریش جو پیغمبر صاحب کی ہجو کیا کرتے تھے اُس کا جواب دیا کرتے تھے مگر یہ لوگ شعر بھی کہتے تھے تو اِلَّا[۵۱] الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا کی حد کے اندر ہی اندر رہتے تھے ورنہ متعارف شاعری کو تو علما نے بھی دوں مرتبہ سمجھا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ؎

وَلَوْلَا[۵۲] الشِّعْرُ بِالْعُلَمَاءِ يُزْرِيْ		لَكُنْتُ الْيَوْمَ أَشْعَرَ مِنْ لَبِيْدٍ	

اِس پر بھی امام شافعی رح شعر کہتے تھے یہ اُن ہی کا شعر تو ہے ؎

تَمَنَّى[۵۳] رِجَالٌ أَنْ أَمُوْتَ وَإِنْ أَمُتْ		فَتِلْكَ سَبِيْلٌ لَسْتُ فِيْهَا بِأَوْحَدِ	

اور اِن کا یہ شعر بھی مشہور ہے ؎

إِنْ كَانَ[۵۴] رَفْضًا حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ		فَلْيَشْهَدِ الثَّقَلَانِ أَنِّيْ رَافِضٌ	

غرض شاعری ہمیشہ اسلام کی نظر میں مبغوض رہی ہے اور وہ ہے بھی اِسی قابل۔ مَیں بھی اِس کو سخت ناپسند کرتا ہوں نہ اِس لیئے کہ اِس کو اپنے لیئے دوں مرتبت سمجھتا ہوں۔ بلکہ اِس لیئے اور صرف اِس لیئے کہ اس کی چاٹ سریش کی طرح چمٹ جاتی ہے۔

---

۵۱ مگر (ہاں) جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے اور (اپنے اشعار میں کثرت سے خدا کا ذکر کیا اور (کسی کی ہجو بھی کی تو پہلے خود) اُن پر ظلم ہو لیا ہے۔ ۱۲

۵۲ اگر شعر گوئی سے علما کی شان میں بٹہ نہ لگتا تو آج کو تو میں لبید سے بھی بڑا شاعر ہوتا۔ ۱۲

۵۳ لوگ میرے مرنے کی دعا کرتے ہیں تو اگر میں مر بھی جاؤں تو یہ کون سی انوکھی بات ہے اِس رستے میں مَیں کوئی اکیلا تھوڑی ہوں یعنی سب ہی کو ایک نہ ایک دن مرنا ہے۔ ۱۲

۵۴ اگر آلِ محمدؐ کی محبت کا نام رفض ہے تو جن و انس (سب) گواہ رہیں کہ میں (بے شک) رافضی ہوں۔ ۱۲

(ع) چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی - اسی لئے تو قومی مذاق کا ستیاناس کیا ہے پھر بھی جس طرح کڑوی دوا شربت اور خمیرے کے ساتھ دی جاتی ہے لوگوں کو نصیحت بھی نظم کے پیرائے میں کرنی پڑتی ہے اور نوجوان لوگوں کے حق میں تو میں شاعری کو سمِ قاتل سمجھتا ہوں اس پر بھی فرمایشوں سے مجبور رہوں ؎

ہم سے بہتر کوئی کیا جائے گا حالت قوم کی
جو عدو کہتے ہیں ہم اُس سے سوا کہنے کو ہیں

جتنی انگریزی رعایا ہے سبھی خوش حال ہے
ہم ہی زیرِ سایۂ وکٹوریہ کہنے کو ہیں

عزتِ دارین ہے اصلی مسلماں کی شناخت
ورنہ یوں ہم بھی بطورِ ادّعا کہنے کو ہیں

حُسنِ صورت محض بے رونق ہے سیرت کے بدون
جن گلوں میں بُو نہیں وہ خوش نما کہنے کو ہیں

ناصحِ خود ہو تو اُس کے ہاتھ پر بیعت کریں
ورنہ اوروں کو تو سب ما و شما کہنے کو ہیں

ہے مسمّیٰ ذاتِ واحد نام اُس کے مختلف
گاڈ یا بھگوان یا اللہ خدا کہنے کو ہیں

دین کے بارے میں جو کچھ منہ میں آیا بک دیا
ہم اِس آزادی کو مالی خولیا کہنے کو ہیں

اب نہیں باقی مسلمانوں میں عقلِ حق شناس
یہ تو جو کچھ مولوی کہہ دیں بجا کہنے کو ہیں

عالمانِ دیں کہ از روئے حدیثِ معتبر
پیشوا و مقتدا و رہنما کہنے کو ہیں

نام بھی دنیا کا سُن پائیں تو بس بالاتفاق
ارتداد و کفر و حرفِ ناسزا کہنے کو ہیں

سود بے سرمایہ ہے سرتا بسراں کی معاش
دوسروں سے حَرَّمَ اللّٰہُ الرِّبٰوا کہنے کو ہیں

کسی کو یقین آئے یا نہ آئے اِس طرح پر مولویوں کا تذکرہ کرنے سے مجھ کو سخت ایذا ہوتی ہے - لیکن میں دیکھتا ہوں تو ذلّت اور رُسوائی اور خرابی اور تباہی اور مُفلسی اور تنزّل وغیرہ وغیرہ جو کچھ بھی مصیبت مسلمانوں پر ہے اُس کے اسباب کا سلسلہ مولویوں پر جا کر منتہی ہوتا ہے - ہم مسلمانوں کا دین اِس قسم کا دین تو ہے نہیں کہ اُس کو دنیا سے کچھ سروکار نہ ہو - دنیا کو امن و صلح کاری اور سازگاری اور جائز خوش حالی یعنی شریعت کے طریقے سے برتنے کا نام ہے دین - ہم مسلمانوں کی دنیا بگڑی یہ تو سب کی آنکھوں کے

سامنے کی بات ہی - لیکن دنیا کو بگاڑا دین نے اور دین کو بگاڑا مولویوں نے - وہی آج کل کی سی مثل ہوئی ؎

چناں قحط سالی شد اندر دمشق		کہ یاراں فراموش کردند عشق	
نہ در کوہ سبزہ نہ در باغ شیخ		ملخ بوستاں خورد و مردم ملخ	

وہ مولوی ہی تو ہیں جو دنیا سے ہم کو نفرت کرنا سکھاتے ہیں وہ مولوی ہی تو ہیں جو ہم کو غیروں سے اور اپنوں سے لڑواتے ہیں - وہ مولوی ہی تو ہیں جنھوں نے دنیا اور دین کے تعلق کو سخت بے مزہ کر رکھا ہی - اب اِن کی غلطی ہو تو اور اس میں ان کی ذاتی غرض مُضمر ہو تو ہم تو دونوں صورتوں میں مریئے - میری سمجھ میں نہیں آتا اور نہ کوئی مجھ کو سمجھا سکتا ہی کہ دنیاوی جاہ و حشمت کے بدون مسلمان دنیا میں کیوں کر عزت پا سکتے ہیں اور نہ یہ میری سمجھ میں آتا ہی اور نہ کوئی مجھ کو سمجھا سکتا ہی کہ مسلمان تو رہیں بے عزت اور اسلام ایک معزز مذہب سمجھا جاوے - ایک موٹی سی بات ہی کہ مثلاً دہلی کی جامع مسجد سے اسلام کی عزت ہی یا نہیں - سب کہو کہ ہی اور واقع میں ہی - اچھا تو وہ مسجد حضرت سرمد قدس اللہ سرہ العزیز کی دعا سے نہ تو زمین ہی سے بنی بنائی نکلی اور نہ آسمان سے بنی بنائی اُتری - وہ بنی روپیہ سے اور روپیہ دوسرا نام ہی دنیا کا - یا وہی مسجد جگہ جگہ سے محتاج مرمت ہو گئی تھی خدا نے والیِ رام پور کو توفیق دی اور اُنھوں نے اُسے پھر نیا کرا دیا - لیکن نیا کرا دیا روپیہ سے اور روپیہ دوسرا نام ہی دنیا کا - اب جامع مسجد سے تو کرو قطع نظر اور کیف ما اتفق کسی اَور مسجد میں جا نکلو اور ساز و سامان کے اعتبار سے عیسائیوں کے گرجوں اور ہندوؤں کے مندروں کے ساتھ مقابلہ کرو - مَیں تو کسی گرجہ یا مندر کے اندر گیا نہیں مگر معلوم ہی کہ گرجا کے گرداگرد نہایت وسیع چمن ہو گا آراستہ جس کو دیکھ کر جی باغ باغ ہو جاوے پھر اندر جاؤ تو غالباً سنگِ مرمر کا فرش ہو گا - اور سنگِ مرمر کا فرش نہ ہو گا تو اُس سے کہیں زیادہ قیمتی اُس سے کہیں زیادہ خوش نما

کسی اور قسم کا۔ میزیں اور بنچیں اور کرسیاں عمدہ سے عمدہ ہوں گی اور ایسی شفاف کہ آئینہ کی طرح اُن میں مُنہ دیکھ لو۔ گرمیوں میں چاروں طرف خس کی ٹٹیاں لگی ہوں گی۔ پنکھے چل رہے ہوں گے۔ جاڑوں میں آتش دان روشن ہوں گے۔ سارے فرنیچر کا مول تو ایک پیانو ہوگا جسے کوئی رشکِ حور کونے میں بیٹھی بجا رہی ہوگی۔ رہے مندر وہاں گرجا کی سی صفائی کہاں مگر ٹھاکروں کی مورتیں ٹھوس چاندی سونے کی اور لوازمے کا تو کچھ پوچھنا ہی نہیں۔ کیا یاد نہیں کہ محمود غزنوی نے سومنات کے بُت کو توڑا تھا تو کتنے لاکھ کا اُس میں سے جواہر نکلا تھا۔ اَب آؤ مسجدیں اور ئیں آباد مسجد کا ذکر کرتا ہوں ورنہ ایک دہلی میں سینکڑوں مسجدیں ویران پڑی بھائیں بھائیں کر رہی ہیں۔ اچھا تو مسجد میں کیا پاؤ گے کسی فیاض دل مسلمان نے مٹی کے چند بدھنے رکھوا دئے تھے اُن میں سے بعض کے گلے رخصت ہو گئے ہیں بعض کی ٹونٹیاں مذار دہیں اور جو صحیح سالم ہیں اُن سے لوگ وضو کر رہے ہیں یا تو اُن کے خالی ہونے کا انتظار کرو یا جلدی ہی تو بے گلے بے ٹونٹی کے بدھنے سے کام چلاؤ خیر اور وضو تو کسی نہ کسی طرح کر ہی لو گے مگر میری طرح اُکڑوں بیٹھ کر پاؤں نہ دھو سکو تو کیا مضایقہ گھر پہنچ کے کپڑے بدل ڈالنا۔ اب فرش پر نماز پڑھنی ہی تو اندر چلو ٹوٹا ہوا بوریا یا پھٹا ہوا ٹاٹ دیکھو تو تم ثابت ٹکڑا دیکھ کر کھڑے ہو جانا بشرطے کہ کوئی طالب العلم اُس پر لیٹا نہ پڑا ہو۔ اور دیکھو ذری دیوار سے بچ کر کہ پیچھے چراغ رکھنے کا طاق ہی جس کو بارہ مہینے زکام رہتا ہی۔ جس مذہب کے ایسے معابد ہوں لوگوں کی نگاہوں میں اُس کی وقعت کیا عزت کیا حالاں کہ اِسی ظاہری وقعت اور عظمت اور عزت کی نسبت فرمایا ہی خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ[1] اور یہ جو نماز جمعہ و عیدین کے بارے میں تاکید ہی کہ غسل کرو۔ بہتر سے بہتر لباس پہنو خوش بو لگاؤ ایک راہ سے مصلی کو جاؤ اور دوسری راہ سے آؤ یہ سب اِسی ظاہری وقعت ظاہری عظمت ظاہری عزت کے تتمے ہیں مگر چونکہ

[1] ہر ایک نماز کے وقت (لباس وغیرہ سے) اپنے تئیں آراستہ کر لیا کرو۔ ۱۲

ہم کو مولویوں نے زہد و ترکِ دنیا سکھا کر اور متعصب بنا کر بے مقدور کر دیا ہے ہم سے بن نہیں پڑتے۔ اسلام ہے تو مولوی بھی ہیں اور اسلام نہیں تو مولویوں کو لے کر کیا چاٹنا ہے۔ مولوی بیچارے کس گنتی میں ہیں جب کہ خود پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں خدا فرماتا ہے وَمَا مُحَمَّدٌ[۱] اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ۝

اے فلک دیکھ اب سنبھل جانا کہ آخر کار ہم	زندگی سے تنگ آکر یا خدا کہنے کو ہیں
گر مدینے جائیو تو ہم سے مل کر جائیو !	ہم بھی کچھ پیغام اے بادِ صبا کہنے کو ہیں
وہ رسولِ ہاشمی جو اُس جگہ مدفون ہیں	اُن کی روحِ پاک کو صلِّ علیٰ کہنے کو ہیں
پھر بصد عجز و ادب تیری زبانی اے صبا	اُن کی خدمت میں یہ عرض و التجا کہنے کو ہیں
اِتنا کہہ دینا کہ گو ہم تیرے کہنے میں نہیں	پھر بھی ہم تیرے امامِ اتقیا کہنے کو ہیں
دولت اور عزّت حکومت شان و شوکت سلطنت	کھو کے سب کچھ زندہ اب ہم بے حیا کہنے کو ہیں
یہ تو حالت ہے اور اس پر دشمن از راہِ حسد	یا بُرا کرنے کو ہیں اور یا بُرا کہنے کو ہیں
رحمۃٌ لِّلعالمین کیجے دعا بہرِ خدا	حاملانِ عرش آمین دعا کہنے کو ہیں
کتنی چیزیں ہیں کہ خارج میں نہیں اُن کا وجود	جیسے عنقا و ہما و کیمیا کہنے کو ہیں
آدمی کی عادتوں میں بھی علیٰ ہذا القیاس	اتحاد و اُلفت و مہر و وفا کہنے کو ہیں
مدعی بن کر گواہی دیں گے مُنہ پر صاف صاف	پس یہ دست و پا ہمارے دست و پا کہنے کو ہیں
نظمِ قومی کی تو کچھ ہوتی نہیں لوگوں میں قدر	ہم بھی کوئی دن کو ایک اندر سبھا کہنے کو ہیں

[۱] اور محمد اس سے بڑھ کر اور کیا کہ ایک رسول ہیں اور بس ان سے پہلے (اور) بھی رسول ہو گزرے ہیں پس اگر (محمد اپنی موت سے) مر جائیں یا مارے جائیں تو کیا تم اپنے اُلٹے پیروں (کفر کی طرف) پھر لوٹ جاؤ گے اور جو اپنے اُلٹے پیروں (کفر کی طرف) لوٹ جائے گا وہ خدا کا تو کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا ۱۲

اُس میں شوقِ وصل کی بے تابیاں لکھنے کو ہیں — اُس میں وصفِ غمزہ و ناز و ادا کہنے کو ہیں
جب پڑھی جائے گی یاروں میں غزل تب دیکھنا — جتنے مُنہ ہیں اُن میں کتنے واہ وا کہنے کو ہیں
کوئی لے بھی جائے ہم سے دل کہ قصّہ پاک ہو — یہ حسینانِ جہاں بھی دل ربا کہنے کو ہیں
نظم تنگی کر چلی اشعار بن پڑتے نہیں — اور ابھی ہم کو بہت سے مدعا کہنے کو ہیں
سید احمد خاں کو اُن کے ضبط و استقلال پر — آفرین و حبذا و مرحبا کہنے کو ہیں
عقل کو اُن کی سلیم اور رائے کو اُن کی صواب — اُن کے غور و فکر کو دور از خطا کہنے کو ہیں
گر مسلمانوں کو کشتی فرض کر لو فی المثل — ان کو کشتی کا مبارک ناخدا کہنے کو ہیں
وہ جو کالج ہے علی گڈھ میں اُسے ازراہِ فخر — ہم مسلمانوں کا قومی مدرسہ کہنے کو ہیں
علم کی ٹکسال ہے یہ جس نے لی اس کی سند — ہم اِسی کو رائج الوقت اور کھرا کہنے کو ہیں
کوئی حاسد ہو اگر در پردہ اُس کے برخلاف — اُس کو ہم اسلام کا دشمن کھُلا کہنے کو ہیں
لوگ سُنتے سُنتے عاجز آ گئے بس کہہ چکو — کب تلک کہنے کو ہیں اور تا کجا کہنے کو ہیں

اگرچہ مَیں میرٹھ کے نزدیکانِ بے بصر میں سے ہوں یعنی دلّی رہتا ہوں اور میرٹھ گویا دلّی کا ایک محلہ ہے اور با ایں قدرت مسلمانانِ میرٹھ کے تفصیلی حالات سے قریب قریب ویسا ہی ناواقف ہوں جیسا پشاور کے جیسا بنگالہ کے جیسا بمبئی کے جیسا مدراس کے مگر مَیں نے ایک کلیہ بنا رکھا ہے اور اُس کی رو سے مسلمانوں کی نسبت ایک رائے قائم کر لیا کرتا ہوں ہند کے ہوں یا عرب کے روم کے ہوں یا شام کے افریقہ کے ہوں یا ایشیا کے یا یورپ کے یا امریکہ کے یا چین کے یا جاپان کے یا کسی دریافت ناشدہ جزیرے کے - یہ محل اس بحث کا نہیں ہے کہ کتنے جزئیات پر احاطہ کرنے سے آدمی کو کلیہ بنانے کا حق حاصل ہوتا ہے اتنا تو مسلمات سے ہے کہ آدمی جس کی زندگی محدود ہے - اور زندگی محدود ہے تو اُس کی معلومات بھی ضرور محدود ہے بدون اِس کے کہ تمام جزئیات پر احاطہ کرے اور تمام جزئیات پر تو وہ احاطہ کر ہی نہیں سکتا کلیئے بنایا کرتا ہے - مزید تشریح کے لیئے مَیں اِس کی ایک مثال دیتی

چاہتا ہوں۔ کلیات کی ہزاروں مثالیں ہیں مگر پھر پھر کر وہی یاد آتی ہے جو منطق کی کتابوں میں پڑھی تھی کُلُّ حَیَوَانٍ یَتَحَرَّکُ فَکُّہٗ الْاَسْفَلَ عِنْدَ الْمَضْغِ[1] یا اس کو چھوڑتا ہوں تو کل ب و کل ب ج کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے مگر آڈینس کی طبیعتوں کو ٹٹولتا ہوں تو یہ ہیں جدت پسند۔ اچھا تو ایک نئی مثال سہی۔ جتنی چیزیں اُوپر سے پھینکی جائیں وہ آخر کار کششِ ثقل کی وجہ سے زمین پر گریں گی ایک کلیہ ہے۔ جنھوں نے انگریزی تعلیم پائی ہے وہ تو کہیں گے کہ سر آیزک نیوٹن کا بنایا ہوا ہے مگر ہمارے شمس العلما مولانا شبلی کہیں نہ کہیں سے اس کا پتہ نکالیں گے کہ اس کو ہاروں یا ماموں یا معتصم باللہ کے درباریوں میں سے کسی نے بنایا تھا۔ بہرکیف نیوٹن کا بنایا ہوا ہو یا کسی مسلمان فلسفی کا۔ کلیہ تو ہے اور آدمی کا بنایا ہوا بھی ہے۔ اور جس نے بنایا ہے اُس نے یقیناً تمام جزئیات کو نہیں دیکھا اور نہ وہ تمام جزئیات کو دیکھ سکتا تھا اور کلیہ بھی بنایا تو ایسا عام کہ وہ نہ صرف نظامِ شمسی میں جاری ہے بلکہ نظامِ عالم میں۔ اسی طرح میں نے بھی مسلمانوں کی نسبت ایک کلیہ بنا رکھا ہے اور اسی کلیہ کی بنیاد پر میں اُن مسلمانوں کی نسبت ایک رائے قائم کر لیا کرتا ہوں جن کو میں نے نہیں دیکھا۔ میں بے دیکھے مسلمانوں کی نسبت بھی سمجھ لیتا ہوں کہ وہ دوسری قوموں کے مقابلے میں بے دولت ہوں گے اِلَّا مَاشَاءَ اللہُ[2] بے ہنر ہوں گے اِلَّا مَاشَاءَ اللہُ بدلیاقت ہوں گے اِلَّا مَاشَاءَ اللہُ یعنی دوسرے دولت مند ساہوکار ہوں گے اور یہ اُن کے قرض دار اور دست نگر۔ وہ زمیندار ہوں گے یہ کاشت کار اور کاشت کار بھی غیر موروثی یا شکمی۔ وہ سوداگر ہوں گے محتاج الیہ یہ خوش باش ہوں گے محتاج۔ وہ شاید برسرِ حکومت ہوں گے یہ محکوم۔ وہ شاید بی۔ اے۔ ایم۔ اے ہوں گے۔ انھوں نے یا تو کچھ نہ پڑھا ہوگا یا پڑھا ہوگا تو وہی دیسی مکتب میں اور مقدور ہوا تو گھر پر پرانے کھوسٹ میاں جی سے محمود نامہ کریما۔ مامقیما۔ دستور الصبیاں اور وہ بھی اُس خاص لَے سے جس کی نقل تیوہس کے برس

---

[1] ہر حیوان چباتے وقت نیچے کا جبڑا ہلاتا ہے۔ ۱۲ [2] مگر شاذ و نادر۔ ۱۲

اسی کانفرنس کے تھیٹر میں آنریبل سید محمود نے کی تھی۔ ابتدائی تعلیم تو میری بھی اسی طرز پر ہوئی تھی مگر تعجب ہی کہ وہ لے سید محمود کو تو ایسی یاد رہی کہ نقل کو سن کر اصل کا سماں آنکھوں میں پھر گیا تھا اور مجھ کو ایسی بھولی کہ نقل کا قصد کرتا ہوں تو اُن سُروں میں آواز ہی نہیں نکلتی۔ مسلمانوں کی نسبت جو میں نے کلیہ بنا رکھا ہی وہ قوم من حیثُ القوم کے اعتبار سے بنا رکھا ہی۔ کیا کریں یہی عربی زبان کی ترکیبیں زبان پر چڑھی ہوئی ہیں معلوم ہی کہ قوم مِنْ حَیْثُ القوم کو بعض نے نہ سمجھا ہوگا۔ اچھا تو بھائی نیشن ایز اے نیشن سہی۔ بہرکیف مسلمانوں کی نسبت جو میں نے کلیہ بنا رکھا ہی وہ نیشن ایز اے نیشن کے اعتبار سے بنا رکھا ہی ورنہ جزئیات پر نظر کی جائے تو اس میں مستثنیات بھی ہیں اور اسی لیے میں نے کہا تھا کہ مسلمان دوسری قوموں کے مقابلے میں بے دولت ہوں گے اِلّا مَاشَاءَ اللہ بے ہنر ہوں گے اِلّا مَاشَاءَ اللہُ بدلیاقت ہوں گے اِلّا مَاشَاءَ اللہُ اور میں امید کرتا ہوں کہ آڈینس کے کل حضرات اِلّا مَاشَاءَ اللہُ میں ہیں لیکن اِلّا مَاشَاءَ اللہُ سے اُس کلیہ کے عموم میں کچھ فرق آتا نہیں۔ لِاَنَّ کَثْرَۃَ حُکْمِ الْکُلِّ[۱] دولت حکومت لیاقت جہاں اور ذرائع عزت کے ہیں اُن میں دی[۲] لاسٹ دو ناٹ دی لیسٹ قومی تعزز بھی ہی میں نے حال میں ایک رئیس کو دیکھا ہی کہ وہ ایک اپنے ملازم انگریز کو ساتھ ساتھ لیے پھرتے تھے نہ اس لیے کہ ہمہ وقت اُن کو اُس سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہوتی تھی بلکہ اس لیے اور صرف اسی لیے کہ اُس کے ساتھ رکھنے سے لوگ اُن کو وقعت کی نگاہ سے دیکھیں اور اُن کا یہ خیال اپنی جگہ صحیح بھی تھا۔ بلکہ ہندوستانی ریاستوں میں جو انگریز دخیل ہوگئے ہیں کہ کوئی پرایوٹ سکرٹری ہی کوئی ڈاکٹر ہی کوئی انجینیر ہی کوئی کچھ ہی کوئی کچھ ہی اُن کی مداخلت اپنے ہنر کی وجہ سے تو ہی ہی مگر کم وبیش شائبہ اُس خیال کا بھی ضرور ہی۔ کلیہ جو میں نے مسلمانوں کی نسبت بنا رکھا ہی جب وہ مسلمانوں کا پیچھا نہیں چھوڑتا کہ جہاں مسلمان ہیں بے دولتی

[۱] کثرت پر کل کا اطلاق ہوتا ہی۔ ۱۲ [۲] گو سب سے آخر تو ضرور ہی مگر کسی سے کم بھی نہیں۔ ۱۲

بدلیاقتی اُن کے ساتھ ہو تو ئیں بھی آج اچھی طرح اُس کی روئی دُھنکنی چاہتا ہوں۔ دیکھنا یہ ہو کہ مسلمانوں کو جو بے دولتی بے ہنری بدلیاقتی لازم ہو گئی ہو اس کی وجہ کیا ہو۔ یہ لزوم بِعَیْنِہٖ ہو یا بِغَیْرِہٖ۔ یہ ایک منطق کا مسئلہ ہو اور ایک مثال سے خوب سمجھ میں آئے گا۔ مگر منطق کا نام سُن کر گھبرانا نہیں کل اب و کل ب ج سے میری خود طبیعت اُلجھتی ہو بِعَیْنِہٖ و بِغَیْرِہٖ کی ایک بحث اُصول فقہ میں بھی آتی ہو کہ اسلامی شریعت میں شراب اور سور دونوں حرام ہیں اِس لیئے کہ خبائث میں سے ہیں اور شارع علیہ السلام کی نسبت ارشاد ہوا ہو یُحِلُّ لَھُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْھِمُ الْخَبَآئِثَ یعنی ان میں ذاتی خبث تھا۔ جو اِن کی حرمت کا باعث ہوا نہ یہ کہ حرام ہوئے پیچھے ان میں خبث پیدا ہو گیا۔ ہم لوگ تو اکثر شہر کے گنجان مواقع میں رہتے ہیں اور بات صاف یہ ہو کہ سینی ٹیشن[۵۱] و نٹیلیشن[۵۲] ڈرینج[۵۳] اِس قسم کی باتوں کا ہم لوگوں میں بچار بھی کم ہو اس پر بھی طبیعت ہو کہ شراب اور سور کے نام سے نفرت کرتی ہو نہ اِس وجہ سے کہ مذہباً حرام ہیں بلکہ اِن کی فضیحت جو آنکھوں سے دیکھی ہو اور اِن کے خباثت کا خیال ذہن میں ایسا راسخ ہو گیا ہو کہ کسی طرح دور نہیں ہو سکتا۔ بہت کم لوگ ہوں گے جنہوں نے شراب اور بدجانور کی فضیحتوں کو نہ دیکھا ہو۔ سب مرزا نوشاہ تو نہیں ہیں آپ لوگ تعجب کریں گے کہ کون مرزا نوشاہ اور یہاں اُن کا کیا مذکور۔ مرزا نوشاہ عرفی نام ہو اسد اللہ خان غالب کا۔ اُنہوں نے بڑی زور کی مثنوی لکھی تھی مجھ کو اُس کا نام یاد نہیں۔ مثنوی میں ایک واہی تباہی فرضی قصہ ہو جس کا نہ کچھ حاصل نہ کچھ حصول۔ اگر غالب کا زورِ کلام نہ ہو تو کوئی اُس مثنوی کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھے۔ کوئی عورت کسی کی بد دعا سے بدجانور بن گئی ہو۔ اُس کی حالت کو مرزا صاحب بیان فرماتے ہیں ؎

خوک شد و پنجہ زدن ساز کرد		باسرو روعربدہ آغاز کرد	

[۵۱] حفظانِ صحت - ۱۲ [۵۲] ہوائی آمد و رفت - کشادگی - ۱۲ [۵۳] نالی - موری - ۱۲

مرزا صاحب جن دنوں کلکتے گئے تھے مشاعرے کی مجلس میں اُن کی وجہ سے خوب گرم ہوگئیں تھیں پھر خدا جانے کس بات پر کلکتے کے لوگ اُن کے مخالف ہوگئے اور مرزا نے اہلِ کلکتہ کی شان میں مثنوی بادِ مخالف لکھی اور ایک مجمع میں اُس کے چند شعر پڑھ کر سنائے اور مثنوی کا نام ظاہر کیا تو مخالفین میں سے ایک شخص بول اُٹھا "یکے را از بزرگاں بادِ مخالف درشکم پیچید" اِس پر سب لوگ ہنس پڑے اور مرزا صاحب کو بڑی خفت ہوئی۔ اس مخالفت کی تقریب سے مرزا صاحب کا نیا پُرانا کلام پھندوڑا گیا تو کسی نے "خوک شد و پنجہ خود را نکرد" پر بھی اعتراض جڑ دیا کہ خوک پنجہ ندارد۔ مرزا صاحب کیا چُپ ہونے والے تھے بولے کہ بھئی میری اتنی عمر ہونے آئی ایک یا دو بار مَیں نے اِس بدجانور کو دور سے دیکھا ہی اور مَیں نے یہی سمجھا ہی کہ اِس کے پنجے ہوں گے اگر تم میں سے کسی نے پالے ہوں اور اُس کو تحقیق ہو کہ پنجے نہیں ہوتے تو میری غلطی کی اصلاح کر لے مگر میں اپنے شعر میں کسی طرح کی تبدیلی نہیں کروں گا۔ مجھ کو تو اپنی بے معرفتی پر ناز ہی۔ غرض یہ ہی کہ مرزا نوشہ جو شاعری کے علاوہ مزاج کی نفاست بھی رکھتے تھے اِس گندے اور خبیث جانور سے اس قدر نفور تھے کہ اُس کے حالات کی تفتیش بھی اُن کو گوارا نہ تھی۔ سخت تعجب ہی اُن لوگوں پر جو ستھرائی اور لطافت و نفاست کا تو دعویٰ کرتے۔ یہاں تک کہ ہاتھ سے کھانے کو بھی مکروہ سمجھتے ہیں اور اُم الخبائث شراب اور اخبث الخبائث سور سے اُن کو گھن نہیں آتی حکیمانہ دلائل سے تو وہی سمجھیں جن کو خدا نے اُن کے سمجھنے کی عقل دی ہی ہم تو ایسی ہی چھوٹی چھوٹی باتوں سے اسلام کی گرویدہ ہو رہے ہیں۔ مثالوں ہی سے مطلب خوب ذہن نشین ہوتا ہی اور مثالیں بھی وہ جو اپنے اوپر گزری ہوں۔ مَیں گورکھپور میں ڈپٹی کلکٹر تھا اور ایک تھے مسٹر ایلیٹ نہیں معلوم اب سروس میں ہیں یا پنشن لے کر ولایت چلے گئے۔ شہر کی صفائی مسٹر ایلیٹ کے سپرد تھی وہ رخصت پر جانے لگے تو صفائی کا چارج مجھ کو دے گئے اُن کی غیبت میں گورمنٹ سے ایک انگریزی کتاب آئی وہ رپورٹ تھی ایک کمیشن کی جو اس

بات کی تحقیق کے لیئے شاید پیرس میں بیٹھا تھا کہ سلبِ عفونت کی سب سے بہتر کیا تدبیر ہی۔ بس اہلِ یورپ کی ترقی کا یہ اصل گر ہی کہ یہ لوگ تحقیق کے بادشاہ ہیں۔ اس کمیشن کے ممبروں نے چین و جاپان اور یورپ اور ایشیا اور افریقہ اور امریکہ غرض تمام روے زمین کے شہروں کا دورہ کرکے دریافت کیا کہ کس ملک کے لوگ سلبِ عفونت کی کیا تدبیر عمل میں لاتے ہیں اور پھر سب ممبر پیرس میں جمع ہوئے اور شاید برسوں اُن میں مباحثے ہوتے رہے آخرِ کار یہ قرار پایا کہ سلبِ عفونت کے لیئے مٹی سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ یہ کتاب صاحب کلکٹر نے دیکھنے کے لیئے مجھ کو دی اس لیئے کہ صفائی سے متعلق تھی اور صفائی کا چارج اُن دنوں میرے ہاتھ میں تھا۔ چند روز بعد صاحب کلکٹر نے مجھ سے پوچھا کہ اُس کتاب میں کام کی کوئی نئی بات بھی تم نے پائی۔ مَیں نے کہا کہ کام کی بات پائی مگر نئی نہیں۔ صاحب کلکٹر نے میرے اِس کہنے پر تعجب کیا تو مَیں نے اُن کو سمجھا دیا کہ جو بات اِس کمیشن نے برسوں کی کاوش کے بعد دریافت کی پیغمبرِ اسلام تیرہ سو برس پہلے وہی بات ہم کو سکھا گئے ہیں کہ مٹی ہمارے ہاں طاہر اور طہور ہی اور عذر کی صورت میں وضو اور غسل کے قائم مقام ہوتی ہی۔ بات کہاں سے کہاں جا پڑی۔ میں شراب اور بدجانور کی حُرمت کے متعلق اُصولِ فقہ کا ایک مسئلہ بیان کرنے کو تھا۔ سو بدجانور کی حُرمت کے بارے میں تو وہی ایک آیت ہی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ[1] ابھی عطف چلا جاتا ہی اور اِس کے آگے اَور بھی محرمات ہیں مگر مَیں نے اُن کو قصداً چھوڑ دیا ہی کہ اُن میں منخنقہ بھی ہی ایسا نہ ہو کہ سید کا کوئی معتقد منخنقہ کا نام سُن کر کہے کہ دیکھو یہ نالائق گستاخ اشارے کنائے کیئے بدون نہیں رہتا حالاں کہ اشارے کنائے کیسے۔ مَیں تو سرسید کا بہت ہی ادب کرتا ہوں اور یہ اُن ہی کا ادب تو ہی کہ لوگ ناحق مجھ کو نیچریت کے ساتھ متہم بھی کرتے ہیں اور مَیں ہر سال بلا عذر حاضر ہو جاتا

[1] مراہوا (جانور) لہو اور سور کا گوشت یہ سب چیزیں تم پر حرام کردی گئیں۔ ۱۲

ہوں - ادب کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ دین کی کسی بات میں سرسید کو برسرِ غلط سمجھوں اور ہاں میں ہاں ملائے جاؤں اور سرسید مجھ ہی سے نہیں بلکہ کسی سے بھی ایسے ادب کے طالب نہیں - اِن کی یہی تو صفت ہے جس کے ہم گرویدہ ہو رہے ہیں - لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اِن کے چیلے یا حواری ہیں سید احمد خاں تو رہے اپنی جگہ دنیا میں سب سے بڑھ کر ادب ماں باپ کا سو اُن کی نسبت بھی خدا نے فرما دیا ہے وَاِنْ[۵۱] جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا پس سید احمد خاں کے ساتھ ہم لوگوں کا میل جول بھی وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا کے طور کا ہے اور بس - خیر تو بدجا نور کی حرمت کے بارے میں تو وہی ایک آیت ہے حُرِّمَتْ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِیْرِ مگر شراب کی حُرمت کا اور حال ہے کہ وہ ایک دم سے حرام نہیں ہوئی - لوگ اُس کے پینے کے ایسے خوگر ہو رہے تھے کہ گویا اُن کی گھٹی میں داخل تھی اگر ایک دم سے حرام کر دی جاتی تو لوگ تعمیلِ حکم نہ کرتے اور نہ کر سکتے - سوچنے والا ہو تو قدم قدم پر اسلام کی خوبی اور صداقت کا پتہ لگتا ہے - اسلام طلبِ محال نہیں کرتا اور گورمنٹ بھی تو اُنھیں اُصول پر عمل کرتی ہے - یعنی اُس کا مقصود اصلی یہ ہے کہ مسکرات کا استعمال کم ہو تو اُس کے لیئے وہ پیچ کستی چلی جاتی ہے مگر یہ نہیں کرتی کہ نشہ کے استعمال کو ایک دم سے جرم ٹھیرا دے اگر ایسا کرے تو نشہ کا استعمال تو کیا رُک سکتا ہے مگر علیٰ زَعْمِ المطلوب چوری اور خفیہ فروشی بڑھ جائے - اِسی طرح اگر شراب ایک دم سے حرام کر دی جاتی تو لوگ ہرگز باز نہ آتے اور حُکمِ خدا کی بے حرمتی ہوتی اور ایسا نادر شاہی حکم کتاب میں لکھنے یا صرف تلاوت کے لیئے ہوتا نہ تعمیل کے لئے - اور مذہبوں میں ہم ایسے بہت سے

[۵۱] اور اگر تیرے ماں باپ تجھ کو (اِس بات) پر مجبور کریں کہ تو ہمارے ساتھ (کسی کو) شریک (خدائی) بنائے جس کی تیرے پاس کوئی دلیل ہے ہی نہیں تو (اس میں) اُن کا کہا نہ ماننا (مگر) ہاں دنیا میں سعادت مندانہ اُن کی رفاقت کر - ۱۲

نقص پاتے ہیں۔ اور اگر ان کو گنوانے پر آؤں تو کانفرنس کی مدت میں توسیع کرنی پڑے بہرکیف خدا کو شراب کا حرام کرنا منظور ہوا تو اُس کی مذمتیں آنی شروع ہوئیں پہلے فرمایا یَسْئَلُوْنَکَ[۵۱] عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ قُلْ فِیْهِمَا اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ فِیْهِمَا اِثْمُهُمَا[۵۲] کَبِیْرٌ کھلی مذمت ہے مگر مَنَافِعُ لِلنَّاسِ من وجہ مدح بھی ہے پھر فرمایا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُکَارٰی حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ اِس میں شراب کی مذمت ہی مذمت ہے مگر اس طرح پر کہ نشے کی حالت میں نماز نہ پڑھو یعنی نشہ ایسی بُری چیز ہے کہ وہ بندے کو ناقابلِ عبادت کر دیتا ہے اور وہ خدا کو مُنہ دکھانے کے لایق نہیں رہتا۔

اِن باتوں سے تاڑنے والے تو تاڑ گئے تھے کہ کوئی دن جاتا ہے کہ شراب کی حُرمت نازل ہونے والی ہے چنانچہ حضرت عمرؓ کی نسبت لکھا ہے کہ اُنھوں نے اُکتا کر دعا کی تھی اَللّٰهُمَّ[۵۳] بَیِّنْ لَنَا فِی الْخَمْرِ بَیَانًا شَافِیًا یہاں تک کہ سورۂ مائدہ کی وہ آیت نازل ہوئی یٰۤاَیُّهَا[۵۴] الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ

---

۵۱ (اے پیغمبر۔ لوگ) تم سے شراب اور جوے کے بارے میں دریافت کرتے ہیں (ان لوگوں سے) کہہ دو کہ ان دونوں (چیزوں) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے (کچھ) فائدے بھی ہیں۔ ۱۲

۵۲ جب تم نشے کی حالت میں ہو تو نماز کے پاس بھی نہ جانا۔ ۱۲

۵۳ اے اللہ تعالیٰ شراب کی بابت تو ہم سے صاف صاف (احکام) بیان کر دے۔ ۱۲

۵۴ مسلمانو! شراب اور جوا اور بُت اور پاسے (ان میں کا ہر ایک کام) تو بس ناپاک شیطانی کام ہے تو اِس سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوے کی وجہ سے تمھارے آپس میں دشمنی اور بغض ڈلوا دے اور تم کو یادِ الٰہی سے اور نماز سے باز رکھے تو کیا (شیطان کے مکر پر اطلاع پائے پیچھے) اب بھی تم باز آؤ گے (یا نہیں)۔ ۱۲

جب لوگوں کو شراب کی برائیاں سُنا سُنا کر نفور کر لیا تب فرمایا فَهَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ[1] اور لوگ بول اُٹھے اِنْتَهَيْنَا اِنْتَهَيْنَا اور اِنْتَهَيْنَا اِنْتَهَيْنَا صرف مُنہ سے نہیں کہا کہ مُنہ سے کہنا اور تلاوت کرنا برابر بلکہ جس دن یہ آیت نازل ہوئی برسوں کی ذخیرہ کی ہوئی پُرانی پُرانی شرابیں مدینے کے گلی کوچوں میں بہی بہی پھرتی تھیں۔ شراب اور بدجانور دونوں چیزیں حرام ٹھیریں تو اَب فقہا نے یہ بحث نکالی کہ یہ حرمت لِغَیْرِہٖ ہے یا لِعَیْنِہٖ اور یہ فیصلہ کیا کہ بدجانور کی حرمت تو لِعَیْنِہٖ ہے کہ کچھ بھی کرو وہ نجس العین ہے حرام ہی رہتا ہے اور شراب کو کہا کہ اس کی حرمت نشہ کی وجہ سے ہے اور لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى سے اس کا پتہ بھی چلتا ہے تو اگر کسی تدبیر سے شراب کا نشہ سلب کر لیا جائے تو اس کا پینا روا ہے کیوں کہ نشہ سلب ہوئے پیچھے شراب کا سرکہ بن جاتا ہے۔ شراب کا سرکہ بنا لینے کے کئی نسخے ہیں مگر میں اُن کو بیان نہیں کروں گا ورنہ لوگوں کو حیلۂ شرعی ہاتھ آجائے کہ مسلمان ہو کر تمھاری الماری میں شراب کی بوتل کیسی اور تم کہو کا سا جواب دو کہ سرکہ بنانے کے لیئے رکھی ہے مگر خیر ایک نسخہ بتاتا ہوں کہ تم کو ایسا حیلہ کرنے کا موقع ہی نہ ملے اور یہ ایجاد فقیر ہے۔ ایک شخص کے کان میں کسی طرح کا روگ تھا اور وہ اکثر تنکے وغیرہ سے کان کو کھجاتا تھا کئی دفعہ اُس نے کان کو اندر سے زخمی بھی کر لیا تھا اور طبیب کو اُس کے کان کی اصلاح میں بڑی مشکل پیش آئی تھی۔ کھجاتے کھجاتے کچھ اُس شخص کی عادت بھی پڑ گئی تھی کہ بلا ضرورت بھی کان کے پیچھے پڑا رہتا۔ آخر اُس نے ایک بار طبیب سے پوچھا کہ کان کے کھجانے کا کوئی محفوظ طریقہ بتا دیجئے۔ طبیب نے کہا نہایت آسان اور بالکل محفوظ۔ جب تم کو ضرورت ہوا کرے کُہنی سے کان کھجا لیا کرو۔ قریب قریب اِسی طرح کا نسخہ شراب کے سرکہ بنانے کا مجھے معلوم ہے کہ جب تم کو سرکہ بنانا ہو تو بوتل کی ڈاٹ کھول زمین پر گرا دیا کرو بڑا عمدہ سرکہ بن جائے گا۔ مَیں مسائل شرعی بیان کرنے کو تو کھڑا ہوا نہیں۔ تھوڑی دیر بعد آپ صاحبوں کو معلوم ہو جائے گا کہ کس ضرورت سے

---

[1] ہم باز آئے ہم باز آئے۔ ۱۲

میں نے اتنا بھی کہا مگر کہا تو اس کے متعلق ایک بات اور ہو لاؤ اُس کو بھی کہہ گزروں۔ برسوں کیا پیڑھیوں کی عادتوں کا چھڑانا رسم و رواج کا اُٹھانا جمے ہوئے خیالات کا بدلنا آسان کام نہیں۔ جیسی جیسی دشواریاں اس میں پیش آتی ہیں اور جیسی جیسی پیش بندیاں کرنی پڑتی ہیں اُن کو کوئی سید احمد خاں کے دل سے پوچھے کہ انھوں نے یہ تلخیاں کھینچیں اور پھر انھوں نے نہ تو عرب جیسے چیونٹی بھرے کبابوں کا بیڑا اُٹھایا اور نہ اِن کو اُن جیسے اکھڑ لوگوں سے معاملہ پڑا اگر کہیں ہندوستان کے مسلمان خدانخواستہ اُن جیسے بے باک ہوتے تو اپنے زعم میں سید احمد خاں کو کبھی کا جہنم واصل کر چکے ہوتے تاہم اِن ہی کا جگرا ہے کہ اُن مصیبتوں کو جھیلا اور جھیل رہے ہیں۔ بھلا یہ بھی کوئی بات میں بات ہے کہ مسلمانو تمھاری دنیاوی حالت بہت خستہ اور شکستہ اور خراب ہو گئی ہے اور یوماً فیوماً ہوتی چلی جا رہی ہے اور تمھاری خستگی اور شکستگی اور خرابی کی وجہ سے اسلام ضعیف ہو گیا اور ہوتا چلا جا رہا ہے خدا کے لیئے اپنے تئیں سنبھالو اور اسلام کے تئیں سنبھالو اور کیوں کر سنبھالو تمھارے سامنے انگریزوں کے نمونے موجود ہیں اُن کے ربط و ضبط دیکھو اُن کے انتظام دیکھو اُن کے ہنر دیکھو اُن کے سلیقے دیکھو اُن کی صنّاعی دیکھو اُن کی حکمت دیکھو اُن کی ہمت دیکھو کہ ایک چپّے بھر جزیرے کے رہنے والے اور جزیرہ بھی ایسا منحوس کہ نیچر نے موسم کے اعتبار سے آب و ہوا کے اعتبار سے پیداوار کے اعتبار سے اِن کے ساتھ بہتیرا ہی جل کیا مگر اُنھوں نے اپنی تدبیر سے نیچر کو مغلوب کر کے ہی چھوڑا۔ سمندر تو اِن کے لیئے شیر مادر تھا ہی۔ خشکی میں ایسے پھیلے ایسے پھیلے کہ ربع مسکوں کے اکثر حصّے پر چھا گئے ایشیا کی جان ہندوستان تو نکال ہی چکے روم پر دانت ہے چین و جاپان میں اپنی ٹانگ اڑا ہی رکھی ہے افریقہ کا ٹکا بوٹی ہوا سمجھو تو پھر اب رہ ہی کیا گیا۔ صدر حمت ان کی سپوتی ماں پر کہ کیسے بیٹے جنے ہیں کہ واہ رے واہ تو بھائیو! (ابھی سید احمد خاں کا مقولہ چلا جاتا ہے) تمھارے سامنے انگریزوں کے نمونے موجود ہیں ابھی کی سو برس گزرے کہ جانوروں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے ہم ہی سے سیکھے

اور ہم ہی کو لگے منہ چڑانے تو ان کے نمونوں کو پیش نظر رکھ کر جو انھوں نے کیا ہو وہ تم بھی کرو۔ کوئی اور سری کا ہو تو چرائے چھپائے بتانے میں مضایقہ کرے مگر یہ بیچارے تو ایسے بھلے مانس ہیں خدا کرے جیتے رہیں اور ہمارے حاکم بھی رہیں کہ اپنی ترقی کے سارے بھید کا ڈھنڈورا پیٹ دیا وہ بھید کیا تھا تعلیم۔ بس چلو سید احمد خاں کا مشن تمام ہوا۔ یعنی یہ اتنا ہی چاہتے ہیں اور وہ بھی اپنے ذاتی فائدے کے لیئے نہیں بلکہ خود مسلمانوں ہی کے فائدے کے لیئے کہ مسلمان وہ علم حاصل کریں جس سے انگریز اس قدر بڑھ چڑھ گئے اور صرف زبانی جمع خرچ نہیں بلکہ سوجتن کرکے علی گڈھ محمدن کالج سے اُس تعلیم کا سامان بھی مہیا کر دیا اور ایسا مہیا کر دیا کہ جو لوگ اِس کے مبصر ہیں یعنی یہی انگریز اُس کا لوہا مان گئے۔ یہ شخص خضر ہی اور قوم سکندر۔ خضر نے سکندر کو چشمۂ آب حیات کے کنارے لا کھڑا کیا۔ اب سکندر ہی نہ پیئے تو سکندر کی قسمت۔ سکندر کی قسمت میں تو مرنا لکھا تھا وہ پیتا ہی کیوں۔ اسی طرح مسلمانوں کو تو تباہ ہونا ہی برباد ہونا ہی دوسری قوں کی غلامی کرنی ہی دوسری قوموں کی جوتیاں کھانی ہیں یہ علی گڈھ کالج کی طرف کیوں رُخ کریں۔ اوّل تو ان کا اسلام اِن کو یہ نئی پڑھائی پڑھنے نہیں دیتا اور کچھ قدرے قلیل برائے نام پڑھتے بھی ہیں تو پادریوں کے مدرسوں میں جن کی اصلی غرض دینِ عیسوی کی اشاعت ہی یا گورمنٹ کے مدرسوں میں کہ وہاں دین و مذہب سے بحث نہیں۔ تربیت کی طرف مطلق توجہ نہیں اور تعلیم بے تربیت ایسی ہی نامفید ہی جیسے آرمی وِدوٹ ڈِسسپلن یعنی بے قواعد کی فوج۔ اور کانگریس نے گورمنٹ کو تعلیم بے تربیت کے نتیجے دکھا بھی دیئے۔ تعلیم بے تربیت گورمنٹ کی غلطی تھی اور اُس کو اپنی غلطی کا خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ رہے پادریوں کے مدرسے ہم کو پادریوں سے خصومت نہیں عداوت نہیں اور ہم تو اس خیال کے آدمی ہیں کہ اگر انگریزی تعلیم صرف پادریوں کے ہاتھ میں ہوتی تو ہم مسلمانوں سے کہتے کہ مشن اسکول کیسے گرجا میں لے جاکر انگریزی پڑھائیں تو پڑھو۔ لیکن ہاں مسلمانوں

سے اِس بات کی شکایت ضرور ہی کہ کن مصیبتوں سے اِن مسلمانوں کے لیئے علی گڈھ کالج کا باغ لگایا گیا جب خدا خدا کر کے اُس میں پھل لگے اور پھل بھی لگے تو ایسے کہ ماشاء اللہ اِن کا جواب نہیں تو مسلمان ہیں کہ بے اصل بدگمانیوں کی وجہ سے جھڑبیری کے بیر کھاتے ہیں اور ولایتی انگور نہیں کھاتے۔ اب فرماؤ۔ اور انصاف سے فرماؤ کہ جس مالی نے تمھاری خاطر اِس باغ کے پیچھے اپنا پسینہ اور خون ایک کر دیا ہی اُس کا دِل جلے یا نہ جلے۔ بہانے تو دیکھو کہ مذہب میں خلل آتا ہی۔ اللہ رے تمھارے مذہب ابھی پچھلے برس دلّی کے چند مسلمانوں میں آمین بالجہر پر لاٹھی چلی تھی کتنوں کے سر پھوٹے کتنے زخمی ہوئے فریقین سے جرمانے اور مچلکے لیئے گئے چیف کورٹ تک مقدمے لڑے ہزاروں روپے خرچ ہوئے اور کچھ معلوم ہی کہ یہ لڑنے والے کیسے نمازی تھے بعض نماز کے تو نہیں مگر قضا کے صاحب ترتیب تھے یعنی اُنھوں نے کبھی گنڈے دار بھی نہیں پڑھی جس سے قضا کی ترتیب میں فرق آئے۔ اور اگر فی الواقع علی گڈھ کالج میں پڑھنے سے مذہب میں فرق آتا ہی تو نفس انگریزی کی وجہ سے آتا ہو گا ورنہ یوں تو وہاں نماز کی بھی تاکید ہی۔ لڑکوں سے رمضان کے روزے بھی رکھوائے جاتے ہیں۔ اب یہ شیطانی لشکر نماز کو بے وضو ٹرخاتا ہو یا سحری اور افطاری کے لالچ سے روزہ دار بنتے اور وضو کرتے میں کلّیاں پی جاتے ہوں تو سید احمد خاں اِس کو کیا کر لیں اور کیوں کر یقین ہی کہ گھروں میں لڑکے ایسا پاجی پن نہیں کرتے۔ چھوٹی عمر میں میں نے آپ کیا ہی۔ مذہب میں جو کچھ خلل نفس انگریزی کی وجہ سے آتا ہی اُس میں علی گڈھ کالج کی تو کچھ خطا ہی نہیں۔ وہ کہیں بھی ہو اور کسی جگہ بھی ہو علی گڈھ کالج سے بڑھ کر خلل انداز ہو گی یہاں تو مذہب کی کچھ روک تھام ہی۔ وائے اُن مسلمانوں کے مذہب پر جو ایسا چھوئی موئی اسلام رکھتے ہیں کہ انگریزی کی بھاپ لگی اور مُرجھایا۔ اور پڑھتے ہیں کہاں مشن کے مدرسوں میں یا گورمنٹ کے مدرسوں میں کہ ایک کی بنا اسلام کی مخالفت پر ہی اور دوسرے کی لامذہبی پر کہ وہ نیوٹریلٹی کا دوسرا نام ہی۔ مذہب ہی کا خیال ہی تو ایک دن تم سے اِس کی بھی بازپُرس ضرور ہونی ہی کہ کیوں محمڈن کالج میں نہیں پڑھا اور کیوں مشن یا گورمنٹ کالج کے اور مدرسوں میں پڑھا۔ اور پھر انگریزی تعلیم مذہب پر اپنا اثر ڈالتی ہی تو کون سا مذہب اِس کے اثر سے محفوظ

ہی - تو کیا مسلمانوں ہی کو اپنا مذہب عزیز ہی - اور دوسروں کو نہیں - مگر یوں کہو کہ مسلمان باوُلی محبت سے اپنے نقصان کے علاوہ خود مذہب کا بھی نقصان کر رہے ہیں حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ ایک عام قاعدہ ہی - اِس کی مثالیں جس کثرت سے مسلمانوں میں پائی جاتی ہیں وہ اَور قوموں میں کمتر ملیں گی - مثلاً اولاد کی محبت ایک نیچرل بات ہی کہ جانور تک اِس سے مستثنیٰ نہیں مگر ایک محبت تو ہماری محبت ہی کہ اولاد کو بے ہنر اُٹھائیں کاہل اور بے مصرف اور ناشایستہ بنائیں - ایک لمحہ اُن کو اپنے سے جدا نہ کریں اور اپنے برتاؤ سے اُن پر ثابت کر دیں کہ وہ ہمارے لیئے شرطِ زندگی ہیں تاکہ اُن کو بدکرداریوں کی جرأت ہو اور خرابیاں اُن کی طبیعتوں میں راسخ ہو جائیں - اور ایک محبت انگریزوں کی ہی کہ ننھے ننھے بچّوں کو تعلیم کے لیئے ولایت بھیج دیتے ہیں - مَیں نے سُنا ہی اور بات ہی بھی قرینِ قیاس کہ ان میں بعض باپوں کو ایسے اتفاق بھی پیش آتے ہیں کہ ساری عمر اولاد کو دیکھنا نصیب نہیں ہوتا - مثلاً فرض کرو کہ باپ ہندوستان میں سویلین ہی گرمیوں میں میم صاحب نے پہاڑ پر جا کر بیٹا جنا پانچ یا حد درجہ چھ برس کی عمر تک ساتھ رکھا اور پھر ولایت چلتا کیا لڑکے نے وہاں امتحان پاس کیئے اور کسی دوسری کالونی میں نوکری کر لی یا یہ لوگ ذوفنوں تو ہوتے ہی ہیں کوئی اور کام کھول بیٹھا نوکری یا کام کی پابندی کی وجہ سے باپ بیٹے کو جمع ہونے کا موقع نہ ملا یہاں تک کہ موت نے ابدی مفارقت کر دی اور مذہب کے بارے میں نری تعلیم انگریزی ناحق کے لیئے کیوں بدنام ہو سارے فسادات خود انگریزی عملداری کے ہیں کہ وہ چپکے چپکے مذہبوں کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہی ہم بچشمِ خود دیکھتے ہیں کہ جن لوگوں کو تعلیم سے واسطہ اور کچھ سروکار نہیں ہی وہ بھی تو روز بروز مذہب کی طرف سے بے پروائی کرتے چلے جاتے ہیں ہندو یا مسلمان کسی کے تہواروں میں اگلی سی رونق باقی رہی ہی - بلاشبہ یہ تیوہار یا ان کی اکثر رسمیں خود مذہب کی رو سے

لہ کسی چیز کی محبت آدمی کو اندھا اور گونگا کر دیتی ہی یعنی محبت کے آگے کچھ سوجھتا نہیں - ۱۲ لہ نوآبادی - ۱۲

بیہودہ تھیں مگر جو اِن رسموں کو کرتے تھے وہ تو بیہودہ سمجھ کر نہیں کرتے تھے۔ دو تین گھڑی دن رہے سرِ بازار کھڑے ہو تو شاذ و نادر مجھ جیسے بڈھے ٹھڈّے پاؤ گے جو پُرانی وضع کو نباہے جاتے ہیں ورنہ اگر پورے صاحب لوگ نہ ملیں گے تو کم سے کم سر پر گول ٹوپی ہو گی یا گلے میں کوٹ یا پاؤں میں بوٹ یا ہاتھ میں کُبڑی یا بلا ضرورت آنکھوں میں عینک پاکٹ میں گھڑی یا بٹنوں میں اُلجھی ہوئی نری چین یا کچھ بھی نہ ہو گا تو سیٹی تو ضرور بجاتا جاتا ہو گا۔ میرے پڑوس میں ایک غریب آدمی رہتا ہے اور وہ یکّہ چلاتا ہے اور مجھ کو معلوم ہے کہ اُس نے کبھی کسی انگریز کی یا انگریزی آدمی کی نوکری نہیں کی بڑے سویرے وہ اپنے ٹٹو کو ملتا ہوتا ہے تو ٹٹو مارے گدگدی کے نچلا نہیں کھڑا رہ سکتا اور وہ اُس کو آیونا[1] ٹی کہہ کر ڈانٹتا ہے۔ کیا یہ باتیں انگریزی تعلیم کے نتیجے ہیں۔ نہیں انگریزی عمل داری کے اور ابھی کیا ہے مصرع آگے آگے دیکھ تو ہوتا ہے کیا۔ اَب بھی علی گڈھ کالج کی طرف سے تمھارا دل صاف ہوا یا نہیں۔ اِس پر بھی کوئی شبہ باقی ہے تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اب علی گڈھ کالج کا تذکرہ آگیا ہے تو عامۃ الورود ایک اعتراض اِس پر اَور بھی ہے اُس سے کیوں سکوت کیا جائے۔ کہتے ہیں کہ علی گڈھ کالج امیروں کے لڑکوں کے لیے ہے اوّل تو ہمارا روئے سخن بھی امیروں ہی کی طرف ہے کہ یہ لوگ مقدور رکھ کر اپنے لڑکوں کو علی گڈھ کالج میں کیوں نہیں پڑھاتے۔ دوسرے میں نے علی گڈھ کالج کی پچھلی رپورٹ میں پڑھا کہ کالج چھ سو روپیہ مہینا غریب طالب علموں کے وظائف میں خرچ کرتا ہے۔ سارے ہندوستان میں کسی ایک کالج کا نشان دو جو غریبوں کی اتنی مدد کرتا ہو۔ علاوہ بریں کالج کی زمین سے تو روپیہ اُگتا نہیں اور نہ سید احمد خاں کیمیا گر ہیں اور نہ اُن کو دستِ غیب کا عمل آتا ہے اور ایسے بدعقیدہ آدمی کو ایسا عمل آنے ہی کیوں لگا پھر روپیہ آئے تو کہاں سے آئے۔ دیں نہ دیں امیر تو جہاں تک سید احمد خاں سے بن پڑا لیا اور لے رہے ہیں

[1] ارے او شریر۔ ۱۲

اور لیں گے۔ اور کانفرنس وغیرہ سب پاکھنڈ اسی مطلب سے ہیں اگر اتنے سے غربا کا پیٹ نہیں بھرا اور واقعی نہیں بھرا تو غربا امیروں پر اپنا کوئی منتر چلائیں کہ تعلیم میں خرچ کرنے کو سب سے بہتر مصرف خیر سمجھیں اور زیادہ نہیں تو زکوٰۃ کی سے غریب طالب علموں کے وظیفے مقرر کریں اور پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں کیا ہوتا تھا اُنھوں نے بھی مدینۂ طیبہ میں مدرسہ دینی جاری کر رکھا تھا چنانچہ یہ خیال قرآن سے بھی ظاہر ہوتا ہی فرماتے ہیں وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ[۵۱] اُن کو بھی محتاج مسلمانوں کی پرورش اور تجہیز جیوش کے لیے روپیہ کی ضرورتیں پیش آتی رہتی تھیں اور وہ ضرورتیں صدقات ہی سے رفع کی جاتی تھیں اور اس کی نسبت آپ فرمایا کرتے تھے تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ[۵۲] اور تعلیم کا خرچ سب ہی جگہ بڑھتا چلا جاتا ہی اس لیے کہ لوگ اس کی قدر کرنے لگے ہیں ایک وقت تھا کہ خوشامدیں کرتے تھے اور لوگ اپنے بچّوں کو نہیں بھیجتے تھے یا دیکھتے دیکھتے وہ زمانہ آگیا کہ دھکّے دیتے ہیں اور لڑکے ہیں کہ پلے پڑتے ہیں اور ایک وقت آنے والا ہی کہ علم کی قدر جواہرات سے بڑھ کر ہوگی اور تب ہی ہندوستان کے کچھ دن بھی پھریں گے اور اس کے آثار دکھائی دے رہے ہیں کہ جن لوگوں نے حق قدرۂ علم کی قدر کی سرکار نے کالج اُٹھا لیے اور اُنھوں نے اپنے کالج کھول دیئے۔ علی گڈھ کالج کی تعلیم کو وہی لوگ مہنگا سمجھتے ہیں جو اس کی قدر نہیں جانتے قدر جانیں تو یہ بھی جانیں کہ اَور جگہ کی تعلیم ارزاں ہی تو وہاں ارزاں بعلت ہی اور علی گڈھ کالج کی تعلیم گراں ہی تو گراں بہ حکمت

---

[۵۱] اور (یہ بھی) مناسب نہیں کہ مسلمان سب کے سب (اپنے اپنے گھروں سے) نکلے ہوتے کہ دین کی سمجھ پیدا کرتے اور جب (سیکھ سمجھ کر) اپنی قوم میں واپس جاتے تو اُن کو (نافرمانی خدا سے) ڈراتے تاکہ وہ لوگ (بھی بُرے کاموں سے) بچیں۔ ۱۲ [۵۲] امیروں سے لے کر غریبوں کو دیتے ہیں۔ ۱۲

تعلیم نہ میرے کہنے سے بھلی یا بُری ہوسکتی ہی اور نہ تمھارے کہنے سے اِس کو پوچھنا چاہیئے کسی مبصّر سے "قدرِ زر زرگر بداند قدرِ جوہر جوہری" مبصّر کون۔ ولیسرائے۔ لفٹنٹ گورنر کونسل کے ممبر وامثالہم۔ سو اِن لوگوں کا تو اس پر اجماع ہی کہ تعلیم و تربیت جیسی علی گڈھ کالج میں ہوتی ہی یورپ کے باہر تو کسی اور جگہ ہوتی نہیں۔ ایک چھوٹا سا قیاس منطقی ہی جس کے دونوں مقدمے صغریٰ اور کبریٰ بدیہی کہ انگریزی پڑھتے ہو اس لیئے کہ انگریز پسند کریں اور انگریز تو علی گڈھ کالج کی تعلیم کو پسند کرتے ہیں نتیجہ کیا نکلتا ہی کہ انگریزی پڑھنی ہو تو علی گڈھ کالج میں پڑھو۔ اور اگر علی گڈھ کالج کے مصارف کے متحمل نہیں ہوسکتے اور اپنے امیروں سے جنھیں خدا نے مقدور دیا ہی مدد نہیں لے سکتے تو سب سے بہتر صلاح جو دی جاسکتی ہی وہ یہ ہی کہ انگریزی تعلیم کے خبط کو چھوڑ دو کہ تم کو بے مقدور بنا کر خدا نے بنا دیا ہی کہ تم اِس کے لیئے نہیں پیدا کیئے گئے۔ اب علی گڈھ کالج کے متعلق ایک ہی بات اور کہوں گا علی گڈھ کالج کی بدنامی جو سید احمد خاں کے تعلق سے ہو رہی ہی اگرچہ بے اصل محض ہی کیوں کہ سید احمد خاں کو تعلیم کے کورس میں کوئی دخل نہیں اور دخل ہو بھی نہیں سکتا۔ اِس لیئے کہ تعلیم کے کورس کا قرار دینا یونی ورسٹی لے یا یوں کہو کہ گورمنٹ نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہی لیکن فارڈی[۵۱] سیک آف آرگیومنٹ فرض کرلو کہ سید احمد خاں ڈائرکٹلی[۵۲] یا اِن ڈائرکٹلی[۵۳] طالب العلموں پر اپنے عقائد کا جو عام مسلمانوں کے عقائد کے برخلاف ہیں اثر ڈال سکتے ہیں تو پہلی بات یہ ہی کہ طالب العلم اس اثر کو قبول بھی کرسکتے ہیں یا نہیں۔ تعلیم کا سٹینڈرڈ[۵۴] ایسا ہائی رکھا گیا ہی کہ بے چارے طالب العلم اُسی سے بہ مشکل عہدہ برآ ہوسکتے ہیں اگر وہ مذہبی گورکھ دھندے کے سُلجھانے کے پیچھے پڑیں جس کے لیئے نہ تو ان کو فرصت ہی اور نہ اُن کی عمر ان باتوں میں غور کرنے کی ہی تو امتحان میں یقیناً فیل ہوں مگر فیل تو نہیں ہوتے تو قیاس استثنائی کی رو سے معلوم ہوا کہ

---

[۵۱] بغرض استدلال۔ ۱۲ [۵۲] براہ راست۔ ۱۲ [۵۳] بالواسطہ۔ ۱۲ [۵۴] معیار۔ ۱۲

سید احمد خاں کے عقائد کے اثر کو اگر وہ اُن پر ڈالا جاتا بھی ہو قبول نہیں کرتے۔ اور اگر مان لیا جائے کہ سید احمد خاں اپنے عقائد کا اثر ڈالتے ہیں اور کالج کے طالب العلم اُس اثر کو قبول بھی کرتے ہیں تو گو وہ عقائد عام مسلمانوں کے عقائد سے کتنے ہی مغائر ہوں مشن کی مذہبی تعلیم اور گورمنٹ کی نیوٹریلٹی کی مخالفت کو تو نہیں پہنچتے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ کچھ تو تعصب کی وجہ سے اختلاف کو مخالفت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور کچھ دینی معلومات کی کمی بھی وحشت کی موجب ہے۔ دینیات پر جہاں تک میری نظر ہے اور اب قرآن مجید کے ترجمہ کی ضرورت سے مَیں نے دینیات میں بہت کچھ دیکھا ہے۔ مَیں کہہ سکتا ہوں کہ نیچریوں کی کھوپری بھی بڑی پُرانی کھوپری ہے۔ تفاسیر کو دیکھو تو جانو کہ سید احمد خاں کو جو خدشے گزرتے ہیں اکثر ایسے ہیں جو اگلے لوگوں میں سے بھی بعض کو گزر چکے ہیں اُن کے اقوال تفسیر والوں نے نقل کیے ہیں اور کہیں اُن کے جواب دیئے ہیں اور کہیں اُن کی تاویل کی ہے۔ غرض وہی پُرانی فلسفیانہ باتیں ہیں جن کی شان کسی قدر بدلی ہوئی ہے گویا فلسفہ ایک بیماری ہے جس کا ایک مدت بعد پھر دورہ ہوا ہے۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ هٰذَا اَلْهَمَنِيْ رَبِّيْ[1] کے سوائے سید احمد خاں اور جو کچھ بھی لکھتے ہیں متقدمین کی نقل ہے یا توارد ہے یا اگر نقل و توارد نہ بھی ہو تو قسم کھانے کی بات ہے کہ یہ ان خدشات میں منفرد نہیں ہیں بلکہ سید احمد خاں کو ان خدشات کے ساتھ وہی نسبت ہے جو مثلاً خلیل یا سیبویہ یا ابن حاجب کو مسائل صرف و نحو کے ساتھ کہ قاعدے پہلے سے کلام عرب میں موجود تھے اور لوگ اُن کا استعمال بھی کرتے تھے۔ نحویوں نے اُن کو عام باتوں کے پیرائے میں منتظم کر کے اُن کا نام رکھ دیا قواعد۔ اسی طرح یہ تمام خدشات جو سید احمد خاں کی تفسیر میں یا اُن کی کسی تحریر میں پاتے ہو کل انگریزی خوانوں کے دلوں میں کھٹک رہے ہیں سید احمد خاں کا یہ قصور ہے کہ جو اُن کے دل میں ہے وہ مُنہ پر لے آتے ہیں اور دوسرے ہیں کہ ڈکار نہیں لیتے حالاں کہ

[1] یہ ہے جو میرے اللہ نے مجھے الہام کیا ہے۔ ۱۲

یہ نفاق ہی جس کے بارے میں زہیر بن ابی سلمہ کہتا ہی ؎

وَلَا تَكْتُمُنَّ اللّٰهَ مَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ	لِيَخْفٰى وَمَهْمَا يُكْتَمِ اللّٰهُ يَعْلَمِ
يُؤَخِّرْ فَيُوْضَعْ فِيْ كِتَابٍ فَيُدَّخَرْ	لِيَوْمِ الْحِسَابِ اَوْ يُعَجِّلْ فَيُنْقَمِ

اور یہ وہی مضمون ہی جو قرآن مجید کی آیت میں ہی اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ يُعْلَمْهُ اللّٰهُ وہی بات ہی ایک شاعر نظم میں ادا کرتا ہی اور خدا نثر میں مگر وہ نظم اِس نثر کے آگے پھیکی معلوم ہوتی ہی اور اِس کو وہی جانے جو عربی کا مذاق رکھے۔ سو اِس بھڑاس کا نکل جانا ہی اچھا اور یہی تو وجہ ہی کہ تہذیب الاخلاق کے بند ہو جانے پر مَیں نے بڑا شور غل مچا کر پھر اُس کو جاری کرایا اور سب سے زیادہ مجھی کو افسوس ہی کہ وہ پھر بند ہونے والا ہی۔

باوجودے کہ میں سید احمد خاں کی بہت باتوں سے اختلاف رکھتا ہوں پھر بھی ان کو اور ان کی تحریرات کو اسلام کے حق میں مفید سمجھتا ہوں جہاں جہاں اسلام میں پانی مرتا ہی یہ اُن تمام رخنوں کو ظاہر کر دیتے ہیں اور نہ صرف ظاہر کر دیتے ہیں بلکہ اپنے نزدیک رخنہ بندی کا طریقہ بھی بتا دیتے ہیں۔ اب یہ مسلمانوں کا کام ہی کہ اُن رخنوں کو دیکھیں اور تجویز کریں کہ واقع میں رخنے ہیں بھی یا نہیں اور ہیں تو جو رخنہ بندی سید احمد خاں نے تجویز کی ہی وہ کافی ہی یا نہیں۔ ناحق کی بدگمانی اور ضد کی تو بات اَور ہی مگر سید احمد خاں کی نیت کے بخیر ہونے میں تو کسی طرح کا شک ہی نہیں اگر اسلام میں کوئی رخنہ فرض کر لیا جائے اور سید احمد خاں نے اُس کی بندش کی کوئی تدبیر بتائی ہو اور کوئی بھائی مسلمان اُس سے کوئی بہتر تدبیر بتائے تو مَیں یقین کرتا ہوں کہ سید احمد خاں سے بڑھ کر کوئی اُس کی داد نہ دے گا۔ شکوک تو مجھ کو بھی ہوا کرتے ہیں اور کون ہی جس کو شکوک نہیں ہوا کرتے اور یوں لوگوں میں مقدس اور مادرزاد ولی بننے کے لیئے کوئی دعویٰ کرے تو

لہ اپنے دل کی باتوں کو خدا سے مت چھپاؤ اِس غرض سے کہ وہ باتیں اُس پر یعنی خدا پر مخفی رہیں اس لیئے کہ جو چیز خدا سے چھپائی جاتی وہ اُس کو (بخوبی) جانتا ہی (اُس کی دو صورتیں ہوتی ہیں) یا تو ڈھیل دے کر اور کتاب میں لکھ کر روزِ قیامت تک رکھ دیتا ہی یا جلدی کر کے اُس کا انتقام (دنیا ہی میں) لے لیتا ہی۔ ۱۲

کرے پیغمبر صاحب سے بڑھ کر کس کا ایمان ہوگا اُن کو تو بار بار خدا قرآنِ مقدس میں فرماتا ہے فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ - فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ - فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ بہرکیف مجھ کو بھی شکوک ہوا کرتے ہیں مگر میں تو اُن کو اپنی جگہ سوچ سمجھ کر آپ ہی آپ رفع دفع کر لیا کرتا ہوں اور پھر بھی سید احمد خاں کی کوئی بات کان میں پڑ جاتی ہے تو اُس کو سُن کر خوش ہوتا ہوں - ابھی تہذیب الاخلاق کے کسی پچھلے پرچہ میں سید احمد خاں نے حضرت داؤد علیہ السلام کی نسبت ایک آرٹیکل لکھا ہے داؤد علیہ السلام کے دو معجزے مشہور ہیں اور قرآن مجید میں بھی مذکور ہیں ایک اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ - "در کفِ داؤد آہن موم کرد" دوسرے اُن کی خوش آوازی جس کو قرآن میں فرمایا ہے کہ پہاڑ اور پرندے اُن کے مطیع تھے اور اُن کے ساتھ ساتھ خدا کی تسبیح و تقدیس کیا کرتے تھے - وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ اِنَّهٗ اَوَّابٌ - اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً كُلٌّ لَّهٗ اَوَّابٌ تو سید احمد خاں سرے سے کسی معجزے کے تو قائل ہیں نہیں اُن کو اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ میں تو کوئی دقت پیش نہ آئی کیوں کہ لوہا جیسے سیر دو سیری پنسیری کے پیرائے میں ویسا ہی تار کے پیرائے

---

۵۱ تو کہیں تم بھی شک کرنے والوں میں نہ ہو جانا - ۱۲ ۵۲ تم کو اس بارے میں شک نہ ہو - ۱۲

۵۳ تو (اے پیغمبر یہ قرآن) جو ہم نے تمہاری طرف اُتارا ہے اگر (بہ تقاضائے بشریت) اس کی نسبت تم کو کسی قسم کا واہمہ ہو تو - ۱۲ ۵۴ داؤد کے لیے ہم نے لوہے کو (بھی) ملایم کر دیا تھا - ۱۲

۵۵ اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کرو کہ (باوجودے کہ ہر طرح کی) قوت رکھتے تھے (مگر اس پر بھی) وہ (ہم وقت خدا کی طرف) رجوع رہتے تھے - ۱۲ ۵۶ ہم نے (ایک طور پر) پہاڑوں کو (بھی اُن کا) تابع (فرمان) کر رکھا تھا کہ صبح و شام اُن کے ساتھ (ساتھ خدا کی) تسبیح (و تقدیس) کرتے اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی (اُن کا تابع کر رکھا تھا) کہ (وہ بھی تسبیح و تقدیس سُن کر اُن کے پاس) سمٹ آتے (اور) سب اُن کے جوابی بنتے - ۱۲

ہیں تو اَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ کے لوہے کو تار کا لوہا کیوں نہ فرض کریں کہ ہر ایک اُس کو آسانی سے موڑ توڑ سکتا ہے حضرت داؤد بھی تاروں کی زرہ بنایا کرتے تھے اُسی کو خدا نے اَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ فرمایا۔ اب سے کوئی پندرہ برس پہلے کا مذکور ہے کہ نواب محسن الملک بہادر جو اُس وقت مولوی مہدی علی تھے مجھے حیدر آباد کی ورک شاپ دکھانے لے گئے اور وہاں لوہا مشین میں اس طرح چھیلا جاتا تھا جیسے گاجر اُس کو دیکھتے ہی میں نے مولوی مہدی علی کو اَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ یاد دلایا۔ کیوں کہ یہ تو ایسی باتوں کی ٹوہ میں لگے ہی رہتے ہیں۔ اب رہی پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح یہ ذرا ٹیڑھی کھیر ہے تو اس کی نسبت سید احمد خاں سے اور کچھ نہ بن پڑا تو کیا بات مغز سے اُتاری ہے کہ جبال سے مُراد ہیں پیدلوں کی پلٹنیں اور طیر سے مُراد ہیں سواروں کے رسالے انھوں نے کہیں لغت میں دیکھ پایا کہ جبل مرد بہادر کو بھی کہتے ہیں اس کے شواہد عربی اور اُردو میں کثرت سے ملتے ہیں جیسے اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ یہاں سپاہیوں کو بنیان مرصوص فرمایا اور وہ جبل سے قریب ہے اور گھوڑے کو طیر سے تشبیہ دینا تو کثرت سے شائع ہے۔ جبال کی پلٹنیں بن گئیں تو طیر کے رسالے تو اب یُسَبِّحْنَ کوئی نئی بات نہ رہی۔ مَیں نے جب یہ تاویل دیکھی تو سید احمد خاں کے ڈھب کی ایک بات میرے بھی ذہن میں آئی اور مَیں نے کہا کہ جِبَال اور طَیر اور سَخَّرْنَا اور یُسَبِّحْنَ سب اصلی معنوں میں رہیں اور پھر غرابت جاتی رہے تو کیسا۔ جبال کے گونج اُٹھنے اور پرندوں کے چُرغنے کو اُن کی تسبیح کیوں نہ کہیں وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ اور پرندوں کا آواز سُن کر چُرغنے لگنا تو اب بھی دیکھا جاتا ہے۔ بندہ کے ایک دوست تھے اور اُن کو بولتے ہوئے جانوروں سے بہت شوق تھا ہمہ وقت جانوروں کے پنجرے

لہ بے شک خدا (تو) اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اُس کی راہ میں صف باندھ کر لڑتے ہیں۔ ۱۲ لہ اور جتنی چیزیں ہیں سب اُس کی حمد (وثنا) کے ساتھ اُس کی تسبیح (وتقدیس) کر رہی ہیں مگر تم لوگ اُن کی تسبیح (وتقدیس) کو نہیں سمجھتے۔ ۱۲

اُن کے گرداگرد رکھے رہتے اور ایک ارگن باجا بھی اُنہوں نے لے رکھا تھا۔ جب اُن کو جانوروں کا بُلوانا منظور ہوتا تو ارگن کو کوک دیتے اور سب جانور اپنی اپنی بولیاں بولنے لگتے۔

جانوروں کا آواز سے متاثر ہونا عرب کے شتربانوں کی حدی سے بھی ثابت ہے ؎

اُشتر بہ شعرِ عرب در حالت ست و طرب	تو خود چہ آدمیی کز عشق بے خبری

اور مشہور ہے کہ سانپ بین پر عاشق ہے اور جس قسم کے وحشی جانوروں کو پکڑنا منظور ہوتا ہے اُنھیں کے ہم جنس جانور کو بُلواتے ہیں اور اُس کے ہم جنس اُس کی آواز پر آموجود ہوتے ہیں۔ لڑکوں کو اس تدبیر سے لال۔ اور پدڑیاں پکڑتے دیکھا ہے اور عشی اور اِبکار یعنی صبح اور شام یوں بھی جانور بولا کرتے ہیں اب صرف سَخَّرَ نا میں کلام ہو سکتا ہے تو ہم تسخیر کا استعمال ایسے مواقع پر بھی دیکھتے ہیں جہاں آدمی کا مطلق دست رس نہیں جیسے مثلاً سورۂ ابراہیم میں ہے اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِہٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّکُمْ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْفُلْکَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِہٖ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْاَنْھٰرَ وَسَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَکُمُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ۔ لوگ اِس قسم کے اختلافات کو بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں یہاں تک کہ اُن کے نزدیک اسلام اور کُفر کا مدار انھیں باتوں پر ہے اور ہم تو اصل مطلب پر نظر رکھتے ہیں کہ اگلے لوگوں کے حالات کے بیان کرنے سے خدا کا مقصودِ اصلی کیا ہے۔ مثلاً یہی داؤد علیہ السلام ہیں ان کے حالات جو کچھ بھی قرآن میں بیان ہوئے ہیں کس غرض سے۔ ہم نے تو یہی غرض سمجھی ہے کہ وہ خدا کے فرماں بردار شکر گزار نیک اور

[1] اللہ ہی (الیسا قادر مطلق) ہے جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برساتا پھر پانی کے ذریعہ سے (درختوں کے) پھل نکالے کہ وہ تم لوگوں کی روزی ہے اور کشتیوں کو تمھارے اختیار میں کر دیا تاکہ اس کے حکم سے دریا میں چلیں اور (نیز) ندیوں کو تمھارے اختیار میں کر دیا اور (اسی طرح ایک اعتبار سے) سورج اور چاند کو تمھارے اختیار میں کر دیا کہ دونوں برابر چکر کھا رہے ہیں اور (الیسا ہی ایک طرح سے) رات اور دن کو تمھارے اختیار میں کر دیا۔ ۱۲

مقبول بندے تھے اور اُن کی فرماں برداری اور شکر گزاری اور نیکی کے صلے میں خدا نے دنیا میں بھی اُن کو بہت سی نعمتیں دی تھیں اور آخرت میں بھی وہ مقربانِ بارگاہ خداوندی میں سے ہوں گے۔ دنیاوی نعمتوں میں سے ایک تو سلطنت تھی ایک یہ کہ وہ بڑے خوش آواز تھے ایک یہ کہ وہ زرہ بنانی خوب جانتے تھے۔ اب رہی یہ بات کہ ذوق شوق میں یا دالٰہی کرتے تھے تو پہاڑ گونجنے اور پرندے چہچہانے لگتے تھے یا خدا پہاڑوں اور پرندوں میں ادراک اور نطق پیدا کر دیتا تھا اور وہ اور آدمیوں کی طرح داؤد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح و تقدیس کرنے لگتے تھے یا وہ اُن کے لشکر کے پیادے اور سوار تھے اور داؤد علیہ السلام امام ہوتے تھے اور وہ مقتدی۔ اور مقتدی بھی غیر مقلد کہ امام کے ساتھ ساتھ آپ بھی پڑھتے جاتے تھے ان باتوں سے اصل مطلب میں رتی برابر بھی فرق نہیں آتا۔ اب تم لگو ان باتوں کی مورخانہ تحقیقات میں اب سے ہزاروں برس پہلے کی بات اُن وقتوں کے واقعات کی تحریری یادداشت نہیں اور جو ہو اُس پر اعتماد نہیں ہو سکتا تو ایسی تحقیقات کا سوائے اس کے اور کیا نتیجہ نکلے گا۔ کہ تم قرآن کی اصل غرض سے بے نصیب رہو گے وَذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ۔ دیکھو تو بات کہاں سے کہاں جا پہنچی۔ شراب کی حرمت کا تذکرہ کرتے کرتے میں یہ کہہ رہا تھا کہ برسوں کیا پیڑھیوں کی پڑی ہوئی عادتوں کا چھڑانا رسم و رواج کا اُٹھانا جمے ہوئے خیالات کا بدلنا آسان کام نہیں ہے اس سے مجھ کو اُن مشکلات کا دکھانا منظور تھا جو جناب پیغمبرِ خدا کو اصلاحِ قوم میں پیش آئیں۔ اس تقریب میں سید احمد خاں کا خیال آگیا کہ یہ بھی ایک چھوٹے سے سکیل کے ایک منی[۵۲] ایچر رفارمر ہیں اور سید احمد خاں کے خیال کے ساتھ علی گڈھ کالج کے خیال کا آنا تو ایک ضروری بات تھی۔ اب آؤ اسی اُم الخبائث شراب کے متعلق دو چار باتیں اور سنو کہ اس کی بندی کے لیے شارع اسلام نے شروع سے آخر تک بڑا ہی دانشمندانہ اور مؤثر طریقہ اختیار کیا جس طرح ایک کاشتکار پہلے زمین کو

---

[۵۱] صریح گھاٹا بھی (کہلاتا) ہے۔ ۱۲ [۵۲] چھوٹے سے مصلح۔ ۱۲

بیج کے لیئے تیار کرتا اور اُس میں بیج ڈالتا اور فصل کی حفاظت کرتا ہی اِسی طرح شراب کی بُرائیاں اور نقصانات بیان کرکے طبیعتوں کو ترک پر آمادہ کیا پھر ترک کا حکم دیا اور حکم کے دیئے پیچھے ممانعت کے بیج کو خوب کسا رکھا طبیعتیں تو حبِّ مال پر مجبول ہی ہیں وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ[۵۱]۔ لوگوں نے چاہا کہ بلا سے خود نہ پئیں مگر پینے والوں کے ہاتھ بیچ ڈالیں یا خیر سرکہ بنالیں کسی بات کی اجازت نہ دی اور فرمایا تو یہ فرمایا کہ قَاتَلَ اللّٰہُ الْیَھُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَیْھِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَّلُوْھَا فَبَاعُوْھَا[۵۲] اور بیچنا اور سرکہ بنانا کیسا ابتدا میں تو اُن باسنوں کے استعمال کو بھی منع فرمادیا تھا جن میں شراب رکھی جاتی تھی جیسے دِبَّاء[۵۳] اور حَنْتَمٌ اور مُزَفَّتٌ اور نَقِیْرٌ ایسی تشدید کرنی پڑی ہی تب کہیں جاکر اس نجس اور ناپاک چیز کا رواج مسلمانوں میں سے اتنا موقوف ہوا ہی اور یہ جو بعض امرا اور بعض انگریزی خوانوں کی شکایت سُنی جاتی ہی تو شراب ہی کی کیا خصوصیت ہی وہ یوں بھی احکامِ شرع کی کون سی پابندی کرتے ہیں خدا نہ کرے کہ حرام لِعَیْنِہٖ اور حرام لِغَیْرِہٖ کی تفریق جو فقہا نے کی ہی اُن کے کان تک پہنچے اور اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ ہو بے شک مسلمانوں پر ایسا زمانہ گزرا ہوگا کہ حد درجہ کی تشدید کو جیسی ابتدائے اسلام میں تھی فقہا نے ضروری نہ سمجھا ہو لیکن مَیں خیال کرتا ہوں کہ ہمارا ہندوستان ویسے ہی بلکہ اُس سے زیادہ تر تشدید کا محتاج ہی۔ اِسی قسم کا معاملہ عورتوں کے پردے کا بھی ہی۔ بلاشبہ پیغمبر صاحب کے زمانے تک پردے میں اتنی سختی نہ تھی جتنی ہم لوگوں نے اب اپنے اوپر لازم کرلی ہی۔ لیکن میں ایک مذہبی روایت بیان کرتا ہوں کہ اگر ہم نے عورتوں کے پردے کی زیادہ سختی بھی اختیار کی ہی تو ضرورت دیکھ کر اختیار کی ہی۔ صحابیوں میں ایک عبداللہ بن عمر ایسے صحابی ہیں کہ پیغمبر صاحب کی حرکات وسکنات میں سے کوئی چھوٹی سے چھوٹی بات اُن کو مل جاتی

---

[۵۱] اور (تھوڑا بہت) بخل تو سب ہی کی طبیعت میں ہوتا ہی۔ ۱۲ [۵۲] یہود پر خدا کی لعنت کہ اُن پر چربی حرام کی گئی تھی تو اِنہوں نے اُسے ٹھیک ٹھاک کرکے بیچنا شروع کردیا۔ ۱۲ [۵۳] شراب رکھنے کے برتنوں کے نام۔ ۱۲

تھی تو وہ اُس کی بھی تقلید کیئے بدون نہیں رہتے تھے۔ میرا خیال یہ ہو کہ اگر اُن کو معلوم ہو جاتا کہ مثلاً پیغمبر صاحب ایک منٹ میں اتنی بار سانس لیتے تھے تو وہ ضرور ایک منٹ میں اُتنے ہی سانس لینا اپنے اوپر لازم کر لیتے فنا فی الرسول سنا ہو تو وہ عبداللہ بن عمر کا حال تھا۔ اچھا تو اُنھوں نے ایک بار پیغمبر صاحب سے ایک حدیث روایت کی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوْا النِّسَاءَ حَظُوْظَھُنَّ مِنَ الْمَسَاجِدِ کہ عورتوں کو خدا کی مسجدوں میں آنے سے نہ روکو۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ کا مطلب تھا کہ عورتیں مسجدوں میں شریک جماعت ہوا کریں اتفاق سے اُسی جلسہ میں اُنھیں عبداللہ کے بیٹے بلال بھی حاضر تھے وہ بول اُٹھے۔ وَاللّٰہِ لَنَمْنَعُھُنَّ (ہم تو بخدا اپنی عورتوں کو مسجدوں میں نہ جانے دیں گے) اِس پر عبداللہ بلال سے سخت ناخوش ہوئے[1] فَاَقْبَلَ عَلَیْہِ عَبْدُ اللّٰہِ فَسَبَّہٗ سَبًّا مَا سَمِعْتُہٗ سَبَّہٗ مِثْلَہٗ قَطُّ۔ وَقَالَ اُخْبِرُکَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَتَقُوْلُ وَاللّٰہِ لَنَمْنَعُھُنَّ باپ بیٹے اپنی اپنی جگہ برسرِ حق تھے۔ باپ کو اتباع سنت کے آگے مناسب اور نامناسب پر نظر ہی نہ تھی اور بیٹا مصلحتِ وقت کو دیکھتا تھا۔ تو جب بلال کے زمانے میں کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے ہوئے اور خود صحابی نہیں بلکہ تابعی تھے پیغمبر صاحب کے زمانے سے اتنا فرق پڑ گیا تھا کہ بلال عورتوں کا مساجد میں آنا پسند نہیں کرتے تھے تو اب اِس چودھویں صدی میں کیا حال ہوا ہوگا۔ اِس پر بھی بعض حضرات متعارف پردے کے مخالف ہیں اور انگریزوں کی دیکھا دیکھی چاہتے ہیں کہ پردہ اُٹھا نہ دیا جائے تو خیر اتنی تو آسانی کر دی جائے کہ پیغمبر صاحب کے وقت کا سا پردہ رہے۔ اور اصل مطلب یہ ہو کہ اتنی آزادی حاصل ہوئے پیچھے کلیتاً پردہ کا اُٹھا دینا کچھ بات نہیں۔ پیغمبر صاحب

[1] پس آئے بلال عبداللہ کے پاس اور ایسی گالیاں دیں کہ ہم نے اُن کو کبھی ایسی گالیاں دیتے نہیں سنا اور کہا کہ میں تجھ سے حضرت رسول اللہ کی حدیث بیان کی اور تو کہتا ہو کہ ہم تو بخدا اپنی عورتوں کو مسجدوں میں نہ جانے دیں گے۔ ۱۲

اور بلال بن عبداللہ بن عمرؓ کے زمانوں میں کچھ ایسا بڑا فصل نہ تھا مگر اتنے ہی دنوں میں کتنا کچھ تغیر لوگوں کی طبیعتوں میں واقع ہو گیا تھا سو یہ کچھ تعجب کی بات نہیں بلکہ اس میں خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا[۵۱] کا ثبوت ہے۔ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا میں انسان کا ضعف جسمانی مقصود نہیں ہے بلکہ یہ آیت ایسے ہی محل پر واقع ہوئی ہے جس کو پردہ کے ساتھ ایک خاص طرح کا تعلق ہے۔ فصلِ زمانی کیسا حضور و غیبت میں بھی یکساں حالت نہیں رہتی۔ صحابہ جناب پیغمبر خدا سے شکایت کیا کرتے تھے کہ ہم حضور میں ہوتے ہیں تو ہمارے دلوں کی اور کیفیت ہوتی ہے اور خدمت سے علٰحدہ ہوتے ہیں تو وہ حالت باقی نہیں رہتی اس کے جواب میں آپ فرماتے تھے کہ میرے سامنے جو تمھاری حالت ہوتی ہے وہی غیبوبت میں رہے تو لَصَافَحَتْکُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ[۵۲] بہرکیف شراب کے بارے میں جو فقہا نے لِعَیْنِہٖ اور لِغَیْرِہٖ کی بحث نکال کھڑی کی میں تو اس کو زمانے کی حالت پر نظر کر کے خلافِ مصلحت ہی کہوں گا۔ فقہا سے میری مُراد فقہائے حنفیہ ہیں ورنہ امام شافعی تو شروع سے اُسی تشدید کے پابند ہیں جو شارع نے شراب کے بارے میں کی تھی۔ مجھ کو اس لِعَیْنِہٖ اور لِغَیْرِہٖ کے جھگڑوں سے کیا مطلب تھا۔ مسلمانوں کی خستہ حالی اور تباہی دیکھ کر خیال آگیا کہ یہ خستہ حالی اور تباہی لِعَیْنِہٖ ہے یعنی نفسِ اسلام کو لازم ہے یا لِغَیْرِہٖ ہے اور اس کا کوئی اور سبب ہے لِعَیْنِہٖ تو ہو نہیں سکتی اور ہونی چاہیئے بھی نہیں کیوں کہ ہم مسلمانوں کا ایک مذہبی گروہ ہے یعنی ہم کو مذہب نے بنایا اور مذہب ہی سے ہم کو عروج ہوا اور عروج بھی ہوا تو ایسا کہ ہم رُوئے زمین کی کسی قوم سے چاہے وہ اب موجود ہو یا نہ ہو کسی بات میں پیچھے نہیں رہے تو وہی مذہب ہمارے لیئے تنزل کا سبب نہیں ہو سکتا اور تنزل بھی ایسا تنزل کہ اب ہم ہی سب سے گئے گزرے ہیں اور اگر ہو تو لازم آئے کہ سببِ واحد سے دو متضاد نتیجے پیدا ہوں وَھٰذَا مُحَالٌ[۵۳] جِدًّا تو ہو نہ ہو

---

۵۱ انسان طبیعت کا کم زور پیدا کیا گیا ہے۔ ۱۲ ۵۲ تو تم سے فرشتے مصافحہ کریں گے۔ ۱۲

۵۳ اور یہ بہت ہی ناممکن ہے۔ ۱۲

یہ خستہ حالی اور تباہی لعنۃ یعنی کسی اور سبب سے ہوگی جو اسلام سے خارج ہے لیکن جہاں تک غور کیا جاتا ہے کوئی سبب سمجھ میں نہیں آتا کہ اسلام سے خارج بھی ہو۔ اور پھر روئے زمین کے سب مسلمانوں میں پایا جائے ایسا سبب مشترک تو اسلام کے سوا اور کوئی ہو بھی نہیں سکتا اور اس کو تو میں ابھی محال ثابت کر چکا ہوں۔ مدتوں غور کرنے سے یہ مسئلہ حل ہوا کہ مسلمانوں کی خستہ حالی اور تباہی کا پہلا سبب ہے جہالت اور وہ پیدا ہوئی اصلی اسلام سے تو نہیں مگر ہاں اسلام متعارف سے کہ وہ مانع ترقی نہ بھی ہو تاہم اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ وہ ترقی کی ترغیب بھی نہیں کرتا۔ جو مذہب توکل سکھائے جو مذہب تقدیر پر قانع ہو کر بیٹھ رہنے کی تعلیم دے جو مذہب طلب دنیا کو گناہ بتائے جو مذہب دنیا سے نفرت دلائے اس کے معتقدوں سے ترقی کی امید رکھنی ایسی ہے جیسے پر قینچ کبوتر سے باز بلند پرواز کے مقابلے کو کہا جائے ہم بھی توکل کے قائل ہیں مگر "بر توکل زانوئے اشتر بہ بند" کے۔ ہم بھی تقدیر کو مانتے ہیں مگر اَلتَّدَابِیْرُ ثُمَّ التَّقْدِیْرُ بھی کو۔ ہم بھی طلب دنیا کو گناہ سمجھتے ہیں مگر وہ دنیا جس کا نتیجہ ہو کبر اور نخوت ؎

چیست دُنیا از خدا غافل بدن		نے قماش و نقرہ و فرزند و زن	

ہم میں سے کوئی بھی چاہتا ہے کہ اندھا ہو اس لئے کہ عجب نہیں اس کی آنکھ محرمات پر پڑے گی۔ کوئی پسند کرتا ہے کہ لنجا ہو اس خیال سے کہ شاید وہ کسی کو ناحق مار بیٹھے گا کوئی جائز رکھے گا کہ لنگڑا ہو کہ کہیں بدراہ نہ چلے تو کیوں ابنائے جنس میں برتری کے خواہاں نہ ہوں۔ شعر

مال را گر بہر دیں باشی حمول		نعم مال صالح گفتش رسول	

خدا تو اپنے کلام میں مال کو خیر سے تعبیر فرماتا ہے کُتِبَ عَلَیْکُمْ[۵۲] اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَکَ خَیْرَا نِ الْوَصِیَّۃُ اور وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ[۵۳]۔ اب اپنے مولویوں سے کبھی یہ تو پوچھا کرو کہ جس کو خدا خیر فرمائے اس کو عموماً برا سمجھنا برا کہنا کیسا جس کو تم لوگوں نے توکل اور تقدیر اور دنیا سمجھا ہے پہلے قرون اولیٰ کے مسلمانوں نے نہیں سمجھا اور نہ آج مسلمان دوا کو بھی میسر نہ آتے یہ انھیں غلط فہمیوں کا طفیل ہے کہ تباہی کے کنارے آ لگے

[۵۲] پہلے تدبیر بعد تقدیر۔ ۱۲ [۵۲] (مسلمانو) تمکو حکم دیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کے سامنے موت آموجود ہو (اور) وہ کچھ مال چھوڑنے والا ہو تو اچھی طرح پر وصیت (کر مرے) [۵۳] اور وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔ ۱۲

ہو مگر ابھی تک تباہ نہیں ہوئے تیرہ سو برس تک تو اُن کے غلط توکل نے سنبھالا اب دیکھیں تمہارا صحیح توکل تم کو کیوں سنبھالتا ہے۔ سید احمد خاں کی کوششوں اور ان کوششوں کے نتیجوں کو دیکھ کر کسی وقت جی خوش بھی ہوتا ہے مگر جب اس بات پر نظر کرتے ہیں کہ پچیس کروڑ مسلمان ہیں اور روئے زمین کے تمام اطراف وجوانب میں پھیلے ہوئے ہیں اور سب کے سب مِنْ اَوَّلِهِمْ اِلٰی آخِرِهِمْ عَلٰی شَفَا جُرُفٍ هَارٍ ایک رنگ میں ڈوبے ہوئے۔ تو یہ تمام تر کوشش بے سود اور رائگاں معلوم ہوتی ہے۔ سید احمد خاں نے سوائے اس کے اور کونسی گڑھی فتح کر لی کراونٹ کے مونہہ میں زیرا۔ پچیس کروڑ میں سے پانچ چھ اسٹوڈنٹ جمع کر لیے۔ اس سے بڑھکر احمق کون جو اس مقدار سے اور میں تو قوم کے مقابلے میں اس کو مقدار کہتے ہوئے بھی تامل کرتا ہوں پھر کیف اس سے بڑھ کر احمق کون جو اس مقدار سے فلاح قوم کی توقع کرے۔ قوم کو اگر فلاح ہونی ہے تو وہ تو اسی صورت میں ہو گی جب نسبت بدل جائے یعنی جتنے اب تعلیم یافتہ ہیں اُتنے نا تعلیم یافتہ ہوں۔ بے شک یہ تعلیم کے لیے بڑا ہائی سٹینڈرڈ ہے اور خود یورپ بھی اس درجہ تک نہیں پونہچا۔ لیکن یورپ میں جو تعلیم نا یافتہ ہیں وہ اُن باتوں میں جو سکھانی منظور ہیں بے پڑھے ہمارے تعلیم یافتوں سے بمدارج بہتر ہیں یہ بہت پڑھیں گے ایک وقت خاص تک سکول میں یا کالج میں وہ ہمہ وقت سوتے جاگتے چلتے پھرتے پڑھتے ہیں گھروں میں مارکٹ میں سوسائٹی میں اگرچہ قوم کی حالت بالکل مایوسی کی حالت ہے لیکن جس بیمار دار کے دل کو لگی ہوتی ہے اُس سے کب صبر ہو سکتا ہے وہ سمجھ چکا ہے کہ بیمار بچنے والا نہیں مگر دمِ واپسین تک اپنی سی کیے جاتا ہے بیمار کا سانس اکھڑ چکا ہے اور یہ اُس کو رِیوائیونگ[۵۲] سمٹولینٹس پلا رہا ہے اگر انگریزی خیال کا ہے۔ اور ورق نقرہ کے ساتھ دوا المسک دے رہا ہے اگر طب یونانی کا معتقد ہے۔ بیمار نے سنبھالا لیا ہے اور یہ اُس کو بڑھاوے دیتا ہے یہی یا ایسا ہی حال ہے اُن تمام کوششوں کا۔ علی گڈھ کالج ہو یا کانفرنس یا تہذیب الاخلاق یا انسٹیٹیوٹ گزٹ جو مسلمانوں کو گدگدانے اور اُبھارنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ مسلمانوں کی بیماری معلوم اور اُس کی حکمی دوا بھی معلوم مگر بیمار دوا کو پینا ہی نہیں چاہتا تو اُس کا کیا علاج لِكُلِّ شَیْءٍ اٰفَةٌ وَّلِلْعُلُوْمِ اٰفَاتٌ[۵۳] کسی

---

[۵۱] اول سے لے کر آخر تک سب کے سب ہلاکت کے کنارے پر کھڑے ہیں۔ ۱۲ [۵۲] ہوش میں لانے والی مفرح دوائیں۔ [۵۳] ہر چیز کے ساتھ ایک نہ ایک آفت لگی ہوئی ہے مگر علم کے ساتھ تو بہت سی آفتیں ہیں۔ ۱۲

کا مقولہ ہے جس کو بچپن میں سُنا کرتے تھے اور یوں سمجھتے تھے کہ علم کا حاصل ہونا بہت سی شرطوں پر موقوف ہے سات سہاگنیں ہوں تو لاڈو کا اٹھنا پسے ۔ یعنی یہ کہ شاگرد کو شوق ہو جی لگا کر پڑھے اُستاد شفیق ہو دل سوزی سے شاگرد کو بتائے سمجھائے دونوں کو ایک وقت ممتد تک فراغ خاطر ہو کہ پڑھنے پڑھانے میں کسی طرح کا خلل نہ واقع ہو ۔ جو کتاب درکار ہو فی الوقت بہم پہونچ جائے ۔ ظاہر ہے کہ اتنی شرائط کا جمع ہونا ہر ایک کو نصیب نہیں ہوا کرتا ۔ بہرکیف ہم تو لِلعِلمِ آفاتٌ کے یہی محامل سمجھا کرتے تھے اور یہی محامل تھے بھی ۔ اب اِن دقتوں میں علم کے حصے کی آفتیں اور بھی زیادہ ہو گئی ہیں از جملہ مذہبی تعصبات کے علاوہ نفسِ علم کے بارے میں غلط فہمیاں ۔ مجکو اس وقت اور اس جگہ مذہبی تعصبات سے بحث کرنی منظور نہیں ۔ ہاں نفسِ علم کے بارے میں جو غلط فہمیاں واقع ہیں اُن پر ریمارک کرنے چاہتا ہوں کیونکہ میں ان غلط فہمیوں کو تعلیم کا سنگِ راہ سمجھتا ہوں ۔ ہم اپنے سلسلۂ درس پر نظر ڈالتے ہیں تو ظاہر ہوتا ہے کہ تعلیم کا مقصود اصلی علومِ دین رہے ہیں اور دنیاوی علوم میں صرف وہی حصہ داخلِ درس رہا ہے جس سے علومِ دین کو کسی طرح کی تائید پونہچتی ہے جیسے صرف و نحو منطق ہندسہ و امثالہا پس اگر سچ پوچھو تو ہمارے یہاں علوم دنیا کا رواج ہی نہیں رہا اور یوں کسی نے ذاتی شوق سے فن خاص میں تبحر حاصل کیا تو اُس کو رواج نہیں کہتے اب ایک وقت آیا کہ اہلِ یورپ نے اپنی تمام ہمتیں علومِ دنیا کی طرف مصروف کر دیں جن سے ہم تھے نابلد اور وہ بازی لے گئے اور اُن کا حق تھا اب تک بھی تو علم کی طرف سے ہمارے خیالات درست نہیں ہوئے ۔ انگریزوں نے تعلیم پر دیا زور اور الوانِ نعمت سے ہم کو زبردستی مار مار کر نمک چشی کے طور پر کچھ کچھ چٹایا تو ہم نے بہ مجبوری منہ بنا بنا کر چاٹا اور کلوں میں لے رہے آنکھ بچی اور تھوک دیا نہ ہم نے اُس کو غذا سمجھا نہ رغبت سے کھایا اور نہ اس سے کچھ فائدہ اُٹھایا ۔ وہ جو کہتے ہیں کہ ملّا کی دوڑ مسجد تعلیم یافتوں کا قصارے ہمت نوکری اور اُن کی تعلیم کی بساط بھی اسی قدر نوکری پر ایسے گرے جیسے آجکل کے کنگلے غلہ پر نتیجہ کیا نکلا اور اس کے سوا نکلنا ہی کیا تھا کہ ابھی تعلیم نے جیسا چاہیئے اور جتنا چاہیئے رواج بھی نہیں پایا اور لوگوں کو ان کی ناکامی دیکھکر تعلیم کی طرف سے بے دلی پیدا ہو گئی لیکن جس زمانے نے اتنی اصلاح کی ہے کہ انگریزی

کی طرف سے اگلی سی وحشت نہیں رہی وہی زمانہ بتدریج اس غلطی کی بھی اصلاح کر کے رہے گا کہ تعلیم کا مقصد صرف نوکری نہیں ہے۔ نوکری کے علاوہ معاش پیدا کرنے کے اور بھی بہت ذریعے ہیں اور کتنے تو ایسے ہیں کہ نوکری کی تو اُن کے آگے کچھ حقیقت نہیں۔ اگرچہ ان وقتوں کے تعلیم یافتوں نے ان ذرایع کے لیے تیاری نہیں کی مگر جتنا کچھ بھی ان لوگوں نے حاصل کیا ہے وہ جیسے نوکری میں تعلیم کی بدولت پیش پیش ہیں اسی تعلیم کے بدولت اپنے ہم پیشوں سے دوسرے ذرائع میں پیش پیش رہیں گے۔ یہ جو یورپ کی صناعیاں ہندوستان کی صنعتوں کو ملیامیٹ کرتی چلی جارہی ہیں یہ اسی تعلیم کے تو نتیجے ہیں تو جب یہیں کے تعلیم یافتہ ان کاموں کی طرف متوجہ ہوں گے یورپ آپ سے آپ دم دبا کر بھاگے گا۔ ولایتی کے چرٹ سوت موٹا کپڑا ان سب چیزوں کا دارومدار بھی یورپ پر تھا جب سے ہندوستانیوں نے ان کا بنانا شروع کیا یورپ نے ہاتھ کھینچ لیا۔ تعلیم یافتوں کی بے دلی کو لوگ تو تعلیم کے حق میں مضر خیال کرتے ہیں اور میں اس کو ایک فالِ نیک سمجھتا ہوں۔ پانی ایک جگہ جمع ہوتا ہے تو وہ اپنا راستہ کہیں نہ کہیں کر کے رہے گا۔ یہی حال تعلیم کا ہے کہ وہ نوکری میں ظاہر نہ ہوگی تو شاید تجارت میں۔ شاید زمینداری میں شاید صنعت میں یا شاید کسی اور شان میں مگر ظاہر ہو کر رہے گی ضرور۔ اب جب زندگانی کی کل حالتوں میں اور کل ضرورتوں میں تعلیم اپنا دخل کرے گی تب ہی جانو کہ قوم اور ملک نے ترقی بھی کی۔ اب مجکو کانفرنس کے متعلق بھی چند الفاظ کہنے چاہئیں اگرچہ گیارہویں گھنٹے میں جبکہ سب کارروائی ہو چکی ہے مشت بعد از جنگ ہی کیوں نہ ہو۔ کانفرنس کے انعقاد کے مشتہر ہونے سے پہلے بعض لوگ خیال کرتے تھے کہ گرانی کی وجہ سے امسال کانفرنس نہ ہو اور ہونا چاہیئے بھی نہیں۔ بعض صاحبوں نے یہ خیال مجھ پر ظاہر بھی کیا تو میں نے اس کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ ایسے وقت تو کانفرنس ضرور منعقد ہونا چاہیئے یہ گرانی تو ایک عارضی گرانی ہے اور عام ہے اور ایک قحط دائمی اور مستمر آنے والا ہے جو خاص مسلمانوں کے لیے ہوگا کہ سما ہوگا اور مسلمان بے مقدوری کی وجہ سے شکم سیر نہ کھا سکیں گے اور اگر خدانخواستہ مسلمانوں کی مالی حالت اسی نسبت سے گھٹتی رہی جیسی کہ اب تک گھٹتی چلی آئی ہے

تو اُس دن کو کچھ دور نہ سمجھو۔ ایک مشہور بات ہے اور جس کو کاشتکاروں کے ساتھ کچھ بھی تعلق ہے وہ اس کی تصدیق کرے گا کہ کاشتکار قیمتی اور عمدہ پیداوار سے سرکار کا بھرنا بھرتا اور مہاجن کا قرضہ ادا کرتا اور کم قیمت اور موٹے اناج سے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالتا۔ پس وہ عمدہ اناج اپنے لیئے نہیں بلکہ دوسروں کے لیئے پیدا کرتا ہے اور بے مقدرتی کی وجہ سے اُس کو آپ نہیں کھا سکتا۔ سستے سمے کے معنے کیا ہیں کہ جتنا اناج مثلاً اس وقت ایک روپیہ کو آتا ہے وہ سستے سمے میں آٹھ آنے یا چھ آنے کا آنے لگے۔ لیکن یہ ارزانی اور گرانی اُسی کے لیئے ہے جس کی گانٹھ میں پیسے ہوں اور جس بدنصیب مصیبت مند کے پاس پیسہ ہی نہیں اُس کو سستا اور مہنگا دونوں برابر۔ آج کل کی عارضی گرانی کی طرف گورمنٹ سے لے کر خوش باش لوگوں تک سبھی کی توجہیں مصروف ہیں اور اپنی اپنی جگہہ جو جس سے بن پڑتا ہے کر رہا ہے مگر وہ دائمی اور مستمر قحط جو خاص کر مسلمانوں پر آنے والا ہے ایک بڈھے سرسیّد کو تو دیکھتے ہیں کہ اُس کے غم میں گھلا جا رہا ہے باقی جن پر اس قحط کی آفت نازل ہونے والی ہے اُنھیں کو اس کی پروا نہیں تو دوسروں کی بلا کو کیا غرض پڑی ہے کہ پرائی آنچ میں جلیں۔ اس عارضی گرانی کے دور کرنے کے لیئے لوگوں نے امریکا اور روس اور فارس سے غلہ منگوایا ہے۔ سو دائمی اور مستمر قحط کے دور کرنے کے لیئے بھی جو خاص مسلمانوں پر آنے والا ہے اس مرد بزرگ نے یورپ سے لاکر تعلیم کی رسد جمع کی ہے لیکن رسد کے ہوتے ساتے مسلمان بھوکوں مریں اور رسد سے فائدہ نہ اٹھائیں تو اُن کی تقدیر۔ بات یہ ہے کہ کانفرنس میں آنا اور بات کرنے کو بھی طبیعت مضایقہ کرتی ہے کیا فائدہ ہے بیہودہ بکواس کرنے سے جب کہ شروع سے آج تک کسی رزولیوشن کی پوری پوری تعمیل نہیں ہوئی مسلمان کسی اصلاح پر کاربند نہیں ہوئے ورنہ میرے دل میں تھا کہ زیادہ نہیں تو اخباروں کے بارے میں میں بھی ایک رزولیوشن پیش کرتا کہ یہ تعلیمی کانفرنس ہے اور اخبار بھی تعلیم کا ایک قوی ذریعہ ہے تو کیوں کانفرنس ان کی اصلاح کی طرف متوجہ نہ ہو۔ اخباروں کی جیسی ردی حالت ہے وہ ظاہر و آشکارا ہے اور میں نے اس کے شواہد بھی جمع کیئے تھے مگر ان دنوں میرے پاس فنڈ کی کوتاہی ہے۔ شواہد پیش کروں تو اخبار والے ضرور گالیاں دیں جیسی اُن کی عادت ہے اور گالیاں دیں تو میں ضرور انتقام لوں جیسی میری طبیعت ہے۔ پس میں نے تو ایک ہنٹ[۱] کر دیا ہے۔ اب جن صاحبوں

[۱] اشارہ۔

کو رزولیوشن کے پیش کرنے کا شوق ہو اور اُن کو رزولیوشن کے خون کے بدر ہونے سے ایذا نہیں ہوتی میں اُن کو اجازت دیتا ہوں کہ اگر اگلے سال پھر کانفرنس جمع ہو اور خدا کرے کہ ہو اور پھر ہو اور پھر ہو وَھَلُمَّ جَرًّا یعنی خدا سر سید احمد خاں کو سالہائے دراز تک سلامت رکھے تو کوئی صاحب اخباروں کے بارے میں جو میرے ہم خیال ہوں اس کو ایک مدلل رزولیوشن کے پیرائے میں پیش کرکے کانفرنس سے پاس کرائیں۔ کم سے کم اتنا تو ہو کہ مسلمانوں کے اخبار اپنا ٹون[۵۱] درست کرلیں سر سید احمد خاں نے مسلمانوں کو کانگریس کی شرکت سے روکا اور وہ رُک گئے۔ مگر اخبار ایسی بُری طرح سے گورنمنٹ اور اُس کے عہدہ داروں پر نکتہ چینیاں کرتے ہیں کہ کانگریس کو بھی مات کیا ہے۔ باتیں ہیں کہ مُنہ تک آتی ہیں مگر وہی فنڈ کی کوتاہی کی وجہ سے میں اُن کو کہہ نہیں سکتا۔

نظم

عزت نہیں ہنر نہیں پلّے سکّا نہیں
دنیا میں اب تو جینے کا مطلق مزا نہیں

جن کی عمارتیں بہ فلک سر کشیدہ تھیں
نسلوں میں اُن کی رہنے کا اب جھوپڑا نہیں

جن کے گھروں میں مخمل رومی کے فرش تھے
اب اُن کے پاس بیٹھنے کو بوریا نہیں

تنور گرم رہتے تھے جن کے شبانہ روز
نوبت یہ ہے کہ چولھے پر اُن کے توا نہیں

دادا کو دیکھا عالم و فاضل تھے مستند
پوتے سے پوچھتے ہیں تو حرف آشنا نہیں

باوا فقیر تھے کہ انھیں پوجتے تھے لوگ
بیٹا فقیر ہے کہ کوئی پوچھتا نہیں

پشتینی زیر دست کریں بد دعا عیاں
اے قوم تجھ میں غیرت و شرم و حیا نہیں

اول سے ہوتے آئے ہیں دنیا میں انقلاب
ایک طرح پر کسی کا زمانہ رہا نہیں

ہم بھی اگر زمانے کی گردش میں آگئے
تقدیر و بخت و چرخ سے کوئی گلا نہیں

برسوں رہے ہیں ہم پہ کرمہائے روزگار
ایک بے رُخی پہ روٹھنا شرط وفا نہیں

[۵۱] لہجہ۔ طرز ادا۔ ۱۲

یہ اتفاق وقت نہیں نادر الوقوع — یہ ماجرا عجیب کوئی ماجرا نہیں
مایوس کس لیے رہیں ہوں نا امید کیوں — کوئی مرض نہیں ہے کہ جس کی دوا نہیں
گر سلطنت گئی تو گئی کیا مضایقہ — کیا اس بغیر کوئی جہاں میں جیا نہیں
ہمت خدا مگر نہ ہرائے کہ یہ رہے — اور جائے سب تو جانو ابھی کچھ گیا نہیں
جو برسرِ عروج ہیں اب فی زمانہ — ان میں بھی جملہ فرد بشر بادشا نہیں
معمور ہیں خزائن انعامِ کردگار — پر کیا کریں کہ ہاتھ ہی اپنا رسا نہیں
خلعت گر اُس کی اپنے بدن پر نہ ٹھیک آئے — ہے جسم کی خطا یہ قصورِ قبا نہیں
جو واقعہ ہے اُس کا سبب ہے کوئی ضرور — ٹوٹا کسی مقام سے یہ سلسلہ نہیں
محنت بغیر مزد کسی کو نہیں ملا — بے جوتے بوئے کھیت کسی کا پھلا نہیں
پھر یہ جو ہم سبھوں پہ گزرتی ہیں سختیاں — کیا اپنی نالیاقتیوں کی سزا نہیں
فرما دیا ہے صاف کلامِ مجید میں — قسمت میں آدمی کی بجز ما سعیٰ نہیں
کیا روئیے کہ غور سے دیکھا تو واقعی — اپنا ہی ہے قصور کسی کی خطا نہیں
ہم آپ جمنے دیتے نہیں نقشِ مدعا — ورنہ ہمارے ہاتھ میں سب کچھ ہے کیا نہیں
ہم اہل ہوں تو خوانِ کرم اُس کا ہے وسیع — اوروں کا وہ خدا ہی ہمارا خدا نہیں
جو جس نے مانگا اُس نے دیا سب کو بدریغ — محروم اُس کے فیض سے کوئی رہا نہیں
کیا دن کو آفتاب نہیں ہے جہاں فروز — یا شب کے وقت نورِ قمر کی ضیا نہیں
دیکھا کسی نے پھینک کے اوپر سے سنگ کو — اور وہ کبھی زمین پہ آ کر گرا نہیں
یا آگ کی کمی ہے ہمارے دیار میں — پانی نہیں زمین نہیں یا ہوا نہیں
ہندوستاں میں قوتِ برقی کا قحط ہے — یا یاں ٹنوں[۱] سیٹم بنا اور اوڑا نہیں
یا ہم خدانخواستہ معذورِ بخت ہیں — یعنی کہ چشم و گوش نہیں دست و پا نہیں

[۱] اٹھائیس من کا ایک ٹن ہوتا ہے ۱۲

معلوم ہے کہ علم پر اب ہے مدار کار
اور جس کو یہ نہیں اُسے جینا روا نہیں

پر علم وہ کہ جس سے ہے یورپ کو امتیاز
اس سے مراد شاعریِ ایشیا نہیں

کرتا ہے ایک افسرِ تعلیم یوں رپورٹ
ڈھونڈے سے جب کوئی سبب اسکو ملا نہیں

ہوتے ہیں یوں جو فیل مسلمان بالعموم
ان میں مگر مناسبتِ ہند سہ نہیں

ہے بات یہ کہ جزوِ بدن کس طرح سے ہو
رغبت کے ساتھ کھائی گئی جو غذا نہیں

صدہا برس سے بگڑے ہوئے ہیں مذاقِ قوم
آخر رواج و رسم کوئی شے ہے یا نہیں

چھٹتے ہی چھٹتے چھوٹے گی عادت پڑی ہوئی
دو چار دن کا کام تو یہ مشفقانہ نہیں

ہاں ایک سبیل ہے کہ علی گڑھ چلے چلو
اس وقت اس سے ہند میں بہتر جگہ نہیں

وہ آکسفورڈ و کیمبرج کا جواب ہے
بس اتنا فرق ہے کہ وہ آب و ہوا نہیں

واں قدر دانیاں ہیں تو یاں بدگمانیاں
اور تہمتیں کہ جن کی کوئی انتہا نہیں

واں مدرسوں کے واسطے چندوں کی ریل پیل
یاں یہ سبق کوئی متنفس پڑھا نہیں

واں ہمتیں کہ بامِ فلک پر کریں عروج
یاں بیٹھے پیچھے اُٹھنے کا بھی حوصلہ نہیں

وہ مستعد کہ چل کے کریں سیرِ بر و بحر
ہم میں گھروں کی قید سے کوئی رہا نہیں

واں وقت کی یہ قدر کہ ضائع نہ ہو منٹ
یاں روز و ماہ و سال کی پروا ذرا نہیں

وہ محنتی کہ کام میں ہر وقت مشتغل
ہم اینڈ اس لیے کہ کوئی مشغلہ نہیں

ایک ہم کہ ہم کو سو میں سے ننانوے ہیں عار
ایک وہ کہ کوئی کام ہو ہرگز[۵۱] برا نہیں

عیسائیوں میں ساری مسلماں کی خصلتیں
اسلامیوں میں اُن کی سی کوئی ادا نہیں

واں اتحاد و میل و اُلفت و وفاق
یاں ایسے اختلاف کہ کہنے کی جا نہیں

یاں چھوٹی چھوٹی باتوں میں مذہب کی روک ٹوک
واں ایسی مہلات کا کچھ تذکرہ نہیں

مانو نہ مانو ہم کہے دیتے ہیں صاف صاف
جس رنگ میں ہو وقت کا یہ اقتضا نہیں

[۵۱] انکار ۱۲

اٹھائیسواں لکچر

الملقب بہ

استمالت

جو

انجمن حمایت اسلام لاہور کے بارہویں سالانہ جلسے ۱۸۹۷ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کسی بزرگ کی نقل ہے کہ اُن کی نماز تہجد ناغہ نہیں ہونے پائی تھی ۔ پڑھنا نہ پڑھنا تو خیر دوسری بات ہو مگر ابھی تک غنیمت ہو کہ حاضرین میں سے اکثر مسلمان سمجھتے ہونگے کہ نماز تہجد سے کونسی نماز مراد ہو ۔ نماز تہجد سے مراد ہو وہ نماز جو آخر شب میں پڑھی جاتی ہو ۔ ابتداے اسلام میں یہی ایک نماز تھی پھر جب نماز پنج گانہ فرض ہوئی تو نماز تہجد نافلۂ شب قرار پائی ۔ اگرچہ تمام عبادتوں میں نماز بڑی آسان عبادت ہو مگر وہ جو کہتے ہیں ؎

مشکل ز توجہ تو آساں	آساں ز تغافل تو مشکل

لوگوں نے غفلت اور بے پروائی سے اس کو ایک مصیبت بنا رکھا ہو وَاِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رَاجِعُونَ ترجمہ (اور البتہ وہ بھاری ہو مگر انھیں پر جن کے دل پگھلے ہیں جن کو خیال ہو کہ اُن کو ملنا ہو اپنے رب سے اور اُن کو اُسی کی طرف اُلٹے جانا) اور یہی وجہ ہو کہ بہتیرے مسلمان تارک الصلوٰۃ ہیں یا پڑھتے ہیں تو گندہ وار کیونکہ وہ یَظُنُّونَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رَاجِعُونَ میں نہیں ہیں ۔ اگر اس کا یقین ہو کہ ایک دن خدا کے حضور میں حاضر ہونا ہو ۔ اور حاضر ہونا ہو تو نماز کی پرسش بھی ہونی ہو ؎

روزِ محشر کہ جاں گداز بود		اولیں پرسش نماز بود	

تو کیوں نماز ترک کی جائے اور کیوں گنڈے دار پڑھی جائے۔ پس نماز کا ترک کرنا یا گنڈے دار پڑھنا نشانِ ضعفِ ایمان ہے۔ نماز پنج گانہ کی آسانی میں تو کچھ بھی شبہ نہیں مگر ہاں نمازِ تہجد البتہ مشکل ہے کیونکہ آخرِ شب کا وقت سونے اور آرام کرنے کا ہے وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ترجمہ اور ہم نے تمہاری نیند کو موجبِ راحت بنایا) مگر جیسی مشکل ہے ویسا ہی اس کا ثواب بھی ہے اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيلًا۔ ترجمہ (بے شک رات کا اُٹھنا (نفس کو) خوب زیر کرتا ہے اور اُس وقت دعا بھی ٹھیک (دل سے) نکلتی ہے وہ ایک وقت سناٹے کا ہوتا ہے کہ تمام عالم سوتا پڑا ہوتا ہے اور کوئی چیز صارف توجہ نہیں ہوتی۔ اس وقت کی نسبت حدیث میں آیا ہے کہ بارگاہِ رب العزت سے ندا ہوتی ہے۔ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ ترجمہ (کوئی گناہوں کی معافی مانگتا ہے کہ ہم اُس کے گناہ بخش دیں۔ کوئی دعا کرتا ہے کہ ہم اُس کی دعا قبول کریں) سبحان اللہ عجب رحمت اور قبولیت کا وقت ہوتا ہے۔ تو جو لوگ ایسے وقت میں عبادت کرتے ہیں اُن ہی کی نسبت فرمایا ہے۔ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا۔ ترجمہ (رات کے وقت) اُن کے پہلو بستروں سے آشنا نہیں ہوتے اور (عذاب کے) خوف اور (رحمت کی) اُمید سے اپنے پروردگار سے دعائیں مانگتے ہیں) غرض وہ یہ نماز تھی جس کی نسبت میں نے کہا تھا کہ کسی بزرگ کی نمازِ تہجد قضا نہیں ہونے پاتی تھی اُن کے معتقدین نے "پیراں نمی پرند مریداں می پرانند" کہنا شروع کیا کہ ہر شب بالالتزام سو نفلیں پڑھا کرتے ہیں۔ مشائخ کے حلقوں میں رہنے کا اتفاق ہو تو پیراں نمی پرند مریداں می پرانند کی بہت سی مثالیں نظر سے گزریں۔ مگر مجھکو تو ساری عمر ایسا اتفاق ہوا نہیں اور بات صاف یہ ہے کہ میں نے اس سلسلے میں داخل ہونے کی ضرورت کو اس وقت تک سمجھا بھی نہیں۔ لَعَلَّ اللَّهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَٰلِكَ أَمْرًا۔ ترجمہ شاید اس کے بعد اللہ کوئی صورت پیدا کر دے) بزرگوں کے فیضانِ صحبت اور اُن کے عمدہ نمونے اور نصیحت سے متاثر ہونے کا تو میں قائل ہوں۔ مگر متعارف بیعت کا طریق ایک تماشا ہے جس کو میں حل نہیں کر سکا۔ بیعت کا ماخذ تو قرآن میں پایا جاتا ہے۔ ایک تو یا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا

جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ترجمہ (اے پیغمبر جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں آئیں (اور تم سے اس پر بیعت کرنی چاہیں کہ کسی چیز کو اللہ کا شریک نہیں ٹھیرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ دختر کشی کریں گی اور اپنے ہاتھ پاؤں کے آگے کوئی بہتان نہیں بنا کھڑا کریں گی اور نیک کاموں میں (جن کے کرنے کا تم حکم دو) تمہاری حکم عدولی نہیں کریں گی تو (ان شرطوں پر) تم اُن سے بیعت لے لیا کرو اور خدا کی جناب میں اُن کی مغفرت کی دعا کرو) اور دوسرے لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ترجمہ (اے پیغمبر جب مسلمان (ایک کیکر کے) درخت کے تلے تمہارے ہاتھ پر (لڑنے مرنے کی) بیعت کر رہے تھے خدا (یہ حال دیکھ کر اُن) مسلمانوں سے خوش ہوا) اور إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ۔ ترجمہ (اے پیغمبر) جو لوگ تمہارے ہاتھ پر (لڑنے مرنے کی) بیعت کر رہے ہیں وہ (تم سے نہیں بلکہ) خدا ہی سے بیعت کر رہے ہیں کہ تمہارا نہیں بلکہ خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے) اور لفظ بیعت کا ماخذ اصل میں باغ ہے جو ہندی میں باہ ہاتھ کے معنی میں بولا جاتا ہے اور عجب نہیں کہ ہندی کا باہ وہی عربی کا باغ ہو اور عرب کا دستور تھا کہ جب معاہدہ کرتے۔ تو متعاہدین ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارتے اور یہ استحکام معاہدہ کا نشان ہوتا۔ اور یہاں ہندوستان میں بھی گھوڑوں کے اور کرانے کے دلالوں کو تھپی مارتے دیکھا جاتا ہے۔ تو جب کوئی نو مسلم داخل اسلام ہوتا یا مسلمان دشمن کے مقابلے میں ثابت قدم رہنے کا عہد و پیمان کرتا اُس سے دستور کے مطابق بیعت لی جاتی تھی مگر ہم نہ تو نو مسلم ہیں اور نہ ہم سے کوئی نیا عہد و پیمان لیا جاتا ہے تو بیعت از برائے چہ۔ ہمارا وہی عہد فطرت ایک پرانا عہد ہے جو ہم خدا کے ساتھ کر چکے ہیں وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَىٰ شَهِدْنَا ترجمہ اور جب تمہارے پروردگار نے بنی آدم سے یعنی اُن کی پیٹھوں سے اُن کی نسلوں کو باہر نکالا اور اُن کے مقابلے میں

خود اُن ہی کو گواہ بنایا (اس طرح پر کہ اُن سے پوچھا) کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ہوں؟ سب بولے ہاں ہم (اس بات کے) گواہ ہیں اور ہم نہیں جانتے کہ ہم کو کسی اور عہد کرنے کی بھی ضرورت ہے تو میں نہ مشائخ کے کسی سلسلے میں داخل ہوں نہ میں نے کسی کے ہاتھ پر بیعت کی نہ بیعت کی ضرورت کو سمجھا نہ مشائخوں کے حلقوں میں رہا اور نہ پیراں نمی پرند مریداں می پراند کی مثالیں میری نظر سے گزریں مگر ہاں ایک **حکایت** پیراں نمی پرند مریداں می پراند کی سنی ہے کہ کسی پلٹن میں سے ایک کمپنی کی کمپنی کے نام کاٹ دیئے گئے یہ غدر ۵۷ء سے پہلے کی بات ہے اُن دنوں مسلمانوں کی پلٹنوں میں ایک ملّا قرآنی بھی ہوا کرتے تھے مجکو معلوم نہیں کہ وہ خدمت سرکاری تھی یا نہیں مگر سرکاری تو کیا ہوگی ملا صاحب اپنے طور پر نمازی سپاہیوں کی امامت کرویا کرتے اور مسئلہ مسائل بتا دیا کرتے ہوں گے۔ غرض جس طرح گوروں کا پادری ہوا کرتا ہے اور سرکار سے تنخواہ پاتا ہے اسی طرح ملّا قرآنی مسلمانوں کے پادری ہوا کرتے تھے اور مذہبی خدمات ان سے متعلق تھیں لوگ اپنے طور پر ان کے گزر اوقات کا انتظام رکھتے ہوں گے۔ خیر تو جب اُس کمپنی کا نام کٹ گیا تو اُن کے ساتھ ملّا قرآنی بھی پلٹن سے نکال دیے گئے مگر یہ تھے بڑے چلتے پرزے اُنھوں نے سپاہیوں کو تسکین دی کہ نام کٹ جانے کی مطلق پروا نہ کرو۔ میں ایسے بہت ہنر جانتا ہوں کہ تم سب کے سب زیادہ نہیں دو تین ہی برس میں امیر ہو جاؤ اور تمھاری نظر میں صوبہ داری کی بھی کوئی حقیقت باقی نہ رہے۔ یہ سُن کر سپاہی ملا صاحب کے گرداگرد اس طرح سمٹ آئے جس طرح سنٹر پر ہتیار لینے کے لیئے جمع ہوتے ہیں۔ تب ملّا صاحب نے آہستگی سے راز کے طور پر اپنا منصوبہ ظاہر کیا کہ ہم میں سے ایک تو بنے فقیر مجذوب اور باقی اُس کے مرید و معتقد۔ ملّا صاحب نے یہ بھی کہا کہ اگرچہ فقیر بننے کی مجکو سب سے زیادہ قابلیت ہے لیکن پیر بننا آسان ہے اور مرید بننا مشکل۔ یعنی پر دن آسان ہے اور پر اندن مشکل۔ یہ کہکر ایک شخص کو متعین کیا جو آسانی سے مجذوب کی صورت بنا سکتا تھا۔ اور اس کو سمجھا دیا کہ تم مطلقاً کسی سے بات چیت نہ کرو۔ یہاں تک کہ ہم لوگوں سے بھی نہیں۔ اور رات کے وقت ہم سب جمع ہو کر اگلے دن کا پروگرام تجویز کر لیا کریں گے

چنانچہ وہ شخص شاہ خاموش بنا اور اُس نے نہ بولنے کا عہد کیا اور یہ ساری کمپنی اُس کے ساتھ ہولی ۔ وہ شاہ صاحب کسی جگہ تنہا بیٹھ جاتے اور یہ لوگ اُن سے دور دور رہتے ۔ عوام کے دلوں میں فقیروں کی بھی ایک طرح کی ہیبت بیٹھی ہوئی ہے ۔ کوئی شخص شاہ صاحب کے پاس جانا چاہتا تو پہلے اُن کے حواشی سے معرفت پیدا کرتا ۔ اور حواشی بڑی شد و مد کے ساتھ شاہ صاحب کی کرامات اور خوارقِ عادات کا اُس پر اظہار کرتے ۔ کوئی کہتا کہ میں فلاں پلٹن کا صوبہ دار تھا ایک مرتبہ اتفاق سے شاہ صاحب کی نظر مجھ پر پڑ گئی اور میں نہیں جانتا کہ کس بلا کی کشش ہے کہ نہ تو میں نے انجام سوچا اور نہ کسی سے کچھ کہا سُنا ۔ بس وہ وقت اور آج کا وقت حاضرِ خدمت ہوں اور شبانہ روز عجیب عجیب کرشمے دیکھا کرتا ہوں مرشد کے قدموں میں رہتے ہوئے مجکو دسواں برس ہے ایک بار ارشاد ہوا تھا کہ جا بچہ گھر والوں سے یاد اللہ کر آ اور چلتے وقت ایک بدھنی میں چند کوڑیاں ڈال کر تبرک عنایت ہوا تھا وہ میں گھر والی کے حوالے کر آیا تھا کہ اس کے اندر جو کچھ بھی ہے اس کو نہ تو دیکھنا اور نہ شمار کرنا ۔ اور جب خرچ کی ضرورت ہو مرشد کا نام لے کر نکال لیا کرنا ۔ تب سے گھر والوں نے کبھی خرچ کی تنگی کی شکایت نہیں کی اور سوائے اُس بدھنی کے اور کوئی آمدنی نہیں ملا قرآنی نے اس طرح کی گھڑی ہوئی اور بنائی ہوئی کتنی حکایتیں ساتھیوں کو یاد کرا دی تھیں کہ کیسا ہی سیانا آدمی ہو تا بے پھنسے نہ رہتا ۔ شروع شروع میں ان لوگوں کو کسی قدر تکلیفیں پہونچیں اور سب لوگ رات کے وقت ملا قرآنی کے سر ہوتے تھے کہ کم بخت تو نے ہم کو گھر بھی نہ جانے دیا اور ملا صاحب اُن کی تسلی کر دیا کرتے تھے کہ گھبراؤ نہیں عن قریب سب دروِ پاک ہوئے جاتے ہیں ۔ چلتے چلتے یہ لوگ لکھنؤ پہنچے اور ان کی شہرت کی لین ڈوری ان سے آگے آگے چلتی تھی ۔ یہانتک کہ کسی کی تقریب سے آغا میر کے امام باڑے میں ان کو جگہ مل گئی اور آغا میر نے ایک بڑی عالی شان عمارت میں شاہ صاحب اور اُن کے حواشی کے رہنے کے لیے اُن کی فرمایش کے مطابق اُن کے رہنے کے مکانات بنوا دیئے جب خود شاہ صاحب کے لیے مکان کی تجویز ہونے لگی تو مریدوں نے کہا کہ حضرت

تو کسی مکان میں رہنے والے ہیں نہیں۔ تحت السمار رہنا پسند فرماتے ہیں۔ اور گرمی برسات جاڑا کوئی موسم ہو کھلے میدان میں بیٹھے رہتے ہیں۔ اور آپ دیکھ لیں گے کہ ساون بھادوں میں سب طرف پانی برستا ہوگا اور شاہ صاحب کی جگہ پر پھوہار کبھی برسے اور کبھی نہ برسے۔ تمام جاڑے برہنہ رہتے ہیں۔ اور ہم نے تو کبھی رونگٹا بھی کھڑے ہوتے نہیں دیکھا۔ اور یوں لوگ دوشالوں کی گٹھڑیاں چھوڑ جاتے ہیں حضرت کبھی نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے۔ لیکن ان تمہیدات کے بعد آغا میر کے اصرار سے شاہ صاحب کے لیئے وسطِ باغ میں ایک بارہ دری بنی اور شاہ صاحب اُس میں فروکش ہوئے یعنی مریدوں نے منت سماجت سے اُن کو وہاں بٹھا دیا اب پیراں نمی پرند مریداں می پرانند کا وقت آیا تو اُس پیر گرلا قرآنی نے تمام انسانی ضرورتوں کو بارہ مدوں میں تقسیم کیا اور بارہ دری کے ہر ایک دروازہ کو ہر ایک مد کے ساتھ نامزد کر دیا اور شاہ صاحب کو شب کے وقت سمجھا دیا کہ لوگ انھیں دروازوں سے سلام کے لیئے حاضر ہوں گے اور ہم ان کا مطلب معلوم کر کے اُن سے کہہ یا کریں گے کہ وہاں فلانے دروازے سے جانا۔ آپ اپنی بڑھیں اتنا اشارہ ضرور کر دیا کیجئے گا کہ یہ شخص کس مطلب سے آیا ہے باقی ہم سمجھ لیں گے۔ آغا میر کے یہاں اس گروہ کے ٹھہرنے کی خبر مشتہر ہوئی تو شہ کی خلقت اس کثرت سے ٹوٹی کہ دن رات ایک میلہ لگا رہتا تھا اور شاہ صاحب کے حواشی کے۔ ملے بدون کوئی جا نہ سکتا تھا۔ یہ حکمی چپڑ ہی باتوں سے گرویدہ کرتے اور بہ مشکل شاہ صاحب یک جانے کی اجازت دیتے مگر اُس خاص دروازے سے جو اس مطلب کے لیئے نامزد کر رکھا تھا۔ یہ شخص ڈرتے ڈرتے دبے پاؤں بارہ دری تک پہنچتا اور باب الحاجت پر دستک دیتا شاہ صاحب تک بے تک جو کچھ جی میں آتا کہہ دیتے مگر اُس کے مطلب کا ضرور اشارہ ہوتا۔ تھوڑے ہی دنوں میں شاہ صاحب کی یہ کرامت تو سب پر ظاہر ہوگئی کہ کشف الصدور میں تو بڑی دستگاہ رکھتے ہیں اور جب کشف الصدور کا یہ حال ہے تو کشود کار پر بھی لامحالہ قادر ہوں گے۔ یہ ہے پیراں نمی پرند مریداں می پرانند۔ پھر ان لوگوں نے کھایا سو کھایا۔ پہنا سو پہنا۔ تھوڑی ہی مدت میں زر و جواہر بہت کچھ جمع ہوگیا۔ اس کی تقسیم میں شاہ صاحب اور ملا قرآنی

میں ہوئی تکرار پر وہ فاش ہو گیا۔ نوبت بہ عدالت پونچی سارا مال و متاع ضبط ہوا اور یہ سب لوگ شہر بدر کر دیئے گئے۔ تو وہ بزرگ متہجد گزار جن کا حال میں نے بیان کرنا شروع کیا تھا۔ صرف تہجد پڑھا کرتے تھے۔ مگر اُن کے معتقدین نے جو وہ کہتے ہیں کہ پیراں نمی پرند مریداں می پرانند اُن کی نسبت کہنا شروع کیا اور اوراد و وظائف کے علاوہ ہر شب بہ التزام سو نفلیں پڑھا کرتے ہیں کسی طرح یہ بات اُن بزرگ کے کانوں تک پہنچی اور اُنھوں نے سو نفلوں کا پڑھنا اپنے اوپر لازم کر لیا کہ **شعر**

نیک باشی و بدت بینند خلق	بہ کہ بد باشی و نیکت بینند

مریدوں نے ان کو سو پڑھتے دیکھ کر سو کی پانسو کر دیں اب اُن بزرگ کو پانسو نفلیں پڑھنی پڑیں مریدوں کی تو صرف ٹکا بھر زبان ہلتی تھی۔ مگر ان بزرگ سے پوچھنا چاہیئے کہ وہ کس مشکل سے عہدہ برآ ہوتے ہوں گے۔ مریدجنھوں نے سو کو ایک دم سے پانسو کر دیا تھا اُن کو پانسو سے ہزار کر دینا کیا دشوار تھا۔ مگر ان بیچارے بزرگ کی ہزار میں چولیں ڈھیلی ہو گئی ہوں گی۔ راوی تو حکایت کو ہزار نفلوں پر ختم کرتا ہے۔ مگر نہیں معلوم مریدوں نے اور اُن بزرگ نے بھی بس کیا یا نہیں۔ ہم اُن بزرگ کے تو اس خیال کی توجیح کرتے ہیں کہ لوگ اُن کو جس قدر مرتاض سمجھتے تھے وہ اس سے زیادہ مرتاض ہونے کی کوشش کرتے تھے۔ مگر ہزار پانسو نفلیں تو ہماری سمجھ میں آتی نہیں اجی آخر دو دو رکعتوں کی نیت کرتے ہوں گے۔ پھر فاتحہ اور ضم سورہ اور رکوع اور سجود اور قومہ اور قعدہ یہ سب ارکان بھی تعدیل کے ساتھ ادا کرتے ہوں گے۔ ذری حساب تو لگاؤ کہ پانسو نفلوں میں کتنی دیر لگتی ہے۔ اور اس طرح کی عبادت شرعاً ممدوح بھی نہیں۔ رمضان میں جو لوگ شبینہ سُناتے ہیں اس کو بھی فقہا نے اچھا نہیں کہا اس لیئے کہ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ترجمہ اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو کی تعمیل نہیں ہوتی۔ اور نہیں ہو سکتی۔ اور حدیث میں آیا ہے کہ جس شخص نے تین دن میں قرآن ختم کیا اُس نے قرآن کو سمجھا ہی نہیں۔ عبادت وہیں تک پسندیدہ ہے جہاں تک خوش دلی اور اطمینان کے ساتھ ہو چنانچہ جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم راتوں میں نماز کو اس

قدر کھڑے رہنے لگے کہ آپ کے پاؤں ورم کر آئے اور خوف تھا کہ کہیں فیل پائے کا روگ نہ لگ جائے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ طٰہٰ مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی۔ ترجمہ (اے پیغمبر) ہم نے تم پر قرآن اس لیے تو نازل کیا نہیں کہ تم (اس کی وجہ سے اس قدر) مشقت اٹھاؤ) اور حدیث میں آیا ہے۔

عَنْ[۵۱] اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ اٰخَی النَّبِیُّ بَیْنَ سَلْمَانَ وَاَبِی الدَّرْدَاءِ فَزَارَ سَلْمَانُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَاٰی اُمَّ الدَّرْدَاءِ مُبْتَذِلَۃً فَقَالَ لَھَا مَا شَاْنُکِ قَالَتْ اَخُوْکَ اَبُو الدَّرْدَاءِ لَیْسَ لَہٗ حَاجَۃٌ فِی الدُّنْیَا فَجَاءَ اَبُو الدَّرْدَاءِ فَصَنَعَ لَہٗ طَعَامًا فَقَالَ کُلْ فَاِنِّیْ صَائِمٌ قَالَ مَا اَنَا بِاٰکِلٍ فَلَمَّا کَانَ اللَّیْلُ ذَھَبَ اَبُو الدَّرْدَاءِ یَقُوْمُ قَالَ نَمْ فَنَامَ ثُمَّ ذَھَبَ یَقُوْمُ فَقَالَ نَمْ فَلَمَّا کَانَ اٰخِرُ اللَّیْلِ قَالَ سَلْمَانُ قُمِ الْاٰنَ فَصَلَّیَا فَقَالَ لَہٗ سَلْمَانُ اِنَّ لِرَبِّکَ عَلَیْکَ حَقًّا وَلِنَفْسِکَ عَلَیْکَ حَقًّا وَلِاَھْلِکَ عَلَیْکَ حَقًّا فَاَعْطِ کُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّہٗ

عَنْ[۵۲] اَبِیْ مَسْعُوْدِ اِلْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَا اَکَادُ اُدْرِکُ الصَّلٰوۃَ

---

۵۱ ابی جحیفہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلعم نے سلمان اور ابی الدرداء میں بھائی چارہ کرا دیا پس سلمان ابی الدرداء سے ملنے گئے انہوں نے ام الدرداء کو ایک مبتذل حالت میں دیکھا اور پوچھا کہ یہ تمہاری کیا حالت ہے انھوں نے کہا کہ تمہارے بھائی ابو الدرداء کو دنیا سے کچھ سروکار ہی نہیں اتنے میں ابو الدرداء بھی آ گئے۔ اُن کے لیئے کھانا طیار کیا گیا اور کہا کہ کھایئے تو انھوں نے کہا کہ میں تو روزے سے ہوں میں کھا نہیں سکتا پس سلمان نے کھا لیا اور جب رات ہوئی تو ابو الدرداء نماز کو چلے گئے سلمان نے کہا کہ سو جایئے تو اُن کے کہنے سے سو گئے پھر دوبارہ نماز کو چلے گئے پھر انہوں نے کہا کہ سو جاؤ اور پچھلی رات کو سلمان نے کہا کہ اب اٹھو اور دونوں نے مل کر نماز پڑھی اور سلمان نے ابو الدرداء سے کہا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کا حق تم پر ہے اور اسی طرح تیرے نفس کا حق بھی تجھ پر ہے اور تیرے اہل و عیال کا حق بھی تجھ پر ہے پس ہر حق دار کا حق دینا چاہیئے۔ ۵۲ ابی مسعود انصاری سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلعم سے کسی شخص نے عرض کیا کہ فلاں شخص ایسی لمبی رکعتیں پڑھتا ہے کہ ہم کو نماز دوبھر ہو جاتی ہے۔ میں نے اُس دن سے زیادہ حضرت کو

مِنْ مَا يَطُوْلُ بِنَا فُلَانٌ فَمَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِيْ مَوْعِظَةٍ اَشَدَّ غَضَبًا مِنْ يَوْمِئِذٍ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ مُنَفِّرُوْنَ فَمَنْ صَلّٰى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الْمَرِيْضَ وَالضَّعِيْفَ وَذَا الْحَاجَةِ۔ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَ زَوْجِيْ صَفْوَانُ ابْنُ الْمُعَطَّلِ يَقْرَبُنِيْ اِذَا صَلَّيْتُ وَيُفْطِرُنِيْ اِذَا صُمْتُ وَلَا يُصَلِّي الْفَجْرَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَصَفْوَانُ عِنْدَهٗ قَالَ فَسَاَلَهٗ عَمَّا قَالَتْ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا قَوْلُهَا يَقْرَبُنِيْ اِذَا صَلَّيْتُ فَاِنَّهَا تَقْرَءُ السُّوْرَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُهَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوْ كَانَتْ سُوْرَةً وَاحِدَةً لَكَفَتِ النَّاسَ قَالَ وَاَمَّا قَوْلُهَا يُفْطِرُنِيْ اِذَا صُمْتُ فَاِنَّهَا تَصُوْمُ وَاَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا اَصْبِرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُوْمُ امْرَاَةٌ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا وَاَمَّا قَوْلُهَا اِنِّيْ لَا اُصَلِّيْ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِنَّ اَهْلَ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ لَنَا ذَاكَ لَا نَكَادُ نُسْتَيْقِظُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ فَاِذَا اسْتَيْقَظْتَ يَا صَفْوَانُ فَصَلِّ۔ اچھا اسی قسم کی ایک حدیث اور عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اِنِّيْ لَاَقُوْمُ فِي الصَّلٰوةِ اُرِيْدُ اَنْ اُطَوِّلَ فَاَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَاَتَجَوَّزُ فِيْ صَلَاتِيْ كَرَاهَةَ اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمِّهٖ۔

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۳۶ ۔ وعظ میں غضبناک کبھی نہیں دیکھا آپ نے فرمایا کہ تم لوگ نماز سے نفرت دلانے والے ہو پس چاہیئے کہ جو شخص جماعت سے نماز پڑھاے تو چھوٹی چھوٹی رکعتیں کرے یعنی طوالت نہ دے کیوں کہ مقتدیوں میں بیمار کم زور اور کاروبار والے بھی ہوتے ہیں۔ ابی سعید سے روایت ہے کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت رسول اللہ صلعم کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور اُس نے عرض کیا کہ میرا شوہر صفوان ابن معطل میں جب نماز پڑھتی ہوں تو وہ مجھ سے ہم بستری کرتا ہے اور جب میں روزہ رکھتی ہوں تو روزہ توڑوا دیتا ہے اور صبح کی نماز سورج نکلنے تک نہیں پڑھتا وہاں صفوان بھی حاضر تھے حضرت نے عورت کی شکایت کے متعلق اُن سے پوچھا انھوں نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ یہ جو اس نے کہا کہ میں نماز کے وقت اُس سے نزدیکی کرتا ہوں تو یہ دو دو سورتیں پڑھتی ہے حالاں کہ میں نے اسے منع کر دیا ہے آپ نے فرمایا کہ لوگوں کے لیے ایک سورت بھی کافی ہے پھر کہا کہ اور یہ جو اس نے کہا کہ میں اس کا روزہ

خیر تو جو کیفیت اُن بزرگ کی تھی کہ جو مریدوں کے مجمعے میں آکر نفلیں بڑھاتے چلے جاتے تھے وہی کیفیت میری ہے مگر افسوس صد افسوس عبادت میں نہیں بلکہ شعر کہنے میں کہ میری اتنی عمر ہونے آئی میں نے کبھی شاعری کا شوق نہیں کیا اور شاعری کا شوق کیا ہوتا تو نہ میں نوکری کر سکتا نہ کوئی کتاب تصنیف یا تالیف کر سکتا اور نہ کلام مجید کا ترجمہ کر سکتا اور نہ لکچر دے سکتا غرض شاعری کے سوا اور کچھ کر نہ سکتا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مرزا رسوا شاعری اور مدرسی دو متضاد مشغلوں کو کس طرح جمع کرتے ہیں مگر یہ اُن کی صفتِ خداداد ہے نہ میرا کوئی تخلص ہے اور نہ مجکو اس لایعنی مشغلے کے لیے کبھی فرصت ملی اور صاف بات یہ ہے کہ ہمارے یہاں کی شاعری کا مذاق ایسا بگڑا ہے کہ جہاں قومی تنزل کے اور اسباب ہیں ان میں میرے نزدیک ایک بڑا سبب یہ کم بخت ایشیائی شاعری بھی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے وقتوں میں مولوی حالی نے نظمی مذاق کی بہت کچھ اصلاح کی ہے۔ مگر اب بھی میں نوجوان لڑکوں کی طرف سے مطمئن نہیں ہوں اور میں نہیں دیکھنا چاہتا کہ ان میں شاعری کا مذاق پیدا کیا جائے ان کو شاعری کی چاٹ لگی اور انھوں نے جان صاحب کا دیوان خریدا اور جان صاحب کا دیوان ہاتھ میں لیا اور خود جان صاحب ہوئے۔ مگر کون جان صاحب وہ جان صاحب جن کی نسبت فرمایا ہے وَالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَارِ

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۳۷ — تو داد دیتا ہوں تو یہ آئے دن روزے رکھا کرتی ہے اور میں جوان شخص ہوں مجھے صبر نہیں آتا تو آپ نے فرمایا کہ کسی عورت کو بلا حکم اپنے شوہر کے روزہ نہ رکھنا چاہیے اور یہ جو اس نے کہا ہے کہ دن نکلنے تک میں نماز نہیں پڑھتا تو میرے سارے گھر والے جانتے ہیں کہ سورج نکلنے تک میری آنکھ ہی نہیں کھلتی (میں کیا کروں) آپ نے فرمایا کہ اے صفوان (خیر) جب تم بیدار ہو جب ہی نماز پڑھ لیا کرو۔ ابی قتادہ رسول اللہ صلعم سے روایت کرتے ہیں کہ میں جب نماز میں کھڑا ہوتا ہوں تو میرا ارادہ لمبی رکعت پڑھنے کا ہوتا ہے لیکن میں بچوں کے رونے کی آواز سن کر اپنی نماز میں تخفیف کر دیتا ہوں (کیوں کہ عورتیں بھی شریک جماعت ہوتی تھیں اور میں اس بات کو مکروہ سمجھتا ہوں کہ اُس کی ماں یعنی بچوں کی ماں پر سختی کروں ۱۲

السَّمُوْمِ ترجمہ (اور جنوں کو ہم نے پیدا کیا گرم آگ سے) یہ لوگ جو خلافِ اخلاق شاعری کرتے ہیں۔ جو دین کا استخفاف کرتے ہیں جو بزرگانِ دین کی ہنسی اُڑاتے ہیں پورے پورے مصداق ہیں اس آیت کے لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ۔ ترجمہ (کہ اُٹھاویں بوجھ اپنے پورے دن قیامت کے اور جو کچھ بوجھ ان کے جن کو وہ بہکاتے ہیں بے تحقیق سنتا ہو۔ بُرا بوجھ ہو جو اُٹھاتے ہیں آئی اسلامیہ کالج کے اسٹاف تمہارا نہ صرف یہ کام ہو کہ طالب علموں کو یونیورسٹی کے امتحان میں پاس کرادو اور اسکو اپنی اور اپنے کالج کی بڑی کامیابی سمجھو۔ نہیں تمہارا بڑا ضروری کام ہو طالب علموں کے چال چلن کی حفاظت کہ اگر یہ کچی لکڑیاں اس وقت کج ہوگئیں تو پھر ساری عمر سیدھی ہونے والی نہیں اور اگر ان کا چال چلن ٹھیک نہیں یہ اپنے دین و مذہب پر قائم نہیں یہ اپنی سوسائٹی کو وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتے تو ان کے امتحان نہ قوم کے حق میں مفید ہیں اور نہ خود ان کے حق میں۔ انگریزی دانوں کے لیئے اس قسم کی ترغیبات کثرت سے موجود ہیں۔ کہ دینِ حق سے منحرف ہوں قوم اور سوسائٹی سے متنفر اور افسوس ہو کہ بہت سے لوگ ان ترغیبات کے مطیع اور منقاد ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنی سوسائٹی میں رہنا نہیں چاہتے۔ اور جس سوسائٹی میں جانا چاہتے ہیں وہ اپنے میں ان کو شامل نہیں کرتی۔ اور جب تک حاکم و محکوم کا تفرقہ ہو شامل کرے گی بھی نہیں "ازیں سو رانده وازاں سو درمانده" نہ اِدھر نہ اُدھر یہ بلاکدہر مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ترجمہ (وہ مذبذب ہیں اس میں نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے) اب لاؤ اس شاعری کے بیان کو ختم کریں تو غرض یہ ہو کہ جس طرح وہ شبِ زندہ دار بزرگ مریدوں کے بھرے میں آکر ہزار پانسو نفلیں پڑھنے لگے تھے میں بھی لوگوں کے کہے میں آکر شعر کہنے لگا۔ مگر جیسی اُن کی نفلیں ہوتی ہوں گی ویسے ہی میرے شعر ہوتے ہیں۔ پچھلے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس میں بڑی شد و مد کے ساتھ اعتراضات ہوئے کہ کانفرنس عملاً کچھ نہیں کرتا بلکہ لوگوں نے اس کو مشاعرے کی محفل بنا لیا ہو میں تو سمجھا کہ خدا نے شعر گوئی سے پیچھا چھڑایا مگر آپ لوگ تعجب کریں گے۔ کہ جو

صاحب بڑی شد و مد کے ساتھ شعر گوئی پر اعتراض کرتے تھے وہی بڑی شد و مد کے ساتھ مجھ سے نظم کی درخواست بھی کرتے تھے۔ ادہر تمھارے یہاں پارسال کسی صاحب نے میرا نام لے کر کہہ دیا کہ وہ ہمیشہ لکچر سے پہلے ضرور نظم پڑھا کرتا ہے۔ ہمیشہ اور ضرور تو نہیں مگر ہاں پڑھا کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ جس طرح یونانی طبیبوں کے ہر ایک نسخہ میں شربت ہوتا ہے یا خمیرہ یا مصری کہ شیرینی کے شمول سے طبیعت دوا کو قبول کرے اسی طرح نظم کے شمول سے لوگ لکچر کو رغبت سے سنیں خیر تو جو لکچر میں دینے والا ہوں اُس کی تمہیدی نظم یہ ہے۔ اور اس طرح کو اسد اللہ خان غالب مجھ سے پہلے ایجاد کر چکے ہیں۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں ؎

زندگی اپنی جو اس طرح سے گزری غالب	ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

نظم

ہائے وہ دورِ موافق کہ مسلمان کبھی	حشمت و سلطنت و لشکر و غنا رکھتے تھے
حاکمِ وقت تھے اور مُلک سے لیتے تھے خراج	تاجِ شاہنشہی و جبہ و دلوار رکھتے تھے
رعب دیتا تھا انھیں لشکرِ جرار کا کام	کہ زمانے میں بہندی اپنی ہوا رکھتے تھے
فتح اک خادمہ تھی اُن کی اور اقبال غلام	مختصر یہ ہے کہ پلّے پہ خدا رکھتے تھے
وہ بھی انساں تھے ہماری ہی طرح کے انساں	یہی صورت تھی اور ایسے ہی قویٰ رکھتے تھے
ہاتھ پاؤں اُن کے بھی دو دو ہی ہوا کرتے تھے	وہ بھی دو آنکھیں دو گوش سنوا رکھتے تھے
وہ بھی تھے عالمِ اسباب میں محکومِ قضا	نہ کوئی قاعدہ قانون نیا رکھتے تھے
بیں ستیں و سبعین تھی مقدارِ حیات	اور یہی ضابطہ صبح و مسا رکھتے تھے
مشکلیں اُن کو بھی پیش آتی تھیں وقتاً و قتاً	وہ بھی احساسِ تکالیف و عنا رکھتے تھے
پھر وہ کیا نقص ہے جو ہم میں ہے اور اُن میں نہ تھا	کونسا وصف وہ اپنے میں سوا رکھتے تھے
عیب ازیں ہم کو دکھائی نہ دیا فرق کہ وہ	دل جدا دل کے خیالاتِ جدا رکھتے تھے
دل نہ تھے آئینہ تھے صاف مجلّی شفاف	نورِ ایمان کی صیقل کی ضیا رکھتے تھے

دین و دنیا کو برتتے تھے مگر عدل کے ساتھ
دونوں پلّوں کو ترازو کے تُلا رکھتے تھے

متوکل تھے مگر کوشش و تدبیر کے ساتھ
اُونٹ کو تھان پہ کھونٹی سے بندھا رکھتے تھے

طالبِ عزتِ دنیا تھے فقط دیں کے لیئے
ورنہ دنیا کو وہ نظروں سے گرا رکھتے تھے

کارِ دنیا میں تھے مشغول بظاہر ہمہ تن
دل مگر یادِ الٰہی میں لگا رکھتے تھے

وعدہ کرتے تھے تو بات اُن کی تھی پتھر کی لکیر
قول کے مرد تھے اور پاسِ وفا رکھتے تھے

امن دیتے تھے تو ہو جاتے تھے آپ اُس کی سپر
ٹھکرا کہہ دیتے تھے اور دل میں دغا رکھتے تھے

مستحق حق کی ضرورت اگر آ پڑتی تھی
کہہ گزرتے تھے نہ کچھ باک و ذرا رکھتے تھے

ڈانٹ تبلائی ہے بڑھیوں نے بلا خوف و خطر
بادشاہوں کو اگر قصدِ خطا رکھتے تھے

جنتری میں سے شریعت کی وہ نکلے تھے قویم
عادت و طور و طریق صُلحا رکھتے تھے

اُن کے انفاق تھے ایثار کہ دیکھے نہ سُنے
گرچہ دنیا میں بہت جود و سخا رکھتے تھے

آپ سو رہتے تھے مہمان کی خاطر بھوکے
بلکہ بچوں کو بھی فاقے سے سُلا رکھتے تھے

سر بکف رہتے تھے اسلام کی خاطر ہمہ وقت
الغرض قوم پر اپنے کو فدا رکھتے تھے

ایک کر ڈالا تھا یاروں نے پسینا اور خون
تب کہیں دین کے گلشن کو ہرا رکھتے تھے

فتنہ پرداز کوئی قوم کے حق میں ہووے
خلل انداز وہ کب اُس کو روا رکھتے تھے

فقر و فاقہ کے وہ خوگر تھے بلا استکراہ
پیٹ کو بھوک کی شدت میں کسا رکھتے تھے

بے تکلف تھے سپاہی منش آزاد مزاج
دین دارانہ ہر ایک آن و ادا رکھتے تھے

ایک درجے میں گنے جاتے تھے آقا و غلام
نہ کم و بیش نہ چھوٹا نہ بڑا رکھتے تھے

جتنی باتیں ہیں فضیلت کی شرف کی اُن میں
سب سے اپنا قدم آگے کو بڑھا رکھتے تھے

جھٹ اُڑا لیتے نئی چیز اگر دیکھ پڑیں
عار رکھتے نہ تھے اور ذہن رسا رکھتے تھے

بس وہ ممتاز تھے ممتاز تھے بالاستحقاق
لاجرم مسندِ عزت پہ جگہ رکھتے تھے

کاش وہ دن ہو کہ ہم بھی کہیں ہم رکھتے ہیں
کیا ہوا اِس سے کہ سو بار کہا رکھتے تھے

اِس قدر بے سروساماں ہیں کہ آئے نہ یقیں	کہیئے کس مُونہ سے کہ ہم بھی کبھی کیا رکھتے تھے

حاضرین میں سے کوئی فرد بھی ایسا نہیں جس نے اپنے بزرگوں کی شان و شوکت اپنی آنکھوں سے دیکھی ہو۔ مگر ہاں کہیں کہیں کچھ پرانی عمارتیں زبانِ حال سے بتا رہی ہیں یا تاریخوں کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی کمپنی بھی دنیا کے تھیٹر میں ایک بڑا ایکٹ کر گئی ہے جو تمدن یاد رہے گا۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ مسلمان کیوں کر بڑھے چڑھے اور کیوں کر گرے اُترے۔ اسی سے ہر شخص اپنی جگہ سمجھ لے گا کہ آیا پھر بھی ان کے پنپنے سنبھلنے کی توقع ہے یا نہیں مسلمان کوئی اجنبی مخلوقات نہیں ہیں بلکہ پیغمبر صاحب آخرالزماں کی بعثت کے وقت جو لوگ موجود تھے کچھ یہودی کچھ عیسائی کچھ آتش پرست کچھ ستارہ پرست کچھ بت پرست کچھ دہریے انھیں میں سے بعض نے پیغمبر صاحب کے سکھانے سمجھانے سے خدائے واحد کی پرستش اختیار کی اور ایک گروہ ممتاز بنا اور از بسکہ اسلام کی تعلیم بالکل فطرت کے مطابق تھی۔ اور کوئی منصف مزاج آدمی اس سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔ وہ گروہ صاف اپنے معتقدات کی سادگی اور صداقت کی بنیاد پر باوجود گوناگوں مخالفتوں اور مزاحمتوں کے بڑھتا اور پھیلتا اور ترقی کرتا چلا گیا کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ[۱] فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ اسلام جیسا خود فطرۃ کے مطابق ہے ویسی ہی اُس کی ترقی بھی خود بالکل فطرۃ کے مطابق ہوئی اور اُس کا تنزل بھی بالکل فطرۃ کے مطابق ہو رہا ہے۔ اور اسلام کی کیا تخصیص ہے دنیا کے جتنے واقعات ہیں سب ہی فطرۃ کے مطابق ہوا کرتے ہیں فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا۔ اسلام بڑھا جس طرح ایک سچے مذہب کو بڑھنا چاہیئے تھا۔ یعنی سب سے پہلے اُس کی پارٹی میں داخل ہوئے ضعفا

---

[۱] جیسے کھیتی کہ اس نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی پھر اُس نے غذائے نباتی کو ہوا اور مٹی سے جذب کر کے اپنی اُس (سوئی) کو قوی کیا چنانچہ وہ (رفتہ رفتہ) موٹی ہوئی (یہاں تک کہ) آخر کار (کھیتی) اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہو گئی (اور اپنی سرسبزی سے) لگی کسانوں کو خوش کرنے ۱۲ ۵۲ تو اے پیغمبر تم خدا کے قاعدے کو ہرگز بدلتا ہوا نہ پاؤ گے اور نہ خدا کے قاعدے کو کبھی ٹلتا ہوا پاؤ گے ۱۲

جن کو راستی کے مان لینے میں کوئی امر از قسم حب جاہ و مال مانع نہیں ہو سکتا تھا۔ دنیاوی حالت کی خستگی کی وجہ سے ان کے دل اصلی اور روحانی تشفی کے جویا تھے اور وہ ان پر پیش کی گئی اور انھوں نے اس کو ایسے شوق سے لیا جیسے پیاسا شربت کو یا بھوکا غذائے لطیف کو۔ ان کو طرح طرح کے عذاب دیئے گئے مگر انھوں نے وہی کہا جو فرعون کے جادوگروں نے کہا تھا جب وہ موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لا چکے تھے[۵۸] فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقَىٰ قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ یہی حال تھا بلال رضؓ کا کہ وہ ایک مشرک کے غلام تھے اور وہ ان کو عرب کی گرمیوں میں تپتے ہوئے کنکروں پر دھوپ میں لٹا کر اوپر سے پتھر رکھ دیتا اور ان سے کفر کہوانا چاہتا۔ سارے دن اسی عذاب میں مبتلا رہتے۔ اور شام کو احد احد کرتے اُٹھتے اور بلال رضی اللہ عنہ کے علاوہ عمار بن یاسر کی والدہ کو مشرکوں نے اسلام کی وجہ سے بڑی بے دردی اور فضیحت سے مارہی ڈالا تھا

---

۵۸ تو یہ دیکھ کر) جادوگر سجدے میں گر پڑے (اور) کہنے لگے کہ ہم ہارون اور موسیٰ کے پروردگار پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کیا قبل اس کے کہ ہم تم کو اجازت دیں تم موسیٰ پر ایمان لے آئے ہو نہ ہو یہ تمہارا بڑا (گرو) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے تو تمہارے ہاتھ اور تمہارے پیر اُلٹے (سیدھے) کاٹ ڈالوں اور تم کو کھجوروں کے تنوں پر سولی چڑھاؤں تو سہی اور (اب) تم کو اچھی طرح) معلوم ہو جائے گا کہ ہم دونوں فریقوں) میں کس کی مار زیادہ سخت اور دیرپا ہے (جادوگر) بولے کہ کھلے کھلے معجزے جو ہمارے سامنے آئے ان پر اور جس (خدا) نے ہم کو پیدا کیا ہے اُس پر تو ہم تجھ کو کسی طرح ترجیح دینے والے ہیں نہیں تو جو تو کرنے والا ہے کر گزر۔ تو دنیا کی اسی زندگی (کے بارے) میں حکم چلا سکتا ہے اور بس ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے ہیں تاکہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرے اور (خاص کر) جادو کے گناہ جس پر تو نے ہم کو مجبور کیا اور اللہ (تیری دین سے) بہتر اور زیادہ دیرپا ہے ۱۲

تھا۔ اور اس طرح کی سینکڑوں مثالیں تاریخ کی کتابوں میں لکھی ہوئی موجود ہیں۔ پھر سب سے پہلے اسلام میں داخل ہوئے وہ لوگ جو پیغمبر صاحب کے ساتھ گہرا اختلاط اور ان کے حالات سے پوری پوری آگہی رکھتے تھے۔ مثلاً اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰ۔ علی بن ابی طالب۔ حضرت ابوبکر۔ اور یہ لوگ اسلام میں داخل ہوئے بھی تو ایسے نازک وقت میں جب بڑے سے بڑا دور اندیش آدمی بھی نہیں سمجھ سکتا تھا کہ اسلام کو بھی کبھی دنیاوی عروج ہوگا۔ کسی شخص کے چال چلن کی نسبت صحیح رائے قائم کرنے کا آسان کام نہیں ہے۔ مثلاً اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰ کا اپنے شوہر پیغمبر صاحب پر ایمان لانا اس کا محل یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ پیغمبر صاحب کو خوش کرنے کے لیے اُن کی خاطر سے ایمان لے آئی ہوں۔ مگر مجرد اُم المومنین خدیجہ اور پیغمبر صاحب کے تعلق زناشوئی کی بنا پر حضرت خدیجہؓ کے ایمان کی طرف سے بدگمان ہونا انصاف کی بات نہیں۔ ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں کہ ایمان کے مقابلے میں لوگوں نے ان تعلقات کی مطلق پروا نہیں کی بلکہ اختلافِ عقاید زن و شو کے ایک دوسرے سے چھوٹ جانے کا باعث ہوا ہے۔ میں ایسے کئی خاندانوں کے حال سے واقف ہوں کہ ایک میں بی بی سُنی ہے اور شوہر شیعہ ان دونوں میں اختلافِ مذہب کی وجہ سے ایسی اَن بن رہا کرتی ہے کہ چھوٹے داخل ہیں۔ ابھی حال میں ایک غیر مقلد عورت نے شوہر سے صرف اس لیے طلاق لی کہ وہ بڑا غالی مقلد تھا۔ ایک منگنی جس سے طرفین رضامند تھے نہیں ہوئی۔ صرف اس وجہ سے کہ لڑکا علی گڈھ کالج میں پڑھتا اور انگریزی لباس رکھتا ہے میں نے اپنے عزیزوں میں ایک مولوی کو اپنی بیوی سے لڑتے دیکھا۔ مولوی صاحب بیوی سے معتقدانہ ادب کے خواہاں تھے اور بی بی اُن سے کہہ رہی تھی کہ موئے میں تیرے رگ و ریشہ سے واقف ہوں۔ بہت میرے سر چڑھے گا تو ابھی سارا لفافہ اُدھیڑ کر رکھ دونگی۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی نسبت معلوم ہے کہ اسلام میں آنے سے پہلے اعلیٰ درجے کے مذہبی خیالات رکھتی تھیں۔ وہ پیغمبر صاحب کی راستی اور دیانت کی گرویدہ ہوئیں اور اُن کو شام کی طرف قافلہ سالار بنا کر بھیجا اور آخر کار اپنے نکاح کا پیام دیا ان کے خاندان میں دین و مذہب کا بڑا چرچا تھا۔ ان کے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل توراۃ کے بڑے عالم تھے۔ اور جب پیغمبر صاحب

نزول وحی کی ابتدا میں خوف ہوا اور غارِ حرا میں جہاں اکیلے بیٹھ کر عبادت کیا کرتے تھے ڈر کر بھاگے اور خدیجہؓ سے گھر آکر کہا کہ میں نامانوس آوازیں سنتا ہوں اور مجھکو عجیب عجیب شکلیں دکھائی دیتی ہیں۔ وہ ان کو ورقہ پاس لے گئیں اور ورقہ نے پیغمبر صاحب سے کہا کہ وہ ناموس اکبر یعنی جبریل فرشتہ ہے جس کو تم نے دیکھا۔ اور اگر میں تمھارے مبعوث ہونے تک زندہ رہا تو تمھارے مددگاروں میں ہوں گا۔ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ یہ کہکر پیغمبر صاحب کی تشفی کرتی رہیں۔ اِنَّكَ لَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ وَتَصِلُ الرَّحِمَ[1] تم جیسے نیک بندے کو ہرگز خدا ضائع نہیں ہونے دے گا۔ کیا ایسی نیک نہاد بی بی کی نسبت ایک لمحہ کے لیئے بھی ایسا شبہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ پیغمبر صاحب کی خاطر سے اسلام لائیں۔ بات یہ ہے کہ جو لوگ اسلام کی صداقت کی طرف سے کسی طرح کا شک رکھتے ہیں وہ نہ تو اسلام کی حقیقت سے واقف ہیں نہ مسلمانوں کا برتاؤ اُن کو حقیقتِ اسلام سے واقف ہونے دیتا ہے اور نہ اُن کو تاریخی واقعات سے آگہی ہے۔ اُن وقتوں کے اہلِ عرب میں اسلام کا رواج پانا یہی اسلام کی آسانی اور صداقت کی کافی دلیل ہے۔ جو شخص شبہ کرتا ہے کہ اسلام نے تلوار کے زور سے رواج پایا۔ اگر عرب (ان وقتوں کا عرب) ہمارے ہندوستان جیسا ہوتا اور وہاں کے باشندے (اُن وقتوں کے باشندے) ہماری طرح کے آرام طلب۔ کاہل۔ بزدل۔ ڈرپوک ہوتے تو سب سے پہلے ہم آپ شبہ کرتے ہمارا حال تو یہ ہے کہ اتنا بڑا ہندوستان اور اس میں سکھ اور گورکھے اور مرہٹے اور جاٹ اور مسلمان ایک سے ایک سورما اور کروڑیوں نیٹو سٹیٹ (ہندوستانی ریاستیں) اور سب کے پاس گڑھیاں اور قلعے اور لشکر اور ہتیار اور ایسے وسیع اور مختلف العناصر ملک میں کلھم بہتر ہزار گورے اور ایسی قہرانی حکومت کہ ہندوستان کی تاریخ میں اس کی نظیر نہیں۔ ہم اسلام کی نسبت شبہ کرتے ہیں تو اُن وقتوں کے اہلِ عرب کو اپنے اوپر قیاس کر لیتے ہیں۔ حالانکہ اُن کا بچہ بچہ پیدائشی سپاہی

[1] تو اس چیز کو حاصل کر سکتا ہے جو دوسرے کسی کو نہ مل سکے اور تو مہمان کی عزت کرتا ہے تو حادثات میں لوگوں کی مدد کرتا ہے اور صلۂ رحم کرتا ہے۔ ۱۲

تھا۔ عورتوں کی سنگ دلی کی ایسی مثالیں ہیں کہ اُن کو سُن کر کلیجہ دہل جاتا ہے کہ ابوسفیان کی عورت ہندہ حضرت حمزہؓ کا کلیجہ نکال کر کھا گئی۔ ہم سے تو کوئی لاش کے پاس جانے کو کہے تو ہیا ؤ نہ پڑے وہ لوگ مرنے مارنے کو ایک کھیل سمجھتے تھے۔ وہ کبھی کسی کے مطیع ہو کر نہیں رہے اور اب بھی نہیں۔ ان کو زیر کرنے کے لیے اکیلی تلوار ہرگز کافی نہ تھی اسلامی گورمنٹ اول ڈویل (مدغم) گورمنٹ تھی۔ یعنی پیغمبر صاحب دینی اور دنیاوی دونوں حکومتوں کے جامع تھے۔ مگر گورمنٹ کا یہ رنگ پیغمبر صاحب کی حیات تک رہا۔ اس لیے پیغمبری کی حکومت شخصی حکومت تھی۔ پیغمبر صاحب کی وفات کے بعد خلافتِ راشدہ تک بھی اُس کی شان باقی رہی اور پھر دوسری گورنمنٹوں کی طرح ملک مخصوص ہو گیا۔ یعنی نرمی دنیاوی حکومت۔ دنیاوی حکومت و بردستی پیغمبر صاحب کے پلے باندھی گئی تھی۔ یعنی اسلام کے مخالفوں نے خود چھیڑ چھاڑ کی پیغمبر صاحب نے وہاں تک طرح دی جہاں تک طرح دینا ممکن تھا ایذاؤں پر صبر کیا۔ مجبور ہو کر جلاوطنی اختیار کی۔ پردیس میں بھی دشمنوں نے چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ ناچار اپنے بچاؤ کے لیے مقابلہ کرنا پڑا بچاؤ کرتے خدا ملک فتح کرا دے تو یہ اُس کی دین ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۔ ۵

خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال	کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری ہو جائے

ہم اس سے انکار نہیں کرتے کہ اسلام کو تلوار سے مدد نہیں ملی۔ مگر دنیا میں کسی ایک مذہب کا نشان دو جس کا پہیہ سلطنت کی چکنائی کے بدون چلا ہو۔ یہود کی تاریخ پڑھو کہ موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں اور اُن کے بعد کتنی خونریزی ہوئی۔ یہود کے بعد کے عیسائی سو عیسائیت نے بھی اُسی سے رواج پایا کہ روم کا بادشاہ کانسٹنٹائن عیسائی اور نہ صرف عیسائی بلکہ عیسائی گرو ہو گیا۔ سکھوں کے مذہب نے جس طرح رواج پایا سب کو معلوم ہے۔ لکھنؤ میں ہم نے دیکھا کہ وہاں کے بادشاہ شیعی مذہب تھے تو ہندو تک تعزیہ داری کرتے تھے اور ابھی تک کرتے ہیں۔ دنیا اور دین میں عجیب طرح کا رابطہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے الگ بھی رہنا چاہتے ہیں۔ اور پھر ایک کے بدون ایک کا کام

۵ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا کرے اور اللہ کا فضل (بہت) بڑا ہے ۱۲

بھی نہیں چلتا۔ یہ قدرتی بات ہے کہ حاکمِ وقت کی کل ادائیں لوگوں کی نظروں میں مطبوع اور پسندیدہ ہو جاتی ہیں اور مذہب بھی اس عموم سے مستثنیٰ نہیں۔ اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ[1] انگریزوں کے حال پر نظر کیوں نہیں کرتے۔ کہ خدا نے ان کو حاکمِ وقت کیا ہے تو لباس اور وضع اور طور اور طریق اور طرزِ تمدن اور زبان ان کی سب ہی چیزیں بھلی معلوم ہوتی ہیں اور لوگ ہیں کہ بعض باتوں میں مقلد بھی ہوتے ہیں۔ زیر بار ہوتے ہیں۔ اپنے لوگوں کے طعنے مینے بھی سنتے ہیں مگر بھیڑ یا دھسان انگریزوں کی نقل کرتے چلے جاتے ہیں۔ اسی طرح چپکے چپکے غیر محسوس طور پر عیسائیت بھی اپنا اثر دلوں پر ڈال رہی ہے۔ مسلمانوں کے عروج نے اگر اسلام کی اتنی مدد کی ہو۔ تو ہم کو اس سے انکار کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ اگر یہ کوئی الزام کی بات ہے تو کوئی مذہب اس الزام سے بری نہیں ہو سکتا۔ اس سے تو صرف انسانی طبیعت کا ضعف ظاہر ہوتا ہے۔ کافرستان جس کو امیر عبدالرحمٰن خان نے فتح کیا ہے۔ ضرور اسلام قبول کرے گا اس لیئے کہ اس کا فتح کرنے والا مسلمان بادشاہ ہے۔ لیکن اگر اس کو انگریز فتح کرتے تو وہ اب جیسا مسلمان ہونے کے لیئے تیار ہے انگریزوں کے فتح کرنے کی صورت میں عیسائی ہونے کے لیئے تیار ہوتا۔ مگر کوئی کہتا کہ کافروں کو بزورِ شمشیر عیسائی کیا گیا۔ تو کیوں کہا جاوے کہ امیر نے بزورِ شمشیر مسلمان کیا۔ اور کیوں کہا جائے کہ شروع کے مسلمان بزورِ شمشیر مسلمان کیئے گئے تھے۔ اگر مسلمان بزورِ شمشیر مسلمان ہوئے تھے تو یہودی بھی بزورِ شمشیر یہودی ہوئے تھے بلکہ بدرجہ اولیٰ۔ اور عیسائی بھی بزورِ شمشیر عیسائی ہوئے تھے۔ بلکہ بدرجہ اولیٰ اور بزورِ شمشیر عیسائی ہو رہے ہیں بلکہ بدرجہ اولیٰ۔ اسلام کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے۔ کہ ابھی اسلامی سلطنت اچھی طرح بیٹھنے اور جمنے نہیں پائی تھی کہ پیغمبر صاحب نے انتقال فرمایا۔ اور ایک دم سے لوگوں نے زکوٰۃ کے ادا کرنے سے انکار کیا۔ پھر خلیفہ دوم سوم کے بعد دیگرے شہید ہوئے۔ اور پھر مسلمانوں نے خاندان نبوی کو بے حرمت اور بر[illegible] کر دیا لیکن

[1] لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر ہوتے ہیں ۱۲

اِن سب حالتوں میں ایک متنفس بھی اسلام سے نہیں پھرا جنہوں نے زکواۃ کے دینے سے انکار کیا وہ بھی اپنے تئیں مسلمان کہتے تھے۔ جنہوں نے خلیفۂ سوم کو شہید کیا وہ بھی مسلمان تھے جنہوں نے پیغمبر صاحب کے بڑے نواسے کو زہر دلوایا وہ بھی مسلمان تھے۔ جنہوں نے چھوٹے نواسے کو شہید اور خاندانِ نبوت کو بے حرمت اور برباد کیا وہ بھی مسلمان تھے۔ یہ بات دوسری ہے کہ وہ غاصب تھے۔ ظالم تھے۔ ملعون تھے۔ مردود تھے۔ واجب القتل تھے۔ مگر یا ایں ہمہ مسلمان تھے خدا رسول کا کلمہ پڑھتے تھے۔ اَب بھی لوگ حقوق العباد غصب کرتے۔ ظلم کرتے۔ قتلِ نفس کرتے اور مسلمان رہتے اور مسلمان سمجھے جاتے ہیں واجب قید ہوتے۔ کالے پانی بھیجے جاتے۔ پھانسی پاتے۔ مگر دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہوتے۔ بات یہ ہے کہ گناہ اور چیز ہے اور اسلام دوسری چیز ہے۔ یہود و نصاریٰ کی طرح نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ اور لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ہمارا عقیدہ نہیں۔ ممکن ہے کہ مسلمان قبیح سے قبیح گناہ کا مرتکب ہو مگر پھر بھی مسلمان رہے۔ ممکن ہے کہ مسلمان گناہوں کے بدلے دوزخ میں ڈالا جائے۔ ہم کسی شخص خاص کے انجام کی نسبت قطعی اور حتمی کوئی رائے نہیں لگا سکتے۔ مگر ہاں جب تک ایک شخص اپنے تئیں مسلمان کہتا ہے گو وہ کچھ بھی کرے اور گو وہ دل سے مسلمان نہ بھی ہو مگر ہم اس کو دائرۂ اسلام سے خارج نہیں کر سکتے۔ کیوں کہ شریعت ظاہر پر حکم کرتی ہے۔ اور ایسے واقعات پیغمبر صاحب کے وقت میں بھی پیش آئے ہے مسلمان کسی گانوں پر چڑھ دوڑے اُن لوگوں نے لپک کر اُن سے سلام علیک کی اُنہوں نے اس کو اُن کا فریب سمجھا۔ پیغمبر صاحب کو خبر ہوئی آپ نے فرمایا هَلَّا شَقَقْتَ قَلْبَهٗ اور اسی بارے میں حی بھی نازل ہوئی۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

ہم اللہ کے بیٹے اور اُسکے چہیتے ہیں ۱۲ ۵۲ گنتی کے چند روز کے سوا دوزخ کی) آگ ہم کو چھوئے گی (بھی تو) نہیں ۱۲ ۵۳ تو نے اُس کا دل چیر کے کیوں نہ دیکھا ۱۲ ۵۴ مسلمانو! جب تم اللہ کی راہ میں (لڑنے کے لیے) باہر نکلو تو (جن لوگوں پر چڑھ کر جاؤ اُن کا حال) اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو اور جو شخص (اظہارِ اسلام کے لیے) تم سے

فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا اور یہی وجہ تھی کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ سے کسی نے پوچھا مَا تَقُوْلُ فِیْ یَزِیْدَ فَسَكَتَ وَلَمْ یُجِبْ حالانکہ قرآن مجید میں نص صریح موجود ہے۔ وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِیْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِیْمًا جب کہ عام مومن کے قاتل کے حق میں ایسی وعید سخت ہو تو قاتل حسینؓ کے بارے میں سکوت کرنے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ مگر وہی کہ شرع ظاہر پر حکم کرتی ہے۔ اور یزید باوجودیکہ بدترین امت تھا۔ مگر چونکہ وہ اپنے تئیں مسلمان کہتا تھا کسی کو حق نہ تھا کہ اس کو دائرۂ اسلام سے خارج کرتا۔ ایک وقت هَلْ لَّا شَقَقْتَ قَلْبَهٗ کا تھا۔ ایک وقت فَسَكَتَ وَلَمْ یُجِبْ کا تھا ایک وقت تکفیر جماعت کا تھا یا ایک وقت ہے کہ اسلام سے خارج کر دینے کے لیے حیلے ڈھونڈھے جاتے ہیں۔ کوئی انگریزی پڑھے اسلام سے خارج کوئی انگریزی کپڑے پہن لے۔ اسلام سے خارج۔ نماز نہ پڑھے تو خیر۔ مگر پڑھے اور نماز میں

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۴۹ ۔ سلام علیک کرے اس سے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں (اور اس کہنے سے) تمہارا مقصود ہو زندگی دنیا کا ساز و سامان (تاکہ اس کو دشمن ٹھیرا کر لوٹ لو سو ایسی لوٹ پر کیا گرتے ہو) خدا کے ہاں (تمہارے لیے) بہت سی (جائز) غنیمتیں (تیار موجود) ہیں۔ پہلے تم بھی تو ایسے ہی (دکھل کر اظہار اسلام کرتے ہوئے ڈرتے) تھے پھر اللہ نے تم پر اپنا فضل کیا (کہ کھلم کھلا اظہار اسلام کرنے لگے) تو (دوسرے نومسلموں کی کم زوری پر نظر کر کے لڑ پڑنے سے پہلے) اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو جو کچھ بھی تم کر رہے ہو اللہ اس سے باخبر ہے ۱۲ ۵۱ یزید کے حق میں آپ کیا فرماتے ہیں تو خاموش ہو رہے اور کچھ جواب نہیں دیا ۱۲

۵۲ اور جو مسلمان کو دیدہ و دانستہ مار ڈالے تو اس کی سزا دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب (نازل ہو گا۔ اور اس پر خدا کی پھٹکار پڑے گی۔ اور اللہ نے اس کے لیے بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے ۱۲

پکار کر آمین کہے اسلام سے خارج۔ امام کے پیچھے آہستہ سے الحمد پڑھے اسلام سے خارج
شب برات کا حلوا زبان پر رکھ لے اسلام سے خارج۔ عید کی سویاں چکھ لے اسلام سے خارج
کسی کی قبر پر جا کر فاتحہ پڑھے اسلام سے خارج۔ یعنی ایک وقت تھا کہ اسلام کسی نہ کسی بہانے
سے گلے مڑھا جاتا تھا اور یا اب ایک وقت ہے کہ اسلام کسی نہ کسی بہانے سے چھینا جاتا ہے۔ اچھا تم
پوچھتے ہیں کہ جب اسلامی سلطنت ایسی متزلزل ہو گئی کہ لوگوں نے زکوٰۃ روک دی خلیفہ سوم
کو شہید کیا اور آخر کار پیغمبر کے خاندان کو برباد کر دیا کیا وہ ہر شمشیر تھا۔ جو اُن کو اسلام کا مطیع کیے ہوئے
تھا۔ نہیں بلکہ اسلام کی اصلی صداقت اور دل نشینی ان کو مجبور کیے ہوئے تھی۔ کہ وہ ترک اسلام
کر نہیں سکتے تھے۔ اور یہی بات تو ہرقل روم نے بھی کہی تھی کہ جب پیغمبر صاحب نے سلاطین کے
نام دعوت کے خطوط جاری کیے اُن میں ایک خط ہرقل کے نام کا بھی تھا۔ جب یہ خط ہرقل
پاس پہنچا۔ اُس نے پیغمبر صاحب کے حالات کی تفتیش کی۔ اتفاق سے اُن دنوں عرب کا
قافلہ تجارت کی تقریب سے وہاں وارد بھی تھا۔ ہرقل نے ان لوگوں کو بلا کر دریافت کیا۔ اور
جب اُس کو پیغمبر صاحب کی ذاتی کیفیت اور اُن کی تعلیم و تلقین کا حال معلوم ہوا تو وہ بے اختیار
معتقد ہو گیا۔ ہرقل نے اہل عرب سے جہاں اور سوالات کیے تھے یہ بھی پوچھا تھا کہ بھلا اسلام لائے
پیچھے کچھ لوگ مرتد بھی ہو جاتے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا ایسا تو نہیں ہوتا ہرقل بولا کہ بس دین حق
کا قاعدہ ہے کہ جب ایک دفعہ ذہن نشین ہو جاتا ہے تو پھر اُس سے انسان انحراف نہیں کر سکتا۔ یہی
حال تو مسلمانوں کا ہوا۔ کہ ان میں سے بعض نے نالائق سی نالائق حرکت کی۔ مگر بت پرستی
نہیں اختیار کی۔ اسلام کو اپنی حفاظت کے لیے تو بے شک تلوار کی ضرورت پڑی مگر اپنے
تئیں رواج دینے کے لیے نہ پہلے کبھی تلوار کی ضرورت تھی نہ اب ہے اور نہ کبھی ہو گی۔ آدمی
تہذیب اور شائستگی اور سویلیزیشن (تہذیب) کے اعتبار سے کتنا ہی گیا گزرا کیوں نہ ہو جائے
اس میں خدا نے ایک نور فطرت رکھا ہے کہ وہ ماند تو ہو سکتا ہے مگر معدوم نہیں ہو سکتا۔ اور یہی نور
فطرت اسلام کی بنیاد ہے۔ یہی نور فطرت انسان کو دکھاتا ہے کہ اُس کا اور دنیا کے اس عظیم الشان

کارخانے کا کوئی خالق ہو اور وہ نہ آدمیوں میں کا ہو نہ اجرامِ فلکی میں کا۔ نہ عناصر میں کا۔ مگر ہو۔ اور ہونے کے علاوہ اکیلا منفرد ہو۔ ازلی ابدی ہو۔ علیم ہو۔ حکیم ہو۔ قادرِ مطلق ہو۔ اور ایسا نہ ہو تو نہ وہ خلق عالم کر سکتا ہو۔ اور نہ اس کارخانہ کو چلا سکتا ہو پس وہ جو کہتے ہیں کہ تنکے کی اوجھل پہاڑ اصل اسلام تو اتنی بات ہو اور باقی ڈسپیشن (دھوکا) ہو اور دنیا میں امن و عافیت کے ساتھ رہنے کے قواعد ہیں۔ اللہ اللہ خیر صلاح۔ اب تم میں سے کوئی ایک متنفس بولو کہ وہ خدا کو نہیں مانتا۔ تو اُس کو قائل ہونا پڑے گا کہ وہ آپ سے آپ پیدا ہوا۔ اپنے ارادے سے زندہ ہو اور اپنے ارادے سے مرے گا بھی جو صریح جھوٹ ہے۔ اُس کو قائل ہونا پڑے گا کہ دنیا کا کارخانہ آپ سے آپ ہو گیا۔ اور آپ سے آپ اس تدبیر و حکمت کے ساتھ پڑا چل رہا ہو۔ لیکن کوئی مُونہ سے کہے تو کہے کسی کے دل سے تو یہ بات نکل نہیں سکتی۔ اور یوں کوئی تندرستی اور کامیابی اور خوش حالی کی حالت میں کہہ بیٹھے کہ میں نہیں جانتا کہ خدا کیا چیز ہو۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا[۵۱] لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا[۵۲] تو یہ انکار سند نہیں ہم تو اُس کو انکار سمجھیں۔ حَتّٰۤى اِذَا[۵۳] كُنْتُمْ فِى الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ فَلَمَّاۤ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى

---

۵۱ اور جب کافروں سے کہا جاتا ہو کہ (خدا سے) رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا چیز ہو؟ ۵۲ کیا جس کے آگے تم ہمیں (سجدہ کرنے کو) کہو اُسی کو سجدہ کرنے لگیں اور رحمٰن کا نام سُن کر اُن کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہو ۱۲ ۵۳ یہاں تک کہ بعض اوقات تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ سوار اِن کشتی کو باد موافق کی مدد سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ اُن (کی رفتار) سے خوش ہوتے ہیں (ناگاہ) کشتی کو ایک ہوا کا جھونکا آ لگتا ہو۔ اور لہریں (ہر طرف سے) اُن پر (چڑھی چلی) آ رہی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (بُرے) آ گھیرے تو خالص خدا ہی کو مان کر اُس سے دعائیں مانگنے لگتے ہیں کہ (بار خدایا) اگر (اپنے فضل سے) تو ہم کو اس (مصیبت) سے بچا دے تو ہم ضرور (تیرے بڑے ہی) شکر گزار ہوں گے پھر جب وہ اُن کو اُس سے

اَنْفُسِكُمْ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۲۳ اِذَا مَسَّ
الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ
اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۲۴ كَلَّاۤ ۲۵ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ
وَقِيْلَ مَنْ ۲۶ رَاقٍ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ

اور یوں تن درستی اور خوشحالی اور کامیابی میں خدا سے انکار کرنا تو آسان بات ہے۔ فرعون ساری
عمر اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کہتا رہا۔ اس لیے کہ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِيْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ فَلَوْلَاۤ
اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ لیکن لگا ڈوبنے
تو ساری حقیقت کھل گئی حَتّٰۤى ۲۵ اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْۤ
اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ الْاٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۵۲ — نجات دے دیتا ہے تو وہ خشکی پر پہنچتے ہی ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں۔ لوگو!
تمھاری سرکشی تمھاری ہی جان کا وبال ہے (یہ بھی) دنیا کی (چند روزہ) زندگی کے فائدے ہیں (سو خبران کے مزے اڑالو)
آخر کار تم کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے تو (اُس وقت) جو کچھ بھی تم (دنیا میں) کرتے رہے ہم تم کو (اُس کا بُرا بھلا) بتادیں گے
۲۲ ۵۱ اور جب انسان کو کسی قسم کی تکلیف (بھی) پہنچ جاتی ہے تو پڑا یا بیٹھا یا کھڑا (کسی حال میں ہو) ہم کو پکارے چلا
جاتا ہے۔ پھر جب ہم اُس کی تکلیف کو اُس سے دور کرتے ہیں تو ایسا (بے پروا بن کر) چل دیتا ہے کہ گویا اُس تکلیف کے
دُور کرنے کے) لیے جو اُس کو پہنچ رہی تھی ہم کو (کبھی) پکارا ہی نہ تھا جو لوگ حد (بندگی) سے قدم باہر رکھتے ہیں اُن کو
ان کا کیا اسی طرح بھلا کر دکھایا گیا ہے ۲۲ ۵۲ سنو جی! جب (جان بدن سے کھینچ کر گلے کی) ہنسلی تک آپہنچے گی اور
(بیمار دار) چلا اُٹھیں گے کہ (ارے) کوئی جھاڑنے والا ہے؟ (جو اس کو آکر جھاڑے) اور اس (بیمار) کو یقین ہو جائے گا کہ
(اب یہ دنیا سے) مفارقت (کا وقت) ہے اور (جان کنی کی تکلیف سے ایک) پاؤں کی پنڈلی (دوسرے پاؤں کی) پنڈلی
سے لپٹ (لپٹ) جائے گی (اے شخص جب یہ حالتیں پیش آئیں گی) اُس دن (تجھ کو) اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہوگا
۵۳ میں تمہارا سب سے بڑا خدا ہوں ۲۲ ۵۴ کیا ملکِ مصر ہمارا نہیں اور (تم دیکھ ہی رہے ہو) یہ نہریں ہمارے (ایوان

تو ساری حقیقت کھل گئی۔ حَتّٰی[۱] اِذَا اَدْرَکَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ آلْاٰنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَکُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ۔ فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْکَ بِبَدَنِکَ لِتَکُوْنَ لِمَنْ خَلْفَکَ اٰیَةً وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ

خلاصہ مطلب یہ ہے کہ خدا کو بجمیع صفات ماننا تقاضائے فطرۃ انسانی ہے اور اجلی البدیہیات ہے اور اس لیے کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ روز روشن میں کوئی کہے کہ آفتاب نکلا ہوا ہے اور اس سے دلیل مانگی جائے تو وہ کہے گا کہ اس کی دلیل ہے تمہاری آنکھیں ایک چھوڑ دو دو پیغمبر اسلام کی تمام تر تعلیم فطرت پر مبنی ہے اور اُن کے تمام دعووں کی دلیل ہے فطرت۔ وہ کہتے ہیں کہ خدا ہے اور تمہاری فطرت اُس کی گواہ ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قیامت ہوگی اور تمہاری فطرت اس کی گواہ ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قیامت میں اعمال نیک و بد کی جزا و سزا ہوگی اور تمہاری فطرت اس کی گواہ ہے۔ اُن کی ساری باتیں ناممکن التردید ہیں۔ جیسے دو اور دو چار۔ تو جس کو راستی کی تقویت ہو جس کو فطرت کی امداد ہو۔ اُس کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ تلوار سے مدد لیتا پیغمبر نہ سہی یہ تو معلوم ہے اور دشمن سے دشمن بھی اس کو تسلیم کرے گا کہ وہ بڑے لایق جنرل تھے۔ وہ بڑے لایق مقنن تھے۔ وہ بڑے لایق ایڈمنسٹریٹر (منتظم) تھے وہ بڑے فصیح و بلیغ لیکچرار تھے۔ وہ بڑے رفارمر تھے۔ غرض تمام صفات سے جو ایک اعلیٰ درجے کے خدا پرست پاک نفس شائستہ مہذب دانش مند بشر میں ہونے ممکن ہیں متصف تھے۔ اور متصف تھے تو نہ کسی کی تعلیم و تربیت سے بلکہ اپنی طبیعت سے اور اگر

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۵۲ ۔ کے کنگن (خدا کے ہاں سے) کیوں نہیں اُترے یا فرشتے جمع ہو کر اُس کے ساتھ آئے ہوتے

[۱] یہاں تک کہ جب ڈبا دو (پانی) فرعون (کے سر) پر آ پہونچا تو لگا کہنے کہ اب مجھکو یقین آیا کہ جس (خدا) پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اُس کے سوا کوئی (اور) معبود نہیں اور (اب) میں (بھی اُسی کے) فرمان برداروں میں ہوں (تو خدا نے اُس کو ملامت کی اور فرمایا کہ) کیا اب (ایسے وقت میں ایمان) اور تیرا حال تو یہ تھا کہ اس سے) پہلے ہمیشہ نافرمانی کرتا رہا اور تو مفسدوں میں (کا ایک ہی مفسد) تھا تو آج (تیری روح کو تو نہیں مگر) تیرے بدن کو ہم (پانی میں تہ نشین ہونے سے) بچاویں گے (وہ بھی) اس غرض سے کہ جو لوگ تیرے بعد آنے والے ہیں تو اُن کے لیے (نشان) عبرت ہو۔ اور البتہ بہت سے لوگ ہماری (قدرت کی) نشانیوں سے غافل ہیں

وہ ایسے نہ ہوتے تو بیس صرف بیس اور دس صرف پندرہ اور پانچ برس کے عرصے میں عرب جیسے وحشی اور اکھڑ لوگوں کو ہرگز اپنا مطیع و منقاد و معتقد نہ کر سکتے ان وقتوں کا نہ ایک عرب اور نہ آج کل کے ہزار کابلی پٹھان شہری نہیں دیہاتی تو کیا ایسے باکمال شخص اتنا نہیں سمجھ سکتے تھے کہ تلوار جسموں پر زور چلا سکتی ہے نہ دلوں پر۔ کیا وہ نہیں جانتے تھے کہ دباؤ اور لالچ کا ایمان سرے سے ایمان ہی نہیں۔ کیا اُن کو معلوم نہ تھا کہ تلوار کا اثر دیرپا نہیں۔

پائے چوبیں سخت بے تمکیں بود

اور اسلام پر کیا موقوف ہے۔ میرا خیال تو یہ ہے کہ دنیا میں کوئی مذہب بھی تلوار کے بل بوتے پر نہیں چلا۔ مذہب چلا ہے اور چلے گا تو صرف صداقت کے بل بوتے پر۔ یہ سن کر تو مسلمانوں نے کان کھڑے کیے ہونگے اور نہ صرف مسلمانوں نے بلکہ ہر مذہب کے لوگوں نے کہ آج تو رو میں اس کا عقیدہ کھل پڑا کہ نفس مذہب کی نسبت کہتا ہے کہ مذہب چلا ہے اور چلے گا تو صداقت کے بل بوتے پر۔ تو اس سے لازم آتا ہے کہ سب مذہب سچے اور برحق ہوں۔ ہاں ہاں میں پکارے کہتا ہوں کہ مذہب چلا ہے اور چلے گا تو صرف صداقت کے بل بوتے پر۔ اور میری مراد یہ ہے کہ دنیا میں کوئی مذہب نہیں جس میں صداقت کا انش یعنی جزو نہ ہو۔ جتنے مذہب دنیا میں ہیں وقت اور مقام کے لحاظ سے سب کے سب آدمی کی اصلاح اور اُس کے فائدے کے لیئے چلے ہیں۔ اور ہر ایک میں کچھ نہ کچھ فائدے اور صداقت اور نیکی کا انش ضرور ہے جو اُن کو چلائے جاتا ہے۔ مثلاً اگر ہندو اس ملک میں گائے کی تعظیم مذہبًا کرتے ہیں تو اس میں یہ فائدہ مضمر ہے کہ اس ملک میں کوئی جانور گائے بیل سے زیادہ آدمی کو فائدہ رساں نہیں۔ گائے دودھ دیتی ہے جس سے گھی۔ اور مکھن اور پنیر اور انواع و اقسام کی مٹھائیاں بنتی ہیں۔ بیل کے بدون کھیتی نہیں ہو سکتی۔ مرے پیچھے بھی اس بیچارے کی کھال کام دیتی ہے۔ کسی اور جانور کا نام لو جس سے آدمی کے اتنے سارے کام نکلتے ہوں۔ اس کی پوری پوری حفاظت ہو نہیں سکتی تھی۔ تاوقتیکہ مذہبًا اس کو مقدس نہ مانا جاے۔ یا گنگا جمنا کی تعظیم بلکہ تمام دریاؤں

کی کہ اُن سے زراعت کی آب پاشی ہوتی ہے جان داروں کی زندگی پانی پر موقوف ہے وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ۔ لیکن یہ باتیں اُس وقت سوجھتی ہیں جب مزاجوں میں سازگاری ہوتی ہے۔ نہیں تو ؎

چشم بد اندیش کہ برکندہ باد		عیب نماید ہنرش در نظر	

مسلمانوں کو تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ ہندو اگر گائے کی رکھشا کرتے ہیں تو اپنے فائدے کی احراز کی غرض سے کرتے ہیں۔ اور اس میں اُن پر الزام کی کوئی بات نہیں۔ اُدھر شارع اسلام نے دیکھا کہ آدمی جہاں تک ہو سکتا ہے اپنے مفاد کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتا۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا گائے بیل کی حفاظت کے بارے میں از روے مذہب حکم دینا تحصیل حاصل ہے اب رہا تقدس سو انسان خود اشرف المخلوقات ہے ؎

جو کچھ کہ جہاں میں ہے سب انساں کے لیئے ہے		آراستہ یہ گھر اسی مہماں کے لیئے ہے	

اور مخلوقات کی طرح گائے بیل بھی انسان کی خدمت کے لیئے پیدا ہوئے ہیں اور ساری عمر ان کو انسان کی خدمت ہی کرتے گزرتی ہے اور خدمت بھی شاقہ اور مبتذل۔ میرے گھر کے قریب کھاری باؤلی کا مشہور بازار ہے اور وہ اناج کی منڈی ہے اور غلہ فروش جھڑا ہندو کیوں کہ مسلمان تو نرا کھانا جانتے ہیں اور کھانا بھی طنطنے کے ساتھ۔ اناج کی دکان لے کر بیٹھیں تو بنیئے کہلائیں۔ اور ادعائی عزت کر کری ہو۔ بہرکیف کھاری باؤلی میں اس سرے سے اُس سرے تک ایک تو تمام غلہ فروش ہندو ہیں۔ دوسرے ان ہی ہندوؤں کی وجہ سے بازار میں گائے بیل بہت چھوٹے پھرتے ہیں۔ کہ یہ لوگ ان کی خدمت کرتے ہیں۔ لیکن ایک طرف تو خدمت کرتے ہیں۔ میں نے بعض کو حلوا۔ پوری۔ کچوری اور عمدہ مٹھائی کھلاتے دیکھا ہے۔ اور دوسری طرف ہر دکان کے آگے ایک آدمی لٹھ لیئے بیٹھا ہوتا ہے کہ گائے بیل نے اناج کے ڈھیر کی طرف رخ کیا اور اُس نے ایک

لہ اور پانی سے تمام جان دار چیزیں بنائیں ۱۲ ۵ بے شک آدمی بڑا ہی تھڑدلا پیدا کیا گیا ہے کہ جب اُس کو (کسی طرح کا) نقصان پہنچتا ہے تو گھبرا اُٹھتا ہے۔ اور جب اُس کو (کسی طرح کا) فائدہ پہنچنے لگتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے ۱۲

لاٹھی سہی کی۔ کہاں تقدس اور کہاں یہ مدارات اس سے بڑھ کر ایک اور غضب کی بات سنو کہ کھلیان گاہی جاتی یعنی پیداوار سے دانہ نکالا جاتا ہو تو اُس کی یہ تدبیر کرتے ہیں کہ انبار لگا کر اُس کو بیلوں سے روندواتے ہیں۔ بیچارے بیلوں کے کھر گھائل ہو ہو جاتے ہیں اور مَیں نے بیلوں کے پاؤں میں کیڑے پڑے دیکھے ہیں۔ اول تو ادعائی تقدس اسی کو کیا جائز رکھتا ہو کہ بیل سے ایسی سخت محنت لی جائے۔ پھر اُس پر یہ ظلم کہ گاہتے وقت بیلوں کے مُونہ پر جالی کا توبڑہ چڑھا دیتے ہیں۔ کہ کہیں بیل اناج کے انبار میں مُونہ نہ ڈال دے ای آدمی الدرے ترمی خود غرضی اللہ رے تیری حرص۔ اللہ رے تیرا بخل۔ بیل نے تو زمین جوت کر مصیبت سے اناج پیدا کیا اور تو اُس کی محنت کی پیداوار سے اُسی کو ایک لقمہ نہ کھانے دے۔ یہ جو لاکھوں من دودھ آدمی ڈکوستے ہیں۔ اپنے مزے کی خاطر بچھڑوں کا پیٹ کاٹتے ہیں اور اُسی سے گائے بیل کی نسلیں یوماً فیوماً کمزور ہوتی چلی جارہی ہیں۔ غرض استخدام کا قاعدہ کلیہ[۵۱] یَسْتَخْدِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا گائے بیل کے تقدس کو چلنے نہیں دیتا اور یہ اسلامی تعلیم کے خلاف ہو کہ کہو سب کچھ اور کرو کچھ نہیں۔[۵۲] يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ پس ہم کو تو اسلامی اصول بالکل ٹھیک معلوم ہوتا ہو کہ گائے بیل کی حفاظت کو آدمی کی طبیعت پر چھوڑ دیا جائے۔ یعنی گائے بیل سے آدمی کا کام نکلتا ہو اور گائے بیل کا بکار آمد ہونا اس کی حفاظت کے لیئے کافی ہو۔ ہم نے گاڑی بانوں اور کاشتکاروں کو گھوڑوں کی طرح بیلوں کو راتب کھلاتے اور اُن کی مالش اور چمپی کرتے دیکھا ہو۔ گائے بیل جس کے کام کے ہیں۔ اُس کو وہ بچوں کی طرح عزیز ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں جیسی قدر گائے بیل کی ہو۔ ویسی ہی عرب میں گھوڑوں کی۔ حماسہ جو ادبِ عربی کی مشہور کتاب ہو اُس میں جا بجا اس قسم کے اشعار پائے جاتے ہیں۔ کہ گھر میں ایک اونٹنی دودھ دیتی ہو اور دودھ بچھیرے کو پلایا جاتا ہو

---

۵۱ تاکہ اُن میں ایک کو ایک (اپنا) محکوم بنائے رہے ۱۲ ۵۲ مسلمانو! ایسی بات کیوں کہہ بیٹھا کرتے ہو جو تم کرکے نہیں دکھاتے (یہ بات) اللہ کو سخت ناپسند ہو کہ کہو (سب کچھ) اور کرو کچھ نہیں۔ ۱۲

اور بچوں کو نہیں دیا جاتا۔ بچوں کی ماں ناخوش ہو اور باپ بچھیرے کے آگے بی بی بچوں کی پروا نہیں کرتا۔ ایک بادشاہ کسی قبیلے کی گھوڑی پسند کرتا ہو۔ اور گھوڑی کا مالک گھوڑی کے دینے سے رضامند نہیں۔ قبیلے کا قبیلہ گھوڑی کے واسطے بادشاہ سے بمقابلہ پیش آتا ہو۔ تو غرض اس طول مقال سے یہ ہو کہ ہر ایک مذہب کے احکام اور قواعد وقت اور مقام کے لحاظ سے ضرور کسی نہ کسی مصلحت پر مبنی ہیں دوسرے مذہب کے لوگ اس مصلحت پر نظر نہ کرکے اُن سے پرخاش کرتے ہیں۔ اس سے زیادہ ایک عجیب بات یہ دیکھی جاتی ہو کہ صرف لفظی اختلاف لوگوں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے بس کرتا ہو ورنہ ہم بہت سی نیکیوں کو مذاہب میں باوجود اختلاف مشترک پاتے ہیں۔ خاص کر وہ جن پر تمدن کا مدار ہو۔ جھوٹ بولنا۔ شراب پینا۔ جوا کھیلنا۔ چوری کرنا۔ لوگوں کو ناحق ستانا۔ وغیرہ وغیرہ سب مذہبوں میں ممنوع ہیں اور ممنوع نہ ہوں تو تمدن ایک دن قائم نہ رہے۔ مسلمانوں کی نماز۔ ہندوؤں کی پوجا پاٹ۔ اُن کی زکوٰۃ۔ ان کا دان پُن۔ اُن کے روزے ان کے برت۔ اُن کا حج۔ ان کا تیرتھ۔ اُن کا رحم۔ ان کی دیا۔ کیا یہ مماثل نیکیاں نہیں ہیں۔ اور کیا ایک ہی تحریک۔ ایک ہی ارادے۔ ایک ہی قصد سے صادر نہیں ہوئیں مگر ہندو مسلمان کی اذان سننا نہیں چاہتا۔ مسلمان ہندو کے سنکھ کی برداشت نہیں کرسکتا سنو کان لگاکر سنو میں اسی بات کو جو ابھی کہہ چکا ہوں پھر ایک بار اعادہ کرتا ہوں تاکہ تم لوگوں پر حجت الٰہی تمام ہو۔ اور میرا مطلب اچھی طرح لوگوں کے ذہن نشین ہو جائے۔ غرض کسی مذہب کی کوئی بات لو اُس کو پاؤ گے کہ وقت اور مقام کے لحاظ سے اُس میں کچھ نہ کچھ آدمی کا فائدہ ہو۔ اُس میں نیکی ہو۔ اُس میں صداقت ہو۔ چونکہ لوگ اس لم کو نہیں سمجھتے اسی سے اختلاف پیدا ہوتے ہیں۔ اسی سے مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے سے لڑے مرتے ہیں۔ وہ کیوں نہیں خیال کرتے کہ سب کی منزل مقصود ایک ہو۔ اور رستے مختلف۔ ممکن ہو کہ کوئی ٹیڑھی اور غلط راہ چلتا ہو۔ مگر اُس کی غرض و غایت تو وہی ہو جو سیدھی اور صحیح راہ پر چلنے والی کی ہو۔ پس بجائے اس کے کہ ہم اُس سے ناخوش ہوں اُس سے عداوت کریں اُس کے آزار کے درپے

ہوں۔ ہم کو اُس پر رحم کرنا چاہیئے۔ اور ظاہر ہے کہ ناخوشی اور رحم میں بہت بڑا فرق ہے۔ رحم کی شان ہی دوسری ہوتی ہے۔ نہ تُو تُو مَیں مَیں اور گالی گلوچ اور لاٹھی پونگا اور لڑائی جھگڑا اور ہنگامہ و فساد جیسا کہ ہو رہا ہے۔ یوں سمجھو کہ مثلاً دنیا میں ہر شخص معاش کا جویا ہے تو اُس کے لیئے کوئی نوکری کرتا ہے۔ کوئی تجارت۔ کوئی زراعت۔ کوئی ایک پیشہ۔ کوئی دوسرا پیشہ۔ کوئی کچھ کوئی کچھ۔ لیکن لوہار درزی سے نہیں لڑتا کہ تو بھی آہنگری کیوں نہیں کرتا۔ زمیندار سوداگر کا دشمن نہیں کہ تو گاؤں کیوں نہیں لیتا۔ نوکری پیشہ سوداگر سے ناراض نہیں کہ تو نوکری کیوں نہیں اختیار کرتا۔ اسی طرح بعینہٖ اسی طرح مذہب کیا چیز ہے کہ ہر ایک شخص نجات چاہتا ہے۔ ایک ہندو دھرم ہے۔ کہ وہ اسی کو مُکتی کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ کوئی مسلمان ہے۔ کوئی عیسائی ہے۔ کوئی یہودی۔ لیکن معاش کے ذرایع کے اختلاف پر نہ لڑیں اور نجات کے ذرائع کے اختلاف پر لڑیں۔ یہ کیوں۔ فرض کرو کہ ایک شخص صریحی غلطی پر ہے تو ہماری بلا سے اپنا سر کھائے۔ اور اگر انسانی ہمدردی چین سے نہیں بیٹھنے دیتی تو ایسے احمق کوئی اور ہوں گے۔ جو اس عذر کو تسلیم کرلیں گے۔ ہمدردی کی یہی ایک علامت تو نہیں ہے۔ اگر واقعی دل میں ہمدردی ہے تو وہ تمھاری تمام حرکات و سکنات سے ظاہر ہونی چاہیئے کہ کسی کو ننگا۔ بھوکا نہ دیکھ سکو۔ کسی کو بتلائے مصیبت نہ دیکھ سکو۔ نہ یہ کہ آپ پہنو شال دوشالے تمھارے پڑوسیوں کو کمبل بھی نصیب نہ ہو۔ تم ہر روز تداخل اور بدہضمی کے علاج میں رہو۔ تمھارے ہمسائے اور جان پہچان بلکہ دور کے قرابت مند فاقے کریں۔ مسلمان تو خیر پہلے ہی سے ناحق جہاد کی وجہ سے بدنام ہیں۔ ہم کو ہندوؤں پر تعجب آتا ہے کہ جہاں تک دیکھا جاتا ہے اُن کے مذہب میں دَیا اور آدھینتا بہت ہے اور ہنسا کی ان کے ہاں سخت ممانعت ہے۔ یہ لوگ ہرے روکھ کو بھی کاٹنا نہیں چاہتے اور جان کی رکھشا تو جیسی ان کے ہاں ہے کسی مذہب میں بھی نہ ہوگی۔ ان میں کا ایک فریق مُونہ پر وچھی باندھے رہتا ہے کہ کہیں کوئی جُھنگا سانس کے ساتھ مُونہ میں نہ چلا جائے۔ رات کو پروانوں کے لحاظ سے چراغ نہیں جلاتے۔ بہت سے ہندو چیونٹیوں کے بلوں میں کھانڈ ڈالتے پھرتے ہیں

	میازار مورے کہ دانہ کش است	کہ جاں دارد و جانِ شیریں خوش است	

آہستہ خرام بلکہ مخرام		زیر قدمت ہزار جان است	

ہندوؤں کے بازار میں جا بجا پیاؤ بیٹھے ہوتے ہیں۔ لیکن یہ دیا یہ رحم دلی یہ مہربانی اُس وقت کہاں غارت ہو جاتی ہے۔ جب ہم ان کو اپنی طرح کے آدمیوں کو ستاتے اور دکھ دیتے دیکھتے ہیں یعنی مسلمانوں کو مارتا کہ مسلمان ہی ابتدا کرتے ہوں۔ لیکن معاوضہ اور انتقام بھی تو دیا کے خلاف ہے

بدی را بدی سہل باشد جزا		اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَاءَ	

علاوہ بریں ہم نہیں سمجھتے کہ جب ہندو اپنے مذہب میں کسی کو نہیں لیتے اپنے گروہ میں کسی کو نہیں ملاتے اور نہیں لے سکتے۔ اور نہیں ملا سکتے۔ تو ان کو دوسرے مذہبوں کے ساتھ پرخاش ہی کیوں ہو اب روئے سخن مسلمان بھائیوں کی طرف ہے کہ اُنھوں نے اپنے طرز مدارات سے اسلام کی تمام خوبیوں پر اسلام میں سرتاسر خوبیاں ہیں ؎

ز فرق تا بہ قدم ہر کجا کہ مے نگرم		کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا است	

غرض مسلمانوں نے اپنی طرز مدارات سے اسلام کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ یہ جہاد کی وجہ سے ناحق بدنام تھے تو ان کو چاہیئے تھا کہ اس داغ کو اپنے ناصیۂ حال سے خوب رگڑ رگڑ کر دھوتے مگر یہ تو لگے چومکھے لڑنے نہ صرف غیروں سے بلکہ اپنوں سے بھی۔ مگر ہاں سیف و سناں کی جگہ اب قلم اور زبان ہے سو سیف سے قلم کا کاٹ اور سناں سے زبان کا گھاؤ کہیں زیادہ موذی ہوتا ہے ؎

جِرَاحَاتُ السِّنَانِ لَهَا الْتِيَامُ[1]		وَلَا يَلْتَامُ مَا جَرَحَ اللِّسَانُ	

شروع کے جہاد اسلامی جہاد تھے۔ اور اس جہاد کو پینل کوڈ (مجموعۂ تعزیرات) سے بھی جائز رکھا ہے۔ صرف مسلمانوں ہی کے لیئے نہیں بلکہ ہر متنفس کے لیئے۔ اور اسی کا دوسرا نام ہے "استحقاق حفاظت خود اختیاری"۔ پھر بعض مسلمان بادشاہوں نے اس کو ملک گیری کا حیلہ ٹھہرا لیا۔ اور اب تو زی جہالت ہے۔ اور سخن پروری ہے۔ اور شیخی ہے۔ اور شہرت طلبی ہے۔ یا اسی قسم کی کوئی اور غرض ہے جس کو دین و مذہب سے کچھ سروکار نہیں۔ شروع میں جہاد ہوتے تھے۔ اور جن

[1] بھالوں کے زخم مندمل ہو جایا کرتے ہیں اور زبان کے گھاؤ نہیں بھرا کرتے ۱۲

میں نے "استحقاق حفاظتِ خود اختیاری" سے تعبیر کیا ہے، وہ بھی ہمارے درجے کو اختیار کیے جاتے تھے۔ ورنہ صبر اور برداشت اور تحمل کی تو جیسی اسلام میں تاکید ہے شاید ہی کسی مذہب میں ہو گی مگر ہاں صبر و تحمل وہیں تک جو مقدورِ بشر ہے۔ بشر نے کیا ہے اور بشر سے ہو سکتا ہے اور یوں مُونہ سے کہدینے کو جو چاہو کہہ دو۔ اور کتاب میں لکھ لینے کو جو چاہو لکھ لو۔ مسلمانوں سے فرماتے ہیں۔

لَتُبْلَوُنَّ فِیْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِیْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ۔ وَمَا یُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَمَا یُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ۔ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَعِیْسٰى وَمَآ اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ۔ قُلْ یٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَیْـًٔا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ۔ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ

لہ اور تمھاری جانوں (کے زیان) میں ضرور تمھاری (ایمان داری کی) آزمایش کی جائے گی اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب (آسمانی) دی جا چکی ہے (یعنی یہود و نصاریٰ) اُن سے اور مشرکین (مکہ) سے تم بہت سی ایذا کی باتیں (بھی) ضرور سنو گے اور اگر صبر کیے رہو۔ اور پرہیزگاری (کو ہاتھ سے نہ جانے دو) تو بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔ برائی کا (بھی) ایسے برتاؤ سے کرو کہ وہ بہت ہی اچھا ہو (اگر ایسا کرو گے) تو (تم دیکھ لو گے کہ) تم میں اور کسی شخص میں عداوت تھی۔ تو اب ایک دم سے گویا وہ (تمھارا) دل سوز دوست ہے۔ اور جن (ہمارت (کی توفیق) اُن ہی لوگوں کو دی جاتی ہے جو صبر کرتے ہیں اور یہ اُن ہی کو دی جاتی ہے جن کے بڑے نصیب ہیں تو (اے پیغمبر جس طرح (اور) ہمت والے پیغمبروں نے (کافروں کی ایذاؤں پر) صبر کیا۔ تم بھی صبر کرو۔ ۱۲ (۵۲ (مسلمانو!) تم یہود و نصاریٰ کو یہ) جواب دو کہ ہم تو اللہ پر ایمان لائے ہیں اور (قرآن) جو ہم پر اُترا (اُس پر) اور (صحیفے) جو ابراہیم اور اسمٰعیل اور

اَحْسَنُ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ اب ذری انصاف سے دیکھو کہ پیغمبر اسلام غیر مذہب کے لوگوں کو کیا زہر دیتے تھے۔ کیا ان کے پیٹ میں چھرا بھونکتے تھے۔ وہ ان کو خدائے واحد کی پرستش کی طرف بلاتے تھے اور بس۔ مگر لوگوں نے ایسی واجبی اور معقول بات پر ان کے ساتھ بدسلوکی کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ یُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ان کو گالیاں دیں ان پر دست درازیاں کیں۔ راہ میں کانٹے بچھائے۔ وہ نماز پڑھ رہے ہیں کہ اونٹ کا اوجھ اُن کی گردن پر لا کر ڈال دیا۔ اُن کو زہر دیئے۔ اُن کی جان کے لاگو ہوئے یہاں تک کہ اُن کو ترکِ وطن کرنا پڑا جس کو ہجرت کہتے ہیں۔ کسی نے حبشے میں جا پناہ لی۔ کوئی مدینے بھاگا کوئی چھپا چھپا پھرا۔ قطعہ

جھڑکی تو مدتوں سے مساوات ہوگئی	گالی کبھی نہ دی تھی سو اب بات ہوگئی
اِک مار تھی سو اُس بتِ بدخو کے ہاتھ سے	مدت ہوئی کہ اپنی وہ اوقات ہوگئی

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۶۰ - اسحٰق اور یعقوب اور اولاد یعقوب پر اُترے (اُن پر) اور موسیٰ اور عیسیٰ کو جو (کتاب) ملی (اُس پر) اور جو (دوسرے) پیغمبروں کو اُن کے پروردگار سے ملا (اُس پر) ہم ان (پیغمبروں) میں سے کسی ایک میں بھی (کسی طرح کی) جدائی نہیں سمجھتے اور ہم اُسی (ایک خدا) کے فرماں بردار ہیں (اے پیغمبر ان سے) کہو کہ اے اہلِ کتاب آؤ ایسی بات کی طرف (رجوع کرو) جو ہمارے اور تمہارے درمیان میں یکساں (مانی جاتی) ہے کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو اُس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور اللہ کے سوا ہم میں سے کوئی کسی کو (اپنا) مالک نہ سمجھے۔ پھر اگر (ایسی سیدھی اور سچی بات کے ماننے سے بھی) مُنہ موڑیں تو (مسلمانو! ان لوگوں سے) کہہ دو کہ تم اس بات کے گواہ رہو کہ ہم تو ایک ہی خدا کو مانتے ہیں اور (مسلمانو! اہلِ کتاب کے ساتھ جھگڑا نہ کیا کرو مگر ایسی طرح کہ وہ نہایت ہی عمدہ (اور شایستہ) ہو ہاں جو لوگ اُن میں سے زیادتی کریں (تو اُن کو جواب ترکی بترکی دینے کا مضایقہ نہیں) اور (ان لوگوں سے) کہو کہ جو (کتاب) ہم پر نازل ہوئی اور (جو کتابیں) تم پر نازل ہوئیں ہم تو سب ہی کو مانتے ہیں اور ہمارا خدا اور تمہارا خدا ایک ہی ہے اور ہم اُسی کے فرماں بردار ہیں ۱۲ ملخصاً اور وہ مسلمانوں کی اسی بات پر چڑھے کہ وہ اللہ پر ایمان لائے جو زبردست سزاوار حمد (و ثنا) ہے (اور وہ ایسا قادرِ مطلق ہے) کہ آسمان و زمین کی سلطنت اُسی کی ہے ۱۲

گر راہ و رسم عشق یہی ہے تو ایک دن		سُن لیجیو کہ ترکِ ملاقات ہو گئی	

مسلمانوں کی کون کہے خود پیغمبر صاحب کو مُوذہ و مُونہ کہتے تھے۔ [۵۱] یٰاَیُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْهِ الذِّکْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ مگر ان گالیوں کا جواب بھی سُنا۔ [۵۲] اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ یہ صبر دو چار دن نہیں مستقل گیارہ برس۔ اب اس صابر اس متحمل پیغمبر کے پیرو مسلمان ہیں کہ بات بات میں جامے سے باہر نکلے پڑتے اور پیغمبر اور دین پیغمبر کو بدنام کرتے ہیں۔ انھوں نے اسلام کی اصلیت کو سمجھا ہی نہیں۔ بھائیو! ایک ہے اسلام۔ ایک ہے ایمان۔ ایمان نام ہے دلی عقیدے کا جس کو سوائے صاحبِ عقیدہ اور خدا کے کوئی جان نہیں سکتا۔ اسلام البتہ اوڑا پیرنس (یعنی صورتِ حال کو کہتے ہیں) یوں سمجھو کہ مسلمانوں کا ایک خدائی لشکر ہے۔ تو اسلام وردی کی جگہ ہے۔ اور ایمان اوتھ آف الیجینس یعنی وفاداری کا حلف۔ شارع اسلام نے یہ لشکر کھڑا کیا تو امتیاز کے لیے یہ قرار داد کیا کہ جو ہمارے قبلے کی طرف کو مُونہ کر کے ہماری سی نماز پڑھے اور ہمارا ذبح کیا ہوا جانور کھالے وہ مسلمان اور جس کا ظاہر مسلمان وہ سچا دین دار ۵

ہر کرا جامہ پارسا بینی		پارسا دان و نیک مرد انگار	
ور ندانی کہ در نہانش چیست		محتسب را درون خانہ چہ کار	

[۵۱] اور (اے پیغمبر) کفار مکہ تم سے اس طرح پر خطاب کر کے) کہتے ہیں کہ اے شخص جس (کے ذہن میں یہ خبط سمایا ہے کہ اس) پر (خدا کے ہاں سے) قرآن نازل ہوا ہے تو تو دیوانہ ہے) اور اُن لوگوں نے (اس بات سے بھی) تعجب کیا کہ ان (ہی) میں کا (ایک شخص) ڈرانے والا (خدا کی طرف سے) ان پاس آیا اور (یہ) منکر لگے کہنے کہ یہ جادوگر جھوٹا پلا پٹا ہے ۱۲ [۵۲] کہ میں نصیحت کے طور پر تم سے صرف ایک بات کہتا ہوں کہ خدا کے لیے دو دو دل کر) اور اکیلے اکیلے کھڑے ہو جاؤ پھر سوچو (تو تم کو) معلوم ہو جائے گا کہ تمہارے رفیق کو کسی طرح کا بھی) جنون نہیں ہے بلکہ (تم پر ایک) عذاب سخت (نازل ہونے والا ہے اور اُس) کے آگے آگے یہ تم کو ڈراتا ہے اور بس ۔۱۲

جو لوگ مسلمانوں کے گروہ سے خارج رہے اُن کا نام رکھا کافر جس کے لغوی معنی ہی خارج کے ہیں۔ یعنی مسلمانوں کے گروہ سے الگ یا باہر۔ کافر کا مادہ ہو کاف فے رے اور اس کی اصل وضع خروج کے لیے ہو کاشتکار کو بھی کافر کہتے ہیں کہ وہ زمین کو جوت کر تلے کی مٹی کو باہر لاتا ہو۔ اَعْجَبَ الْکُفَّارَ نَبَاتُہٗ۔ کفارے کو اسی لیے کفارہ کہتے ہیں کہ اس کی وجہ سے آدمی گناہ سے باہر نکل آتا ہو۔ ابتدائی وضع میں مسلمان اور کافر محمڈنز اور نان محمڈنز کے مرادف تھے۔ یعنی مسلمان اور نامسلمان اور اس سے کسی کی توہین منظور نہ تھی لیکن جوں جوں مسلمان دولت و حشمت حاصل کرتے گئے اُن لوگوں کو جو اِن کے گروہ سے خارج تھے۔ حقیر سمجھنے لگے۔ اور یوں لفظ کافر ایک تحقیر کا کلمہ ہو گیا۔ جیسے شیعوں کے لیے رافضی اور سنیوں کے لیے ناصبی اور خارجی یا مسلمانوں کے ایک گروہ خاص کے لیے معتزلی۔ حالانکہ رافضی اور ناصبی اور خارجی اور معتزلی کسی میں توہین کے معنی نہیں۔ اب ہندو یا عیسائی کو نان محمڈن کہو تو وہ مطلق بُرا نہیں مانتا اور کافر کہو تو وہ اُس کو گالی سمجھتا ہو۔ شارع اسلام کو یہ مدِنظر تھا۔ کہ جہانتک ہو سکے مسلمانوں کا گروہ بڑھے اور پھیلے۔ وہ ساری دنیا کو مسلمان کرنا چاہتے تھے۔ اُن کی رسالت کا اصلی مقصود یہی تھا۔ اور اسی لیے۔ اُنھوں نے اسلام کا مدار ایسی بات پر رکھا تھا جس سے کسی آدمی کو انکار ہو ہی نہیں سکتا۔ مگر وہ خدا جو چاہتا تھا اور چاہتا ہو کہ ساری دنیا کا ایک مذہب ہو جائے اسلام۔ وہ آدمیوں کے اختلاف طبائع سے بخوبی واقف تھا۔ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ[۱] اور وہ فرما چکا تھا وَلَوْ شَآءَ رَبُّکَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّلَا یَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِیْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّکَ[۲] اسی پیشین گوئی کے پورا ہونے کے لیے ایسے اتفاقات پیش آئے اور پیش آ رہے ہیں اور پیش آیا کریں گے کہ دوسرے مذہبوں کے شمول میں ع دو ہر چیز کہ در کانِ نمک رفت نمک شد" بیچارے اسلام

---

[۱] بھلا وہ ہو سکتا ہو کہ خدا) جو پیدا کرے (وہی اپنی مخلوقات کے حال سے) ناواقف ہو حالانکہ وہ (بڑا) باریک اور باخبر ہو ۱۲ [۲] اور اگر تمھارا پروردگار چاہتا تو لوگوں کی ایک ہی مت کر دیتا لیکن لوگ ہمیشہ (آپس میں) اختلاف کرتے رہیں گے مگر جس پر تمھارا پروردگار فضل کرے ۱۲

کی بھی مٹی خراب ہے۔ بات بات میں تو اسلام میں سے نکالا ملتا ہے۔ ہم نے پھوٹیں اور گاجریں اور مولیاں بھی کبھی ایسی سستی نہیں دیکھیں جیسا اس زمانے کے مسلمانوں میں کفر سستا ہے۔ ہندی کی چندی کر کے تو خدا نے ساری باتیں ان کو قرآن میں سمجھا دی ہیں۔ مگر یہ خدا کے کیے پر چلیں بھی۔ فرماتے ہیں۔ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا اب کوئی ان سے پوچھے کہ لَا تَفَرَّقُوا پر عامل تھے۔ تو یہ شیعہ سنی۔ مقلد۔ غیر مقلد۔ وہابی۔ بدعتی کہاں سے نکل پڑے۔ ہر ایک فریق دوسرے کے سر دھرے گا کہ ہم تو بدستور مذہب حق پر قائم ہیں یہ چھٹک کر الگ ہو گئے۔ نہیں نہیں تمامی اسلامی فرقے سب ہی تو تفریق کے مجرم ہیں لوگوں نے وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا کے معنی ہی ٹھیک نہیں سمجھے۔ خدا فرماتا ہے کہ خدا کی رسی کو سب کے سب مضبوط پکڑے رہو اور جدا نہ ہو۔ کاہے سے۔ اُسی اللہ کی رسی سے۔ یعنی سب کے سب خدا پر بھروسا رکھو اُسی کو اپنا حامی اور مددگار اور کارساز سمجھو۔ جب تک اللہ کی رسی کو پکڑے رہو گے تم سب ایک ہو۔ بڑی بات ہے رسّی کا پکڑے رہنا۔ خدا تو کہے تم ایک ہو اور یہ کہیں کہ نہیں ہم تو بہتر ہیں۔ مسلمانوں کے اندرونی اختلاف خارج از بحث ہیں۔ ورنہ سب خدا کی رسی ہی تھامے ہوئے ہیں۔ اس لیے کہ سب مسلمان ہیں۔ مذہب کے بارے میں دو بڑی مکروہ غلطیاں لوگوں سے ہو رہی ہیں۔ ہندو ہوں۔ یا مسلمان۔ یا عیسائی۔ یا کوئی یا کوئی۔ مذہب کی اصلی غرض ہے اپنے نفس کی اصلاح۔ لوگ اس سے تو ہیں غافل اور دوسروں کے پیچھے پڑے ہیں قاضی جی دُبلے کیوں شہر کے اندیشے سے ؎

رندِ خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو		تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو	
	؎		
ہر یکے ناصح برائے دیگراں		ناصحِ خود یافتم کم در جہاں	

لہ اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ (آپس میں جھگڑا کرنے سے) تم ہمت ہار دو گے اور تمھاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ اور سب مل کر خوب مضبوطی سے اللہ کا ذریعہ پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہو۔

دوسری غلطی جو پہلی غلطی کی طرح عام ہے یہ ہے کہ ہر ایک مذہبی فرقہ تمام دوسرے فرقوں کو خیر جہنمی سمجھے تو سمجھے یہ کیسی بے انصافی اور ہیکڑی اور ہٹ دھرمی کی بات ہے کہ وہ دوسرے فرقوں کے لوگوں کو مطلقاً نیکی سے بے نصیب اور تمام قسم کی بدیوں کا جامع سمجھ لیتا ہے۔ ایک ہندو ہر ایک مسلمان کو جھوٹا دغاباز۔ بے رحم۔ مردم آزار۔ چور۔ خائن۔ کشتنی۔ گردن زدنی فرض کر لیتا ہے۔ صرف اس لیے کہ وہ مسلمان ہے اور یہی حال ہے مسلمانوں کا ہندوؤں کی نسبت۔ تو ان میں میل ہو چکا اور اسی سے تو فرماتا ہے۔ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ[۵۱] کہ اختلافِ مذہب لوگوں میں کبھی الیتام ہونے دینے کا ہی نہیں۔ قرآن کی اور بہت سی پیشین گوئیوں میں تو ایک یہی پیشین گوئی ہے جو حرف بحرف ہر جگہ پوری ہو رہی ہے۔ مذہب کے بارے میں لوگوں کی غلطیاں گنوانے پر آؤں تو گنواتے گنواتے صبح کر دوں۔ مگر وہ جو میں نے کہا تھا کہ خود مسلمان اسلام اور ایمان میں فرق نہیں کرتے۔ اسی کی ذری سی توضیح اور سہی کہ بات کو اگر منطق کے ضلع میں لاڈالیں تو اسلام اور ایمان میں عموم اور خصوص من وجہ کی نسبت ہے جس میں دو مادّے افتراق کے ہوتے ہیں اور ایک یا دو اجتماع کا یعنی بعض شخص ایمان بھی رکھتے ہیں اور مسلمان بھی ہیں جیسے میں۔ دوسروں کو میں اپنے ساتھ شامل نہیں کرتا۔ کیونکہ ہر چند اسلام ظاہر سے متعلق ہے اور آپ لوگوں کا ظاہر حال مسلمانوں کا سا ہے الا ماشاء اللہ۔ مگر ایمان ولی خیال کا نام ہے اور اس کو صاحبِ خیال اور خدائے تعالیٰ کے سوا اور کوئی جان نہیں سکتا۔ اگرچہ یَا أَيُّهَا[۵۲] الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ کی رو سے کسی کو کسی کی نسبت بدگمانی کرنے کا حق نہیں اور میں سب ہی کو اپنے سے بہتر ایمان دار سمجھتا ہوں مگر پھر بھی کسی کے دل کے بارے میں حتماً برا یا بھلا کوئی حکم نہیں لگا سکتا۔ اگر کسی صاحب کو میرا یہ کہنا ناگوار ہو اُن کو میری نسبت ایسا ہی خیال کرنے کا اختیار ہے۔ میں ذرا بھی برا نہیں مانتا میرا عقیدہ یہ ہے کہ ایمان کا معاملہ خدا اور بندے کا معاملہ ہے۔ کسی دوسرے بندے کو اس میں دخل دینا

---

[۵۱] لیکن لوگ ہمیشہ آپس میں) اختلاف کرتے رہیں گے ۱۲ [۵۲] مسلمانو! (لوگوں کی نسبت) بہت شک کرنے سے بچتے رہو کیونکہ بعض شک (داخل) گناہ ہیں۔ ۱۲

نہیں چاہیئے - بہرکیف ایمان اور اسلام میں عموم اور خصوص من وجہ کی نسبت ہے - دو مادے افتراق کے ہیں اور ایک مادہ اجتماع کا - تو بعضے مومن بھی ہیں اور مسلمان بھی ہیں - یہ تو اجتماع کا مادہ ہوا - اور بعض مومن ہیں مسلمان نہیں - یعنی اُن کے دل میں ایمان ہے مگر بظاہر مسلمانوں کے گروہ سے الگ ہیں - اور بعض مسلمان ہیں مومن نہیں - یعنی اُن کا ظاہر مسلمان ہے اور دل میں ایمان نہیں ہم ایک شخص خاص کی نسبت تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ مسلمان نہیں جب کہ اُس کا ظاہر مسلمانوں کا سا نہ ہو - اور جب کسی کی نسبت کفر کا حکم لگایا جائے اُس کا یہی مطلب ہوتا ہے مگر کوئی شخص کسی شخص کی نسبت نہیں کہہ سکتا کہ وہ مومن نہیں - اگر یہ تفرقہ ملحوظ خاطر رہے تو مذہبی عداوتوں کی شورش بہت کچھ فرو ہو جائے - مگر افسوس بہت تھوڑے لوگ اس بھید سے واقف ہیں کہتے ہیں کہ تین چیزیں دنیا میں بنا رفساد ہیں - زر - زمین - زن - بے شک اکثر فسادات زر - زمین - زن سے پیدا ہوتے ہیں - لیکن جس نے فسادات کو ان تین چیزوں میں محصور کیا - اُس سے بڑی فروگزاشت ہوئی کہ اُس نے مذہب سے ذہول کیا - حالانکہ سب سے زیادہ بنائے فساد مذہب ہے - لوگوں کے ظرف متحمل نہیں - ورنہ مجھ کو ایسی بہت سی باتیں معلوم ہیں کہ اگر معلوم کرادوں تو تم کو دنیا میں اپنے سوائے کوئی کافر ہی نہ دکھائی دے ؎

گرت چشم خدا بینی بہ بخشد		نہ بینی ہیچکس عاجز تر از خویش	
	؎		
مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز		ورنہ در مجلس رنداں خبرے ہست کہ نیست	

اُنتیسواں لکچر

یہ نظم مدرسۂ طبیہ دہلی کے آٹھویں سالانہ جلسے منعقدہ (۲۷) مارچ ۱۸۹۷ء کو پڑھی گئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اگرچہ دیر سے ہیں مجتمع خواص و عوام
پر اس میں شک نہیں جلسہ ہوا بکا بے ہنگام

کسی طرف سے بھی آوازِ خوش نہیں آتی
کچھ ایسا بگڑا ہے نظمِ لیالی و ایام

وہ بمبئی کہ جو تھا مرکزِ تجارتِ ہند
وبا نے کر دیا گویا کہ اُس کا کام تمام

مکان، رت جگے رہتے تھے جن میں ساری رات
وہ کر رہے ہیں پڑے بھائیں بھائیں اول شام

حکایتیں جو مصائب کی اُن کی سنتے ہیں
تو دونوں ہاتھوں سے لیتے ہیں ہم کلیجہ تھام

خدا ہی جانے ہوئیں کتنی عورتیں بیوہ
خدا ہی جانے ہوئے بچے کس قدر یتیام

جلا وطن ہوئے کتنے کہ جو نہ ٹھہر سکے
کوئی سلون کو بھاگا کوئی گیا آسام

مگر پناہ نہیں آہوئے حرم کو بھی
کہیں۔ جہاں میں جس دم قضا بچھائے دام

مرا تو کرتے ہیں لیکن نہ یوں مفاجاۃً
تپ آئی صبح کو دن چڑھتے ہو گیا سرسام

ہوئی دوپہر تو دنیا سے ہو گئے رخصت
کہ تپ کے ساتھ ہی آیا تھا مرگ کا پیغام

ہزاروں آدمی گر جاں بحق ہوئے تو ہوئے
یہ کیا غضب ہے ہوئی طب رہی سہی بدنام

علاج جتنے کیے سب کے سب گئے بے سود
بتائیں جتنی تدابیر سب رہیں ناکام

بس اب کھلا کہ طبابت کی اتنی ہستی ہے
کہ جھٹ سے لکھ دیا خیسانده از برائے زکام

سکنجبین کو فرمایا قاطعِ صفرا
مریضِ یُبس[۵۱] کو بتلایا روغن بادام

بنی ہے جب اُن کے جانوں پہ اور رہی عاجز
تو ایسی طب کو سلام اور سلام اور سلام

۵۱ خشکی ۱۲

دوا کا حیلہ ہی گر وقت ابھی نہیں آیا — تو ہوتے دیکھا ہی چٹکی سے خاک کی آرام
اور آن پونچا ہی وعدہ تو بس سمجھ رکھو — دعا دوا کوئی تدبیر بھی نہ آئے کام
ادہر وبا نہیں پرقحط اور گرانی سے — مچا ہوا ہی ہر اک گھر میں رات دن کہرام
غلط کہ عید ہوئی ہم کو کوئی سمجھاوے — یہ فاقے کیسے اگر ہو چکا ہی ماہ صیام
ہمیں تو بے زری اور مفلسی نے مار دیا — وگرنہ کیا تھا جو ہوتے گرہ میں اپنی دام
دبا و قحط سے باقی تھا کیا اُجڑنے میں — مگر بھلے کو نگہبانِ خلق تھے حکام
کجا فراغ خوشی کیسی کس کا اطمینان — ان آفتوں کے سبب ہو رہی ہی زیست حرام
یہ قحط دور ہو تب لکچروں کی بات سوا — سُنا تو ہو گا کہ اول طعام بعد کلام
پھری ہوئی ہی خدا کی نظر کچھ ان روزوں — کہ ہم نے توڑے ہیں اس کے ضوابط و احکام
بسا طایہ ہی اور اس پر گناہ کی جرأت — نمود یہ ہی اور اس پر قصور کا اقدام
کیا ہی دین و شریعت کا ہم نے استخفاف — مگر خدا کو بھی سمجھا ہی داخلِ اوہام
اُسی سے ہو سکے ہم سے بدوں کہے تم سا سلوک — اُسی سے بن پڑے نالایقوں کو دے انعام
سوائے توبہ نہیں کچھ علاج قہر خدا — طبیب ہو کہ طبابت کسی پہ کیا الزام
وہ چاہے مار دے ہم سب کو بے وبا بے قحط — بقا تجھی کو ہی اے ذوالجلال والاکرام
گناہ گار ہیں پر معترف قصور کے ہیں — وسیع ہو تری رحمت کرم ہے تیرا عام
جئیں تو خوش جئیں اور امن و عافیت سے جئیں — جب آئے موت تو سب کا بخیر ہو انجام

کبھی آپ صاحبوں نے اس بات پر بھی غور کیا ہی کہ اہل یورپ خاصکر انگریزوں کی دنیاوی ترقی کا اصل گر کیا ہی۔ مَیں انگریزوں کو اس لیے خاص کرتا ہوں کہ اول تو ہم کو ان ہی لوگوں سے قومی تعلق ہی کہ یہ ہمارے حاکم ہیں ہم محکوم یہ بادشاہ ہیں ہم رعیت دوسرے کیا وسعتِ رقبہ کے اعتبار سے اور کیا مردم شماری کے اعتبار سے اور کیا ملک کی زرخیزی اور رعایا کی خوش حالی کے اعتبار سے ان کی سلطنت روے زمین کی تمام سلطنتوں سے پیش پیش اور زبردست اور مطمئن تر ہی۔ کہتے ہیں

اور سیج کہتے ہیں اور بالکل سچ کہتے ہیں کہ کوئین وکٹوریا امپرس آف انڈیا کی سلطنت میں کسی وقت آفتاب غروب نہیں ہوتا اس کے یہ معنی ہیں کہ زمین گول ہے اور اپنے اوپر پڑنے والی ہوئی آفتاب کے گرد گھومتی ہے جس سے رات دن پیدا ہوتے ہیں تو کسی وقت آفتاب کے غروب نہ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ کوئین وکٹوریا امپرس آف انڈیا کی سلطنت اس قدر وسیع ہے کہ اس کا کوئی نہ کوئی حصہ ہمہ وقت محاذی آفتاب رہتا ہے اگر امپرس وکٹوریا کی سلطنت میں کسی وقت آفتاب نہ ڈوبنے کے یہی معنی ہیں تو ان میں بھی شاعرانہ مبالغہ نہیں ہے بلکہ حکایتِ واقعی اور نفس الامری ہے۔ روئے زمین کا ایک کرہ لو اور جغرافیہ کے نقشوں کی رو سے اُس پر جا بجا ملکہ کی عملداری کے نشان کرو تو پاؤ گے کہ جا بجا ملکہ کی عملداری اس کثرت سے ہے کہ گویا ایک چپہ بھر جگہ ملکہ کی عملداری سے خالی نہیں۔ لیکن کرہ لو اور اُس پر نشانات کرو تب تم کو اس کا یقین آئے۔ مگر ملکہ کی عملداری میں کسی وقت آفتاب کے نہ ڈوبنے کے ایک اور بھی معنی ہیں جس کو آپ لوگ بے کُرے اور بے نشان باور کر سکتے ہیں وہ یہ کہ ظلم اور بے انصافی کو اندھیرے سے اور عدل و انصاف کو نور سے تعبیر کرتے ہیں۔ کسی ہائی کورٹ کی ایک حکایت سُنی تھی کہ کوئی حق دار بارسٹروں اور وکیلوں کے قانونی ارنگلوں کی وجہ سے اپنے حق واجب سے محروم ہو گیا جب اُس کو کوئی چارۂ کار باقی نہ رہا تو اِذَا یَئِسَ الْاِنْسَانُ[1] طَالَ لِسَانُہٗ وہ ایک آخری درخواست ججوں کے پاس لے گیا۔ ایک ہاتھ میں درخواست اور دوسرے میں مشعل۔ روزِ روشن میں مشعل کی وجہ پوچھی گئی تو اُس نے کہا کہ اس عدالت میں اندھیر ہے اس لیے میں مشعل لے کر آیا ہوں علاوہ اس کے ظلم و ظلمت کا مادہ بھی ایک ہے تو ملکہ کی عملداری میں کسی وقت آفتاب کے غروب نہ ہونے کا یہ مطلب ہوا کہ اس عملداری میں آفتابِ عدل و انصاف ہمہ وقت تاباں و درخشاں رہتا ہے اور یہ ایک ایسی بات ہے کہ کوئی متنفس انکار نہیں کر سکتا۔ اچھا پھر انگریز ایک چھوٹے سے جزیرے انگلستان کے رہنے والے کس کمال کے بنے ہوئے ہیں کہ ربعِ مسکون کے اکثر حصے پر پھیل گئے۔ اور پھیلنا بھی بادشاہوں کا سا پھیلنا کہ اپنے سے دس گنے پچاس گنے سو گنے ہزار گنے بلکہ زیادہ گنے باشندوں کو زیر کر کے ان پر حکمرانی کر رہے ہیں۔ یہ کیوں۔ آیا اس لیے

[1] جب آدمی ناامید ہوتا ہے تو زبان دراز کرنے لگتا ہے۔ ۲۲

کہ سرد ملک کے رہنے والے ہیں۔ نہیں۔ یا اس لیے کہ رنگتیں گوری ہیں۔ نہیں۔ یا اس لیے کہ عیسائی ہیں۔ نہیں نہیں نہیں۔ اچھا میں ان کی ترقی کا اصلی گر بتاؤں۔ سائنس۔ سائنس کہو فلسفہ کہو علم کہو ایک ہی بات ہے۔ بات تو ایک ہی ہے مگر جس کو ہم علم سمجھتے ہیں وہ علم نہیں بلکہ دوسرے دوسرے علوم جس میں اُنھوں نے ترقی کی یا اُنھوں نے نئے ایجاد کیے ہمارے ہاں تو علم لفاظی اور خیالی مفروضات کا نام تھا۔ خیالی مفروضات کے سمجھانے کے لیے ایک نقل بیان کرتا ہوں کہ دو حقیقی بھائی تھے ایک ماں ایک باپ دونوں نے پڑھی منطق اتفاقاً ان میں کسی بات پر لڑائی ہوئی اور وہ مناظرے سے بڑھ کر حد مشاتمہ یعنی گالی گلوچ تک پہنچی اور مناظرے کا انجام اکثر یہی ہوا کرتا ہے تو ایک بھائی دوسرے بھائی کو ماں کی گالی دیتا تھا مگر اس حیثیت سے کہ وہ دوسرے کی ماں ہے اور اسی سے تو کہا ہے کہ لَوْلَا الْاِعْتِبَارَاتُ لَبَطَلَتِ الْحِکْمَۃُ[۵۱] لیکن اب علم کی شان بدل گئی ہے اس کا دائرہ نہایت وسیع ہو گیا ہے۔ کوئین وکٹوریہ امپرس آف انڈیا کی سلطنت سے بھی اضعافاً مضاعفۃ۔ اب خیالی مفروضات کی جگہ واقعات ہیں اور تمام موجوداتِ عالم۔ اور ان کے تمام حالات میں سے ایک ایک موجود اور اس کا ایک ایک حال علمِ جداگانہ کا موضوع لہ ہے علوم میں ایسی موشگافیاں ہو رہی ہیں کہ ایک ایک علم میں سے کتنی شاخیں پھوٹتی چلی آتی ہیں اور ہر شاخ بجائے خود ایک علمِ جداگانہ ہے۔ یہ نہیں کہ جیسے ہمارے یہاں کے حکیم کہ جتنے عوارض انسان کو از سر تا پا لاحق ہوتے ہیں وہی سب کی تشخیص کریں وہی علاج کریں وہی دوا پچائیں وہی دوا بنائیں وہی چیر پھاڑ کریں وہی فصد لیں وہی دایہ گری کا کام دیں وہی بیمار دار ہوں۔ بے شک ان میں سے کئی کام ہیں جو حکیم نہیں کرتے مگر جس کو حکیم نہیں کرتے وہی جیسا چاہیئے ہوتا بھی نہیں۔ ہمارے ہاں کی طبابت کا حال تقریب قریب پولیس کا سا ہے کہ ہمارے دیکھتے وہی لوگ پرہی[۵۲] ونٹو تھے۔ وہی لوگ پروٹکٹو[۵۳] وہی ڈیٹیکٹو[۵۴] وہی گرفتار کرنے والے وہی اکثر حالتوں میں مجسٹریٹ تجویز کرنے والے اب ان سے تجویز کے اختیارات نکال لیے گئے ہیں اور ہاں کہیں کہیں ڈیٹیکٹو پولیس بھی الگ الگ ہو گئی ہے

[۵۱] اگر حیثیت کا لحاظ نہ ہو تو حکمت کوئی چیز نہیں ۱۲ [۵۲] انسدادی [۵۳] محافظ۔ [۵۴] تفتیشی۔ ۱۲

سب خدمتیں بدستور ہیں۔ ہمارے یہاں کی طب میں تو نہیں مگر انگریزی طب میں تفریق ہو چلی ہے اکثر اسپشلسٹ ہوتے ہیں جیسے ڈنٹسٹ[۵۱] کہ وہ صرف دانتوں کا طبیب ہے۔ کوئی صرف بال لیے ہوئے بیٹھا ہے۔ کوئی صرف حلق۔ کوئی صرف جد بدن کوئی آنکھ پھر دو اساز الگ ہیں چیر پھاڑ کرنے والے الگ۔ دائیاں الگ۔ بیمار دار نرسز[۵۲] الگ۔ ہم اپنے جو یہاں کی طلبات کی حالت خراب دیکھتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم بھی اپنی خوشی جی رہے ہیں۔ تعجب ہے کہ ہم کیوں تن درست رہتے ہیں اور کیوں بیمار پڑے پیچھے ہمیشہ مر نہیں جاتے۔ طب کی یہی خرابیاں تو ہیں جن کے دور کرنے کو حکیم عبدالمجید خاں صاحب نے یہ مدرسہ جاری کیا ہے۔ مگر اس کو حکیم صاحب کی مرضی کے مطابق درجۂ تکمیل کو پہنچنے کے لیے ایک عمر چاہیئے۔ پبلک حق قدر نہ قدر نہیں کرتی اور ہم پیشہ نظر استحسان سے نہیں دیکھتے۔ نیز یہ رونا تو ہمارے جیتے جی ہندوستان سے جاتا نہیں۔ لاؤ وہ سائنس والی بات پوری کریں۔ سائنس کی ترقی کے نہ صرف یہ معنی ہیں کہ اہل یورپ نے سینکڑوں ہزاروں نئی باتیں دریافت اور ایجاد کی ہیں جو یونانیوں کے خواب وخیال میں بھی نہ تھیں بلکہ ایسٹرانمی (علم ہیئت) کیمسٹری (کیمیا) نیچرل فلاسفی (طبعیات) جیالوجی (طبقات الارض) باٹنی (علم فلاحت) ہسٹری (تاریخ) جیاگرفی (جغرافیہ) شاید ہی کوئی علم ہوگا جس میں فلاسفر یورپ نے یونانیوں کی غلطیاں نہ پکڑی ہوں۔ میں شمس العلماء خان بہادر مولوی ذکاء اللہ کی طرح سائنٹفک[۵۳] نہیں تو ہوں نہیں پھر بھی مجکو یوروپین سائنس کے بتانے سے کہ میں نے اس کو کھایا نہیں مگر اس کا ذائقہ چکھا ہے۔ غرض یوروپین سائنس کے بتانے سے مجکو یونانیوں کی کئی غلطیاں معلوم ہوئیں۔ اگرچہ میں جانتا ہوں اور خوب اچھی طرح جانتا ہوں کہ یونانیوں کے مسلّمات کو غلط کہنا بعض مسلمانوں کے نزدیک کفر ہے کہ انھوں نے یونانیوں کے مسلمات کو معتقدات مذہبی میں داخل کر رکھا ہے۔ مگر میں اس کفر سے کہاں بچ سکتا ہوں۔ ان لوگوں کے اسلام کی رو سے تو میری جتنی ادائیں ہیں کفر ہی کفر ہیں۔ میں نے دہلی گورمنٹ کالج میں گو عربی پڑھی مگر گورمنٹ کالج میں پڑھا۔ ایک کھٹرا اور عربی

---

۵۱ کسی فن کا معالج خاص۔ ۵۲ دندان ساز۔ ۵۳ تیمار دار دایہ۔ ۱۲

کے ساتھ انگریزی سائنس کا تھوڑا ترجمہ پڑھا۔ دوسرا کفر۔ انگریزی نوکری کی۔ تیسرا کفر اور نوکری کی بھی تو مَنْ[۱] لَمْ یَحْکُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ الخ کے خلاف۔ چور کا ہاتھ نہیں کاٹا۔ زانی کو سنگسار نہیں کیا۔ دعووں کی سماعت میں قانونِ اسٹامپ اور لاآف لیمیٹیشن یعنی (قانونِ میعاد سماعت) لاآف ایوی ڈنس (قانونِ شہادت) پر عمل کیا۔ مسلمانوں کے مقابلے میں غیر مذہب کے لوگوں کی شہادت قبول کی۔ بلکہ بعض دفعے مسلمانوں کی شہادت پر کافروں کی شہادت کو ترجیح دی ۱۸۵۷ء کے غدر میں منزلین کی جان بچانے میں شریک و معین رہا ساری عمر انگریزی عملداری کو اچھا سمجھا اور برٹش گورنمنٹ کی خیر خواہی کا دم بھرتا رہا۔ بلا ضرورت انگریزی پڑھی۔ سید احمد خاں نیچری کے کالج کا ٹرسٹی اور کانفرنس کا لکچرار بنا۔ اور دی[۲] لاسٹ دو ناٹ دی لیسٹ۔ مولوی شاہ رفیع الدین صاحب و مولوی شاہ عبدالقادر صاحب کے ایک چھوٹے دو دو ترجمے ہوتے سارے قرآن کا اردو ترجمہ کیا۔ یہ سب کتنے کفر ہوئے۔ اس حساب سے تو میرے روئیں روئیں میں کفر ہے۔ اچھا تو ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر۔ جہاں اتنے سارے کفر ہیں وہاں ایک کفر یہ بھی سہی کہ میں انگریزی سائنس کے بتانے بلکہ یوں کہو بکانے سے یونانیوں کے بعض مسلمات کو غلط سمجھتا ہوں۔ اس وقت میں صرف ایک ہی بات کہنی چاہتا ہوں کہ یونانیوں کے سکھانے سے ہم لوگ آبا عن جدٍ مانتے چلے آتے ہیں کہ دنیا چار عناصر سے بنی ہے باد و خاک و آب و آتش۔ اور یہ چاروں بسیط ہیں کہ ان میں ترکیب نہیں۔ اہلِ یورپ نے کیا کفر پھیلایا کہ ہوا میں ترکیب ثابت کی اور علم کیمیا کے زور سے آکسیجن۔ ہیڈروجن نائٹروجن۔ تین قسم کی مختلف الخواص ہوائیں الگ الگ کر کے دکھا دیں۔ اسی تحقیقات میں منکشف ہوا کہ آکسیجن کے بدون آگ نہیں جل سکتی۔ نباتات کو نمو نہیں ہو سکتا جب تک ایک خاص پروپورشن یعنی نسبت کے ساتھ آکسیجن اور ہیڈروجن کا امتزاج نہ ہو پانی نہیں برس

[۱] جو شخص خدا کے اُتارے ہوئے احکام کے مطابق فیصل خصومات نہ کرے تو ایسے ہی لوگ کافر اور ظالم اور فاسق ہیں ۱۲ منہ گو سب سے اخیر مگر کسی سے کم نہیں ۱۲۔

سکتا۔ انسان کو خلیفۃ اللہ کہا جاتا ہو اور اس خلافت کے یہی معنی ہیں کہ خدا نے انسان کو عقل دی ہو جس کی مدد سے وہ مخلوقات کے خواص اور اُن کی تاثیرات اور علت و معلول کے تعلقات کو دریافت کرے اور دریافت کیے پیچھے مخلوقات میں تصرفات کرے۔ جو اس کے لیئے بکار آمد ثابت ہوں انسان ایسا کرے تو حقیقت میں وہ اپنا فرض انسانیت ادا کرتا ہو اور اسی لیئے وہ پیدا کیا گیا ہو۔ لیکن اس کی تحقیقات کسی درجہ تک اور اس کے تصرفات کسی حد تک پونہچیں اسکو چاہیئے کہ دائرۂ عبودیت سے قدم باہر نہ رکھے۔ سر ازیک نیوٹن جس کو یورپ کے فلسفیوں کا جدِ امجد کہنا چاہیئے اور یورپ کے فلسفیوں کا جدِ امجد ہوا تو ہندوستان کے نئے[3] فلسفیوں کا پردادا۔ بہرکیف نیوٹن بایں رسائی ذہن کہ اُس نے لاء آف گرے یویٹیشن[51] اور ایٹریکشن[52] دریافت کرکے زمین و آسمان کے قلابے ملا دیے۔ کہا کرتا تھا کہ میں جو اسرار نیچر کی ٹوہ میں لگا رہتا ہوں میری مثال اُس بچے کی سی ہو جو سمندر کے کنارے بیٹھا ہوا گھونگے اور سیپیاں جمع کر رہا ہو اور قعرِ دریا میں جو موتیوں کا ذخیرہ ہو اُس کی اُس کو خبر تک نہیں۔ سچ ہو وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ[53] اِلَّا قَلِيْلًا جو شخص کوئی مفید چیز ایجاد یا دریافت کرتا ہو۔ اُس کو وہیں تک فخر کرنے کا حق ہو جیسے رمضان کے بعد ہلالِ عید کے لیئے لوگ سخت بے قرار ہوتے ہیں وہ نہ جنتری کو مانتے ہیں نہ پترے کو نہ دوج کو۔ اور نہ مطلع کے صاف یا ناصاف ہونے کی پرواکرتے بلکہ انتیسویں[29] تاریخ کچھ دن رہے سے میدانوں میں نکل جاتے یا بلندیوں پر جا بیٹھتے ہیں۔ ایک بھیڑ کی بھیڑ چاند دیکھتی ہوتی ہو۔ اور اُن میں سب سے پہلے چاند ایک شخص کی نظر چڑھ جاتا ہو اور وہ خوش ہوتا ہو پس ایسی ہی خوشی اور اتنی ہی خوشی ایک موجد اور مخترع کو ہوتی چاہیئے۔ چاند کے دیکھنے والے نے اتنا ہی کیا کہ سب سے پہلے چاند دیکھا۔ نہ یہ کہ چاند بنایا۔ یا اُس نے اپنی آنکھ بنائی اور اُس کو قوتِ بصارت دی۔ اسی طرح جس نے سب سے پہلے مثلاً سٹیم کی طاقت دریافت کی اُس نے نہ پانی کو پیدا کیا نہ آگ کو اور نہ پانی اور آگ کی اُس خاصیت کو کہ آگ کی حرارت

---

[51] قانون کشش ثقل۔ [52] کشش۔ [53] تم لوگوں کو بس تھوڑا سا ہی علم دیا گیا ہو۔

پاکر پانی کی سیٹم بنے۔ اور نہ اُس نے سیٹم میں یہ زور ڈالا کہ وہ رو کے نہ رُکے دبائے نہ دبے۔ جب یہ بات دریافت ہوئی کہ آکسیجن اور ہائیڈروجن کے اتنے پرو پورشن سے پانی برستا ہی تو دہری فلسفی لگے اُچھلنے اور غلیلیں بجانے کہ بس اب کیا تھا ہوا میں آکسیجن اور ہائیڈروجن کا یہ پروپورشن پیدا کرنا کون سی بڑی بات ہی۔ جابجا اکسپرمنیٹ (تجربے) ہونے لگے۔ چار یا پانچ برس ہوئے میں نے کسی انگریزی اخبار میں پڑھا تھا۔ کہ مدراس پریزیڈنسی میں بھی کوئی بلند مقام تجویز کر کے گولے چلائے گئے اور اتفاق سے کسی محدود مقام میں کچھ یوں ہی سی بوندا باندی بھی ہوگئی تھی شیخ ابراہیم ذوق کیا خوب فرماتے ہیں ؎

اس جبر پر تو ذوق بشر کا یہ حال ہی		کیا جانے کیا کرے جو خدا اختیار دے	

سب تو سر از نیک نیوٹن کا ساظرف نہیں رکھتے۔ عجب نہیں ان فلسفی گولہ اندازوں کے ذہن میں یہ قیاس سمایا ہو کہ اب ہم خدا کے بڑے اختیار پر قابو پا گئے ہیں۔ اسی طرح طبابت بھی ترقی کی بڑی بڑی لیپس اینڈ باونڈز (چھلانگیں) مار رہی ہی۔ ایک تازہ ایجاد تو یہ ہی کہ بے چیرے پھاڑے احشار یعنی اعضار اندرونی کی ہو بہو تصویر اُتارتے۔ اور آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں کہ کس جگہ کیا آفت ہی۔ اس فن میں بھی کمال پیدا کر کے حدِ بشری میں رہنا اور اپنے تئیں بندۂ عاجز اور خادمِ نیچر سمجھنا بڑے حوصلے والوں کا کام ہی۔ آدمی عالمِ اسباب میں پیدا کیا گیا ہی اور اُس کا جینا۔ مرنا چلنا پھرنا۔ کھانا۔ پینا۔ سونا۔ جاگنا۔ یعنی وہ خود اور اُس کے تمام حرکات و سکنات اور تمام عوارض و حالات محکوم قاعدۂ اسباب ہیں۔ بااین ہمہ اُس سے اکثر ایسی غلطی ہوتی ہی۔ کہ وہ تعیین سبب میں دھوکا کھاتا ہی اور چوں کہ وہ اسباب مرئی اور مشاہدہ کا خوگر ہی۔ سببِ اصلی یعنی خدا کو بھلا دیتا ہی۔ میں اس کی ایک مثال کلام الٰہی سے دیتا ہوں۔ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۚ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۚ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ ۖ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ

لہ تناسب ۵۲ قارون موسیٰ کی قوم (یعنی بنی اسرائیل) میں سے تھا پھر وہ اُن پر ظلم کرنے لگا۔ اور ہم نے اُس کو اتنے خزانے دے

مِنَ الدُّنْیَا وَاَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِی الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِیْتُہٗ عَلٰی عِلْمٍ عِنْدِیْ اور دوسری جگہ فرماتے ہیں۔ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنَاہُ نِعْمَۃً مِّنَّا قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِیْتُہٗ عَلٰی عِلْمٍ اب میں پوچھتا ہوں کہ گو مُونہ سے نہ کہیں مگر کیا ہم بنی آدم اپنی تمام کامیابیوں اور خوش حالیوں کو اپنی تدبیر اور صرف اپنی تدبیر کی طرف منسوب نہیں کیا کرتے ؎

ہیچ کس از ما کم از فرعون نیست	لیکن اورا عون ما را عون نیست
کیست از خواہش پرستی ہا بری	عصمتِ بی بی ست از بے چادری

فرعون کی نسبت لکھا ہے کہ وہ بڑا فلسفی تھا اور ریاضی میں اُس کو ایک خاص دستگاہ تھی فلسفیانہ عقل اور ریاضی کی دستگاہ رکھ کر جو وہ اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کہتا تھا تو اُس کی کوئی وجہ ہوگی۔ اور وہ وجہ نہیں تھی مگر یہ کہ وہ اپنی حالت پر مغرور تھا اور موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اپنا مقابلہ کرکے لوگوں سے کہتا تھا کہ اَلَیْسَ لِیْ مُلْکُ مِصْرَ وَھٰذِہِ الْاَنْھٰرُ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِیْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ اَمْ

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۷۴ ۔ رکھے تھے کہ کئی زور آور مرد اُس کی کنجیاں بمشکل اُٹھاتے۔ ایک بار اُس کی قوم (کے لوگوں) نے اُس سے کہا کہ اترا مت۔ کیوں کہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور (یہ) جو (ساز و سامان دنیا) تجھکو خدا نے دے رکھا ہے اُس میں (سے کچھ) آخرت کے گھر کا بھی) فکر کرتا رہ اور دنیا سے جو تیرا حصہ ہے اُس کو فراموش نہ کر۔ اور جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی (اوروں کے ساتھ) احسان کر اور ملک میں فساد کا خواہاں نہ ہو (کیوں کہ) اللہ مفسدوں کو پسند نہیں کرتا (قارون) بولا یہ (مال اور دولت) تو مجکو اپنی لیاقت سے حاصل ہوا ہے ۱۲ ؎ تو انسان (کی عادت ہے کہ اُس) کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اُس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں تو کہنے لگتا ہے کہ یہ تو مجکو بس (میری) لیاقت کی وجہ سے ملی ہے ۱۲ ؎ کیا ملکِ مصر ہمارا نہیں ہے (ضرور ہے) اور یہ نہریں ہمارے (ایوانِ شاہی کے) تلے پڑی بہ رہی ہیں کیا تم کو نہیں سوجھتا۔ ضرور ہیں اس (موسیٰ) سے بہت بہتر ہوں کہ وہ ایک ذلیل (آدمی) ہے اور (اپنے) مافی الضمیر بھی نہیں کر سکتا۔ تو اس پر سونے کے کنگن (خدا کی طرف سے) کیوں نہیں اُترے (کہ وہ اُن کو زیب تن کرتا) یا فرشتے اکٹھے ہو کر (اُس کی تصدیق کو) اُس کے ساتھ آئے ہوتے۔ ۱۲۔

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ میں نے دنیاوی دولت کا ایک نمونہ حیدرآباد میں دیکھا ہے کہ بعض اُمرا سن طفولیت سے ایسے ناز و نعم میں پرورش پاتے ہیں کہ ساری عمر اُن کو آوازِ مخالف سننے کا اتفاق نہیں ہوتا۔ ہم متوسط الحال لوگوں کے لڑکے بات بات میں جھڑکے اور ملامت کیے جاتے ہیں اس پر بھی روبراہ نہیں ہوتے وائے اُن لوگوں کے حال پر جنہوں نے جھڑکی اور ملامت کیسی آوازِ مخالف بھی کبھی نہیں سُنی۔ مدت کی بات ہے جن دنوں میں سلطنتِ اودھ منتزع ہوئے کو تھی میں اُس سے کچھ پہلے قیصر باغ کے میلۂ رہس میں شریک ہوا تھا۔ میں نے جو جو سامان وہاں دیکھا اُس کا اثر مجھ پر یہ ہوا تھا کہ اُس کے بعد جو کوئی واجد علی شاہ کو بُرا کہتا تھا مجھ کو ناگوار گزرتا تھا۔ اور میں کہتا تھا کہ اُس صحبت میں رہ کر اور ویسے سامان رکھ کر دوسرے واجد علی شاہ نہ بن جاؤ تو تم آدمی نہیں بلکہ فرشتے ہو۔ دنیا کی خوش حالی آدمی کی طبیعت پر بہت سے بُرے اثر کرتی ہے اور اسی وجہ سے دین دار لوگ دنیا کی مذمت کرتے ہیں۔ اُس کے آثار بد میں سے ایک اثر بد ہے غرور جو متمہد ہے اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کی۔ ہمارے ملک میں اُمرا کے خطاب کیواں جاہ۔ فلک شکوہ وغیرہ بھی اسی قبیل سے ہیں غرض کامیابی اور خوش حالی کی صورت میں حدِ عبودیت کے اندر رہنا بڑے مرد کا کام ہے ع

گر بدولت برسی مست نگردی مردی

تو جس طرح ہر ایک آدمی کامیابی اور خوش حالی میں از خود رفتہ ہوتا ہے اسی طرح گولنداز فلسفیوں نے مینہ کو۔ اسی طرح طبیبوں اور ڈاکٹروں نے زندگی اور موت کو اپنی اختیاری بات سمجھ لیا ہو تو اُنھوں نے وہی غلطی کی جو ہم سب کرتے ہیں مگر خدا کو تو ہمیں اس غلطی پر متنبہ کرنا تھا۔ اس لیے اُس نے وبا اور قحط کو بھیجا تاکہ ہم لوگ اُس کی طرف رجوع ہوں۔ عجب نہیں اس خیال کو لوگ اضحوکہ اور سوپرسٹیشن سمجھیں۔ لیکن دنیا ہے تو خدا ہے اور خدا ہے تو اُس کی قدرتیں ہیں اُس کے انتظام ہیں اور

لہ توہم ضعیف الاعتقادی ۱۲

اُس کی مصلحتیں ہیں جن کو وہی خوب جانتا ہے ۵

آنکہ در آدم دمیدہ روح را		داد از طوفاں نجاتے نوح را	
آنکہ فرماں کرد قہرش باد را		تا سزائے داد قوم عاد را	

ہم کو تو دین کی تعلیم یہی ہے مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ۔ حکیم عبدالمجید خاں صاحب نے جو مدرسۂ طبیہ کی رپورٹ پڑھ کر سُنائی ہے وہ اس قابل ہے کہ ہر ہر بات پر اُن کو مبارک باد دی جائے۔ لیکن میری طبیعت واقع ہوئی ہے مشکل پسند میں دوسرے پہلوؤں سے اِس مدرسہ کو دیکھتا ہوں۔ اور اسی وجہ سے حکیم عبدالمجید خان کو مبارک باد دینے میں مضایقہ کرتا ہوں بے شک مدرسہ کی حالت نے امسال ہز ہائنس نواب صاحب رام پور کی امداد سے نمایاں ترقی کی ہے مگر وہ حکیم عبدالمجید خاں کا ذاتی انفلوئنس ہے کہ یہ نواب صاحب کے مزاج میں دخل پا گئے ہیں تو یہ امداد شخصی امداد ہوئی۔ امداد اس سے کم اور بہت کم ہوتی مگر پبلک کی طرف سے ہوتی تو میں اس کی زیادہ قدر کرتا۔ پبلک کو دیکھتا ہوں تو وہ اس مدرسے سے ویسے ہی الگ تھلگ جیسے پچھلے برسوں میں رہے ہیں اور جیسے شاید وہ آیندہ بھی رہیں گے۔ میں دیکھتا ہوں کہ حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے ہم پیشہ طبیبوں میں بھی کوئی ہاتھ نہیں دھرتا مولوی وکیل احمد صاحب مدرسہ کے موروثی ممتحن ہیں۔ اُن کے علاوہ حکیم محمد واصل خاں صاحب وہ حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے بھائی نمبر ۱ حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب نمبر ۲۔ حکیم احمد سعید خاں صاحب نمبر ۳ کیا یہ کوئی خوشی کی بات ہے کہ سارا چھپّہ ایک ہی خاندان پر ڈال دیا جائے۔ غرض ہم کو شکایت ہے پبلک سے ہم کو شکایت ہے طبیبوں سے ہم کو شکایت ہے سرسیّد سے۔ جو حسن اتفاق سے اس وقت تشریف رکھتے ہیں کہ اُنھوں نے علی گڈھ کالج میں لا کلاس کھولی جس میں قانون پڑھایا جاتا ہے (ایک

۵ (اے شخص) جو تجکو بھلائی پونہچ جائے تو (اُس کو سمجھ کر) خدا کی طرف سے ہے اور جو تجکو کچھ برائی پونہچے تو (جان کہ) تیری ذات سے ہے ۱۲

شاخ قواعد اور سواری سکھانے کے لیئے خاص کی مگر فنِ طب کو اس قابل بھی نہ سمجھا کہ اس مدرسے کو اپنے کالج کے ساتھ افلی ایٹ[۵۱] کر لیتے جیسے مارہرہ اسکول اٹاوہ اسکول۔ تلہر اسکول پھر وی لاسٹ دوناٹ دی لیسٹ۔ ہم کو شکایت ہو گورمنٹ سے کہ لوگوں کی جان بچانے کے لیئے کیسی مضبوطی اور استحکام کے ساتھ وبا اور قحط کا مقابلہ کیا جارہا ہو اور سرکار نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہو کہ کسی جان کو فاقے سے ضائع نہ ہونے دے لیکن یہ منطق ہماری سمجھ میں نہیں آتی کہ لوگوں کو تو فاقے سے نہ مرنے دیں اور بیماریوں سے مرنے دیں۔ اے صاحب کمشنر صاحب بہادر یہ تو ہمارے درد کا علاج نہیں ہو کہ آپ جلسہ سالانہ کی پریسیڈنٹی کر دیا کریں اور بس۔ ہم ایسے نہیں بیٹھے کہ انگلی پکڑا دینے کے سہارے سے کھڑے ہو جائیں۔ ہم کو تو گود لیجے۔ لاد دولدا دولادنے والا ساتھ دو تب ہم کچھ سنبھلیں تو سنبھلیں۔ فقط۔

متفرق نظمیں جو وقتاً فوقتاً جلسوں میں پڑھی گئیں

بہ تقریب جلسہ عام دہلی ڈائمنڈ جوبلی شصت سالہ حضور ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند

بعد مدت ہوئی خوشی غم میں — کہ پڑی جوبلی محرم میں
ایسی تقریب میں نہ خوش ہوں تو پھر — کیا تفاوت و داب میں ہم میں
ہیں مسلماں رعیتِ انگریز — ایک طرح پر حروفِ مدغم میں
روئے اک آنکھ اور ہنسے ایک آنکھ — رقص کی شان نکلے ماتم میں
دل میں ہو آہ مونہہ سے نکلے واہ — نفیٔ اثبات دونوں ایک دم میں
زمزمے سے اگر ہو شادیِ مرگ — ڈوب جائیں گے آبِ زمزم میں
قحط ہو یا وبا ہو یا افلاس — جائیں سب ایک دم جہنم میں

[۵۱] شامل ہونا شریک ہونا

اُٹھو گت بھر کے ہم کو دکھلاؤ — وہ نہیں ہم کہ شاد ہوں کم میں
پر رعایت اُصول کی رکھنا — زیر میں بم میں تال میں سم میں
ملکہ کو دعائیں دو دل سے — کہ رہیں تا بدیر عالم میں
آفتاب ان کے عدل کا تاباں — جیسے پورب میں ویسے پچھم میں
پرورش پائے اُن کی ہیبت سے — برّۂ بز کنارِ ضیغم میں
وہ شہنشاہِ روم کی ہوں رفیق — بحرِ مواج و برّ اعظم میں
اور کبھی کشمکش نہ ہو واقع — دونوں کے ارتباطِ باہم میں
کاش اُڑتا ہوا دکھائی دے — یونین جیک[۵۱] جیش ادہم میں

نظم بہ تقریب جلسۂ ڈائمنڈ جوبلی دہلی

عجب زمانے کی حالت ہے اِن دنوں ابتر — کہ کوئی خیر نہیں جس میں شر نہ ہو مضمر
کیا ہے روم پہ یورپ نے اس طرح نرغہ — کہ دست رس ہو تو کر ڈالیں اُس کو زیر و زبر
بایں قصور کہ اس سلطنت کے صوبے چند — یہ چاہتے ہیں کہ ہو جائیں حاکمِ خود سر
وہ دیکھتے ہیں کہ اور اُن کے بھائی عیسائی — ہوئے ہیں مالکِ روئے زمیں چہ بحر و چہ بر
اُنھیں کے ہاتھ میں ہے مدعا چہ نیک و چہ بد — اُنھیں کے قبضۂ قدرت میں ہے چہ خشک و چہ تر
اب ان سے اُٹھ نہیں سکتا جُوا حکومت کا — علی الخصوص مسلط ہو غیر گراں پر
خراج مانگیں تو چلّا اُٹھیں کہ لوٹ لیا — ہو ان سے بات کا کہنا بھی مارنا پتھر
یہ اونٹ دیکھیے اب بیٹھتا ہے کس کروٹ — کہ بات آن پڑی اختلافِ مذہب پر
اِدھر عسا کر مصری ہیں عازمِ خرطوم — مقابلے میں ہیں درویش ہو کے سینہ سپر
رُکے یہ وہ نہیں طوفاں کسی کے روکے سے — بجھے کسی کے بجھائے یہ وہ نہیں اخگر

۵۱ انگریزوں کا جھنڈا ۱۲

بہائے خون کے دریا یہ سیل ملکوں میں
یہ آگ کردے علاقے جلا کے خاکستر

ہو جب مخاصمتِ مذہبی فریقوں میں
تو صلح کیسے ہو اور التیام ہو کیوں کر

نہ وہ مسیح کے قائل کہ تھے وہ ابنُ اللہ
نہ یہ رسولِ عرب کا کہا کریں باور

وہ ان کو سمجھیں بدو بدترین مخلوقات
یہ اُن کو جانیں ملاعین مستحق سقر

عجیب کشمکشوں میں ہو ملکِ افریقہ
لٹک رہا ہے پڑا بیچ میں ادھر نہ اُدھر

اٹالینز[۵۱] ہیں شاہِ حبش سے برسرِ کیں
ہے دو فریق میں دائر شکست و فتح و ظفر

ابھی بھی چین سے رہنا اسے نصیب نہیں
اگرچہ چین نے جاپان سے صلح کی دب کر

وہی مثل ہے جو پڑھتے ہوئے سنی ہوگی
کسی سکول کے لڑکے کو آپ نے ریڈر

شکار گرگ نے مارا اور اُس پہ ٹوٹ پڑے
براہِ حرص شغال و پلنگ و شیر ببر

اگر نہ ہو خبر خوش تو کیا کرے مخبر
تو قعات پہ بدنام ہے عبث رو ٹر[۵۲]

جدھر نگاہ اُٹھاؤ اُدھر فساد و فساد
مگر نظامِ تمدن ہے کُل یوم بتر

نہیں کہ سند ہے آفاتِ دہر سے محفوظ
بلائے قحط ہے اور مرگِ بے اماں فیور[۵۳]

صفائی ہوتی گئی جس قدر صفائی کی
تھے آدمی خس و خاشاک موت تھی مہتر

ڈرے بلا سے ہماری بلا کہ ہم کو نہیں
کسی گزند سے بیم و ہراس و خوف و خطر

ہمیں پناہ ہے وکٹوریہ کی شفقت کی
ہم اُسکے بچے وہ ہم سب کی مہرباں مادر

گر آسماں نے کیا بخل اور نہ برسا مینہ
کی اُس کے فیض نے باراں سے بڑھ کے بارشِ زر

جہاں کہیں ہے کوئی شے ز قسمِ ماکولات
ہمارے پاس چلی آرہی ہے لد لد کر

پلیگ آتے تو آئی پر اُس نے کیا دیکھا
کہ اُس کے دفع کی خاطر ہے مستعد لشکر

ہوا ایک محکمہ حفظانِ تن درستی کا
ہزاروں آدمی از زیر دست تا افسر

جہاں دیکھے ہوئے ڈاکٹر گروہ گروہ
یہ کر کے چھوڑیں گے طاعون کو کوئی دن میں بدر

---

[۵۱] اٹلی والے۔ [۵۲] یورپ سے تار برقی پہنچانے کی بڑی بھاری ایجنسی۔ ۱۲ [۵۳] نب۔ ۱۲

غرض کہ جو ہوا جو ہو رہا ہے اُس سے سوا
جہاں میں کر نہیں سکتا ہے کوئی فرد بشر

دعائیں کیسے نہ دیں شرطِ آدمیت ہے
کبھی ہوا ہے کہیں ایسا شاہِ نیک سیر

کوئین زندہ سلامت بخیر و با اقبال
یہی دعا ہے ہماری خدا سے آٹھ پہر

وہ ہم نہیں کہ شکایت زبان پر لائیں
اگرچہ سیلِ بلا سر سے کیوں نہ جائے گزر

ہمارا شیوہ و دیں ہے اطاعتِ حاکم
یہی ملا ہمیں حکمِ خدا و پیغمبر

جُز امتثال نہیں کوئی ہم کو چارۂ کار
جز انقیاد نہیں ہم کو کچھ گریز و مفر

کریں خلاف تو اسلام سے ہوئے خارج
کریں عدول تو جانو کہ ہو گئے کافر

پر اپنا حال نہ تم سے کہیں تو کس سے کہیں
کہ تم ہو اہلِ دول ہم فقیرِ دست نگر

ہوئے ہیں ہم ہدفِ حادثاتِ مدت سے
تمھیں پناہ ہماری تمھیں ہماری سپر

ہمارا حال ہے از بسکہ قابلِ عبرت
بیان کیجے تو بہ جائے خون ہو کے جگر

وہی ہیں ہم کہ کبھی افسری کے شایاں تھے
وہی ہیں ہم نہیں ہم کو رکھتا ہیں کوئی نوکر

وہی تو ہم ہیں کہ ہیں کوڑیوں کو اب محتاج
وہی تو ہم ہیں کہ تھے مالکِ زر و گوہر

وہی تو ہم ہیں کہ تھے بانیِ حصون[1] و قصور
وہی تو ہم ہیں کہ کھپریل بھی نہیں چھپر

وہی تو ہم ہیں کہ تھے مسندوں پہ جا گزیں
وہی تو ہم ہیں کہ اب فرشِ خاک ہے بستر

وہی تو ہم ہیں کہ باغِ جہاں کی رونق تھے
وہی ہیں ہم خس و خاشاک سے کہیں بدتر

وہی تو ہم ہیں کہ اب سب سے ہیں گئے گزرے
وہی تو ہم ہیں کہ اپنا نہ تھا کوئی ہم سر

وہی تو ہم ہیں کہ تھے مالکِ رقابِ اُمم
وہی تو ہم ہیں کہ اب سب کے ہیں خریدہ کنیز

وہی تو ہم ہیں کہ ہے جاہلوں میں اپنا شمار
وہی تو ہم ہیں کہ تھے سب علوم مستحضر

وہی تو ہم ہیں کہ اب پا شکستہ بیٹھے ہیں
وہی تو ہم ہیں کہ سیر و سفر کے تھے نوگر

وہی تو ہم ہیں کہ سب ایک سمجھے جاتے تھے
وہی تو ہم ہیں کہ ہم[2] ہیں مگر ہیں بلکہ دو اوپر

[1] قلعوں اور محلات ۱۲ [2] مسلمانوں کے بہتر فرقے مشہور ہیں ۱۲

وہی ہیں ہم کہ کبھی ملک واریاں کیں ہیں — وہی ہیں ہم کہ سنبھالے نہیں سنبھلتا گھر
وہی تو ہم ہیں کہ اپنا بھی کچھ شعور نہیں — وہی تو ہم ہیں کہ رکھتے تھے غیب تک کی خبر
وہی تو ہم ہیں کہ جادو اُتارے کتنوں کے — وہی تو ہم ہیں کہ اب ہم کو کھا گئی ہے نظر
وہی تو ہم ہیں کہ جس امتحاں میں دیکھو فیل — وہی تو ہم ہیں کہ تھے پاس اولیں نمبر
لیے بہت مگر ایسے بھی کم لیے ہوں گے — کہ جن کے پاس نہ دولت رہی نہ علم و ہنر
ہم اپنے مُونہ سے کہیں کیا کہ ایں مکن آں کن — جو جی میں آئے کرو رکھو پر کرم کی نظر

قطعہ

جس کو مولوی صاحب موصوف نے طلائی کاغذ پر لکھوا کر اور سنہری چوکھٹے میں نصب کرا کر مع ایک جلد قرآن مجید سرجمہ خود جناب سر میکورتھ ینگ صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب کی خدمت میں ۱۸۹۱ء میں پیش کیا اور قطعہ خود پڑھ کر سُنایا ہز آنر نے بڑی خوشی کے ساتھ مولوی صاحب کے تحفہ کو قبول فرمایا

بدلے گا اب بہار سے قطعاً خزاں کا رنگ — حاکم ہوئے ہیں صوبہ کے سر میکورتھ ینگ
کیا حسن انتظام ہے بسمارک[۵۱] بھی اگر — جرمن سے آگے دیکھیے تو ہو جائے عقل دنگ
ایک نصف دور آنکھوں سے گزرے ہیں لفٹنٹ — پر ان کے انتظام کے بالکل نئے ہیں ڈھنگ
انصاف اس کو کہتے ہیں عدل اس کا نام ہے — ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں بزغالہ و پلنگ
ہیبت تمھاری لشکرِ اعدا کو دے شکست — ظاہر کا ایک حیلہ ہے کیا توپ کیا تفنگ
منظور ہو جسے کہ ہو ہر طرح کام یاب — بس تم سے آ کے سیکھ لے تدبیر صلح و جنگ
قائل نہ تھے کسی کے مگر تم کو دیکھ کر — ہم ہو گئے ہیں معتقدِ دانشِ فرنگ
اب سُن کے تم کو حاکمِ پنجاب خوش ہوئے — تھے اس سے پہلے اہلِ ہنر زندگی سے تنگ
مجکو ملا خطاب تو ہے مجکو اُس سے فخر — گو ہے خطاب کو میری نسبت سے عار و ننگ

[۵۱] وزیر جرمن کا نام ہے جو بڑا لائق اور مدبر ضرب المثل تھا ۱۲

ہر چند ہوں کمال و فضیلت سے بے نصیب — پر شکر ہر کہ طبع میں جودت ہو اور اُمنگ
کہتا نہیں مگر مجھے قدرت ہے نظم پر — لیکن نہیں ہوں دوسروں کی طرح سے دبنگ
لوہا نہیں ہو ذہن کی تلوار کا خراب — ہاں بے مہارتی کے سبب سے چڑھا ہو زنگ
الماس ہے نتیجۂ فیضانِ تربیت — ہو ورنہ اصل وضع میں اس کی سرشت سنگ
تم پرورش کرو تو کرے مات برق کو — عند السباق سرعتِ رفتار اسپِ لنگ
عہدِ حکومت آپ کا یوں ہو مفید ملک — سیراب جیسے کرتا ہے کھیتوں کو آبِ کنگ

خلعت اور خطاب شمس العلما یہ دونوں چیزیں میونسپل ہال دہلی کے دربار عام منعقدہ ۲۲ جون ۱۸۹۶ء میں کپتان ڈیوس صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر کے ہاتھ سے ملیں اُس وقت اشعار ذیل پڑھے گئے۔

کیوں کر کہیں کس سے کہیں ہم کون ہیں کیا ہیں — ایک ذرہ ہیں اور نام کے شمس العلما ہیں
انسان کو کہتے ہیں کہ ہے بندۂ احساں — یعنی کہ ہم آوازۂ گنبد کی صدا ہیں
گر شاہ کرے لطف و عنایت تو رعایا — تسلیم و اطاعت میں غلاموں سے سوا ہیں
خود تم کو نہیں مال و زر و سیم کی پروا — اور ہم بھی اور ہر مفلس و بے برگ و نوا ہیں
لیکن دل و جاں رکھتے ہیں اور دونوں کے دونوں — سچ مانو نثار ہیں تم پر سے فدا ہیں
کیا ہو سکے احسانِ گورمنٹ کا بدلہ — بس جہدِ مقل یہ ہے کہ مصروفِ دعا ہیں
جس عہد میں ہم امن سے بیٹھے ہیں الٰہی — قائم رہے جس وقت تلک ارض و سما ہیں
ڈیوس کو خدا لاٹ کرے سب کہو آمین — اس کشتیِ طوفاں زدہ کے ناؤ خدا ہیں

متفرق نظمیں

نظم

اغیار اگر ہم سے ہوں ناخوش تو عجب کیا — مدت ہوئی ہم آپ ہی اپنے سے خفا ہیں
کرنے کے لیے قالبِ بے جان ہیں لیکن — گر کہنے پہ آجائیں تو آندھی سے سوا ہیں

ہفتاد و دو ملت میں کسی سے نہیں ملتے
اسلام میں شامل ہیں اور ان سب سے جدا ہیں

ڈیرابینٹ کی مسجد ہو امام اُس کے ہیں ہم آپ
ہم آپ ہی آواز بھی اپنی صدا ہیں

ہر مرتبہ شرمندہ ہیں ماہِ رمضاں سے
اور رہائے نمازیں ہیں کہ ہر روز قضا ہیں

دنیا ہمہ تن درد ہو ہوتے دو ہمیں کیا
ایسا بھی مرض ہو کوئی ہم جس کی دوا ہیں

یوں دیکھنے میں ایک نہیں آنکھیں ہیں دو دو
اور پھر بھی پس پردہ کوریِ دعمیٰ ہیں

ہو نا متعرض نہ مسلماں سے کہ یہ لوگ
وردی کش میخانۂ تسلیم و رضا ہیں

پس پونہچ چکی منزلِ مقصود کو وہ قوم
جن میں وہی گمراہ ہیں جو راہ نما ہیں

ہر چند تہی دست ہیں بے برگ و نوا ہیں
جو دل کے غنی ہیں وہ امیر الامرا ہیں

معلوم مسلم ہو کہ اسبابِ تکلف
اکثر سببِ زحمت و تکلیف و عنا ہیں

بے ان کے بھی جی سکتے ہیں اور جیتے ہیں کتنے
دنیا میں غنی کم ہیں اور اکثر غربا ہیں

سستی بھی ہو ایک قید مسلماں کے حق میں
فرمانِ اجل آتے ہی مجلس سے رہا ہیں

کس دن کے لیئے درد سرِ جمع زر و سیم
سب ہیچ ہے جب ہم ہی سرِ راہِ فنا ہیں

تقدیر پہ شاکر ہیں توکل پہ ہیں قانع
کاہل کے سبھی کار حوالت بخدا ہیں

سیّد کے عقائد کی تو کہتے نہیں لیکن
اُمت پہ محمد کی دل و جاں سے فدا ہیں

یہ عمر کہ ہے بیٹھ کے اُٹھنا متعذر
اور قوم کی خدمت میں لگے صبح مسا ہیں

بد سنتے ہیں اور کرتے چلے جاتے ہیں نیکی
گویا بشر از صنفِ ملک زیرِ سما ہیں

سادات کی عادات ہیں عادات کے سادات
یہ لوگ مجسم کرم و جود و سخا ہیں

قوم ان کے بزرگوں نے بنائی تھی اداب بھی
سادات ہی تسکیں دہِ اُمید و رجا ہیں

گر ان کو نہ ہو درد ہمارا تو کسے ہو
آخر تو یہ اولادِ شہِ ہر دو سرا ہیں

چندان کے حواری ہیں مگر ساتھ میں دو بھی
مطعون ہیں بدنام ہیں انگشت نما ہیں

ایک قوم کی قسمت ہی بری ہو تو کریں کیا
یاں جتنی تدابیر ہیں محکومِ قضا ہیں

بیمار ہو اور اُس کے معالج بھی ہیں حاذق — اور نسخے بھی تاثیر میں معجونِ شفا ہیں
لیکن یہ مصیبت ہو کہ بیمار ہو ضدی — جس سے کہ طبیبوں کے بھی اوسان خطا ہیں
جو چیزیں کہ اُس کے لیئے ہیں زہرِ ہلاہل — اُس کو وہی مرغوب ہیں اور اُس کی غذا ہیں
پس اُس کا تو مرنا متیقن ہو عزیزو — اَب صبر کریں صبر جو اُس کے ورثا ہیں

نظم دیگر

نکل جائے ارمان گل کی ہوس کا — جو ہو جائے قسمت سے واپس قفس کا
مگر موت سے ابنِ آدم ہے عاجز — وگرنہ نہ تھا یہ کسی کے بھی بس کا
ہو انسان کیا ایسی ہستی پہ نازاں — کہ مہماں ہو دنیا میں چند ہی نفس کا
کس آہستگی سے رواں ہیں قوافل — نہ بانگِ حُدی ہو نہ نالہ جرس کا
الٰہی وہ کیا ہو گیا زورِ بازو — کہ ہم میں کا ایک ایک مقابل تھا دس کا
اگر اس کا فیضانِ حکمت ہو شامل — تو ہو شہدِ صافی اُگال ایک مگس کا
جو کچھ تم کو کرنا ہو کر لو عزیزو! — کہ اب وقت باقی نہیں بیش و پس کا
بچاتے رہو دامن اپنا تقویٰ سے — نہ لگ جائے دھبہ کہیں اس نجس کا
عجب کس تھا جو من و سلویٰ کے ہوتے — تھا مشتاق قثاء و فوم و عدس کا
وہ ہم ہیں اُٹھا لائے بارِ امانت — یہ زہرہ نہیں ہو کسی بوالہوس کا
ہنر ہو تو عزت کو پونچھو ہی پونچھو — مٹا کیا نہ ہو گا کبھی عطرِ خس کا
نہ کرنا مساکین سے بد دماغی — سنا کیا نہیں تم نے مضمون عبس کا
فراغ و سبک دوشی و بے نوائی — نہ دربان کی منت نہ احسان عسس کا
اب آگے کو جینے کا ہو مُونہ چڑانا — ہوا جب کہ سن ساٹھ اکسٹھ برس کا
کھڑا کھائے عار اور جگہ سے نہ کھسکے — قدم اُٹھ چکا راہ میں ایسے ٹھس کا

تمدن میں داخل ہوئی وضع یورپ — چلن ہو چلا سکہ ملتبس کا
کہیں اب کے جلسے میں ایسا نہ کرنا — کہ ناغہ ہو معمول برسا برس کا

نظم دیگر

عزیزو ابھی تم نے یہ بات سوچی — رہے کیوں مسلمان موچی کے موچی
عجب لے کر آئے تھے قسمت خدا سے — سر چشمۂ آب حیواں پیا سے
زمانے کے آخر میں پیدا کیا تھا — خدا نے مگر اُن کو سب کچھ دیا تھا
مؤقر تھے مقبول تھے محترم تھے — بہر کیف ہر طرح خیر الامم تھے
وہ مذہب ہی قدرت سے ایسا ملا تھا — کہ فتح و ظفر اس کا عاجل صلہ تھا
تھے اسلام سے پہلے بدتر سے بدتر — مسلماں ہوئے ہو گئے خلق آخر
اسی واسطے اُس زمانے کے کافر — جناب پیمبر کو کہتے تھے ساحر
شیاطیں کی یک لخت گدی اُلٹ دی — جسے چھو گئے اُس کی کایا پلٹ دی
ادب قاعدہ سب کچھ اُن کو سکھایا — بہائم کو انسان و آدم بنایا

نظم دیگر

آؤ دیکھو مشن کے لڑکوں نے — جھولتے جھولتے بڑھائی پینگ
سب کو جلسے میں کھینچ بلوایا — اس کو شیخی قرار دو یا ڈینگ
یعنی بچھڑوں میں کتنے بوڑھے بیل — آن شامل ہوئے کٹا کر سینگ
یہ جو لکچر ہے۔ اپنے گھر جا کر — اس کو چاٹا کرو لگا کر رہینگ

یہ رقعہ حسب فرمایش منشی احمد حسین صاحب بہ تقریب شادی انور حسین ۱۳۰۹ھ میں لکھا گیا

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست — آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

نقدِ مطلب سے ہوئی جیب تمنا معمور — پُر ہے گلہائے فرح بخش سے دامانِ اُمید
شکر صد شکر کہ جی کھول کے نکلے ارماں — شکر صد شکر کہ لی قفلِ مسرت کی کلید
یعنی فرزندِ جگر بندِ عزیز دلہا — غازۂ روئے خرد خالِ رخِ بختِ رشید
اُن کی عادات ستودہ ہمہ خوبی و صلاح — اُن کے اطوار پسندیدہ و اوصاف حمید
چشمِ بد دور ہی نام اُن کا محمد انور — جب کہ ہو نام ہمایوں سے حسین اُس میں مزید
صبح اتوار کو عقد اُن کا ہی ماشاء اللہ — اِس مہینے کی ہی چوبیسویں اور روز سعید
ہمہ داں حامیِ دیں مولوی ابوالمنصور — جن کے افضال سے آگاہ ہیں نزدیک و بعید
اُن کا دولت کدہ ہی بزم گہِ عقدِ نکاح — کہ وہ خود جائے مبارک ہو مگر قابلِ دید
نہ مزامیر نہ باجانہ سرود اور نہ رقص — اور نہ بدعت کے مراسم سے کوئی امر جدید
سر بسر خالصۃً حکمِ خدا کی تعمیل — موبمو قاطبۃً شرعِ نبی کی تقلید
عقد کے دوسرے دن ہو گا ولیمے کا طعام — جو میسر ہو زنان و نمک و آش و ثرید
آپ اگر لائیں گے تشریف براہِ شفقت — میں یہ سمجھوں گا کہ بے دام لیا مجھکو خرید

لکچر نمبر ۳۱

انجمن حمایت الاسلام لاہور کے تیرہویں سالانہ جلسے میں ۲۸ فروری ۱۸۹۸ء اور اُس کے ایک دن بعد دیا گیا

جوامع الکلم کی قسم کا ایک شعر ہے ؎

آسایشِ دو گیتی تفصیل ایں دو حرف است — با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

جوامع الکلم وہ قول اور قول مختصر جملے ہیں جن کو اصطلاح منطق میں کلیہ کہتے ہیں۔ یہ کلیے ہیں بڑے کام کی چیز جیسے حساب میں گر اور اُن کے وضع کرنے کو بڑی عقل درکار ہے۔ بڑا وسیع تجربہ اور بڑی پیش بینی نظر۔ چنانچہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فخر کے طور پر فرمایا کرتے تھے۔ اُوتِیتُ جَوَامِعَ الْکَلِمِ

جوامع الکلم ہونے کے لیے جملہ ہونا بھی ضرور نہیں۔ مفہوم کلی ہونا بس کرتا ہے۔ اور اسی لیے میں اسلام کو بھی جوامع الکلم کی ایک فرد سمجھتا ہوں کہ یوں کہنے کو ایک لفظ اسلام ہے اور اس کے تفصیلی معنے قرآن اور حدیث اور فقہ اور ان کے مالہ وماعلیہ بجائے خود ایک کتاب خانہ ہے۔ اگر کسی سے اسلام کے معنی پوچھو تو وہ کہے گا مسلمان ہونا۔ لیکن یہ تعریف المجہول بالمجہول ہے۔ مطلق لفظ مسلمان سے اُن باتوں کی طرف ذہن منتقل نہیں ہوتا جو مدلول اسلام ہے۔ جس طرح تجارت کے ذریعے سے ایک ملک کی پیداوار دوسرے دوسرے ملکوں میں پہنچتا ہے۔ اسی طرح مختلف ملکوں کے باشندوں کے اختلاط سے ایک زبان کے الفاظ بھی دوسری دوسری زبانوں میں جا ملتے ہیں۔ اہل عرب دوسری زبان کا لفظ لیں تو اُس کو تعریب کہتے ہیں۔ اور لفظ کو معرب۔ تو میں لفظ مسلمان کو مفرس کہوں گا کہ اصل میں عربی کا مسلم تھا فارس میں جا کر مسلمان بن گیا۔ جب ایک زبان والے دوسری زبان کا لفظ لیتے ہیں تو اکثر اُس کو بے تصرف کیے نہیں چھوڑتے اور تصرف بھی کرتے ہیں تو ایسی آزادی کے ساتھ کہ اُس کے لیے کوئی قاعدہ منضبط نہیں۔ فارس والوں نے مسلم کو مسلمان کیا تو انگریزوں نے اسلم چنانچہ اسلم کرانیکل ایک انگریزی اخبار ہی نکلتا ہے اب ہم کو لفظ مسلمان کی تحقیقات کرنی ہو کہ مسلمان کو مسلمان کیوں کہتے ہیں تو ہم کو لفظ اسلام کی تحقیق کرنی چاہیے کہ اسلام کو اسلام کیوں کہتے ہیں۔

سو اسلام کے اصل معنی ہیں انقیاد گردن نہادن اور وہ نکلا ہے سلام سے جس کے معنی سلامتی کے ہیں۔ سلام خدا کا بھی نام ہے کیوں کہ وہ اپنی ذات سے ہمیشہ سلامت ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ[۵۱] سلام متعارف کو سلام اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ سلامتی کی دعا ہے۔ سلمہ پتھر کو کہتے ہیں کہ وہ ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہتا ہے اور اسی سے حجر اسود کے چھونے اور بوسہ دینے کو استلام کہتے ہیں۔ بیع سلم مشہور ہے کہ اُس میں پہلے سے ایک نرخ کو محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ سلم صلح کہ اُس کے ذریعے سے مخالف کے شر سے محفوظ رہتے ہیں۔ سلم سیڑھی

۵۱ اور جب ان کے پاس خدا کی طرف سے رسول (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آئے۔ ۱۲

کہ وہ ایک ذریعہ ہو بلندی پر محفوظ پونچنے کا۔ مارگزیدہ کو تفاؤلاً سلیم کہتے ہیں۔ سلمان۔ سلیمان۔ سلمہ سلمہ۔ سلمی۔ سلیم۔ لوگوں کے دعائیہ نام ہیں جیسے عائشہ جس کا ترجمہ جیونی ہو۔ اور فاطمہ جس سے مراد ہو کہ خیریت و عافیت سے دودھ چھوٹے۔ جیسے تمھارے پنجاب میں اللہ جوایا۔ اللہ جوائی سٹ بھرائی۔ غرض سین لام میم کے مادّے میں سلامتی اصل ہو اور اُس کے کل مشتقات میں سلامتی کے معنی پائے جاتے ہیں۔ اسلام بھی اسی وجہ سے اسلام کہلایا کہ مطیع و منقاد ہو کر رہنا یعنی "دو باد و ستاں تلطف با دشمناں مدارا" رکھنا دونوں جہان کی سلامتی کا موجب ہو۔ اگرچہ صفت اطاعت و انقیاد اسلام کی اصل وضع میں داخل ہو۔ مگر اب تو کوئی بھول کر بھی اس کا خیال نہیں کرتا۔ اور مسلمان کہنے سے قوم کی طرف تو ذہن منتقل ہوتا ہو مگر اطاعت و انقیاد کی طرف نہیں جو مسلمان کی وجہ تسمیہ تھی۔ اے کاش یہ بات مسلمانوں کو ہمہ وقت پیش نظر رہتی کہ ہم مسلمان کس لیئے مسلمان کہلائے۔ ہم مسلمان کہلائے اطاعت و انقیاد سے۔ اور جب یہ نہیں تو ہم مسلمان کہاں کے برعکس نہند نام زنگی کافور۔ میں نے جو لفظ اسلام کی لغوی تحقیقات بیان کی تو لوگ تعجب کریں گے کہ اس مرتبہ تو لکچر کا اور ہی رنگ ہو۔ بات یہ ہو کہ جب سے میں نے قرآن مجید کا ترجمہ کیا تو میں نے اپنی باقی زندگی کو جیسی کچھ بھی ہو خدا اور رسول کے کلام کی خدمت کے لیئے وقف کر دیا ہو۔ قرآن کا ترجمہ شائع کیا وہ لوگوں کی نظر سے گزرا اور لوگ مجکو یقین دلاتے ہیں کہ اُس ترجمہ کے ذریعے سے قرآن کو آسانی کے ساتھ سمجھنے اور اُس کے پڑھنے میں اُن کا دل لگتا ہو۔ اب میں دو تفسیریں لکھ رہا ہوں ایک تفسیر کا یہی موضوع لہ ہو جو لفظ اسلام کی نسبت آپ نے سُنا۔ میں نے دیکھا کہ عموماً مسلمانوں نے قرآن کو چھوڑ رکھا ہو۔ یہود کے حق میں خدائے تعالیٰ فرماتا ہو[۱] وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ۔ میں ڈرا کہ یہی حالت تو مسلمانوں کی بھی ہے۔ لفظوں کا منہ سے

[۱] اور وہ اس کتاب کی جو ان کے پاس ہو تصدیق بھی کرتے ہیں تو ان اہل کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب (تورات) کو (جس میں ان رسول کی پیشین بھی ہو ایسا) مونہ پیچھے پھینکا کہ گویا ان کو کچھ خبر ہی نہیں ۱۲

کہ لینا تو الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ میں محسوب نہیں ناچار ترجمہ کیا اُن لوگوں کے لیئے جو عربی نہیں جانتے اب رہے وہ لوگ جو عربی داں ہیں اُن کو بھی فہم قرآن سے سروکار نہیں علم ادب کے بدون فہم قرآن ہو نہیں سکتا اور ادب ان کے درس سے خارج۔ انگریزوں نے ادب کو کورس میں رکھا ہے مگر قرآن جو ادبیت کے اعتبار سے بہترین کتب ہے۔ نہ اُن کو اُس کے کورس میں رکھنے کی ضرورت تھی اور نہ وہ کورس میں ہے۔ اور نہ ہم کو یہ منصب ہے کہ انگریزوں کو اُلٹا سنا دیں۔ پس میں نے ادب کی حیثیت سے قرآن کی تفسیر لکھنے کا ارادہ کیا اور ادب میں بھی خاص کر اشتقاق کو پکڑا۔ یہ اشتقاق کی تھوڑی صراحت تو لفظِ اسلام میں سُن چکے مزید توضیح کے لیئے ایک مثال اور سہی۔ مثلاً جنت (باغ) جنون (دیوانگی) جُنّہ (سپر) جنین (بچہ جو شکمِ مادر میں ہو) جان (سانپ اور شیطان) جنان (دل) چند الفاظ ہیں ان کی ساخت ایک دوسرے سے ملتی ہوئی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ ایک اصل کی فرع ہیں مگر معانی میں ظاہراً ایک دوسرے سے کچھ مناسبت نہیں۔ میں نے تتبع کر کے ان معانی میں ایک وجہ اشتراک پیدا کی۔ کہ منقول کو معقول کا پیرایہ دینے سے لغات کا یاد رکھنا آسان ہوگا۔ مثلاً الفاظ مذکورہ میں ستر کو مشترک پایا جس کے معنی ڈھانکنے کے ہیں۔ بس اب ایک یہ بات یاد کر لو۔ اور سب لفظوں کو اسی پر ڈھال لو کہ باغ کو جنت کہتے ہیں اس لیئے کہ درخت زمین کو ڈھانکے ہوتے ہیں ایک جنت بہشت ہے کہ اُس میں باغات ہونگے۔ جُنّہ ڈھال کہ وہ چھپاتی اور ڈھانکتی ہے۔ جنون عقل کو چھپا لیتا ہے۔ جنین بطنِ مادر میں چھپا ہوتا ہے۔ جان سانپ بل میں چھپا رہتا ہے۔ جن دیو کہ وہ آنکھوں سے مخفی ہے جنان دل کہ وہ سینے میں چھپا ہے۔ اب یہ سب الفاظ جدا گانہ نہ رہے۔ کہ ان سب کا یاد رکھنا مشکل تھا۔ بلکہ ایک سلسلے میں آگئے غیر تو آؤ مسلمان کی بات سے پھر گرہ لگا لیں۔ ہمارا نام مسلمان یعنی مسلم حضرت ابراہیمؑ کا رکھا ہوا ہے مِلَّةَ اَبِیْكُمْ اِبْرٰهِیْمَ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِیْ هٰذَا[1] اور حقیقت میں اس سے

[1] جن لوگوں کو ہم نے قرآن دیا ہے وہ اس کو پڑھتے رہتے ہیں جیسا اُس کے پڑھنے کا حق ہے [2] تمہارے لیئے وہی دین (تجویز کیا جو) تمہارے باپ ابراہیم کا (تھا) اُس (خدا) نے (اگلی کتابوں میں) پہلے سے تمہارا نام مسلمان رکھا (یعنی

فرماں بردار بندے) اور اس (قرآن) میں بھی ۱۲

بہتر مسلمان کا نام ہو نہیں سکتا کہ من وجہ مذہب اسلام کا خلاصہ اس کے معنی میں ہو۔ وہ کیا ہو ڈوسلٹی آدھینتا۔ غریبی۔ مسکنت۔ فروتنی۔ شایستگی۔ آدمیت۔ انسانیت۔ لیکن یہ صفتیں ہمہ وقت تو آدمی سے ظاہر نہیں ہوتیں۔ کسی کے ماتھے پر نہیں لکھا ہوتا کہ یہ شخص بھلا آدمی مسکین۔ ملنسار ہو۔ مدتوں کے برتاؤ سے معاملہ پڑے سے آدمی کے مزاج کا حال معلوم ہوتا ہو ؎

تواں شناخت بہ یک روز از خصائل مرد	کہ تا کجاش رسیدست پایگاہِ علوم
ولے ز باطنش ایمن مباش غرہ مشو	کہ خبثِ نفس نگردد بسالہا معلوم

گر ہندوستان میں مسلمان کی ایک ظاہری شناخت بھی تھی اور اگرچہ لوگوں کی سہل انگاری سے اُس شناخت میں فتور آگیا ہو تاہم وہ شناخت کلیتہً معدوم نہیں ہوئی۔ لوگ مسلمان کو اس سے پہچانتے تھے کہ مُونہ پر ڈاڑھی ہو مونچھیں ترشی ہوئی اور اگر دھانگر کھا پہنتا ہو تو بائیں طرف پردہ۔ اور ایک ظاہری شناخت قرآن میں خدا نے فرمائی ہو۔ سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ سو خیر سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ تو ہر ایک کو نصیب نہیں افسوس ہو کہ ڈاڑھی مونچھ اور انگرکھے کا ظاہری امتیاز بھی اُٹھتا چلا جاتا ہو۔ اب بجائے اس کے کہ مسلمان ڈاڑھی بڑھائے اور مونچھوں کو کتروائے بعض مسلمانوں نے اور خاص کر انگریزی داں مسلمانوں نے اُس کو بالکل اُلٹ دیا ہو تو ان کی مثال اُس سپاہی کی سی ہو جو اپنی پلٹن کی وردی نہیں پہنتا یا یوں کہو کہ اشرفی ہو مگر ٹکسال باہر وہی جیسا میر انیس نے اُن لوگوں کے حق میں کہا ہو جو غمِ حسین رضی اللہ عنہما میں بہ تصنع روتے ہیں ع "دو اشک ان کے بھی موتی ہیں مگر جھوٹے ہیں" ہمارے اطراف میں شیعیت کے اعتبار سے لکھنو ہند کا ایران ہو اور وہاں کے شیعی عموماً ڈاڑھی منڈواتے یا خشخاشی کتروا تے ہیں اور میں نے جناب امیر رضی اللہ عنہ کا حلیہ کتابوں میں پڑھا ہو۔ کَانَ لَہٗ لِحْیَۃٌ مَلْأُ صَدْرَہٗ یعنی آپ کی ڈاڑھی تمام سینے کو گھیرے ہوئے تھی۔ پھر میں نہیں سمجھتا کہ یہ وضع شیعانِ لکھنو نے کہاں سے اخذ کی ہو۔ لکھنو والے چاہے کسی وجہ سے بھی ڈاڑھی نہ رکھتے ہوں مگر ہمارے انگریزی خواں بھائی

لہ ان کی شناخت یہ ہو کہ سمجھے کے گئے ان کی پیشانیوں پر ہیں ۱۲

تو اس کو انگریزی فیشن سمجھ کر اختیار کرتے ہیں۔ اس سے جوامع الکلم کی ایک دوسری فرد کی تصدیق ہوتی ہے اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ انگریزوں کے ساتھ تشبیہ پیدا کرنے کے بہت سے پیرائے ہیں اور انگریزی خوان مسلمانوں کے زعم میں ان میں سے ایک پیرایہ ڈاڑھی کا منڈوانا اور مونچھوں کا بڑھانا بھی ہے۔ اب جو اس پیرائے کو اختیار کرتے ہیں اور جس غرض سے اختیار کرتے ہیں خود سمجھ لیں کہ انگریزوں کے ساتھ تشبیہ پیدا کرنا یعنی کوّوں کو ہنس کی چال چلنا کہاں تک ان کے حق میں مفید ثابت ہوا ہے۔ ایک قسم کا تشبہ بعض ہندوستانی اخباروں نے بھی کیا تھا کہ لگے ولایت کے خاص اخباروں کی طرح زباندرازیاں کرنے تو انھوں نے اپنی غلطی کا خمیازہ بھگتا وَحَسِبُوْٓا اَنْ لَّا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ڈاڑھی مونچھ کی بات کو اتنا طول نہ دیتا کیوں کہ میرے پاس ڈاڑھی کی قدرتی کوتاہی ہے مگر میں دیکھتا ہوں کہ ڈاڑھی مونچھ کے بارے میں ایک تو شارع اعلام کا حکم ہے قُصُّوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحْیَۃَ دوسرے شعارِ قومی ہے تیسرے تقاضائے فطرت ہے۔ تقاضائے فطرت کو بعض صاحبوں نے نہیں سمجھا ہوگا تو قرآن میں ابراہیم علیہ السلام کا ایک تذکرہ ہے۔ وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّھُنَّ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا یعنی خدا نے ابراہیم کو چند باتوں میں آزمایا اور ابراہیم امتحان میں پورے اُترے تو خدا نے خوشنود ہو کر فرمایا کہ بجا آوری حکم کے صلے میں ہم تم کو لوگوں کا پیشوا بنائیں گے سو ابراہیم علیہ السلام واقع میں ابوالانبیاء کہلاتے ہیں اور جتنے اہلِ کتاب ہیں یہود اور نصاریٰ اور مسلمان سبھی تو اُن کا ادب کرتے ہیں اور یہ نتیجہ ہے اُس دعا کی مقبولیت کا جو ابراہیم نے کی تھی وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ مفسرین نے بکلمات کی تفسیر میں لکھا ہے کہ کلمات سے مراد۔ قُصُّوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحْیَۃَ کے قسم کے احکام تھے طہارت جسمانی سے متعلق مقتضائے فطرت۔ غرض قُصُّوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحْیَۃَ کے فیور (حمایت) میں ایک تو حکمِ شارع ہے دوسرے شعارِ قومی تیسرے تقاضائے فطرت اور ان کے مقابلے

---

۵۱ لوگوں کا دین وہی ہوتا ہے جو بادشاہ کا دین ہو۔ ۱۲ ۵۲ اور سمجھے کہ (ایسا کرنے سے) کوئی بلا نہیں آئے گی اور (اس خیال غلط کی وجہ سے) اندھے اور بہرے ہو گئے ۱۲ ۵۳ جب ابراہیم کو اُن کے پروردگار نے چند باتوں میں آزمایا اور انھوں نے ان کو پورا کر دکھایا (تو خدا نے رضامند ہو کر) فرمایا کہ ہم تم کو لوگوں کا امام (یعنی پیشوا) بنانے والے ہیں۔ ۵۴ اور آنے والی نسلوں میں میرا ذکر خیر جاری رکھیو

میں صرف انگریزوں کا تشبہ ہی جس کے فائدے موہوم بلکہ معدوم ہیں تو جو لوگ ایسی ضعیف ترغیب کو زرسٹ (روک) نہ کر سکیں اُن سے کیا توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ۔ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَّسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ کے امتحانِ سخت میں ٹھہر سکیں گے ایک طرف تو یہ لوگ مسلمانوں کی سی صورت بنانے کو عار سمجھتے ہیں اور دوسری طرف دعویٰ اسلام میں مگر زبانی دعوے میں ایسا جوش ظاہر کرتے ہیں کہ گویا قرنِ اول کے مسلمان ان میں حلول کر گئے ہیں۔ پس دین و مذہب کے اور وضع و لباس کے امتیاز سے الگ ہو کر اسلام گویا ایک امتیاز قومی رہ گیا ہے جیسے مسلمانوں میں شیخ۔ سید۔ مغل۔ پٹھان کا امتیاز۔ اصل میں مذہب نے مسلمانوں کی ایک قوم بنائی مگر اب مذہب کی جگہ قومیت رہ گئی۔ وہ جو میں نے مسلمانوں کے لیے ڈوسلیٹی۔ آدھینتا۔ غیرتی۔ مسکنت۔ فروتنی۔ شائستگی۔ انسانیت۔ آدمیت۔ بہت سے الفاظ کہہ دیئے تھے۔ اپنا خیال ظاہر کرنے کے لیے کہہ دیئے تھے ورنہ میں تو صرف یہ کہنے کو تھا کہ اسلام آدمیت۔ انسانیت ہے اور مسلمان آدمی اور انسان اور اگر لفظ مسلمان ترجمہ بندۂ خدا بھی کرو تو بندۂ خدا اور آدمی۔ اور انسان کو میں مرادف یکدگر سمجھتا ہوں۔ میری یہ بات سُن کر نہ صرف دوسرے مذہب کے لوگ تعجب کریں گے اور شاید بُرا بھی مانیں گے یہ سمجھ کر کہ مسلمان کو آدمی اور اسلام کو آدمیت کہتا ہے تو اس کے نزدیک ہم آدمی نہیں یعنی جانور ہیں۔ مسلمان تعجب کریں گے اور شاید بُرا بھی مانیں گے اس خیال سے کہ مسلمان کو آدمی اور اسلام کو آدمیت بتاتا ہے تو اس کا یہ مطلب کہ بے تخصیص مذہب سب آدمی مسلمان ہیں۔ غیر مذہب والوں کو یا مسلمانوں کو میرا کہنا بُرا لگا ہو تو ان کی خفگی میری سر آنکھوں پر۔ مگر یہ قصور عبارت اور الفاظ کا ہے ورنہ میرا مقصد کسی کو ناراض کرنے

ف۱ (مسلمانو!) کیا تم ایسا خیال کرتے ہو کہ (مزے سے) بہشت میں جا داخل ہو گے اور ابھی تک تم کو اُن لوگوں کی سی حالت پیش نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں کہ اُن کو سختیاں (بھی) پہنچیں اور تکلیفیں (بھی پہنچیں) اور جھڑ جھڑائے (بھی) گئے یہاں تک کہ پیغمبر اور جو ایمان والے لوگ ان کے ساتھ تھے چلا اُٹھے کہ (آخر) خدا کی مدد (کے آنے) کا کوئی وقت بھی ہے؟

کا نہیں۔ مصرعہ

شرجن سے ہو وہ بشر نہیں ہم

اس سے کہ میں نے مسلمان کو آدمی اور اسلام کو آدمیت کہا اور کسی نے یہ سمجھا کہ میں مسلمان کے سوائے کسی کو آدمی نہیں سمجھتا تو یہ آدمی نہ سمجھنا ویسا نہیں ہے جیسا کہ حافظ شیراز نے کہا ہے ؎

واعظِ شہر کہ مردم ملکش می نامند		قولِ ما نیز ہمین ست کہ او آدم نیست	

معلوم ہے کہ واعظ شہر کو آدمی نہ سمجھنے سے حافظ صاحب کی کیا مراد تھی۔ مگر میں تو اس قاعدے پر چلتا ہوں جو علم معانی و بلاغت اور لغت اور اصول فقہ میں مسلم قرار پا چکا ہے کہ جب مطلق بولا جائے تو اس سے فردِ اکمل مراد ہوتی ہے اور اس سے تو مسلم اور نامسلم کسی کو بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ عنقا شاید ڈھونڈنے سے ہاتھ آجائے کیمیا عجب نہیں جستجو سے ملے مگر نہیں ہاتھ آتا اور نہیں ملتا تو انسانِ کامل اور ایسی ہی کم یابی مسلمان کامل کی بھی ہے۔ عالم گیر کی ایک حکایت مشہور ہے کہ ایک دن نماز پڑھ کر بہت گڑگڑا گڑگڑا کر دعا مانگ رہا تھا۔ کسی نے جو ایسی جرأت کر سکتا تھا پوچھا کہ اتنی وسیع سلطنت کے حاصل ہوئے پیچھے بھی کیا مانگا جا رہا ہے۔ کہا آدمی اور شاید اسی وقت یہ شعر پڑھا ؎

آنچہ بر جستیم و کم دیدیم و بسیار ست و نیست		نیست جز انسان دریں عالم کہ بسیار ست و نیست	

یہی مطلب ایک ریختہ گو نے اس طرح پر ادا کیا ہے ؎

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا		آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا	

اب سمجھے کہ لفظوں میں کیسے متضاد پہلو ہوتے ہیں۔ حضرت علیؓ اور معاویہؓ میں لڑائی ہو رہی تھی تو حضرت علیؓ کے طرف داروں نے چاہا کہ ہم فریق ثانی کو قرآن سے جا کر قائل کریں فرمایا۔ لِلْقُرْاٰنِ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ[۵۱] سچ ہے وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا[۵۲] یہ جھگڑنے پر اتارو ہو تو اس کو کوئی کیا قائل کر سکتا ہے۔ دور کیوں جاؤ صرف مسلمانوں کو لو کہ ان میں بہتر فرقے مشہور ہیں اور تمہارے پنجاب میں مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا گروہ ملا کر تہتر ہوئے یا شاید یہ بھی بہتروں کا ایک ہو خیر بہتر ہوں یا تہتر سب

۵۱ قرآن کا بھی ظاہر اور باطن ہے ۱۲ ۵۲ مگر انسان تمام مخلوقات سے زیادہ جھگڑالو ہے ۱۲

اپنا ماخذ ایک قرآن کو بناتے ہیں یہ بہتر یا بہتر الفاظِ قرآنی کے اختلاف سے نہیں نکلے بلکہ لِلْقُرْاٰنِ ظَهْرٌ وَّ بَطْنٌ سے اور خیر حضرت علی نے تو لِلْقُرْاٰنِ ظَهْرٌ وَّ بَطْنٌ ہی پر بس کیا تھا مولوی روم کہتے ہیں ؎

من ز قرآں مغزہا برداشتم		استخواں پیشِ سگاں انداختم	

اور اسلام پر کیا موقوف ہو کون سا مذہب ہو جس میں فرقے نہیں اور ان کا ماخذ بھی اپنی جگہ ایک ہی ہوگا اور کوئی سا مذہب بھی ہو جتنا پرانا ہوتا جائے گا ضرور ہو کہ اس میں اختلاف بڑھتا جائے تاکہ خدا کی وہ پیشین گوئی پوری ہو اور وہ ضرور پوری ہو کر رہے گی جہاں فرماتا ہے۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ[۱] اور مذہب کی کیا خصوصیت ہو دنیا میں جس قدر فساد ہو اور افسوس ہو کہ بہت ہو اور ترقی کر رہا ہے پیدا ہوتا ہے اختلاف سے اور اختلاف پیدا ہوتا ہے لفظوں سے ایک ظریف کا مقولہ ہے کہ خدا نے انسان کو اظہار مافی الضمیر کے لیے گویائی نہیں دی بلکہ گویائی کو اس کے مافی الضمیر کا پردہ بنایا ہے۔ اختلافِ لفظی کے متعلق مولانا روم نے ایک بہت ہی دل چسپ حکایت لکھی ہے وہ فرماتے ہیں ؎

چار کس را داد مردے یک درم		ہر یکے از شہرے افتادہ بہم	
فارسی و ترک و رومی و عرب		جملہ باہم در نزاع و در عضب	
فارسی گفتہ ازیں چوں وا رہیم		ہم بیا کیں را بہ انگورے دہیم	
آں عرب گفتہ معاذ اللہ لا		من عنب خواہم نہ انگورائے دغا	
آں یکے کز ترک بد گفتا اے کوزم		من نمی خواہم عنب خواہم اوزم	
آں کہ رومی بود گفت ایں قیل را		ترک کن خواہم من استافیل را	
در تنازع مشت بر ہم مے زدند		کہ ز سرِ نا مہا غافل بدند	

[۱] اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو لوگوں کو ایک ہی امت کر دیتا لیکن لوگ ہمیشہ (آپس میں) اختلاف کرتے رہیں گے مگر جس پر تمہارا پروردگار فضل کرے اور اسی لیے تو ان کو پیدا کیا ہے ۱۲

مشت برہم مے زد نداز ابلہی	پُر بُد نداز جہل و زدانش تہی
صاحب سرّے عزیزے صد زباں	گر بُدے آنجا بدادے صلح شان
پس بگفتے او کہ من زیں یک درم	آرزوئے جملہ تاں را می خرم
چونکہ بسپارید دل را بے دغل	ایں درم تاں می کند چندیں عمل
یک درم تاں می شود چار المراد	چار دشمن می شود یک زاتحاد
گفت ہر یک تاں دہد جنگ و فراق	گفت من آرم شما را اتفاق
پس شما خاموش باشید انصتوا	تا زباں تاں من شوم در گفتگو

اختلاف لفظی کی ایک مثال تو مولانائے روم نے بیان کی جو میں نے آپ کو اُن کی مثنوی میں سے پڑھ کر سُنائی اور ایک مثال میں دیتا ہوں کہ آپ لوگ ہر روز دیکھتے ہوں گے کہ کسی حاکم کے روبرو ایک مقدمہ پیش ہوتا ہے فریقین اپنا اپنا وکیل لے جا کر کھڑا کرتے ہیں۔ قانون کی ایک خاص دفعہ مقدمہ سے متعلق ہوتی ہے اُس دفعے کا ایک کان وکیل مدعی کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور دوسرا وکیل مدعا علیہ کے اور فرض کرو کہ جج کو فریقین کے وکیلوں سے اتفاق نہیں ہوتا تو وہ بے چاری اُس دفعہ کی ناک کو اپنی طرف پکڑ کے گھسیٹ لیتا ہے۔ جیسا ابھی چند روز ہوئے ٹلک کے مقدمے میں دیکھ چکے ہو کہ ایک لفظ ڈس افکشن کے معنوں میں اختلاف کا طوفان برپا ہوا یہاں تک کہ پریوی کونسل تک جا چڑھا۔ کہیں بمبئی ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس اسٹریچی کے قلم سے نکلا کہ ڈس افکشن کے معنی ہیں ایبسنس آف افکشن اور ایبسنس اف افکشن اور وانٹ افکشن اور ڈس لائکمٹی اور ریبلین اور سڈیشن مرادف یک دگر ہیں۔ باوجودیکہ بمبئی۔ مدراس۔ الہ آباد۔ کلکتہ کی ہائی کورٹوں نے تھوڑے اختلاف کے ساتھ جسٹس اسٹریچی سے اتفاق کیا۔ مگر ٹلک کے طرفداروں کو تسلی نہ ہوئی اور پریوی کونسل پونہچے وہاں سے بھی جواب صاف ملا۔ گورنمنٹ نے دیکھا کہ قانون کے لفظوں میں ابہام ضرور ہے اور لوگ چپ کرنے والے نہیں ناچار اُس کو ایک قانون بنانا پڑا اس سے زیادہ صاف جس کا مسودہ لجس لیٹو کونسل میں پیش ہے۔ دیکھا لفظی

بحث و اختلاف کا انجام اور پھر کیا اس قانون کے الفاظ اس بحث سے محفوظ رہیں گے۔ خدا ہمارے بارسٹروں اور وکیلوں کے گروہ میں برکت دے اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔ ایک ایک جملے اور ایک ایک حرف اور ایک ایک لفظ کی دھجیاں اُڑائیں تو سہی۔ بے شک گورمنٹ رفع اختلاف کے لیئے قانون جاری کرتی ہو اور جاری کرنے سے پہلے قانون کے لفظ لفظ پر مباحثے ہوتے ہیں مگر نتیجہ کیا ہو کہ ایک رخنہ بند کیا جاتا ہو تو اُس کی جگہ دو رخنے نئے پیدا ہو جاتے ہیں خدا کو بھی ہم ہی لوگوں سے معاملہ کرنا ہو وہ بھی اپنے احکام پیغمبروں کے ذریعے سے ہماری ہی بولی میں ہم کو پونہچاتا ہو۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا[۱] مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ مگر اس کے ساتھ یہ بھی ہو۔ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ویضل وہیدی اُسی اختلاف پر متفرع ہو جس کا رونا میں رو رہا ہوں۔ اگرچہ لوگوں میں طرح طرح کے اختلافات ہیں مگر سب سے زیادہ قابلِ افسوس مذہبی اختلافات ہیں۔ اور اس میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ لفظوں کو بہت بڑا دخل ہو ایک چھوٹا سا جملہ ہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ جس کے یہ معنی ہیں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں یعنی اعلیٰ درجہ کی تعظیم جس کا دوسرا نام عبادت ہو اللہ ہی کو سزاوار ہو۔ یہ ایسا مضمون ہو کہ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں آڈینس میں شاید کوئی متنفس نہیں جو اس کا قائل نہ ہو۔ مگر ہاں اللہ کو کوئی بھگوان کہہ کر پکارتا ہو کوئی گاڈ۔ کوئی خدا۔ الغرض میں جہاں تک خیال کرتا ہوں ایسا کوئی مذہب نہیں جس کا اصل الاصول یہ نہ ہو۔ اس پر بھی لوگ ہیں کہ صرف فروعی اور لفظی اختلافات کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ دشمنی کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے۔ لفظی اختلاف کی ایک مثال قرآن مجید میں بھی ہو کہ یہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جو دیکھتے ہو اس کو اسلام نے رواج دیا ہو ورنہ عرب میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھنے کا دستور تھا جب پیغمبر صاحب عمرہ کرنے مکہ تشریف لے جانے لگے اور قریش نے روکا اور پیغمبر صاحب حدیبیہ میں ٹھہر گئے اور آخر کار قریش کے ساتھ صلح ہوئی صلح نامہ لکھا جانے لگا تو مسلمانوں نے اپنے قاعدے سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کیا۔ قریش اڑے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کیسا وہی ہمارے یہاں کا بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھو اور جب تک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو

[۱] اور جب کبھی ہم نے کوئی پیغمبر بھیجا تو (اُس کو) اسی کی قومی زبان میں (بات چیت) کرتا ہوا بھیجا) تاکہ وہ اُن کو (اچھی طرح) سمجھا سکے ۱۲

منوانہ لیا آگے کو چلنے ہی نہ دیا۔ اللہ کے نام کو تو متبرک سمجھیں اور جب اُس کے نام کے ساتھ رحمٰن ورحیم وصفتیں بڑھالی جائیں تو مرنے اور مارنے کو تیار ہوں۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور بسم اللّٰھم پر لڑنا ایسی لغو اور بیہودہ اور مہمل لڑائی تھی کہ جو سُنے اُس کو ہنسی آئے مگر یہ ایک تاریخی واقعہ ہے۔ ہوا تھا اور ہم ہی جیسے آدمیوں سے ہوا تھا۔ اور اگر ہم اپنے افعال کا احتساب کریں تو پائیں گے کہ اس زمانے میں بھی اس قسم کی لڑائیاں مذہبوں میں بہت ہیں۔ ان لڑائیوں میں مذہبوں کا اتنا قصور نہیں جتنا مذہب والوں کا۔ جب دو فریق مذہبی مباحثہ کرتے ہیں شاذونادر ہی کسی کو احقاقِ حق منظور ہوتا ہوگا اور یہی وجہ ہے کہ کبھی کوئی مذہب مغلوب مباحثہ ہوکر معدوم نہیں ہوا۔ لوگوں نے مذہب کو شطرنج کی بساط بنا رکھا ہے اور شروع سے فریقِ مقابل کو بُرد وات دینا چاہتے ہیں۔ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ میں تو مطلق مذہب کی طرف سے ایسا خوش عقیدہ ہوں کہ دنیا میں کوئی مذہب ایسا نہیں چاہے وہ آدمی کا بنایا ہوا کیوں نہ ہو ٹائم اور لوکیلٹی (وقت اور مقام) کے لحاظ سے انسان کی اصلاح اور بہتری کے لیے بانی مذہب نے اُس کو وضع نہ کیا ہو اور جو کچھ کھلی ہوئی خرابیاں کسی مذہب میں نظر آتی ہیں سو یا تو اُس مذہب کی اصل حقیقت اس سے کچھ سے کچھ ہوگئی ہے یا ویسے لوگ نہیں رہے جن کے مناسبِ حال اُن کے لیے مذہب بنایا گیا تھا۔ معلوم ہے کہ آدمی کے جتنے افعال ہیں معلل بالاغراض ہوتے ہیں۔ یعنی آدمی جو کام کرتا ہے اُس کی کوئی غرض وغایت ضرور ہوتی ہے اور مذہب کا اختیار کرنا بھی ایک فعل ہے تو اس کی بھی کوئی غرض وغایت ضرور ہوگی جس طرح لوگ مذہب میں اختلاف کرتے ہیں اسی طرح مذہب کی غرض و غایت میں اختلاف ہے۔ کوئی کہتا ہے حیاتِ ابدی۔ کوئی کہتا ہے نجات۔ کوئی کہتا ہے آسمانی بادشاہت

---

۵۱ اور جب کافروں سے کہا جاتا ہے کہ (خدائے) رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں رحمٰن کیا چیز ہے کیا جس کے آگے تم ہمیں (سجدہ کرنے کو) کہو اُسی کو سجدہ کرنے لگیں اور رحمٰن کا نام سُن کر اُن کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے ۱۲ ۵۲ بندوں (کے حال) پر (بھی بڑا ہی) افسوس ہے کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا جس کی اُنہوں نے ہنسی نہ اُڑائی ہو۔ ۱۲

کوئی کہتا ہے قطرہ جس طرح دریا میں مل کر دریا ہو جاتا ہے اسی طرح خدا سے جا ملنا یعنی خدا ہو جانا۔ مگر یہ اغراض جو لوگ بیان کرتے ہیں آخرت سے متعلق ہیں۔ مذہب کی ایک غرض و غایت دنیاوی بھی ہے وہ کیا ہے۔ آپ آرام سے رہنا اور دوسروں کو آرام سے رہنے دینا۔ پھر وہی بات آگئی جس سے میں نے لکچر شروع کیا تھا ؎

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف است		با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا	

حدیث شریف میں آیا ہے اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ لوگ اللہ کے بال بچے ہیں شفقت کے اعتبار سے خلق کو عیال اللہ کہا ورنہ خدا تو بال بچوں کے بکھیڑے سے پاک اور بے نیاز ہے اور غالباً اسی نظر سے عیسائی جناب مسیح کو ابن اللہ کہتے ہیں۔ تو جس طرح کثیر العیال باپ چاہتا ہے کہ اس کے بچے ایک دوسرے سے لڑیں جھگڑیں نہیں۔ گھر میں شور و فساد غل غپاڑہ نہ ہو یہی خدا ہم لوگوں سے چاہتا ہے اس نے یہ دنیا کا کارخانہ کسی مصلحت سے ایک وقت خاص تک کے لیئے بنا کھڑا کیا ہے اور اس کی پاک اور مقدس مرضی ہے کہ اس کو اسی طرح چلنے دیا جائے اور خدائی کنبے میں انسان بڑا شریر ہے یہ شرارت پر آئے تو انتظام عالم کو درہم و برہم کر مارے دیکھو آج کل سرحد پر کیا کچھ ہو رہا ہے افریقہ میں کیا ہو رہا ہے۔ سوڈان میں کیا ہو رہا ہے۔ چین میں کیا ہو رہا ہے۔ ابھی کل دن کی بات ہے یونان و روم میں کیا ہوا تھا۔ غرض انسان کی تو بوٹی بوٹی میں شرارت ہے اور یہ ماورزا دو نگی ہے یہ لے وضع قانون اپنی شرارت سے باز آنے والا نہ تھا۔ اس کی روک تھام کے لیئے دین و مذہب ایجاد ہوا یہ ہے دین کی اصل حقیقت اور اسی سے دین کی غرض و غایت بھی معلوم ہوتی ہے۔ وہی با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا۔ یہی با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا جو دین کی غرض و غایت ہے یہی دین کی عمدگی اور صداقت کا معیار بھی ہے۔ یہ میرا مطلب نہیں ہے کہ مذہبوں میں محاکمہ کروں اگرچہ میں نے اپنی تسلی و تشفی کے لیئے محاکمہ کر لیا ہے مگر بہت سے لوگوں کے ظرف ہیں جو میرے محاکمہ کے متحمل نہیں ہو سکتے اور اس کو ایسے مجمع عام میں بیان کرنا گویا مناظرے کا پہلو اختیار کرنا ہے جس کا میں سخت مخالف ہوں۔ لیکن ہاں میں تھوڑی سی کوشش اس امر کی تو کروں گا کہ اسلام کو جس کا میں بڑے

استحکام کے ساتھ معتقد ہوں مصرعہ۔

با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

کی کسوٹی پر کس کر دکھاؤں تاکہ خاص کر حسنِ معاشرت کے بارے میں جو غلطیاں خود مسلمانوں کو اور جو بدگمانیاں دوسرے مذہب والوں کو ہیں دور ہوں۔ اسلام کی نسبت عموماً ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ اسلام فی حدِ ذاتہٖ ایسا مذہب ہے کہ اُس کے معتقد کسی دوسرے مذہب والے کو دیکھ نہیں سکتے۔ میرے نزدیک یہ خیال دو سبب سے پیدا ہوا اول یہ کہ دعوتِ اسلام عام ہے یعنی کوئی شخص کسی ملک کی پوزیشن کسی پروفیشن کا ہو اسلام کا پھاٹک اُس کے لیے کھلا ہوا ہے۔ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ[۵۱] لیکن عموم دعوتِ اسلام کی طرف سے بدگمان ہونے کا کافی سبب ہو نہیں سکتا۔ کیوں کہ عموم دعوت تو بعض دوسرے مذہبوں میں بھی ہے جیسے عیسائیت مگر تاہم عموم دعوت کو اس ناحق کی بدنامی میں تھوڑا یا بہت دخل تو ضرور ہے پھر اسلام کا نشو و نما ہوا عرب میں جہاں کے رہنے والے سخت جاہل جنگ جو اور وحشی تھے۔ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَنْ لَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ[۵۲] وہ اسلام کا نام سنتے ہی مرنے مارنے پر آمادہ ہو گئے اور جیسی جیسی ایذائیں ان لوگوں نے اُس وقت کے مسلمانوں کو دی ہیں کتابوں میں ان کو پڑھ پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور وہ افسانے نہیں ہیں بلکہ واقعات ہیں نفس الامری جو آخر الابد تک خون کی پکی سیاہی سے صفحاتِ تاریخ پر ثبت رہیں گے اُن وقتوں کے مسلمان چاہتے کیا تھے صرف اتنی بات کہ اپنے عقیدے کے مطابق خدائے واحد کی عبادت کریں اُن کا یہ چاہنا اہلِ عرب کی نظر میں ایسا بڑا جرم تھا کہ خون کی تو دیت بھی تھی اور نہ تھی تو اس جرم کی مذہبی لڑائیاں سُنی بھی اور دیکھی بھی مگر جس کو حقیقت میں مذہبی لڑائی کہنا چاہیے وہی لڑائیاں تھیں

[۵۱] پس جو چاہے مانے اور جو چاہے نہ مانے ۱۲ [۵۲] دیہات کے لوگ کفر و نفاق میں بڑے سخت ہیں اور (جہالت کی وجہ سے) اسی لائق ہیں کہ خدا نے جو اپنے رسول پر کتاب اُتاری ہے اُس کے احکام (کچھ) سمجھیں بوجھیں نہیں۔ ۱۲

جو شروع کے مسلمانوں کو پیش آئیں۔ ان میں مابہ النزاع مذہب کے سوا کوئی اور چیز ہی نہ تھی۔ اور لوگ کیا کرتے ہیں کہ لڑتے ہیں ملک گیری یا کسی اور غرض سے اور لوگوں میں جوش پیدا کرنے کی غرض سے لڑائی کو مذہب کا رنگ دیدیتے ہیں۔ اور شروع کے مسلمانوں کو مذہبی لڑائیاں پیش بھی آئیں۔ تو مسلمانوں کو لڑائی پر مجبور کیا گیا ورنہ ان لوگوں نے تو مذہب کی خاطر ترکِ وطن کرکے حبشے میں جا پناہ لی تھی۔ اگرچہ ہم کو شروع کے مسلمانوں کے ساتھ کسی طرح کی مناسبت نہیں نہ ویسے عقیدے ہیں نہ ویسے عمل مگر یہ ایک قدرتی مناسبت تو ضرور ہے کہ اول بآخر نسبتے دارد وہ بھی ایک نصرانی بادشاہ **نجاشی** کے متامن تھے ہم امپرس وکٹوریہ کی رعایا نہیں ؎

گرچہ خوردیم نسبتیست بزرگ		ذرۂ آفتاب تابانیم	

اگرچہ اہلِ مکہ مسلمانوں کو طرح طرح کی ایذائیں دیتے تھے اور اُس وقت اسلام لانا مال اور آبرو اور جان سب سے دست بردار ہونا تھا۔ مگر الحمدرے اسلام تیری صداقت اور الحمدرے مسلمانوں تمھارے دل کہ سامنے موت دکھائی دے رہی ہے اور پروانوں کی طرح شمع ہدایت پر گرے پڑتے ہیں۔

مولوی شاہ **سلیمان** صاحب امسال تشریف نہیں لائے وہ کثرت سے اپنے وعظ میں مولانا روم کی مثنوی پڑھا کرتے تھے لاؤ آج میں اُن کی نیابت بھی کروں۔ خلافت نہیں کیوں کہ مجکو اُن سے بیعت نہیں میرے اِس مطلب کے قریب مولنا روم فرماتے ہیں ؎

آن جہود سنگ بہ بیں چہ رائے کرد		پہلوِ آتش بتے برپائے کرد	
کانکہ ایں بت را سجود آرد برست		ور نیارد در دل آتش نشست	
یک زنے با طفل آورد آں جہود		پیش آں بت و آتش اندر شعلہ بود	
گفت آزن پیش ایں بت سجدہ کن		ورنہ در آتش بسوزی بے سخن	
بود آں زن پاک دین و مومنہ		سجدۂ آں بت نکرد آں موقنہ	
طفل از و بستد در آتش درفگند		زن بتر سید و دل از ایماں بکند	
خواست تا او سجدہ آرد پیش بت		بانگ زد آں طفل کانی لم امت	

اندر آ مادر کمن اینجا خوشم		گرچہ در صورت میانِ آتشم	
اندر آ مادر بہ بیں برہانِ حق		تا بہ بینی عشرتِ خاصانِ حق	
اندر آ اسرار ابراہیم بیں		کو در آتش یافت وردِ یا سمیں	

جب یہ لوگ مرد و زن اتنے ہو گئے کہ پیغمبر صاحب اِن کی حفاظت نہیں کر سکتے تھے نا چار آپ نے اِن کو حبشے چلے جانے کی اجازت دی اسی کو ہجرت اولی کہتے ہیں۔ ان مہاجرین الین میں حضرت کی صاحبزادی رقیہ اور اُن کے شوہر حضرت عثمان اور آپ کے پھوپا زبیر بن العوام سمیت گیارہ مرد تھے اور چار عورتیں۔ اِن کو نجاشی کے یہاں ملا امن۔ اور امن کی خبر مکّے کے نو مسلموں کو ملی تو حضرت کے چچازاد بھائی جعفر بن ابی طالب کے ساتھ دوسری کھیپ روانہ ہوئی اور اب نجاشی کی حفاظت اور حمایت میں مرد و زن اور بچے ملا کر بیاسی تن ہو گئے۔ اُدھر کفارِ قریش مسلمانوں کے در پے تو تھے ہی اُنھوں نے تحفے تحائف دے کر نجاشی کی طرف سفیر روانہ کیے تاکہ نجاشی ان مستامنوں کو اپنے ملک سے نکال باہر کرے ان لوگوں نے نجاشی سے یہ جا لگائی کہ یہ نو مسلموں کا گروہ جو آپ کے یہاں پناہ گزیں ہوا ہے یہ پیرو ہیں ایک شخص کے جو مدعی نبوت ہوا ہے اور ہمارے بتوں کی توہین کرتا ہے لوگوں کو بہکاتا ہے اور اس نے ہمارے دینِ آبائی میں بڑا فتور ڈال رکھا ہے۔ نجاشی نے مسلمانوں کو اپنے حضور میں طلب کیا تو ابھی مسلمان نجاشی تک پہونچنے نہیں پائے تھے کہ سفیرِ قریش نے جڑ دیا کہ آپ ملاحظہ فرمالیں گے کہ کیسے مغرور ہیں ہر شخص آپ کو سجدہ کرتا ہے اور ہم نے بھی کیا اور یہ آپ کے دابِ شاہی میں داخل ہے مگر مسلمان ہرگز آپ کو سجدہ نہیں کریں گے اور بے باکانہ نہایت بے تمیزی اور گستاخی کے ساتھ آپ کے سامنے اکڑے ہوں گے۔ یہ بات نجاشی کے کان میں ڈالی جا چکی تھی کہ اتنے میں جعفر بن ابی طالب مسلمانوں کو ساتھ لیے سراپردۂ شاہی پر آموجود ہوئے اور وہیں سے حضرت جعفر نے پکارا۔ حِزْبُ اللّٰہِ یَسْتَأْذِنُکَ یعنی خدائی گروہ آپ کے پاس حاضر ہونے کی اجازت چاہتا ہے۔ نجاشی نے جعفر کی آواز سنی اور اندر آنے کی اجازت دی ان سب نے جا کر نہ تو نجاشی کو سجدہ کیا اور نہ جاہلیت کے دستور کے

کے مطابق اہبت اللعن کہا بلکہ اسلامی قاعدے سے السلام علیک کہہ کر مخاطب ہوئے نجاشی نے مسلمانوں کی بھیڑ دیکھ کر حکم دیا کہ تم میں سے ایک شخص عرض معروض کرے چنانچہ جعفر بن ابی طالب کو لوگوں نے آگے پیش کیا نجاشی نے پہلی بات جو پوچھی وہ یہ تھی کہ حزب اللہ یستاذنک پکار کر کہنے والا تم میں کون تھا جعفر نے کہا میں۔ پھر نجاشی نے پوچھا دربار شاہی کے مطابق تم نے سجدہ کیوں نہیں کیا جیسا کہ ہمارے دربار کا دستور ہے اور کوئی بھی ہو اسی قاعدے سے ہم کو سلام کرتا ہے۔ جعفر نے کہا کہ ہم تو صرف خدا کو سجدہ کرتے ہیں جس نے آپ کو پیدا کیا اور بادشاہ بنایا اور بے شک ہمارے یہاں بھی بادشاہوں کو سجدہ کرنے کا دستور تھا مگر ہم بت پرست تھے اور اب ہم میں خدا نے ایک سچا پیغمبر بھیجا ہے اور انہوں نے ہم کو یہی سلام تعلیم کیا ہے اور جنت میں بھی سلام کے یہی الفاظ ہوں گے۔ اس کے بعد نجاشی نے جعفر کو بولنے بات کرنے کی اجازت دی تو جعفر نے کہا کہ آپ بادشاہ ہیں اور اہل کتاب میں سے ہیں اور آپ کے سامنے بہت بات کرنی خلاف ادب ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ قریش کے یہ دو سفیر جو حاضر ہیں ان میں سے ایک گفتگو کرے اور دوسرا خاموش رہے اور آپ ہماری باہمی گفتگو کو استماع فرمائیں۔ نجاشی نے اس کو پسند کیا تو جعفر نے کہا آپ ان سے دریافت کیجئے کہ آیا ہم کسی کے غلام ہیں اور آپ کے ہاں بھاگ کر آئے ہیں عمر بن عاص سفیر قریش بولا کہ نہیں یہ لوگ کسی کے غلام نہیں بلکہ شریف آبرو دار لوگ ہیں پھر جعفر نے کہا کہ اب آپ ان سے پوچھیے کہ کیا ہم نے کوئی ناحق خون کیا ہے جس کے قصاص کا ہم سے مطالبہ ہے عمرو بولا کہ خون کیسا ان کے ہاتھ سے کسی کو خراش تک بھی نہیں پونہچی۔ پھر جعفر نے کہا کہ ان سے دریافت کیجیے کہ کیا ہم کسی کا قرضہ لے کر بھاگے ہیں اور اس کے ادا کے لیے ہم کو گرفتار کرایا جاتا ہے عمرو نے کہا کہ نہیں ان لوگوں کو کسی کی کوڑی دینی نہیں اس پر نجاشی نے سفیران قریش سے پوچھا کہ پھر تم ان لوگوں سے کیا چاہتے ہو۔ عمرو نے کہا کہ ہم اور یہ لوگ ایک دین کے پیرو تھے جو ہمارے بڑوں سے متوارث چلا آیا ہے یہ لوگ اس دین سے برگشتہ ہو گئے تو ہماری قوم نے ہم کو آپ کی خدمت میں اس غرض سے بھیجا ہے کہ آپ ان کو ہمارے حوالے کر دیجئے۔ نجاشی نے

جعفر سے پوچھا کہ تمہارا پہلا کیا دین تھا اور اب تمہارا کیا دین ہے۔ جعفر نے کہا کہ ہم پتھر پوجتے تھے اور خدا کو نہیں مانتے تھے اب ہمارا دین خدائی دین اسلام ہے جو خدا کی طرف سے ہم کو بھیجا گیا اور رسول خدا اُس کو لے کر آئے اور جیسی کتاب عیسیٰ ابن مریم پر نازل ہوئی تھی ویسی ہی ہمارے رسول پر نازل ہوئی ہے اور یہ کتاب اس کی تصدیق کرتی ہے اس کے بعد نجاشی کے ایما سے ناقوس بجایا گیا جس کی آواز سنتے ہی قسیس اور راہب جمع ہو گئے اور نجاشی نے اُن سے پوچھا کہ حضرت مسیح کے بعد قیامت سے پہلے کسی نبی کی خبر ہے۔ سب نے کہا ایک نبی کی پیشین گوئی کتابوں میں لکھی ہوئی موجود ہے اور جناب مسیح اُن کی بشارت دے گئے ہیں اور فرما گئے ہیں کہ جو مجھ پر ایمان لائے گا وہ اُس پر ایمان لائے گا اور جو اُن کے ساتھ کفر کرے گا وہ میرے ساتھ کفر کرے گا پھر نجاشی نے جعفر سے مخاطب ہو کر پوچھا کہ یہ تمہارے پیغمبر کیا تعلیم کرتے ہیں جعفر نے کہا یَقْرَأُ عَلَیْنَا کِتَابَ اللّٰہِ وَیَأْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھٰی عَنِ الْمُنْکَرِ وَیَأْمُرُنَا بِحُسْنِ الْجِوَارِ وَصِلَۃِ الرَّحِمِ وَبِرِّ الْیَتِیْمِ وَیَأْمُرُنَا اَنْ نَعْبُدَ اللّٰہَ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ پھر نجاشی نے فرمایش کی تو جعفر نے سورۂ عنکبوت اور سورۂ روم قرآن سے پڑھ کر سنائی تو نجاشی اور سب درباری زار زار روئے اور پھر جعفر سے فرمایش کی کہ اپنے قرآن سے کچھ اور پڑھ کر سناؤ جعفر نے سورۂ کہف سُنائی اتنے میں عمرو نے نجاشی کے برہم کرنے کے لیے کہا کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ اور اُن کی والدہ کو نام دھرتے ہیں تو نجاشی نے جعفر سے پوچھا اس پر جعفر نے سورۂ مریم پڑھ کر سُنائی۔ نجاشی نے اپنی مسواک کا ایک تنکا توڑ کر درباریوں کو دکھایا اور جعفر سے کہا وَاللّٰہِ مَا زَادَ الْمَسِیْحُ عَلٰی مَا تَقُوْلُوْنَ مِثْلَ ھٰذَا اس کے بعد دربار برخاست ہوا اور سفیران قریش ناکام و نامراد اُن کے تحائف سمیت واپس کر دیئے گئے۔ ان باتوں کو صاحب معالم التنزیل نے آیہ۔ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرَاھِیْمَ الیٰ آخرہ کے تحت میں بڑی ہی موثر اور دلچسپ عبارت

۱؎ ہم کو اللہ کی کتاب سُناتے اور نیک کام کا حکم دیتے اور بُرے کاموں سے روکتے ہیں اور پڑوسیوں کے ساتھ نیک سلوک کرنے اور کنبے والوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے اور یتیموں پر شفقت کرنے کا ارشاد فرماتے ہیں اور یہ حکم دیتے ہیں کہ ہم خدائے وحدہ لاشریک لہ کی عبادت کریں ۱۲ ۲؎ قسم خدا کی مسیح نے اِس تنکے کے برابر بھی تمہارے کہنے سے زیادہ نہیں کہا۔ ۱۲

میں لکھا ہو اور بے اختیار میرا دل چاہتا تھا کہ میں وہی عبارت بجنسہ پڑھ کر سناؤں مگر سناؤں تو پھر ترجمہ بھی کروں اتنا وقت کس گھر سے لاؤں۔ مجکو ممبران انجمن سے ہمیشہ یہی شکایت رہی ہو اور اب بھی ہو کہ مجکو کافی وقت نہیں دیتے اور میں جی کھول کر لکچر نہیں دے سکتا یہ بیان جو میں نے اس ہجرت حبشہ کا کیا اس میں مجکو چند باتیں کہنی ہیں وہ جملۂ معترضہ کے طور پر ہیں ایک یہ کہ جب جناب رسولِ خدا نے اول بار مسلمانوں کو حبشے چلے جانے کی اجازت دی تو آپ نے یہ لفظ فرمائے تھے - اِنَّ بِهَا مَلِكًا صَالِحًا لَا يُظْلَمُ وَلَا يُظْلَمُ عِنْدَهُ اَحَدٌ فَاخْرُجُوا اِلَيْهِ حَتّٰى يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فَرَجًا یعنی نجاشی کو جو عیسائی تھا جناب رسولِ خدا نے ملک صالح فرمایا ہو۔ اب اس زمانے میں کوئی مولوی ہو جو امپرس وکٹوریہ کو ملکہ صالحہ کہنے کی اجازت دے حالاں کہ نجاشی کے مقابلہ میں وکٹوریہ اس سے بہت زیادہ مدح کی مستحق ہیں۔ غضب ہو ظلم ہو ستم ہو بے انصافی ہو ناشکری ہو کفرانِ نعمتِ الٰہی ہو کہ بیاسی صرف اسی اور دو مسلمانوں کے امن دینے کے صلے میں نجاشی ملک صالح کے خطاب کا مستحق ہوا اور خطاب بھی مولویوں کا دیا ہوا نہیں جیسے یہ بحر العلوم وغیرہ بنا دیتے ہیں۔ بلکہ جناب رسالت مآب کا دیا ہوا۔ اور وکٹوریہ چھ کروڑ مسلمانانِ ہند کو دوسری عملداریوں سے بجز نہیں نہ صرف پناہ دینے سے بلکہ اُن کے لیے تمام دنیاوی آسائشیں اور آرام اور عافیتیں اور سہولتیں مہیا کرنے پر بھی اُس کو ملکہ صالحہ کہنے سے دریغ اور مضایقہ کیا جاوے۔

دوسری بات ایک حکایت ہو جو اس وقت مجکو یاد آگئی ہو وہ یہ کہ جس طرح کفارِ قریش نے نجاشی کو بھڑکانے کے لیے مسلمانوں کی طرف سے لگا دیا تھا کہ یہ حضرت عیسیٰؑ اور اُن کی والدہ کو نام دھرتے ہیں اسی قسم کا ایک واقعہ ہماری دلی میں وہابیوں اور بدعتیوں یعنی غیر مقلدوں اور مقلدوں میں بھی ہوا تھا۔ کہ کسی مقلد حاکم رس نے غیر مقلدوں کی نسبت کہہ دیا کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰؑ

لہ بے شک وہاں ایک نیک بادشاہ ہو جو نہ خود ظلم کرتا ہو اور نہ اُس کے ہاں کوئی ظلم کرتا ہو۔ تو وہاں چلے جاؤ تاکہ اللہ مسلمانوں کے لیے کوئی فراخی کی صورت نکالے ۱۲

تک کے نام کی فاتحہ کو منع کرتے ہیں لیکن مصرع دشمن اگر قوی ست نگہباں قوی ترست"
وہابی نے کیا جواب دیا ہے کہ حضور فاتحہ مردے کی ہوتی ہے اور ہم تو حضرت عیسیٰؑ کو زندہ سمجھتے ہیں۔ یہ
جواب اُس وقت تو کام دے گیا تھا اب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے اتباع کے آگے اس کا
چلنا مشکل ہے۔ اب چلو سلسلۂ سخن کو پھر جوڑ لیں کہ جب مسلمان مرد و زن اتنے ہو گئے کہ پیغمبر صاحب
ان کی حفاظت نہیں کر سکتے تھے ناچار آپ نے ان کو حبشے چلے جانے کی اجازت دی اسی کو
ہجرتِ اولیٰ کہتے ہیں لیکن آں حضرت مکے میں باوجود خطر تشریف رکھتے رہے کہ ان کو خدمتِ
رسالت بجالانی تھی اور اس کے لیے قیامِ مکہ ضرور تھا کیونکہ وہ مرجعِ خلایق تھا اور اسلام کی عام منادی
کے لیے اُس سے بہتر کوئی جگہ نہ تھی نہ صرف خانۂ کعبہ کی زیارت کے لیے بلکہ خرید و فروخت
کے لیے تمام جزیرۂ عرب کے لوگ مکے میں جمع ہوتے تھے اور مکہ بڑے میلے کی جگہ تھی بہر کیف
مسلمانوں کے حبشے گئے پیچھے بھی پیغمبر صاحب کچھ دنوں مکے میں رہے۔ یہاں تک کہ دشمنوں
نے یہ مشورہ کیا کہ آؤ بہت سے قبیلے مل کر اس شخص کا کام تمام کریں۔ اور اس کے عزیز و اقارب
قصاص کے دعوی دار ہوں تو دیت بھر دیں۔ ناچار تیرہ برس۔ ایک۔ دو۔ تین۔ چار۔ پانچ
چھ۔ سات۔ گیارہ۔ بارہ۔ تیرہ برس۔ طرح طرح کی ایذائیں برداشت کرنے کے بعد آپ رات کو
چپکے سے نکل مدینہ تشریف لے گئے۔ اہلِ مکہ نے گرفتار کرنے کے لیے چاروں طرف آدمی دوڑائے
مگر خدا کو تو نورِ اسلام سے شرک اور بت پرستی کی ظلمت کو دنیا سے دور کرنا تھا۔ پاس کے پاس
تین دن غارِ ثور میں چھپے رہے اور کسی کو سوجھ نہ پڑا جب جستجو کی شورش کم ہوئی تو آپ غار سے
نکل اجنبی راہ سے ہوتے ہوئے مدینے جا پہنچے جہاں کے چند آدمی مکے میں آپ کے مواعظ
سن کر پہلے سے ایمان لا چکے تھے۔ بس یہ ابتدائی روداد ہے جس پر ہم کو فیصلہ کرنا ہے کہ مسلمانوں نے صبر
اور درگزر اور با دشمناں مدارا کو کہاں تک نباہا وہاں تک نباہا کہ نہ تو کسی نے نباہا ہوگا اور نہ کوئی نباہ
سکے گا۔ تاکہ کوئی آدمی اس روداد پر منصفانہ فیصلہ صادر کر سکے اُس کو چاہیے کہ اہلِ عرب کی اُس وقت
کے اہلِ عرب کی تاریخ پڑھے اور معلوم کرے کہ کشت و خون ان لوگوں کا روزمرہ کا مشغلہ تھا۔

وَاِحْیَانًا عَلٰی بَکْرِ اَخِیْنَا		اِذَا مَا لَمْ نَجِدْ اِلَّا اَخَانَا	

شاعر کہتا ہے کہ ہم ہمیشہ پاس پڑوس کی قوموں کو لوٹتے مارتے رہتے ہیں اور جب ہم کو لوٹنے مارنے کے لیے اور کوئی نہیں ملتا تو بنی بکر اپنے بھائیوں ہی کو لوٹنے مارنے لگتے ہیں کیوں کہ خالی تو ہم سے بیٹھا جاتا نہیں ۵

خدا شرمائے ہاتھوں کو کہ رکھتے ہیں کشاکش میں		کبھی جاناں کے دامن کو کبھی میرے گریباں کو

ان میں کبھی لڑائی چھڑ گئی ہے تو سو سو ڈیڑھ ڈیڑھ سو برس تک جاری رہی ہے۔ غرض اسلام کو ایک پودہ فرض کرو تو جس دن سے اس نے سر باہر نکالا اُسی دن سے دشمنوں کا تبر ستم اس پر بجنے لگا۔ اب کوئی بردبار سے بردبار اور حلیم سے حلیم آدمی ہم کو بتائے کہ ایسے نزعے میں مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے تھا۔ وہ کیا کر سکتے تھے اور اُنہوں نے کیا کیا۔ اُنہوں نے کیا جو اُن کو کرنا چاہیے تھا اور جو وہ کر سکتے تھے۔ شاید بہت کم مذہب اس نقص سے خالی ہوں گے کہ انسان کے لیے تقدس کا ایک خیالی اور فرضی اسٹینڈرڈ (معیار) مان کر حکم دیا جاتا ہے کہ اس پالے کو چھوؤ۔ حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں ہر ایک چیز کا اندازہ ہے جس کو فطرت سے تعبیر کیا جاتا ہے[۵۱] اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ مثلاً پانی ہے کہ اس کا ایک اندازہ ہے کہ وہ نشیب کی طرف کو بہے اور ایک خاص بلندی سے زیادہ اُونچا نہ ہو اسی طرح انسان کی بھی ایک فطرت ہے کہ اُس کے ساتھ خواہشیں ہیں ضرورتیں ہیں اور ان خواہشوں اور ضرورتوں کے پورا کرنے کا اُس کو موقع دیا گیا ہے۔ قُلْ مَنْ[۵۲] حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ اب انسان سے یہ کہنا کہ ان خواہشوں سے محترز رہے گویا پانی کو کہنا ہے کہ نشیب کی طرف کو نہ بہے ۵

درمیانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہ		باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش	

۵۱ ہم نے تمام چیزوں کو ایک اندازے کے ساتھ پیدا کیا ہے ۱۲ ۵۲ (اے پیغمبر ان لوگوں سے) پوچھو کہ اللہ نے جو زینت (کے ساز و سامان) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں (اُن کو) کس نے حرام کیا ہے ۱۲

اور یہ نہ کبھی ہوا ہو اور نہ ہو سکتا ہو۔ سنو جی! مذہب کی صداقت کی ایک یہ بھی بڑی شناخت ہو کہ وہ طلبِ محال نہ کرے اور اسی سے شارع اسلام نے پکار کر کہہ دیا۔ لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَامِ جو مذہب طلبِ محال کرتا ہو وہ صرف کتاب میں لکھ لینے کے لیے ہو نہ عمل کرنے کے لیے اور ایسا مذہب خلقِ عالم کو لغو اور لا طائل ٹھہراتا ہو رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا[1] مذہب چاہیئے کہ ہماری خواہشوں کو اعتدال کے درجے پر رکھے اور اُن میں افراط و تفریط نہ ہونے دے نہ یہ کہ اُن کو مسلوب اور معدوم کر دے۔ آنکھیں ہوں اور آثارِ قدرت الٰہی دیکھیں اور اُس کی شان اور عظمت کو سمجھیں یہ بہتر یا یہ کہ یہ آنکھوں کو پھوڑ کر اندھے بن جائیں۔ وعظ و نصیحت کی باتیں سنیں اور اُن پر عمل کریں یہ بہتر یا یہ کہ کانوں میں سیسہ پلا دیں روڑ ٹھونس لیں۔ اچھا تو انسان کی فطرت میں ایک خاص غصہ بھی ہو جو دشمنوں کے دفع کرنے کے لیے ہمارا ہتیار ہو جیسے مثلاً بیل کے سینگ شیر کا پنجہ گزندہ جانور کے دانت۔ بھڑ۔ بچھو وغیرہ کا ڈنک یہ قوت افراط کی صورت میں دوسروں کے لیے خطرناک ہو اور تفریط کی صورت میں ہمارے لیے۔ لیکن اگر اعتدال کے ساتھ اس قوت سے کام لیا جائے تو وہ ہمارے حق میں مفید ہو اور دوسروں کے حق میں بھی۔ میں خیال کرتا ہوں کہ قوت دفع مخالف کل مخلوقات عالم کو دی گئی ہو۔ اور اس میں نظامِ عالم کا بقا مضمر ہو جان داروں کی قوت دفع تو سب کو معلوم ہو کہ ایک مور ضعیف پر اگر ہاتھی بھی پاؤں رکھ دے تو وہ بھی چٹکی لیے بدون نہیں رہے گی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ جمادات بھی اس بارے میں جان دار کا حکم رکھتے ہیں ایک دیوار پر گیند کھینچ مارو تو جس زور سے مارو گے اُتنے ہی زور سے دیوار اُس کو اُچٹائے گی بھی۔ اگرچہ یہ قوت تمام عالم میں جاری اور ساری ہو اور جہاں کا ذرہ ذرہ اس قوت کا کام میں لا رہا ہو مگر مسلمان۔ بدنصیب مسلمان۔ بدقسمت مسلمان۔ بدبخت مسلمان۔ اسی قوت کے کام میں لانے کی وجہ سے شوخ ہیں۔ شریر ہیں۔ ظالم ہیں۔ سفاک ہیں۔ اکھل کھرے ہیں۔ جلے تن ہیں کسی کو دیکھ نہیں سکتے۔ اگر واقعاتِ تاریخی کو پڑھنا نہیں چاہتے۔ سُننا نہیں چاہتے۔ یقین کرنا نہیں

[1] اے ہمارے پروردگار تو نے ہیں (کارخانۂ عالم) کو بے فائدہ (تو) نہیں بنایا ۱۲

چاہتے۔ تو وہی بات ہوئی گرو دی ڈاگ بیڈ نیم اینڈ ہون گٹ ہم آوٹ۔ (کتے پر ناحق کا الزام دھرو اور پھر لات مار کر باہر کر دو۔) میں اسلام کی مذہب اسلام کی حمایت کرتا ہوں اور شروع سے آج تک کے ہر زمانے کے ہر ملک کے مسلمانوں کا میں نے ٹھیکہ نہیں لیا بے شک بہتیرے مسلمان بادشاہ "بدنام کنندۂ نیکو نامے چند" ایسے بھی ہوئے ہیں جنہوں نے جہاد کا نام کر کے ملک گیریاں کی ہیں خون ریزیاں کی ہیں مگر اسلام ان کے فعل کا کیوں ذمہ دار ہونے لگا۔ کوئی مذہب اپنے پیروؤں کے افعال کا ذمہ وار ہے کہ اسلام مسلمانوں کی ذمہ داری کرے۔ دوسرے مذہب والوں نے کیا کچھ نہیں کیا اور کیا کچھ نہیں کرتے مگر کسی مذہب سے باز پرس نہیں سب مونچھوں پر تاؤ دے دے کر سرخرو بنتے ہیں تو اسلام نے ایسا کون سا قصور کیا ہے کہ ؎

ہر بلائے کز آسماں آید	گرچہ بر دیگراں قضا باشد
بر زمیں نارسیدہ می گوید	خانۂ انوری کجا باشد

اگرچہ اسلام کی اس ناحق کی بدنامی میں زیادہ قصور دوسرے مذہب والوں کا ہے مگر "تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا" کہیں نہ کہیں تو اسلام میں ضرور پانی مرتا ہوگا کہ لوگوں کو بڑھ بڑھ کر باتیں بنانے کا موقع ملا اسلام میں اگر پانی مرتا ہے تو بس اسی جگہ کہ اس کے جو دانت کھانے کے ہیں وہی دکھانے کے یعنی اسلام اپنے پیروؤں سے وہی کہتا ہے جو دنیا میں ہو رہا ہے اور ہوا ہے اور ہونا ممکن ہے (ایک) دوسرے شروع کے مسلمانوں کو اپنی حفاظت کے لیے جو مجبوریاں پیش آئیں اُن کا حال مختصر سن ہی چکے ہو۔ تیسرے سلطنت کی بنیاد تو پیغمبر صاحب ہی کے زمانے میں پڑ چکی تھی مگر۔[۱] ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ کے قاعدے سے جوں جوں لوگوں کو زمانِ نبوت سے دوری ہوتی گئی سلطنت کے معاملات میں مذہبی رنگ ہلکا ہوتا گیا اور جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم خود اُن سلطنتوں کو

[۱] پھر ان کے بعد والے اور پھر اُن کے بعد والے۔ ۱۲

ملک مفوض فرمایا ہی کرتے تھے نہ وہ ابتدا کے سے زہد رہے نہ للّٰہیت رہی بلکہ رفتہ رفتہ دنیاوی سلطنتوں کی برائیاں اسلامی سلطنت میں بھی داخل ہوگئیں اور ان سلطنتوں کا زوال اس کی دلیل ہے کہ وہ اسلامی اصول پر مبنی نہ تھیں اور اسلامی اصول پر مبنی ہوتیں تو یقیناً ناممکن الزوال تھیں یہ سلطنتیں مسلمانی سلطنتیں تو تھیں مگر اسلامی سلطنتیں نہ تھیں اسلامی سلطنت کا فنڈامنٹل پرنسپل یعنی اصل الاصول الیکشن یعنی شورہ تھا نہ غصب اور نہ وراثت پس جب فنڈامنٹل پرنسپل پر عمل نہیں تو اسلامی سلطنت کا کیوں نام بدنام کیا جائے۔ لیکن خود مسلمان اسلامی سلطنت اور مسلمانی سلطنت میں فرق نہیں کرتے کبھی سلطان روم کو خلیفۃ المسلمین بناتے اور کبھی امیر کابل کو امیر المومنین قرار دیتے تو غیر قوموں کو اسلامی سلطنت اور مسلمانی سلطنت میں فرق کرنے کی کیا ضرورت ہے مسلمان بادشاہ امیر المومنین اور خلیفۃ المسلمین ہیں تو اُن مسلمانوں کے لیئے اور صرف اُنھیں مسلمانوں کے لیئے جو اُن کی رعایا ہیں اور اُن کے ملک میں بستے ہیں نہ ہم مسلمانانِ ہند کے لیئے کہ نہ ہم اُن کی رعایا ہیں اور نہ اُن کے ملک میں بستے ہیں۔ بلاشبہ مسلمانوں کے پاس قرآن اور حدیث اور فقہ ملا کر ایک ایسا جامع قانون موجود تھا اور ہے کہ اگر اُس پر عمل کیا جائے تو وہ بڑی سے بڑی سلطنت نہایت عمدگی کے ساتھ چل سکتے ہیں اور صدہا برس اسی قانون پر عمل کر کے ملکوں کے انتظام کیئے ہیں اور انتظام بھی کیئے ہیں تو بہت سے بہتر اور عمدہ سے عمدہ مگر شخصی سلطنتوں کے بادشاہ ہمیشہ قانون پر حاکم رہے ہیں ایسی سلطنتوں میں قانون مجسم ذاتی قوت نہیں رکھتا۔ بلکہ اصلی قوت بادشاہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے وہ چاہے قانون کے حوالے کرے یا اپنے ہاتھ میں رہنے دے لیکن مسلمانوں کی کوئی سی بات بھی لو یہاں تک کہ مذہب بھی سب میں ناواقفیت کا رنگ جھلکتا ہے۔ مذہبی تقاضا نہ سہی قومی ہی تقاضا سہی ایسا کون گیا گزرا مسلمان ہوگا جو مسلمانوں کی سلطنت سن کر خوش نہ ہوتا ہوگا۔ سلطان روم گو بادشاہ ہیں مگر ہمارے دینی بھائی ہیں اور گو دور ہیں مگر ہیں تو ہماری اسی زمین کے ایک حصہ کے بادشاہ ہم تو اُن کے بھی خیر خواہ اور دعا گو ہیں لیکن مسلمان ہونے کے علاوہ ہم میں ایک حیثیت اور بھی ہے کہ ہم انگریز دل

کے مستامن ہیں اور اُن کی عملداری میں ہم کو ہر طرح کا امن ہو ہر طرح کی آسایش ہو اور جہاں تک رعایا کو آزادی ہو سکتی ہو آزادی بھی ہو اور مِنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ[۱] کی رو سے ان کی خیر مناتے رہنا بھی ہمارا فرض اسلامی ہو۔ پس ہند کے مسلمانوں کا تو یہ کام ہو کہ جس سرکار کے سایۂ عاطفت میں آرام سے بیٹھا ہو پہلے صمیم قلب سے اُس کا بھلا چاہے کہ ہماری اپنی بھلائی ان کی بھلائی سے وابستہ ہو اور پھر نہ صرف سلطانِ روم کا بلکہ اُن کے ساتھ شاہِ فارس کا امیر کابل کا امیر بخارا کا سلطان زنجبار کا اور کل مسلمان بادشاہوں کا بلکہ اگر چاند بھی ہماری ہی زمین کی طرح آباد ہو اور وہاں بھی کوئی مسلمان بادشاہ ہو اُس کا بھی۔ یہ ایک اوپن سیکرٹ یعنی طشت از بام افتادہ بات ہو۔ سو ختم سو ختم ایں راز نہفتن تا کی۔ کہ برٹش گورمنٹ پہلے بھی ہم مسلمانوں کی طرف سے پوری پوری مطمئن نہ تھی اور اب نہ یہ کہ مطمئن نہیں بلکہ کسی قدر بدگمان ہو۔ اجنبیت جو حاکم و محکوم میں ہو ایک ظاہر بات ہو نہ دونوں کا مذہب ایک نہ وطن ایک نہ زبان ایک نہ رسم و رواج ایک اور نہ دونوں میں اختلاط کہ اختلاط ہو تو ایک دوسرے کو جانے پہچانے۔ اختلاط سے معرفت اور معرفت سے محبت پیدا ہو اگرچہ یہ اجنبیت بدون اس کے دور نہیں ہو سکتی کہ دونوں ایک دوسرے کی طرف کو جھکیں ؎

واں وہ غرور عزّ و ناز یاں یہ حجاب پاس وضع		راہ میں ہم ملیں کہاں بزم میں وہ بلائیں کیوں

اور اگر گورمنٹ کو رعایا کی کچھ پروا ہو اور ہو اور بہت ہو تو ویسے ہی گورمنٹ کے پاس ذرائع آگہی بہت ہیں۔ ؎

چو کارے بے فضول من بر آید		مرا در وے سخن گفتن نہ شاید	

میں تو مسلمانوں سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اپنی حالت پر نظر کر کے ان کو زیادہ جھکنا چاہیئے۔ کہ پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہو نہ اُلٹا کنواں پیاسے کے پاس آتا ہو۔ یہ محکوم و محتاج ہیں اور ہماکم اور محتاج الیہ اب رہی یہ بات کہ جھکیں کیسے۔ تو جھکنے کے یہ معنی ہیں کہ اسبابِ مغائرت اُٹھا دیں۔ مغائرتِ وطن کا اُٹھا دینا تو اختیار سے خارج مگر یہ کہ انگریز ہی ہندوستان کو اپنا وطن بنا لیں تو یہ بنانے

[۱] جو بندے کا شکر ادا نہیں کرتا وہ گویا خدا کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ ۱۲

نہیں اور بہ فرض محال بنائیں گے تو یاد رہے کہ ہندوستان میں رہ پڑنے سے جو ہم مسلمانوں کا حال ہوا وہی دو چار نسلوں میں ان کا بھی ہوگا ۵

آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم		ہو گئے خاک انتہا ہے یہ

دوسری مغائرت مغائرتِ لسانی ہے سو مسلمان پہلے تو انگریزی کے نام سے بدکتے تھے اور اب تو خدا کے فضل سے ان میں بی اے اور ایم۔اے اور بار سٹر اور کیا اور کیا سب ہی کچھ ہوتے جاتے ہیں۔ اب ایک سنگِ سخت مذہب کا ہے۔ سو لعنت ہے اُس مسلمان پر لَعْنَةُ اللّٰهِ[۵۱] وَالْمَلٰٓئِكَةِ[۵۲] وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ جو اپنے تئیں مسلمان کہے اور دوسرے مسلمانوں کو عیسائی ہو جانے کی ترغیب دے یا مذہبی امور میں خلافِ شرع ایک تس برابر دبنے کی صلاح دے۔ اَيَاْمُرُكُمْ[۵۳] بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ لیکن ہاں مذہبی مخالفت میں جو افراط ناجائز پیدا ہو گئی ہے اُس کے دور کرنے کو تو میں تم سب سے ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں اور کہتا بھی ہوں تو قرآن اور حدیث کی سند سے کہتا ہوں جس پر ہم سب مسلمانوں کا ایمان ہے۔ موٹی موٹی باتیں سنو کہ نصاریٰ اہلِ کتاب ہیں یا نہیں۔ سب ایک زبان سے بولو کہ ہیں۔ اچھا اہلِ کتاب ہیں تو ان میں اور مشرکوں میں کیا فرق ہے یعنی مذہب کی رو سے ان کو ہم سے زیادہ دوری ہے یا مشرکوں کو۔ ذرا بھی تم ہچکچاے اور میں نے قرآن کی آیتوں کی بوچھاڑ برسائی۔ مشرک اور مسلمان سے تو التیام ہو ہی نہیں سکتا۔ خدا نے ایک جگہ فرمایا ہے۔ اِنَّمَا[۵۴] الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ کیوں فرمایا ہے یا نہیں۔ ہم اہل السنت والجماعت تو مشرک کو بنجس فی العقیدہ کہتے ہیں اور شیعی مسلمان تو مشرک کو ایسا گندہ ناپاک سمجھتے ہیں کہ ان کی چھوئی چیز ہی نہیں کھاتے جیسے یہ مسلمان کا چھوا نہیں کھاتے جواب ترکی بترکی۔ مگر ہندوستان میں اتنا پرہیز ہو مشکل تو شیعی بھی جو زیادہ محتاط ہیں وہ یا تو مشرک کے ہاتھ کی کوئی چیز کھاتے ہی نہیں اور ضرورت مجبور کرتی ہے تو مسلمان کے ہاتھ سے منگوائی اور حیلہ کیا کہ ہم نے تو مسلمان سے لی ہے

۵۱ ان پر خدا کی اور فرشتوں کی اور (دنیا جہاں کے) لوگوں کی سب کی پھٹکار ہے ۱۲ ۵۲ بھلا کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ تم تو اسلام لا چکے ہو اور وہ اس کے بعد تمہیں کفر کرنے کو کہے ۱۲ ۵۳ مشرک تو نرے گندے ہیں ۱۲

ہم کو زیادہ تفتیش کرنے کی کیا ضرورت۔ بندے کے ایک دوست تھے شیعی المذہب اور امارت کے ساتھ مذہب کے پابند کہ متول اور مذہب ذرا کم جمع ہوتا ہے وہ روزمرہ کے استعمال کی چیزیں چاندی کی رکھتے تھے۔ جیسے خاصدان حقہ اور اس کے لوازم اور قلمدان وغیرہ۔ ایک مرتبہ کیا اتفاق ہوا کہ میں اُن سے ملنے گیا اُنہوں نے خاصدان میں سے پان نکال کر پہلے تکیے پر رکھا اور پھر ایک مجکو دیا اور ایک آپ کھایا۔ تکیے کے غلاف پر کتے چونے کا دھبہ لگ گیا تو میں نے کہا کہ تکیے پر رکھنے کی کیا ضرورت تھی اُنہوں نے فرمایا کہ چاندی کا استعمال ممنوع ہے۔ سو اہلِ سنت نے جو تاویل کی اور اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ کو نجس فی العقیدہ مانا یہ بھی ایک حیلہ ہی ہے مگر مبنی بر ایک مصلحتِ عام پر اور حیلہ بھی اُن وقتوں کا بنایا ہوا ہے جب اسلام کا غلبہ تھا اسی ایک مثال سے ظاہر ہے کہ ہم مسلمان ہندوؤں سے پرہیز رکھنا نہیں چاہتے ۵

خاک ہوئے پامال ہوئے برباد ہوئے سب محو ہوئے		اور شاید عشق کی راہ کے کون کہ ہم ہموار کریں

اسی بات کو تو میں ہر سال تمہارے یہاں آکر روتا ہوں کہ اب اس زمانے کے مسلمان اگلے مسلمانوں کی طرح کے مسلمان کیوں نہیں بنتے کہ مصلحتِ وقت کو بھی پیشِ نظر رکھیں جس کے اسلام کی مغلوبیت کے زمانے میں پیشِ نظر رکھنے کی بہت زیادہ ضرورت ہے اور اگلے مسلمانوں کی طرح کے مسلمان کیوں نہیں بنتے کہ بادشمناں مدارا بھی رکھیں اور مسلمان بھی رہیں۔ خیر تو لاؤ اس بات کو تمام کریں کہ مشرکوں اور اہلِ کتاب کو ہم مسلمانوں کے ساتھ کیا نسبت ہے سو مشرکوں کے بارے میں ایک حکم تو وہ اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ ہے اور دوسرا وَلَا تَنْکِحُوا الْمُشْرِکَاتِ حَتّٰی یُؤْمِنَّ اِلٰی آخِرِہٖ غرض ہم میں اور مشرکوں میں اس قسم کی جدائی ہے جو دو عملداریوں کی رعایا میں ہوا کرتی ہے کہ ایک کو دوسرے سے کچھ واسطہ اور سروکار نہیں۔ اب رہے اہلِ کتاب ان کے ساتھ مذہبی جدائی سے تو انکار ہو نہیں سکتا مگر ہاں وہ جدائی اس درجے کی نہیں کہ ارتباط اور اختلاط کی مانع ہو۔ دنیا میں اختلاط کے دو ہی بڑے ذریعے ہیں کھان پان اور شادی بیاہ سو

۵ اور مشرک عورتیں جب تک ایمان نہ لائیں اُن سے نکاح نہ کرو ۱۲

کھان پان کے بارے میں فرمایا ہے طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ[۵۱]
اور شادی کی نسبت وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ[۵۲] اب مجکو پوچھنا یہ ہے کہ جو
نسبت مشرکوں میں اور اہلِ کتاب میں خدا نے قرار دی تھی ہم مسلمانوں نے برتاؤ میں اُس نسبت
کو باقی رکھا یا نہیں۔ مَیں کہتا ہوں کہ باقی رکھنا کیسا نسبت کو بالکل اُلٹ دیا اور اُلٹ دینے میں اہلِ کتاب
کی حق تلفی کی کہ جس درجے میں اہلِ کتاب کو شارعِ اسلام نے رکھا تھا مسلمانوں نے اُن کو اُس
درجے سے گرا دیا۔ گرایا تو اُن کو اور گر گئے آپ۔ اہلِ کتاب ہونے کے علاوہ نصاریٰ کا ہم
مسلمانوں پر ایک حق اور بھی ہے کہ یہ ہمارے حاکم ہیں اور ان کی اطاعت ہم مسلمانوں کا فرضِ
مذہبی۔ دلّی کے بازاروں میں لڑکے گاتے پھرتے ہیں۔ "خدا جب حُسن دیتا ہے نزاکت آ ہی
جاتی ہے" مَیں اس خیال کا پیرایہ بدل کر کہتا ہوں کہ "دولت ندہد خدائے کس را بگزاف" کیا خدا
کسی کو مطیع کرنے کا سلیقہ دے گا تو اُس کو اپنی اطاعت کرانے کا سلیقہ نہ دے گا وہ جو کہتے
ہیں زدست کاٹھینگا سر پر اطاعت تو ہم کو چار و ناچار کرنی ہے مگر ایک اطاعت طوعی ہوتی ہے اور
ایک اطاعت کرہی۔ ایک اطاعت تو بے دل نوکر کرتا ہے کہ بڑبڑاتا جاتا ہے اور مُونہ ہی مُونہ میں بُرا
کہتا جاتا ہے اور کام تو اُس کو کرنا ہی پڑتا ہے اور ایک اطاعت یہ ہوتی ہے کہ نوکر کو چلتی سی آواز دی اور
اُس نے کہا حاضر اور پھر آقا نے اپنا حکم تمام نہیں کیا کہ اُس نے اُس کی تعمیل کا اہتمام شروع کر دیا
اور گھنٹہ بھر کا کام پاؤ گھنٹے میں کر دیا۔ اطاعتِ طوعی اور کرہی کا فرق قرآن سے ظاہر ہے جہاں
فرماتے ہیں۔ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ[۵۳] الی آخرہ پس میرے کہنے کا مطلب یہ ہے
کہ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ کی سی اطاعت ہمارا فرضِ مذہبی ہے۔ ورنہ جبری اور کرہی اطاعت تو ایک اضطراری
ہے اُس کی نسبت اس کے حکم دینے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ نہیں معلوم تلمیذ نظر کی وجہ سے ہے

---

۵۱ اور اہلِ کتاب کا کھانا (بشرطیکہ تمہارے ہاں بھی روا ہو) تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا کھانا اُن کے لیے
حلال ہے۔ ۱۲ ۵۲ اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی جا چکی ہے اُن میں کی (بھی) بیاہتا بیبیاں (تمہارے لیے
حلال ہیں) ۱۲ ۵۳ پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ (اُس وقت تک) کھرد کی طرح کا تھا۔ ۱۲

یا دل کو لگی نہیں اس سبب سے ہو کہ اس اطاعت کی سند پوچھو تو اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ[۵۱] وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کو لے دوڑتے ہیں حالاں کہ نصاریٰ کی اطاعت اس آیت کا محل ہو نہیں سکتی وہ آیت یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے شروع ہوتی ہو یعنی مخاطب ہیں مسلمان تو ضمیر مِنْکُمْ کا مرجع بھی مسلمان ہی ہو سکتے ہیں ورنہ لازم آئے انتشار ضمائر۔ تو اس آیت کا مطلب یہ ہو کہ خدا مسلمانوں سے فرماتا ہو کہ تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور جو تم مسلمانوں میں صاحبِ حکومت ہوں اُن کی اطاعت کرو۔ صاحب بخاری نے ایک واقعہ اس آیت کا شانِ نزول ٹھہرایا ہو کہ ایک صحابی تھے عبداللہ بن خذافہ اُن کو جنابِ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دستہ فوج کا سرِ لشکر بنا کر کہیں کو بھیجا عبداللہ بن خذافہ کے مزاج میں چُہل بہت تھی۔ اُنہوں نے سپاہیوں کے ساتھ ہنسی کرنی چاہی کہ سپاہی آگ جلا کر بیٹھے تاپ رہے تھے انہوں نے سپاہیوں سے کہا کہ میں تمہارا افسر ہوں اور جو حکم میں تم کو دوں تم کو اُس کی بجا آوری ضرور ہو تو میں سب سے کہتا ہوں کہ تم سب اس آگ میں کود پڑو۔ یہ سنکر سپاہیوں میں ہوا اختلاف۔ بعض آگ میں کود پڑنے پر آمادہ ہوئے اور بعض ٹھٹکے۔ مدینے لوٹ کر آئے تو یہ ماجرا جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا اُس پر یہ حکم نازل ہوا۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ[۵۲] الی آخرہ وہ جو کہتے ہیں کہ ناواں کی دوستی زیاں کا موجب ہوتی ہو جو لوگ اطاعتِ حکام کے لیئے اس آیت سے استشہاد کرتے ہیں۔ اس بودی دلیل سے لوگوں کو یہ خیال ہوتا ہو کہ مسلمانوں میں اطاعت نصاریٰ کا کوئی حکم ہی نہیں۔ حالاں کہ یہ خیال محض غلط ہو۔ اطاعتِ نصاریٰ کے لیئے استدلال کرنا چاہیئے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ سے[۵۳] اَوْفُوْا بِالْعَھْدِ اِنَّ الْعَھْدَ کَانَ مَسْئُوْلًا[۵۴]

---

۵۱ اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور جو تم میں صاحب حکومت ہیں (اُن کا بھی) ۱۲ ۵۲ مسلمانو! اللہ کا حکم مانو الخ ۱۲

۵۳ مسلمانو! (اپنے) قراروں کو پورا کرو ۱۲ ۵۴ عہد کو پورا کرو (کیوں کہ) قیامت میں عہد کی باز پرس ہوگی ۱۲

سے وَالْمُؤْمِنُوْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ہے میں آج اس مسئلے کو خوب شرح وبسط کے ساتھ صاف کرنا چاہتا ہوں تاکہ کسی طرح کا ابہام باقی نہ رہے اور اپنے پرائے سب سمجھ لیں کہ حکامِ وقت کی اطاعت مسلمانوں کا فرض مذہبی ہے اور اس بارے میں بہت سی نصوص نازل ہیں۔ ہم اس اطاعت کو مبنی کرتے ہیں صرف اس بات پر کہ ہم مسلمانوں میں اور نصاریٰ حکامِ وقت میں امن کا عہد ہے یعنی جب انگریزوں نے یہ ملک لیا دھوکا دے کر لیا تو خوشامد سے لیا تو رشوت دے کر لیا تو جیسا کہ بعض متعصبوں اور جاہلوں کا خیال ہے اور بزور شمشیر لیا تو غرض لیا۔ تو ہم نے گو زبان سے نہ بھی کہا اور کوئی دستاویز لکھ کر نہ بھی دی تاہم ان کے ملک میں ان کی رعایا بن کر رہنا قبول کیا تو یہ شرعاً عہد ہو گیا اور الیٰ آخرہ عہد کے بارے میں جیسی کچھ تاکید قرآن میں ہے سب کو معلوم ہے۔ اب میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ہم مسلمانوں کا انگریزوں کی عملداری میں ان کی رعایا بن کر رہنا کیوں کر عہد سمجھا گیا اور وہ عہد تو نے سنا ہوگا وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ اِلٰى اٰخِرِهٖ اس عہد الست سے تو کسی کو انکار نہیں تو وہاں کوئی زبانی قرار تھا یا کوئی دستاویز لکھی گئی تھی۔ یا لوگوں کے جان ومال جو محفوظ ہیں تو چوروں سے ڈاکوؤں سے خونریزوں سے لیے جاتے ہیں۔ یا دستاویزیں لکھائی جاتی ہیں۔ غرض قول کا زبانی یا تحریری ہونا کچھ ضرور نہیں مجرد حالت سے بھی عہد مستنبط ہوتا ہے۔ میں تو بے قرآن اور بے حدیث

لہ اور جب (کسی بات کا) قرار کر لیا تو اپنے قول کے پورے ۱۲ لہ پوری آیت یہ ہے وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ (اور یہ بھی یاد رکھو جب تمہارے پروردگار نے بنی آدم سے یعنی اُن کی پیٹھوں سے اُن کی نسلوں کو باہر نکالا اور اُن کے مقابلے میں خود انہیں کو گواہ بنایا (اس طرح پر کہ ان سے پوچھا) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں سب بولے ہاں ہم (اس بات کے) گواہ ہیں (اور یہ اس غرض سے کیا ہے کہ ایسا نہ ہو) کہیں قیامت کے دن تم کہنے لگو کہ ہم تو اس بات سے بے خبر ہی رہے (یعنی کسی نے ہم کو جتایا بتایا نہیں) یا کہنے لگو کہ شرک ابتدا میں تو ہمارے بڑوں نے کیا اور ہم اُنہیں کی اولاد تھے (کہ) ان کے بعد دنیا میں آئے جیسا بڑوں کو دیکھا ہم بھی ویسا ہی کرنے لگے) تو (اے خدا) کیا تو ہم کو اُن لوگوں کے جرم کی پاداش میں ہلاک کیے دیتا ہے جنہوں نے پہلے غلطی کی ہے

تم سے کوئی بات کرنی چاہتا نہیں ایک حدیث کا مطلب تم سے بیان کرتا ہوں اس کا ایک بڑا حصہ غیر متعلق معلوم ہوگا مگر میں اُس پر بعضی ضروری باتیں متفرع کرونگا وہ حدیث سفر حدیبیہ کے متعلق ہے کہ ہجرت کے چھٹے برس جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرے کے لیئے مکے جانا چاہا قریب پونہچے تو ملے بدیل بن ورقا خزاعی اور بنی خزاعہ پیغمبر صاحب کے بڑے دلی دوست تھے۔ بُدیل نے کہا کہ آپ مکے جاتے تو ہیں مگر قریش آپ کو نہیں آنے دیں گے اور لڑائی ہو پڑے گی۔ اُن کی طرف سے خالد بن ولید کچھ آدمی لے کر آپ کی ٹوہ میں نکلے بھی ہیں پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ ہم کو تو کسی سے لڑنا بھڑنا منظور نہیں صرف زیارتِ کعبہ کا ارادہ ہے۔ تم قریش کو جاکر سمجھاؤ کہ اُن کو بھی آئے دن کی خانہ جنگیوں نے توڑ دیا ہے اور ہم بھی دوسرے قبائل کے ساتھ صلح و جنگ رکھتے ہیں۔ بہتر ہے کہ ہم میں اور اہل قریش میں چندے جنگ ملتوی رہے کہ ہم دونوں فریق رینٹ ہمت لیں پھر دیکھی جائے گی۔ چنانچہ بدیل گئے اور اُنہوں نے قریش کو اطلاع دی۔ بعض سنتے کے ساتھ بگڑے مگر بدیل نے سمجھایا کہ محمد کچھ بے جا بات نہیں کہتے اس میں اُن کا تمہارا دونوں کا فائدہ ہے۔ بہ مشکل بدیل نے عروہ بن مسعود کو اپنا ہم خیال کیا۔ عروہ کے کہے سنے سے قریش میں جو صاحب الرائے تھے نرم پڑے اور عروہ کو سفیر بنا کے بھیجا۔ عروہ نے پیغمبر صاحب کو سمجھایا کہ تم کو اپنی قوم سے لڑنا مناسب نہیں اور یہ لشکر گدے جو تمہارے ساتھ ہو لیے ہیں ان کا اعتبار نہ کرنا وقت پڑے گا تو یہ لوگ دم دبا کر بھاگیں گے۔ جس وقت عروہ نے یہ بات کہی حضرت ابوبکر کو موجود تھے بہت برا لگا اور اُنہوں نے عروہ کو موٹی سی گالی دی مگر عروہ پر ابوبکرؓ کا ایک احسان بھی تھا۔ عروہ پی گیا۔ اور جس وقت عروہ پیغمبر صاحب سے باتیں کرتا تھا تو بار بار پیغمبر صاحب کی ڈاڑھی کو ہاتھ لگاتا جاتا تھا مغیرہ بن شعبہ جو پیغمبر صاحب کے پس پشت کھڑے تھے جب جب عروہ پیغمبر صاحب کی ڈاڑھی کو ہاتھ لگاتا مغیرہ تلوار سے اُس کے ہاتھ کو جھٹک دیتے۔ اور ایک واقعہ ان مغیرہ کو پیش آیا تھا کہ یہ کچھ لوگوں کے ساتھ کہیں سفر میں نکلے تھے مغیرہ نے رستے میں ساتھیوں کو مار ڈالا اور اُن کا مال و متاع چھین لیا اور مسلمانوں میں آملے۔ یہ واقعہ عروہ کو معلوم تھا تو جب مغیرہ نے کئی بار ہاتھ اُس کا جھٹکا تو عروہ نے پوچھا کہ یہ کون شخص ہے اور جب معلوم ہوا کہ مغیرہ ہے تو اُس نے کہا کہ

اسی غدار میں تیری بھلائی میں کوشش کر رہا ہوں اور تو مجکو جھڑکتا ہی عروہ نے مغیرہ کو غدار کہا تھا اور وہ بھی مبالغے کا ایک وزن ہی اسی لیئے میں نے غدّار کہا اس خاص بات کی نسبت فرمایا اَمَّا الْاِسْلَامَ فَاَقْبَلُ وَاَمَّا الْمَالَ فَلَیْسَتْ مِنْهُ شَیْءٌ ابھی حدیث باقی ہی اور میں اس کو آگے چل کر تمام کرونگا یہاں مجکو اتنا ہی کہنا مقصود ہی کہ مغیرہ نے جو اپنے رفیقانِ سفر کو دغا سے مار ڈالا عروہ نے اُس کو غدار کہا اور پیغمبر صاحب نے بھی اُس مال کو جو مغیرہ نے غدر سے چھینا تھا رد کر دیا اس سے ثابت ہوا کہ مطلق سفر کی رفاقت بھی ایک عہد ہی چنانچہ صاحب قسطلانی - اَمَّا الْمَالُ فَلَیْسَتْ مِنْهُ شَیْءٌ پر لکھتے ہیں - اَیْ لَا یُعْرَضُ لَهٗ لِکَوْنِهٖ اَخَذَهٗ غَدْرًا لِاَنَّ اَمْوَالَ الْمُشْرِکِیْنَ وَاِنْ کَانَتْ مَعْنُوْمَةً عِنْدَ الْقَهْرِ فَلَا یَحِلُّ اَخْذُهَا عِنْدَ الْاَمْنِ فَاِذَا کَانَ الْاِنْسَانُ مُصَاحِبًا لَهُمْ فَقَدْ اَمَّنَ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهٗ فَنَفْسُ الدَّمِ وَاَخْذُ الْاَمْوَالِ عِنْدَ ذٰلِکَ غَدْرٌ وَالْغَدْرُ بِالْکُفَّارِ وَغَیْرِهِمْ مَحْظُوْرٌ پس رفاقتِ سفر سے عہد لازم آیا تو کیا اتنی لمبی رفاقت سے کہ پشتیں انگریزوں کی علداری میں گزر گئیں اور جتنی پشتیں گزر گئیں اُن سے وہ چند صد چند نسلیں گزرنے والی ہیں کیا اتنی لمبی رفاقت سے بھی مسلمانوں میں اور انگریزوں میں عہد امن نہیں مانا جائے گا - بہرکیف میں سمجھتا ہوں کہ عہدِ امن کا ہم مسلمانوں اور انگریزوں میں ہونا از روئے اسلام ثابت ہی جس سے اپنے پرائے کسی کو بھی انکار ہو نہیں سکتا - اب رہا ایفائے عہد اُس کی تاکید قرآن میں جا بجا پائی جاتی ہی ایفائے عہد کے بارے میں سب سے زیادہ صاف حکم جو ہی اور جو ہماری روداد سے زیادہ تعلق رکھتا ہی سورۂ انفال کا آخری رکوع ہی جو ہمارے تعلقات کو اُن مسلمانوں کے ساتھ جو دوسری علداری میں ہیں صاف طور پر ظاہر کرتا ہی مسلمانوں نے جب اپنی سلطنت مدینے میں قائم کی تو اُن کی قرابتیں قبائل

۱؎ اسلام تو مقبول ہی رہا مال اُس میں سے کچھ نہیں لے گا ۱۲ ۲؎ یعنی مال سے متعرض نہ اس لیئے کہ اس کو فریب سے لیا ہی - اس واسطے کہ مشرکوں کا مال امن کے وقت میں اگر انسان اُن کا مصاحب ہو حلال نہیں - اگر زبردستی چھینا گیا ہو کیوں کہ ایسی حالت میں ہر ایک اپنے ساتھی سے امن میں ہی - پس اس وقت خونریزی کرنی اور مال چھیننا بے وفائی ہی اور بے وفائی کفار سے بھی منع ہی ۱۲

عرب کے ساتھ مشترک تھیں اور اُن میں سے بعض کے ساتھ صلح تھی اور بعض کے ساتھ لڑائی اور ایسی مثالیں کثرت سے تھیں کہ مسلمان کافروں کی عملداری میں تھے اور وہاں سے نکل نہیں سکتے تھے اور وہ اُمید رکھتے تھے کہ مدینے کے مسلمانوں کی مدد کو کھڑے ہوں گے تو خدا نے اس کا فیصلہ کر دیا کہ مسلمانوں کو اپنے مسلمان بھائیوں کی جو کافروں کی عملداری میں گھرے ہوئے ہیں کہاں تک مدد کرنی چاہیئے تو اس صورت کے لیئے فرماتے ہیں۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یُهَاجِرُوْا اِلٰی آخِرِہٖ تو صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک جگہ مسلمانوں کی سلطنت ہو اور چند مسلمان ہیں جو کافروں میں گھرے ہوئے ہیں اور وہ اپنے مسلمان بھائیوں سے جن جن کی سلطنت ہے مدد کے خواستگار ہیں تو ان سلطنت والے مسلمانوں کو کہاں تک اُن کی مدد کرنی چاہیئے فرمایا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ فَعَلَیْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰی قَوْمٍ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ اس میں دو باتوں پر غور کرنا چاہیئے ایک یہ کہ امورِ دین میں مدد مانگیں دنیاوی امور میں نہیں۔ دوسرے یہ کہ مدد دی جائے مگر اُن لوگوں کے مقابلے میں نہیں جن کے ساتھ مسلمانوں کا عہد و پیمانِ صلح ہے۔ ذرا اصل مطلب سے اور قریب آؤ تو صورتِ مسئلہ یہ ہو گی کہ فرض کرو سلطانِ روم یا امیر کابل ہم مسلمانانِ ہند سے خواستگارِ مدد ہوں تو ہم مسلمانانِ ہند کو کیا کرنا چاہیئے قرآن بتاتا ہے کہ اگر امورِ دین میں مدد مانگیں تو ہم پر مدد کا دینا لازم ہے مگر انگریزوں کے مقابلے میں نہیں کیوں کہ ہم سے اِن سے عہدِ امن ہے اور یہ مسئلہ مبنی ہے اس پر کہ ہم مدد دینے کے قابل ہوں بھی سو فوجی مدد تو ہم سے ہو ہی نہیں سکتی۔ ہاں مالی مدد ہم لوگ کر سکتے ہیں تو اس کی بھی

---

۵ پوری آیت یہ ہے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَایَتِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ حَتّٰی یُهَاجِرُوْا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ فَعَلَیْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰی قَوْمٍ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ترجمہ جو لوگ ایمان تو لے آئے مگر ہجرت نہیں کی تو تم مسلمانوں کو اُن کی وراثت سے کچھ تعلق نہیں یہاں تک کہ ہجرت کر کے تم میں (نہ) آملیں ہاں اگر دین (کے بارے) میں تم سے طالبِ مدد ہوں تو تم کو اُن کی مدد کرنی لازم ہے مگر اُس قوم کے مقابلے میں نہیں کہ تم میں اور اُن میں (صلح کا) عہد (و پیمان) ہو اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے ۱۲

ممانعت قرآن سے نکلتی ہے۔ الغرض انگریزوں کے ہم مسلمانانِ ہند پر اتنے حقوق ہیں کہ وہ اہلِ کتاب ہیں اور ہم اُن کے ساتھ عہدِ امن رکھتے ہیں اور تیسری بات یہ ہے کہ اُن کی حکومت حکومتِ صالحہ ہے افسوس یہ ہے کہ انسان کی طبیعت ہی کچھ احسان ناشناس واقع ہوئی ہے۔ وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ[۱] اور دوسری جگہ فرمایا ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ[۲] جو نعمتیں ہم مسلمانوں کو اس عملداری میں حاصل ہیں حق قدر ہا ہم اُس کی قدر نہیں کرتے۔ کچھ شک نہیں کہ جتنا فائدہ ہم اس عملداری میں حاصل کر سکتے ہیں ہم اس کے بڑے حصے سے محروم ہیں اور محروم ہیں تو اپنی کوتاہی سے اپنی غفلت سے اپنی غلط فہمی سے ؎

عام ہیں اُس کے تو الطاف شہیدی سب پر	تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

اگرچہ ہند کی آب و ہوا بھی کاہلی پیدا کرتی ہے۔ مگر سوچا جائے تو کاہلی کو "اونگتے کو ٹیلے کا بہانہ" مذہبی غلط فہمیوں نے بھی دوڑتوں کو چلتا ہوا۔ چلتے ہوؤں کو کھڑا ہوا اور کھڑے ہوؤں کو بیٹھا ہوا اور بیٹھے ہوؤں کو لیٹا ہوا بنا دیا ہے۔ آج میرا اصل مقصد یہی ہے کہ ہمارے اور انگریزوں کے تعلقات میں جو مذہبی غلط فہمیاں ہیں اُن کو دور کروں۔ تو لاؤ اُس ایفائے عہد کی بات کو پورا کریں اور وہ پوری ہو گی حدیبیہ کی حدیث کے پورے ہونے سے۔ میں نے اُس کو چھوڑا اُس جگہ جب کہ وہ عروہ بن مسعود اہلِ مکہ کی طرف سے آئے خیر تو وہ کچھ کہہ سن کر مکے واپس گئے اور صلح کرانے والوں کا قاعدہ ہوتا ہے کہ فریقین کو دباتا ہے۔ عروہ نے ادھر جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پس و پیش سوجھایا کہ تم کو اپنی قوم سے لڑنا مناسب نہیں اور تم اُن کی مقاومت نہیں کر سکو گے اور ادھر اہلِ مکہ کو جا کر سمجھایا کہ میں نے قیصر اور کسریٰ کے دربار بھی دیکھے ہیں مگر محمدؐ کے اصحاب جس قدر اُس کا ادب کرتے اور اُن سے محبت رکھتے میں نے کسی بادشاہ کی فوج میں یہ بات نہیں دیکھی اُن کے ادب کا تو یہ حال ہے کہ محمدؐ کے ساتھ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کرتے۔ جب محمدؐ کچھ کہتے ہوتے ہیں تو یہ خاموش بیٹھے سنتے ہیں اور محبت کا یہ رنگ ہے کہ محمدؐ کے وضو کے پانی کو تبرکاً مونہوں پر ملتے ہیں اور اُس کے پینے کے لیئے

---

[۱] اور ہمارے بندوں میں (بہت ہی) تھوڑے (بندے) شکر گزار (ہوتے ہیں) ۱۲ [۲] کچھ شک و شبہ نہیں کہ انسان بڑا ناشکرا ہے ۱۲

اُن کی آپس میں چھین جھپٹ ہوتی ہو تو اہلِ مکہ ایسے شخص کے مقابلے میں تم کیا ٹھہر سکو گے عروہ کے اوچھے پن دکھانے سے قریش بھی کچھ ڈھیلے ہوئے اور پہلے مکرز کو اپنا وکیل بنا کر بھیجا۔ اس شخص کے نام سے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تشارم کیا وہ بھی اپنی سی کہہ سُن کر چلتا بنا اُس کے بعد آئے سہل بن عمرو اور آپ نے ان کا نام سُنتے ہی فرمایا کہ اب انشاء اللہ آسانی سے صلح ہو جائے گی۔ صلح میں جو جھگڑے پیش آئے اُن کا بیان کرنا موجبِ طوالت ہو۔ زبانی بات چیت ہو کر صلح نامہ لکھے جانے کو تھا کہ خود سہل کا بیٹا ابوجندل زنجیروں میں جکڑا ہوا فریاد کرتا ہوا آپہنچا۔ ابوجندل اسلام لا چکا تھا اور اُس کے باپ سہل نے اُس کو قید کر رکھا تھا اور مسلمانوں کی طرف نہیں آنے دیتے تھے۔ ابوجندل کو آتا دیکھ سہل نے کہا۔ هٰذَا یَا مُحَمَّدُ اَوَّلُ مَا اُقَاضِیْكَ عَلَیْهِ یعنی بات تو یہ ٹھہری تھی کہ دورانِ صلح میں اہلِ مکہ میں سے کوئی مسلمان مسلمانوں کی طرف جانا چاہے تو اُس کو واپس کر دیا جائے اُس زبانی ٹھہراؤ کی بنیاد پر سہل نے کہا کہ پہلی صورت تو یہی پیش آئی ہو کہ ابوجندل تم میں بھاگ کر آیا ہو اس کو واپس دو جناب پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّا لَمْ نَقْضِ الْكِتَابَ بَعْدُ یعنی ابھی صلح نامہ لکھا نہیں گیا تو شرائط صلح نامہ کی تعمیل پر ہم کو کیوں مجبور کیا جاتا ہو سہل بولا۔ اِذًا وَاللّٰهِ لَا اُصَالِحُكَ عَلٰی شَیْءٍ اَبَدًا اس بات پر جنابِ رسالت مآب نے ابوجندل کو حوالے کر دیا اور اُس کو سمجھایا کہ بھائی صبر کر خدا تجھ کو اس کا اجر دے گا اور تیری نجات کا کوئی سامان بھی مہیا کرے گا۔ دیکھا ایفائے عہد ایک مسلمان کو زنجیروں میں جکڑا ہوا روتا پیٹتا چلاتا کافروں کے ہاتھ میں دے دیا۔ صرف اتنی بات پر کہ مُونہ سے کہہ چکے تھے۔ ہمارا برتاؤ ظاہر کرتا ہو کہ پیغمبر صاحب کو مسلمانوں کا ہمدرد برابر بھی درد نہ تھا۔ وَهٰذَا اَكْفُرُ عَظِیْمٌ دوسری بات اسی صلح کے متعلق یہ ہو کہ صلح کے منعقد ہوئے پیچھے قریش میں کا ایک شخص ابوبصیر مسلمانوں میں آملا شرائط صلح کے مطابق قریش نے دو آدمی اس کے لینے کو بھیجے پیغمبر صاحب نے بے عذر ابوبصیر کا ہاتھ پکڑا دیا ابوبصیر بہتیرا گڑگڑاتا رہا مگر ایک نہ سنی۔ دیکھا ایفائے عہد۔ اب پیغمبر صاحب کے ایفائے عہد کو اپنے ایفائے عہد کے ساتھ ملا کر دیکھو کہ کیا وہ کرتے تھے اور ہم کیا کر رہے ہیں۔ بات یہ ہو کہ مسلمانوں کو خود اپنے دین کی

خبر نہیں اور جہالت ہو کہ ان کی دین و دنیا دونوں کو تباہ کیے چلی جا رہی ہو۔ دینی جہالت کو دیکھا کہ اپنے پیغمبر کے افعال و اقوال کی خبر نہیں دنیا کی جہالت کا یہ حال ہو کہ نہ جغرافیہ جانتے ہیں نہ تاریخ کی خبر ہو نہ انگریزوں کی اصلی قوت کا علم ہو۔ میں کسی قدر تجارت سے بھی تعلق رکھتا ہوں اور اُس تجارت میں ایک مشین بھی ہو جس کے دیکھنے کا اکثر مجکو اتفاق ہوتا رہتا ہو۔ جب جب میں اُس مشین کو دیکھتا ہوں پہلا خیال جو آتا ہو یہ ہوتا ہو کہ نہ ہمارے سو نہ ہزار اور نہ انگریزوں کا ایک۔ یہ ہندی لوگ گاؤزوری اور بھیڑ بھڑکے کی بڑی قوت سمجھتے ہیں اور اب اصلی قوت علم کی ہو۔ اور یہ علم سے بے نصیب۔ انگریزوں کی حکومت اگر حکومت صالحہ نہ بھی ہوتی تاہم مستامن ہونے کی حیثیت سے ان کی خیر خواہی اور اطاعت ہمارا فرض اسلامی ہوتا کیف جبکہ امن و آسایش اور آزادی کے اعتبار سے ہمارے حق میں خدا کی رحمت ہو۔ ہم اپنی عملداری میں بھی ایسے فارغ البال نہیں رہے جیسے اب ہیں۔ پنجاب میں ابھی تک ایسے لوگ موجود ہیں جو پچھلی عملداری کی بدنظمیوں کا علم ذاتی رکھتے ہیں۔ سکھا شاہی حکومت کی کیا خصوصیت ہو سارے ہندوستان میں بدانتظامی کی آگ لگی ہوئی تھی اور اگر انگریز نہ آتے تو ہم کبھی کے آپس میں کٹ مرے ہوتے۔ لنڈن ٹائمز میں ایک مضمون نظر سے گزرا تھا وہ مختصر طور پر ہندوستان کی حالتِ سابقہ کا مقابلہ کرتا ہو۔ اور انگریزوں کی طرف سے ناقل ہو۔

"جس وقت ہم نے ہندوستان کو اپنے قبضہ میں لیا تو اس کو تمام مشرقی بدتمیزیوں کا انبار پایا بیرونی حملوں سے غیر محفوظ اور متواتر اندرونی خانہ جنگیوں کی بلا میں مبتلا۔ کمزور سلطنتوں کی طوائف الملوکی میں منقسم جن کی حدود ہمیشہ جگہ سے سرکی رہتی تھیں اور حکمران خاندان ہمیشہ ظاہر و غائب ہوتے رہتے تھے۔ ایک مذہب دوسرے مذہب سے لڑتا تھا اور ایک قوم دوسری قوم سے۔ رشوت ستانی اور ظلم و بیداد تمام اطراف میں شائع تھا اور اُس کے برے نتائج ہر جگہ ہویدا۔ وبا اور قحط تھوڑے عرصہ میں ملک کو اس طرح برباد کر دیتے تھے کہ اس زمانے میں اُس کا تصور بھی ممکن نہیں۔ جان و مال کسی جگہ محفوظ نہ تھے اگرچہ بدنظمی جملہ اصنافِ مردم پر شاق گزرتی تھی مگر خصوصاً

غریب اور جاہل آدمی جیسا کہ ہمیشہ کا دستور ہے اس کے بوجھ میں کچلے جاتے تھے۔ ہندوستان کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے۔ کہ ہم نے اس کو بیرونی دشمنوں کے حملوں سے محفوظ کیا اور نیز یہ پہلا واقعہ ہے کہ ہم نے ہندوستان کی حدود کے اندر امن وانتظام قائم کیا۔ ایک با اقتدار رئیس سے لے کر ایک ادنیٰ درجے کے دیہاتی اور کمین تک ایک منصفانہ اور مستحکم اور دانشمندانہ قانون کی رو سے بالمساوات قابض ہیں۔ متناقص اور متضاد مذاہب کی باہمی نفرت اور عناد کو حکومت کے مضبوط اور منصفانہ ہاتھ نے بزور زیر کر رکھا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہندوستانی خود مختار رئیس اپنے اختیارات کو مطلق العنانی سے عمل میں لاتے تھے اب ملک داری کا ایک طریقہ ہے جو بے انصافی سے بالکل پاک ہے۔ اور عاقلانہ اصول پر قائم کیا گیا ہے۔ جو لوگ زمام حکومت اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ اگر اپنی قوت اور تن درستی بلکہ بعض اوقات اپنی جان بھی باشندگان ہند کی بہبود اور فلاح کے لیے صرف کر دیتے ہیں تو کم سے کم اُن کے واسطے وجہ تسلی بھی ہے کہ اپنی جانفشانی کے نتائج اُن کو اپنے چاروں طرف نظر آتے ہیں"

جس نے ہندوستان کی تاریخ پڑھی ہے وہ اور جس نے ملکی حکومت دیکھی ہے وہ اس کے ایک حرف سے اختلاف نہیں کر سکتا۔ یہ عام حالات ہیں اور اگر ریل اور تار اور نہر اور شفاخانے اور مدرسے اور ڈاک انتظام کی مجموعی حالات پر نظر کی جائے تو سمجھ میں نہیں آتا کہ اس سے بہتر اور کیا انتظام ہو سکتا ہے وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا[۱] پھر ایک حدیث ہے تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ یعنی خدا کی سی عادتیں اختیار کرو سو اُس کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ اُس کی طرح کی صفتیں ہم پہونچائیں۔ وہ جیسا اپنی ذات سے وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے ویسا ہی وہ اپنی صفات سے بھی پس تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ کے صرف یہ معنی ہیں کہ ابنائے جنس کے ساتھ ہم ویسا ہی برتاؤ کریں جیسا خدا کرتا ہے اُس کو سعدی علیہ الرحمۃ نے عمدہ طور پر بیان کیا ہے ؎

اگر باپدر جنگ جوید کسے		پدر بیگماں خشم گیرد بسے	

[۱] اور اگر خدا کی نعمتوں کو گننا چاہو تو اُن کو پورا پورا گن نہ سکو۔ ۱۲

دگر خویش راضی نباشد زخویش		چو بے گان گانش براند ز پیش	
دگر ترکِ خدمت کند لشکری		شود شاہِ گردن کش از وی بری	
ولیکن خداوندِ بالا و پست		بعصیاں درِ رزق برکس نہ بست	

کل مذاہب حقانیت کے مدعی ہیں اور بے شک کوڑیوں اور سینکڑوں مذہبوں میں جو ہست و نیست کا اختلاف رکھتے ہیں ایک ہی برسرِ حق ہو سکتا ہے۔ لیکن دنیاوی انتظام کے اعتبار سے کوئی سا مذہب بھی ہو خدا کے ساتھ اپنی خصوصیت نہیں دکھا سکتا۔ بس یہی قاعدہ ہم کو دنیا میں اختیار کرنا چاہیئے۔ ہم وردی کے بھی مدارج ہیں وہ شروع ہوتی ہے نزدیکی قرابت داروں سے۔ پھر ہم ہمسایوں میں پھر ہم وطنوں میں ترقی کرتے کرتے وہ تمام بنی نوع پر احاطہ کر لیتی ہے اور ؎

بنی آدم اعضائے یکدیگر اند		کہ در آفرینش زیک جوہر اند	
چو عضوے بدرد آورد روزگار		دگر عضوہا را نماند قرار	
تو کز محنتِ دیگراں بے غمی		نہ شاید کہ نامت نہند آدمی	

اب ہم کو چاہیئے کہ اپنی حالت کا موازنہ کر کے دیکھیں کہ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ کے اعتبار سے ہم کس درجے میں ہیں۔ یہی تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ کا قاعدہ جیسا شخصی برتاؤ میں چلنا چاہیئے یہی سلطنت کے حسنِ انتظام کا بھی مقیس علیہ ہے اور یہ ہے نیوٹریلٹی جس کا رنگ انگریزی حکومت کی بات بات میں جھلکتا ہے۔ الغرض جس جس پہلو سے دیکھا جاتا ہے تو انگریزوں کی اطاعت اور خیر خواہی ہمارا فرض مذہبی ہے اور مذہب سے قطع نظر بھی کرو تو خِذْ[1] اَعْلَکَ مَنْ اَنْتَ فِیْ کَھْفِہٖ مِنَ الْغَدْرِ وَالْحَرَامِ کا یقدام بھلا اسلام جو مجموعۂ مکارمِ اخلاق ہے۔ نفاق اور دغابازی سکھا سکتا ہے جو رذیل ترین اخلاق ہے انگریزوں کے بعد ہمارا معاملہ ہندوؤں کے ساتھ ہے کہ ہم اس ملک میں سالہائے دراز سے ان میں ایسے ملے جلے ہیں جیسے کھچڑی میں دال چاول۔ اور افسوس ہے کہ اب ان کا اور ہمارا اجتماع سوڈا اور ایسڈ کا اجتماع ہو گیا اور ہوتا جاتا ہے اور اصل سبب اگر تلاش کیا جائے تو وہی اختلافِ مذہب۔ تو اب ہمارا حال یہ ہے کہ نہ تو

[1] اُس شخص کو دھوکا دینا جس کے امن میں تو ہو بے وفائی ہے اور شریفوں کا یہ کام نہیں۔ ۱۲

ہماری ہندوؤں سے بنتی ہو اور نہ عیسائیوں سے حالاں کہ ہند و ہمارے پشتہا پشت کے ہم سائے ہیں ایک جگہ رہنا ایک جگہ مرنا۔ نہ ہندوؤں کی بے ہمارے گزر سکتی ہو اور نہ ہماری بے ہندوؤں کے اور عیسائی تو ظاہر ہو کہ مگر مچھ ہیں اور ہم جھینگے ۵

اتنی بھی بد دماغی ہر خطۂ میر صاحب	پرخاش ہو زمیں سے جھگڑا ہو آسماں سے

میں خوب جانتا ہوں کہ مسلمان بھائی دل میں بُرا مان رہے ہوں گے کہ ہم ہی کو ملامت کیے چلا جارہا ہو اور اس کے نزدیک ہم ہی قصوروار ہیں۔ سو بھائیو قصور بے قصور کی بحث نہیں۔ میں لوگوں کو مسلمانوں سے کشیدہ دیکھتا ہوں اور اس کشیدگی کو مسلمانوں کے حق میں سخت مضر پاتا ہوں اور میں بھی مسلمانوں میں کا ایک ہوں اب مسلمانوں کی خیر خواہی کے مارے سمجھو تو اور دوسری قوموں کے ڈر کے مارے سمجھو تو میں تو ایک آن اس کشیدگی کا روادار نہیں۔ پھر اب تم سے نہ کہوں تو کس سے کہوں ہندوؤں کے سر ہوں وہ میری سُنیں گے۔ عیسائیوں سے عرض کروں وہ میری بات مانیں گے۔ پس بُرا مانو یا بھلا مانو میں کہوں گا اور تم ہی سے کہوں گا ۵

ہم با تو ستیزم ار ستیزم		ہم در تو گریزم ار گریزم	

اچھی طرح سمجھے رہنا کہ آپس کی پھوٹ عیسائی مسلمان ہندو سب ہی کے حق میں بُری ہو عیسائیوں کو خدا نے حکومت دی ہو اور جو چیزیں سلطنت کے حق میں مضر ہیں وہ اُن کو ہم سے بہتر سمجھتے ہیں۔ خدا نے اُن کو ملک گیری کا سلیقہ دیا ہو تو ملک داری کا بدرجۂ اولیٰ۔ غرض یہ کسی کے سمجھانے کے محتاج نہیں۔ ہاں ہندوؤں اور مسلمانوں کی باہمی کشش دونوں کے حق میں بہت ہی بُری فال ہو۔ یہ جس قدر ایک دوسرے سے لڑتے ہیں اُسی قدر گورمنٹ کی نظر سے گرتے جاتے ہیں۔ اِذا تَعَارَضَا تَسَاقَطَا۔ ایک پادری صاحب مجھ سے کہتے تھے کہ اسلام کے آدھے عیب مجھکو سیّدوں نے بتائے اور باقی شیعوں نے۔ یہی حال ہندو مسلمانوں نے لڑ جھگڑ کر اپنا کر لیا کہ گورمنٹ کو کسی نیٹو پر پورا بھروسا نہیں۔ لوگ مذاہب کے اختلاف پر بڑا ہی تعجب ظاہر کیا کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ

اس میں تعجب ہی کی کیا بات ہے۔ اصل میں انسانی طبیعتیں مختلف واقع ہوئی ہیں اور نہ صرف دو آدمی آپس میں اختلاف کرتے ہیں بلکہ ایک ہی شخص ایک ہی وقت کچھ سوچتا ہے اور دوسرے وقت کچھ۔ تعجب کی بات اگر ہے تو یہ ہے کہ لوگ اختلافِ مذہب کو مذہب کی حد میں محدود نہیں رکھتے لوگوں میں اگر مذہب ایک وجہ اختلاف ہے تو انسانیت ہم دلی۔ ہمسائگی۔ لین دین وغیرہ بہت سی وجوہِ اتحاد و التیام بھی ہیں۔ تعجب ہے کہ لوگ کیوں مذہب کی ایک وجہ اختلاف کو اتنی قوت دیتے ہیں کہ وہ تمام وجوہِ اتحاد پر غالب آجاتی ہے۔ مذہب ایک اور صورت سے بھی نزاع و مخاصمت کی طرف منجر ہوتا ہے کہ جو مذہب عام ہیں اور اُن کا دروازہ ہر ایک کے لیے کھلا ہے جو چاہے داخل ہو جیسے اسلام یا عیسائیت ایسے مذہب کے لوگ ہمیشہ اپنے گروہ کی تکثیر کی فکر میں رہتے ہیں۔ مسلمان چاہتے ہیں کہ سب کو مسلمان بنالیں اور عیسائی چاہتے ہیں کہ سب کو عیسائی کریں اور دوسرے مذہب والے اس کو ایک طرح کی مداخلتِ بیجا سمجھ کر مقابلہ پیش آتے ہیں۔ اسلام کی حالت اس وقت اس قدر ضعیف ہو رہی ہے کہ جو لوگ پشتینی مسلمان ہیں انھیں کا سنبھالنا مشکل ہو رہا ہے ہم ہی کو پیٹ بھر کھانے کو نہیں ملتا ہم نئے مہمان بُلا کر کیا کھلائیں گے اور کیا اُن کو کھلائیں گے۔ ممکن ہے کہ ایک شخص کو سچائی نے تبدیلِ مذہب پر مجبور کیا ہو۔ لیکن جتنے لوگ میں نے تبدیلِ مذہب کرتے دیکھے اور اُن کا شمار اتنا زیادہ ہے کہ اس سے ایک عام نتیجہ قابلِ اطمینان نکالا جا سکتا ہے تو میں نے ہمیشہ تبدیلِ مذہب کا محرک بودا اور بے وقعت اور اکثر صورتوں میں قابلِ اعتراض پایا۔ الا ماشاء اللہ۔ ایک ہندو اسلام لاتا ہے تو یا تو خانہ داری کے تعلقات نے اُس کو بیدل کر دیا ہے اور وہ تبدیلِ مذہب کو ان بکھیڑوں سے نجات حاصل کرنے کا ذریعہ گردانتا ہے یا تبدیلِ مذہب جوشِ غضب ہے یا کسی طرح کی طمع۔ وہ جس مذہب سے نکلتا یا جس مذہب میں آتا ہے دونوں سے بے خبر ہے۔ وہ اپنی عمر کے کسی وقت میں بھی مذہبی آدمی نہیں رہا اُس کو مذہبوں میں محاکمہ کرنے کی لیاقت نہیں وہ شاید کم ذات کا آدمی ہے اور ہندوؤں میں اُس کی وہ وقعت نہیں کی جاتی جس کا وہ آرزومند ہے۔ اور اُس نے کسی سے۔ کُلُّ مُؤْمِنٍ اَخُوْہُ مُؤْمِنٌ[1]

[1] سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

پایا ہو یا اُس نے مسلمانوں کو کُلُّ الْمُؤْمِنِیْنَ اِخْوَۃٌ کا آپس میں برتاؤ کرتے دیکھا ہو تو جس کا یہ حال ہو کیوں کر باور کیا جا سکتا ہو کہ اُس کو سچائی نے تبدیلِ مذہب پر مجبور کیا ہو بلکہ وہ اُس ادنیٰ درجے کی ہندنی کی طرح جو خصم سے لڑ کر کنوئیں میں کود پڑتی ہو مسجد میں آکر اپنا ارادہ ظاہر کرتا ہو کہ مسلمان ہوتا ہوں آن کی آن میں یہ خبر تمام نمازیوں میں مشہور ہوتی ہو اور سب کے سب اظہارِ مسرت کرتے ہیں خاص کر امامِ مسجد کہ یہ کارنمایاں اُن کے نام سے اسلامی اخباروں اور رسالوں میں مشتہر ہوگا امیدوار کو غسل دیا جاتا ہو اور جب تک غسل کرے کوئی دوپٹہ دیتا ہو کوئی کرتہ کوئی تہمد اور ہروہ نہا دھو چکا اور ادھر خلعتِ اسلامی اُس کو پہنایا گیا امام صاحب نے کلمے کے الفاظ اُس کو تلقین فرمائے جیسے طوطے کو پڑھایا جاتا ہو حق اللہ پاک ذات اللہ صحیح تو خدا اور خدا کا رسول غافل نہ ہو خدا کو نہ بھول شیخ عبداللہ نام رکھا گیا اور لوگ ہیں کہ کوئی مصافحہ کرتا ہو اور کوئی معانقہ اور ہر طرف سے مبارکبادیں دی جارہی ہیں اب دعوتوں کی بھرمار شروع ہوئی اور بہت سے بہت ایک ہفتہ نومسلم صاحب کا بڑی آؤ بھگت میں گزرا اور پھر کس نے پرسد کہ بیتا کون ہو۔ پاؤ ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو۔ اب نومسلم صاحب کا ہاتھ ہو اور خان نجم الدین کا دامن۔ خان صاحب ہیں کہ اُس کو ساتھ لیے در بدر بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ میں کیا کروں تبدیلِ مذہب کا مضمون میری سمجھ ہی میں نہیں آتا۔ مذہب کو بھی ایک طرح کی جائداد سمجھو جو بڑوں سے چھوٹوں کی طرف منتقل ہوتی چلی آتی ہو۔ قسم کھانے کی بات ہو کہ ہندو کا بیٹا بڑا ہو کر ہندو ہو گا مسلمان کا مسلمان۔ عیسائی کا عیسائی۔ لڑکے بڑے ہو کر اکثر تو دنیا کے کاروبار میں مشغول ہو جاتے ہیں اور اُن کو مذہب کی طرف متوجہ ہونے کی نہ فرصت ہوتی ہو اور نہ شوق۔ قدرِ قلیل جو مذہب کی پروا کرتے ہیں وہ اکثر تو رسم و عادات کے طور پر مذہب کو نباہتے رہتے ہیں یہ بات اُن کے خیال ہی میں نہیں آتی کہ مذہب بھی محتاجِ تحقیق ہو۔ ہزاروں میں شاید ایک آدھ آدمی ایسا بھی ہوتا ہو جو مختلف مذہبوں میں ایک رائے پیدا کرنی چاہتا ہو مگر ایسے سو آدمیوں میں آخر کار ننانوے کا رجحان اُسی مذہب کی طرف ہو گا جس میں پیدا ہوئے تھے اگر اُن کو شبہات عارض بھی ہوں گے تو وہ اُن کی من سمجھوتی تاویل کر لیں گے مگر رہیں گے اُسی آبائی مذہب میں۔ انسان کا دل ہی کچھ اس

طرح کا بنایا گیا ہے خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا[1] کہ پسندیدگی اور ناپسندیدگی کا نقش جو فی اوائل العمر دل میں بیٹھ جاتا ہے پھر کچھ بھی کرو نہیں مٹتا نہیں مٹتا۔ پس سچائی کے ساتھ تبدیلِ مذہب ایک واقعہ نادر الوقوع ہے۔ وَالنَّادِرُ[2] کَالْمَعْدُوْمِ میرا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ اسلام جس میں تعمیم ہے اور جس کے دروازے کھلے ہوئے ہیں جس کا جی چاہے داخل نہ ہو۔ مسلمان اس کی اشاعت بند کریں۔ اشاعت کا تو میں بڑے زور سے طرف دار ہوں مگر ہاں میں اسی کو اشاعت کا مناسب پیرایہ سمجھتا ہوں کہ ہم مسلمان سچے اسلام کی کیفیت سے متکیّف ہو کر لوگوں کو اپنا نمونہ دکھائیں۔ لوگ اگر ہم میں اچھائی دیکھیں گے تو آج ہی نہیں تو کل اور کل نہیں تو پرسوں خود بخود ہمارا کلمہ بھرنے لگیں گے مگر جیسے ہم اب ہیں یہ لچھن تو لوگوں کو بھڑکانے کے ہیں نہ پرچانے کے۔ دھکّے دینے کے ہیں نہ بُلانے کے۔ اسلام کو ہونا چاہیئے آسان اور وہ ہو رہا ہے مشکل۔ اس کو ہونا چاہیئے امن اور سازگاری اور صلح کاری اور سکون اور عافیت اور وہ ہو رہا ہے غُل غپاڑہ اور شور و شغب اور جھگڑا اور کشمکش۔ غرض اسلام کو ہونا چاہیئے کچھ اور وہ ہو رہا ہے کچھ میں تو اس کا سبب یہی سمجھا ہوں کہ مسلمانوں نے قرآن کو چھوڑ رکھا ہے نہ سمجھتے ہیں اور نہ سمجھنے کا قصد کرتے ہیں۔ میں تو بے سمجھے لفظوں کے پڑھ لینے کو سمجھنا سمجھتا نہیں۔ اَوْ یَعْلَمُوْنَ[3] الْکِتَابَ اِلَّآ اَمَانِیَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ اگرچہ مسلمان کو قرآن کے بدون نہ جینا درست اور نہ مرنا روا اور مسلمان کھانے میں پینے میں۔ اُٹھنے میں۔ بیٹھنے میں۔ سونے میں۔ جاگنے میں۔ چلنے میں۔ پھرنے میں لینے میں دینے میں ہمہ وقت قرآن کی ہدایت کا محتاج ہے مگر فہمِ قرآن پر زور دینے سے اس وقت میرا مطلب صرف اسی قدر ہے کہ مسلمانوں میں اور حکام وقت میں اور مسلمانوں میں اور ہندوؤں میں جو بدگمانیاں پیدا ہو گئی ہیں دور دفع ہوں ایمان کی بات تو یہ ہے کہ انگریزوں کی عملداری میں ہمیں کسی طرح کی تکلیف تو ہے نہیں بلکہ پچھلی عملداریوں سے مقابلہ کرتے ہیں تو اور دوسری ہمعصر عملداریوں سے ملا کر دیکھتے ہیں تو یہ آسایش اور یہ آزادی نہ کسی کو پہلے نصیب ہوئی اور نہ کسی کو اب نصیب ہے

[1] انسان خلقۃً کم زور پیدا کیا گیا ہے۔ ۱۲ [2] اور شاذ و نادر کی گنتی نہیں ہوا نہ ہوا برابر ۱۲ [3] جوڑ (مونہ سے لفظوں کے) پڑھ لینے کے سوا کتاب (الٰہی کے مطلب) کو کچھ بھی نہیں سمجھتے وہ فقط خیالی پکّے چلایا کرتے ہیں اور بس ۱۲

بہرکیف ایمان کی بات تو یہ ہو کہ انگریزوں کی عملداری میں ہم کو کسی طرح کی تکلیف تو ہی نہیں۔ اور کچھ تکلیفیں ہیں بھی تو اکثر ناحق ادعائی "ہر دم آزردگی غیر سبب راچہ علاج" اور جو واقعی ہیں تو اُن کی بلا خود ہماری لائی ہوئی ہو۔ ۵

ہر چہ ہست از قامتِ ناسازِ بے اندامِ ماست	ورنہ تشریفِ تو بر بالائے کس کوتاہ نیست

اور سرے سے عملداری ہی ناگوار ہو اور ان موؤں کے نام ہی بُرے معلوم ہوتے ہیں تو اس کا علاج ہو اِنِ[۵۱] اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِیَ نَفَقًا فِی الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِی السَّمَآءِ اور جب نہ زمین میں سرنگ لگا سکتے اور نہ آسمان میں سیڑھی یعنی انگریزوں کا بال بھی تو بیکا نہیں کر سکتے تو بھلا یہ بھی کوئی زندگی ہو کہ دریا میں رہو اور مگرمچھ سے بَیر۔ تم ان سے نامطمئن یہ تم سے بدگمان۔ مانا کہ اس انقباض کی حالت میں انگریز تم کو ایذا نہ دیں جیسا کہ نہیں دیتے اور میں ذمہ دار ہوں کہ نہیں دیں گے تاہم فرشتے تو نہیں ہیں ہر قوم آدمی تو انقباض کی حالت میں ایذا نہ بھی دیں تاہم فائدے کے پونہچانے میں تو ضرور بخل اور مضایقہ کرنے لگیں گے بلکہ کھلا یا پلایا اُگلوالیں تو عجب نہیں اور ہم تو اتنے ہی میں مرے لیے ۱۸۵۷ء میں ایک مرتبے نادانی کی اُس کا ایسا خمیازہ بھگتا کہ کوئی ہم دلی والوں کے دل سے پوچھے جو لوگ حاکموں کے مزاج شناس تھے بہتیرا سمجھایا کیے کہ حاکموں کے مزاج کا ٹھکانا نہیں ہوتا۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ "دگاہے بسلامے برنجند و گاہے بدشنامے خلعت پر بخشند" ان کے لطف و عنایت پر نہ جانا اور اپنی حد سے پاؤں باہر نہ رکھنا مگر نا عاقبت اندیش لوگ کب سُنتے تھے سنہ ستاون میں ہتیار رکھا لیے گئے سنہ ستانوے میں حکم ہوا قلم بشکن سیاہی ریز کاغذ سوز دم درکش۔ انگریزوں میں جو لوگ فیاض دل سیر چشم عالی حوصلہ ہیں چاہتے ہیں کہ ہندوستانیوں کو وہی حقوق دیئے جائیں جو اہلِ یورپ کو حاصل ہیں ویسی ہی آزادی ہو اُسی طرح کی مطلق العنانی ہو مگر آزادی اور مطلق العنانی کا کیا مذکور ہی یہاں تو ڈھیل بھی سازگار نہیں "دو پدر راشہد بسیار ست مگر پسر گرمی دارست" پورا پچاسہ بھی نہیں گزرنے پاتا کہ بیٹھے بٹھائے خدا جانے کسی فقیر کی بددعا ہو یا کوئی نظر بد لگا دیتا ہو

۵۱ اور تم سے ہو سکے کہ زمین کے اندر (اندر کوئی) سرنگ تلاش کرو یا آسمان میں کوئی سیڑھی (لگی ہوئی) ہم پونہچاؤ ۱۲

کہ سارا کیا دھرا اکارت ہو جاتا ہے۔ ۵

تجھ سے قسمت میں مری صورتِ قفلِ ابجد	تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا

ہتھیار چھینے گئے یا بولنے بات کرنے کو ایک حد تک روک دیا گیا میں تو اس کی ذرا بھی پروا نہیں کرتا۔ مجھ کو جس سے زیادہ اندیشہ ہوا وہ یہ تھا کہ میں نے کسی انگریزی اخبار میں پڑھا کہ ہندوستانیوں کو زیادہ تعلیم دینا استحکامِ سلطنت اور حسنِ انتظام کے حق میں نامفید ثابت ہوا ہے اور تعلیم کو محدود کرنا مناسب ہے۔ یہ کسی کی شخصی رائے ہے اور محض غلط ہے اور میں اس کا سخت مخالف ہوں اور قطع نظر اس کے کہ اس رائے پر عمل کرنا ملک کی تباہی اور بربادی کا موجب ہوگا خود گورنمنٹ کے حق میں اس کا نتیجہ نہایت زبوں نکلے گا۔ ہمارے اس ملک میں علم عبارت رہا ہے۔ لفاظی اور تقلید و تنگ ذہنی خیالات سے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم لوگ سولزیشن کے اعتبار سے نہایت درجے کی پست حالت میں ہیں۔ علم کے دائرے کو وسیع کیا اور علم کو واقعات اور مشاہدات پر مبنی کر کے اس کو کارآمد بنایا اہلِ یورپ نے دنیا میں جو کچھ ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے ایک ایک ذرہ ایک ایک واقعہ ایک ایک کیفیت علمِ جداگانہ کا موضوع ہے۔ نئے نئے موضوع بنتے اور نئے نئے علوم ایجاد ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ جب سے انگریزوں نے اس ملک کو لیا ہے علم پر بڑا زور دے رہے ہیں مگر علم سرسوں نہیں ہے کہ کولہو پیلی پرچالی۔ علم کے درخت کو جڑ پکڑتے پھولتے پھلتے صدہا برس چاہئیں۔ ابھی تک انگریزوں نے جو کچھ ہم کو سکھایا اور جو کچھ ہم نے انگریزوں سے سیکھا وہ علم نہیں ہے بلکہ علم کی صرف تمہید ہے علم کے اعتبار سے ہماری حالت نیم ملا خطرۂ ایمان اور نیم حکیم خطرۂ جان کی سی ہے۔ ہم سے جو یہ غلطیاں ہو ہو جاتی ہیں اس کا اصلی سبب جہالت کے سوا اور کچھ نہیں۔ ہم نہیں جانتے کہ علم بجائے خود ایک بڑی زبردست طاقت ہے اور وہ طاقت تمام و کمال انگریزوں کے ہاتھ میں ہے یہ علم اور مخالفت کا خیال دونوں ایک سر میں جمع ہو ہی نہیں سکتے۔ میرے اس کلام کے دو محل ہیں ایک یہ کہ علم ہوگا تو ہم انگریزوں کی طاقت کا ٹھیک اندازہ کر سکیں گے اور سمجھیں گے کہ ہم اُن کی مقاومت کی تاب نہیں لا سکتے۔ دوسرے یہ کہ ہم کو تو ہنر سیکھنا ہے اور ہنر مانگا جاتا ہے چھینا نہیں جاتا۔

ہجرت سے پہلے اور ہجرت کے بعد کی دو متناقض حالتیں جو پیغمبر صاحب پر گزریں میں جانتا ہوں کہ اُس میں یہی حالت مضمر ہوگی کہ ہم مسلمانوں کو حاکمی و محکومی دونوں حالتوں کا انگیز کرنا سکھا دیا جائے مگر ہم ہیں کہ جاہل اور متعصب ہجرت کے بعد کی زندگی کو تو یاد رکھتے ہیں اور پہلے کی زندگی بھلائے بیٹھے ہیں۔ لوگو! اہل یورپ کی سی ترقی کرنا بڑا دیر طلب کام ہے۔ اور دیر طلب ہونے کے علاوہ امن و اطمینان بھی چاہتا ہے۔ سو خدا کے فضل سے انگریزوں کے طفیل میں امن و اطمینان تو ہم کو پورا پورا حاصل ہے۔ اخباروں میں نہ دیکھتے تو ہم کو خبر بھی نہ ہوتی کہ سرحد پر ایک معرکۂ عظیم ہو رہا ہے اس سے بڑھ کر امن و اطمینان اور کیا ہوگا تو ایسے امن و اطمینان کو بس غنیمت سمجھو اور اپنی تمام ہمت اپنی حالت کی اصلاح اور ملک کی ترقی کی تدابیر اور تعلیم اور تعلم میں صرف کرو۔ کیا بیٹھے بیٹھے واہی تباہی پریشان خواب دیکھا کرتے ہو۔

بتیسواں لکچر

جو نویں جلسہ مدرسۂ طبیہ دہلی منعقدہ ۸۔ اپریل ۱۸۹۸ء میں پڑھا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لکچرار ہوئے۔ پبلک سپیکر ہوئے۔ مرثیہ خواں ہوئے۔ قوال ہوئے۔ گویئے ہوئے۔ کہ ہیں یہ سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ان کا اکثر قاعدہ ہوتا ہے کہ لکچر یا سپیچ یا مرثیہ یا راگ شروع کرنے سے پہلے اوبدا کر عذر کر لیا کرتے ہیں کہ تحریک نزلہ کی وجہ سے میرے گلے میں خراش ہے۔ یا رات ایک دوست کے ہاں دعوت تھی۔ دیر تک جاگنا پڑا بدخوابی کے سبب دردِ سر ہے یا فرصت نہیں ملی اور میں لکچر یا سپیچ کے لیئے تیار ہو کر نہیں آیا۔ ابھی چند روز کا ذکر ہے کہ سر جارج وہیٹ کمانڈر انچیف کی بی بی لیڈی وہیٹ کو ٹیسٹیمونیل دینے کے لیے کلکتہ میں ایک میٹنگ (مجلس) ہوئی تھی سر پیٹرک پلے فیئر نے ایڈریس پڑھا۔ سر جارج وہیٹ نے جواب کے شروع میں فرمایا کہ میں جانتا ہوں

کہ آپ صاحب مجھ سے بہت زیادہ گفتگو کی امید نہیں رکھیں گے ہر چند آئرش مین کی طرح میں یہ عذر تو پیش نہیں کر سکتا کہ میری ٹانگ ٹوٹ گئی ہے۔ اس لیئے میری زبان نہیں چلتی۔ کسی آئرش میں یعنی آئرلینڈ کے رہنے والے کی ٹانگ میں چوٹ آگئی ہوگی اُس کو کہیں کچھ کہنا پڑا ہوگا اُس نے چوٹ کا عذر لنگ پیش کیا ہوگا تو سر جارج نے آئرش مین پر تعریض کی۔ بھلا کوئی اُس آئرش مین سے پوچھے کہ بھلے مانس زبان کے چلنے میں ٹانگ کو کیا دخل ہے۔ زبان رگوں اور پٹھوں سے چلتی ہے یا ٹانگوں سے۔ میری عادت اس طرح کے عذرات کرنے کی نہیں ہے اس لیئے کہ میں لکچر تو دیتا ہوں مگر اس کو اپنا پیشہ نہیں بنایا اور پیشہ بناؤں تو گھر بھی نہ بیٹھنے پاؤں۔ لوگوں نے تاروں میں زادِ راہ بھیجے اور میں نے واپس کر دیئے۔ نہ اس لیئے کہ میں خطابت کو حقیر سمجھتا ہوں اور حقارت کی وجہ سے اپنا پیشہ بنانا نہیں چاہتا۔ نہیں نہیں۔ میں خطابت کو ایسا ہی معزز سمجھتا ہوں جیسا طبابت کو۔ خطابت اور طبابت دونوں ہم وزن ہیں۔ اور نہ صرف مصدر بلکہ مشتقات بھی جیسے طبیب اور خطیب اور رجیسے ہم وزن ہیں ہم عزت بھی ہیں۔ طبیب مطب کی بارات کا دولھا ہے۔ تو خطیب آڈیئس کا بشرطیکہ طبیبِ حاذق ہو جیسے ہمارے حکیم **عبد المجید خاں** صاحب اور خطیب لایق جیسے ہر پھر کر وہی **عبد المجید خاں** صاحب کا نام لینا پڑا۔ آپ صاحبوں نے حکیم صاحب کو سالانہ رپورٹ پڑھتے سنا بس اسی کا نام خطابت ہے انھیں کا کام تھا ایسی رپورٹ لکھنا اور انھیں کا کام تھا ایسی عمدگی سے پڑھنا۔ خطابت اور طبابت دونوں لوہے کے چنے ہیں طبابت کی مشکلات کو تو **عبد المجید خاں** سے پوچھنا چاہیئے۔ ہاں خطابت کی نسبت میں کہہ سکتا ہوں کہ اس کے لیئے دل اور زبان دو چیزوں کی ضرورت ہے اور آدمی میں یہی دو عضو رئیس ہیں ؎

لِسَانُ الْفَتٰی نِصْفٌ وَنِصْفٌ فُؤَادُهٗ[1]		فَلَمْ يَبْقَ اِلَّا صُوْرَةُ اللَّحْمِ وَالدَّمِ	

ایک مثل مشہور ہے اِنَاءٌ یَرْشَحُ بِمَا فِیْهِ برتن خالی ہو تو اُس میں سے رسے کیا خاک اسی

[1] انسان کے دو ٹکڑے ہیں آدھا زبان اور آدھا دل باقی جو ہے سو نرا گوشت کا لوتھڑا اور خون ہی خون ہے ۱۲

طرح دل میں خیالات ہی نہ ہوں تو آدمی بیان کیا کرے۔ خیالات ہیں اور گویائی نہیں تو وہ حوض ہے جس کا مخرج نہیں ۵

رکا کا خوب نہیں طبع کی روانی میں		کہ بو فساد کی آتی ہے بند پانی میں	

کسی انگریز کو سنا ہے کہ اُس کو پبلک میں بولنے سپیچ دینے کی عادت نہ تھی ایک محل پر اُس کو سپیچ دینی پڑی اور آئی کنسیو آئی کنسیو (میں خیال کرتا ہوں۔ میں خیال کرتا ہوں) کہہ کر چپ کر گیا تو آڈینس (حاضرین) میں سے کسی نے کہا یو کنسیو سو رل ٹائمز اینڈ پرنگ فورتھ نانسنگ (خیال ہی خیال کیئے جاؤ گے یا کچھ کہو گے بھی) اسلام سے پہلے اہل عرب کے عقائد فاسدہ میں سے ایک یہ بھی تھا کہ وہ لوگ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں سمجھتے تھے وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا اس عقیدے پر قرآن میں کئی جگہ لتاڑ ہے۔ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ وَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِى الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ۔ یعنی کیا تم فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہو اول تو خدا کے اولاد سُبْحَانَهٗ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ اور پھر اولاد میں سے بھی گئی گزری بیٹی جس کا کام ہے بناؤ سنگار اور زیب و زینت اور جو خلقتاً ایسی ضعیف العقل ہے کہ کسی مجمع میں گفتگو کا موقع آپڑے تو اُس کے مُونہ سے بات نہ نکلے اور اُس سے بولا تک نہ جائے۔

ہم اپنے اس زمانے میں بھی دیکھتے ہیں کہ یورپ میں عورتوں کو بڑی آزادی حاصل ہے پردے کا

---

۵ اور ان لوگوں نے فرشتوں کو کہ (وہ بھی اور مخلوقات کی طرح خدا کے) رحمٰن کے بندے ہیں عورت ذات قرار دے رکھا ہے ۱۲ ۵ کیا خدا کے لیے بیٹیاں اور تمہارے لیے بیٹے ۱۲ ۵ اور جب ان میں۔ یہ کسی کو بیٹی (کے پیدا ہونے) کی خوش خبری دی جائے تو (مارے رنج کے) اُس کا مُونہ کالا پڑ جائے اور زہر کے سے گھونٹ پی کر رہ جائے۔ لوگوں سے بیٹی کی عار کے مارے جس کے پیدا ہونے کی اُس کو خبر دی گئی ہے چھپا چھپا پھرے (اور دل میں منصوبے سوچے کہ) آیا (اس) ذلت پر بیٹی کو لیئے رہے یا اُس کو مٹی میں گاڑ دے ۱۲ ۵ کیا بیٹی ذات) جو زیوروں میں نشو و نما پائے اور (کوئی جھگڑا آپڑے تو) جھگڑتے وقت (اچھی طرح اظہار مطلب پر) قادر نہ ہو (کیا) وہ خدا کی شان کے زیبا ہو ۱۲ ۵ وہ بڑی پاک ذات ہے اور اس سے برتر ہے کہ اُس کے بیٹا ہو ۱۲

رواج نہیں اور اُن کو ہر طرح کی تعلیم بھی دی جاتی ہے اور وہ مردوں کی مساوات کا دعویٰ رکھتی ہیں اور اس میں تو ذرا سا بھی شک نہیں کہ یورپ کی اکثر عورتیں ہمارے یہاں کے اکثر مردوں سے زیادہ لایق ہوتی ہیں مگر خلقی ضعفِ قلب کی وجہ سے بہت ہی کم لیڈیوں کو سپیچ دیتے سنا ہے۔ وائسرائے لفٹنٹ گورنر چیف کمشنر وغیرہ بڑے بڑے عہدہ داروں کو ایڈریس دیئے جاتے ہیں اور اُن میں اکثر اُن کی بیبیوں کے تذکرے ہوتے ہیں مگر اُن کی طرف سے اُن کے شوہر ہی اظہارِ مسرت اور ادائے شکر کیا کرتے ہیں میم صاحب کو اتنی جرأت نہیں ہوتی کہ خود کھڑے ہو کر ایک دو جملے کہہ دیا کریں اب وہی سر جارج وہیٹ کا معاملہ ہے کہ لوگ لیڈی وہیٹ کو ٹیسٹیمونیل دینے گئے۔ بے شک سر جارج وہیٹ اور لیڈی وہیٹ دونوں ایڈریس کے مخاطب تھے اور چند روز پہلے سر جارج کے چوٹ آگئی تھی اور وہ اس مجمع میں انولیڈ کوچ (بیماروں کی کوچ) پر لیٹے ہوئے تھے۔ آخر سر جارج ہی کو ایڈریس کے جواب کی تکلیف کرنی پڑی۔ تو جناب خطابت ایسی مشکل چیز ہے اور جیسی مشکل ہے ویسی ہی معزز بھی ہے کیونکہ اشکال ہی دنیا میں وقعت کا معیار ہے ۵

مرغک از بیضہ بروں آید و روزی طلبد	آدمی زادہ ندارد خرد و عقل و تمیز
آں بناگاہ کسی گشت و بچیزے نرسید	دین تمکین و فضیلت بگزشت از ہمہ چیز

طبابت اور خطابت دونوں گو میرے نزدیک معزز ہیں مگر میں دونوں میں سے کسی کو بھی اپنا پیشہ بنانا نہیں چاہتا۔ طبابت کو تو اس لیئے کہ ہمارے یہاں تین طرح سے آدمی طبیب بنتا ہے۔ ایک یہ کہ اس فن کو سبقاً سبقاً پڑھے۔ سیکھے تجربہ حاصل کرے جیسے خود **عبدالمجید خاں** اور ان کے خاندان کے لوگ ہیں اور جیسے عبدالمجید خان کو اس مدرسے میں تیار کرنے منظور ہیں۔ دوسرے نہ پڑھے نہ سیکھے نہ تجربہ حاصل کرے لکبّرنی موتُ الکبراءِ[۵] طبیبوں کے خاندان سے ہو۔ تیسرے نہ خود طبیب ہو نہ طبیبوں کے خاندان سے ہو تو کم سے کم عطاری کی دکان کرتا ہو۔ غرض طبابت کی جتنی شقیں ہیں سب میرے اختیار سے خارج ہیں۔ اس فن کے پڑھنے سیکھنے تجربہ حاصل

[۵] بڑوں کی موت سے ہی مجھے بڑا بنا دیا یعنی جب بڑے بڑے مر گئے تو میرا شمار بھی بڑوں میں ہونے لگا۔ ۱۲

کرنے کی عمر نہیں نہ میں طبیبوں کے خاندان سے ہوں - عطاری کی دکان لے کر بیٹھنا ظاہرا آسان نسخہ معلوم ہوتا ہے - مگر نہیں طبیب لگے بندھے عطار رکھتے ہیں اور وہی اُن کے شربتِ فرباد رس اور معجونِ خطا بخش و بس کو سمجھتے ہیں نئے آدمی کو گھسنے نہیں دیتے - پھر سائنسی علم دریا - پانی کے عرق - گڑ کے شیرے کے شربت اور کھانڈ کے خمیرے بھی بنانا کچی کیمیا ہے ہم جیسے اجنبی کو کون بتائے دیتا ہے - عطاری کا ایک گُر جو کبھی کا کان میں پڑا ہے وہ ایک پہیلی ہے آج حکیم عبدالمجید خاں صاحب بتا دیں تو بڑی عنایت کریں ۵

پہلے تو روغنِ گل بھینس کے انڈے سے نکال		پھر دوا جتنی ہو گل بھینس کے انڈے سے نکال

چوہے کو سنا تھا کہ وہ ہلدی کی ایک گرہ پا کر پنساری بن بیٹھا تھا مگر یہ بھینس کا انڈا کیسی چیز ہے؟ یہ ہاتھ آجائے تو عطار بننا کچھ بھی مشکل نہیں اور آدمی عطار بنا تو پھر ہلدی چاہیے نہ پھٹکری طبیب بنا بنایا ہے ہاں ایک مشکل پھر بھی باقی رہے گی کہ حکیم عبدالمجید خاں ایسے ہی طبیبوں کے پیچھے پڑے ہیں اور یہ اُن مدعیانِ طبابت نیم حکیم خطرۂ جان کو معدوم کر کے رہیں گے - ریڈر میں ایک حکایت لکھی ہوئی ہے کہ ایک لومڑی تاکستان میں پہنچ کر انگوری دیکھا کہ انگور خوب پھلے ہیں دیکھ کر رال ہی تو ٹپک پڑی بہتیرا اچھلی کودی مگر ٹٹیاں تھیں اونچی نہ پہونچ سکی تو یہ کہہ کر چلتی ہوئی کہ انگور کھٹے ہیں - بعینہٖ یہی میرا حال ہے طبابت کے ساتھ کہ طبیبوں کی مرجعیت ان کے ناز نخرے ان کے نکتوڑے ان کا استغنا اور اس پر ان کا تول دیکھ کر بہتیرا ہی دل للچاتا ہے مگر کچھ بن نہیں پڑتا ۵

بوسہ اُس بت کا لے کے مونہ موڑا		بہاری تھے تھا چوم کر چھوڑا

اب رہی خطابت کرنے پر آؤں تو کر بھی لوں مگر تصنیف و تالیف کو جس میں میں مستغرق رہتا ہوں لوگوں کے لیے زیادہ مفید پاتا ہوں - اس لیے خطابت کو پیشہ نہیں بناتا اور نہ پیشہ ور خطیبوں کی طرح لکچر سے پہلے عذر کرتا ہوں کہ میری آواز بیٹھی ہوئی ہے میرا سر دکھتا ہے - مگر ہاں خلافِ عادت ایک عذر تو آج میں بھی کرتا ہوں کہ علی رغمِ انفِ الاطباء وطلبۃ المدرسۃ الطبیۃ واساتذتھم ومعلمیھم انشاء اللہ تعالیٰ کہتا ہوں مگر خوش دلی نہیں اور نہ صرف میرا اکیلا خوش دل نہیں آڈیٹس خوش دل نہیں اہلِ شہر خوش دل نہیں پنجاب پریونس (صوبہ) خوش دل نہیں -

برٹش انڈیا خوش دل نہیں ۵

در عالم بے وفا کسے خرم نیست		شادی و نشاط در بنی آدم نیست	
آں کس کہ دریں زمانہ او را غم نیست		یا آدم نیست یا دریں عالم نیست	

دو برس سے ملک پر ایسی سختیاں گزر رہی ہیں کہ ایسی حالت میں خوش دلی باقی رہ نہیں سکتی ہزارہا بندگانِ خدا طاعون سے مر گئے اور مر رہے ہیں اور جو اس وقت تک محفوظ ہیں اور خدا اُن کو محفوظ ہی رکھے ڈر رہے ہیں قحط نے زمینداروں کو ایسا کھوکھلا کر دیا ہو کہ برسوں کے متواتر سمجھے ہوئے توان کا گڑھا بھرے۔ تجارت متنزلزل ہو رہی ہو دیوالوں کی خبریں سُن سُن کر دل دہلا جاتا ہو کاموں کا منداہو۔ طوفانِ نوح کی کیفیت قرآن مجید میں ایک جگہ ان لفظوں میں بیان ہوئی ہو فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۱ یعنی خدا فرماتا ہو کہ ہم نے آسمان سے برسایا موسلا دھار پانی اور زمین سے اُبلے چشمے اور دونوں پانی مل کر ایک ہو گئے۔ یہی کیفیت ان دنوں آفاتِ ارضی و سماوی کی ہمارے ساتھ ہو رہی ہو کہ آسمان و زمین میں جو کچھ بھی آفتیں ہیں سب ایک دم سے نکل پڑی ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہر شخص کی زندگی کے لیے سانسوں کا شمار مقرر ہوتا ہو کہ جب آدمی وہ شمار پورا کر لیتا ہو مر جاتا ہو۔ وعدے سے دم زیادہ نہ کم

ہستی سے عدم تک نفس چند کی ہو راہ		دنیا سے گزرنا سفر ایسا ہو کہاں کا	

اور اسی خیال پر یہ بات بھی متفرع ہو کہ فقیر لوگ حبسِ دم سے اپنی زندگی بڑھا لیتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اسی طرح خوشی کی بھی فی علم اللہ ایک مقدار مقرر ہوگی۔ ہم لوگوں نے ملکہ کی جوبلی میں افراط کے ساتھ خوشی کر لی کہیں اسی کی کسر نہ نکل رہی ہو کہ بہت کھا لینے کے بعد فاقہ کرنے کی ضرورت واقع ہوتی ہو زیادہ ہنسنے سے آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ اَلضَّحِكُ يُمِيْتُ الْقَلْبَ ۲ یہ قومی اور مذہبی اور ملکی تفرقے تو ہم لوگوں نے لگا رکھے ہیں۔ خدا کا برتاؤ تو دنیا میں لوگوں کے ساتھ ایک ہی طرح کا دکھائی

۱ تو ہم نے موسلا دھار پانی سے آسمان کے پٹ کھول دیئے اور زمین کی سوتیں بہا دیں تو انداز مقدر پر زمین اور آسمان کا پانی مل کر ایک ہو گیا ۱۲ ۲ ہنسی ٹھٹھے سے دل مردہ ہو جاتا ہو ۱۲

دیتا ہو۔ قحط تھا تو ہندو مسلمان یہودی عیسائی سب ہی کے لیے تھا۔ طاعون ہو تو سب ہی پر ہو۔ زلزلے آئے تو سب ہی پر آئے مگر میں ایک تازہ مصیبت کی باسی خبر دیتا ہوں جو خاص مسلمانوں کے حصے کی ہو اور وہ کیا ہو ڈاکٹر **سر سید احمد خاں** صاحب بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ایل ایل ڈی کا انتقال پُرملال۔ سماعت کے اعتبار سے تو یہ خبر بعض کے لیے شاید باسی بھی ہو مگر احساس کے اعتبار سے تو تمام محمڈن کمیونٹی کے لیے برسوں تازہ رہے گی۔ **سید احمد خاں** کی زندگی میں ہم اُن کی بعض باتوں کو اچھا نہیں بھی سمجھتے تھے ۵

مَنْ ذَا الَّذِیْ مَا سَاءَ قَطُّ ۵۱		وَمَنْ لَهُ الْحُسْنٰی فَقَطْ ۵۲	

سچ کہا ہو کہ "ہیچ نفس بشر خالی از خطا نہ بود" مگر جب سے وہ مرے ہیں اُذْکُرُوْا مَوْتَاکُمْ بِالْخَیْرِ ان کی ساری ادائیں اچھی ہی اچھی معلوم ہوتی ہیں۔ کہنے کو **سید احمد خاں** ایک شخص تھے مگر چند ہیں صفات کے اعتبار سے وہ چند ہیں اشخاص کے مجموعہ تھے۔ مسلمانوں کے لیڈر۔ ریفارمر پولیٹکل اڈوائزر۔ سنسیئر ول ریشر۔ بڑی نام و نمود کے محمڈن اورنٹیل کالج کے فونڈر۔ علم دوست زمانے کے رمز شناس ۵

لَیْسَ ۵۳ مِنَ اللّٰهِ بِمُسْتَنْكَرٍ		اَنْ یَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِیْ وَاحِدٍ	

مصراع "حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا" وہ انقباض خاطر جس کا میں نے عذر کیا اُس کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب **سید احمد خاں** کی وفات بھی ہو کہ اُن کو میں نے اپنے ان ہاتھوں سے مٹی دی ہو۔ وہ مٹی تو میں نے اُسی وقت ڈھو ڈالی تھی مگر اُن کے غم والم کا دل سے ڈھانا مشکل ہو اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ تو آج میں لکچر کے عوض انقباض خاطر کا عذر پیش کرنے آیا ہوں۔ ع گر قبول افتد زہے عز و شرف۔ اور لکچر دینے کا اگر میں ارادہ کرتا بھی تو مجھ سے نہ دیا جاتا۔

۵۱ ایسا کون بشر ہو جس کے سوائے نیکی کے کبھی بُرائی نہ ہوئی ہو ۵۲ مرے ہوؤں کا ذکر ہمیشہ بھلائی کے ساتھ کیا کرو۔ ۱۲

۵۳ اللہ سے یہ کچھ دور نہیں کہ بہت ساری خوبیاں ایک ہی شخص میں جمع کر دے ۱۲

نظم

گیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل — کہاں کی رباعی کہاں کی غزل
کسی شان میں گرچہ قاصر نہیں — مگر یاں طبیعت ہی حاضر نہیں
سفر دور اور لوگ ہارے ہوئے — کہ ہیں خشک سالی کے مارے ہوئے
پنپنے نہیں پائے تھے کال سے — کہ طاعون آدھمکی پاتال سے
ہزاروں کے گھر کر دیئے بے چراغ — نہیں اب دل زار میں جائے داغ
اب آگے تحمل کا یارا نہیں — کہ دل ہی تو ہے سنگ خارا نہیں
جو طاعون سے قحط سے تھے معاف — وہاں زلزلوں نے کیا ہاتھ صاف
غرض موت کا گرم بازار ہے — زمیں پر مگر آدمی بار ہے
پھر آخر کو سرحد کی جنگ و جدال — ایک آندھی چلی کر گئی پائمال
بہ افراط ملکی خزانوں کا خرچ — اور اس پر گراں قدر جانوں کا خرچ
گورمنٹ کا گر نہ ہوتا کرم — قیامت کے سامان تھے سب بہم
ہمارا انہیں ہر گھڑی دھیان تھا — کیا جس کے کرنے کا امکان تھا
بچایا جلایا بسایا ہمیں — رکھا ان کی رعایا خدایا ہمیں
الٰہی یہ شاہِ رعیت نواز — کہ عمرش باقبال و دولت دراز
خلائق پہ دائم رہے مہرباں — تہِ دل سے آمیں کہو یک زباں
ہو توفیق خیر اُس کے حکام کو — کہ آرام دیں خاص کو عام کو
اور اک یہ کہ مَیں خود بھی جیتا رہوں — کہ ہر سال یاں آکے لکچر کہوں
علالت رہے مجھ سے کوسوں پرے — کہ اس طرح کا زندہ دل کیوں مرے

مَیں لکچر دیتا بھی تو وہی طبِ یونانی اور طب انگریزی میں معمولی محاکمہ کرتا۔ لیکن کچھ خبر بھی ہو کہ آج کل طبِ انگریزی کیسے زوروں پر ہے۔ زیادہ تفصیل تو کیا عرض کروں مختصر یہ ہے کہ ڈاکٹروں کی گورمنٹ

ہو اُن لوگوں نے سارے ملک کی ناکہ بندی کر رکھی ہو۔ یہ بھی حکیم **عبد المجید خاں** ہی کی ہمت ہو کہ حریف فتح نمایاں پا چکا ہو اور یہ مقابلے میں ڈٹے ہیں ؎

پان ملیتھن نکل گیا اور غیر	اپنی ٹکی جمائے جاتا ہو

اِدھر ڈاکٹری کے دم خم اور اُدھر ایک سڈیشن[1] لا جاری ہوا ہو۔ وہ جاری تو ہوا ہو اُونٹوں کے لیئے مگر لومڑیاں آپ کو چھپی چھپی پھرتی ہیں کہ کوئی ان کو "ایں ہم بچہ شتر است" کہہ کر نہ پکڑوا دے تو سب سے بہتر صلاح جو لومڑی کو دی جا سکتی ہو یہ ہو کہ **مصرع**

"قلم بشکن سیاہی ریز و کاغذ سوز و دم در کش"

تینتیسواں لکچر

۲۰ اپریل ۱۸۹۸ء کو دلی والوں نے **سید احمد خاں** کی وفات پر رنج و الم کے ظاہر کرنے کے لیئے ٹون ہال میں جلسہ کیا صاحب کمشنر جلسے کے پریزیڈنٹ تھے۔ اُس موقع پر یہ لکچر دیا گیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا کہیں مشغلہ لکچر کا اجی چھوٹ گیا	ہم سے ایک یار چھٹا ایسا کہ جی چھوٹ گیا
صبر رخصت ہوا سنتے ہی تیرا عزم سفر	تم تو کل جاؤ گے یہ ہم سے ابھی چھوٹ گیا
نہ سہی پر۔ تجھے دکھلاؤں گا اپنی پرواز	گر قفس سے ترے صیاد کبھی چھوٹ گیا

ابھی چند روز ہوئے میں نے مدرسۃ طبیہ کے سالانہ جلسے میں لکچر دیتے وقت عذر کیا تھا کہ **سید احمد خاں** کے مرنے کی وجہ سے میری طبیعت حاضر نہیں اور جیسے لکچر کی توقع مجھ سے لوگ رکھتے ہیں میں دے نہیں سکتا۔ میں کیا کروں میرا حال یہ ہو گیا ہو کہ جب کبھی لکچر یا پبلک اسپیچ کا

[1] قانون بغاوت ۱۲

خیال کرتا ہوں **سید احمد خاں** کی صورت سامنے آ کھڑی ہوتی ہے اُن کا تصور بندھا اور طبیعت بے قابو ہوئی۔ اور اس کا سبب یہ ہے کہ لکچر اور پبلک اسپیچ وغیرہ کی گدگدی ہم لوگوں میں اُسی مرحوم نے پیدا کی تھی۔ پس خود لکچر دینے کھڑا ہوتا ہوں تب **سید احمد خاں** یاد آتے ہیں۔ کسی کو لکچر دیتے دیکھتا ہوں تب سید احمد خاں یاد آتے ہیں۔ کوئی مسلمان انگریزی داں انگریزی خواں نظر پڑ جاتا ہے تب سید احمد خاں یاد آتے ہیں۔ کسی مسلمان کو کرسی حکومت پر اجلاس کرتے دیکھتا ہوں تب سید احمد خاں یاد آتے ہیں۔ کسی مسلمان کو کسی انگریز کی کوٹھی پر جاتے اُس سے ملتے بائیں کرتے دیکھتا ہوں تب **سید احمد خاں** یاد آتے ہیں۔ ٹرکش فز سے سید احمد خاں یاد آتے ہیں۔ کوٹ پتلون سے سید احمد خاں یاد آتے ہیں میز کرسی چھری کانٹے سے سید احمد خاں یاد آتے ہیں۔ غرض ہر انگریزی وضع انگریزی ادا سے سید احمد خاں یاد آتے ہیں کیوں کہ وہ یہی چاہتے تھے کہ مسلمان انگریزی پڑھیں۔ گورمنٹ کی معزز خدمتوں پر منصوب ہوں۔ انگریزوں سے ملیں جلیں۔ انگریزوں کی سی وضع اختیار کریں۔ آخر اس میٹنگ کی روداد اخباروں میں چھپے گی تو لوگ **سید احمد خاں** کے ماتم کے لحاظ سے ہم دلی والوں کو نزدیکان بے بصر کافر نعمت۔ ناشکر۔ ناسپاس۔ حق ناشناس۔ اور کیا کیا کہیں گے۔ اس لیے کہ ہم سید احمد خاں کے ہم وطن ہیں اور دلی کے سارے فخر مٹا کر یہی ایک فخر باقی رہ گیا تھا کہ سید احمد خاں اسی اُجڑے دیار میں پیدا ہوئے تھے۔ میں نے دلی کو اُجڑا دیار کہا اس لیے کہ **میر تقی** نے اپنے زمانے میں اس کو اُجڑا دیار کہا تھا۔ میر تقی لکھنؤ گئے تو جس دن پہنچے اتفاق سے اُسی دن مشاعرہ تھا یہ بے بلائے شریک محفل ہوئے اور فی الوقت اپنی غزل سنائی لوگوں کو ان کے کلام کی پاکیزگی دیکھ کر حیرت ہوئی اور لگے پوچھنے کہ آپ کون صاحب ہیں کہاں سے تشریف لائے ہیں؟ میر صاحب نے ارتجالاً یہ قطعہ پڑھا۔ **قطعہ**

کیا بود و باش پوچھو ہو پورب کے ساکنو	ہم کو غریب جان کے ہنس ہنس پکار کے
دلی جو ایک شہر تھا عالم انتخاب	واں منتخب ہی رہتے تھے سب روزگار کے

اُس کو فلک نے مار کے ویران کر دیا		ہم رہنے والے ہیں اُسی اُجڑے دیار کے

خیر تو دلی کے سارے فخر مٹ مٹا کر یہی ایک فخر باقی رہ گیا تھا کہ **سید احمد خاں** اسی اُجڑے دیار میں پیدا ہوئے تھے تو چاہیئے تھا کہ ہم اُن کی وفات پر غم والم کے ظاہر کرنے میں بھی سب سے پیش پیش ہوتے اور یوں تو **علی گڑھ** اور دلی میں چنداں فصل بھی نہیں۔ لیکن ہم ایسے وقت سید احمد خاں کی وفات پر اظہارِ غم والم کے لیئے جمع ہوئے ہیں جب کہ ہندوستان کا کونا کونا شہر شہر۔ قصبہ قصبہ شورِ ماتم سے گونج رہا ہے۔ بڑے بڑے نامی نامور لوگوں کو مرتے دیکھا مگر **سید احمد خاں** کا سا عالم گیر ماتم تو نہ کسی کا دیکھا نہ سنا۔ لوگوں کا یہ خیال کہ سید احمد خاں کی وفات پر ہم کو اظہار غم والم میں جلدی کرنی چاہیئے تھی متفرع ہوا اس بات پر کہ جوں جوں وقت گزرتا جاتا ہے صدمے کا احساس کم ہوتا جاتا ہے۔ لیکن یہ لوگوں کا قیاس قیاس مع الفارق ہے جس طرح سید احمد خاں بے مثل و بے مانند تھے اُن کا غم بھی بے مثل و بے مانند ہے اور دوسرے غموں کی طرح وقت کا گزرنا اُس کو فرسودہ اور مضمحل نہیں کر سکتا جس قدر یہ رنج والم **سید احمد خاں** کے مرنے کے دن تھا اُتنا ہی بلکہ اُس سے زیادہ آج ہے۔ اُتنا ہی بلکہ اُس سے زیادہ کل ہوگا۔ اُتنا ہی بلکہ اُس سے زیادہ پرسوں۔ اُتنا ہی بلکہ اُس سے زیادہ اترسوں وَهَلُمَّ جَرًّا إِلَى الشُّهُورِ وَالسِّنِينَ۔ پانچ چھ برس ہوئے جب دلی میں ایجوکیشنل کانفرنس ہوا تو میں نے ایک نظم میں سید احمد خاں کو مخاطب کر کے کہا تھا ؎

تجھے روئے گی سر پہ ہاتھ رکھ کر قوم بدنصیب		اور اس کو دیکھے گا جو کوئی جیتا رہا باقی

یہ وہی پیشین گوئی ہے جس کو پورا ہوتا ہوا دیکھ رہے ہیں اور اس کو پورا ہونا ہی تھا۔ **سید احمد خاں** نے جس جس پیرائے سے قومی خدمتیں کیں اور جیسے جیسے فائدے اُن کی ذاتِ بابرکات سے قوم کو اور ملک کو اور گورنمنٹ کو پہنچے اُن کا بالتفصیل ایک میٹنگ (مجلس) میں بیان کرنا اور میٹنگ بھی وہ جو کہ شام کے چھ بجے شروع ہوئی حُلّی اللِّسان کی کرامت کے بدون محالات سے ہے۔ اُن کی خدمات اتنی وافر اور متنوع ہیں کہ اُن سے بجائے خود سید احمد خاں کی ایک مبسوط تاریخ

تاریخ مرتب ہوگی۔ مگر میں مختصراً اتنا ہی کہتا ہوں کہ **سید احمد خاں** پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جس نے مسلمانوں کے تنزل کی حالت کو سمجھا پھر اُس کے سبب کی تفتیش کی پھر ازالۂ سبب کی تدبیر سوچی اور آخر کار سمجھانے سے خود اپنا نمونہ دکھانے سے مسلمانوں کو تدبیر کے رستے پر لا ڈالا۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جس نے انگریزوں کی دنیاوی ترقی کا گر معلوم کیا کہ یہ بچھڑے سائنس کے کھونٹے کے بل کود رہے ہیں اور اُس نے مسلمانوں کو اُسی کھونٹے سے لا باندھا کہ جتنا چاہیں اچھلیں کودیں۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا۔ جو برٹش گورنمنٹ کی فیاضی نیک نیتی خیر خواہی خلایق اور انصاف پر ایمان لایا اور اُس نے اپنے ہم وطنوں کو انگریزوں کی طرف سے اطمینان دلایا۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جس نے سمجھا کہ خدا نے خزائن الارض کی کنجیاں باستحقاق انگریزوں کے حوالے کر دیں اور ہم اُن سے مانگ کر لے سکتے ہیں نہ چرا کر نہ چھین کر۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جس نے معلوم کیا کہ ہندوستان دریا ہے۔ ہم جھینگے اور انگریز مگرمچھ اور اُس نے جھینگوں کو مگرمچھ کے ساتھ دریا میں رہنا سکھایا۔ ریل دیکھی ہے اُس میں ایک انجن ہوتا ہے اور اُس کے پیچھے ایک بڑی لمبی ٹرین۔ انگریز انجن کی جگہ ہیں اور ہم رعایا ٹرین کی۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جو انجن اور ٹرین میں لنک یعنی آنکڑے کا کام دیتا تھا جس کے ذریعے سے ٹرین کو انجن میں جوڑ دیا جاتا ہے۔ ہم مسلمانوں میں اور انگریزوں میں وجوہ مغائرت بکثرت ہیں کہ ہم دونوں فریقوں کا نہ مذہب ایک نہ زبان ایک نہ وطن ایک نہ رسم و رواج ایک نہ طرز تمدن ایک۔ وہ پہلا شخص تھا اور فخراً کہتا ہوں کہ وہ پہلا مسلمان تھا اور پھر فخراً کہتا ہوں کہ ہمارا ہم وطن بھائی تھا جس نے درمیان سے پردۂ مغائرت اُٹھا دینے کی کوشش کی اور اگر وہ پردہ سدِ سکندر تھا تو اُس کی کوشش سے دیوار آہنی ہوا پھر ریختے کی دیوار پھر کچی پھر

روئی کا پردہ اور اب تو ایک چلمن کی آڑ رہ گئی ہے اور اگر وہ زندہ رہتا تو اس کو بھی اُٹھا دیتا اور ہم کو انگریزوں سے کہنے کا موقع ملتا ؎

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی		تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

غرض یہ تھا اور ایسا تھا وہ شخص جس کی وفات پر اظہارِ حسرت و افسوس کے لیئے ہم لوگ اس وقت جمع ہوئے ہیں مگر زار انڈوں کی طرح کا آنسوے بہانا تو ایک فعل عبث ہے ؎

کیا فائدہ کہ تذکرہ ماضی کریں		کیوں یادِ رفتگان میں ماتم بپا کریں
بے سود اگر چہ تا بہ قیامت بکا کریں		اک امر اختیار سے خارج ہے کیا کریں
فرہاد و دار در صدد جوئے شیر کیا		اب جا چکا ہے سانپ تو پیٹیں لکیر کیا

مسلمانو! اگر تم واقع میں سرسید کو ایسا ہی سمجھتے تھے جیسا میں نے اپنی طرف سے اصالتاً اور تمہاری طرف سے نیابتاً بیان کیا اور اگر واقع میں تم سرسید کی قومی اور ملکی خدمات کی قدر کرتے ہو اور تم کو اُن کے دنیا سے اُٹھ جانے کا قلق ہے تو جو فائدے وہ مردِ بزرگ تم کو پہنچا گیا ہے اُن کا احراز کرو "کارِ دنیا کسے تمام نکرد" کالج کیا عمارت کی حیثیت سے اور کیا فنڈز کے اعتبار سے ادھورا پڑا ہے اُس کی تکمیل کرو مگر اُس کی تکمیل یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ سے نہیں ہوتی بلکہ ہوتی ہے بیضِ منقوش سے۔ آپ لوگ حیران ہوں گے کہ یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ کا کیا مضمون ہے تو بات یہ ہے کہ میں ایک شہر میں ڈپٹی کلکٹر تھا اور اتفاق سے شہر کی فوجداری کا چارج بھی میرے پاس تھا اتنے میں آیا محرم اور وہاں سُنّی اور شیعہ دونوں فریق آپس میں بڑی کشمکش رکھتے تھے۔ میرے دوستوں میں ایک صاحب شیعہ تھے اور وہ بڑی دھوم سے عزاداری کیا کرتے تھے۔ اُنہوں نے مجکو مدعو کیا سُنّی اور حاکم شہر ہونے کی حیثیت سے طبیعت نے مضائقہ تو کیا مگر میں نے خیال کیا کہ ہر چند مجالسِ عزا میں ضعیف روایتیں بلکہ اکثر غلط بیان کی جاتی ہیں تاکہ لوگوں کو رقت ہو مگر پھر بھی آخر ایک مذہبی رنگ ہے اور میری شرکت سے مجلس میں کسی کو فساد کرنے کی جرأت بھی نہ ہوگی۔ اس خیال سے میں شریکِ مجلس ہوا۔ ایک ذاکر صاحب نے بیان کرنا شروع کیا۔ آدمی تھے خوش بیان خوش آواز سننے کو جی چاہتا تھا مگر

میرے پہلو میں ایک شیعہ صاحب بیٹھے تھے اور وہ بار بار محل بے محل پکار پکار کر یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ کہتے جاتے تھے اور بیان ذاکر سننے نہیں دیتے تھے یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ کے معنی یہ کہ اے کاش میں بھی امام حسینؑ کے لشکر میں ہوتا۔ خیر میں بادلِ ناخواستہ کچھ دیر بیٹھ کر چلا آیا۔ میرا آنا تھا کہ مجلس میں فساد ہوا۔ پولیس نے گیرودار کی۔ بہت سے شیعہ سُنّی پکڑ آئے۔ اُن میں وہ یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ بھی تھے اور اُنہوں نے حلفاً شرکت مجلس سے انکار کیا۔ پس میں ڈرتا ہوں کہ مسلمان سرسیّد کے مرنے پر ایسا گریہ وزاری نہ کریں کہ رونے دھونے میں تو یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ اور دینے کا وقت آئے تو شرکت سے انکار۔ میں سرسیّد کو تقریباً پینتالیس برس سے جانتا ہوں اور وہ مجھ پر ایک خاص طرح کی عنایت فرماتے تھے۔ میں اُن کے کالج کا ٹرسٹی تھا میں اُن کے کالج کا لکچرار اور دنیاوی تدابیر میں جو وہ مسلمانوں کی بہبودی کے لیے کیا کرتے تھے اُن کا ہم خیال میں سرسیّد کے ذاتی حالات سے بڑی آگہی رکھتا ہوں خدماتِ غدر کے جلد وہ میں اُن کو ایک باغی مسلمان کا علاقہ ملتا تھا اُنہوں نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کیا کہ میں ایک مسلمان بھائی کے خون سے اپنی پیاس نہیں بجھانی چاہتا۔ غدر کے فرو ہونے پیچھے سرسیّد نے بڑی جرأت سے گورمنٹ کے انتظام پر نکتہ چینی کی۔ ڈاکٹر ہنٹر نے ایک کتاب لکھ ماری کہ کوئی مسلمان اسلامی حیثیت سے برٹش گورمنٹ کا خیرخواہ ہو نہیں سکتا۔ سرسیّد نے سینہ سپر ہو کر اُس کا دنداں شکن جواب دیا اور وہ ہر اڑے وقت اسلام اور مسلمانوں کی حمایت کے لیے کھڑے رہتے تھے۔ ہندو اُن کی طرف سے کسی قدر بدگمان تھے اس لیے کہ سرسیّد کانگریس کے سخت مخالف تھے لیکن اب ہم ہندوؤں کو بھی ماتم کرتے دیکھتے ہیں۔ جب کانگریس والوں نے ناٹو برادرز اور تلک کو قید کرالیا دامودر کو پھانسی دلوا چکے سڈیشن لا جاری کرا دیا تو اب سمجھے کہ ہاں وہ مسلمان بڈھا ٹھیک کہتا تھا ؎

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید	کہ سالک بے خبر نبود زراہ و رسم منزلہا

چونتیسواں لکچر

جو حکیم عبدالمجید خاں صاحب کو عطائے خطاب "حاذق الملک" کی تقریب پر جلسہ تہنیت ٹون ہال دہلی میں ۱۸۹۸ء کو پڑھا گیا

ہوتی ہے یوں تو اوروں کو عزت خطاب سے
لیکن ہوئی خطاب کو عزت جناب سے

تم نے ہی اس کو پھر سے جگایا وگرنہ لوگ
خارج ہی کر چکے تھے طبابت حساب سے

ایک تہلکہ ہے ملک میں طاعوں کے خوف سے
ڈرنا ہی سب کو چاہیئے اس کے عذاب سے

حاذق ہیں آپ فرض حذاقت نہ ہو قضا
خالی نہیں رہی کوئی طاعت ثواب سے

آنے نہ پائے شہر میں طاعون نابکار
ایسا نکالیے کوئی نسخہ مرکتاب سے

یعنی بیاضِ خاص جو پونچھی ہے آپ کو
محمود خان صاحبِ غفران مآب سے

اور آ بھی جائے خیر تو کوئی نہ ہو ہلاک
طفلِ رضیع و مرد و زن و شیخ و شاب سے

طاعونیوں کو زحمتِ نقلِ مکاں نہ ہو
عورات گھر میں بیٹھی رہیں احتجاب سے

اور یہ نہیں تو موہمِ سوء ادب نہ ہو
واقف نہیں طبیب حقیقت کے باب سے

خدا کے فضل سے یوں تو شہر میں اور بھی صاحبِ خطاب ہیں۔ میں اپنا مذکور نہیں کرتا کہ اوروں کو جو خطاب ملے ہیں بہ استحقاق ملے ہیں اور میں تو بلا استحقاقِ بخت و اتفاق سے گھر بیٹھے شمس العلماء بن گیا نہ خطاب سے پہلے اپنے تئیں اس کا اہل سمجھا اور نہ حصولِ خطاب کے بعد۔ یہاں تک کہ سر ولیم میکورتھ ینگ کو جو میں نے شکریہ کی نظم لکھ کر دی تو اس میں ایک شعر یہ بھی تھا ؎

مجکو ملا خطاب تو ہے مجکو اس سے ننگ
گو ہے خطاب کو مری نسبت سے عار و ننگ

بہرکیف مجکو چھوڑ کر شہر میں اور بھی صاحبِ خطاب ہیں۔ خطاب پانے والے کو تو خطاب کی خوشی ہوا ہی کرتی ہے اور ہونی بھی چاہیئے۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ دوسرے لوگ کہاں تک اس خطاب سے

خوش ہوئے ہیں۔ تو میرے نزدیک غالباً یہ پہلا موقع ہے کہ اہلِ شہر **حکیم عبدالمجید خاں** کے مخاطب ہونے کا شکریہ گورنمنٹ کو بھیجنے کے لیے جمع ہوئے ہیں اور اب گورنمنٹ کو معلوم ہو جائے گا کہ اُس نے **عبدالمجید خاں** کو خطاب دے کر نہ صرف عبدالمجید خاں کو بلکہ تمام اہلِ شہر کو چہ ہندو چہ مسلمان چہ عیسائی اپنا ممنونِ احسان بنا لیا ہے۔

مَیں عبدالمجید خاں کو دوست رکھتا ہوں اور ہمارے اتنے بڑے شہر میں کون ہے جو عبدالمجید خاں کو دوست نہیں رکھتا مگر دوستی کے علاوہ مجھکو ایک خاص طور کی خوشی ہے کہ میں عبدالمجید خان کے مدرسۂ طبیہ کا لکچرار ہوں اور نامزد وہ طبِ یونانی کا طرف دار۔ میرے نزدیک گورنمنٹ نے عبدالمجید خاں کو خطاب دے کر پبلک پر یہ بات ظاہر کر دی کہ گورنمنٹ مدرسۂ طبیہ اور طبِ یونانی دونوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ عبدالمجید خاں کو خطاب تو اب ملا ہے مگر میں تو اسی دن سے جب **عبدالمجید خاں** نے مدرسۂ طبیہ کی بنیاد ڈالی اس انجام کو سمجھ چکا تھا۔ میں جانتا تھا کہ مدرسۂ طبیہ ضرور حکام کو بُلا کر رہے گا۔ چنانچہ بلایا اور وہ آئے اور ممکن نہ تھا کہ حکام کو پبلک کے فائدہ کا ایک انسٹیٹوشن دکھایا جائے اور وہ اُس کی قدر نہ کریں۔ **عبدالمجید خاں** کا خطاب اسی قدردانی کا ضروری نتیجہ ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ اسی قدردانی کی تمہید ہے ؎

این کہ دیدی مراتب جزوی ست		کارِ کلی ہنوز در قدر است	

پس میں ممبرانِ کمیٹی سے بڑے ابرام کے ساتھ درخواست کرتا ہوں کہ اہلِ خطاب ہونے کے اعتبار سے نہیں۔ دہلی کا باشندہ ہونے کی وجہ سے نہیں۔ بلکہ مدرسۂ طبیہ کا لکچرار اور طبِ یونانی کا نامزد طرف دار ہونے کی حیثیت سے شکریئے کے ووٹ میں سب سے پہلے میرا نام لکھیں۔

پینتیسواں لکچر

جو

انجمن حمایت اسلام لاہور کے چودھویں سالانہ جلسے میں اسلامیہ کالج پر جون ۱۸۹۸ء کو دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کفر کافر را و دیں دیں دار را ذرّۂ دردے دل عطار را

یہ حضرت شیخ **فریدالدین** عطار قدس اللہ سرّہٗ العزیز کا ایک شعر ہے جو کبار مشائخ رضوان اللہ علیہم میں سے ہو گزرے ہیں۔ اور شعر کہہ کر بھی اس کی تقریب کیوں کروں بلکہ مجکو یوں کہنا چاہیئے کہ یہ اُن کی دعا ہے اور دعا بھی مخ الادعیہ دعاؤں کی جان۔ ہم لوگ جو دعا کیا کرتے ہیں اور کون ہے جو دعا نہیں کرتا یعنی کون ہے جس کو کسی طرح کی حاجت نہیں اور وہ اُس کو خدا سے نہیں مانگتا وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ تو ہم لوگ جو دعا کیا کرتے ہیں تو ہماری دعا اکثر مال اور اولاد اور تن درستی وغیرہ دنیا کے چند روزہ اور عارضی فائدوں کے لیئے ہوا کرتی ہے۔ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ بات یہ ہے کہ انسان کے پیدا کرنے میں خدا نے عجیب طرح سے جمع بین الاضداد

لہ اللہ بے نیاز ہے اور تم سب اُسی کے محتاج ہو ۵۲ لوگوں (کی بناوٹ اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ اُن) کو (دنیا کی) مرغوب چیزوں یعنی (مثلاً) بیبیوں اور سونے چاندی کے بڑے بڑے ڈھیروں اور عمدہ عمدہ گھوڑوں اور مویشیوں اور کھیتی کے ساتھ دل بستگی بھی معلوم ہوتی ہے (حالانکہ یہ (تو) دنیا کی زندگی کے (چند روزہ) فائدے ہیں اور ہمیشہ کا اچھا ٹھکانا تو اُسی (اللہ) کے ہاں ہے (اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ (اگر چاہو تو) میں تم کو ان (دنیاوی چند روزہ فائدوں

کیا ہو۔ انسان کا کالبد عناصر مختلف الطبائع سے مرکب ہی سو ہی جن میں جزو غالب مٹی ہو مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اس ترکیب کے علاوہ انسان میں ایک ترکیب روح وجسد کی اور ہی جسم انسان میں مثلاً آگ اور پانی کو ایک جگہ جمع کر دکھایا ہی تو روح وجسد کے مجموعے میں نور و ظلمت کو لطیف و کثیف کو باقی اور فانی کو۔ یوں تو پانی آگ بجھا دیتا ہی مگر دیگچی میں ڈال کر جوش دو تو آگ کی خاصیت یعنی حرارت پانی میں آجاتی ہی۔ آگ اور پانی کا جمع ہونا تو کسی قدر سمجھ میں آتا بھی ہی مگر روح وجسد کے جمع ہونے کا معما نہ آج تک حل ہوا نہ ہو اس واسطے کہ روح کی حقیقت معلوم نہیں تو روح وجسد کے تعلق کی کیفیت کیا معلوم ہو۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا غرض ہم اپنی حد سے قدم کیوں باہر رکھیں اتنا جانتے ہیں اور اتنا ہی جان سکتے ہیں کہ انسان میں جسد اور روح دو چیزیں ہیں۔ جسد مادی ہی کثیف اور اس میں اجزائے ارضی غالب اور روح کوئی چیز ہی غیر مادی لطیف اور انسان کی طبیعت میں دونوں قسم کی خاصیتیں پائی جاتی ہیں ۵

آدمی زادہ طرفہ معجون است	از ملائک سرشتہ و ز حیواں
گر کند میل ایں شود کم ازیں	ور رود سوی آں شود بہ ازاں

جن کی طبیعت میں حیوانیت غالب ہو وہ مٹی سے بنے ہیں اور مٹی کا خاصہ ہی پستی ۵

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۴۷ سے بہت بہتر چیز بتاؤں (وہ یہ کہ) جن لوگوں نے پرہیزگاری اختیار کی اُن کے لیے اُن کے پروردگار کے ہاں (بہشت کے) باغ ہیں جن کے تلے نہریں (پڑی) بہ رہی ہیں (اور وہ) اُن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور (باغوں کے علاوہ اُن کے لیے) پاک صاف بیبیاں ہیں اور (سب سے بڑھ کر) خدا کی خوشنودی (رہی) اور اللہ بندوں (کے نیک و بد) کو دیکھ رہا ہی ۱۲ ۵۱ (لوگو!) اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور (مرنے پیچھے) اُسی میں تم کو لوٹا کر لائیں گے اور اُسی سے (قیامت کے دن) تم کو دوبارہ نکال کھڑا کریں گے ۵۲ (اے پیغمبر لوگ) تم سے روح کی حقیقت دریافت کرتے ہیں تو (ان سے) کہدو کہ روح (بھی) میرے پروردگار کا ایک حکم ہی اور تم لوگوں کو (اسرار الٰہی میں سے) بس تھوڑا ہی سا علم دیا گیا ہی ۱۲

زخاک آفریدت خداوند پاک		پس ای بندۂ افتادگی کن چو خاک	
حریص وجہاں سوز وسرکش مباش		زخاک آفریدند آتش مباش	
چوگردن کشد آتش ہول ناک		بہ بے چارگی تن بنداخت خاک	
چوآں سرفرازی نمود ایں کمی		ازآں ویو گردن ازیں آدمی	

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ یہ جسمانیت ہی تو ہے جو ہمارے خیالات کو بلند نہیں ہونے دیتی اور ہم دعا بھی کرتے ہیں تو مال اور اولاد اور تن درستی وغیرہ دنیا کی چند روزہ اور عارضی اور فانی یعنی ادنیٰ درجے کی چیزوں کی لیکن سب کا یہ حال نہیں لَيْسُوْا سَوَاءً ان سے اونچی پرواز اُن کی ہے جو بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى کو پیش نظر رکھ کر آخرت کی خیر منایا کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہم دنیا کے طلبگاروں سے تو یقیناً اعلیٰ اور افضل اور اشرف ہیں مگر گردان کبوتر کی طرح یہ بھی دانے کے لالچ سے چھتری ہی کے گرد منڈلا رہے ہیں ؎

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے		حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے

غرض دنیا کے طالب ہوں یا آخرت کے ہیں دونوں خود غرض۔ ہم تو اُن کی ہمت اور سیر چشمی کے قائل ہیں جو نہ دنیا چاہتے ہیں اور نہ عقبیٰ۔ اور چاہتے ہیں تو کیا چاہتے ہیں درد ؎

کفر کافر را دہد دیں دیندار را		ذرۂ درد ے دل عطار را

مگر دیکھنا یہ ہے کہ جس درد کے لیے حضرت شیخ فریدالدین عطار جیسا برگزیدۂ خدا دعا کرتا تھا وہ کیسا درد تھا وہ درد تھا درد قوم۔ اور ہمارے ملک اور ہمارے زمانے اور ہماری قوم میں اس نکتے کو پہنچا تھا وہ مرنے والا سید احمد جس کا ماتم لوگ مہینوں سے کر رہے ہیں اور برسوں

لہ (دنیا کی نعمتیں تو ہر کس وناکس کو مل جاتی ہیں مگر) یہ آخرت کا گھر ہے جس (کی نعمتوں) کو ہم نے ان لوگوں کے لیے (خاص) کر رکھا ہے جو دنیا میں کسی طرح کی شیخی کرنی نہیں چاہتے اور نہ فساد (کے خواہاں ہیں) اور (انجام (بخیر تو) پرہیزگاروں (ہی کا ہے ۱۲

لہ مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو مقدم رکھتے ہو حالاں کہ آخرت (دنیا سے) کہیں بہتر اور زیادہ پائدار ہے ۱۲

کیا کریں گے اور میں نے تو دہلی کے کانفرنس میں پیشین گوئی بھی کی تھی اور سید احمد کو مخاطب کر کے کہا تھا ؎

تجھے روئے گی سر پہ ہاتھ رکھ کر قوم بدقسمت		اور اس کو دیکھ لے گا جو کوئی جیتا رہا باقی

اس مرد نے اُسے اتنے دنوں زندہ رکھا اور آخر کو اسی درد نے اُس کو مارا بھی اور اُمید ہے کہ دردمندوں کے ساتھ اُس کا حشر بھی ہوگا اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ ؎

درد ہی جان کے عوض ہر رگ و پے میں اپنے		چارہ گر ہم نہیں ہونے کے جو درماں ہوگا

میں حیدرآباد میں تھا اور یہ وہ زمانہ ہے کہ نواب محسن الملک بہادر نظام گورنمنٹ کے چیف سکریٹری تھے اور نواب سید محمود کو نظام مہدوس میں داخل ہونے کے لیے حیدرآباد سے گئے ہوئے تھے۔ اتفاق سے سید احمد خاں سخت بیمار پڑے محمود نے ڈاکٹر کو جو سید احمد خاں کا معالج تھا لکھا کہ اگر سید احمد خاں کی حالت خطرناک ہو تو مجھے اطلاع دو۔ ڈاکٹر نے محمود کو اطمینان دلایا کہ تمہارے باپ کی جان علی گڑھ کالج میں لٹکی ہوئی ہے کالج کے پورے ہونے تک تو وہ مرتے نہیں۔ اور درحقیقت میں ظاہری تن و توش کے اعتبار سے وہ ابھی نہ مرتا اُس کو قبل از وقت مارا کالج کے نقصان نے۔ اُس نے کالج کے نقصان کی تلافی کے لیے بہتیرے ہاتھ پاؤں مارے۔ قوم سے اُس کی فریاد نہ سنی وہ اُس کے صدمے کا متحمل نہ ہو سکا اور مایوسانہ اپنی جان پر کھیل گیا۔ اب قوم اُس کے لیے رشتے کے بھائی ہو اور قوم سے اُس کا خون بہا لینا چاہو۔ دس لاکھ روپیہ اگر قوم نے دیئے تو گویا ہر ایک مسلمان کے ذمہ ایک ایک روپیہ جو ہم لوگوں سے لینا پڑے گا۔ دس لاکھ روپیہ جو ہم لوگوں سے لینا پڑے گا خون بہا قرار دیا یہ بھی اُسی مرنے والے کی خاطر سے کہ وہ ہر وقت قوم پر اپنی جان فدا کرنے کو تیار تھا ورنہ اُس کی جان گرامی کا تو کچھ معاوضہ ہو ہی نہیں سکتا ؎

ہر دو عالم قیمت خود گفتۂ		نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

؎ ۱ یعنی مسکینت ہی کی حالت میں مجھ کو زندہ رکھ اور مسکینت ہی کی حالت میں مجھ کو مار اور مسکینوں کے ساتھ میرا حشر

آؤ درد کے متعلق جس کے لیے حضرت فرید الدین عطار رحمۃ اللہ دعائیں مانگا کرتے تھے۔ اور جس درد میں **سید احمد خاں** نے جان دی دو چار باتیں اور سنو تاکہ اس درد کی حقیقت اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔ خدا کی طرف سے یہ درد رحمت کے پیرائے میں ظاہر ہوتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ الرَّحِیْمٌ۔ اور رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ اور کَتَبَ عَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ اور بندوں کی طرف سے باہمی الفت محبت شفقت ہمدردی خیر خواہی کی صورت میں ؎

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو	ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلْنَا مِنْکُمْ مَّلٰٓئِکَۃً فِی الْاَرْضِ یَخْلُفُوْنَ۔ فِعْلُ الْحَکِیْمِ لَا یَخْلُوْ عَنِ الْحِکْمَۃِ ایک مسلمہ کلیہ ہے اور اسی کی بنا پر اکثر خیال آیا کرتا ہے کہ خدا نے یہ دنیا کا جنجال کیوں بنا کھڑا کیا ہوگا اور قرآن میں بھی رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا اور اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ اور اسی طرح کی دوسری آیتوں میں اسی کی طرف اشارہ ہے تو انسان جہاں اور باتوں کی لِم کے دریافت کرنے کے پیچھے پڑا رہتا ہے چاہتا ہے کہ مصلحت خلق عالم کو بھی دریافت کرے۔ مفسرین نے بہت سی باتیں تجویز کی ہیں ازاں جملہ جو بات سب سے زیادہ دل کو لگتی ہوئی ہے یہ ہے کہ دنیا اظہار درد کے لیے بنائی گئی ہے۔ یعنی یوں تو خدا کی ذات تمام صفات کمالیہ کی جامع ہے مگر اس کی غالب صفت رحمت ہے۔ اور اسی رحمت کا نمودار کرنا منظور تھا کہ اس نے

---

۱۲ اور خدا تو لوگوں پر بڑی ہی شفقت رکھنے والا مہربان ہے ۱۲ ۵۲ اور میری جو رحمت ہے وہ سب چیزوں کو شامل ہے ۱۲ ۵۳ اس نے (از خود لوگوں پر) مہربانی کرنے کا اپنے اوپر لازم کر لیا ہے۔ ۱۲ ۵۴ اور ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے (پیدا) کر دیتے کہ وہ زمین میں تمہاری جگہ آباد ہوتے۔ ۱۲ ۵۵ حکیم کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔ ۱۲ ۵۶ اے پروردگار تو نے اس (کارخانۂ عالم) کو بے فائدہ (تو) نہیں بنایا۔ ۱۲

۵۷ (لوگو!) کیا تم ایسا خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو (یوں ہی) بے کار پیدا کر دیا ہے اور یہ کہ تم کو ہماری طرف لوٹ کر آنا نہیں۔ ۱۲

یہ عالم بنایا جس کے ذرہ ذرہ سے اُس کی شانِ رحیمی ظاہر ہے اشد الظہور ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِہٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّکُمْ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْفُلْکَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِہٖ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْاَنْھٰرَ وَسَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَکُمُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ وَاٰتٰکُمْ مِّنْ کُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْہُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ کَفَّارٌ قریب قریب اسی کا ترجمہ ہے

قطعہ

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند		تا تو نانے بکف آری و بہ غفلت نخوری	
ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرماں بردار		شرط انصاف نباشد کہ تو فرماں نہ بری	

اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ سے خالق اور مخلوق کا علاقہ قلّ و دلّ طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ دنیا گھر ہے خدا رب البیت اور مخلوقات اُس کے بال بچے رب البیت ہونے کی حیثیت سے خدا کا کام ہے اپنے بال بچوں کا پالنا اور وہ پال رہا ہے۔ وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا اور عیال ہونے کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے اُس کا حکم ماننا اس کی مرضی پر کاربند ہونا جس کا دوسرا نام ہے دین۔

بے شک دین ایک علم مبسوط ہو گیا ہے اور اگر ہم دین کے صرف خلاصے لکھنے چاہیں جیسے آج کل کے طالب علم مثلاً تاریخ کے سوالات بنا لیا کرتے ہیں تاہم عبادات۔ معاملات۔ اوامر و نواہی کی لمبی فہرستیں بنانی پڑیں گی۔ مگر ان سب کا لُبِ لباب آخر کو جا کر ٹھیرے گا وہی درجس کی نسبت مین نے بھی کہا تھا کہ خدا کی طرف سے رحمت کے پیرائے میں ظاہر ہوتا ہے اور ہم بندوں کی طرف سے باہمی الفت محبت

۱؎ اللہ ہی (ایسا قادر مطلق) ہے جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا پھر پانی کے ذریعے سے (درختوں کے) پھل نکالے وہ تمہاری روزی ہے اور کشتیوں کو تمہارے اختیار میں کر دیا تاکہ اُس کے حکم سے دریا میں چلیں اور (نیز) ندیوں کو تمہارے اختیار میں کر دیا اور (اسی طرح ایک اعتبار سے) سورج اور چاند کو تمہارے اختیار میں کر دیا کہ دونوں پڑے چکر کھا رہے ہیں اور (ایسا ہی ایک طرح سے) رات اور دن کو تمہارے اختیار میں کر دیا اور جو کچھ تم کو درکار تھا بقدر مناسب سب تم کو دیا اور اگر خدا کی نعمتوں کو گننا چاہو تو اُن کو پورا پورا گن نہیں سکو گے کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا ہی بے انصاف (اور) بڑا ہی ناشکرا ہے۔ ۱۲

۲؎ اور جتنے جان دار روئے زمین پر چلتے پھرتے ہیں ان (سب) کی روزی اللہ ہی کے ذمہ ہے ۱۲

شفقت ہمدردی خیرخواہی کی صورت میں۔ دنیا میں کسی مذہب کو بھی درد کی رعایت سے خ
اس لیئے کہ مذہب کی بنیاد ہی درد پر رکھی گئی ہے بلکہ بعض نے تو درد کے بارے میں اتنا مبالغہ
کیا ہے کہ جس طرح بہت شیرینی گلو سوز ہو جاتی ہے اُسی طرح اُنھوں نے درد پر اتنا زور دیا کہ حدِ امکان
سے باہر ہو گیا اور اگر اُس پر عمل کیا جائے تو بجائے اس کے کہ امن و عافیت کو ترقی دے اُس
میں خلل انداز ہو ؎

لطفِ حق با تو مواسا ہا کند		چوں کہ از حد بگزرد رسوا کند	

عیسائیوں کے یہ احکام کہ اگر کوئی تیرے داہنے کلّے پر طمانچہ مارے تو تو بایاں بھی اُس کے آگے
کر دے یا یہ کہ اپنے اکلوتے بیٹے کی طرح جانی دشمن کے حق میں صدق دل سے دعا کر اسی
قبیل سے ہیں ہندوؤں میں بھی دیا کی بڑی تاکید ہے یہاں تک کہ ان کے ہاں جان کے مارنے
سے بڑھ کر کوئی پتیا نہیں ؎

میازار موری کہ دانہ کش است		کہ جاں دارد جانِ شیریں خوش ست

ان میں کا ایک گروہ رات کو گھر میں چراغ نہیں جلاتا۔ مُنہ پر کپڑا لٹکائے رہتے ہیں۔ گئو کی رکھشا
کرتے جانوروں کے پانی پینے کے لیئے بازاروں میں پیاؤ بٹھائے رکھتے چیونٹیوں کے بلوں
میں کھانڈ ڈالتے پھرتے۔ افسوس کہ ان رحم دل لوگوں میں اب ایک گروہ ایسا نکل پڑا ہے جو
اپنے جیسے آدمیوں کو چین سے بیٹھنے نہیں دیتا۔ "بدنام کنندہ نکونامے چند" لوگ غور نہیں
کرتے۔ غور کریں تو جانیں کہ درد ہی اصل دین ہے۔ درد ہی وہ ستون ہے جس پر زمین و آسمان
کھڑے ہیں درد ہی دنیا کی فلاح اور آخرت کی نجات کا ذریعہ ہے۔ درد ہی دین داری اور خدا پرستی
کی معیار ہے مصرع

"دو آں را کہ عقل بیش غم روزگار بیش"

لوگ تو اس کے یہ معنی کرتے ہیں کہ جس میں عقل بہت ہوتی ہے وہ سب سے زیادہ دنیا کے بکھیڑوں
میں مبتلا رہتا ہے اور میں یہ معنی کرتا ہوں اور یہی ہیں اور یہی ہونے چاہئیں کہ جس میں عقل بہت

ہوتی ہے اُس کو ابنائے روزگار کا درد بہت زیادہ ہوتا ہے یعنی درد قومی عقل کی کمی بیشی کی شناخت کی کسوٹی ہے۔ بزرگانِ دین کے حالات پر نظر کرو گے تو پاؤ گے کہ یہی درد ان کے رگ و پے میں کوٹ کوٹ کر بھرا تھا۔ ہم جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے شروع کرتے ہیں کہ ان کو جس قدر امت کا درد تھا ہم اس کا اندازہ ہی نہیں کر سکتے لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ وہ ہر وقت ایک ایک مسلمان کے لیے جان تک دینے کو موجود تھے۔ وہ مسلمانوں کو ننگا بھوکا نہ دیکھ سکتے اور آپ فقر و فاقے سے بسر کرتے۔ اس سے بڑھ کر فقر و فاقہ اور کیا ہوگا کہ ساری عمر جو کی روٹی پیٹ بھر نہ کھائی۔ پیٹ پر پتھر باندھے کہ بھوک کی ایذا محسوس نہ ہو۔ اکثر ایسا ہوا کہ بیت نبوی میں چراغ نہیں جلا۔ صحابہ کسی ضرورت سے حاضر ہوتے ہوئے آپ لیٹے تھے اٹھ بیٹھے تو بستروں میں کھجور کے بوریے کی بدھیاں پڑی ہوئی تھیں یہ دیکھ کر صحابہ کا دل بھر آیا۔ اور یہ فرق مراتب قرب قرب یہی حال اہل بیت و صحابہ کا تمہارے فرمانوا اللہ علیہم اجمعین۔ ان لوگوں نے اسلام کی کھیتی کو خون اور پسینے سے سینچا تب کہیں جا کر وہ پھلی پھولی اور اس میں عزت اور دولت اور سلطنت اور تہذیب اور شائستگی کے پھل لگے ۵

تو کز دولت ایشاں رسی کز تواں		بجز دور کمت وآں ہم بصد پریشانی	

اور یہ واقعات تاریخی اور نفس الامری ہیں۔ کہیں ایسا نہ سمجھ لینا کہ بزرگانِ دین میں سے جو لوگ فقیر منش تارک الدنیا ہو گزرے ہیں امت کے درد سے فارغ تھے۔ نہیں نہیں۔ ان کے پاس بھی درد کی کمی نہ تھی۔ مگر کسی کا درد ملک گیری اور ملک داری کی شکل میں ظاہر ہوا کسی کا وعظ و پند کی کسی کا اصلاح نفوس کی کسی کا تعلیم و تلقین کی کسی کا درس و تدریس کی کسی کا تصنیف و تالیف کی۔ اب میں دکھاتا ہوں کہ سید احمد خاں کا درد دل کن شکلوں میں ظاہر ہوا۔ وہ پاک دل لے کر پیدا ہوئے تھے۔ اور چوں کہ پاک اصل کی فرع تھے اور اُن کا خاندان مذہبی خاندان تھا اوائل عمر سے اُن کی توجہ مذہب کی طرف مصروف ہوئی وہ ایک مدت تک فقیروں کی طرف مائل رہے۔ پھر اُن کو حدیث کا شوق ہوا اور میں خیال کرتا ہوں کہ کتب حدیث کے مطالعہ نے اسلام کی

۵ (لوگو) تمہارے پاس تم ہی میں کے ایک رسول آئے ہیں۔ تمہاری تکلیف ان پر شاق گزرتی ہے (اور) ان کو تمہاری بہبود کا بڑا کاہو (اور) مسلمانوں [illegible]

سادگی اور آزادی کا نقش فی الحجر اُن کے ذہن میں بٹھائی۔ آثار الصنادید اُن کی ابتدائی تصنیف ہے جس سے اُن کی طبیعت کا رجحان ظاہر ہوتا ہے۔ جبکہ اُن کی عمر کے لوگ ایشیائی مشغلوں سے جی بہلاتے تھے یہ پرانی دلی کے کھنڈرات کی تحقیقات میں اپنا وقت صرف کرتے تھے۔ گزشتگان کی یادگاریں زیارتِ قبور کا حکم رکھتی ہیں جس کی نسبت آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کُنتُ نَہَیتُکُم عَن زِیَارَۃِ القُبُورِ اَلَا فَزُورُوھَا فَاِنَّھَا اَلیَنُ لِلقُلُوبِ میں سمجھتا ہوں آثار الصنادید کی تصنیف سے سید احمد خاں کا طبعی درد دل ڈیولپ ہونا شروع ہوا پہلے فقرہ پھر حدیث پھر آثار الصنادید کی تصنیف سے مزاج کی افتاد تو معلوم ہوئی مگر ابھی تک سید احمد خاں نے اپنا کوئی خاص مسلک و انہماج یا مسلک کی تعیین میں بہت دنوں تک اُن کی حالت اُن کے جدِ امجد ابو الانبیا ابراہیم علیہ السلام کی سی رہی وَکَذٰلِکَ نُرِیٓ اِبرٰھِیمَ مَلَکُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَلِیَکُونَ مِنَ المُوقِنِینَ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیہِ اللَّیلُ رَاٰی کَوکَبًا قَالَ ھٰذَا رَبِّی فَلَمَّا اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الاٰفِلِینَ فَلَمَّا رَاَی القَمَرَ بَازِغًا قَالَ ھٰذَا رَبِّی فَلَمَّا اَفَلَ قَالَ لَئِن لَّم یَھدِنِی رَبِّی لَاَکُونَنَّ مِنَ القَومِ الضَّآلِّینَ فَلَمَّا رَاَی الشَّمسَ بَازِغَۃً قَالَ ھٰذَا رَبِّی ھٰذَا اَکبَرُ فَلَمَّا اَفَلَت قَالَ یٰقَومِ اِنِّی بَرِیٓءٌ مِّمَّا تُشرِکُونَ ۝ اِنِّی وَجَّھتُ وَجھِیَ لِلَّذِی فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضَ حَنِیفًا وَمَآ اَنَا مِنَ المُشرِکِینَ حیرت اور تردد کا جو کچھ اور جیسا کچھ پردہ دل کی آنکھوں پر پڑا ہوا ۱۸۵۷ء کے غدر نے اس کو

لہ میں نے تم کو قبروں کی زیارت سے منع کر دیا تھا تو اب میں اجازت دیتا ہوں کہ قبروں کی زیارت کیا کرو اس لئے کہ قبروں کی زیارت دل کو خوب نرم کر دیتی ہے۔ ۱۲ سلمان اور جس طرح ابراہیمؑ کے دل میں ہم نے یہ خیال پیدا کیا اسی طرح ہم ابراہیم کو آسمان و زمین کا انتظام دکھانے لگے تاکہ وہ (دلائل) یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔ تو جب اُن پر رات چھا گئی اُن کو ایک ستارہ نظر آیا (اور اُس کو دیکھ کر) لگے کہنے کہ یہی میرا پروردگار ہے۔ پھر جب وہ غروب ہو گیا تو بولے کہ غروب ہو جانے والی چیزوں کو تو میں پسند نہیں کرتا (کہ خدا مان لوں) پھر جب چاند کو دیکھا کہ چمکتا جا رہا ہے تو لگے کہنے یہی میرا پروردگار ہے۔ پھر جب (وہ بھی) غروب ہو گیا تو بولے اگر مجھ کو میرا پروردگار راہ راست نہ دکھائے گا تو میں شک میں (بھی) گمراہ لوگوں میں ہو جاؤں گا۔ پھر جب سورج کو دیکھا کہ چمکتا جا رہا ہے تو لگے کہنے کہ یہی میرا

ہٹا کر چودہ طبق روشن کر دیئے۔ یہ غدر مسلمانوں کے حق میں ایک طرح کی قیامت تھی تو جس طرح حقیقی قیامت میں ساری حقیقت کھل پڑے گی غدر کی نقلی قیامت میں **سید احمد خاں** نے بچشم سر دیکھا کہ مسلمان پس گئے مٹ گئے۔ تباہ و برباد ہو گئے ہمیشہ کے لیئے حکامِ وقت کی نظر میں بے اعتماد ٹھہر چکے اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ اب **سید احمد خاں** کی حُبِّ قومی نے اس زور سے خروج کیا جیسے کوہِ آتش فشاں سے پگھلا ہوا مادّہ نکلا کرتا ہے۔ اُنہوں نے جان و مال اور آبرو کی مطلق پروا نہ کر کے علیٰ شورش کے زمانے میں گورنمنٹ کے انتظام پر نکتہ چینی کی۔ جو شخص غدر کے حالات سے واقف ہے وہ سمجھ سکتا ہے کہ **سید احمد خاں** کا یہ فعل کسی طرح جہادِ اکبر سے کم نہ تھا۔ سید احمد خاں نے اسی پر بس نہیں کیا بلکہ گورنمنٹ کے اصول کو سمجھا اور تمام حالات پر نظر کر کے یہ نتیجہ نکالا کہ برٹش گورنمنٹ سے بہتر کوئی گورنمنٹ ہو نہیں سکتی اور ملک کی فلاح اور بہبود اسی کے ثبات اور قیام اور اطمینان کے ساتھ وابستہ ہے پس یہ گُر تھا جو سید احمد خاں نے پکڑ پایا اور پھر اس جزو ضعیف نے کوشش شروع کی کہ گورنمنٹ اور رعایا میں جو اجنبیت ہے اُس کو کسی ڈھب سے دور کر دوں اس کے بعد سے اُس نے جو کچھ کیا اور بہت کچھ کیا اور جو کچھ کہا اور بہت کچھ کہلا اور جو کچھ لکھا اور بہت کچھ لکھا سب کا ترجیع بند گورنمنٹ اور رعایا کا اتحاد اور التیام ہے۔ وہ بے شک مسلمان تھا اور سچا مسلمان تھا اور وہ "اول خویش بعدہٗ درویش" کے نیچرل رول کے مطابق اُس کی کوشش مسلمانوں کے گروہ میں محدود تھی مگر اُس کے اصولِ عام تھے اور ہندو مسلمان یکساں طور پر

بقیہ نوٹ صفحہ ۵۵ سے پھر دوگار ہو کہ یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب (وہ بھی) غرق ہو گیا تو اپنی قوم سے مخاطب ہو کر) بولے کہ بھائیو جن چیزوں کو تم شریکِ (خدا) مانتے ہو میں تو اُن سے بے تعلق محض ہوں۔ میں نے تو ایک ہی کا ہو کر اپنا رُخ اُسی ذاتِ پاک کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمان و زمین کو بنایا اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔ ۱۲ سلطان بادشاہ جب کسی شہر کو بزور فتح کر کے اُس میں داخل ہوا کرتے ہیں تو اُن کا دستور ہے کہ اُس کو خراب اور وہاں کے معزز لوگوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور (واقع میں) ایسا ہی کیا کرتے ہیں ۱۲

اُس کی نصیحتوں سے مستفید ہوتے تھے۔ اُس نے ایسے بڑے کام کا بیڑا اُٹھایا تھا جو حقیقت میں رفارمر کا نہیں بلکہ پیغمبر مؤید من اللہ کے کرنے کا تھا اور صدیوں میں کرنے کا تھا اور ضرور تھا کہ قدم قدم پر اُس کو ناکامی پیش آئے اور آتی ہی تھی۔ میں اپنی جگہ سید احمد کی نسبت کہا کرتا تھا مصرع

چہاست در سر ایں قطرۂ محال اندیش

متصل اور متواتر ناکامیوں سے اُن کا غصہ بڑھ گیا تھا وہ جل کر اپنوں کو بھی سخت بات کہہ بیٹھا کرتے تھے۔ ایک دن اپنے خیال میں محو ٹہل رہے تھے میں جا نکلا تو بار بار اُن کے مُنہ سے نکلا باجی! باجی!! میں نے کہا کیا مجکو ارشاد ہوتا ہے۔ ایک بار لال پیلی آنکھیں نکال کر کہا ہاں تم کو۔ لوگ اس بھید سے تو واقف نہ تھے بگڑ بیٹھتے تھے۔ اُنہوں نے کانگریس کو پبلک اور گورنمنٹ دونو کے حق میں مضر سمجھ کر سختی کے ساتھ مقابلہ کیا ؎

دریا بخیال خویش موجے دارد		خس پندارد کہ ایں کشاکش تا اوست	

ہندو بھائی خفا ہو گئے مگر اب کہ وامور کو بھانسی دلوایا۔ تلک کو قید کرایا۔ نا ٹو برادرز کو جلاوطن اور سڈیشن لا (قانونِ بغاوت) جاری کرادیا۔ اب سمجھے کہ ہاں وہ بڈھا مسلمان ٹھیک کہتا تھا ؎

کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ		ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا	

مگر ہندوؤں میں بھی رمز شناس تھے وہ شروع سے سید احمد کے حق میں گمانِ نیک رکھتے تھے اور اس کی تمام باتوں کو پسند کرتے تھے۔ علی گڑھ کالج کے چندہ دینے والوں کی فہرست میں ہم مہاراجہ پٹیالہ۔ مہاراجہ وزیانگرم۔ مہاراجہ بنارس جیسے روشن ضمیر غیر متعصب سرداروں کے نام دیکھتے ہیں اور اب بھی تمہارے اسی شہر کے پنڈت جنار دہن نے میموریل فنڈ میں ایک ہزار روپیہ چندہ دیا ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ ابھی بہت سے ہندو چندہ دے کر انصاف اور بے تعصبی اور انسانی ہمدردی کا پورا ثبوت دیں گے۔ افسوس تو اُن مسلمانوں پر ہے جو سید احمد کی نسبت مذہبی اشتباہات کی وجہ سے سید احمد کے جیتے جی اُس کے ساتھ مخالفت کرتے رہے

اور مرے پر سو دُرّے۔ علی گڑھ کالج کی بنچ کنی کے پیچھے پڑے ہیں اُذکُرُوا مَوتَاکُم بِالخَیرِ[۱] کسی کو سید احمد کے حق میں کوئی بُری بات کہنی زیبا نہیں۔ سید احمد سے مذہبی فرائض کے ادا کرنے میں کمی اور کوتاہی ہوتی ہوگی اور کس سے نہیں ہوتی ۵

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیر خویش		عذر بدرگاہِ خدا آوردہ	
ورنہ سزاوارِ خداوندیش		کس نہ تواند کہ بجا آوردہ	

لیکن دین کی خدمت چند در چند طرح کی ہے۔ سید احمد خاں نے جب جب موقع پایا سر بکف ہو کر اسلام کی حمایت کی۔ غدر کا حال تو سُن ہی چکے ہو۔ ڈاکٹر ہنٹر نے ایک کتاب میں لکھ مارا کہ مسلمان اسلام کی حیثیت سے برٹش گورنمنٹ کا خیر خواہ ہو نہیں سکتا۔ تمام مسلمان مُونہ میں گھنگنیاں بھر کر خاموش بیٹھے رہے کہ گویا کسی کے مُونہ میں زبان نہیں سر سید نے اس زور سے ڈاکٹر ہنٹر کی تردید کی کہ یاد ہی تو کرتے ہوں گے۔ ڈاکٹر ہنٹر تو اپنے زعم میں گورنمنٹ کو مسلمانوں کی طرف سے بدظن کر ہی چکے تھے اور اُنھوں نے نیک نیتی سے ایسا ہی سمجھا تھا مگر سید احمد خاں نے ڈاکٹر ہنٹر کی تردید کی اور گورنمنٹ کو مسلمانوں کی طرف سے بدگمان نہ ہونے دیا سر ولیم میور سید احمد خاں کے بڑے دوست تھے اُنھوں نے اپنی کتاب لائف آف محمدؐ میں اسلام پر بڑے سخت حملے کیے تھے۔ سید احمد خاں نے دندان شکن جواب دیئے۔ اب حال میں ایک عیسائی صاحب نے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر عیاشی اور شہوت پرستی کا بیہودہ اور دل آزار الزام لگایا۔ سید احمد نے مرتے مرتے اس کا جواب لکھا اور وہ جواب کالج میگزین اور شاید چودھویں صدی میں شائع ہوا۔ ہم نہیں جانتے کہ اس سے بڑھ کر اسلام کی خیر خواہی اسلام کی حمایت اور کیا ہو سکتی ہے۔ ایک بار حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ میں کچھ یوں ہی سی تکرار ہو پڑی ہر ایک اپنی دینی خدمات فخر کے طور پر بیان کرتا تھا۔ اور معلوم ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کنارِ عاطفت

[۱] اپنے مُردوں کا ذکر بھلائی کے ساتھ کیا کرو۔۔۔۱۲

میں پرورش پائی اور سن طفولیت سے اسلام لائے اور حضرت عباس تو کہیں فتح مکہ کے دن اسلام لائے ہیں خیر تو ان چچا بھتیجوں کی تکرار کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی اَجَعَلْتُمْ[۵۱] سِقَایَۃَ الْحَاجِّ وَعِمَارَۃَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ کَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَجَاھَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَا یَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰہِ ہم میں سے کوئی کسی کا محتسب نہیں اور ہو بھی تو محتسب را درون خانہ چہ کار، اور دوسرے احتساب کرے بھی تو شرط احتساب بجالائے یعنی انصاف اور میں سمجھتا ہوں کہ سید احمد کی سیئات اور حسنات کا جبر و کسر ہو کر اُس کی حسنات کا پلہ جھکتا رہے گا فَاَمَّا مَنْ[۵۲] ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُہٗ فَھُوَ فِیْ عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ ایک معتبر حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن ایسی کھلبلی پڑے گی اِنَّ[۵۳] زَلْزَلَۃَ السَّاعَۃِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ یَوْمَ تَرَوْنَھَا تَذْھَلُ کُلُّ مُرْضِعَۃٍ عَمَّا اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ کُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَھَا وَتَرَی النَّاسَ سُکَارٰی وَمَا ھُمْ بِسُکَارٰی وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیْدٌ کہ انبیا علیہم السلام بھی نفسی نفسی کہتے اُٹھیں گے مگر ہمارے پیغمبر صاحب علیہ الصلوٰۃ والسلام اُس وقت بھی اُمتی اُمتی کہتے ہوں گے۔ اُمت کا اتنا درد رکھتے تھے تب تو وہ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر، کا درجہ پایا اَلَمْ[۵۴] نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ الَّذِیْ اَنْقَضَ

---

۵۱ کیا تم لوگوں نے حاجیوں کے پانی پلانے اور (ادب و) حرمت والی مسجد (یعنی خانہ کعبہ) کے آباد رکھنے کو اُس شخص (کی خدمتوں) جیسا سمجھ لیا جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان لاتا اور اللہ کے رستے میں جہاد کرتا ہو اللہ کے نزدیک تو یہ (لوگ ایک دوسرے کے) برابر نہیں ۱۲ ۵۲ تو جن کے اعمال (نیک) تول میں زیادہ ٹھہریں گے تو وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا ۱۲ ۵۳ (کیوں کہ) قیامت کا زلزلہ ایک بڑی (سخت) مصیبت ہوگی جس دن وہ تمہارے سامنے آموجود ہوگی ہر دودھ پلانے والی (مارے ڈر کے) اپنے دودھ پیتے (بچے) کو بھول جائے گی اور جتنی حمل والیاں ہیں سب کے حمل گر پڑیں گے اور (مارے بدحواسی کے) لوگ متوالے دکھائی دیں گے۔ حالاں کہ وہ متوالے نہیں بلکہ خدا کا عذاب بڑا سخت ہے ۱۲

۵۴ (اے پیغمبر) کیا ہم نے تمہارا حوصلہ فراخ نہیں کیا (یعنی کیا) اور (اس کے علاوہ) بوجھ جس نے تمہاری کمر توڑ رکھی تھی تم پر سے اُتار دیا۔ اور تمہارے ذکر (خیر) کا آوازہ بلند کیا ۱۲

ظَهَرَ لَکَ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ اور خاتم المرسلین کہلائے۔ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَ لٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ۔ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا کی تفسیر میں تمام مفسروں نے بالاجماع لکھا ہے اور اُن کا اجماع مبنی ہے حدیث صحیح پر کہ مقام محمود سے مراد ہے مقام شفاعت۔ طبیعت ہی درد آشنا واقع ہوئی تھی کہ وہاں بھی درد کا دامن نہ چھوڑا اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اچھا تو یہی درد تھا جو سید احمد خاں نے اپنے نانا سے میراث میں پایا تھا اور یہی درد تھا جس کے لیے ہم چند آدمی اُس کے گرد تھے میں اسی درد کی وجہ سے **سید احمد خاں** کے سید مستند ہونے پر اُن کی زندگی میں حلف کرنے کو موجود تھا اور اب بھی موجود ہوں میراثِ پدر خواہی علمِ پدر آموز "میں نے غالباً علی گڑھ کی تعلیمی کانفرنس میں سید احمد خاں کی سیادت کی نسبت ان الفاظ میں اپنا خیال ظاہر کیا تھا[۵]

سیادت کا دعویٰ اور اُمت کا دشمن	ہمیں تو نہ آیا نہ آئے گا باور
اُسی باغ کو جڑ سے کاٹے اُجاڑے	کہ جو باغ ہو اُس کی میراثِ مادر

دنیا کے لوگوں کا ہمیشہ سے یہی دستور رہا ہے کہ حق کا مقابلہ کرتے آئے ہیں دوست کو دشمن خیر خواہ کو بدخواہ سمجھا کیے ہیں اَلنَّاسُ اَعْدَاءٌ لِّمَا جَھِلُوْا مگر آخر کار حق غلبہ پاتا رہا ہے **سید احمد خاں** انوکھے رفارمر نہ تھے اُن کو بھی یہی معاملہ پیش آیا۔ وہ ایک روح تھی جو ایک وقتِ مقرر کے لیے دنیا میں آئی اور **مصرع**

ہر کرا پنج روز نوبتِ اوست

---

۵۱ (لوگو!) محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں (تو زید کے کیوں ہوں) وہ تو اللہ کے رسول ہیں اور (خطوں کی مہر کی طرح سب) پیغمبروں کے آخر میں ہیں ۱۲ ۵۲ عجب نہیں کہ (اس کی برکت سے) تمہارا پروردگار (قیامت کے دن) تم کو مقام محمود میں پونہچائے ۱۲ ۵۳ اللہ اور اُس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے (رہتے) ہیں (تو) مسلمانو (تم بھی) پیغمبر پر درود اور سلام بھیجتے رہو ۱۲

۵۴ لوگ جس بات کو نہیں سمجھتے اُس کی مخالفت کیا ہی کرتے ہیں ۱۲۰

جیسا کچھ اُس کی تقدیر میں تھا بھگت کر جھیل کر چلتی ہوئی۔ ۵

دورانِ بقا چو بادِ صحرا بگزشت		تلخی و خوشی وزشت و زیبا بگزشت	
پنداشت ستمگر کہ جفا بر ما کرد		بر گردنِ او بماند و بر ما بگزشت	

اُس کی طرف سے تو رفت و گزشت ہوا مگر خدا بھی رفت و گزشت ہونے دے۔ وہ فرماتا ہے ثُمَّ[۵۱] اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ہمارے پاس کوئی ذریعہ اس بات کے جاننے کا نہیں کہ سید احمد خاں پر وہاں کیسی بنی مَنْ[۵۲] مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهٗ ۵

حالِ عدم نہ کچھ کھلا گزری ہے رفتگاں پہ کیا		کوئی حقیقت آن کر کہتا نہیں بُری بھلی	

مگر ہاں اس سے کہ وہ دل درمند رکھتا تھا اور اس سے کہ گھر گھر اُس کا ماتم ہے اور دوست دشمن اپنے بیگانے اُس کا ذکر خیر کرتے ہیں اُمید کی جاتی ہے کہ خدا نے اُس کو اپنے نیک بندوں میں لے جا داخل کیا ہوگا۔ وَذٰلِكَ[۵۳] هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ اے اہلِ پنجاب تم سید احمد خاں کے دوران باخبر نزدیک میں تھے اور اُس مرحوم کو بھی تم سے ایک خاص اُنس تھا۔ وہ سارے ہندوستان میں تم ہی کو زندہ دل کہا کرتا تھا تم نے جیتے مرے اُس کی قدر اوروں سے زیادہ اور بہت زیادہ کی اور میں اس کو تمہارے حق میں فالِ نیک سمجھتا ہوں اور اے اہلِ پنجاب تم اُس ناشاد نامراد مرنے والے کی تمنا سے بھی خوب واقف ہو اور اگر اُس کی دوستی کا دم بھرتے ہو تو اُس کی روح کو نہ ڈھاؤ نہ ترساؤ اور یاس و حرمان کے عذاب سے نہ ستاؤ وہ تم سے نہیں چاہتا کہ تم اُس کی قبر پر عالیشان گنبد بناؤ اُس کا سالانہ عرس کرو یا اُس کے پس ماندوں کی معاش کا بندوبست۔ وہ اگر کسی معاوضے کا خواہاں تھا تو اُسی معاوضے کا کہ تم دنیا میں خوش حالی اور عزت اور آبرو کے ساتھ رہو۔ وہ اپنی ذات سے عزت کے معراج الکمال پر پونہچ گیا تھا۔ وہ ذات کا سید تھا وہ سَر تھا وہ ڈاکٹر تھا وہ آنریبل تھا۔ وہ فونڈر آف کالج تھا وہ

۵۱ پھر قیامت کے دن تم (دونوں فریق) اپنے پروردگار کے روبرو (اپنے اپنے) جھگڑے (پیش) کرو گے

۵۲ جو مرا اُس کے حصے کی قیامت آچکی ۱۲ ۵۳ اور یہ صریح کامیابی ہے ۱۲

رفار مر تھا وہ مسلمانوں کا تسلیم کیا ہوا لیڈر تھا۔ کیوں تھا یا نہیں۔ وائسرائے اور لفٹنٹ گورنر اور ہندوستان کی بڑی بڑی ریاستوں کے امیر اور وزیر اُس کے مہمان ہوتے تھے۔ کیوں ہوتے تھے یا نہیں؟ وہ وائسرائے اور لفٹنٹ گورنر کی کونسل کا ممبر رہا تھا۔ کیوں رہا تھا یا نہیں؟ ہاں ہاں تھا اور تھا اور رہا تھا رہا تھا وَکَفٰی بِہٖ فَخْرًا[۵۱] اگر میں تم سے سچ کہتا ہوں ۵

راست می گویم و یزداں نہ پسند و جز راست		حرفِ ناراست سرودن روشِ اہرمن است

ازبس کہ وہ بدنام کنندۂ نیکو نامے چند۔ میں کا تھا اور باوجود اُس کے اُس کو ناز تھا کہ وہ ہم میں کا ہے اور یہ بڑی مضبوط دلیل اُس کی قومی ہمدردی کی تھی وہ اپنی عزت سے جھیپتا تھا ۵

طاؤس را بہ نقش و نگارے کہ بست خلق		تحسین کنند او خجل از پائے زشتِ خویش

وہ جوں جوں اونچا ہوتا گیا قوم کے لیئے اور قوم کے آگے جھکتا اور خم ہوتا چلا گیا ۵

مرتبہ کم حرص رفعت سے ہمارا ہو گیا		آفتاب اتنا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا

غرض وہ جوں جوں اونچا ہوتا گیا قوم کے لیئے اور قوم کے آگے جھکتا اور خم ہوتا چلا گیا۔ اس لیئے کہ اُس کے نانا کو خدا نے حکم دیا تھا وَاخْفِضْ[۵۲] جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ نانا اسی کی وصیت کر مرے تھے اور وہ اسی وصیت پر کاربند تھا۔ اُس کی ہیبت اُس کا زلزلہ اُس کا رعب و داب جو اُس کا لازمۂ ذاتی و منصبی تھا اُس سے پرے ہی پرے رہتا تھا "چو بانگِ دہل ہولم از دور بود" اُس کے پاس جاؤ تو اُس کو اخلاق کا ایسا منتر یاد تھا کہ اُس کے ساتھ مصافحہ کرنا نہیں نہیں شیک ہینڈ ہیبت کا حکم رکھتا تھا میں تو خوب دل کھول کے سید احمد خاں کے محامد بیان کرتا اور بیان کرتا تو وہ حکایتِ واقعی ہوتے اس لیئے کہ فی الواقع اُس شخص میں محامد بہت تھے اور بیان کرتا تو شاید اُس کا کچھ حق بھی ادا ہوتا۔ مگر مسلمانوں میں یہ ایک نیا روگ پیدا ہو گیا ہے کہ بزرگوں کے کارنامے سُن کر شیخی میں آجاتے ہیں۔ وہ کارنامے بیان تو اس لیئے کیئے جاتے

[۵۱] اور فخر کے اعتبار سے یہ بات بس کرتی ہے ۱۲ [۵۲] اور مسلمانوں سے گو کیسے ہی غریب ہوں ہمیشہ جھک کر ملنا ۱۲

ہیں کہ ان کی غیرت اور حمیت کو تازیانہ ہو اور ترقی کے میدان میں آگے بڑھیں مگر ان کا حال یہ ہے کہ تازیانہ کھا کر الف ہو جاتے یا اُلٹے ایڑ کرنے لگتے ہیں۔ بزرگوں کے کارنامے سننا اور ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دینا بزرگوں کو خفیف کرنا ہے۔ اگلے بزرگوں کے ساتھ تو جو کچھ کیا سو کیا۔ **سید احمد خاں** کا تو ابھی کفن بھی میلا نہیں ہوا۔ از براے خدا اُس کے ساتھ ایسا سلوک نہ کرو اور اُس کی وصیت کو پورا کر دکھاؤ۔ یونیورسٹی جو بنانی منظور ہے اس میں شک نہیں کہ بڑی لمبی چھلانگ اور بڑی اونچی اُچک ہے اور مسلمانوں کی حالت پر نظر کرتے شیخ چلّی کا منصوبہ معلوم ہوتی ہے۔ لیکن ہم کو ہاتھیوں کے ساتھ گنے کھانے پڑے ہیں یعنی کامپیٹیشن کا زمانہ ہے۔ کھانے میں پہننے میں آرام و آسایش کے سامانوں میں زندگی کی کل ضرورتوں میں۔ اور کامپیٹیشن بھی روم و فارس کے ساتھ نہیں یورپ کے ساتھ جو زندگی کی کتاب کو فرفر پڑھے چلے جا رہے ہیں اور ہم الف خالی بے کے نیچے ایک نقطہ میں پڑے ہیں یہ بات تو خدا کے ہاں سے فیصل ہو چکی ہے کہ ہم اہل یورپ کے ساتھ بے اس کے تو زمین پر رہ نہیں سکتے کہ انہیں کی طرح سائنس کو اوڑھنا بچھونا بنا لیں اور اوڑھنا بچھونا بنانے کی اگر مشین ہے تو یونیورسٹی ہے پس زمین پر رہنا ہے تو آج کے آج اور کل کے کل یونیورسٹی تو بنانی پڑے گی۔ اسی طرح شروع شروع میں **علی گڑھ کالج** بھی شیخ چلّی کا سا منصوبہ معلوم ہوتا تھا مگر ایک شخص نے اور وہ بھی غیر معمولی شخص نہیں کہ کہیں کا راجہ یا نواب یا رئیس ہا ہو بلکہ سب جج کہ اب بھی کچھ نہ ہوں گے تو ہندوستان میں اُس جیسے سیکڑوں ہوں گے اور سب جج بھی پنشن خوار۔ اور اس پر مفلس اور مفلس ہونے کے علاوہ قرض دار کہ جو کچھ اثاثہ تھا بیچ باچ کر بیٹوں کی تعلیم میں خرچ کر کے پنشن کی گنی بونٹی پنے شوربے پر گزران کرتا تھا۔ ایسے ایک شخص نے کمر ہمت چست باندھی تو علی گڈھ کالج کو ۲۰ برس کے عرصے میں ایسا کر دیا کہ آج ہندوستان کا کوئی کالج عمارت میں کالج اسٹاف کی اعلیٰ ترین لیاقت میں حسن انتظام میں اُس کو لگا نہیں کھاتا۔ **سید احمد خاں** میں کوئی کرامت نہ تھی اور ہوتی کہاں سے وہ کرامت تو کرامت معجزے تک کا تو قائل تھا ہی

نہیں اُس کی کرامت سمجھو خرقِ عادت سمجھو بس یہ تھی کہ قوم نے اُس کو دھکے دیئے بُرا کہا پر وہ بھی ایسا پلٹنے والا تھا کہ قوم ہی کا دامن نہ چھوڑا۔ تو اے قوم تیرا دامن پکڑنے والا یہ کچھ کر دکھائے تو اگر خود آمادہ ہو مگر دل سے تو یونیورسٹی کا کھڑا کر دینا کون سی بڑی بات ہے۔ اب وہ مزاحمتیں بھی باقی نہیں جو **سید احمد خاں** کو جھیلنی پڑی تھیں اُس کے ابتدائی زمانہ میں تو مسلمانوں کا یہ حال تھا کہ انگریزی کا نام لیا اور کافر ہوا۔ یا اب یہ رنگ ہے کہ لڑکے کو بولنا بات کرنا آیا اور کان پکڑ مشن سکول پونچایا۔ یونیورسٹی کے رستے میں بڑا سنگِ سخت مسلمانوں کی بے مقدرتی کا ہے مگر ہم تو اس کے قائل نہیں مقدور ایک امر اضافی ہے اس میں شک نہیں کہ دوسری قوموں کے مقابلے میں مسلمان بے دولت ہیں مگر پھر بھی کھاتے ہیں پیتے ہیں شادی بیاہ تیرتہوار سیر تماشے میلے ٹھیلے کیا نہیں کرتے ان فضولیات سے ہاتھ روکیں آپس کی مَن و تو چھوڑ دیں۔ تعلیم کو شرطِ زندگی اور مصرفِ خیر سمجھیں اور روپیے سے لے کر کوڑیوں تک جو جس سے بن پڑے جی کڑا کر کے دے نکلیں تو ۹۸ء تو نہیں انگریزی اُنیسویں صدی کے ختم ہونے سے پہلے پہلے یونیورسٹی کا قائم کر دینا میرا تو کیا اعتبار کرو گے نواب **محسن الملک** کے ذمے خان بہادر برکت علی خاں کے ذمے سردار محمد حیات خاں کے ذمے۔ صاحبو! حامی بھرو کہ گانٹھیں کھل چلیں۔ میں نے یونیورسٹی کے رستے میں مسلمانوں کی بے مقدرتی کو سنگِ سخت کہا۔ اس سنگِ سخت کے علاوہ کچھ روڑے بھی ہیں ازاں جملہ ایک روڑا **سید احمد خاں** کے متعلق کا ہے اُن کو تو یہ خوشی کہاں نصیب تھی کہ وہ مسلمانوں کی یونیورسٹی کو دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرتے لیکن اگر یونیورسٹی اُن کے جیتے جی بن بھی گئی ہوتی تو وہ مرحوم کیا یونیورسٹی کو لے کر چاٹتے مگر اُن کا بھی قصور ہے کہ بیٹھے بٹھائے سب سے پہلے کیوں اُن کو یونیورسٹی کا خبط اُچھلا۔ ہم مسلمانوں میں ہم بدبخت بدقسمت بدنصیب مسلمانوں میں ابھی تک ایسے بھی ہیں اور افسوس ہے کہ کثرت ہیں جو شاید سمجھانے سے یونیورسٹی کی ضرورت کو تسلیم بھی کریں مگر سید احمد کے نام سے ضرور بدکیں گے۔ کَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ[۵]

[۵] گویا وہ گدھے ہیں جو شیر سے بدک کر بھاگیں۔ ۱۲

اس میں شک نہیں کہ سید احمد خاں کے بعض معتقداتِ مذہبی جمہور مسلمین کے معتقدات سے مغائر بلکہ مخالف تھے مگر میں نہیں سمجھتا کہ اختلافِ عقائد کو علی گڑھ کالج یا یونیورسٹی میں کیا دخل ہو سکتا ہے۔ نہ صرف میں بلکہ سید احمد خاں کے اور بہت دوست بلکہ اُن کے بعض حواری بھی اُن کے بعض معتقدات کو نہیں مانتے تھے اور میں ہمیشہ مجامع عام میں اپنی طرف سے اس کا اعلان کرتا رہا ہوں اور میری تحریریں اور میرے لکچر اس کے گواہ ہیں مگر ہم میں سے کسی نے ایک لمحہ کے لیئے بھی سید احمد خاں کے اسلام میں شبہ نہیں کیا اور جو شخص فقہ اور تفسیر سے واقف ہے وہ خوب جانتا ہے کہ ایسے اختلافات شروع سے ہوتے چلے آئے ہیں بجائے اس کے کہ اختلاف کو بُرا سمجھیں ہم تو اس کو مسلمانوں کے حق میں رحمت سمجھتے ہیں اِخْتِلَافُ الْعُلَمَاءِ رَحْمَةٌ اختلاف کا ضروری نتیجہ ہے وسعت اور آسانی۔ اختلاف ہی سے تو حنفی۔ شافعی حنبلی۔ مالکیوں کے چار گروہ پیدا ہوئے اور چاروں بالاجماع مسلمان ہیں کوئی ایک دوسرے کو کافر نہیں کہہ سکتا سید احمد خاں نے ایسا کیا کسی کا باپ مارا ہے کہ وہ کافر اُس کا علی گڑھ کالج کافر۔ اُس کا تہذیب الاخلاق کافر۔ اُس کا کانفرنس کافر۔ اُسکے مُلاقاتی کافر۔ اُس کی مجوزہ یونیورسٹی موجود ہونے سے پہلے کافر۔ ایک اور بات سمجھ میں نہیں آتی کہ ہر ایک مسلمان جو نماز پڑھتا ہے درود کے دوسرے فضائل کو جانے دو نماز میں تو درود ضرور پڑھتا ہوگا۔ یوں تو درود سینکڑوں ہیں مگر درود کا جزو اعظم ہوا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ آلِ محمد سے مراد ہے پیغمبر صاحب کی نسل یعنی سادات و منتہم سید احمد تو جو لوگ سید احمد کو بُرا جانتے اور بُرا کہتے ہیں چاہیئے کہ درود میں سے سید احمد کو مستثنیٰ کر دیا کریں اور بجائے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ کے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ اِلَّا سَيِّدَ اَحْمَدَ پڑھا کریں یا سید احمد کو بُرا نہ کہیں۔ اُسی زبان سے درود بھیجنا اور اُسی زبان سے لعنت کرنا۔ کچھ بھی ہو یونیورسٹی کی طرف سے ہماری چھاتی ٹھکی ہوئی ہے دو سبب سے۔ ایک تو اہلِ پنجاب کی زندہ دلی اور دوسرے یہ کہ یونیورسٹی کا بیڑا نواب محسن الملک مولوی مہدی علی خاں بہادر نے اُٹھایا ہے۔ وہ سماں میری آنکھوں میں پھر رہا ہے کہ عرب کا ایک شاہ

اپنی قوم کی مدح میں کہہ رہا ہے ؎

اِذَا مَاتَ مِنَّا سَیِّدٌ قَامَ سَیِّدٌ	قَوْلٌ لِمَا قَالَ الْکِرَامُ فَعُوْلُ

ایک مسئلہ اور بھی صراحت طلب ہے کہ پنجاب میں ایک تعلیمی انسٹیٹوشن انجمن حمایتِ اسلام بھی ہے جس نے بڑی نمایاں ترقی کی ہے اور بہت مفید کام کر رہی ہے۔ بعض کوتاہ اندیشوں نے انجمن کو علی گڑھ کالج کا مدِ مقابل قرار دے کر چاہا کہ دونوں کو لڑا ماریں اور وہ بیل جھینگے کو نگل لے مگر سرسید جو قومی تعلیم کے دل دادہ تھے اور بے تخصیصِ مقام سب کے خیر خواہ دفع وخل مقدر کے لیئے دوڑے دوڑے اگرچہ انجمن کی بدنصیبی سے سرسید زحمتِ سفر کے متحمل نہ ہو کر بہ نفسِ نفیس انجمن کے جلسہ سالانہ میں شریک نہ ہو سکے جس غرض سے وہ تشریف لائے تھے مگر نواب محسن الملک بہادر نے اپنی اور نیز اُن کی طرف سے انجمن کی محنت کی داد دی اور ممبرانِ انجمن کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اَب موقع پر کوئی صاحب ایسا نہ سمجھیں کہ میموریل فنڈ اور یونیورسٹی علیگڑھ یونیورسٹی کے نام سے انجمن کے حقوق غصب کیئے جاتے ہیں۔ میموریل فنڈ اور یونیورسٹی علیگڑھ کالج کے فروع ہیں اور میں ایک بار علی رؤس الاشہاد کہہ چکا ہوں کہ علی گڑھ کالج میری دائیں آنکھ ہے تو اسلامیہ کالج میری بائیں۔ میرے دونوں بیٹے۔ اب بھی میں اسی بات کا اعادہ کرتا ہوں دونوں کو سسٹر انسٹیٹوشنز سمجھتا اور دونوں گھر آباد چاہتا ہوں منزلِ مقصود ایک ہے اور علی گڑھ کالج اور اسلامیہ کالج اُس تک پہونچنے کے دو رستے۔ اسلامیہ کالج اپنے رستے کا پہلا پڑاؤ ہے اور علی گڑھ کالج اپنے رستے کا شاہدا خیر پڑاؤ۔ ہم کو دونوں رستوں کی خبر رکھنی ہے۔ اور دونوں کے مسافروں کو منزلِ مقصود پر پہونچانا ہے۔

لہ ہم لوگوں میں جب کوئی سردار مرجاتا ہے تو اُس کی جگہ دوسرا سردار کھڑا ہو جاتا ہے اور وہ سرداروں ہی کی سی باتیں اور انھیں کے سے کام کرنے لگتا ہے ۱۲ سے دونوں کالج انہیں ہیں ۱۲

چھتیسواں لکچر

جو

ایجوکیشنل کانفرنس کے چودھویں سالانہ جلسے میں بمقام لاہور ۱۸۹۸ء کو دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُذْکُرُوْا مَوْتٰکُمْ بِالْخَیْرِ[۵۱]

کانفرنس۔ بدبخت۔ بدنصیب بدقسمت کانفرنس کا یہ پہلا اجلاس ہے جس میں اس کا بانی اس کا موجد۔ اس کی جان اس کی روح و رواں۔ سرسید شریک نہیں۔ ہم تو اُس مرحوم کے شریک نہ ہونے کا افسوس کرتے ہیں مگر اُس کو تعلیم کے کاموں کے ساتھ ایسا شغف اور مسلمانوں کے ساتھ ایسا عشق تھا کہ اُس کی روح بشرطیکہ روح کو جسد سے مفارقت کیے پیچھے دُنیا سے کسی طرح کا تعلق باقی رہتا اور اُس کو دنیا کے واقعات سے آگہی ہوتی ہو اور اپنا تو معتقد یہی ہے کہ دنیا سے بھی تعلق باقی رہتا اور واقعات سے بھی آگاہی ہوتی ہے۔ بہرکیف اُس کی روح کانفرنس کے اجتماع اور اُس کی یاد سے کچھ نہ کچھ تو خوش ضرور ہوگی۔ کچھ نہ کچھ میں نے اس لیے کہا کہ اُس کی پوری خوشی تو تب ہو کہ کانفرنس یونیورسٹی بنا کر اُٹھے جس کا اُس کو ساری عُمر ارمان رہا۔ میں کبھی خیال کرتا ہوں کہ اسلامی عقائد کے مطابق قبر میں رکھتے کے ساتھ منکر نکیر اور سید احمد خاں میں ضرور سوال و جواب ہوئے ہوں گے۔ نکیرین نے مَنْ رَّبُّکَ وَمَا دِیْنُکَ[۵۲] پوچھا ہوگا سوال تو معلوم ہیں۔ رہے جواب سو مَنْ رَّبُّکَ ایسا سوال ہے کہ مسلمان کا بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اُس کے کان میں اذان دی جاتی ہے اور پہلی آواز جو اُس کو سُنائی جاتی ہے اللہ اکبر کی آواز ہے۔ پھر وہ ساری عمر اس کو رٹتا رہتا ہے اور مَنْ رَّبُّکَ کا جواب ایسا اُس کے ذہن نشین ہو جاتا ہے کہ کوئی اُس سے سوتے ہوئے سے بھی پوچھ بیٹھے تو وہ بے تکان رَبِّیَ اللّٰہُ[۵۳] بول اُٹھے گا یہ تو

---

[۵۱] اپنے مردوں کو نیکی سے یاد کرو ۱۲ [۵۲] تیرا پروردگار کون ہے اور تیرا دین کیا ہے؟ ۱۲ [۵۳] میرا پروردگار اللہ ہے ۱۲

عام مسلمانوں کا حال ہو جن کا ایمان علی الاکثر تقلیدی ہوتا ہو اور اُن کو تقلید سے چارہ نہیں اور سرسیّد تو مجتہد مسلمان تھے اور اُن کا ایمان استدلالی ایمان تھا تو نکیرین کو اُنھوں نے بڑے وثوق کے ساتھ جواب دیا ہوگا اور جواب بھی دیا ہوگا تو باصواب وہی جو یعقوب کو اُن کے بیٹوں نے دیا تھا اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ دوسرا سوال مَا دِيْنُكَ ہر چند پہلے سوال پر متفرع اور ایک اعتبار سے اُس کا لازمی نتیجہ ہو اور جو پہلے سوال مَنْ رَّبُّكَ کا جواب صحیح دے۔ اس دوسرے سوال کے جواب میں غلطی کر نہیں سکتا مگر پھر بھی اس کے الفاظ دوسرے ہیں اور اس سے مراد ہو عَلٰٓى اَيِّ شَرِيْعَةٍ اَنْتَ یا مَا طَرِيْقُ عَمَلِكَ اگرچہ معلوم نہیں کہ سرسیّد نے اِس کا کیا جواب دیا ہوگا ؎

حالِ عدم نہ کچھ کھلا گزری ہو رفتگاں پہ کیا		کوئی حقیقت آن کر کہتا نہیں بُری بھلی

لیکن موت بھی ایک طرح کی نیند ہو اَلنَّوْمُ اَخُو الْمَوْتِ اور نیند کا حال یہ ہو کہ آدمی جو کچھ بیداری میں دیکھتا ہو وہی واقعات اُس کو بعینہا تو نہیں مگر کچھ رد و بدل ہو کر خواب میں بھی دکھائی دیا کرتے ہیں۔ پس اگر موت کو نیند پر قیاس کریں تو جیسے خیالات کسی کے زندگی میں رہے ہوں گے قبر میں نکیرین کو جواب دیتے وقت وہی خیالات اُس کے سامنے آموجود ہوں گے اور اُن ہی خیالات کے مطابق وہ نکیرین کو جواب دے گا۔ ایک بار صحابہ رضوان اللہ علیہم نے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ جناب جب دوزخی اور جنتی ہونا پہلے سے

۵۱ (اے یہود) بھلا کیا تم اُس وقت موجود تھے جب یعقوب کے سامنے موت آ کھڑی ہوئی (اور) اُس وقت اُنھوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا کہ میرے (مرنے) پیچھے کس کی عبادت کرو گے اُنھوں نے جواب دیا کہ آپ کے معبود اور ابراہیم اور اسمٰعیل اسحٰق آپ کے باپ دادوں کے معبود خدائے واحد کی عبادت کریں گے اور ہم اُسی کے فرماں بردار ہیں ۱۲

۵۲ تو کس شریعت پر ہو؟ ۱۲ ۵۳ تیرا طریق عمل کیا ہو۔ ۱۲ ۵۴ نیند موت کا بھائی ہو ۱۲

تقدیر میں لکھا جا چکا ہو تو عمل سے کیا مفاد۔ فرمایا نہیں عمل کیے جاؤ۔ کُلٌّ مُّیَسَّرٌ لِّمَا خُلِقَ لَہٗ یعنی دوزخ اور جنت جس کے لیے جو پیدا کیا گیا ہو اُسی کی اُس کو توفیق دی جاتی ہو یعنی اچھے بُرے عملوں سے اچھی بُری عاقبت پہچانی جاتی ہو اور اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ کا ہو یہی مطلب اگر خیالات پیچیدہ میں اور ضرور سچے ہیں تو سید احمد خاں نے مادیات کے جواب میں ضرور دِینِیْ حُبُّ الْقَوْمِ یا تَعْلِیْمُ الْقَوْمِ کہا ہوگا۔ قوم اور قومی محبت اور قومی ہمدردی اور قومی خیرخواہی اور اسی قسم کے دوسرے الفاظ کچھ شک نہیں کہ ہماری زبان کے الفاظ ہیں اور ان الفاظ کا ہونا دلالت کرتا ہو کہ ان کا مصداق بھی ہمارے ہاں تھا ورنہ یہ الفاظ کیوں وضع کیے جاتے ایک۔ دوسرے ہم مسلمانوں میں قومی محبت اور قومی ہمدردی اور قومی خیرخواہی نہ ہوتی تو ہمارا جدید گروہ کیسے کھڑا ہو گیا یا دش بخیر قرون اولیٰ کے مسلمانوں نے ایسی عجلت کے ساتھ کہ جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں پائی جاتی اسلامی زبردست سلطنت کیسے قایم کی اور صدہا برس تک اُسے شان و شوکت کے ساتھ کیسے چلایا سچ پوچھو تو اسلامی عمارت کی بنیاد قومی محبت پر ہی یہ عقلی نتیجے نہیں ہیں واقعات نفس الامری ہیں اور قرآن سے ان کی تصدیق ہوتی ہی۔ فرمایا ہی۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖٓ اِخْوَانًا اور اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْھَبَ رِیْحُکُمْ اور ھُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ

---

۵۱ جو شخص جس انجام کے لیے پیدا کیا گیا ہو اُسی کی اُس کو توفیق دی جاتی ہو۔ ۱۲ ۵۲ دنیا آخرت کی کھیتی ہو۔ ۱۲

۵۳ اور سب مل کر خوب مضبوطی سے اللہ کا ذریعہ پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہونا اور اللہ کا وہ احسان یاد کرو جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے پھر اللہ نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کی اور تم اُس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے۔ ۱۲ ۵۴ اور اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ (آپس میں جھگڑا کرنے سے) تم ہمت ہار دو گے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے گی۔ ۱۲ ۵۵ (اے پیغمبر) وہی (ذات پاک ہو) جس نے اپنی امداد سے اور مسلمانوں سے تم کو قوت دی اور مسلمانوں کے دلوں میں باہم الفت پیدا کر دی۔ اگر تم روئے زمین کے سارے خزانے بھی صرف کر ڈالتے تو بھی ان کے دلوں میں الفت نہ پیدا کر سکتے مگر (وہ تو) اللہ (ہی تھا جس) نے ان لوگوں میں الفت پیدا کر دی۔ ۱۲

بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ اور اِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ اِخْوَةٌ[۵۱] ایک قومی محبت تو وہ تھی کہ اوس اور خزرج کے قبیلوں میں سینکڑوں برس سے قلبی عداوت چلی آتی تھی اور فریقین میں سے ہزاروں کا خون ہو چکا تھا۔ اِسلامی اخوت نے ایک دم سے سب کو گویا گزرا ہوا کر دیا اور ایک قومی محبت اب ہے کہ خانگی خرخشوں کے علاوہ خود اسلام تفرقہ اندازی کر رہا ہے تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ[۵۲] غرض قومی محبت قومی ہمدردی۔ قومی خیر خواہی مسلمانوں میں تھی ضرور تھی اور اعلیٰ درجے کی تھی مگر شروع شروع کے مسلمانوں میں۔ پھر اس میں یوماً فیوماً کمی ہوتی گئی اور اُسی نسبت سے دنیا و دین دونوں تباہ اور برباد ہوتے گئے میری تو اتنی عمر ہونے آئی طفلی کیا جوانی میں بھی الفاظ قوم اور قومی محبت وغیرہ تحریر و تقریر میں نہ دیکھے نہ سنے یہ الفاظ ہمارے یہاں بالکل مہجور و متروک ہو چلے تھے۔ پہلا شخص جس نے اِن الفاظ کو زندہ کیا۔ اور اِن الفاظ کو کیا زندہ کیا اسلام کی شرطِ ضروری کو زندہ کیا **سید احمد خاں** تھا اور زندہ بھی کیا تو ایسا کہ اب ہم سب کے تکیۂ کلام ہیں۔ یہ الفاظ ہمارے تو تکیۂ کلام ہیں اور سید احمد خاں کا تو دین و ایمان اور نماز اور روزہ اور وظیفہ سب یہی الفاظ تھے تو سید احمد خاں نے مَا دِينُكَ کے جواب میں ضرور دِينِي حُبُّ الْقَوْمِ یا تَعْلِيمُ الْقَوْمِ کہا ہوگا۔ عام مسلمان جو اکثر لکیر کے فقیر ہوتے ہیں **سید احمد خاں** کے جواب دِينِي حُبُّ الْقَوْمِ یا تَعْلِيمُ الْقَوْمِ کو ہرگز جواب باصواب نہیں مانیں گے مگر جن کو دین کی سمجھ دی گئی ہو وہ سمجھیں گے کہ سید احمد خاں کا یہ جواب اُن کے جدِ امجد صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمَّتِي اُمَّتِي سے ملتا ہوا ہے کہ قیامت میں کل آدمی یہاں تک کہ انبیاء علیہم السلام نَفْسِي نَفْسِي کہتے ہوں گے اور ہمارے پیغمبر صاحب سید احمد خاں کے جدِ امجد اُمَّتِي اُمَّتِي **مصرع**

---

[۵۱] مسلمان تو بس (آپس میں بھائی) بھائی ہیں ۱۲ [۵۲] تو (ان کا ظاہر حال دیکھے تو) ان کو سمجھے کہ سب ایک ہیں حالاں کہ اُن کے دل (ایک دوسرے سے) پھٹے ہوئے ہیں۔ ۱۲

ایں خانہ تمام آفتاب است

قومی محبت کے بہت سے پیرائے ہیں لیکن جو پیرائے ہم مسلمانوں میں مروج ہیں اول تو میں اُن کو سرے سے قومی محبت ہی نہیں سمجھتا وہ سب شخصی محبتیں ہیں لیکن اگر ان کو قومی محبت ہی سمجھا جائے تو بھی از قبیل علاج مرض ہیں اور تعلیم القوم سدِ مرض۔ اور وہ انگریزی مثل تو آپ صاحبوں نے سُنی ہی ہوگی پریونشن از بیٹر دین کیور۔ فرداً فرداً لوگوں کی حاجتوں اور ضرورتوں پر نظر کی جائے تو خاص کر مسلمان طرح طرح کی تکلیفوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہیں تا بحدے کہ ان کی ایذاؤں کے اقسام کا ضبط کرنا دشوار ہے لیکن ہم ان جزئیات سے ایک مفہوم کلی پیدا کرنا چاہیں تو آخر کو یہ بات جا کر ٹھہرتی ہے کہ ساری خرابیاں ایک تعلیم کے نہ ہونے سے پیدا ہوئی ہیں۔ مگر کون سی تعلیم۔ نہ وہ تعلیم جو انگریزی عملداری سے پہلے ہم لوگوں میں مروج تھی۔ وہ تعلیم اگر کسی کام کی ہوتی تو ہم اس روز بد ہی کو کیوں پونہچتے۔ اور نہ یہ تعلیم جو اب گورمنٹ کی نگرانی میں ہو رہی ہے۔ اس تعلیم کا منتہی العلم تو میں تک ہے کہ برسوں رٹ کر امتحان پاس کیے۔ ہزار میں سے دو چار وہ بھی شاید بی۔ اے ایم۔ اے۔ ہوئے۔ کوئی تو امتحانوں کی جنتری میں نکلتے نکلتے چیں بول گئے۔ کوئی گراں جاں ہوا اور اُس کا دل و دماغ ان زحمتوں پر صحیح رہا تو وہ نوکری کی جستجو میں دربدر مارا مارا پھرنے لگا۔ بخت و اتفاق سے کلارک شپ مل گئی اب بیٹھے فگرز (ہندسے) جوڑ رہے ہیں۔ یا فائل (مثل) میں کاغذ شامل کر رہے ہیں جب تک دو چار شیٹ (تختے) کاغذ مال مفت دل بے رحم ضائع نہ کرلیں معمولی ڈاکٹ (مراسلے) کا جواب نہیں لکھا جاتا۔ اور اگر اس تعلیم کی بدولت کوئی اِکا دُکا اچھی خدمت پر بھی پونچ گیا تو اُس کو قومی فلاح قومی بہبود اور قومی ترقی نہیں کہہ سکتے۔ ہم تو ایسی تعلیموں کے قائل ہیں نہیں۔ ہم تعلیم یافتہ اور مفلس؟ ہم تعلیم یافتہ اور مبتذل نوکریوں کے طلبگار؟ ہم تعلیم یافتہ اور سوئی پچک اور

لہ مرض کا روک دینا اُس کے علاج سے بہتر ہے۔ ۱۲

دیا سلائی اور چھری اور چاقو یعنی کل ضروریاتِ زندگی کے لیئے یورپ کے دست نگر؟ ہم تعلیم یافتہ اور کم ہمت۔ گھر گھسنے۔ کاہل ڈرپوک؟ ہم تعلیم یافتہ اور زمین و آسمان کے اگلے پچھلے واقعات اور حالات سے بے خبر اور کسی سے کسی بات میں ہیٹے؟ ہم تعلیم یافتہ اور آفاتِ ارضی و سماوی طاعون اور قحط اور زلازل کے ہدف؟ ہم تعلیم یافتہ اور بودے۔ کمزور ناتواں؟ ہم تعلیم یافتہ اور ہمارا اوسط عمر گھٹا ہوا؟ ہم تعلیم یافتہ اور آپس کے جھگڑے ہم تعلیم یافتہ اور مذہب میں تشکک اور تقلد؟ ہم تعلیم یافتہ اور برٹش گورمنٹ کی برکات کے قدر ناشناس؟ کچھ معلوم ہو کہ انسان کس لیئے پیدا کیا گیا ہے۔ اس لیئے پیدا کیا گیا ہو کہ روئے زمین پر خدا کا خلیفہ اور نائب ہو کر رہے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً[1] یا بعبارتِ دیگر خدا نہیں تو خدا کے سے اختیارات عمل میں لائے۔ اور واقع میں انسان کو عقل کا ایسا وزیر باتدبیر دیا گیا ہے کہ اُس سے مدد لے اور اُس سے صلاح لے تو وہ اپنے اختیارات کامل طور پر نافذ کر سکتا ہے۔ اور جو کچھ بھی آدمی نے دنیا میں کیا ہے اور کر رہا ہے اور کرے گا اسی وزیر کی مدد اور صلاح سے کیا ہے اور کر رہا ہے اور کرے گا۔ اب ہم خدا اور اُس کی خلافت یا نیابت اور اُس کی قدرت کو اپنے حال سے منطبق کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ ہم بڑے نالائق خلیفہ اور نائب ہیں۔ کودن۔ جاہل۔ ہم کو بنایا خلیفہ اور ہم ہو گئے خفیفہ۔ اس لیئے کہ ہم کو عقل یعنی تعلیم نہیں۔ اور جن کو ہے جیسے فی زمانہ اہلِ یورپ وہ ایک طرح کی خدائی یعنی حکمرانی کر رہے ہیں نہ صرف اپنے ابنائے جنس پر بلکہ آب و خاک باد و آتش عناصر پر۔ سیٹم پر۔ برقی وغیرہ تمام قوتوں پر یعنی نیچر پر۔ اچھا تو وہ تعلیم۔ وہ اعلیٰ درجے کی تعلیم جو ہم کو خلافتِ الٰہی کے شایاں بنائے ہم کو حاصل ہو تو کیوں کر ہو۔ وہ حاصل ہو اسی یونیورسٹی سے جس کی فکر میں سرسید احمد خاں تھے ع فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست" بہت

[1] اور (اے پیغمبر ان لوگوں سے اُس وقت کا تذکرہ کرو جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں اپنا (ایک) نائب بنانے والا ہوں ۱۲

لوگ ایسا سمجھا کیے اور غالباً اب بھی سمجھتے ہوں گے کہ سید احمد خاں کا مقصود اصلی علی گڑھ کالج کا بنانا تھا۔ جو لوگ ایسا سمجھتے ہیں اُنھوں نے حقیقت میں سید احمد خاں کو نہیں سمجھا۔ جو لوگ سید احمد خاں کو سمجھتے تھے وہ یہ بھی خوب سمجھتے تھے کہ سید احمد خاں اس تعلیم کو جو انگریزی کالجوں اور اسکولوں میں ہو رہی ہو مسلمانوں کی اصلاحِ حالت کے لیے ہرگز کافی نہیں سمجھتے۔ لیکن مشکل یہ آکر پڑی تھی کہ جیسی اعلیٰ درجے کی تعلیم سید احمد خاں مسلمانوں کو دلانی چاہتے تھے حالاتِ موجودہ پر نظر کرتے ہوئے اُس کے سامان کا مہیا کرنا کچھ آسان نہ تھا اور اے کاش اتنا ہی ہوتا کہ آسان نہ تھا ؎

ملنا ترا اگر نہیں آساں تو سہل ہو		دشوار تو یہی ہو کہ دشوار بھی نہیں	

سامان باتوں سے مہیا نہیں ہوتا اس کو چاہیے مشوف معلم ابیض صیاح بلکہ صفراء فاقع لونھا تسر الناظرین غرض ہر پھر کر بات آکر ٹھہری روپیے پر کہ روپیہ کہاں سے آئے۔ آئے مسلمانوں سے جن کو یونیورسٹی کی ضرورت ہو ؎ .

نہ خارد کسے جز سرانگشتِ من		بوقتِ فسردماندگی پشتِ من	

سو ہم مسلمان تقدیر پر شاکر توکل پر قانع سیلف ہیلپ کیا جانیں۔ یہ نہیں کہ ہم تنگ دل ہیں اور روپیہ کو عزیز رکھتے ہیں بلکہ مال و دولت کے تعلق سے ہم مسلمان اُلٹے اسراف و تبذیر میں بدنام ہیں اور اسی اسراف و تبذیر کے تو آب خمیازے ہم کو بھگتنے پڑے ہیں۔ اگر اپنی سلطنت کے زمانے میں ہم نے دولت جمع کر رکھی ہوتی تو دس لاکھ روپے کے لیے کیوں ایک ایک کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھرتے۔ سر سید میموریل فنڈ میں عیسائیوں اور ہندوؤں نے بھی مدد کی ہو۔ اور ہم اُن کے ممنونِ احسان ہیں مگر اپنی جگہ خوش نہیں۔ ؎

حقا کہ با عقوبتِ دوزخ برابر است		رفتن بپائے مردمِ ہمسایہ در بہشت	

اسی خیال کو ایک ریختہ گو نے بھی لیا ہو۔ اور وہ کہتا ہو ؎

لہ زرد (اور اُس کا رنگ خوب گہرا ہو) دیکھنے والوں کو بھلی لگے ۱۲ سہ اپنی مدد آپ کرنا۔ ۱۲

نہ پکڑیں دامنِ الیاس گر وابِ بلا میں ہم	کہ بدتر ڈوب کے مرنے سے ہے جینا سہارے کا

اَب میموریل فنڈ کمیٹی ضرورت اور غیرت کی کشمکش میں پڑی ہے نہ رُوکرتے بن پڑتا ہے اور نہ رکھتے بن پڑتا ہے ۵

قَوْمِیْ هُمُ قَتَلُوْا اُمَیْمَ اَخِیْ	فَاِذَا رَمَیْتُ یُصِیْبُنِیْ سَهْمِیْ
فَلَئِنْ عَفَوْتُ لَاَعْفُوَنَّ جَلَلًا	وَلَئِنْ سَطَوْتُ لَاَوْهِنَنَّ عَظْمِیْ

اگرچہ بھیک کمیٹی مانگتی ہے مگر از بسکہ قوم کے لیے مانگتی ہے حقیقت میں مسلمان مانگتے ہیں مگر کمیٹی کی آڑ میں۔ سو خیر الحمد للہ خدا نے ابھی تک تو اتنا پردہ ڈھکا رکھا ہے۔ ہم کو تو وہ دن دکھائی دے رہا ہے کہ خدانخواستہ یونیورسٹی کھڑی نہ ہوئی تو مسلمانوں کی نسلیں مُونہ پھوڑ کر بھیک مانگتی پھریں گی۔ غرض مسلمانوں نے کمائی کے دنوں میں تو روپیہ رکھنہ جانا اور روپیہ کی ضرورت آکر پڑی تو کمانہ جانا۔ جب اسراف کسی شخص یا کسی قوم کے خصائل میں ہوتا ہے تو اُس کا رنگ جا اور بے جا سبھی طرح کے خرچوں میں جھلکتا ہوتا ہے چنانچہ مصارفِ خیر میں بھی مسلمانوں کی فیاضی کی یادگاریں۔ ان کی مسجدیں۔ اِن کے مقبرے ان کے گنبد۔ ان کے مدرسے۔ ان کی خانقاہیں۔ ان کی سرائیں۔ ان کے پُل۔ ان کی نہریں۔ ابھی تک جگہ جگہ موجود ہیں تعلیمی چندوں میں جو ان کی طرف سے بخل اور مضایقہ ہوتا ہے تو اُس کے چند در چند سبب ہیں۔ لوگوں سے پوچھو تو وہ سب سے پہلے بے مقدرتی کا عذر پیش کریں گے۔ مگر میں نے کبھی اس کو ایک لمحہ کے لیے بھی تسلیم نہیں کیا اور نہ اب تسلیم کرتا ہوں۔ بے شک بِالْاِضَافَۃِ اِلٰی اَقْوَامِ آخر مسلمان مِنْ حَیْثُ اِنَّهُمْ قُوَّۃٌ کم بلکہ بہت کم مقدرت رکھتے ہیں لیکن بے مقدرتی کا اثر آخر میں مجموعے پر ظاہر ہونا چاہیئے یعنی جس سے جتنا ہو سکے دے اور پھر بھی رقم مجموع بقدرِ کافی جمع نہ ہو تو معلوم ہو کہ قومی بے مقدرتی کا روڑا گاڑی کو نہیں چلنے دیتا

۵ ای۔ ایسمہ میرے بھائی کو میری ہی قوم نے قتل کیا ہے تو اب اگر میں اُن پر تیر چلاتا ہوں تو اُلٹا مجھ ہی پر آتا ہے۔ پس اگر میں معاف کروں تو بڑے بھاری قصور کو معاف کروں گا اور اگر حملہ کروں تو اپنی ہڈیوں کو بودا کر لوں گا۔ ۱۲

وَاِذْ لَمْ یَکُنْ فَلَیْسَ[۵۱] - اچھا قومی بے مقدر فی تعلیمی چندوں کے جمع نہ ہونے کا سبب نہیں تو پھر کیا سبب ہے؟ ہاں تو ایک سبب نہیں کئی سبب ہیں - ایک تو یہ کہ ہم کو مجتمع ہو کر کسی کام کے کرنے کی عادت نہیں - کسی کے دل میں کسی کام کے کرنے کا تقاضا پیدا بھی ہوا تو اگر اُس سے اکیلے کرتے بن پڑا کر گزرا اور نہ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھ رہا مثلاً کسی نے کسی مولوی صاحب کے وعظ میں سُن پایا کہ مسجد کا بنانا بڑے ثواب کا کام ہے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے مَنْ بَنٰی لِلّٰہِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ کہ جو کوئی خدا کی عبادت کے لیئے مسجد بنائے گا خدا اُس کے لیئے جنت میں گھر بنوا رکھے گا - اب اُس کو مسجد کے بنانے کا خیال آیا مگر فرض کرو کہ اُس غریب کو صرف ڈیڑھ اینٹ کا مقدور ہے تو وہ یا تو کسی ڈھب سے جو اب تک میری سمجھ میں نہیں آیا عجب نہیں رُڑکی کالج کے سٹوڈنٹ (طلبا) اُس کو سمجھتے ہوں بہر کیف وہ یا تو کسی ڈھب سے اُسی ڈیڑھ اینٹ میں مسجد کو پورا کرے گا - چنانچہ ڈیڑھ اینٹ کی مسجدیں مسلمانوں میں کثرت سے موجود ہیں - اور اگر اُس کو ڈیڑھ اینٹ میں مسجد کے پورا کرنے کا ڈھب نہیں آتا ہوگا جیسا کہ مجھکو نہیں آتا تو وہ کہیں بھی قبلے کی طرف کو مُنہ کر کے نماز کی نیت باندھ لے گا اور کہے گا کہ پیغمبر صاحب نے جہاں مَنْ بَنٰی لِلّٰہِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ فرمایا ہے وہاں جُعِلَتْ[۵۲] لِیَ الْاَرْضُ کُلُّھَا مَسْجِدًا بھی فرمایا ہے - ڈیڑھ اینٹ بھی کیوں خرچ کروں گھر میں پڑی ہے تو آخر کچھ کام ہی آجائے گی - مگر یہ نہیں کرے گا کہ ڈیڑھا اپنی لے اور ڈیڑھ دوسروں سے لے کر تین پوری کر لے ایک رکھے قبلے کی طرف اور دو کھڑی کرے اُس کے پہلو میں کہ چھوٹے سے سکیل پر گھر کی شکل تو نمودار ہو جاوے - یہ نفسی نفسی ہی تو ہے کہ ہم میں تجارت کی کمپنیاں نہیں اور نہ ہم کسی بڑے کام پر ہاتھ ڈال سکتے ہیں - دنیا میں کون سا مرض ہے جس کی دوا نہیں - کونسا زہر ہے جس کا تریاق نہیں - محتاجی اور افلاس اور بے قدرتی کے دور کرنے کی بھی بہت سی تدبیریں ہیں - لیکن ایک سہل سا لٹکا تو مجتمع ہو کر کام کرنے کی

---

[۵۱] اور نہیں تو پھر نہیں - [۵۲] ہمارے لیئے تمام روئے زمین مسجد قرار دی گئی ہے

عادت کا ڈالنا ہو کہ اس کو نہ ہلدی در کار ہو اور نہ پھٹکری اور یہ ایسا درخت ہو کہ ادھر لگاؤ اور ادھر پھل کھانے شروع کر دو۔ جب کبھی کسی قوم نے ترقی کی اسی طریق سے کی ہو۔ قومی اتفاق ہو۔ قومی اتحاد ہو۔ ایک کو دوسرے پر اعتماد ہو۔ ایک دوسرے کا شریک ورد ہو۔ یہ بجائے خود بڑی دولت ہو۔ شارع اسلام نے تو مسلمانوں میں اجتماعی قوت پیدا کرنے کی بہت سی تدبیریں کیں لَا تَفَرَّقُوْا اور اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ اور اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ اور شَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ اس طرح کے تاکیدی احکام کثرت سے قرآن میں موجود ہیں اور میں تو ایسا سمجھتا ہوں کہ دین کا لُبّ لباب یہی ہو کہ لوگ ساز گاری اور صلح کاری سے زندگی بسر کریں یہاں تک تو ہو کہ عام اُمت اگر ایک امام کو تسلیم کرے اور دوسرا اُس پر خروج کرے تو حکم ہو کہ اُس کی گردن مار دو۔ عند اللہ اجتماع کی پسندیدگی کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوگا۔ کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نمازِ جماعت نمازِ منفرد پر ستائیس درجے فضیلت رکھتی ہو اور یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص نمازِ جماعت میں شریک نہ ہو میرا جی چاہتا ہو کہ اُس کا گھر پھونک دوں۔ حج کے لیئے جو دنوں کی تخصیص ہو اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ اس میں بھی یہی اجتماعی مصلحت مضمر ہو۔ مگر مسلمان اجتماع کی مصلحتوں کو نہ سمجھیں اور خدا رسول کی صلاح پر عمل نہ کریں تو اپنا سر کھائیں اور کھا ہی رہے ہیں۔ الغرض تعلیمی چندوں کے جمع نہ ہونے کا ایک سبب تو یہ ہو کہ ہم مسلمانوں کو مجتمع ہو کر کسی کام کے کرنے کی عادت نہیں۔ دوسرا چاہے قومی نہ ہو اور اکثری بھی نہ ہو مگر ہو کہ بعض لوگ یا تھوڑا ہی دے سکتے ہیں یا تھوڑا ہی دینا چاہتے ہیں مگر اس خیال سے کہ کوئی ان کو بخیل یا بے مقدور نہ سمجھے مطلقاً دینے سے کنارہ کش رہتے ہیں انھوں نے فِيْ ذٰلِكُمْ بَيْنَ النَّاسِ اپنی قدر کا اور اُسی کی مناسبت سے چندے کا ایک اندازہ ٹھہرا رکھا ہو اور کم دینے کو

۱؎ آپس میں پھوٹ نہ ڈالو ۱۲۔ ۲؎ سچے مسلمان وہ ہیں جو اپنے کام آپس کی صلاح سے کرتے ہیں ۱۲۔ ۳؎ اور معاملات (صلح و جنگ) میں (بدستور سابق) ان کو شریک مشورہ کر لیا کرو ۴؎ مسلمان تو بس (آپس میں بھائی) بھائی ہیں۔

۵؎ حج (کے خاص) مہینے ہیں جو سب کو معلوم ہیں۔

اپنی توہین کا موجب سمجھتے ہیں اور آپ اپنی توہین کرنی نہیں چاہتے اور کوئی بھی نہیں چاہتا تو یہ لوگ حکمت کیا کرتے ہیں کہ سرے سے شریکِ چندہ ہی نہیں ہوتے کہ دے کر کیوں لوگوں کو گفت و شنید کا موقع دیا جائے۔ یہ لوگ اپنا اور کُل قوم کا نقصان کرتے ہیں لَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالًا مَّعَ أَثْقَالِهِمْ اپنا تو اس لیے کہ ثواب سے محروم رہے۔ خدا واسطے کا دینا ٹھہرا تو اپنے نام و نمود اور لوگوں کی گفت و شنود سے کیا بحث باقی رہی اور قوم کا نقصان تو ظاہر ہے کہ ان کے نہ دینے سے اور لوگ بھی پیچھے ہٹ رہے۔ وہ تو یہی سمجھیں گے کہ جس کام کے لیے چندہ مانگا جاتا ہے اُسی میں کچھ فتور ہے ایسے ہی لوگوں کے حق میں خدا فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُورًا اَلَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اگر بات کا یہ خطرناک پہلو نہ ہوتا تو سیدھی سی تدبیر تھی کہ ایسے لوگ اخفا رنام کے ساتھ چندہ دیں کہ ان کی شیخی بھی کر کری نہ ہو اور قومی کام بھی بند نہ رہے۔ خدا کے نام دینا تو ہر طرح اچھا ہے اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ جتا بتا کر دو تو اُس میں یہ فضیلت ہے کہ دوسروں کو دیکھ کر رغبت ہوتی ہے اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ کی رو سے اضعافاً مضاعفۃً ثواب ملتا ہے۔ لُکا چھپا کر دینے میں یہ خوبی ہے کہ منّ و اذیٰ کا دخل نہیں پاتا جو محبط صدقہ ہے جیسا کہ فرمایا ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا

---

۵۱ مگر ہاں (قیامت کے دن) اپنے (گناہوں کے) بوجھ (بھی) اُٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ بھی (یعنی اُن لوگوں کے بھی جن کو انھوں نے بہکایا گمراہ کیا) ۵۲ اللہ اُن لوگوں کو دوست نہیں رکھتا جو اترائیں (اور) بڑائی مارتے پھریں آپ بخل کریں (سو کریں) دوسرے لوگوں کو بھی بخل کرنے کی صلاح دیں اور اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ اُن کو دے رکھا ہے اُس کو چھپائیں ۱۲ ۵۳ اگر خیرات ظاہر میں دو تو وہ بھی اچھا اور اگر اُس کو چھپا دو اور حاجت مندوں کو دو تو یہ تمہارے حق میں زیادہ بہتر ہے اور ایسا دینا تمہارے گناہ کا کفارہ ہوگا ۱۲ ۵۴ جو شخص نیک کام کرنے کی صلاح دے اُس کو وہی ثواب ملے گا جو اُس نیک کام کے کرنے والے کو ملنے والا ہے ۱۲

۵۵ مسلمانو اپنی خیرات کو احسان جتا کر اور (سائل) کو ایذا دے کر اُس شخص کی طرح اکارت مت کر دو

صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا لَا
يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اللہ میاں نے من واذیٰ کی وجہ سے صدقے کے ضائع ہونے کی دو مثالیں دیں ایک تو یہی کمثل صفوان الخ اس کے بعد مثال اُس صدقے کی ہے جو خالصًا لوجہ اللہ دیا جاتا ہے
وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ
جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ پھر اُسے من واذیٰ کے صدقے کے دوسری مثال بیان فرمائی اَيَوَدُّ
اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۠ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

بقیہ نوٹ صفحہ ۲۷۷ جو اپنا مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے خرچ کرتا ہے اور اللہ اور روزِ آخرت کا یقین نہیں رکھتا تو اُس کی خیرات کی مثال چٹان کی سی ہے کہ اُس پر (کچھ تھوڑی سی) مٹی پڑی ہے پھر اُس پر مینہ زور کا اور اُس کو سپاٹ کر کے بہ گیا (اسی طرح قیامت میں) ریاکاروں کو اُس (خیرات) میں سے جو اُنھوں نے کی تھی کچھ بھی ہاتھ نہیں لگے گا اور اللہ اُن لوگوں کو جو نعمت کی ناشکری کرتے ہیں ہدایت نہیں دیا کرتا ۱۲ ۵۷ اور جو لوگ خدا کی رضا جوئی کے لیے اور اپنی نیت ثابت رکھ کر اپنے مال خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اُونچے پر واقع ہو اُس پر پڑا زور کا مینہ تو دوچند پھل لایا اور اگر اُس پر زور کا مینہ نہ (بھی) پڑا تو (اُس کو) ہلکی پھوار (بھی) بس کرتی ہے اور تم لوگ جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ (اُس کو) دیکھ رہا ہے ۱۲

۵۷ بھلا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ کھجوروں اور انگوروں کا اُس کا ایک باغ ہو اور اُس کے تلے نہریں پڑی بہ رہی ہوں ہر طرح کے میوے اُس کو وہاں میسر اور بڑھاپے نے اُس کو آلیا اور اُس کے (چھوٹے چھوٹے) ناتواں بچے ہیں اب اُس (باغ) پر چلا ایک بگولا جس میں (بھڑی) تھی آگ تو باغ جل بھن کر رہ گیا۔ اسی طرح اللہ اپنے احکام کھول کھول کر تم لوگوں سے بیان کرتا ہے تاکہ تم غور کرو ۱۲

لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ میں اوپر تلے جھڑا جھڑ قرآن کی آیتیں توڑ پڑھتا چلا جا رہا ہوں مگر ڈرتا بھی ہوں کہ کہیں حاضرین پر گراں نہ گزرے کہ اب کی بار تو اس نے کانفرنس کو وعظ کی مجلس بنا دیا۔ لیکن دینے کی باتیں گراں گزرتی ہیں تو اس سے زیادہ گراں گزرے گا نہیں۔ ایسا ہی گراں گزرتا ہو تو کانفرنس کو بلایا ہی کیوں۔ جانتے تو تھے کہ علی گڑھ کالج ہوا۔ سر سید میموریل فنڈ ہوا۔ کانفرنس ہوا سب مانگنے ہی والے ہیں۔ شکر کرو کہ تم کو دیا ہو تو تم سے مانگا بھی جاتا ہو۔ اور مانگا بھی جاتا ہو تو اپنے لیئے نہیں۔ تمہاری ہی نسلوں کے لیئے۔ تمہارے ہی بھائی بندوں کے لیئے بلکہ تمہارے ہی لیئے اور ڈرو اُس دن سے کہ دینے کا نام آئے اور کسی کا ذہن تمہاری طرف منتقل نہ ہو وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ[1] مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ فَیَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِیْٓ اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَکُنْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰہُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُھَا وَاللّٰہُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۔ میں نے جو صدقات کے بارے میں لمبی تقریر کی اور ابھی اور بھی کرونگا تو اس لیئے کہ میں صدقات کو بڑا مہتم بالشان سمجھتا ہوں جہاں تک میں اپنا خیال دوڑاتا ہوں صدقات ہی تھے جن کی بدولت اسلام کھڑا ہوا۔ جن کی بدولت اسلام جما جن کی بدولت اسلامی سلطنت قائم ہوئی۔ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ذات بابرکات سے تو یہ حال تھا کہ محض بے سروسامان آدمی تھے۔ پیدا نہیں ہوئے تھے کہ باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ باپ کے انتقال کے پیچھے دادا متکفل ہوئے اُنھوں نے بھی انتقال کیا تو چچا

[1] ہم نے تم کو جو کچھ دے رکھا ہو اُس میں سے (راہِ خدا میں بھی کچھ) خرچ کرتے رہا کرو (مگر) اس سے پہلے (ہی پہلے خرچ کر لو اور اس کی نوبت نہ آنے دو کہ) تم میں سے کسی کو موت آموجود ہو اور وہ (اُس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار کاش تو مجھکو تھوڑے دنوں کی اور مہلت دیتا۔ تو میں خیرات دیتا۔ اور دوسرے نیک بندوں میں (ایک نیک بندہ میں بھی) ہوتا۔ اور جب کسی کی موت آموجود ہوتی ہو تو خدا کبھی اُس کو مہلت نہیں دیا کرتا اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ کو اُس کی (سب) خبر ہو۔ ۱۲

دادا اور چچا نے شفقت اور پرداخت میں تو کمی نہیں کی مگر وہ خود اپنی اپنی جگہ کثیر العیال تھے۔ اُس پر مذہب کا اختلاف۔ معتقدات کا تباین۔ دادا اور چچا سے بس اتنی ہی مدد ملی کہ اُنھوں نے بھوکا ننگا نہیں پھرنے دیا۔ باوجودیکہ سارا مکہ بلکہ سارا جزیرۂ عرب جانی دشمن تھا کسی کو اُن پر دست درازی نہ کرنے دی مگر آخر عسرت اور تنگ دستی تو تھی ہی جس نے آپ کو خدیجۃ الکبریٰ کی نوکری کرنے پر مجبور کیا تھا۔ چنانچہ قرآن شریف کے ایک مقام پر جہاں خدائے تعالیٰ پیغمبر صاحب پر اپنے احسان جتاتا ہے فرماتا ہے اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی پھر وہ جو کہتے ہیں مفلسی میں آٹا گیلا جو لوگ شروع شروع میں صرف اسلام کی حقانیت کی وجہ سے ایمان لائے وہ بھی اکثر مفلس اور تہی دست تھے کہ دنیاوی جاہ و حشمت اُن کو قبولِ حق سے مانع نہ تھا اور اُن کی طبیعتیں اسلام کے اختیار کرنے کے لیئے آمادہ تھیں۔ یا تھے خوش حال مگر اسلام کی وجہ سے مفلس و تہی دست ہو گئے تھے۔ کہ مخالفوں کے ظلموں کی تاب نہ لاکر گھر بار مال و متاع سب کچھ چھوڑ چھاڑ بہ یک بینی و دو گوش دین کی حمایت کے لیئے نکل کھڑے ہوئے تھے اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَاَمْوَالِھِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ معدودے چند ایسے بھی تھے جو مخالفوں کے نرغے سے نکل بھاگے تھے اور مقدور بھی رکھتے تھے تو اُن کو مفلس مسلمانوں نے نوچ کھایا تھا۔ اُس وقت کے مسلمانوں میں ہماری طرح کی آباد ہاپی تو تھی نہیں کہ ایک کو آئے دن تخمہ ہوتا رہتا ہو اور اجنبی کی کون کہے اُس کے پڑوسی بلکہ رشتہ دار بھوکوں مر رہے ہیں یا یہ جاڑے کا موسم ہو ایک کے یہاں انگیٹھیاں سلگ رہی ہیں شال دوشالے اُلٹ رہے ہیں پوستین رضائیاں دولائیاں لحاف

لہ کیا تم کو اُس نے یتیم نہیں پایا (یعنی پایا) پھر جگہ دی اور تم کو دیکھا کہ (راہِ حق کی تلاش میں بھٹکے بھٹکے (پھر رہے) ہو تو (تم کو دینِ اسلام کا) سیدھا رستہ دکھایا اور تم کو مفلس پایا تو اُس نے غنی کر دیا۔

لہ (جو بیچارے) صرف اتنی بات کے کہنے پر کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے ناحق (نا روا) اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے۔ ۱۲

تو شک جڑاول کا اتنا سامان ہو کہ اکثر استعمال میں نہیں آتا پڑے پڑے کیڑے کھاتے ہیں اور اجنبی کی کون کہے اُسی کے پڑوسی بلکہ رشتہ دار مارے سردی کے ٹھٹر رہے ہیں جاڑے کی لمبی لمبی راتوں میں مطلق آنکھ نہیں جھپکتی ؎

گرمی کے دن تو خیر کسی ڈھب گزر گئے	جاڑا جو آیا رات کو سسٹر سے ٹھٹر رہے

میں نے ایک امیر کا حال سُنا ہو کہ وہ لحاف کی جگہ لکھنؤ کی فردیں لے کر اکھٹی دس دس پندرہ پندرہ رضائیاں بنوا رکھتے تھے جتنی رضائیوں کی ضرورت معلوم ہوئی اوپر تلے اوڑھ لیں باقی پائینتی تہ کی ہوئی رکھی ہیں۔ ان کو نیند تو اطمینان کے ساتھ آتی ہی نہ تھی اور دن رات سونا ہی سونا ہو تو اطمینان کے ساتھ نیند کیا خاک آئے۔ رات بھر نوکروں کا دم ناک میں کرتے ارے فلانے تین ڈال۔ پھر تھوڑی دیر بعد چلاتے ایک نکال۔ اب ہر شخص کو چاہیے کہ اپنے نفس کا احتساب کرے اور سوچے کہ اس کی نفس پروری اور تن آسانی کس درجے کی ہو ہم میں سے کون ہو جو اپنے تئیں جنت کا مستحق نہیں سمجھتا۔ کون ہو جو اپنی نجات کی طرف سے مطمئن نہیں۔ کون ہو کہ اتنی عمر میں اُس کے چند گھنٹے خطرِ عاقبت کی وجہ سے بے چینی میں گزرے ہوں اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ[۵۱] بات یہ ہو کہ جس کو یقین کہتے ہیں عاقبت کا ویسا یقین نہیں اِنْ نَظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ[۵۲] یقین ہو تو مسلمان بھائیوں کی حاجتوں اور اُن کی ضرورتوں کی طرف سے اتنی بے پروائی نہ ہو کہ مسلمان ایک یونیورسٹی کو ترسیں اور ایک یونیورسٹی کے نہ ہونے سے چھ کروڑ مسلمان آخر کو تباہ اور برباد ہو جائیں۔ بھائی مسلمان کا لفظ ہمارے محاورے میں داخل ہو گیا ہو اور بھائی کا لفظ یمین لغو کی طرح مہمل و بے معنی ہو۔ ورنہ اگر اخوت اور بھائی بندی یہی ہو جو ہم آپس میں برت رہے ہیں

۵۱ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر میں نہیں دی تھیں کہ جس کو سوچنا (منظور) ہوتا وہ اتنی عمر میں (اچھی خاصی طرح) سوچ سمجھ لیتا اور (اس کے علاوہ) تمھارے پاس (تمھاری نافرمانی سے) ڈرانے والا (رسول بھی) پونچا۔ ۱۲

۵۲ ہاں کچھ یوں ہی سا واہمہ تو ہم کو بھی گزرتا ہو مگر (جس کو) یقین (کہتے ہیں وہ تو) ہم کو (ہی) نہیں۔ ۱۲

تو میں نہیں جانتا کہ مغائرت اور اجنبیت کیا چیز ہے۔ خیر ایک اسلامی اخوت تو یہ ہے جو ہم میں ہے کہ مسلمان تباہ و برباد ذلیل و خوار ہو گئے اور ہوتے چلے جا رہے ہیں اور ہم میں اکثر کو تو اس کا علم ہی نہیں اور جن کو ہے وہ کچھ پروا نہیں کرتے مگر معدودے چند وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ سو وہی مثل ہے کہ اکیلا سورما چنا بھاڑ کو تو نہیں پھوڑ سکتا۔ نتیجہ یہ ہے کہ کوئی کام جس سے فلاح قومی کا اطمینان ہو اس سرے سے اُس سرے تک کہیں دکھائی نہیں دیتا۔ ترقی کی سڑک کھلی پڑی ہے کہ اندھا بھی لاٹھی ٹیکتا ہوا چلا جائے۔ مگر ہم رُخ ہی نہیں کرتے مُنے موجود ہیں مگر ہم آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھتے فَاِنَّهَا[1] لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ یہ بھی خدا اُس نچری کی گور کو ٹھنڈا رکھے کہ ایک تذکرہ چھیڑ تو گیا کہ ہم برسوں دن ٹل بیٹھ کر قوم کے حال پر دلٹوٹے بہا لیتے ہیں ہی جیسا میر انیس نے غم حسین رضی اللہ عنہ میں تباکی کرنے والوں کے حق میں کہا ہے ؎

داغ غم شہ سینہ میں گل بوٹے ہیں	کیا کیا گھر بیش بہا لٹے ہیں
مجلس میں جو یاسے روتے ہیں انیس	اشک اُن کے بھی موتی ہیں جو روئے ہیں

ہم کو بھی سلف ہلپ یعنی آپ اپنی مدد کرنے کا سبق دیا گیا۔ سبق تو بڑے کام کا تھا مگر عقل اوندھی ہو تو بات ہو سیدھی اور سمجھ میں آئے الٹی۔ ہم نے سلف ہلپ پر عمل کیا کہ اپنی ہی ہنڈیا کی خیر مناتے رہے اور نہ سمجھے کہ مسلمان بھائیوں کی مدد کرنا بھی اپنی ہی مدد کرنا ہے۔ جو شخص معزز قوم کا ممبر نہیں وہ اپنی ذات سے کتنا ہی کیوں نہ بڑھ چڑھ جائے لوگوں کی نظروں میں معزز ہو نہیں سکتا۔ اس کو اپنے ہی لوگوں میں کیوں نہیں دیکھ لیتے کہ جو قوم کسی مبتذل پیشے کی وجہ سے حقیر سمجھی جاتی ہے اگرچہ پیشے اور پیشہ ور کو حقیر سمجھنا شرعاً عقلاً کسی طرح بھی روا نہیں بلکہ مسلمانوں کی بے دولتی کے جہاں اور سبب ہیں ان میں بڑا مؤثر سبب یہ بھی ہے کہ انھوں نے معاش کے بہت ذرائع کو از خود اپنے اوپر حرام کر رکھا ہے۔ ایک چیز سے نفرت کرنا اس کو نظر حقارت سے دیکھنا حرام کرنا نہیں تو کیا ہے۔ مذہبوں اور جانوروں کے حلال و حرام پر اغلب حُرُوم

[1] بات یہ ہے کہ کچھ آنکھیں اندھی نہیں ہوا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں ۱۲

کے ہٹانے سر کاٹنے پر اور اسی طرح کی اور باتوں پر قرآن میں بڑی لتاڑ ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ بے حکم شارع کسی پیشے کا مکروہ جاننا اُس سے محترز رہنا کیوں اس لتاڑ میں داخل نہ ہو۔ بہرکیف جو قوم کسی پیشے کی وجہ سے مبتذل سمجھی جاتی ہو ان میں کا کوئی کافو کتنا ہی دولت مند کیوں نہ ہو جائے لوگ اُس کی ویسی عزت نہیں کرتے جس کا وہ دولت کی وجہ سے مستحق ہے۔ اس قاعدے کی رو سے جو حقیقت میں نیچرل رُول (فطرتی قاعدہ) ہے جب تک مسلمانوں کی قوم بین الاقوام وقعت و عزت نہیں پیدا کرتی اُن میں کا کوئی سر ہوا تو کیا اور آنریبل ہوا تو کیا صاحب سلامی و خطاب ہوا تو کیا۔ گندے نالاب کے رو ہو بھی جھینگوں کے نول بکا کرتے ہیں۔ بات پریشان ہو گئی اور مطلب کا سلسلہ ہاتھ سے جاتا رہا۔ اس کو میری تقریر کی آمد نہ سمجھنا مسلمان ایسے پیٹ بھر کر بگڑے ہیں کہ ان کی صورت دیکھنے سے مضمون سوجھتے ہیں اور بات میں سے بات نکلی چلی آتی ہے۔ اصل میں تو میں تعلیمی چندوں کے جمع نہ ہونے کے اسباب بیان کر رہا تھا۔ تعلیمی چندوں کا مذکور ہو تو صدقات کا نام آیا ہی چاہیئے کیوں کہ تعلیمی چندہ بھی ایک قسم کا صدقہ ہے بلکہ افضل الصدقات اور اس کو میں ثابت کر کے اپنی جگہ سے ٹلوں گا۔

صدقات کا بیان ذرا طول پکڑ گیا تو میں نے عذر کیا کہ میں نے صدقات کے بارے میں لمبی تقریر کی اور ابھی اور بھی کروں گا اس لیے کہ میں صدقات کو بڑا مہتم بالشان سمجھتا ہوں۔ میرے نزدیک ان ہی صدقات نے اسلام کو کھڑا کیا۔ انھیں صدقات نے اسلام کو جایا۔ پھر شروع شروع کے مسلمانوں کے افلاس اور ان کی باہمی معاونت کا ذکر آگیا تو شروع شروع کے مسلمان کچھ پہلے سے غریب لوگ تھے اور بعض اسلام کی وجہ سے مفلس ہو گئے تھے۔ اسلام کی وجہ سے مفلس ہو جانے کی دو صورتیں تھیں یا تو مخالفوں نے مذہبی عداوت کی وجہ سے اُن کو جایداد اور مال و متاع سے زبردستی بے دخل کر دیا تھا۔ یا غریب مسلمان بھائیوں کی پرداخت اور پرورش میں دولت خرچ کر کے آپ بھی مفلس ہو گئے تھے اب میں چند لوگوں کا حال بیان کروں تو تم کو میرے کہے کی تصدیق ہو۔ مثلاً ایک حضرت بلالؓ ایک

مشرک کے حبشی غلام تھے اور خدا نے اُن کی تقدیر میں مسلمانوں کا سرتاج اور سردار بننا لکھا تھا
اس غلامی کی حالت میں ایمان لائے اُس مشرک کو خبر ہوئی تو اُس نے اُن کو طرح طرح کے عذاب
دینے شروع کیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نہ دیکھا گیا آخر اُس مشرک کو مُونہ
مانگے دام دے کر اُن کو مول لیا۔ اور آزاد کر دیا۔ بلکہ حضرت ابوبکرؓ کے والد کو معلوم ہوا تو اُنھوں
نے بیٹے سے کہا بھی کہ کیا از کار رفتہ غلام خریدا کرتے ہو مگر اُن کو تو خدمت لینی منظور نہ تھی بلکہ
اُلٹی ایک مصیبت مند بھائی کی خدمت کرنی تھی۔ حضرت ابوبکر کپڑے کی تجارت کرتے تھے
یا یوں کہو کہ بزاز تھے۔ اِس وقت آڈینس (حاضرین) میں بھی کتنے مسلمان ہوں گے جو
بزازی کو کسرِ شان کا موجب سمجھیں گے مگر وہ رسول اللہ کے اول خلیفہ امیر المومنین جزیرہ
عرب کے بادشاہ اتنی فضیلتوں پر واقعی بزاز اور اپنے پیشے کی وجہ سے بڑے مال دار تھے
مگر شروع سے اُنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت اور مسلمانوں کی پرداخت کو
فرضِ اسلامی سمجھ کر اپنے اوپر لازم کر لیا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا اور ہونا بھی تھا کہ آخر آخر میں اس قدر
بے مقدور ہو گئے تھے کہ گھنڈیوں اور ٹکوں کی جگہ ببول کے کانٹے کھونسے رہتے تھے۔ ہم
میں کوئی ایسا ہو جس نے قوم کے لیئے چاندی سونے یا قیمتی بوتاموں کی جگہ ہڈی یا چینی کے
بوتام لگائے ہوں یا اب اتنی شرم دلانے پر لگا کر دکھلائے ان بزرگوں نے خدا اُن پر اپنی رحمت
کاملہ نازل کرے وَقَدْ فَعَلَ قوم کے لیئے ایسی ایسی نفس کشیاں کی ہیں تب کہیں جا کر اُن
مدارج پر پہونچے ہیں۔ اب ہم چاہتے ہیں کہ دنیا کے سارے مزے ہم آپ اُڑا ئیں قوم کا نام
نہ لیں۔ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا[1] نفس کشی کے پاس ہو کر نہ پھٹکیں فَلَا اقْتَحَمَ
الْعَقَبَةَ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ
أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ[2] اور

[1] تم اپنی دنیا کی زندگی میں اپنے (حصے کے) مزے اُڑا چکے اور اُن سے خاطر خواہ) فائدہ (بھی) اُٹھا چکے ہو ۱۲
[2] پھر (بھی وہ ان نعمتوں کے شکر میں) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا اور (اسے) تم کیا سمجھے کہ گھاٹی (سے) ہماری کیا

کشاں کشاں دنیا سے بلائے جائیں "دطفل بمکتب تمی رود وے برندش" تو وہاں مقرب فرشتے ہمارے استقبال کو درجنت پر موجود ہوں "دایں خیال ست ومحال ست وجنوں"

جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اواخر عمر میں ایک خطبہ پڑھا اور اُس میں فرمایا کہ جس کسی نے ہمارے ساتھ کچھ بھی احسان کیا تھا ہم نے اُس کا بدلہ اُتار دیا مگر ابوبکر خدا اُن کے احسانات کا بدلہ دے۔ میں نے مثال کے طور پر حضرت ابوبکر کی دو باتیں بیان کیں اُنیس بیس کے تفاوت سے اس وقت کے کُل مسلمانوں کا قریب قریب یہی حال تھا سب کے سب ایک رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔ صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً پھر جیسے اُن کے ہمارے خیالات مختلف ہیں۔ ویسے ہی قوم کی اسلام کی حالتیں مختلف ہیں۔ انھوں نے اتفاق اور اتحاد اور ہمدردی اور اخوت کا سچا برتاؤ کر کے قومی جتھا بنایا۔ ہم نے نفاق اور پھوٹ اور خود غرضی اور نفس پروری اختیار کر کے اُس کو تتر بتر اور منتشر کر دیا۔ انھوں نے بڑی زبردست سلطنت قائم کی۔ ہم اُس کو کھو بیٹھے۔ اُن وقتوں کی اسلامی اخوت اسلامی ہمدردی کے متعلق چند باتیں اور سنو شاید کسی کو تنبہ ہو مگر خود کہنے والے کو تنبہ نہیں تو سننے والے کو کیا خاک ہو لیکن ع

"من نکردم شما حذر بکنید"

جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم مکے کے رہنے والے تھے مکے ہی میں پیدا ہوئے مکے

بقیہ نوٹ صفحہ ۲۸۴ (مراد) ہو (گھاٹی سے مراد ہر کسی کی) گردن کا (غلامی یا قرض کے پھندے سے) چھڑا دینا یا بھوک کے دن یتیم کو (خاص کر جب کہ وہ اپنا) رشتہ دار (بھی ہو) یا محتاج خاک نشین کو (کھانا) کھلانا (تو جو اخلاق کی شیخی مارتا ہی جاہیے تھا کہ اس گھاٹی میں ہو کر گزرتا) اس کے علاوہ اُن لوگوں (کے زمرے میں ہوتا جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو صبر کی ہدایت کرتے رہے اور (نیز) ایک دوسرے کو (خلق خدا پر) رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے۔ ۱۲ ۲ (مسلمانو! ان لوگوں سے کہو کہ ہم تو) اللہ کے رنگ میں رنگے گئے اور اللہ (کے رنگ سے) اور کس کا رنگ بہتر ہوگا؟

ہی میں بڑے ہوئے۔ اُن کے تمام تعلقات مکّے ہی میں تھے۔ وطن سبھی کو عزیز ہوتا ہے اُن کو بھی تھا۔ اور سب سے زیادہ تھا اس لئے کہ اُن دنوں تمام جزیرہ عرب میں مکّہ اور طائف وہی بڑے شہر تھے مکّہ تو معبدِ اہلِ عرب ہونے کی وجہ سے مرجع عام تھا اور طائف میں سال کے سال بڑا میلہ لگتا تھا اور کثرت سے لوگ جمع ہوتے تھے تو پیغمبر صاحب کو ان ہی دو مقاموں میں اسلام کی منادی کرنے کا اچھا موقع ملتا تھا۔ مگر مخالفت کی اس قدر شورش تھی کہ رہنا دشوار ہو گیا تھا اس پر بھی پیغمبر صاحب نے مکّہ نہ چھوڑا اور صبر و استقلال کے ساتھ خدمتِ رسالت بجا لاتے رہے جس کے لئے وہ خدا کی طرف سے مامور ہوئے تھے یہاں تک کہ جب مخالفوں نے دیکھا کہ یہ شخص مزاحمتوں کی مطلق پروا نہیں کرتا اور اپنا کام کیے چلا جاتا ہے اور جیسے جیسے اس کے اتباع بھی زیادہ ہوتے جاتے ہیں تو اُنھوں نے ان کے مار ڈالنے کی ٹھہرائی۔ پیغمبر صاحب کو آگہی ہوئی تو حضرت ابوبکر کو ساتھ لے رات کے وقت گھر سے نکل ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپے تین دن رات وہیں چھپے رہے۔ پھر خیر سے رستے سے ہوتے ہوئے مدینے جا پہنچے جہاں کچھ آدمی مکّے اور طائف میں ان کے مواعظ سن کر ان کے معتقد ہو گئے تھے۔ مسلمان جہاں جہاں کفار کے زغے میں تھے پیغمبر صاحب کا جانا سن کر مدینے میں سمٹنے شروع ہوئے۔ جس کو اسلامی اخوت اور قومی ہمدردی کے معنے سمجھنے ہوں اُس کو چاہیے کہ اُس امداد اور مواسات پر نظر کرے جو ایسے نازک وقت میں مدینے کے مسلمانوں نے اپنے پردیسی بھائیوں کی کی۔ پیغمبر صاحب نے ان بے کس مسلمانوں کو دو دو چار چار کر کے مدینے والوں کے ذمے کر دیا تھا تو جو جس کا مہمان تھا۔ مہمان اور صاحبِ خانہ میں کسی طرح کا امتیاز نہ تھا مثالیں تو بہت سی ہیں مگر میں تمثیل کے طور پر صرف ایک ہی مثال بیان کرتا ہوں کہ عبدالرحمٰن بن عوف مہاجر سعد بن الربیع کے حصے میں آئے تھے سعد نے عبدالرحمٰن سے کہا کہ تم بی بی کے نہ ہونے سے متاذی ہوتے ہوگے اور میرے نکاح میں کئی عورتیں ہیں۔ میں ایک کو تمہارے لئے طلاق

دیئے دیتا ہوں دیکھی اسلامی اخوت دیکھی قومی ہمدردی۔ انصار نے یہاں تک تو کیا تھا کہ مہاجرین کو اپنی جائداد میں برابر کا شریک کرنا چاہا مگر وہ تو پیغمبر صاحب نے مدینے کے کسی مسلمان پر بوجھ ڈالنا پسند نہیں کیا اور بات چلنے نہ پائی ورنہ انصار تو اپنی طرف سے دے ہی چکے تھے جن کے مریدوں میں جن کے شاگردوں میں اس درجے کی سیر چشمی اس درجے کی فیاضی اس درجے کی ہمدردی ہو اُن کا اپنا کیا پوچھنا ہے۔ آدمی کی ضرورتوں میں دو چیزیں سب پر مقدم ہیں کھانا اور کپڑا۔ سو کھانے کا یہ حال تھا کہ ایک وقت اصحاب پر بہت سخت گزر رہا تھا اور عرب کے لوگ بڑے زور کی بھوک میں پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتے تھے کہ انتڑیوں کے دبے رہنے سے بھوک کی ایذا کم محسوس ہوا کرتی ہے چنانچہ چند صحابی اسی حال سے فقر و فاقہ کی شکایت کے لیئے پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے پیغمبر صاحب نے اُن کی تسکین کے لیئے اپنے تئیں دکھایا کہ دو پتھر باندھ رکھے تھے۔ یہ خیبر ہیں۔ یہ خیبر نہیں جو کابل کے رستے میں پڑتا ہے بلکہ مدینے سے کچھ فاصلے پر ایک گانو تھا جہاں یہودی بستے تھے اُن میں سے کچھ زمین پیغمبر صاحب کے ہاتھ آگئی تھی اور وہ پیغمبر صاحب کی ذاتی جائداد تھی اُس سے جو اناج آتا پیغمبر صاحب ازواج مطہرات میں سے ہر ایک کو اُن کے خرچ کی قدر سال بھر کا غلہ دے دیا کرتے تھے۔ باقی مسلمانوں پر خرچ ہوتا تھا۔ مگر وہ سالانہ اس قدر کم تھا کہ اس میں فراغت کے ساتھ کسی کا بھی گزر نہیں ہوتا تھا آخر ایک دن سب نے مل کر نرغہ کیا یہاں تک کہ پیغمبر صاحب نے ناخوش ہو کر سب کو چھوڑ دینے کا ارادہ کیا مگر توسیع نفقہ نہیں کرنی تھی نہیں کی اور وہ غلہ کیسی کفایت شعاری کے ساتھ خرچ کیا جاتا تھا اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ بی بی عائشہ فرماتی ہیں کہ ہم لوگوں میں چھلنی کا رواج نہ تھا آٹا پیسا بھوسی پھونک مار کر اُڑا دی کتنی راتیں گزر جاتی تھیں کہ بیت نبوی میں تیل کے نہ ہونے کی وجہ سے چراغ نہیں جلتا تھا۔ پیغمبر صاحب کے حالات کہاں تک سنو گے جوں جوں سنتے جاتے ہو حجت الٰہی پوری ہوتی جاتی ہے مگر خیر ایک بات اور بھی سہی

ایک بار حضرت عمرؓ حاضر خدمت ہوئے پیغمبر صاحب لیٹے تھے اُٹھ بیٹھے تو پسلیوں میں کھجور کے پٹھوں کی بدھیاں پڑی ہوئی تھیں حضرت عمر کو نہایت ترس آیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ اللہ سے دعا فرمایئے کہ اس امت پر بھی وسعت کرے۔ اور یہ تمام عسرت نہ بخل کی وجہ سے تھی اور نہ بے مقدوری کی وجہ سے بلکہ ایثار کی وجہ سے یعنی پہلے آپ پیچھے آپ لیکن آپ اتنے تھے کہ اپنی نوبت ہی نہیں آتی تھی۔ یہ تو اگلے مسلمانوں کا حال تھا جو صرف بذل اور انفاق فی سبیل اللہ کے متعلق میں نے بیان کیا۔ اور اب ذری مجھ سے آنکھیں ملا کر کہو کہ ہم میں سے کسی پر ان کی چھینٹ بھی پڑی ہے؟ ؎

تو کجا بدولت ایشاں رسی کہ نتوانی	جزایں دور کعت واں ہم بصد پریشانی

اور اب تو دو رکعت بھی نہیں ایسی باتوں کے کرنے سے میری اور سننے سے تمہاری طبیعت رنجیدہ ہوتی ہے آؤ اپنے مذہب کی باتیں کریں کہ آخر باتوں ہی کے لیے ہم تم سب جمع ہوئے ہیں۔ ہاں تو تعلیمی چندوں کے جمع نہ ہونے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ہم کو مجتمع ہو کر کسی کام کے کرنے کی عادت بھی نہیں۔ اور ایک سبب اور ہے اور وہ شاید سب سے زیادہ قوی ہے کہ جس تعلیم کے لیے چندہ مانگا جاتا ہے یعنی انگریزی طور کی تعلیم اکثر لوگ اس کو کارِ خیر ہی نہیں سمجھتے اور ای کاش اتنا ہی ہو کہ کارِ خیر نہ سمجھیں۔ نہیں۔ اس تعلیم کو تو اتنا برا سمجھ رکھا ہے کہ پڑھنا تو پڑھنا اس کا نام لینے سے بھی آدمی اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ الٰہی کیا حشر ہونا ہے ہم لوگوں کا جو اس تعلیم کے رواج دینے کے پیچھے پڑے ہیں اور مسلمانوں کو اس کی ترغیب دینے پھرتے ہیں۔ بے شک جو لوگ مذہبا اس تعلیم کو برا سمجھیں اُن سے کوئی شکایت نہیں بلکہ اُن کا اس تعلیم سے دست کش رہنا ہماری تحسین کا مستحق ہے کہ جیسا اُن کا عقیدہ ہے ویسا اُن کا عمل ہے۔ مگر بحث تو یوں آکر پڑتی ہے کہ وہ بھی مسلمان ہم بھی مسلمان وہ مسلمان ہونے کی وجہ سے اس تعلیم کو برا سمجھیں اور ہم مسلمان ہونے کی وجہ سے اس تعلیم کو اس درجے اچھا سمجھیں کہ اس کو مصارفِ صدقات میں سب پر ترجیح دیں تو ہم مسلمان دو فریق ہو گئے مخالف یکدگر جس کی

ہم کو سخت ممانعت ہو دہی وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا[۵۱] میں اس وقت اپنی جگہ پر اسی لیے کھڑا ہوا ہوں کہ ہو سکے تو دونوں فریقوں میں الیتام کرادوں اور اَصْلِحُوا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ[۵۲] پر عامل ہونے کا ثواب حاصل کروں۔ وہ جو ایک مثل مشہور ہو کہ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی بالکل سچی بات ہو۔ جب کسی معاملے میں یا کسی بات میں دو گروہ یا دو شخص اختلاف کریں تو مجرد اختلاف اس بات کی دلیل ہو کہ کچھ نہ کچھ افراط یا تفریط دونوں طرف سے ہو۔ یہی حال تعلیم کے بارے میں لوگوں کا ہو کہ غلو کے الزام سے کوئی فریق بھی بری نہیں۔ صلح کرانے والے کا یہ حق ہو کہ مخاصمین کو اُن کی غلطیوں پر متنبہ کرے اور مخاصمین کا یہ فرض ہو کہ ٹھنڈے دل سے اُس کی بات سنیں اور بُرا نہ مانیں میں جو فریقین کی غلطیوں کا موازنہ کرتا ہوں تو گو انگریزی تعلیم یافتہ لوگوں کا گروہ بھی بعض باتوں میں برسرِ غلط ہو مگر فریقِ مقابل کی غلطیوں کا پلّہ مجھکو بہت جھکا ہوا دکھائی دیتا ہو۔ قطعی فیصلہ کرنے سے پہلے میں انگریزی تعلیم کے مخالفوں سے چند سوالات کرنے چاہتا ہوں۔ اول یہ کہ انگریزی عملداری کی وجہ سے ہندوستان کی حالت میں کچھ تغیر واقع ہوا ہو یا نہیں۔ ان کو فوراً تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہوا ہو اور اتنا ہوا ہو کہ ہندوستان وہ ہندوستان تو رہا نہیں جو انگریزوں کی عملداری سے پہلے تھا۔ اگر بالفرض اس کے تسلیم کرنے میں ذرا بھی ہچر مچر کریں تو میں ریلوں اور تار برقیوں اور سڑک اور نہروں اور پارکوں اور پلوں اور مدرسوں اور شفاخانوں اور پوسٹ کارڈوں اور میونسپل آرڈروں اور ویلیو پے ایبلوں اور مشینوں اور مالِ تجارت کی آمد و شد کی لسٹوں (فہرستوں) اور قانون اور بندوبست کی مثلوں اور چپے چپے زمین کے نقشوں اور کیا اور کیا کی ایک بڑی بھاری فہرست و ہڑام سے اسی میز پر دے ماروں کہ منکرِ بداہت چونک کر کرسی پر سے گر پڑے اور چلا اُٹھے کہ میں نے مانا وہی جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے کوہ طور کو موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے یہودیوں کے سروں پر لٹکایا تھا

۵۱ اور سب مل کر خوب مضبوطی سے اللہ کا ذریعہ پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہونا۔ ۱۲

۵۲ اپنے دو بھائیوں میں میل جول کرا دیا کرو۔ ۱۲

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ پھر میں تعلیم کے مخالفوں سے دوسرا سوال یہ کروں کہ یہ تغیرات ہمارے اختیار سے ہوئے ہیں یا اضطراری تھے اور ہوئے ہی تھے میں ان سے وقوع تغیرات تو منوا ہی چکا تھا۔ ان کو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ یہ تغیرات اضطراری تھے اور ہمارے اختیار سے نہیں ہوئے۔ ذرا دیکھتے جاؤ میں کس طرح پر ان کو گھیر کر اصل مطلب کی طرف لاتا ہوں۔ پھر میں ان سے پوچھوں کہ ان تغیرات کے ساتھ ساتھ یا ان تغیرات کی وجہ سے ہماری حالت میں بھی کچھ تغیر ہوا یا نہیں اور رہنا ضرور تھا یا نہیں۔ ناگزیر ان کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ جس طرح ہندوستان ہندوستان نہیں رہا ہم بھی وہ ہم نہیں رہے ہماری عادات بدلیں طور و طریق بدلے۔ ساز و سامان بدلے۔ اوضاع بدلے۔ مذاق بدلے۔ تعلقات بدلے۔ معاملات بدلے۔ علوم بدلے اب میرا ان سے آخری کہنا یہ ہو کہ اگر یہ سب چیزیں شرط اسلام ہیں تو بھائیو اسلام کی فاتحہ پڑھو۔ نہ صرف وہ مسلمان نہیں جن کو تم مسلمان نہیں سمجھتے۔ بلکہ مجکو تو تمھارے مسلمان [illegible] میں بھی کلام ہو "مسلماناں ورگورو مسلمانی در کتاب" مجکو تو ایک متنفس بھی نہیں دکھائی دیتا جو انگریزی کپڑا نہ پہنتا ہو۔ انگریزی قینچی سے نہ قطع کراتا ہو انگریزی سوت سے نہ سلواتا ہو۔ انگریزی دیا سلائی۔ انگریزی چاقو۔ انگریزی کاغذ کام میں نہ لاتا ہو۔ انگریزی سکہ جس پر ایس وکٹوریہ کی تصویر ہو ازار بند میں اوپر تلے گرہیں لگا کر عین نماز میں لیئے نہ رہتا ہو۔ کیا دوسروں کے اسلام کے پیچھے پڑے ہو پہلے آپ تو مسلمان بن لو۔ ۵

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو		تجکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو	

۵ (اے پیغمبر اپنے وقت کے یہود کو وہ وقت یاد دلاؤ) جب ہم نے بنی اسرائیل (کے بڑوں) پر پہاڑ کو اس طرح پر لٹکایا کہ گویا وہ سائبان تھا اور سمجھے کہ یہ (پہاڑ) اُن پر آپ گرا (کہ گرا اور حکم دیا کہ یہ کتاب) جو ہم نے تم کو دی ہو (اس کو خوب) مضبوطی کے ساتھ لیئے رہنا اور جو کچھ اس میں (لکھا) ہو اُس کو یاد رکھنا (کہ ایسا کرنے سے) عجب نہیں تم پرہیزگار بنو۔ ۱۲

آدھا تیتر آدھا بٹیر گڑ کھاؤ گلگلوں سے پرہیز ہم تو ایسے اسلام کے قائل نہیں اور ملکوں کی خبر نہیں مگر ایسا اسلام نہ تو ہندوستان میں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے۔ مگر ہاں وہ اسلام جس کے ہم معتقد ہیں اور جو خدا اور رسول نے تعلیم کیا ہے وہ تو ایک جبل راسخ کی طرح مستحکم و استوار ہے دنیا دی تغیرات کی آندھیاں پڑی چلا کریں اُس کو خبر بھی تو نہیں ہوتی یہ وہ اسلام ہے کہ جیسا ہجرت سے پہلے مکے کے مسلمانوں کا تھا جب کہ وہ خانۂ کعبہ میں نہ نماز پڑھ سکتے تھے اور نہ اذان دے سکتے تھے ویسا ہی ہجرت کے بعد تھا جب کہ دنیا میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی آواز پڑی گونج رہی تھی۔ یہ وہ اسلام ہے کہ اضطرار تو اضطرار اختیار سے بھی چھوڑنا چاہو تو نہیں چھوٹتا۔ چنانچہ حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو یہ مژدہ سنایا کہ مَنْ[۵۱] قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ اِس پر ابوذر بولے وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ آپ نے فرمایا وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ پھر ابوذر نے وہی اعتراض کیا اور وہی جواب پایا تیسری بار ابوذر نے کہا تو فرمایا وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ عَلٰی رَغْمِ اَنْفِ اَبِیْ ذَرٍّ عَلٰی رَغْمِ اَنْفِ اَبِیْ ذَرٍّ ناخوشی کا کلمہ ہے اور اُس کے معنی ہیں کہ اس میں ابوذر کی ناک خاک آلود یعنی ابوذر کی ہیٹی ہو تو بلا سے اور اُس کو بُرا لگے تو بلا سے۔ جو اسلام ایسا سرلش ہو کر چمٹے کہ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ پر بھی آدمی کو جنت میں لے جا داخل کرے بھلا وہ کوٹ پتلون چھری کانٹے کے ہٹائے کیا ٹل سکتا ہے اگرچہ کوٹ پتلون چھری کانٹا یا کوئی اور حرکت تشبہ بالنصاریٰ ہی کے ارادے سے کیوں نہ ہو آخر تشبہ بالنصاریٰ زنا اور سرقے سے تو گیا گزرا نہیں۔ یہ حدیث جس سے میں نے استشہاد کیا مشکوٰۃ شریف میں بروایت صحیحین موجود ہے جو چاہے دیکھ لے اور خود نہ دیکھ سکے تو جس پر اُس کا عقیدہ ہو اُس سے پڑھوا کر سُن لے سمجھ لے بات کہنے کی تو نہیں تھی کہ پہلے سے لوگ شریعت کا بہتیرا کچھ استخفاف کر رہے ہیں یہ سُن کر تو رہے سہے اور بھی خلیع[۵۲] العذار ہو جائیں گے مگر یہ اُس کا جواب ترکی بہ ترکی ہے کہ بات بات میں لوگوں کو

[۵۱] جو اس کا معتقد ہو کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آخر کار بہشت میں جائے گا ۱۲ [۵۲] مطلق العنان ۱۲

اسلام سے خارج کیا جاتا اور کافر اور مرتد بنایا جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ لوگوں کو اسلام کے معنی ہی نہیں سمجھے۔ اسلام تو ایک اعتبار سے انسانیت کا مراوف ہے فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ اس آیت کے لفظ لفظ میں غور کرو فِطْرَةَ اللّٰهِ کو دیکھو پھر لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ کو۔ پھر ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ کو پھر وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ کو غور کرو گے تو اسلام کا مراوف انسانیت ہونا بھی تسلیم کرو گے اور اس سے بھی تم کو تسکین ہو جائے گی کہ کیوں بعض مسلمان تم کو مسلمان نہیں سمجھتے۔ نہیں سمجھتے اس لیے کہ وہ خود نہیں سمجھتے اور وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ کے احاطے میں ہیں۔ مذہبی بات ہو اور اسی لیے مہتم بالشان بھی ہو اور اسلام کی حقیقت نہ سمجھنے کی وجہ سے مسلمانوں میں تفرقہ بھی ہوتا چلا جا رہا ہے میں اس مسئلے کو اچھی طرح صاف کرنا چاہتا ہوں۔ اسلام کے مراوف انسانیت ہونے پر ایک صریح اعتراض تو یہ وارد ہوتا ہے کہ پھر سب آدمی کیوں مسلمان نہیں۔ ہاں تو سب آدمی اس لیے مسلمان نہیں کہ سب آدمی آدمی بھی نہیں ؎

آنچہ بر جستیم و کم دیدیم و بسیار ست و نیست	نیست جز انساں دریں عالم کہ بسیار ست و نیست
بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا	آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

جو لوگ آدمی ہیں اور مسلمان نہیں دو قسم کے ہیں ایک وہ ہیں جو عقل رکھتے اور عقل سے کام لیتے اور چار و ناچار خدا کو مانتے ہیں جس کا دوسرا نام دین قیم یا فطرت اللہ ہے۔ ایسے لوگ مسلمان ہیں بھی اور نہیں بھی۔ ہیں تو اس لیے کہ اُن کا عقیدہ عین اسلامی عقیدہ ہے اور نہیں اس لیے کہ اوپر ان کو خود اسلامی عقیدے سے نہیں بلکہ لفظ اسلام یعنی الف۔ سین۔ لام الف۔ میم سے انکار ہے اور اوپر مسلمان ان کو اپنے میں نہیں لینا چاہتے۔ الٰہی کیا ساری دنیا نے متوالی کو دوں کھالی ہے۔ متوالی کو دوں بھی سمجھے کہ ہے کیا چیز۔ کو دوں ایک بہت کم قیمت غلے کا نام ہے برسات میں

لہ (یہ) خدا کی (بنائی ہوئی) سرشت ہے جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے خدا کی (بنائی ہوئی) بناوٹ میں ردوبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی دین (کا) سیدھا (رستہ) ہے مگر اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ ۱۲

زمین پر چھٹک دینے سے بے زحمت جم کھڑا ہوتا اور جلدی سے تیار ہو جاتا ہو ایک وقتِ خاص میں اگر پانی کھا جاتا ہو تو اُس میں ایک طرح کی ہیئت آجاتی ہو کہ جو جانور اُس کو کھالیتا ہو باولا ہو جاتا ہو۔ اب نامسلموں اور مسلموں دونوں کی ہٹ کو تو دیکھو۔ وہ جو اسلامی عقیدے سے نہیں بلکہ لفظ اسلام یعنی الف۔ سین۔ لام الف۔ میم سے انکار رکھتے ہیں۔ اُن کی مثال اُس باورزا اندھے کی سی ہو جس کو کسی نے کھیر کھلانی چاہی اُس نے اتفاق سے کھیر کا نام نہیں سنا تھا پوچھا کھیر کیا؟ جواب ملا کہ سفید سفید ہوتی ہو۔ سفید کیا؟ تو کھیر کی دعوت کرنے والے نے کہا جیسے بگلا۔ بگلا کیسا ہوتا ہو؟ تو اُس شخص نے پونہچا اُٹھا کر اور انگلیوں کو چونچ کی طرح باہر کو نکال کر کہا ایسا۔ اندھے نے ٹٹولا تو کہا کہ یہ تو بہت ٹیڑھی کھیر ہو مجھ سے نہیں کھائی جائے گی۔ تب سے ٹیڑھی کھیر کی مثل چل پڑی۔ تو جو لوگ اسلامی عقیدے کو مانتے اور لفظ اسلام سے بدکتے ہیں اُن کے حق میں اسلام اس معنی کر ٹھڑی کھیر ہو۔ رہے مسلمان جو خدا کے ماننے والوں کو بھی اپنے میں نہیں لینا چاہتے ان کی کچھ نہ پوچھو خدا نے مزاج ہی ایسے اکھل کھرے بنائے ہیں کہ اپنے ہی کو اپنے پاس نہیں رہنے دیتے یہ دوسروں کو کیا خاک آنے دیں گے اِن کے مزاجوں میں سازگاری ہوتی تو ساری دنیا کو کبھی کے مسلمان کر چکے ہوتے۔ ہم عیسائیوں کو دیکھتے ہیں کہ مذہب کا لُبِّ لباب کفارہ اور تثلیث اور دونوں ناقابلِ تسلیم ہو

	ذی کعب ذی دیر کے قابل		مذہب ان کا سیر کے قابل

زور نہیں۔ ظلم نہیں۔ زبردستی نہیں۔ صرف سازگاری اور حسنِ تدبیر سے کیسے اپنے مذہب کو پھیلاتے چلے جا رہے ہیں۔ تو ساری دنیا کے مسلمان نہ ہونے سے اسلام اور انسانیت کے مراوف یکدگر ہونے میں کسی طرح بھی خلل نہیں آتا۔ ساری دنیا مسلمان نہیں اس لیے کہ لوگوں کو سچے دل سے مذہب کی جستجو نہیں اور اس لیے کہ جن کا کام لوگوں کو اسلام کا سمجھانا ہو یعنی خود مسلمان وہ بے چارے آپ اسلام کی حقیقت سے آگاہ نہیں اور سمجھانے کی طرح نہ

سمجھا نا جانتے ہیں اور نہ سمجھاتے ہیں۔ یہ تو اُن کا جواب ہوا جو بات بات میں مسلمانوں کو اسلام سے خارج کرتے ہیں۔ اب رہے ان کے مدِمقابل وہ لوگ جو شرع کی مطلق پروا نہیں کرتے تو وہ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ والی حدیث کو جو میں نے نقل کی قید مذہب سے آزاد ہونے کا لیسنس نہ قرار دیں جہاں وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ ہو زنا کی حد سنگسار کرنا اور سرقے کی قطع ید بھی ہو اور عذابِ آخرت کی وعید اس کے علاوہ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ کے یہ معنی نہیں ہیں کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے والا یعنی خدا کا ماننے والا بے حساب جنت میں جا داخل ہوگا۔ بلکہ دَخَلَ الْجَنَّۃَ کے یہ معنے ہیں کہ وہ اپنی بدکرداری کی سزا پانے اور مصیبتیں جھیلنے کے بعد آخرکار جنت میں پہنچ رہے گا۔ جب ایک ہی معاملے کے متعلق بہت سی باتیں کہی جائیں تو سب کو جمع کرکے استنباط مطلب کیا جاتا ہے نہ یہ کہ لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ سے استشہاد کرو اور وَاَنْتُمْ سُکَارٰی کی نوبت نہ آنے دو یا بلاغت ربود میں سے بلا کو الگ کرلو اور غت ربود کو لغت میں دیکھو مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ سے خدا کی وفورِ شفقت اور عمومِ رحمت کا اظہار مقصود ہے وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ[۵۱] ابطالِ شریعت کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ ۵

بہ تہدید گر برکشد تیغ حکم		بمانند کز و بیاں صم و بکم	
وگر درد ہد یک صلائے کرم		عزازیل گوید نصیبے برم	

نَبِّئْ[۵۲] عِبَادِیْ اَنِّیْ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَاَنَّ عَذَابِیْ ھُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ مجبو تو اس بات پر تعجب آتا ہے کہ ایسا کون بندہ بشر ہے جو گنہگار نہیں ۵

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیر خویش		عذر بدرگاہِ خدا آورد	
ورنہ سزاوارِ خداوندیش		کس نتواند کہ بجا آورد	

[۵۱] اور ہماری رحمت تمام چیزوں کو شامل ہے ۱۲ [۵۲] (اے پیغمبر) ہمارے بندوں کو آگاہ کردو کہ (ایک طرف) ہم بخشنے والے مہربان ہیں اور (دوسری طرف) ہمارا عذاب (بھی بڑا) موذی عذاب ہے ۱۲

دنیا ہی میں دیکھتے ہیں کہ ہر مذہب کے لوگ ہر قسم کے جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں قیدیں بھگتتے ہیں جرمانے دیتے ہیں بے دین کھاتے ہیں مگر کوئی مذہبی گروہ اُن کو اپنے مذہب سے نہیں نکالتا اور خود مسلمانوں کا بھی یہی تعامل ہے لیکن خدا جانے متعصب مسلمانوں کو اپنے انگریزی مواں بھائیوں کے ساتھ کس جنم کی عداوت ہے کہ مسلمان مجموعۂ تعزیرات ہند کی کل دفعات کا مجرم قرار پائے اور پھر کورا مسلمان کیونکر[۵۱] وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ مگر انگریزی کو چھوا اور کافر ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ بہت سی باتیں جو داخلِ اسلام نہیں۔ یا ہیں تو از قبیل مستحبات ہیں ہندوستان کے مسلمانوں نے اُن کو شرطِ اسلام ٹھہرا لیا ہے تو تم ان کو ترک کر کے یا ان میں مداہنت کر کے کیوں لوگوں کو وحشت دلاؤ آخر تو تم کو ان ہی مسلمانوں میں رہنا اور ان ہی سے اپنا کام نکالنا ہے

"چہ تواں کرد مرد ماں اینند"

رفارم رفارم جس کے بڑے لمبے چوڑے دعوے کیے جاتے ہیں اتنا تو مانتے ہو کہ پیغمبر صاحب سے بڑھ کر تم رفارمر نہیں ہو۔ اچھا تو اُن کا طریق عمل کیا تھا۔ اُن کا طریق عمل تو اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ تھا حطیم تو سنا ہو گا اور نہ سنا ہو تو میں بتاؤں کہ خانۂ کعبہ کے پہلو میں تھوڑی سی جگہ احاطہ کی ہوئی ہے اُس کو "حطیم" کہتے ہیں۔ یہ جگہ اصل میں خانۂ کعبہ ہی میں تھی۔ جب قبیلۂ قریش کے لوگوں نے خانۂ کعبہ کی تجدید کی تو رقم نے وفا نہ کی اتنی جگہ چھوڑ دی گئی مگر طواف میں اُس کو بھی شامل کر لیا جاتا ہے اس لیے کہ واقع میں جزو خانۂ کعبہ ہے۔ تو پیغمبر صاحب کو یہ ادھورا خانۂ کعبہ جیسا کہ اب ہے ناپسند سا تھا اور آپ کا جی چاہتا تھا کہ اُس کو پورا کر دیں مگر چونکہ لوگ نئے نئے اسلام لائے تھے اور خیال ہوتا تھا کہ خانۂ کعبہ میں تصرف کرنے سے وحشت کریں گے آپ نے خانۂ کعبہ کو اُسی کے حال پر رہنے دیا

---

[۵۱] جیسے وہ اپنی ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ۱۲ [۵۲] (اے پیغمبر لوگوں کو) عقل کی باتوں اور اچھی اچھی نصیحتوں سے اپنے پروردگار کے رستے کی طرف بلاؤ اور اُن کے ساتھ بحث (بھی) کرو (تو) ایسے طور پر کہ وہ (لوگوں کے نزدیک) بہت ہی پسندیدہ ہو ۱۲

اور تذکرہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ یا عائشۃ[۵۱] لولا ان قومک حدیث عھدھم قال ابن الزبیر بکفر لنقضت الکعبۃ فجعلت لھا بابین بابا یدخل الناس منہ وبابا یخرجون منہ ایک رفار مروہ تھے کہ یہاں تک اُن کو لوگوں کی دل جوئی کا خیال تھا اور ایک رفار مرتم ہو کہ بے فائدہ لاحاصل محض اپنا ظاہر حال بدل کر اپنے تئیں انگشت نما اور انگریزی تعلیم کو بدنام کر رکھا ہے۔ اب آج میں نے ہر ایک فریق کو اُسکی جگہ سمجھا دیا ہے۔ اس وقت کے بعد سے یہ تمہاری آپس کی تُو تُو مَیں مَیں موقوف یا ایھا الذین امنوا لا یسخر قوم من قوم عسی ان یکونوا خیرا منھم ولا نساء من نساء عسی ان یکن خیرا منھن ولا تلمزوا انفسکم ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم یتب فاولئک ھم الظلمون[۵۲] کون سمجھ سکتا ہے کہ برٹش تعلیم کو جیسی اب ہے اچھا سمجھتا ہو دین دار تو دین دار ہم دنیا دار بھی اس سے راضی نہیں سید احمد خاں بھی جو اس کے محرک اول تھے زندگی بھر ہی پکارا کیے وہ ہم سے زیادہ اس کو بے وقعتی کی نگاہ سے دیکھتے تھے وہ ہم سب سے زیادہ سمجھتے تھے کہ دینی اور دنیاوی فائدے جو تعلیم سے ہونے چاہئیں اس تعلیم سے ہو مسلمانوں کو نہیں ہوتے۔ وہ برٹش گورنمنٹ کے تو اس وجہ خیر خواہ تھے کہ دوسرا ہونا مشکل ہے۔ اُن کی خیر خواہی نہ ڈر سے تھی نہ طمع سے۔ ڈر اور طمع مفہوم دو ہیں مگر ہیں ایک۔ دوسرے کو لازم و ملزوم۔ ابھی سنہ ۵۷ء کا غدر اچھی طرح فرو نہیں ہوا تھا کہ انھوں نے

---

۵۱ اے عائشہ اگر تیری قوم کا زمانہ کفر سے قریب نہ ہوتا تو مَیں ضرور کعبہ کو گرا کر اسکی نو تعمیر کرتا اور اُس میں دو دروازے رکھتا کہ لوگ ایک دروازے سے اُس میں داخل ہوتے اور دوسرے سے نکلتے ۱۲

۵۲ مسلمانو! مرد مردوں پر نہ ہنسیں عجب نہیں کہ (جن پر ہنستے ہیں) وہ (خدا کے نزدیک) اُن سے بہتر ہوں اور نہ عورتوں عورتوں پر ہنسیں عجب نہیں کہ جن پر ہنستی ہیں وہ اُن سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے کو طعنے نہ دو اور نہ ایک دوسرے کو نام دھرو۔ ایمان لائے پیچھے بدتہذیبی کا نام ہی برا ہے اور جو (ان حرکات سے) باز نہ آئیں گے تو وہی (خدا کے نزدیک) ظالم ہیں ۱۲

گورمنٹ کی کارروائی پر نکتہ چینی کی اور بہت سی باتوں میں گورمنٹ کو الزام دیا اور اُس نکتہ چینی کو چھپوا کر مشتہر کیا اور اُس کا انگریزی ترجمہ حکام کے پاس بھیجا اُس وقت معلوم ہوتا تھا کہ صبح و شام سید احمد خاں کو پھانسی ہوتی ہے مگر گورمنٹ کوئی ایشیائی گورمنٹ تو نہ تھی اُس نے سمجھا کہ یہ نکتہ چینی سچی بے لوث خیر خواہی سے پیدا ہوئی ہے اُس نے ٹھنڈے دل سے اسکو پڑھا اور اُس پر عمل کیا۔ اور یہ سید احمد خاں کی اسی قسم کی بہت سی باتوں میں سے ایک بات تھی جو میں نے بیان کی۔ غرض سید احمد خاں برٹش گورمنٹ کے اس درجے کے خیر خواہ تھے کہ دوسرا ہونا مشکل ہے اور اُن کی خیر خواہی نہ ڈر سے تھی اور نہ طمع سے بلکہ اس لیے اور صرف اس لیے کہ وہ برٹش گورمنٹ کو مسلمانوں کے حق میں خدا کی رحمت سمجھتے تھے اور حقیقت میں رحمت ہے بھی۔ باایں ہمہ سید احمد خاں کو ایک منٹ کے لیے بھی جائز نہیں رکھتے تھے کہ مسلمانوں کی تعلیم گورمنٹ کے اختیار میں رہے۔ وہ کہتے تھے کہ اپنی دینی اور دنیاوی ضرورتوں کو ہم مسلمان ہی خوب سمجھتے ہیں اور وہی تعلیم ہماری ساری ضرورتوں کو پورا کر سکے گی جو ہم آپ کریں اور اپنی تجویز سے کریں۔ رہی گورمنٹ وہ مختلف العقائد قوموں پر حکمرانی کر رہی ہے اور اُس کو مساوات کے ساتھ سبھی کا پاس کرنا ہے سبھی کی پرداخت کرنی ہے اور نری تعلیم ہی تو نہیں یک سرو ہزار سو دا گورمنٹ تعلیم پر اتنا خرچ کرتی ہے تو یہ بھی اُس کی مہربانی اور اُسی کا حوصلہ ہے۔ بڑی مصیبت یہ ہے کہ ہندوستان کی رعایا تو ہاتھ ہلانا جانتی ہی نہیں۔ یہاں تو گورمنٹ ہی لادو دے لادو دے لادو نے والا ساتھ دے پس گورمنٹ سے یہ توقع رکھنی کہ وہ ہم مسلمانوں کے لیے ایسی تعلیم کا سامان بہم پہنچائے جو ہماری طرف سے دنیاوی تمام ضرورتوں کو پورا کرے توقع فضول اور طلب محال ہے۔ غرض یہ بات خدا کی طرف سے فیصل ہو چکی تھی کہ یا مسلمان آپ اپنی تعلیم کا بندوبست کریں یا مفلس اور ذلیل و خوار ہوتے ہوتے جیسے کہ ہو گئے اور ہوتے چلے جا رہے ہیں ایک دن ایسے مٹیں کہ ان کا کوئی نام لیوا پانی دیوا نہ رہے کَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا[۵۱]

[۵۱] (ایسے مٹے کہ) گویا اُن بستیوں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ ۱۲

جو کام گورمنٹ کے بس کا نہ تھا **سید احمد خاں** نے صرف پاک دل اور پکے ارادے کے بھروسے پر اُس کا بیڑا اُٹھایا ؎

وہ ہم ہیں اُٹھا لائے بارِ امانت		یہ زہرہ نہیں ہے کسی بوالہوس کا	

مگر کیا ہی پاک دل اور پکا ارادہ کیوں نہ ہو روپے کا کام تو روپے ہی سے چلتا ہے **سید احمد خاں** کا اپنا یہ حال ؎

چاہیئے زرِ ان بتانِ سیم تن کے واسطے		ہم قلندر یاں نہیں کوڑی کفن کے واسطے	

اِس شعر کے دوسرے مصرعے کا حرف حرف **سید احمد خاں** کے حق میں پورا ہوا ہے اور جن لوگوں نے ان کے جنازے کو کندھا دیا ہے وہ اس کے شاہد ہیں وَاَنَا مِنْهُمْ[۵۱] جن دنوں سید احمد خان علی گڑھ کالج کے قائم کرنے کی فکر میں تھے دو ایک دفعہ مجکو بھی اُن کی خدمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا تو اُن کو اسی دھن میں پایا مارے ادب کے مُونہ سے تو نہیں نکال سکا مگر اُن کی صورت دیکھ کر **میر تقی** کا یہ شعر یاد آیا کرتا تھا ؎

یہ توقع میر جی صاحب کیا ہے اگر یہ ہوا نہیں		گرمی سبزہ رنگوں سے اور گھر میں بھونی بھانگ نہیں	

اپنے تئیں مقدور نہیں گورمنٹ سے مانگ نہیں سکتے دین نہ دیں مسلمان جن کی خاطر یہ سارا دردِ سر مول لیا ہے وہ پُٹھے پر ہاتھ نہیں رکھنے دیتے پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینے کو بعض صاحب نہ سمجھے ہوں گے تو بات یہ ہے کہ ایک امیر نے دسترخوان کا ٹھیکہ دے رکھا تھا اور یہ اُن کی عادت تھی کہ وقت پر کوئی ملاقاتی بیٹھا ہوتا تو اُس کو زبردستی کھانے میں شریک کر لیا کرتے لوگوں کو ان کی یہ عادت معلوم ہوئی تو بعضے کھانے کا وقت تاک کر ملنے کو آتے ٹھیکہ دار کا اس میں یہ نقصان تھا نقصان تو وہ کھانے کے وقت خود موجود رہتا اور طفیلیوں کے ساتھ بے رخی سے پیش آتا۔ اس پر بھی جو مگس طبع تھے پلٹے رہے تو اُس ٹھیکہ دار نے دسترخوان کے خدمت گاروں سے کہہ رکھا تھا کہ ان مفت خوروں پر پانی کی بھرمار رکھو تاکہ کم کھائیں۔ ٹھیکہ دار کے ایما سے

[۵۱] اور میں بھی اُن میں کا ایک ہوں۔ ۱۲

خدمت گار بھی لقمے گنتے رہتے اور ہر لقمہ کے ساتھ پانی کا تقاضا ہوتا۔ اور اُدھر ٹھیکہ دار الگ کھڑا ہوا اشارے کیا کرتا۔ ٹھیکہ دار اور خدمت گاروں نے آپس میں پانی پلانے کی اصطلاح ٹھہرا رکھی تھی نعل لگانا۔ ایک دن ٹھیکہ دار نے خدمت گاروں سے شکایت کی کہ یار و نعل نہیں لگتے۔ ایک خدمت گار نے جواب دیا کہ نعل کیا لگیں لوگ پیٹھے پر ہاتھ تو دھرنے ہی نہیں دیتے تو جب **سید احمد خاں** نے خیال کیا کہ مسلمانوں کی خستہ حالی کا تعلیم کے سوائے کوئی علاج نہیں اور اس کو چاہیئے ابیضِ منقوش بلکہ اصفرِ صیتاح اپنے میں مقدرت نہیں گورنمنٹ سے مانگ نہیں سکتے دیں نہ دیں مسلمان جن کے لیئے یہ سارا دردِ سر مول لیا ہو وہ پیٹھے پر ہاتھ نہیں رکھنے دیتے۔ کوئی اور سری کا ہوتا تو اس خیالِ محال کو سر میں آنے ہی نہ دیتا اور آیا بھی تھا تو اس کو سر سے نکال پھینکتا مگر سید احمد خاں تو اور ہی مٹی کے بنے ہوئے تھے اُن کو اگر خیال آجاتا کہ فرہاد کی طرح جوئے شیر لانے سے مسلمانوں کی حالت درست ہوتی ہو تو وہ ہرگز یہ نہ سوچتے کہ جوئے شیر کا لانا ممکن بھی ہو یا نہیں کُدال پھاوڑا لے کوہِ ہمالیہ کو کاٹنا شروع کر دیتے۔ مسلمانوں کی خستہ حالی تو ایک بدیہی بات ہو اس کو سوچنے سمجھنے کی کچھ ضرورت ہی نہ تھی۔ سوچنا سمجھنا جو کچھ تھا اس کا تھا کہ یہ نحوست کیوں کر ٹلے اور جب اُن کی رائے قرار پاگئی کہ تعلیم ہی اس زہر کا تریاق ہو تو جھٹ سے اس کا بیڑا اُٹھا بیٹھے۔ خدا نے بھی یہ دنیا کا کھٹراگ کہیں چھو دن میں جا کر کھڑا کیا[۵۱] هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ حالاں کہ وہ تو ایسا قادرِ مطلق ہو کہ[۵۲] اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ مگر چھو دن میں بنانے سے اُس کو تدریج کے قاعدے کا بتانا منظور تھا۔ سو سید احمد خاں اپنی جگہ بہتیرے ہی مستعجل تھے مگر[۵۳] لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِیْلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِیْلًا سے عاجز اور اسی نے تو اُن کو نیچری بنایا تھا۔ بنانی تو اُن کو یونیورسٹی

---

۵۱ اللہ وہ (قادرِ مطلق) ہو جس نے چھو دن میں آسمان و زمین کو پیدا کیا ۱۲ ۵۲ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا کہنا اُس کے بارے میں اتنا ہی ہوتا ہو کہ ہم اُس کو فرما دیتے ہیں کہ ہو اور وہ ہو جاتی ہو ۱۲ ۵۳ اے پیغمبر خدا نے جو قاعدے باندھ دیئے ہیں تم ہرگز اُس میں کسی طرح کا ردوبدل ہوتا ہوا نہ پاؤ گے ۱۰

تھی مگر جس طرح عمارت کے لیئے پہلے بنیادیں بھری جاتی ہیں وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاهِیْمُ الْقَوَاعِدَ[1] مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ اُنھوں نے علی گڈھ کالج قائم کیا۔ اس وقت ایک بات ذہن میں آئی ہے ہو تو وہ جملہ معترضہ مگر شاید پھر ذہن سے اُتر جائے اسی وقت بیان کیئے دیتا ہوں کہ اتفاق سے **سید احمد خاں** کی بعض باتیں بزرگانِ دین کی باتوں سے ایسی مل جاتی ہیں کہ جیسے اصل کی نقل اور ابراہیم اور اسماعیل باپ بیٹوں نے بیت اللہ بنایا اور سید احمد خاں اور سید محمود باپ بیٹوں نے بیت العلوم کی بنیاد ڈالی یعنی **علی گڑھ** کالج قایم کیا۔ منصوبہ بھی ایسی عالی شان عمارت کا سوچا تھا کہ باوجودیکہ پیسہ پیسہ اور کوڑی کوڑی مانگ کر لاکھوں ہی جمع کیئے مگر نہ رقم ہی نے وفا کی اور نہ انجنیر کی عمر ہی نے ساتھ دیا بنیادیں بتا رہی ہیں کہ انجینیر کے ڈزائن (خاکے) کے مطابق یہ عمارت تکمیل کو پہنچے تو مسلمانوں کے لیئے ایک دارالامان ہو۔ اب یہ مسلمانوں کا کام ہے کہ اس کو پورا کریں یا ادھورا پڑا رہنے دیں۔ ہم تو دفعتہً انجینیر کے مرنے سے سمجھے کہ عمارت پر بجلی گری اور اُس نے عمارت کی اینٹ سے اینٹ بجادی مگر شکر کی جگہ ہے کہ جو لوگ انجنیر کے ڈزائن کو سمجھتے اور نہ صرف سمجھتے بلکہ ڈزائن کے بنانے میں انجنیر کے صلاح کار اور شروع سے آخر تک اُس کے مددگار بلکہ بجائے خود انجنیری کرتے رہے اور محنت اور سرگرمی میں انجینیر کے برابر نہیں تو کم بھی نہیں خدا کے فضل سے چشم بد دور حیّ و قائم موجود ہیں اور خدا ان کو عمارت کی تکمیل تک اور تکمیل ہوئے پیچھے اُس کی مضبوطی کے لیئے زندہ رکھے سمجھ تو گئے ہوگے کہ وہ کون بزرگ ہیں بچپنوانے کے لیئے تو اُن کے نام لینے کی ضرورت نہیں مگر ایک تو مجکو اُن کا نام لینے میں مزہ آتا ہے دوسرے سو تر غیبیں ایک طرف اور اُن کا نام مبارک ایک طرف وہ کون ہیں **نواب محسن الملک** مولوی **سید مہدی علی** خاں بہادر۔ یہ پہلے حیدر آباد کے محسن الملک تھے اور اب تمام ہندوستان بلکہ اسلامی دنیا کے محسن الملک۔ میں حیدرآباد

[1] اور (اسی پیغمبر بنی اسرائیل کو وہ وقت بھی یاد دلاؤ) جب ابراہیم اور (اُن کے ساتھ) اسمٰعیل (دونوں) خانۂ کعبہ کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے۔ ۱۲

تک اَلْمَلِکُ کا الف لام عہد کا تھا۔ اب استغراق کا ہو ان کو دیکھ کر انجینیر کا غم تو بہت کچھ غلط ہوتا ہو مگر مصرع

تغافل کی تری عادت جو پہلے تھی سو اب بھی ہو

مسلمانوں کی طرف سے جو خدشہ تھا اُس کو تو خدا ہی رفع کرے تو رفع ہو معاملے میں ایک عجیب منطقی دور کا پیچ آکر پڑا ہو کہ تعلیم کے لیئے چندہ مانگا جاتا ہو اور لوگ ہیں کہ تعلیم کی قدر نہیں کرتے

مصرع اَلنَّاسُ[۵۱] اَعْدَاءٌ لِّمَا جَهِلُوْا

اور اسی کا شاہد یہی ہو کہ قدر نہیں کرتے نہیں۔ کہتے ہیں کہ ابھی پودا جمنے نہیں پایا کہ اُس کی بیخ کنی کے پیچھے پڑے ہیں۔ بھلا یہ بیل کیا منڈھے چڑھے۔ اور جو بیخ کنی کے پیچھے پڑتے ہیں اُن کے ہاتھوں میں مذہبی تبر ہو کہ ایک ہاتھ بھی ٹھکانے سے بیٹھ جائے تو تحت الثریٰ تک کی خبر لے جیسے بجلی گری ہو

ہمارے سینے میں وہ آہِ آتشیں ہو ذوقؔ	کہ برق دیکھے تو فی النار والسقر ہو جائے

اَب یہاں بڑے کے نیچری کو بھی تقدیر کا قائل ہونا پڑتا ہو کہ مسلمانوں کی خستہ حالی ایک امر مشاہد ہو اور اُن میں جو اہل الرائے ہیں سوچ سمجھ کر اجماع کر چکے ہیں کہ تعلیم ہی ایک تدبیر ہو جو ان کی حالت کی اصلاح کر سکتی ہو نمونے اور شواہد آنکھوں کے سامنے موجود ہیں باتیں جو سنائی سمجھائی جاتی ہیں بدیہی ہیں جیسے دو اور دو چار۔ اب ہم ایک قرن تو تعلیم کی کوششوں کو ہو چکا ابھی تک تو یہ اُونٹ کروٹ سے بیٹھا نہیں اور دیر زیادہ اور مقدرت کم ہوتی چلی جا رہی ہو آج جو کام مثلاً ایک روپیئے میں نکلتا ہو اگلے برس مقدور تو روپیئے کی جگہ اٹھنی کا رہ جائے گا اور کام کے لیئے ایک کی جگہ دو درکار ہوں گے۔ یہ خیالات کسی وقت ہجوم کرتے ہیں تو مطلع اُمید بالکل تیرہ و تار نظر آتا ہو اور تیرہ و تار بھی کیسا كَظُلُمٰتٍ[۵۲] فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ

[۵۱] لوگ جس چیز کو نہیں جانتے خواہی نہ خواہی اُس کی دشمنی کیا کرتے ہیں۔ ۱۲ [۵۲] یا اُن کے اعمال کی مثال اُس بڑے گہرے دریا کے اندرونی اندھیروں کی سی ہو کہ دریا کو ایک اتھاہ نے ڈھانک رکھا ہو اور (اتھاہ بھی ایک نہیں بلکہ)

فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ لیکن جہاں ناامیدی ہو وہاں ایک وجہ تسلی بھی ہو کہ تعلیم کا کام ایسے ہاتھوں میں ہو جن کے ناخنوں کو خدا نے اس گروہ کے کھولنے کا خاص سلیقہ عنایت فرمایا ہو۔ سکیولر ایجوکیشن یعنی دنیاوی تعلیم تو کیا کوئی ان سے بہتر سمجھے گا۔ جو تجویز کریں آمنّا اور صدقنا کے سوائے ہم کوئی بات مُونہ سے نکال ہی نہیں سکتے۔ ۵

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید	کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

ہائے ہائے وہ صورت نہیں دکھائی دیتی جس کے لیے پیر مغاں کا خطاب موزوں اور موضوع تھا رہی ریلجس ایجوکیشن یعنی مذہبی تعلیم۔ دوسرے مسلمانوں کی تو کہتا نہیں۔ میں اپنی ذات سے قوم کے لیے بھی ان کی طرف سے متمنی ہوں مگر ہاں اتنا ضرور کہوں گا کہ قرآن کی اشاعت میں مسلمانوں کی طرف سے بہت ہی کمی اور کوتاہی ہوئی ہو اور ہو رہی ہو اور اس الزام سے کوئی اسلامی انسٹیٹیوشن بری نہیں اور ازاں جملہ علی گڑھ کالج بھی۔ جہاں تک مسلمانوں کے تنزل کے اسباب میں غور کیا جاتا ہو اسباب کا سلسلہ اسی پر جا کر منتہی ہوتا ہو کہ مسلمان ویسے مسلمان ہی نہیں رہے جیسے قرآن کی تعلیم کے ذریعے سے خدا کو بنانے منظور تھے۔ مسلمانوں کو عموماً الا ماشاء اللہ خبر ہی نہیں کہ خدا ہم سے کیا چاہتا ہو اور قرآن کے ذریعے سے ہم کو کیا تعلیم فرماتا ہو مجکو بتاؤ اور از برائے خدا بتاؤ کہ فی صدی کتنے مسلمان اچھی خاصی عمر طبعی کو پونہچ کر مرجاتے ہیں جنھوں نے ساری عمر میں صرف ایک بار بھی سارا قرآن نہیں سُنا ہوتا۔ میں عمل کو نہیں پوچھتا کہ وہ دوسرے درجے میں ہو اور علم پر متفرع ہوتا ہو اور نہ عربی دانی کو پوچھتا ہوں کہ یہ بھی ہر ایک سے ہو نہیں سکتا میں تو صرف اتنی بات پوچھتا ہوں کہ کتنے مسلمان اچھی خاصی عمر طبعی کو پونہچ کر

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۰۱۔ لہر کے اوپر لہر اس کے اوپر بادل (غرض) اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک کہ (دریا کی تہ میں کوئی آدمی) اپنا ہاتھ نکالے تو توقع نہیں کہ اس کو دیکھ سکے اور جس کو اللہ ہی نور (یعنی ہدایت) نہ دے اس کو (کسی طرف سے بھی) نور کا سہارا نہیں ۱۲

مرجاتے ہیں جنہوں نے ساری عمر میں ایک بار صرف ایک بار بھی خود ترجمہ پڑھنے سے یا کسی دوسرے کے سنانے سمجھانے سے یہ بھی نہیں معلوم کیا کہ شروع سے آخر تک قرآن کا مطلب کیا ہے بے شک مسلمانوں میں یہ تو ایک بڑی تعریف کی بات ہے کہ قرآن کے لفظوں کی حفاظت کا بڑا اہتمام رکھتے ہیں برسوں کی محنت میں ہزاروں مسلمان قرآن حفظ کرتے اور زندگی بھر اس کو دوہراتے رہتے ہیں اور ہمارے یہاں تعلیم کا سلسلہ ہی قرآن سے شروع ہوتا ہے مگر قرآن کی وہ چیز جو مسلمانوں کو مسلمان یعنی انسان کو انسان بناتی ہے اُس کے مطالب ہیں رہے الفاظ وہ خاص کر اُنھیں کے لیے مفید ہیں جو عربی زبان جانتے اور قرآن کی فصاحت و بلاغت کو سمجھتے ہیں کہ اس سے اُن کا عقیدہ قرآن کی طرف سے خوب پکا استدلالی ہو جاتا ہے۔ پس اسلام کے اعتبار سے ہم لوگوں کی مثال اُس چوہے کی سی ہے جو ہلدی کی ایک گرہ پانے سے اپنے تئیں پنساری سمجھنے لگا تھا۔ ہمارے اسلام کی حقیقت ہی کیا ہے بس یہی نہ کہ مسلمان کے گھر پیدا ہوئے مسلمانوں کو کچھ کرتے دیکھا بے اعمالِ فکر ویسا کرنے لگے ع

"انچہ آدم می کند بوزینہ ہم"

کسی کٹھ مُلّا سے آئیں بائیں شائیں کچھ سُن پایا اُس کا یقین کر لیا دین دار بن بیٹھے۔ فہم مطلب کے اعتبار سے مسلمانوں نے۔ اور مسلمانوں سے میری مراد اکثر مسلمان ہیں ہرگز قرآن کی حق قدر نہیں قدر نہیں کی کہ اس کو بالاستیعاب سلسلے سمجھتے اُس کے مطالب میں غور کرتے۔ اصل میں قرآن کے مطالب اور مضامین ہی تو تھے جن کی وجہ سے اُن وقتوں کے اکھڑ عرب اسلام کے گرویدہ ہوئے چنانچہ ایک مقام پر فرماتے ہیں وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ[1] اسی تقریب میں مجکو

[1] اور (اے پیغمبر) مشرکین میں سے اگر کوئی شخص تم سے پناہ کا خواستگار ہو تو (اُس کو) پناہ دو یہاں تک کہ وہ (اطمینان سے) کلام خدا کو سُن سمجھ لے پھر اُس کو اُس کی امن کی جگہ واپس پہنچا دو یہ (رعایت ان لوگوں کے حق میں) اس وجہ سے (کرنی ضرور) ہے کہ یہ لوگ (اسلام کی حقیقت سے) واقف نہیں ۱۲

حریث بن زید الخیل کے چند عربی شعر یاد آئے جو اُس نے اپنے چچا اوس بن خالد کے مرثیے میں لکھے ہیں۔ مجکو ان اشعار کا سُنانا تو مقصود نہیں بلکہ میرا مطلب اُس حکایت کا بیان کرنا ہی جو ان اشعار سے متعلق ہی۔ تو پہلے شعر پڑھ لوں تب حکایت بیان کروں۔ رہا شعروں کا مطلب وہ تو میں اُسی وقت بیان کروں گا جب خدا کرے گا کہ تم اسلامی یونیورسٹی بنا کھڑی کروگے۔ اسلامی یونیورسٹی بناؤ گے تو اُس میں عربی کورس ہوہی گا اور عربی کورس ہوگا تو قرآن کا مطلب سمجھو گے جیسا اُس کے سمجھنے کا حق ہو اور قرآن کا مطلب ہی نہ سمجھو گے تو سچے مسلمان کیسے بنو گے اور سچے مسلمان نہ بنو گے تو کیوں کر اپنی حالت درست کروگے اور اپنی حالت درست نہ کروگے تو قیامت میں رسولِ خدا کو کیا مُونہ دکھاؤ گے وہ مسلمان کو ایک معزز قوم بنانے کے لیئے بھیجے گئے اور مسلمانوں کی معزز قوم بنا کر جس خدا نے اُن کو بھیجا تھا اُس کے حضور میں واپس چلے گئے اور عرض کیا کہ تو نے مجکو توفیق دی اور میں اپنا کام کر آیا یَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ہم نے افسوس ہم نے اُس عزت کو خاک میں ملایا اور اپنے ساتھ اسلام کو بے عزت کیا ۵

ہر چہ گیرد علتی علت شود		کفر گیرد کاملے ملت شود	

خیر تو وہ حریث بن زید الخیل کے اشعار عربی یہ ہیں۔ ۵

اَلَا بَاكِرَ النَّاعِيْ بِاَوْسِ بْنِ خَالِدٍ		اَحَقَّ الشَّتْوَةِ الْغَبْرَاءِ وَالزَّمَنِ الْمَحِلِ	
وَاِنْ يُقْتَلُوْا بِالْغَدْرِ اَوْسًا فَاِنَّنِيْ		تَرَكْتُ اَبَا سُفْيَانَ مُلْتَزَمَ الرَّجُلِ	

۵ (منافق) کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینے لوٹ کر گئے تو جو عزت رکھتا ہو ذلیل کو وہاں سے نکال باہر کرے تو سہی حالاں کہ (اصلی) عزت اللہ اور اس کے رسول کی اور مسلمانوں کی ہو مگر منافق (اس بات سے) واقف نہیں۔ ۱۲

۵ آگاہ رہو کہ اوس بن خالد کی خبر مرگ لوگوں کو عین الصباح پر پہنچائے۔ جو سردی کے موسم میں محل سالی کی خاک اڑتی تھی اور سخت محل سالی پڑتی تھی تو وہ لوگوں کی امداد کرتا تھا اور اگرچہ وہ ہوگا وے کر اُس کو مار ڈالا (تو میں نے بھی ابوسفیان کو جو میرے بھائی کا قاتل تھا) وہیں کے وہیں ٹھنڈا کر دیا۔ ۱۲

فَلَا تَجْزَعِي يَا أُمَّ أَوْسٍ فَإِنَّهُ	لَقِيتُ الْمَنَايَا كُلَّ حَافٍ وَذِي نَعْلِ
قَتَلْنَا بِعَكَّادٍ نَامِنَ الْقَوْمِ عُصْبَةً	كِرَامًا وَلَمْ نَكُلْ بِهِمْ مَشْفَ النَّخْلِ
وَلَوْلَا الْأَلَى مَا عِشْتُ فِي النَّاسِ سُبَّةً	وَلَكِنْ إِذَا مَا شِئْتُ جَادَ بِنَى مِثْلِي

اور ان کی حکایت یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے ابوسفیان کو (ابوسفیان یزید کے دادا نہیں یہ اس نام کے دوسرے صحابی ہیں) غرض حضرت عمرؓ نے ابوسفیان کو دیہات میں بھیجا کہ لوگوں سے قرآن پڑھواؤ۔ یہ ابوسفیان کا بھیجا جانا اس طرح کا تھا جیسے ہمارے زمانے میں مدارس کے انسپکٹر گانو گانو لڑکوں کا امتحان لیتے پھرتے ہیں۔ ابوسفیان نے اوس بن خالد سے قرآن پڑھوانا چاہا تو اوس نے انکار کیا اس پر ابوسفیان نے تادیباً اس کو تازیانے مارے وہ اتفاق سے مرگیا۔ اس کی ماں بیٹے کے ماتم میں لگی رونے پیٹنے خریف نے مارے غصے کے ازخود رفتہ ہوکر ابوسفیان کو مار ڈالا اور مرثیے کے طور پر یہ اشعار کہے۔ میری غرض یہ تھی کہ وہ قرونِ اولیٰ کے لوگ جنھوں نے اسلام کو رواج دیا قرآن کے پھیلانے کا یہاں تک اہتمام کرتے تھے۔ اب اپنی کوشش کو ان کی کوششوں سے ملاکر دیکھو۔ غرض تو اُن کی ہماری ایک ہے کہ مسلمان دنیا میں قوم معزز ہوکر رہیں۔ اُن لوگوں نے اس غرض کے حاصل کرنے کے لیے صرف ایک قرآن کا کورس (نصاب) رکھا تھا اور اُسی پر زور دیا نتیجہ یہ ہوا کہ وحشی سولیزیشن کے پایونیر (رہنمائے تہذیب) ہوئے۔ اونٹوں کے چرانے والے بادشاہ اور بادشاہ بھی ایسے زبردست کہ یورپ کے سارے بادشاہ مل کر بھی تو اُن کی گرد کو نہیں پاتے اور بادشاہت ہی گھر میں آگئی تو دولت و عزت کا کیا مذکور ہے۔ دولت اُس کی لونڈی اور عزت اُس کی سہیلی۔ جہاں سلطنت وہاں دولت

لہ پس اے اوس کی ماں جزع فزع مت کر کیوں کہ موت کا چوبدار تو ننگے پاؤں والا ہو یا جوتی پہنے ہوئے سب ہی کے لیے ہے پس ہم نے بھی اپنے مقتولین کا بدلہ یوں لیا کہ ہم نے بھی اُن کے بڑے لوگوں کی ایک جماعت قتل کر دی اور ہم نے اُن کے بدلے میں کھجور کے چھلکے تک بھی نہ کھائے یعنی مطلقاً دیت قبول نہیں کی۔ اور اگر رسوائی کا سہارا نہ ہوتا تو میں لوگوں میں دم بھر زندہ نہ رہ سکتا اور لیکن حال یہ ہے کہ جب چاہو جدھر چاہو دیکھو تو میرے جیسے مصیبت مذہبت سے مل جاتے ہیں۔

جہاں سلطنت وہاں عزت ہم اپنی کوششوں کے نتیجے پر نظر کرتے ہیں تو سلطنت اور عزت تو بجائے خود دولت لوندی تک بھی ہماری رسائی نہیں اور کورس یہی ہو تو ہوگی بھی نہیں ۵

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی		کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان ست	

ہم مسلمانوں کی حالت کی اصلاح تو جب ہوگی قرآن ہی سے ہوگی۔ جو کچھ بھی تم رفارمر لوگ چاہتے ہو مسلمان سب کچھ کریں گے مگر قرآن کے کرانے سے کریں گے۔ نہ تمہارے کرانے سے اور نہ گورنمنٹ کے کرانے سے۔ جابجا واعظ ہوں اور وہ عوام کو صرف قرآن کا ترجمہ سناتے پھریں۔ مکتبوں اور مدرسوں میں جب لڑکے عبارت کے پڑھنے پر قادر ہو جائیں عربی خوانوں کے لیئے متن سے ورنہ ترجمے سے کورس بنائے اور اُن کو پڑھائے جائیں جب قرآن لوگوں کے دل میں جگہ کرے گا تو اُن کو آپ اُپج کی سوجھے گی۔ اِس کے انتظار میں کہ امام غزالی اور مولوی شاہ ولی اللہ دوبارہ جنم لیں قرآن کی اشاعت میں غفلت کرنا خود تم رفارمروں کے مقاصد میں خلل انداز ہے۔ مَیں تو کانفرنس میں کسی رائے کے پیش کرنے کے لیئے شریک نہیں ہوا میرا مطلب تو کانفرنس کی تقریب سے **سید احمد خاں** کی وفات پر حسرت و افسوس کا ظاہر کرنا تھا اس کے ضمن میں کوئی بات خیال میں آگئی تو کہہ دی گئی وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ سید احمد خاں کے مرنے پر میں نے چند بند مرثیے کے طور پر لکھے تھے اب میں اُن پر اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں کہ اوّل اور آخر دونوں کا جوڑ مل جائے ۵

ہر ایک جان دار کی بے شبہ ایک جانی ہے		خدا کی ذاتِ واحد کے سوا ہر چیز فانی ہے	
نہیں معلوم بعد از مرگ کیا کچھ پیش آنی ہے		مگر مدحِ خلائق مغفرت کی ایک نشانی ہے	

مرے پر اپنے اور بیگانے سر سیّد کو روتے ہیں
خدا کے نیک اور مقبول بندے ایسے ہوتے ہیں

وہ اپنے وقت کا اک فرد کامل بلکہ اکمل تھا		کہ ہم میں کا ہر ایک اعلیٰ سے اعلیٰ اُس سے اسفل تھا	
خردمندوں کی صف میں سب سے خوش تر جتھے وہ اوّل تھا		غرض اسلامیوں کی فوج کا لیڈر[۱] تھا جنرل تھا	

[۱] پیش رو۔ سردار۔ ۱۲

اب اس کے بعد لشکر ہے مگر افسر نہیں کوئی
بھٹکتا پھر رہا ہے قافلہ رہبر نہیں کوئی

ہمیں سر سید احمد سے بڑی بھاری شکایت ہے
بیاں ہو کس زباں سے خوں چکاں اپنی حکایت ہے
رہے دہوکے میں ہم کو آپ کے دم کی حکایت ہے
نہ سوچے مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ بھی قرآں کی آیت ہے

یکایک ہو کے بے رحم چل دیئے ہم کو دغا دے کر
نہ چھینے دشمنوں سے بھی کوئی نعمت خدا دے کر

مسلمانوں کی حالت میں تو مدت سے تنزل تھا
بھی کامل چکا تھا خاک میں جو کچھ تجمل تھا
مدار زیست تقدیر الٰہی تھی توکل تھا
نہ خواہش تھی ترقی کی نہ حاکم سے توسل تھا

ہمارے سر پہ بجتے ڈھول تھے اور شور ہوتے تھے
مگر ہم ہیں کہ بسم اللہ کے گنبد میں سوتے تھے

نہ جانا ہم نے جا کر رات کب کا دن نکل آیا
ہوئیں بدظنیاں سب ڈور انگریزی عمل آیا
بجا آیا یا استحقاق آیا بر محل آیا
بساط کہنہ کا تقدیر سے نعم البدل آیا

پرانے خود رفتگان خواب غفلت کو خبر کیا ہو
شب تاریک ہم سے تیرہ بختوں کی سحر کیا ہو

ہمیں احساس ہی باقی نہ تھا اپنی تباہی کا
نہ ہو زنگی کو جیسے علم اپنی روسیاہی کا
گدائی میں بھی ہم رکھتے تھے عزہ بادشاہی کا
بنا دانستگی دعوی فضیلت دستگاہی کا

عروج اہل انگلستان کو ہم کیا سمجھتے تھے
خدا جانے کہ اپنے آپ کو ہم کیا سمجھتے تھے

زمانہ حسب عادت اپنی دہیمی چال چلتا تھا
نہ تھمتا تھا نہ رکھتا تھا نہ اپنا رخ بدلتا تھا
مگر جو کوئی اس کا ساتھ دینے سے مچلتا تھا
یہی دیکھا کہ اس کو کف افسوس ملتا تھا

زمانے سے لڑے ٹکر کسی میں ہو سبھال اتنی
خدا سے بیر باندھے کس نے پائی ہو مجال اتنی

ہم اس پر بھی باطمینان بیٹھے تھے نہ تھا کھٹکا
نہ پونچھے تھے جھکولے اور نہ کھایا تھا کبھی جھٹکا
یکایک زلزلے نے غدر کے ایک دم سے آ پٹکا
نہ اُٹھے جس سے کلمیا اُس کے سر پر دھر دیا مٹکا

مسلمانوں کے مٹ جانے میں ہرگز کچھ نہ تھا باقی
مگر وہ کیا مٹے رکھے جسے فضلِ خدا باقی

خدا نے سید احمد خاں کو دی توفیقِ غم خواری
عطا کی عقلِ صائب جامع دنیا و دیں داری
اِسی کی سخت حاجتمند تھی یہ قوم بیچاری
علاج آسان ہو جب ہو گئی تشخیص بیماری

اُسی نے سب سے پہلے عزت اور دولت کا گر سمجھا
خزف کو اُس نے گر دانا خزف اور دُر کو دُر سمجھا

اُسی نے علم کو اُس کی حقیقی شان میں دیکھا
اور اُس کی طاقت اور قوت کو انگلستان میں دیکھا
جو برسوں میں نہ ہوتا ہو ایک آن میں دیکھا
محال و ممتنع کو حیزِ امکان میں دیکھا

جنوں ہو خبط ہو تقدیر سے ناحق جھگڑتے ہیں
ہم آپ ہی اپنے ہی کرنے سے بنتے اور بگڑتے ہیں

حصولِ علم ہی انسان کو انساں بناتا ہو
یہی تو بادشاہ اور کنگ[1] اور سلطاں بناتا ہو
یہی فرماں روا و حاکم دوراں بناتا ہو
یہی مفلس کو دولت مند با ساماں بناتا ہو

ہنر کو کہتے ہیں اور ٹھیک کہتے ہیں کہ دولت ہو
کہ دولت بھی تو دنیا میں ہنر ہی کی بدولت ہو

کہاں ہندوستاں اور اُس سے جا کر کہاں لندن
بایں بُعدِ مسافت بیچ میں دریائے برہم زن
چلے اور آ کے قابض ہو گئے سب ملک پر فوراً
بھلا کیا تاب اُن کی حکمتوں کی لا سکے دشمن

[1] بادشاہ۔

ہماری قوتیں سب منحصر ہیں گاؤزوری میں
بھری ہے صنعت و ایجاد ان کی پوری پوری میں

رہے مصروف ہم تو سب کے سب باتیں بنانے میں
کریو رپ و ہم سے آگو داخدائی کارخانے میں

یہ ہم سے بھی گئے گزرے ہوئے تھے ایک زمانے میں
پر اب دُنیا کی دولت پھٹ پڑی ان کے خزانے میں

خدا ہی نے کچھ ان کو راز دار اپنا بنایا ہے
کہ ان کی قوم نے نیچر کا رستہ دیکھ پایا ہے

رہی ہم میں باقی جب لیاقت مُلک داری کی
فلک سے جا کے ٹکرائیں صدائیں آہ و زاری کی

پس از اتمام حجت حق نے عادت اپنی جاری کی
کہ آخر ایک حد ہوتی ہے حلم و بُردباری کی

دیا مُلک اُن کو جو اس نعمتِ عظمیٰ کے شایاں تھے
کہ ان کے رُشد کے آثار ظاہر تھے نمایاں تھے

زوالِ سلطنت تھا گو بظاہر موت سے بدتر
ولیکن در حقیقت قہر میں بھی رحم تھا مضمر

کہ ہم کو امن و آسایش ہے اپنے عہد سے بڑھ کر
ہوا ہے علم ارزاں جیسے بھٹے مولی اور گاجر

یہ آزادی جو حاصل ہے کسی کو کب میسّر تھی
اگر سچ پوچھیے تو زندگی لوگوں پہ دوبر تھی

برائے نام انگریزوں کی کہنے کو رعیت ہیں
کہ حاکم رحم دل منصف مزاج اور نیک نیت ہیں

لیاقت دوست ہیں جوہر شناسِ قابلیت ہیں
اور اس پر بھی نہ پنپے ہم تو پورے بے حمیت ہیں

نہیں اس عہد میں تخصیص قوم و ملک و مذہب کی
اگر ہم اہل ہوں تو سلطنت بھی ہے ہمیں سب کی

مگر کیا ظلم ہے ہم بدگماں ہیں اس قدر ان سے
کہ ہر ایک بات میں رکھتے ہیں پرہیز اور حذر ان سے

الٰہی کب وہ دن ہوگا کہ ہوں شیر و شکر ان سے
تو پھر جی کھول کر حاصل کریں علم و ہنر ان سے

بطوع و خوش دلی ایک ایک کی عادت کو سہ جائے
یوں ہی کچھ تفرقہ مذہب کا رہ جائے تو رہ جائے

نہیں ممکن کہ دنیا میں رہو عزت سے بے اس کے
نہیں ممکن کہ عظمت ہو کسی خدمت سے بے اس کے
نہیں ممکن کہ ہوں ہاتھ آشنا دولت سے بے اس کے
نہیں ممکن کہ نکلو فقر کی ذلت سے بے اس کے

رہو گھل مل کے اور سیدھی طرح گرتم کو رہنا ہے
عزیزو تم سے آخر میں ہمیں اتنا ہی کہنا ہے

یہ باتیں ہیں جو ہم نے اخذ کیں مرحوم سید سے
نہ سید بلکہ قومی رہنما و پیر و مرشد سے
وہ سمجھاتا رہا ہر ہر طرح پر ہر نہج و حد سے
ولیکن ہم رہے محروم اپنی غفلت اور ضد سے

وہ ہم پر جان دیتا تھا اُسے دشنام ملتے تھے
یہ اپنی قوم سے اُس کے تئیں انعام ملتے تھے

مگر وہ دردمند قوم ایک کوہِ تحمل تھا
جو اُس کے حق میں کانٹے تھے وہ اُن کے واسطے گل تھا
مخالف پارٹی کا گو بہت سا شور تھا غل تھا
ولے اُس کے ارادے میں نہ کچھ مطلق تزلزل تھا

کسی مطلب پہ کوئی دل نہاد ہو تو ایسا ہو
جو ہمت ہو تو ایسی ہو ارادہ ہو تو ایسا ہو

تعلق قوم سے اور قوم کے چھوٹے بڑے دشمن
اُسے سمجھا کیے دیں کا عدو ایمان کا رہزن
شبِ تاریک بتلائیں اگر وہ دن کے روشن
اُنھیں جھوٹا نکالنے کی اور وہ مستعجل کہ ہو فوراً

کوئی اس کشمکش کے پھیر میں کچھ کر کے دکھلائے
جیسے اُس کی طرح اُس کا سا مرنا مر کے دکھلائے

علی گڑھ میں غرض اُس مرد نے کالج بنا چھوڑا
مسلمانوں کو انگریزوں سے بالآخر ملا چھوڑا
تعصب سنگِ رہ تھا اُس کو رستے سے ہٹا چھوڑا
مگر افسوس کیوں اُس کو بنائے دستِ قضا چھوڑا

یہ کالج بام یونیورسٹی کی زد باں ہوتا
تو اُس کا بھی دِل مایوس کیسا شادماں ہوتا

مسلمانوں کا عاشق مرگیا اور ہم کو مرنا ہی
ہمارا کام سچائی سے حق کا کہہ گزرنا ہی
خدا کے آگے جاکر کیا کہیں کہہ کر مکرنا ہی
پھر اب مانو نہ مانو اپنا کرنا اپنا بھرنا ہی

نہ مانوگے تو ساری عمر تقدیروں کو روؤگے
بگڑ جاؤگے مٹ جاؤگے کچھ اپنا ہی کھوؤگے

الٰہی تو تو دانائے نہاں و آشکارا ہی
نہیں پوشیدہ تجھ سے جس طرح اپنا گزارہ ہی
نہ آمد ہی تجارت کی نہ خدمت کا سہارا ہی
نہ معتد بہ زمینداری میں کچھ حصہ ہمارا ہی

ہماری کاہلی ہر چند کچھ کرنے نہیں دیتی
یہ رزاقی ہی تیری جو ہمیں مرنے نہیں دیتی

تیری نعمت کی قدر اور اُس کی خدمت جب ہمیں آئی
تو ہم نے حور بعد الکود کی واجب سزا پائی
مگر اب حد سے افزوں ہوگئی ہی اپنی رسوائی
لگے ایذائیں دینے اور ستانے ہم وطن بھائی

ہمارے ساختہ پرداختہ ہم کو بناتے ہیں
جو ہر دم منہ تکا کرتے تھے اب منہ چڑاتے ہیں

اگر بے حرمتی سے پیٹ پالا بھی تو کیا پالا
کسی ڈھب سے قضا کو ایک وقت خاص ٹالا
ہوئے بدنام اور اونچوں کے آگے منہ ہوا کالا
بزرگوں کی نمود اور آبرو کا خون کر ڈالا

گئی عزت تو ایسے کھانے اور پینے پہ لعنت ہی
اسی کا نام جینا ہی تو اس جینے پہ لعنت ہی

اگرچہ رزق کی جانب سے اطمینان رکھتے ہیں
وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ پر بالوثوق ایمان رکھتے ہیں
مگر اک مفلسی کا درد بے درمان رکھتے ہیں
کہ آخر ہم بھی تھوڑی یا بہت کچھ آن رکھتے ہیں

الٰہی گرچہ ہم نااہل ہیں اور پست ہمت ہیں
مگر بندے ہیں تیرے تیرے پیغمبر کی اُمت ہیں

الٰہی سیدِ عالم شہِ لولاک کا صدقہ
اور اُن کی خلّت اور توحیدِ بے اشراک کا صدقہ
پڑے ہوں جس جگہ اُن کے قدم اُس خاک کا صدقہ
جہاں مدفوں ہیں اُس سرزمینِ پاک کا صدقہ

کہ ہم سب در پئے اجرائے کارِ نیک ہو جائیں
تکلف برطرف سارے کے سارے ایک ہو جائیں

نہیں مطلب کہ ہم کو تخت ہو یا تاجِ شاہی ہو
نہیں خواہش کہ ہم کو سلطنت خواہی نہ خواہی ہو
نہیں حاجت کہ اپنا شہرہ آفاق تا بماہی ہو
فقط بس ایک یونیورسٹی کی سربراہی ہو

اگر یہ ہو تو ہم نے کُل مطالب اپنے پھر پائے
وگرنہ حکم دے ایک دم سے ساری قوم مرجائے

سینتیسواں لکچر

جو

ایجوکیشنل کانفرنس کے پندرہویں سالانہ جلسے میں بمقام کلکتہ ۱۸۹۹ء کو دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کوئی کیسا ہی بے دھڑک بولنے والا کیوں نہ ہو کلکتے کے عام مجامع میں اور خاص کر ایسے باوقار تعلیمی مجمع میں جبکہ اس وقت میں اپنے گرداگرد دیکھتا ہوں گفتگو کرتے ہوئے تھوڑا بہت

ضروری ہچکچائے گا۔ کلکتے کو خدا نے ایک خاص شرف دیا ہے کہ اس وقت مملکت ہند کا دارالسلطنت ہے۔ وَکَفٰی بِہٖ فَخْرًا[۵۱] دارالسلطنت ہونے کی وجہ سے کلکتے کی ہر ایک چیز کو عظمت لازم ہو گئی ہے۔ حتیٰ کہ اس کا مجرد نام ہر فرد بشر کے مرعوب کرنے کے لیے بس کرتا ہے۔ اللہ اللہ کبھی کبھی یہ عظمت یا اس کے مماثل ہماری دلی کو تھی۔ میری عمر کے اوائل میں اگرچہ وہ دلی کے انحطاط کا زمانہ تھا پھر بھی ہر فن کا فرد کامل دلی میں موجود تھا۔ لوگ نہ صرف دلی والوں کی زبان کا لوہا مانتے تھے بلکہ ان کی وضع کا ان کی تہذیب کا ان کی لیاقت کا۔ ان کی ذہانت کا۔ ان کے علم و ہنر کا۔ ان کی حرفت و صنعت کا یعنی ہر چیز کا جو دلی کی ہو یا دلی کو چھو گئی ہو۔ ؎

گرچہ خود ہیچم نسبتیست بزرگ	ذرہ آفتاب تابانیم

یا اب یہ حال ہے کہ بجائے دارالسلطنت ہونے کے وہ ایک ضلع رہ گیا ہے من مضافات لاہور فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ[۵۲] بس اسی نسبت سے دلی کے تمام محامد و فضائل میں کمی ہے اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ؎

خاک ہوئے پامال ہوئے برباد ہوئے سب محو ہوئے	
	اور شدائد عشق کی رو کے کیوں کر ہم ہوا کریں

غرض جب میں نے خیال کیا کہ مجھ کو بھی کلکتے کی تعلیمی کانفرنس میں جانا پڑے گا "وہ طفل بہ مکتب نیرود و نے برہمنش" اور جانے کے علاوہ کچھ کہنا بھی پڑے گا تو بات کہوں صاف میرے بھی ہچکچایا تو تھا۔ اور اب معزز اور باوقار آڈیئنس کو ہچکچانا بت ہوا کر میرا ہچکچانا بجا تھا۔

کلکتے کی عظمت کے علاوہ ایک بات یہ بھی میرے کان میں پڑی ہوئی تھی کہ غدر ۱۸۵۷ء

[۵۱] اور فخر کرنے کے لیے اتنی بات بس کرتی ہے ۱۲۔ [۵۲] لوگو جن کے موند پر آنکھیں ہیں اس واقعے کو دیکھ کر عبرت پکڑو ۱۲۔

[۵۳] بادشاہ جب کسی شہر کو بزور فتح کر کے اس میں داخل ہوا کرتے ہیں تو (ان کا دستور ہے کہ) اس کو خراب اور وہاں کے معزز لوگوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور (واقع میں ایسا ہی کیا کرتے ہیں ۱۲۔

سے پہلے کا مذکور ہے ہماری دلی کے اسد اللہ خاں غالب اپنی پنشن کا دکھڑا رونے کلکتے آئے۔ وہ بڑے نامی نامور شاعر تو تھے ہی کلکتے والوں کے سامنے مشاعرے کے طور کی صحبتیں رہیں۔ شاعری جس سے زیادہ مؤثر کوئی عمل نہیں ایشیائی ملکوں میں مدتوں سے ایسی بُری طرح سے اس کا استعمال کیا جا رہا ہے کہ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں لٹریچر کی خرابی کو بھی ایشیائی قوموں کے تنزل میں بڑا دخل ہے۔ جھوٹ اور مبالغے اور بے اصل خیالی باتوں پر تو اس کی بنیاد ہے اور مضامین جن میں شعرا طبع آزمائی کرتے ہیں اکثر گندے تو ایسی شاعری قومی اخلاق کو بگاڑ ہی چاہیے۔ عربی کی شاعری ان عیوب سے بہت کچھ پاک تھی۔ اور زمانۂ جاہلیت کے اشعار سے اس کی تصدیق ہوتی ہے اور وہ بگڑی اختلاطِ عجم سے۔ مگر ہم شاعروں کی مذمت قرآن میں بھی پاتے ہیں وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ[۱] اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ جس سے ثابت ہوا کہ نزولِ قرآن کے زمانے میں بھی شاعری شائبہ کذب سے خالی نہ تھی الا ما شاء اللہ۔ اور تاکہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعری کی ہوا تک نہ لگنے پائی، حضرت کی طبیعت خلقۃً ناموزوں واقع ہوئی تھی۔ یا ایں ہمہ مخالفوں کا ایک اعتراض کثیر الایراد یہ بھی تھا کہ یہ شخص شاعر ہے[۲] اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ۔

---

[۱] اور جیسا کا مذ خیال کرتے ہیں پیغمبر شاعر بھی نہیں کیونکہ) شاعر (خود گم راہ ہوتے ہیں اور گمراہی کی تعلیم کرتے ہیں اور) اُن کی پیروی (بھی) گمراہ (ہی) کرتے ہیں (اے مخاطب) کیا تو نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ یہ (شاعر لوگ خیالی باتوں کے) ہر ایک میدان میں سرگرداں پڑے پھرا کرتے ہیں اور ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو خود نہیں کرتے۔ مگر وہاں) جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل (بھی) کیے اور (اپنے اشعار میں) کثرت سے خدا کا ذکر کیا اور (کسی کی ہجو بھی کہی تو پہلے خود) اُن پر ظلم ہو لیا ہے۔ اُس کے بعد اُنھوں نے (واجبی) بدلہ لیا (تو ایسی شاعری کا مضائقہ نہیں) اور جنھوں نے (لوگوں پر) ظلم کیے ہیں (مثلاً ناحق کسی کی ہجو کی ہے) اُن کو (مرنے پر) عن قریب معلوم ہو جائے گا کہ کیسی جگہ اُن کو لوٹ کر جانا ہے۔ ۱۲

[۲] کیا ایک باؤلے شاعر کے کہے سے ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ ۱۲

پیغمبر صاحب پر شاعری کی تہمت لگانے سے مخالفین کا مطلب یہ تھا کہ جس طرح شاعر خودستا برخود غلط اور ڈینگیے ہوتے اور آپ اپنے مُونہ میاں مٹھو بنا کرتے ہیں اسی طرح یہ شخص دعوی پیغمبری کرتا ہے۔ مومن نے کس مزے سے شاعروں کے عیب خودستائی کا اعتراف کیا ہے۔ قدسی کی وہ مشہور غزل تو غالباً گوش زد ہوئی ہوگی جس کا مطلع ہے ؎

مرحبا سیّدِ مکّی مدنی العربی		دل وجاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی	

یہ غزل کچھ ایسی مقبول ہوئی اور وہ تھی بھی اسی قابل کہ اکثر فارسی گو اور ریختہ گو شاعروں نے اس کی تضمین کی ہے اور مدراس میں ایک اخبار ہے جریدۂ روزگار برسوں سے اسی غزل کی تضمین تبرکاً اُس کے شروع میں درج ہوتی چلی آتی ہے۔ خیر تو اس غزل میں ایک شعر یہ بھی ہے ؎

نسبتِ خود بسگت کردم و بس منفعلم		زاں کہ نسبت بہ سگِ کوئے تو شد بے ادبی	

مومن نے نہایت عمدہ طور پر اس کی تضمین کی ہے۔ فرماتے ہیں ؎

جوش میں شوق کے کچھ یاد رہی مدح نہ ذم	یہ نہ سمجھے کہ یہ کیا جاے ہے اور کیا ہیں ہم
خودستائی ہے زبس رسم فصیحانِ عجم	نسبتِ خود بہ سگت کردم و بس منفعلم
زاں کہ نسبت بہ سگِ کوئے تو شد بے ادبی	

تو پیغمبر صاحب پر شاعری کی تہمت لگانے سے مخالفوں کا مطلب یہ تھا کہ جس طرح شاعر خودستا اور ڈینگیے ہوتے اور اپنے مُونہ میاں مٹھو بنا کرتے ہیں اسی طرح یہ شخص دعوی پیغمبری کرتا ہے۔ شاعر کہنے سے یہ بھی مراد ہو سکتی ہے کہ یہ شخص شاعروں کی طرح چکنی چپڑی باتیں بنانے سے لوگوں کو پھسلاتا ہے مگر ہم نے اَلْقُرْآنُ یُفَسِّرُ بَعْضُهٗ بَعْضًا[۱] کے قاعدے سے یہ محل اختیار کیا ہے کہ جس طرح شاعر ڈینگیے ہوتے اور اپنی طرف وہ کمالات منسوب کیا کرتے ہیں جو اُن میں نہیں ہوتے اسی طرح یہ شخص دعوی پیغمبری کرتا ہے اس کی تائید ہم کو قوم ثمود اور صالح علیہ السلام کے حالات

[۱] قرآن کے بعض مقامات دوسرے مقامات کا مطلب کھول دیتے ہیں ۱۲

سے ہوتی ہے کہ صالح کی اُمت کے لوگ اُن کے حق میں کہتے تھے أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ءَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ نہیں ہے گمراہ ہونیکا شخص بات خود ستا۔ یہ بات بھی دیکھی جاتی ہے کہ منکرین اکثر پیغمبروں پر ایک ہی طرح کے اعتراض کرتے آئے ہیں پیغمبر صاحب صلعم قرآن کی فصاحت و بلاغت پر تو بڑا زور دیتے تھے یہاں تک کہ اُس کو دلائل نبوت میں سے ایک بڑی دلیل گردانتے تھے باایں ہمہ شاعری کو بُرا اور اپنے حق میں موجب کسر شان سمجھتے تھے وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ پیغمبر صاحب تو پیغمبر صاحب امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ شاعری کے بارے میں فرماتے ہیں ؎

وَلَوْلَا الشِّعْرُ بِالْعُلَمَاءِ يُزْرِي	لَكُنْتُ الْيَوْمَ اَشْعَرَ مِنْ لَبِيدٍ

حاصل کلام یہ کہ شاعری یعنی الیشیائی طور کی شاعری شرعاً مذموم ہے۔ اس نے قوم کے اخلاق پر بہت ہی بُرا اثر کیا ہے۔ اور جب شاعری ایسی بد بلا ہے کہ مستمع کے اخلاق کو تباہ کر دیتی ہے تو خود شاعر جو مبداء ان تمام خیالات فاسدہ کا ہے اس کے اثر بد سے کب محفوظ رہ سکتا ہے۔ اس محل پر شاعروں کے دوسرے عیوب کے بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ شاعری میں کم سے کم عُجب اور خود پسندی کا عیب تو ضرور ہی پیدا ہو جاتا ہے وہ اپنے ہم پیشوں کا حسد کرنے لگتا ہے جس کو دَاءُ الذَّامِّ کہنا چاہیئے اور جس کی نسبت حدیث شریف میں ہے يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ اور اگر توقع کے قدر اس کو داد یا صلہ نہ ملے تو وہ ہجو سے لوگوں کی

---

۵۱ (کافروں نے کہا) کہ کیا ہم ایسے شخص کی پیروی کریں کہ وہ بھی ہم ہی میں کا ایک بشر ہے ایسا کریں تو ہم گمراہی (میں پڑیں) اور جنہم میں (جائیں) کیا ہم میں سے اسی پر وحی نازل ہوئی ہے ہو نہ ہو یہ (شخص) جھوٹا پلپلیا (اور) ڈینگیا ہے۔ ۱۲ ۵۲ ہم نے پیغمبر کو شعر گو کی تعلیم نہیں کی اور نہ شعر گوئی اُس کی شان کے شایاں ہے۔ ۱۲

۵۳ اگر شعر گوئی علما کی کسر شان کا موجب نہ ہوتی تو میں آج کے دن لبید سے بڑھ کر شاعر ہوتا۔ لبید عرب کا بڑا نامی شاعر ہے اور قصائد سبعہ معلقہ میں اس کا قصیدہ بھی ہے۔ ۱۲ ۵۴ حسد نیکیوں کو اس طرح کھاتا ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو۔ ۱۲

دل آزاری کرتا ہو۔ مرزا اسد اللہ خان غالب جن پر یہ پہلی بات چلی (خدا اُن کی مغفرت کرے) بڑے خود پسند اور تنک مزاج شاعر تھے مگر مصرع

عیب می جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو

جیسے وہ خود پسند اور تنک مزاج تھے ویسے ہی باکمال بھی تھے کہ اگر وہ پہلے سی صحبتیں رہتیں تب بھی زمانہ سینکڑوں برس میں ویسا باکمال شاعر پیدا نہ کر سکتا اور اب تو وثوق کے ساتھ پیشین گوئی کی جا سکتی ہو کہ غالب جیسا باکمال شاعر پیدا ہو ہی گا نہیں مصرع

آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

ایک مدت تک تو مرزا صاحب ریختہ گوئی کو ویسا ہی حقیر اور دون مرتبت سمجھتے رہے جیسا بلا تشبیہ پیغمبر صاحب اور امام شافعی مطلق شاعری کو مرزا صاحب ایک ریختہ گو شاعر کے حق میں تعریضاً فرماتے ہیں مصرع

آنچہ در گفتار فخر ست آں ننگِ من ست

مرزا صاحب تو اس بات پر اڑے بیٹھے تھے کہ ریختہ کہیں ہی گے نہیں اور زمانہ عربی فارسی کی بساط تہ کر رہا تھا زمانے سے کسی کی ضد کیا چلے آخر وہی مرزا صاحب جو ریختہ گوئی کو عار سمجھتے تھے شاعری کی کون کے معمولی خط و کتابت اُردو میں کرنے لگے تھے۔ اور اُن کی اُردوئے معلی اس کی گواہ ہو اور آخر میں تو مرزا صاحب کے ملفوظات میں فارسی کا الملح فی الطعام کے قدر رہ گئی تھی۔ سو مرزا صاحب نے اگرچہ چند روز بڑی بھلی طرح اپنی ضد کو نباہا بھی تو اپنے کمال کے برتے پر نباہا۔ مگر مسلمانو! تم تو جانتے ہو کہ تم کس کمال کے کمونٹے پر کود رہے ہو میں تمھاری حالت پر نظر کرتا ہوں تو تم کو صُمٌّ بُکْمٌ بَیْنَ ذٰلِکَ لَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآءِ کا پورا مصداق پاتا ہوں ؎

گئے دونوں جہان کے کام سے ہم نہ اِدھر کے ہوئے نہ اُدھر کے ہوئے
نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم نہ اِدھر کے ہوئے نہ اُدھر کے ہوئے

پھر مرزا صاحب نے اپنی ضد کو نباہا تو اُس کا خمیازہ بھی اُن کو بھگتنا پڑا کہ آخر آخر میں ما یحتاج کو

ترس ترس کر انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

کمال شاعری کے علاوہ مرزا صاحب کو اس کا بھی بڑا گھمنڈ تھا کہ وہ شاہانِ فارس کی نسل میں سے تھے اور یوں بھی اُن کا مزاج خود پسند واقع ہوا تھا۔ مگر میں تو یہی کہوں گا کہ وہ جو کہتے ہیں کریلا اور نیم چڑھا۔ اُن کو شاعری نے زیادہ چڑچڑا کر دیا تھا۔ مرزا صاحب تو مرزا صاحب ہم میر تقی کو دیکھتے ہیں کہ وہ مرزا صاحب سے بھی چند قدم آگے بڑھے ہوئے تھے۔ میر صاحب کی شانِ مزاجی کی بہت سی حکایتیں مشہور ہیں۔ ازاں جملہ یہ کہ وہ ایک بار بہت دنوں بعد شاہ عالم کے سلام کو گئے۔ یہ وہ وقت تھا کہ شاہ عالم مرہٹوں کی قید میں تھے۔ شاہ عالم نے میر صاحب سے شکایت کی کہ میر صاحب بہت دنوں میں آپ کو دیکھا۔ اُنہوں نے مناسبِ وقت کچھ عذر کر دیا۔ پھر بادشاہ نے فرمایش کی کہ افکارِ تازہ سے محظوظ کیجئے۔ افکارِ تازہ سے بادشاہ کی مراد یہ تھی کہ میر صاحب اپنا تازہ کلام سنائیں۔ میر صاحب نے عرض کیا کہ فکرِ سخن سے فراغ نہیں کہ فکرِ سخن کیا جائے۔ شاہ عالم خود بھی شاعر تھے اور اُن کا یہ قطعہ مشہور ہے ؎

شب دل آرام سے گزرتی ہے		صبح اُٹھ جام سے گزرتی ہے	
عاقبت کی خبر خدا جانے		اب تو آرام سے گزرتی ہے	

بکرِ شکم کا اظہار در پردہ سوال تھا سو بادشاہ اُس وقت تک خود دوسروں کے دست نگر تھے بات کو ٹال گئے اور فرمایا تو یہ فرمایا کہ بھئی ہم تو صحت خانے میں جاتے ہیں تو آپ بھی ایک غزل کہہ لیتے ہیں۔ اس پر میر صاحب سے نہ رہا گیا اور بولے کہ پھر ویسے ہی سڑے ہوئے اشعار بھی ہوتے ہیں۔ میر صاحب کے اس جملے پن پر نظر کرتے ہوئے مرزا صاحب کی خود پسندی پر کچھ بھی تعجب نہیں ہوتا۔ مرزا صاحب جن دنوں کلکتے تشریف لائے اُس وقت تک فارسی کا بازار ایسا مندا نہیں ہوا تھا۔ جیسا اب ہے۔ مرزا صاحب محسود اقران تو تھے ہی اور محسود ہونا ہی اُن کی فضیلت کی دلیل ہے ؎

جو حسد کسی کو تجھ پر ہو تو ہے یہ تیری خوبی	کہ جو تو نہ خوب ہوتا تو وہ کیوں حسود ہوتا

غرض مرزا صاحب محسود اقران تو تھے ہی کلکتے کے لوگوں نے جو مذاق شاعری رکھتے تھے مہمان پریشان روزگار کی یہ مدارات کی کہ مرزا صاحب کے کلام پر نکتہ چینیاں ہونے لگیں کہیں مرزا صاحب نے مثنوی میں فرضی قصہ باندھا تھا اور اس میں ایک شعر یہ آپڑا تھا ؎

خوک شد و پنجہ زدن ساز کرد	با سر و رو عربدہ آغاز کرد

اس شعر پر یہ اعتراض کیا گیا کہ خوک پنجہ ندارد۔ ظاہر ہے کہ یہ اعتراض کچھ شاعری پر تو تھا نہیں غایت مافی الباب اس سے اتنا ہی ظاہر ہوتا تھا کہ مرزا صاحب کو اس جانور کے حالات سے پوری آگہی نہیں۔ چنانچہ مرزا صاحب نے اس کا ویسا ہی جواب دیا جس کا وہ مستحق تھا۔ غرض بحث چھڑ گئی آخر کو مرزا صاحب نے معذرت کے طور پر مثنوی باد مخالف لکھی اور لوگوں کو جمع کر کے سنائی۔ اس پر بھی باد مخالف کا نام سن کر ایک صاحب بول اٹھے "دیگے را از بزرگان باد مخالف در شکم پیچید" اور اس پر ایک قہقہہ اڑا۔ تو یہ سارا قصہ میرا سنا ہوا تھا۔ اور میں کلکتے کی کانفرنس میں شریک ہوتے ہوئے ڈرتا تھا۔ ایک طرف نواب محسن الملک بہادر اصرار کرتے تھے نہ اس پر کہ میں کانفرنس میں شریک ہوں بلکہ اس پر بھی کہ کچھ کہوں اور جو کچھ کہوں اس میں نظم بھی ضرور ہو۔ دوسری طرف میں اپنی جگہ سوچتا تھا کہ وہ اسد اللہ خاں غالب کے وقت گئے گزرے ہوئے پھر خیال آتا تھا کہ اسد اللہ خاں غالب کے وقت گئے گزرے ہوئے تو ہندوستان کے لیے گئے گزرے ہوئے نہ کلکتے کے لیے کہ ہٹیا برج کے اختلاط نے اگر اس رنگ کو گہرا نہ کیا ہوگا تو زائل بھی نہیں ہونے دیا ہوگا۔ کچھ تو اس حیص بیص میں ہا آخر میں نے اس خیال سے کانفرنس میں آنے کی اور کہنے کی اور بادل ناخواستہ نظم کی بھی ٹھان لی کہ میرے مخاطب نہ صرف اہل کلکتہ ہوں گے بلکہ کل مسلمانان بنگالہ اور میں کچھ کہوں گا بھی تو تعلیم پر اور تعلیم بھی جدید طور کی تعلیم جس کے لیے نہ صرف انگریزی عملداری بلکہ زمانے کی حالت متقاضی ہو علی گڑھ کانفرنس میں آنریبل سید محمود نے ہندسی دلائل سے یہ بات ثابت کر دکھائی تھی کہ انڈیا کے سارے مسلمان تعلیم کے اعتبار سے بڑی پست حالت میں ہیں خاص کر مسلمانان بنگالہ کہ گویا ان کے

کان ہی اس آواز سے آشنا نہیں۔ میں سچ کہتا ہوں کہ جس وقت میں نے سید محمود کے مُونہ سے یہ بات سنی تو سخت تعجب ہوا کہ کلکتہ دارالحکومت اور بنگالہ صدر پریزیڈنسی اور یہاں تعلیم کی طرف سے اس قدر غفلت اور بے پروائی چراغ کے نیچے اندھیرا اور اندھیرا بھی ایک اندھیرا نہیں بلکہ ظُلُمَاتٌ فِی بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ۔ ظُلُمَاتٌ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ۔ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ یہ ہے تمہید اس منظوم لکچر کی جس کے لیے میں نواب محسن الملک بہادر کی طرف سے مجبور کیا گیا ہوں۔ شاعری کی حیثیت سے اس نظم پر بہت سے اعتراض ہوں گے سو ہوں میں نہ شاعر ہوں اور نہ شاعری جتانے آیا ہوں۔ بلکہ میں ہند کے مسلمانوں کی طرف سے آپ صاحبوں کی خدمت میں فریاد لے کر آیا ہوں اور فریاد کی نسبت وہی اسد اللہ خان غالب فرما گئے ہیں ؎

فریاد کی کوئی لَے نہیں ہے		نالہ پابندِ نَے نہیں ہے	

نفس مطلب اور شاعری کے اعتبار سے میں اپنے حق میں کہہ سکتا ہوں ؎

شعر می گویم بہ از آبِ حیات		من ندانم فاعلات فاعلات	

جو کچھ مجکو عرض کرنا ہے میں نے اُس کو ایک بیان پر مبنی کیا ہے جس سے قرآن مجید کی سورہ بقرہ کا چوتھا رکوع شروع ہوتا ہے۔ نظم جو میں پڑھنے والا ہوں یا نظم نہ سہی فریاد جو میں کرنے والا ہوں اُس میں اس بیان کا حوالہ ہوگا۔ اور وہ بے اس کے کہ پہلے میں قرآن کا وہ مقام پڑھ کر سنا دوں شاید کسی کی سمجھ میں نہ آئے اگر میں مدارس کے کسی متداول کورس پر اپنے لکچر کو مبنی کرتا تو یوں

لہ (کافروں کے اعمال کی مثال) جیسے گہرے دریا کے اندر دو اندھیروں کی سی (ہے) جس کو دریا کی لہر نے ڈھانک رکھا ہو اور (لہر بھی ایک نہیں بلکہ لہر کے اوپر لہر اُس کے اوپر بادل (غرض) اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک کہ (دریا کی تہ میں کوئی آدمی) اپنا ہاتھ نکالے تو توقع نہیں کہ اُس کو دیکھ سکے اور جس کو اللہ ہی نور (یعنی ہدایت) نہ دے تو اُس کو (کسی طرف سے بھی نور (کا سہارا) نہیں (۱۲)

سمجھتا کہ ساری کتاب پر عبور نہ ہوگا تو ایسا بھی کیا ہے کہ شروع کے چند صفحے بھی نظر سے نہ گزرے ہوں۔ میں ایک دم سے اپنا لکچر شروع کر دیتا اور جس مضمون کا حوالہ تھا خود بخود مستمعین کا ذہن اُس کی طرف منتقل ہوتا جاتا مگر بدنصیبی سے میں نے مضمون بھی لیا تو قرآن کا جس کو اگر مسلمانوں کی مردم شماری پر حساب کیا جائے تو شاید دس ہزار میں ایک نے بھی نہ صرف یہ کہ سمجھ کر نہیں پڑھا بلکہ سمجھنے کا قصد ہی نہیں کیا۔ آج کہیں سے ایک پیسے کا کارڈ کسی اَن پڑھ آدمی کے پاس آتا ہے تو وہ اُس کو جگہ جگہ لیے پھرتا ہے اور جب تک پڑھوا نہیں لیتا اُس کو چین نہیں آتا۔ قرآن فرمانِ الٰہی ہے اور چودہ سو برس سے بار بار یَا اَیُّھَا النَّاسُ۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کہہ کہہ کر خدا اپنے بندوں سے خطاب کر رہا ہے اور بندے ہیں کہ اُس کے بلانے اور پکارنے کی مطلق پروا نہیں کرتے کہ عمل تو خیر کریں گے یا نہیں کریں گے ذرا ایک بار سُن تو لیں کہ خدا کیا کہتا اور کیا چاہتا ہے۔ کیا لاکھوں کروروں مسلمان مر نہیں گئے اور مرتے نہیں چلے جا رہے جنھوں نے اچھی خاصی عمریں پائیں اور ساری عمر میں ایک بار صرف ایک بار بھی شروع سے آخر تک قرآن کے مطلب کو نہیں سمجھا تو ان سے قیامت میں پوچھا جائے گا۔ اور خدا کا حق ہے کہ ان سے پوچھے اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ[۵۱] النذیر سے مراد ہے وقت کا پیغمبر جو لوگوں کو عذابِ خدا سے ڈراتا ہے اور چونکہ میرا نام نذیر ہے آپ لوگوں نے مجھکو شریکِ کانفرنس کر کے دوہری ذمہ داری اپنے اوپر لی ہے اس کا خیال رکھنا۔ جو لوگ پڑھے لکھے نہیں عجب نہیں اپنے دل میں سمجھتے ہوں کہ ناخواندگی کا عذر کر کے چھوٹ جائیں گے۔ مگر ان کو چاہیئے کہ یہی عذر اپنے معاملات مقدمات میں حکامِ دنیا کے روبرو پیش کر کے دیکھیں کہ کہاں تک پذیرا ہوتا ہے۔ یہیں سے ثابت ہوا کہ لاعلمی نہ دنیا میں مقبول ہے اور نہ عقبیٰ میں۔ اور جن لوگوں نے کسی طرح کی تعلیم پائی ہے اور پھر بھی قرآن کو نہیں سمجھا میں نہیں جانتا کہ وہ خدا کو کیا جواب دیں گے۔ بے شک قرآن عربی ہے اور عربی ہمارے لیئے

---

۵۱ کیا ہم نے تم کو اتنی عمریں نہیں دیں کہ جس کو سوچنا سمجھنا ہوتا اُن میں اچھی خاصی طرح سوچ سمجھ لیتا علاوہ بریں عذاب خدا سے ڈرانے والا بھی تمہارے پاس آیا۔ اور تم نے اُس کی کچھ پروا نہیں کی ۱۲

اجنبی زبان ہو اور اجنبی کے علاوہ متعسر الحصول بھی ہو۔ لیکن جب کہ ہم میں سے بہتیرے دنیا کے لالچ سے اور لالچ بھی مشتبہ بلکہ اکثر صورتوں میں موہوم غیر ملک کی زبان مثال انگریزی سیکھتے ہیں تو کیا کلام خدا کا ہم پر اتنا بھی حق نہیں کہ انگریزی کے لیے برس خرچ کریں تو عربی کے لیے اتنے ہی مہینے یا ہفتے۔ عربی مشکل ضرور ہو تو کیا حیاتِ ابدی نانی جی کے گھر کا نوالہ ہو۔ کہ مسلمانوں کا سا نام رکھا شکل وصورت میں کچھ یوں ہی سا فرق کر لیا اور بے حساب جنت میں جا داخل ہوئے

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ سچ کہا ہے مسلمانان درگور مسلمانی در کتاب۔ اس زمانے میں اسلام اور مسلمانوں کا کیا تذکرہ ہے مسلمان پوچھتے ہو تو وہ تھے اور اسلام اُن کا تھا جنھوں نے اسلام کی خاطر گھر چھوڑے۔ اہل وعیال چھوڑے۔ مال ومتاع چھوڑے اسلام کی مدد کے لیے ہمہ وقت سر بکف رہے۔ اپنے اعمال کو ان بزرگوں کے ساتھ مقابلہ کر کے دیکھیں تو ہم کو اپنے تئیں مسلمان کہتے ہوئے بھی شرم کرنی چاہیے میں اس بیان کو زیادہ طول دینا نہیں چاہتا خدا نے ہر ایک کے ساتھ نفس لوّامہ کا ایک محتسب لگا دیا ہے اور وہ اُس کے حق میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ یعنے ہر شخص آپ اپنی ذمہ داری کا موازنہ کر سکتا ہے۔ مگر غفلت شعار آدمی اس خیال ہی کو ذہن میں نہیں آنے دیتا۔ اور یہ خیال اُس کے ذہن میں آتا بھی ہے

لہ (مسلمانو!) کیا تم ایسا خیال کرتے ہو کہ (مزے سے) بہشت میں جا داخل ہو گے اور ابھی تم کو اُن لوگوں کی سی حالت پیش نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں کہ اُن کو سختیاں (بھی) پہونچیں اور تکلیفیں (بھی پہونچیں) اور جھڑجھڑائے بھی گئے یہاں تک کہ پیغمبر اور ایمان والے جو اُن کے ساتھ تھے چلا اُٹھے کہ (آخر) خدا کی مدد (کے آنے) کا کوئی وقت بھی ہے سنو خدا کی مدد (کا وقت) قریب (آ لگا) ہے۔ ۱۲

سہ بلکہ (خود) انسان اپنے مقابلے میں حجت ہے گو وہ (اپنے تئیں بے قصور ثابت کرنے کے لیے کتنے ہی) بہانے پیش لایا کرے۔ ۱۲

تو کب اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِیَ وَقِیْلَ مَنْ رَاقٍ وَظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ اِلٰی رَبِّكَ یَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ پس ہر شخص کو جو مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہو چاہیئے کہ وہ خود بخود تجویز کرے کہ اُس کو قرآن کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہیئے تھا اور اُس نے کیا سلوک کیا۔ ممکن ہو کہ کسی کو عربی سیکھنے کا یا شاید مطلق پڑھنا لکھنا سیکھنے کا موقع نہ ہوا اور وہ عنداللہ معذور قرار دیا جائے۔ لیکن کیا مرد۔ کیا عورت۔ کیا شہری۔ کیا دیہاتی۔ کیا مقیم۔ کیا مسافر۔ کیا امیر۔ کیا غریب۔ اتنے میں تو کوئی معذور نہیں ہو سکتا کہ اگر عربی میں پڑھ سکتا ہو تو عربی میں پڑھے نہیں تو دوسری زبان میں کیوں کہ قرآن کے ترجمے تو سب زبانوں میں موجود ہیں۔ غرض خود پڑھے اور خود نہیں پڑھ سکتا تو دوسروں سے پڑھوا کر سُنے چار دانگِ عالم میں مسلمانوں کے تنزلِ حالت کا رونا رویا جاتا ہے اور آخر کو بات اسی پر جا کر منتہی ہوتی ہے کہ مسلمانوں کو مذہب ہی نے بڑھایا چڑھایا اور مذہب ہی نے اُتارا گرایا چنانچہ جو لوگ مسلمانوں کے لیڈر اور ریفارمر بنے ہیں اب مذہبِ اسلام کے سنبھالنے کی بھی فکریں کر رہے ہیں۔ مذہ تو خیر مذہبی پہلو لیئے ہوئے ہی ہی جو سیکیولر انسٹیٹیوشنز ہیں وہ بھی مذہبی برائے کھولنے کی تدابیر میں لگے ہیں۔ مگر مذہب کو تو لوگوں نے ہر کہ آمد براں مزید کرد دریائے ناپیدا کنار بنا دیا ہے۔ ہماری حالت تو اس کی متقاضی ہے کہ قرآن صرف قرآن اُس کی اصلی اور سادہ اور سلیس صورت میں داخلِ درس رہے اور بچا اور پورا اور رباون تولے پاؤ رتی ٹکسالی مسلمان بننے کے لیئے صرف قرآن کی تعلیم بس کرتی ہے اور آخر قرونِ اولیٰ کے مسلمان قرآن کے سوائے اور جانتے ہی کیا تھے اور بعض نے اور میں تو کہتا ہوں اکثر نے پورا قرآن بھی نہیں پڑھا تھا اور اس پر وہ ایسے مسلمان تھے کہ اُن کی ایک چھینٹ بھی ہم پر پڑ جائے

لہ سنو جی جب (جان بدن سے کھینچ کر گلے کی) ہنسلی تک آپہنچے گی اور (مرنے والے کے بہی خواہ) چلا اُٹھیں گے کہ (اسے) کوئی جھاڑنے والا ہے (تو اس کو آکر جھاڑے) اور اُس (بیمار) کو یقین ہو جائے گا کہ (اب) یہ (دنیا سے) مفارقت (کا وقت) ہے اور (جان کنی کی تکلیف سے ایک پاؤں کی) پنڈلی (دوسرے پاؤں کی) پنڈلی سے لپٹ (لپٹ) جائے گی اے شخص جب یہ حالتیں پیش آئیں گی) اُس دن (تجھکو) اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہوگا!

تو دو خوں جہان میں بیڑا پار ہو میں اس کی سند میں ایک حدیث پڑھتا ہوں جس سے میرے کہنے کی آپ کو تصدیق ہو گی۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ اَتَی رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْرَءْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ اقْرَءْ ثَلٰثًا مِنْ ذَوَاتِ الرَّاءِ فَقَالَ کَبُرَتْ سِنِّیْ وَاشْتَدَّ قَلْبِیْ وَغَلُظَ لِسَانِیْ قَالَ فَاقْرَءْ ثَلٰثًا مِنْ ذَوَاتِ حٰمٓ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِہٖ قَالَ الرَّجُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اقْرَءْنِیْ سُوْرَۃً جَامِعَۃً فَاَقْرَأَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا زُلْزِلَتْ حَتّٰی فَرَغَ مِنْہَا فَقَالَ الرَّجُلُ وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ لَا اَزِیْدُ عَلَیْہِ اَبَدًا ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْلَحَ الرَّوَیْجِلُ مَرَّتَیْنِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ

مدتوں سے میری قطعی رائے ہے کہ مسلمانوں میں بلحاظ تقاضائے وقت ترقی کی گدگدی پیدا کرنے کا آسان ترین ذریعہ اور بہترین ذریعہ اور متیقن ترین ذریعہ ان کو قرآن کے مضامین سے آگاہ کرنا ہے جس طرح پر بھی ہو قرآن کی اصلی زبان میں ہو تو سبحان اللہ ورنہ ترجموں کے ذریعے سے۔ بے شک قرآن میں علوم الاولین والآخرین سب ہیں لَا رَطْبٌ وَّلَا یَابِسٌ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ

۱؎ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ ایک شخص پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی یا رسول اللہ صلعم مجکو کچھ قرآن پڑھا دیجئے آپ نے فرمایا جو تین سورتیں الراء سے شروع ہوتی ہیں اُن کو پڑھ لو۔ پھر اُس نے عرض کیا کہ میری عمر زیادہ ہے۔ اور میرے دل میں بات نہیں جمتی۔ اور میری زبان موٹی پڑ گئی ہے۔ آپ نے فرمایا جو سورتیں حم سے شروع ہوتی ہیں اُن میں سے تین سورتیں پڑھ لو اُس نے پھر ویسا ہی عذر کیا اور کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجکو ایسی سورت سکھا دیجئے جو احکام دین کی جامع ہو چنانچہ پیغمبر صاحب نے اُس کو سورۂ اذا زلزلت تعلیم فرمائی۔ جب اُس نے وہ سورت یاد کر لی تو عرض کیا کہ اُس ذات پاک کی قسم ہے جس نے آپ کو دین برحق دے کر بھیجا ہے کہ میں اس پر کبھی ایک حرف زیادہ نہیں کروں گا۔ یہ کہہ کر چلتا ہوا۔ آپ نے دو بار فرمایا یہ بھلا آدمی فلاح عاقبت کو پہنچ گیا۔ ۱۲ ۲؎ تر اور خشک جو کچھ بھی ہے سب کتاب واضح میں موجود ہے ۱۲

اور اس کا سمجھنا جیسا کہ سمجھنے کا حق ہے علوم لغت - اور صرف و نحو اور منطق اور مناظرہ اور معانی اور بلاغت اور آداب اور حدیث اور تاریخ کی جبتری میں سے نکلے بدون ہو نہیں سکتا مصرع

هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهُ يَتَضَوَّعُ [۵۱]

مگر وہ کام ہے دیر طلب اور یہاں قوم کی حالت یہ ہے کہ تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود - پس چار و نا چار تراجم پر ہم کو قناعت کرنی پڑے گی - پس اس وقت تو ہمتوں کو اسی میں مقصور رکھنا چاہیئے کہ قرآن کا نفس مطلب لوگوں کے کان میں ڈالا جائے اور اس کے لیئے تراجم کافی ہیں - اگر امام غزالی اور فخر الدین رازی جیسے مسلمان بنانے کا انتظار کرو گے تو بے شک مدتوں کی زحمت میں دس پانچ ایسے بھی پیدا ہو جائیں گے اور ہوئے ہیں نَحْنُ [۵۲] رِجَالٌ وَهُمْ رِجَالٌ مگر یہ تو کوہ کندن اور کاہ برآوردن ہوگا - دس پانچ مجتہد پیدا ہونے تک لاکھ دو لاکھ صرف نام کے مسلمان رہ جائیں گے اور شاید نہ بھی رہیں ۵

دوست غم خواری میں میری سعی فرماویں گے کیا؟	زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاویں گے کیا؟

الغرض ان باتوں پر خیال کرنے سے میں نے قرآن کا ایک مضمون لیا اور اسی پر اپنے تئیں کچھ کہنی کیا - وَاِذْ [۵۳] قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ - وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ اب میں اس کا اردو ترجمہ

---

۵۱ وہ مشک ہے جتنا اس کو رگڑو اس کی خوشبو پھوٹتی چلی جائے گی ۱۲ ۵۲ جیسے آدمی وہ ویسے آدمی ہم ۱۲

۵۳ اور (اے پیغمبر لوگوں سے اس وقت کا تذکرہ کرو) جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں (اپنا ایک) نائب بنانے والا ہوں (تو فرشتے) بولے کیا تو زمین میں ایسے شخص کو نائب) بناتا ہے جو اس میں فساد پھیلائے اور خوں ریزیاں کرے اور (بناتا ہے تو ہم کو بنا کہ) ہم تیری حمد و ثنا کے ساتھ تیری تسبیح و تقدیس کرتے رہتے ہیں

پڑھے دیتا ہوں اس کو ذہن میں رکھیئے گا تاکہ نظم میں جو میں پڑھنے والا ہوں اس کی کسی بات کی طرف اشارہ ہو تو مطلب کے سمجھنے میں سہولت ہو۔ میرا روئے سخن اُن ہی مسلمانوں کی طرف ہی جو ارادت و عقیدہ کے ساتھ کلام الٰہی کو سُننا چاہیں کم سے کم اتنا تو ہو کہ مسلمان جب قرآن پڑھے یا سُنے تو خدا کی شان اور عظمت کا تصور کرکے اور تصور بھی گا اَنَّکَ تَرَاہُ[۵۱] کی طرح کا غرض مسلمان جب قرآن پڑھے یا سُنے تو خدا کی شان اور عظمت کا تصور کرکے یوں سمجھے کہ خدا اُس سے اور وہ خدا سے ہم کلام ہی۔ ہم میں سے کوئی کسی حاکم دنیا کے پاس پونہچ پاتا ہی اور حاکم اُس کو کچھ حکم دیتا یا کچھ فرماتا ہی تو جس طرح یہ شخص اُس حاکم کے ساتھ پیش آتا بھلا کم سے کم قرآن پڑھتے یا سُنتے وقت ہم کو خدا کے ساتھ اس طرح تو پیش آنا چاہیئے اب ہر شخص جس نے قرآن پڑھا یا سُنا ہی آپ اپنے دل میں انصاف کرلے کہ اُس نے خدا اور اُس کے کلام کا ایسا ادب ملحوظ رکھا ہی یا نہیں ادب تو ادب اب تو بات بات میں شبہات ہیں۔ شکوک ہیں۔ اعتراضات ہیں۔ اب یہی آیت جو میں نے پڑھی کتنے مسلمان ہیں کہ فرشتوں کی طرف سے شک و شک میں پڑے ہیں۔ اور جو فرشتوں کے وجود کے قائل نہ ہوں وہ مضمون آیت کو افسانۂ بے اصل سمجھا ہی چاہیں۔ شکوک جو اس زمانے میں رائے کی بے محل آزادی اور انگریزی کی ادھوری تعلیم کی وجہ سے بکثرت زبان زد خاص و عام ہیں ان میں سے اکثر پرانے دقیانوسی ہیں جن کو لوگ

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۲۵ - (خدا نے) فرمایا میں وہ (وہ مصلحتیں) جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اور آدم کو سب (چیزوں کے) نام بتا دیئے۔ پھر اُن چیزوں کو فرشتوں کے روبرو پیش کرکے فرمایا کہ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو ہم کو ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ بولے تو پاک (ذات) ہی جو تو نے ہم کو بتا دیا ہی اُس کے سوا ہم کو کچھ معلوم نہیں تو ہی جاننے والا (مصلحت کا) پہچاننے والا ہی۔ (تب خدا نے آدم کو) حکم دیا کہ اے آدم تم فرشتوں کو ان (چیزوں) کے نام بتا دو۔ جب آدم نے فرشتوں کو اُن چیزوں کے نام بتا دیئے تو (خدا نے فرشتوں کی طرف مخاطب ہوکر) فرمایا کیوں ہم نے تم سے نہیں کہا تھا کہ آسمانوں اور زمینوں کی سب مخفی چیزیں ہم کو معلوم ہیں اور جو کچھ تم (اب) ظاہر کرتے ہو (وہ) اور جو کچھ تم ہم سے چھپاتے تھے (وہ) ہم کو سب معلوم ہی ۱۲ گویا کہ تو اُسے دیکھ رہا ہی

کمی معلومات کے سبب انگریزی کی طرف منسوب کرکے ناحق اُس کو متہم کرتے ہیں۔ اب یہی فرشتوں کا قصہ ہی خود قرآن میں اس کی نسبت یہ آیت موجود ہی وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْمَلٰٓئِکَۃُ اَوْ نَرٰی رَبَّنَا اور ساتھ ہی اُس کا جواب بھی ہی لَقَدِ اسْتَکْبَرُوْا فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا کَبِیْرًا۔ یَوْمَ یَرَوْنَ الْمَلٰٓئِکَۃَ لَا بُشْرٰی یَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِیْنَ وَیَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا اب اعتراض اور جواب کی تشریح کرنے لگوں تو مناظرہ چھڑ جائے میں نے اشارہ کر دیا ہی اب اپنی جگہ جاکر سوچ لینا یا دین کے کسی عالم سے پوچھ لینا مگر معلوم ہی کہ اس خدشے کا کھٹکنا اسی مجلس کے ساتھ ختم بھی ہی۔ قرآن کی تلاوت یا اس کے سننے کے متعلق جو ضروری اور مختصر مشورہ دیا جا سکتا ہی یہ ہی کہ قرآن سائنس کی تو کوئی کتاب ہی نہیں۔ اس کے نزول کی غرض و غایت صرف یہ ہی کہ آدمی جیسا از روے فطرت اشرف المخلوقات ہی ویسا ہی دنیا میں اشرف المخلوقات ہو کر رہے پس جب کسی کو قرآن کے پڑھنے یا سننے کا اتفاق ہو۔ اپنی بے حقیقتی اور خدا کی شان و عظمت اور اُس کے جلال کے تصور کے ساتھ اس غرض و غایت کو ایسی طرح پیش نظر رکھے کہ اس میں محو ہو جاوے۔ خود قرآن میں آداب تلاوت اور استماع قرآن بھی موجود ہیں فرماتے ہیں فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ یہ تو آداب تلاوت ہوا اب لو آداب استماع وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ قرآن کو قرآن کی طرح پڑھو قرآن کی طرح

---

۵۱ اور جو لوگ (عاقبت میں) ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے وہ (اس قسم کی باتیں بھی) کہا کرتے کہ ہم پر فرشتے کیوں نہیں اُترے یا ہم اپنے پروردگار کو دیکھیں (تو یقین کریں)۔ ۵۲ اُن لوگوں نے اپنے دل میں اپنی بڑی وقعت لگا رکھی ہی اور حد (انسانیت) سے بہت بڑھ گئے ہیں جس دن لوگ فرشتوں کو دیکھیں گے اُس دن گنہگاروں کو کوئی خوشی (نصیب) نہ ہوگی اور (فرشتوں کو دیکھ کر) کہیں گے کہ دُور دفان۔ ۱۲

۵۳ اے پیغمبر جب تم قرآن پڑھنے لگا کرو تو شیطان مردود سے خدا کی پناہ مانگ لیا کرو۔ ۱۲ ۵۴ اور (لوگو) جب قرآن پڑھا جایا کرے (یعنے پیغمبر تم کو سناتے ہوں تو غل نہ مچاؤ بلکہ) اُس کو کان لگا کر سنو اور خاموش رہو عجب نہیں (اس کی برکت سے) تم پر رحم کیا جائے۔ ۱۲

سنو تو کیا معنے کہ دل گداز نہ ہو تم تو آدمی ہو اور تمہارے سینوں میں دل ہیں اور وہ نہیں ہیں مگر مضغۂ گوشت۔ قرآن تو ایسا مؤثر کلام ہے کہ پتھر کو موم کر دے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ کلام کے مؤثر ہونے میں تو کچھ کلام نہیں مگر سننے والے کے دل میں متاثر ہونے کی صلاحیت درکار ہے ورنہ جہاں لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ہے وہاں يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا بھی ہے۔ اور وَاِذَا مَا اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ بھی ہے ۵

باراں کہ در لطافتِ طبعش خلاف نیست		در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس	

دل میں متاثر ہونے کی صلاحیت پیدا کرنے کی تدبیر ہی عجز و مسکنت، خشوع، استکانت۔ جب یہ صفتیں پیدا ہو گئیں تو دل میں شک و شبہہ اور خدشہ و اعتراض کی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی چنانچہ مطمئن اور متشکی دونوں طرح کی طبیعتوں کے حق میں فرمایا ہے هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ

۵ اگر ہم نے یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارا ہوتا اور آدمی کی طرح اس کو شعور بھی ہوتا) تو تم اس کو دیکھتے کہ خدا کے ڈر کے مارے جھک گیا (ہوتا اور) پھٹ پڑا ہوتا۔ ۱۲ ۵ خدا بہتیروں کو قرآن کے ذریعے سے گمراہ کرتا ہے اور بہتیروں کو قرآن کے ذریعے سے راہِ راست دکھاتا ہے۔ ۱۲ ۵ اور جس وقت کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو منافقوں میں سے بعض لوگ (ایک دوسرے سے) پوچھنے لگتے ہیں کہ بھلا اس (سورت) نے تم میں سے کس کا ایمان بڑھا دیا سو جو (پہلے سے) ایمان رکھتے ہیں اس (سورۃ) نے اُن کا تو ایمان بڑھایا اور وہ (اپنی جگہ) خوشیاں مناتے ہیں اور جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) روگ ہے تو اس سورت نے اُن کی (پچھلی) خباثت پر ایک خباثت اور بڑھائی اور یہ لوگ کفر ہی کی حالت میں مر گئے۔ ۵ (اسی پیغمبر (و ہی ذاتِ پاک) ہے جس نے تم پر یہ کتاب اُتاری۔ جس میں سے بعض آیتیں پکی (یعنی صاف و صریح ہیں) کہ وہی اصل کتاب ہیں اور (بعض) دوسری مبہم کہ اُن کے

قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَاْوِيْلِهٖ - وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ جو چیز متشابہ طور پر انسان کی سمجھ میں نہ آئے وہ اُس کی نسبت سے متشابہات میں ہو ازاں جملہ فرشتوں کی حقیقت و امثالہا۔ لیکن سمجھ میں نہ آنے سے کسی بات کی تکذیب کر بیٹھنا یہ تو وہی لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ہے۔ کیا آدمی اور کیا آدمی کی معلومات وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا اور وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن		کہ جاہا سپر باید انداختن	

اب میں ایک بار پھر وہ آیت پڑھتا ہوں جس پر میں نے اپنے لکچر منظوم کو مبنی کیا ہے میں کوشش کرونگا کہ جو آیت میں پڑھنی چاہتا ہوں ادب تلاوت کے ساتھ پڑھوں۔ آپ بھی ادب استماع کے ساتھ سننے کا قصد کریں۔ اگر واعظوں کی طرح اس آیت کے مالہا وماعلیہا بیان کرنے پر آؤں تو شاید کئی دن گھلادوں مگر آپ صاحبوں کی ملامت سے ڈرتا ہوں تاہم لکچر منظوم کے شروع کرنے سے پہلے جس میں آیت کے مضمون کا حوالہ ہوگا آیت کے نفس مطلب کی تشریح کرنی تو ضرور ہو دنیا کی باتوں پر منطبق کر کے دیکھیں تو مطلب بڑی آسانی سے سمجھ میں آتا ہے یوں سمجھو کہ جس طرح گورمنٹ ہم کو پڑھا لکھا کر علی قدر لیاقت ملکی خدمات پر سرفراز فرماتی اور شریک حکومت کر لیتی ہے اسی طرح خدا نے پہلے خود آدمی کو تعلیم کیا عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا تعلیم الاسمار کے یہ

نوٹ صفحہ ۳۲۸ - معنوں میں کئی پہلو نکل سکتے ہیں) تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہو وہ تو قرآن کی اُن ہی مبہم آیتوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں تاکہ فساد پیدا کریں اور تاکہ اُن کے اصل مطلب کی ٹوہ لگائیں حالاں کہ اللہ کے سوا اُن کا اصلی مطلب کسی کو معلوم نہیں اور جو لوگ علم میں بڑی پایگاہ رکھتے ہیں وہ تو اتنا ہی کہہ کر رہ جاتے ہیں کہ اس پر ہمارا ایمان ہو (یہ سب کچھ) ہمارے پروردگار کی طرف سے ہو اور سمجھا لے وہی سمجھتے ہیں جن کو عقل ہو ۱۲ سلہ بنی آدم تم کو بہت ہی تھوڑا سا علم دیا گیا ہے ۱۲ ۱۵ ہو یہ غیب ہے تمہارے پروردگار کے لشکروں کو وہی خوب جانتا ہے ۱۲

معنی کہ آدمی کو عقل دی جس کے ذریعے سے وہ موجوداتِ عالم کے باہمی تعلقات کو جانے پہچانے اور اُن میں ایک حد تک اپنے مفید مطلب تصرف کر سکے۔ آدمی کسی چیز کی حقیقت کو نہیں جانتا اور جو کچھ وہ جانتا ہے چیزوں کے خصائص اور اعراض ہیں جن کی وجہ سے چیزیں ایک دوسرے سے ممتاز ہوتی ہیں۔ پس یہ خصائص و اعراض نام ہی کا کام دیتے ہیں اور اسی لیے عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ فرمایا ہے۔ پھر انسان کے تصرفات محدود ہیں وہ ایک ذرّے کے پیدا کرنے پر قادر نہیں۔ ہاں ایک حد تک مخلوقات میں تصرف کرتا یا تصرف نہیں کرتا تو اُن سے اپنا کام نکالتا ہے اور اسی سے وہ خلیفۃ اللہ کہلاتا ہے[1] اَللّٰهُ الَّذِیْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ پھر یہ خلافت ایک عطائے ربّانی ہے جو تمام افرادِ بنی آدم کو بے کسی طرح کی تخصیص کے دی گئی ہے۔

ادیم زمیں سُفرۂ عام اوست		بریں خوانِ یغما چہ دشمن چہ دوست	

عزیزو! سمجھتے ہو اسلام کیا ہے؟		وہ شے جس کا اسلام ہے نام کیا ہے؟	
جو اس رمز معنی کو سمجھیں وہ کم ہیں		ولیکن بحمد اللہ ایک اُن میں ہم ہیں	

[1] اللہ ہی (ایسا قادرِ مطلق) ہے جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا پھر پانی کے ذریعے سے درختوں کے پھل نکالے کہ وہ تم لوگوں کی روزی ہے اور کشتیوں کو تمہارے اختیار میں کر دیا تاکہ اُس کے حکم سے دریا میں چلیں اور (نیز) ندیوں کو تمہارے اختیار میں کر دیا اور (اسی طرح ایک اعتبار سے سورج اور چاند کو تمہارے اختیار میں کر دیا کہ دونوں پڑے چکر کھا رہے ہیں اور (ایسا ہی ایک طرح) سے رات اور دن کو تمہارے اختیار میں کر دیا اور جو کچھ تم کو درکار تھا بقدرِ مناسب تم کو دیا اور اگر خدا کی نعمتوں کو گننا چاہو تو اُن کو پورا گن نہ سکو کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا ہی بے انصاف (اور) بڑا ہی ناشکرا ہے۔ ۱۲

غرض اس سے کچھ خود ستائی نہیں ہے — مگر ضبط کی اب سمائی نہیں ہے
اِدھر آؤ تم کو مسلماں بنائیں — تمھیں دین و مذہب کی غایت بتائیں
یہ غایت ہے ایک سو کون حق و باطل — میان صحیح و غلط حدِ فاصل
یہ غایت ہے پہچان خالی بھرے کی — یہ غایت کسوٹی ہے کھوٹے کھرے کی
خدا نے جو یہ کارخانہ بنایا — اور آدم کو اس سرزمیں پر بسایا
اُسے ساری مخلوق پر برتری دی — اور افواجِ عالم کی کل افسری دی
قوی تر ہیں مخلوق کی کتنی قسمیں — مگر اس کی سی عقل و دانش ہے کس میں
بہ ظاہر یہ کم زور ہے ناتواں ہے — ولے اس کا منقاد سارا جہاں ہے
ازل میں جو علمی شرافت ملی ہے — اسی پر سے اس کو خلافت ملی ہے
طلب ہو اور اُس پر سے توفیق رہبر — تو ہر ایک خرابے میں ہیں گنج مضمر
الٰہی ہمیں جستجو اور طلب دے — خلافت کے جتنے لوازم ہیں سب دے
ہزاروں برس عمر دنیا کی آئی — کسی نے نہ کچھ تھاہ قدرت کی پائی
زمیں فی المثل اک خدا ساز گھر ہے — مزین ہے آراستہ سر بسر ہے
ضرورت کے کل ساز و سامان ہیں اس میں — ہم اُترے ہوئے مثل مہماں ہیں اس میں
بجز اپنے کس کی شکایت کریں ہم — خدا میزباں اور بھوکوں مریں ہم
بہم اُس نے الوانِ نعمت کیے ہیں — یہاں بد نصیبی نے مُونہ سی دیے ہیں
اُدھر سے کُلُوا و اشْرَبُوا کی صلا ہے — مگر اپنی قسمت میں فاقہ لکھا ہے
کچھ اس طرح کے ہضم بگڑے ہوئے ہیں — کہ فاقے نہیں ہیں تو تخمے ہوئے ہیں
خدا جو نقائص سے پاک اور بری ہے — ہر ایک کام میں اُس کی دانش وری ہے
وہ چیزیں ہمیں جن کی ہے سخت حاجت — مہیا و موجود ہیں بے مشقت
ہوا سانس لینے کو پینے کو پانی — مگر ہم نے کچھ قدر ان کی نہ جانی

تجمل تکلف کے اسباب سارے — کسی کو نہیں ملتے بے مؤنہ پسارے
سرِ میز اقسام کھانے لگائے — اجازت ہوئی جس کو جو بھائے کھائے
اگر کوئی ہو دال دلیے پہ قانع — وہ جانے۔ نہیں میزباں اُس کا مانع
مگر اُس نے نعمت کو نعمت نہ جانا — نہ منت اُٹھائی نہ احسان مانا
رہا مبتذل اور وقار اپنا کھویا — غرض اُس نے نامِ خلافت ڈبویا
نہ کچھ انتہا پائی عقلِ رسا نے — خدا ہی خود اپنے خزانوں کو جانے
مگر آدمی زاد تعلیم پا کر — پہنچتا ہے اُن تک سُرنگیں لگا کر
تو وہ زندگی میں مزے کر رہا ہے — زمانے کو جو وہ کہے کر رہا ہے
سلیمان ہو اور ہوا اُس کے بس میں — عناصر کے جنّات اُس کے قفس میں
وہ خاصیتِ عرض و جوہر سے واقف — ہے فی الجملہ اسرارِ نیچر سے واقف
خلافت اُسے وہ خلافت کو شایاں — قیافے سے آثارِ دولت نمایاں
جہاں میں نہیں ذرہ بے کار کوئی — غلط۔ گر کرے اس سے انکار کوئی
جسے جس غرض سے بنایا ہے اُس نے — اُسے اُس کا رستہ دکھایا ہے اُس نے
زمیں۔ آسماں۔ چاند۔ سورج۔ ستارے — کمربستہ مصروفِ خدمت ہیں سارے
ہر اک کا طریقِ اطاعت یہی ہے — نہیں بلکہ تسبیح و طاعت یہی ہے
ہمارے بنانے سے مقصود کیا تھا — وہ انکارِ شیطانِ مردود کیا تھا
ہماری خلافت کو اُس نے نہ مانا — ہمیں اس حکومت کے قابل نہ جانا
یہ گستاخی اُس کی خدا کو نہ بھائی — اکارت گئی اُس کی ساری کمائی
خدا کے ارادے میں حارج ہوا وہ — گروہِ ملائک سے خارج ہوا وہ
خدا کی مشیت کی تکمیل کرنا — اور اس میں جہاں تک ہو تعجیل کرنا
بہر حال بندوں کو شایاں یہی ہے — ہمارا تو بس دین و ایماں یہی ہے

جب اگلوں کا طرزِ عمل دیکھتے ہیں
عقائد میں اپنے خلل دیکھتے ہیں

بتاؤ تو کس کس سے ہیٹے رہے وہ
اگر پاؤں پھیلا کے لیٹے رہے وہ

منانے اگر خیر ہنڈیا کی اپنی
نہ ہنڈیا ہی رہتی نہ ڈوئی نہ چپنی

جدا گر ہر ایک اپنی مسجد بناتے
دوا کو مسلمان ڈھونڈے سے نہ پاتے

کیا جو کچھ اُس وقت کرنا تھا ممکن
مگر اب نہ راتیں رہیں وہ نہ وہ دن

رُخِ خوب سے اپنے پردہ اُٹھایا
ہر اک چیز میں علم نے دخل پایا

قفس ہو تو ہو شکر ہو پر کھلے ہیں
ہُوا ایک در بند سو در کھلے ہیں

خلافت کا پوچھو تو اب گُر بُرا ہو
بہت غوطے مارے ہیں تب دُر ملا ہو

مگر کہنے سننے سکھانے سے کیا ہو
نہ جب تک کہ توفیقِ حق رہنما ہو

نمونے بہ افراط پیشِ نظر ہیں
مگر چوں کہ دل کور ہیں بے بصر ہیں

نہ جانیں حدیث اور نہ قرآں سمجھیں
ہوائے النفس کو عینِ ایماں سمجھیں

شرابِ تعصب ملی ان کو سستی
بہت پی گئے لگ گئی فاقہ مستی

نکالا نیا دین دنیا کا دشمن
لڑیں دونوں جس طرح سوکن سے سوکن

اگر تم کو دنیا میں رہنا ہو یارو
تو اپنی جگہ دل میں سوچو بچارو

کہ تم کیا تھے اور کیا سے کیا ہو گئے ہو
فلک پر سے تحت الثریٰ ہو گئے ہو

کوئی کب تلک یہ مصیبت سہے گا
مگر مچھ سے دریا میں لڑ کر رہے گا

بھلا یہ بھی جینے کی کوئی ادا ہو
کہ محتاج ہو کوئی، کوئی گدا ہو

کسی کو ہو مقدور اگر شاذ و نادر
نہیں ضبط کرنے پہ خواہش کے قادر

وہ مصروف ہو عیش و تن پروری میں
پڑا چین کرتا ہو بارہ دری میں

اُسے قوم کے حال کی کیا خبر ہو
کہ دو دو بجے دن کے اُس کی سحر ہو

غرض اُس کو اسبابِ صارف بہت ہیں
کہ خود اُس کے اپنے مصارف بہت ہیں

بلا سے گرانی ہو یا خشک سالی
کھٹیا نے برسات خاصی منالی

ہر اک سمت اور جا بجا کھم گڑے ہیں
درختوں پہ ریشم کے جھولے پڑے ہیں

حسینوں کی چاروں طرف ٹولیاں ہیں
برابر کی عمریں ہیں ہمجولیاں ہیں

ہنسی ہے کہیں اور کہیں قہقہے ہیں
عناول ہیں اور باغ میں چہچہے ہیں

ہوا آہوئے رم خوردہ ہے رانڈ گویا
یہ چھوٹا ہوا اُن میں اک سانڈ گویا

جہاں دولت اِس طرح کی بد بلا ہے
تو ہونے سے اسکا نہ ہونا بھلا ہے

وہ اُمت ہوں جس کے امیر اکثر ایسے
بھلا اُس کی روداد بہتر ہو کیسے

اگر بہتری ہو تو تعلیم سے ہو
سو تعلیم گنج زر و سیم سے ہو

مگر گنج آئے تو آئے کہاں سے
الٰہی برس جائے بن آسماں سے

پر اس عرض کی استجابت نہیں ہے
کہ اللہ کی ایسی عادت نہیں ہے

مجھے اِس جگہ اک مثل یاد آئی
کہ کانوں میں آواز فریاد آئی

مسافر کوئی اُترا مہماں سرا میں
بچھائی الگ چارپائی ہوا میں

نہ سونے دیا رات بھر کھٹملوں نے
رکھا مضطرب صبح تک کروٹوں نے

بہت وق ہوا اور دعا کی خدا سے
کسی طرح مجھکو بچا اس بلا سے

ولیکن تھے کھٹمل کئی دن کے بھوکے
ستانے سے اور کاٹنے سے نہ چوکے

مسافر سے جب بات کچھ بن نہ آئی
لگا کہنے بس دیکھی تیری خدائی

کوئی ہاتفِ غیب فرطِ غضب سے
مخاطب ہوا آکے اُس بے ادب سے

کہ نا شکر بیہودہ کیا بک رہا ہے
عبث آسماں کی طرف تک رہا ہے

تجھے دفع موذی کی قدرت ہے حاصل
کر اپنی حفاظت نہ ہو اتنا کاہل

یہ دار العمل جائے حیرت نہیں ہے
مگر تجھکو کچھ شرم و غیرت نہیں ہے

یہ دستور از روزِ اول رہا ہے
یوں ہی کاروبارِ جہاں چل رہا ہے

نیایش سے ہوگا نہ پوزش سے ہوگا
جو کچھ ہوگا اپنی ہی کوشش سے ہوگا

تہیدستی اور مفلسی کے بہانے
جسے کچھ بھی ہو عقل ہرگز نہ مانے

کہیں سے تو کھاتے ہو پیتے ہو آخر
بھلی یا بری طرح جیتے ہو آخر

اگر ہاتھ اُٹھا کر ہمیں دو گے پیسا
اُسے عار سمجھے کوئی ایسا ویسا

جو کچھ ہم کو مل جائے دستِ کرم سے
نہیں بحث اپنے تئیں بیش و کم سے

تو ہم نفرِ تعصب کو چھوڑو
یہ بت ہیں مسلماں ہو ان کو توڑو

علی گڑھ کا مشہور و ممتاز کالج
وہ امراضِ قومی کا حکمی معالج

بتائیں کہ کیوں کر تھا آغاز اُس کا
ہوا جمع ساماں خدا ساز اُس کا

ہمیں تو بہت شرم آتی ہے کہتے
ولیکن نہیں بنتی خاموش رہتے

خدا جانے سچ مچ ہے یا زور ہے یہ
کتابوں میں البتہ مسطور ہے یہ

کہ چھ سو برس تک کئی خاندان کے
مسلمان حاکم تھے ہندوستان کے

بزرگوں پہ نازاں ہو کیا سب کے سب تم
سُنا کیا نہ ہوگا لَکُمْ مَا کَسَبْتُمْ[۵۱]

گزرگاہِ دنیا تماشے کی جا ہے
اگر ہست کو نیست سمجھیے بجا ہے

نہیں مستمر کوئی حالت یہاں کی
ہے پابر ہوا کل عمارت جہاں کی

اگر آج ہے اک جگہ بزمِ شادی
تو کل ہے وہیں ماتمِ نامرادی

حکومت ملی سلطنت گھر میں آئی
نہ تھی ظرفِ عالی میں اتنی سمائی

نہ سوچے تو سطح کی حد سے گزر کر
بہت کھا گئے مر گئے پیٹ ابھر کر

تھی یورپ کو شہ طالعِ رہنو کی
لگائے تھے سب تاک صیدِ زبوں کی

سمندر کے اندر سے رستہ نکالا
تو پھر ملک تھا جیسے مونہ کا نوالا

گئی سلطنت چھن گئی کو توالی
وہی پھر سے کھربا وہی پھر سے جالی

۵۱ اپنی اپنی کمائی اپنے اپنے ساتھ - ۱۲

حکومت کے جانے کا اک کوہِ غم ہے
اسے روئیں گے جب تلک دم میں دم ہے

ہمیں مرنا اس حال میں کیا بُرا ہے
ولے ساتھ مرتے کے کوئی مرا ہے

مثل ہے کہ کھوٹا ہو اپنا ہی پیسا
تو غیروں پہ ناحق کا الزام کیسا

کچھ ایسے ردی تھے خیالات سب کے
کہ ہم خود بخود مٹ گئے ہوتے کب کے

نہ گنجایشِ دخل چون و چرا ہے
خدا کا ہمارا عجب ماجرا ہے

زوالِ حکومت بظاہر سزا تھی
مگر اُس کی رحمت کی یہ اک ادا تھی

ہمیں ناتواں اور ضعیف اُس نے پایا
سروں پر سے بارِ حکومت اُٹھایا

حکومت بھی اک طرح کا دردِ سر ہے
بشرطیکہ انجام کا دل میں ڈر ہے

تم اس درد کو تاج واروں سے پوچھو
محبت کو ہم دل فگاروں سے پوچھو

حکومت تھی اک اور ہم کو محوّل
جسے ڈال رکھا تھا ہم نے معطل

حکومت ہو پھر حکومت قلم کی
نہ بندوق و سیف و سنان و علم کی

خدائی خزانوں کی کنجی قلم ہے
کہ جو حرف لکھتا ہے وہ اک رقم ہے

قلم کا قلم ہو قدامت سے جاری
اسی کی حکومت کو ہو پائیداری

اگر اس حکومت سے ہم کام لیتے
تو شاہنشہی مفت بے دام لیتے

گئی سلطنت اُس کے جانے کا غم کیا
نہیں پاس کاغذ دوات اور قلم کیا؟

مگر علم کی ہمنے طاقت نہ جانی
نہ جانی لیاقت لیاقت نہ جانی

گو استادِ منثور و منظوم ہیں ہم
ولے علمِ نافع سے محروم ہیں ہم

کھلا اہلِ یورپ پہ یہ راز پہلے
بتاؤ تھے کس کے یہ انداز پہلے

غرض ملک میں آخر انگریز آئے
بزورِ لیاقت جلو ریز آئے

پھر آئے تو ہر طرح سے تیز تھے ہی
علاوہ بریں مذہبی بیز تھے ہی

خدا نے تو وہ اک جگہ لا بسائے
مگر ایک سے ایک ملنے نہ پائے

اگر ان سے شیر و شکر ہو کے رہتے
تو کیوں آج کو یہ تکالیف سہتے

ہنر سیکھتے خوب دولت کماتے
مزے کرتے گھر بیٹھے بغلیں بجاتے

مسلمان اوہام میں مبتلا تھے
رہ و رسم دنیا سے نا آشنا تھے

تعصب کی گھری گھٹا چھا رہی تھی
تباہی پڑی سر پہ منڈلا رہی تھی

کہ دریائے رحمت کو پھر جوش آیا
ہمیں میں سے اک شخص کو ہوش آیا

تو دیکھا کہ بیڑا ہے یا کوئی باوا
ہے بگڑا ہوا سارا آوے کا آوا

نہ پہلے ہی ہشیار تھے اور نہ اب ہیں
شرابِ تغافل سے بدمست سب ہیں

جگر جل گیا دل میں اک درد اٹھا
کمر باندھ کر بادِ سرد اٹھا

علی گڑھ میں آخر کو کالج بنایا
سماجت سے روٹھے ہوؤں کو منایا

بہت ڈوبتوں کو لگایا سہارا
بدیر آیا افسوس جلدی سدھارا

ہو سیّد پہ رحمت یہ رحمت خدا کی
کہ اسلام کی شرطِ خدمت ادا کی

بہت کچھ ہوا پر ضرورت سے کم ہے
اسی کا تو سید کے چیلوں کو غم ہے

ہے ہر ایک کے آگے دستِ گدائی
یہاں تک کہ نوبت تمہاری بھی آئی

اگر تم تک آ کر نہ ہو کام پورا
ہو دنیا میں اسلام بدنام پورا

یہ پودا ابھی اس کا نشو و نما ہے
اسے آبیاری کی حاجت سوا ہے

بس اب کہنے سننے کا قصہ چکا دو
جو کچھ ہو سکے ہم کو دو اور دلا دو

اڑتیسواں لکچر

الموسوم بہ

مسلمانوں کا نصاب تعلیم انجمن حمایت اسلام لاہور کے پندرہویں سالانہ جلسے میں ۱۹۰۰ء کو دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدا کے ساتھ کچھ نسبت نہیں انجام کو
دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہو گیا اسلام کو

اپنے ہی ہاتھوں بگڑتے اور بنا کرتے ہیں لوگ
کوس لے جو چاہے ناحق گردش ایام کو

یہ مطلب آیہ شریفہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ سے لیا گیا ہے اور مدعا یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ جب کسی قوم کو کوئی نعمت عطا فرما دیتا ہے تو یہ اس کی عادت نہیں کہ دے کر چھین لیا کرے مگر ہاں سلب نعمت سے پہلے اس قوم میں نعمت کی صلاحیت باقی نہیں رہتی اور وہ قوم عذاب زوال نعمت کی مستوجب ٹھیر جاتی ہے ۵

پھر بھی اس کے روبراہ ہونے کی کچھ امید ہے
صبح کا بھولا ہوا گر لوٹ آئے شام کو

عمر گزری ہے مصیبت جھیلتے کیا جانیں ہم
لذت عیش و فراغ و راحت و آرام کو

دور ہے اُس سے وصول منزل مقصود جو
آ رکھائے اور نہ سرکائے جگہ سے گام کو

دیکھتے ہیں اور نمونے سامنے موجود ہیں
پر نہیں ہے گدگدی ان کے دلوں میں نام کو

دل نہیں پتھر ہیں یا پتھر سے بڑھ کر صعب سخت
جن کے ٹکڑے اُڑ نہ جائیں دیکھ کر ایتام کو

عاجز و بیکس کہ آنکھیں کھول کر دیکھا نہیں
باپ کو دادا کو نانا ماموں اور اعمام کو

دام ہیں دام بلا جن کا تمامی جمع و خرچ
چل کے سمجھانا پڑے گا قادر علام کو

راہ حق میں خرچ کرنے سے کیا جس نے دریغ
اور پکایا جمع دولت کے خیال خام کو

آتش دوزخ میں زر کو گرم کر کے بالیقیں | داغ دیں گے رو و پشت و پہلوے اجسام کو

یہ قطعہ گویا ترجمہ ہو وعید قرآنی کا جہاں فرماتے ہیں وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝ (سورۃ التوبہ)

ہم مسلمانوں سے یورپ نے لیا تھا علم قرض | کیوں نہیں لیتے ہو واپس ان سے اپنے دام کو
یہ بھی کوئی زندگی میں زندگی ہوتا بکو | صبح کو مل بھی گیا گر کچھ تو فاقہ شام کو
ہو مشید پر عمارت سے کہیں چلتے ہیں نام | جانتا ہو کوئی نام بانی اہرام کو
ہو نہیں سکتا کہ دنیاوی ترقی ہو نصیب | ہاں مگر دل سے مٹا دو مذہبی اوہام کو
دولت و حشمت ہو بام اور علم اس کی زوباں | زوباں شرط ضروری ہو وصولِ بام کو
آپ اپنے دین کو کرتے ہیں رسوا اور ذلیل | جو بجا لاتے نہیں خود شرع کے احکام کو
جب نہ سمجھیں قوم کے لکھے پڑھے باعقل و ہوش | دیجئے الزام کیا جہال کالانعام کو
سلطنت سے روم کی کر کر کے اظہار خلوص | بدگماں کرتے ہیں بے مطلب اہل حکام کو
سہل نسخہ ہے ہلاکو اک ٹکے بھر کی زباں | گرم جولاں کہہ کے سرپٹ تو سن اقلام کو
الغرض بایں خوشامد کی بنا کر جھوٹ موٹ | معتقد کر لیجئے فی الجملہ خاص و عام کو
پرٹکوں سے گرمدد کرنے کا وقت آئے تو پھر | خوف سے دینے کے بھاگیں نوک دم آسام کو

ہم آدمی ہے علم کو صورت سے جان ہو گر کیا ہوا گر نکھ سے تشبیہ دی ہا دام کو

اس موقع پر مولانا نے فرمایا کہ میں نے تو اس کو صرف آسام تک پہنچایا ہو جب کہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ ان کو آسام سے پرے چین لے گئے ہیں اور کہتے ہیں ؎

گر گدا پیشہ و لشکر اسلام بود | کامزار بیم توقع برود تا در چین

سچ کہا ہو بد سے بد نام عند الاشتباہ | بے کیے مجرم بنا دیتے ہیں سب بدنام کو
پھینک مت کنکر نہیں گر تجھ کو پتھر کی سہار | سخت مت کہہ سن نہیں سکتا اگر دشنام کو

یہ وہی اخلاقی تعلیم ہو جو قرآن میں دی گئی ہو از اں جملہ یہ کہ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ کہ جو لوگ اللہ کے سوا دوسرے دوسرے معبودانِ باطل کو حاجت پڑے پر اپنی مدد کے لیئے بُلایا کرتے ہیں اُن کو گالی نہ دو ان کے ساتھ سخت کلامی سے پیش نہ آؤ کہ ایسا کروگے تو وہ لوگ بے سمجھے بوجھے خدا کو گالیاں دینے لگیں گے تو اگرچہ گالیاں خدا کو وہ نالایق دیں گے۔ مگر ان گالیوں کے باعث تم ہوگے کہ تم نے ان کے ساتھ سخت کلامی کی ابتدا کی اور اُنھوں نے انتقام کے لینے میں زیادتی کی۔ اور دوسری جگہ فرماتے ہیں اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ برائی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کرو کہ وہ بہت ہی اچھا ہو (اگر ایسا کروگے) تو تم (دیکھ لوگے) تم میں اور کسی شخص میں عداوت تھی تو اب ایک دم سے گویا وہ (تمہارا) دل سوز دوست ہو۔ اور حسن مدارات (کی توفیق) اُن ہی لوگوں کو دی جاتی ہو جو صبر کرتے ہیں اور یہ اُن ہی کو دی جاتی ہو جن کے بڑے نصیب ہیں۔ (سورۂ حم السجدہ) ۵

نامور رہتے ہیں دائم طعنِ مردم کے ہدف	کیوں لگا کہنے کوئی اچھا بُرا گمنام کو
کیا تعجب ہو گر انبائے زباں بنوا چلیں	کوٹ پتلوں قطع کر کے جامۂ احرام کو
دین و دنیا انجمن نے جمع کر دکھلا دیئے	ہم نے اب سمجھا محل و موقع اوغام کو
انجمن نے ابتدا تو کی ہو کارِ نیک کی	ہمت اے مرداں کہ پہنچے مدعا اتمام کو
اجر نقد وقت ہو جائے نہ پائے ہاتھ سے	ورنہ جس کا کام ہو کرتا ہو اپنے کام کو

تعلیم اور تعلیم سے میری مراد ہو نئی طرح کی تعلیم جو نہ صرف سرکاری کالجوں اور سکولوں میں مروج ہو بلکہ اِن درس گاہوں میں بھی جن کی مشینیں سلف ہلپ کی سسٹم سے چل رہی ہیں جیسے انجمن حمایت اسلام کا اسلامیہ کالج۔ غرض نئی طرح کی تعلیم۔ اصل میں اس کی اشاعت اور ترویج کی ابتدا گورنمنٹ کی طرف سے ہوئی ہو۔ ۱۸۳۲ء یا ۱۸۳۳ء کا مذکور ہو اُن وقتوں میں لارڈ بنٹنگ گورنر جنرل تھے اُن کے عہدِ حکومت میں گورنر جنرل کی کونسل میں یہ مسئلہ پیش ہوا کہ گورنمنٹ کے ثبات اور استحکام اور ملک کے حسنِ انتظام کے لیئے ہندوستان

کو غفلت اور جہالت کی تاریکی میں رہنے دینا مناسب ہوگا یا علوم جدیدہ کے آفتاب کی شعاعوں سے اس کو منور کرنا۔ یہ اُسی قسم کی بات ہے جیسے تمہارے یہاں لارڈ لارنس کے بت کی پٹڑی پر لکھا ہے کہ تم لوگوں پر بزورِ قلم حکم رانی کی جاوے یا بزورِ شمشیر۔ کہنے کو تو ایک ذری سی بات تھی کہ ہندوستانیوں کو علوم جدیدہ سکھائے جائیں یا نہ سکھائے جائیں مگر حقیقت میں وہ ایک ایسا اہم مسئلہ تھا جس کے ساتھ چھبیس کروڑ آدمیوں کی قسمت وابستہ تھی۔

لارڈ میکالے کا خدا بھلا کرے کہ اس دانش مند زیرک عاقبت بیں فیاض کریم النفس نیک دل سٹیٹسمین نے ہم کو جدید تعلیم کی ایسی نعمت عظمیٰ عنایت کی کہ سمجھنے والوں کے نزدیک جاگیر اور معافی اور بندوبست استمراری کی کون کہے سلطنت بھی اس کے مقابلے میں ہیچ ہے بشرطیکہ جدید تعلیم کا شوق اور اس سے فائدہ اُٹھانے کا سلیقہ ہو۔ مگر نہایت حسرت اور افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم بدنصیب مسلمانوں میں تو نہ صرف اِلیٰ عَامِنَا هٰذَا یا اِلیٰ شَهْرِنَا هٰذَا یا اِلیٰ اِسْبُوْعِنَا هٰذَا یا اِلیٰ یَوْمِنَا هٰذَا بَلْ اِلیٰ سَاعَتِنَا هٰذَا اسرے سے تعلیم جدید کی قدر ہی نہیں۔ شوق ہو تو کہاں سے ہو اور اس سے فائدہ اُٹھانے کا سلیقہ تو خیر ہنوز دلّی دور است کا مصداق ہے اور ہونا ہی چاہیے۔ تعلیم کے بارے میں ہماری قوم کی قوم شروع سے غلط خیال رکھتی آئی ہے اور جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ابھی تک بھی اس غلطی کی اصلاح جیسی چاہیئے نہیں ہوئی۔ ہمارے یہاں تعلیم کا دائرہ بہت ہی تنگ رہا ہے ابتدا سے لے کر فراغ تک درس کا ایک کورس ہے اس پر نظر ڈالو تو زبان اور مذہب دو ہی چیزیں مقصود تعلیم معلوم ہوتی ہیں اور باقی علوم ان ہی کے تابع یا خادم۔ علوم اور بھی ہیں مگر وہ یا تو عام نہیں جیسے مثلاً طب یا عام ہیں تو ایسے سرسری اور رواروی طور پر پڑھے جاتے ہیں کہ اس کو پڑھنا پڑھانا نہیں بلکہ پالا چھونا کہنا چاہیئے۔ اس کو پالا چھونا نہ کہیں تو کیا کہیں کہ مثلاً شرح جامی حاصل محصول کے بیان تک۔ مطول بحث مَا اَنَا قُلْتُ تک پڑھی باقی چھوڑ دی اور خیر شرح جامی تو نحو کی اور مطول علم معانی کی ایک کتاب ہے مذہبی کتابیں تک اس کاٹ چھانٹ سے محفوظ نہیں رہیں۔ بیضاوی شریف پارہ سوا پارہ

پڑھا اور فرض کرلیا گیا کہ ساری نظر سے گزر گئی۔

بات یہ ہو کہ ہمارے یہاں کے علوم جیسے کچھ بھی ہیں زبان عربی میں مدون ہیں اور وہ کچھ تو اپنی ذات سے مشکل تھی اور رہا سہا اس کو مشکل بنا یا مولویوں کی موشگافیوں نے چاہیئے تھا کہ تعلیم کے اصل مقصد تحصیل علوم کو پیش نظر رکھ کر طالب علم کو مبادی پر سے بعجلت عبور کرا دیتے لیکن عبور کرا دینے کے عوض انھوں نے رستے میں ایسے روڑے اٹکائے کہ بیچارے طالب علم کو اتنے رستے کا طے کرنا دشوار بلکہ محال ہو گیا۔ نتیجہ یہ ہوا اور ہونا ہی تھا کہ علوم متروک ہو گئے اور زبان جس میں علوم مدون تھے وہی علوم کی قائم مقام بن بیٹھی اور کوڑہ میں کھاج یہ کہ قواعد کی پیچیدگیوں نے اصل زبان کی طرف بھی متوجہ ہونے کی فرصت نہ دی اب حال یہ ہو کہ جن لوگوں نے ساری ساری عمریں علوم عربیہ میں صرف کر دی ہیں اور ان میں سے ایک بدنصیب میں بھی ہوں نہ ارتجالاً عربی کے بولنے پر قادر ہیں اور نہ لکھنے پر۔ ہمارے سلسلہ درس میں دو ہی چیزیں مقصود بالذات تھیں زبان اور مذہب سو زبان کا حال تو سن چکے مذہب یعنی مذہبی علوم کی حالت زبان سے بھی بدتر ہو۔ ازبسکہ اصل مذہب ہو قرآن۔ تمام مذہبی علوم۔ حدیث۔ تفسیر۔ فقہ۔ اصول فقہ۔ فرائض۔ اسماء الرجال وغیرہ وغیرہ سب قرآن کے خادم اور اس کے فروع ہیں۔ بلکہ مذہبی علوم کی بھی خصوصیت نہیں ہم مسلمانوں میں جتنے علوم بھی ہیں فہم قرآن میں مدد دینے کے لیئے وضع کے گئے ہیں اور اسی سے تو کہا گیا ہو ؎

علم دین فقہ است و تفسیر و حدیث	ہر کہ خواند غیر ازیں گمراہ و خبیث

مولوی روم نے علم دین کو صرف فقہ اور تفسیر اور حدیث میں محصور کیا مگر ان کا اصل مطلب یہی ہو کہ علم دین وہی علم ہو جو فہم قرآن میں مدد دے ورنہ صرف و نحو اور لغت اور معانی و بلاغت اور تھوڑا سا حساب جس کی فرائض میں ضرورت ہو سب خبیث ہو جائیں تو جو نسبت زبان عربی کو علوم سے تھی کہ زبان عربی کے حاصل کرنے کا آلہ اور ذریعہ تھی وہی

علوم دین کو قرآن سے ہے کہ علوم دین فہم قرآن کا آلہ اور ذریعہ ہیں اور جس طرح ہمارے سلسلۂ درس میں زبان عربی نے علوم کی جگہ غصب کر کے علوم کو بالائے طاق بٹھا دیا تھا اسی طرح علوم دین نے قرآن کی جگہ پر قبضہ کر لیا یعنی لوگ فقہ اور تفسیر اور حدیث پڑھنے لگ گئے جتنے فرقے اہل کتاب ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ان میں شاید مسلمانوں ہی کا ایک فرقہ ہے جو سب سے زیادہ اپنی آسمانی کتاب کی قدر کرتا ہے۔ ان کے قدر کرنے کی یہ شناخت ہے کہ ان میں کثرت سے کلام اللہ کے حافظ ہوتے ہیں جب کہ دوسرے فرقوں میں ایسا دستور سننے میں نہیں آیا۔ علاوہ بریں جو لوگ لکھنے پڑھنے کو ذریعۂ معاش یا مشغلہ نہیں کرنا چاہتے وہ بھی اپنے بچوں کو قرآن تو ضرور ہی پڑھواتے ہیں اور جن لوگوں کا پیشہ پڑھنا لکھنا ہے اگر ان کی تعلیم قرآن سے شروع نہیں ہوتی تو مسلمان اسلامی حیثیت سے ان کو حقیر سمجھتے ہیں پہلے تو یہ کلیۃً قاعدہ تھا کہ تعلیم تبرکاً ہمیشہ قرآن سے شروع ہوتی تھی قرآن کے بعد فارسی پھر عربی مگر جب سے نئی تعلیم جاری ہوئی اور قصبے قصبے اور گاؤں گاؤں اور محلے محلے اور کوچے کوچے سکول اور ان کی شاخیں پھیل گئیں۔ لوگوں نے قرآن کے پڑھانے کو چنداں ضروری نہیں سمجھا اور اکثروں نے یہ وتیرہ اختیار کیا ہے کہ شروع ہی سے لڑکوں کو سکول میں داخل کر دیتے ہیں۔ تاہم ابھی تک بھی مسلمانوں کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ دنیا میں کوئی فریق ان سے بڑھ کر اپنی آسمانی کتاب کی قدر کرنے والا نہیں۔ مگر قدردانی جتنی کچھ بھی ہے لفظوں ہی تک ہے رہے معانی اور مضامین اور مطالب جن بندوں کے گوش گزار کرنا خدا کا اصلی مقصد تھا اور جن معانی اور مضامین اور مطالب نے دنیا میں مسلمانوں کا نیا گروہ بنا کر کھڑا کیا جن معانی اور مضامین اور مطالب نے مسلمانوں کو تہذیب اور شائستگی کا نمونہ بنایا جن معانی اور مضامین اور مطالب نے مسلمانوں کو دنیاوی ترقی کے معراج الکمال پر پہنچایا جن معانی اور مضامین اور مطالب نے معرفت الٰہی کے نور کو چمکایا جن معانی اور مضامین اور مطالب نے شرک اور بت پرستی کی ظلمت کو ہٹایا گھٹایا مٹایا جن معانی اور مضامین اور مطالب نے دلوں میں اسلام کا سکہ جمایا

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ[1]

اِن معانی اور مضامین اور مطالب کی ہند کے مسلمانوں نے بلکہ عجم کے مسلمانوں نے یعنی عرب کے سوا اور تمام ملکوں کے مسلمانوں نے اس کے سوائے اور کیا کہوں کہ حق قدر کا قدر نہیں کی۔ اُنھوں نے قرآن کی تلاوت کی بھی تو عبادت سمجھ کر کی اور یوں سمجھے کہ صرف الفاظ قرآنی کے ادا کر لینے سے وہ عنداللہ اجر و ثواب کے مستحق ٹھیریں گے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ جس مراد سے انہوں نے تلاوت کی ان کی وہ مراد حاصل ہوگی اور ضرور حاصل ہوگی۔ لیکن اگر خدا کو قرآن کے نازل کرنے سے صرف یہی منظور ہوتا کہ بندے الفاظِ قرآنی کو پڑھ پڑھ کر ثواب کمایا کریں تو میں خیال کرتا ہوں کہ کسی دوسری طرح کا قرآن ہوتا شاید زبور شریف کی طرح اس میں کثرت سے خدا کی تسبیح اور تقدیس اور حمد و ثنا ہوتی اور بس۔ لیکن قرآن کی ترتیب پکارے کہہ رہی ہے کہ اجر و ثواب کے علاوہ قرآن کے نازل کرنے کا بڑا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعے سے آدمی کے خیالات اور معتقدات اور معاملات کی اصلاح ہو اور جیسا اشرف المخلوقات پیدا کیا گیا ہے ویسا ہی اشرف المخلوقات ہو کر دنیا میں رہے۔ اور اسی لیے ہم قرآن میں کئی طرح کے مضامین پاتے ہیں اس میں خدا کی حمد ہے جا بجا خدا کی قدرتوں کا بیان ہے اس میں مواعظ ہیں حِکَم ہیں قصص و حکایات ہیں۔ مباحثات مناظرات و استدلالات ہیں اوامر و نواہی ہیں آخرت کے حالات ہیں تو جو لوگ محض اجر و ثواب کی طمع پر الفاظ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں وہ اُن دنیاوی فائدوں سے کلیتہً محروم رہتے ہیں جو قرآن کے معانی اور مضامین اور مطالب کے سمجھنے پر متفرع ہوتے۔ پس یہ ہے لمِ مسلمانوں کے اوبار اور تنزل کی۔ اے خدا مسلمانوں کو سمجھ دے کہ اس نکتہ کو سمجھیں۔

الفاظ اور معانی میں قریب قریب اُسی قسم کا سا تعلق ہے جیسا جسم و روح میں۔ اَب

---

[1] وہ (خدا ہی تو) ہے جس نے اپنے رسول (محمدؐ) کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اس (دین) کو (اور) تمام دینوں پر غالب رکھے۔ اگرچہ مشرکین کو بُرا (ہی) کیوں نہ لگے۔ (سورۃ الصف)

مسلمانوں کے ہاتھوں میں جو قرآن ہے یہ زندہ قرآن نہیں ہے اس واسطے کہ اس میں معنی نہیں جو قرآن کی جان ہیں اور وہ کوئی صوفی خیال بزرگ کہہ گئے ہیں ؎

من ز قرآں مغز ہا برداشتم		استخواں پیش سگاں انداختم	

عجب نہیں مغز و استخواں سے اُن کی یہی مراد ہو۔ اور قرآن میں جو یہود پر اعتراض کیا گیا ہے مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ان اعتراضوں سے بھی الفاظ کا بے فہم مطلب پڑھ لینا مورد الزام قرار دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہ الفاظ قرآنی میں معنی نہیں۔ معنی تو ایسے ہیں کہ ان کو معنوں کے معنی اور معنوں کے معنی وَهَلُمَّ جَرًّا کہنا چاہیئے مگر جو پڑھنے والوں کو سمجھنے کی لیاقت نہیں سمجھنے کی طرف توجہ نہیں۔ ان کی طرف سے معنی ہوے تو کیا اور نہ ہوئے تو کیا جیسے طوطا کہ اس کو رٹوایا گیا ہے (چمکارنے کی آواز) پڑھو میاں مٹھو حق اللہ پاک ذات اللہ صحیح تو خدا خدا کا رسول غافل نہ ہو خدا کو نہ بھول۔ ہم سے تو تحریر میں چمکارنے کی آواز کی نقل کرتے نہیں بنتی اور طوطا نہیں سمجھتا کہ اس کو کیا سکھانا منظور ہے وہ پہلے چمکارنے کی نقل کرتا اور پھر پڑھو میاں مٹھو سے لے کر نہ بھول تک کی گویا سب کچھ اس کے سبق میں داخل ہے۔ الفاظ بے معنی کا پڑھنا یعنی بے سمجھے پڑھنا بالکل طوطے کا سا پڑھنا ہے۔ طوطے کے پڑھنے کے حق میں ایک شاعر نے خوب کہا ہے ؎

آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز		کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا	

تو جس طرح بے سمجھے پڑھنے سے طوطا آدمی نہیں ہو جاتا اسی طرح بے سمجھے پڑھنے سے الفاظ قرآنی

---

۵۱ اور بعض ان میں ان پڑھ ہیں جو (منہ سے لفظوں کے بڑبڑا لینے کے سوا کتاب (الٰہی کے مطلب) کو کچھ بھی نہیں سمجھتے وہ فقط خیالی تکے چلایا کرتے ہیں اور بس (سورۃ البقرہ) ۵۲ جن لوگوں (کے سر) پر توریت (حکماً) لادی گئی پھر انہوں نے اس کو انگیز نہ کیا (یعنی اس پر کاربند نہ ہوئے) اُن کی مثال گدھے کی سی مثال ہے جس پر کتابیں لدی ہیں (سورۃ الجمعہ) ۵۳ اور اسی طرح بڑھتے چلے جاؤ۔ ۱۲

کارٹنے والا مسلمان نہیں ہوتا۔ یا بہت احتیاط کرو تو یوں کہو کہ ویسا مسلمان نہیں ہوتا جیسا سمجھ کر پڑھنے کی صورت میں ہوتا۔ اگرچہ ہم کو صحیح تو کہاں ملنا محافظی اور تخمینی شمار بھی ان لوگوں کا معلوم نہیں جو سارے ہندوستان میں قرآن کو اس کی اصلی زبان میں سمجھ سکتے ہیں کہ ہم اوسط فی صدی نکال کر ایک اٹکل کر سکیں۔ لیکن۔ تاہم تعلیم کا جتنا رونا سنا جارہا ہے اُس سے اور عربی کی تعلیم میں جو مشکلات درپیش ہیں اُن سے اتنا تو وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ہندوستان میں عربی دانوں کا اوسط معلوم کرنے کے لیئے فی صدی اور فی ہزار اور فی دس ہزار کا ذکر تو کر و نہیں مسلمانوں کی ایسی ہی خاطر کرنی ہے تو خیر فی پچاس ہزار کا معیار رکھو۔ مگر فی پچاس ہزار کا نام آیا تو مقدار اوسط سن کر کیا کروگے اتنا بھی تو نہ ہوا جتنا آٹے میں نمک یا اونٹ کے منہ میں زیرا۔

اب اس جگہ ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مسلمان اس قدر قرآن کے مطلب سے ناواقف اور بے خبر ہیں تو کون چیز اُن کو اسلام پر جمائے ہوئے ہے۔ جمائے ہوئے ہے وہی چیز جو عیسائیوں کو عیسائیت پر یہودیوں کو یہودیت پر ہندوؤں کو ہندویت پر اور کسی مذہبی فرقے والے کو اُس فرقے کے مذہب پر۔ بات یہ ہے کہ لوگ مذہب کو تحقیق اور تفتیش و تلاش سے تو اختیار کرتے نہیں مال و متاع اور جائداد اور ذات یعنی مثلاً شیخ۔ سید۔ مغل۔ پٹھان کی طرح مذہب میں بھی میراث کا قاعدہ جاری ہے۔ یعنی جس طرح جائداد کا بڑا بیٹا بڑا پوتا اور پڑپوتا اور دادا اور دادا سے باپ اور باپ سے بیٹے اور بیٹے سے پوتے اور پوتے سے پڑپوتے اور پڑپوتے سے پڑپوتے کی طرف منتقل ہوتی ہے اُسی طرح پردادا کا مذہب بھی درجہ بدرجہ پڑپوتے کو پہنچے گا دل تو ہر مذہبی گروہ میں مذہبی خیال کے لوگ تھوڑے ہوتے ہیں وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ[1] پھر وہ لوگ اور بھی تھوڑے ہوتے ہیں جنہوں نے تحقیق کے بعد ایک طریقہ اختیار کیا ہے پھر تحقیق کرنے والے تھوڑے ہی سہی مگر اُن کی تحقیق کی یہ کیفیت ہوتی ہے کہ مخالف آوازیں کان میں پڑنے سے اُن کے دل میں اپنے مذہبی عقائد کی طرف سے ایک طرح کی بے اطمینانی

[1] ہمارے بندوں میں (بہت) تھوڑے (بندے) شکر گزار (ہوتے) ہیں ۱۲

پیدا ہوتی اور اخیر میں سمجھوتی کر کرا کے جن میں کے تھے ان ہی میں رہے۔ تبدیل مذہب کی نامتہم مثالیں اس قدر کم واقع ہوتی ہیں کہ حقیقتہً وہ کسی حساب میں نہیں بے شک ایسا بھی ہوا ہو کہ ایک زمانے میں کسی خاص مذہبی فرقے کا بڑا زور و شور ہوا۔ پھر کچھ دنوں بعد وہ غل غپاڑہ دب دبا سا گیا کہ اب اس عقیدے کے لوگ کہیں دکھائی نہیں دیتے۔ مگر دکھائی نہیں دیتے اس سے کہ اتفاق سے اُن کی نسل آگے کو نہ چلی نہ اس سے کہ وہ لوگ دوسرے عقیدے والوں میں جا ملے۔ ہم نے تو مذہب کا یہی خاصہ دیکھا کہ اس کو ایک درخت فرض کرو اور لوگوں کے دلوں کو زمین۔ تو بس اس درخت کا زمین میں جڑ پکڑنا شرط ہے پھر نہ تو یہ اُکھاڑے سے جائے نہ جلانے سے جائے نہ کاٹے سے جائے بلکہ جس قدر اُس کے معدوم کرنے کی تدبیریں کرو اُلٹا بڑھے اور پھیلے جیسا کمپنیوں میں کانس یا ریہ کے چلتے۔ پس خلاصہ مقال یہ ہے کہ مسلمان جو باوجود قرآن کے معانی اور مضامین اور مطالب کے نہ جاننے کے اسلام پر قائم ہیں اور وہ اپنے تئیں مسلمان کہتے اور لوگ بھی ان کو مسلمان سمجھتے ہیں تو یہ قرآن کا تصرف نہیں بلکہ تصرف ہے بھیڑیا دھسان کا جس کے معنی دوسرے لفظوں میں تقلید ہیں۔ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ[1] اور چوں کہ نہ سمجھنے کی وجہ سے مسلمان قرآن کی جنتری میں سے ہو کر نہیں نکلتے۔ ان کے اخلاق ان کے اطوار اُن کے معاملات یہاں تک کہ اُن کے معتقدات بھی قرآنی مسلمانوں کے سے نہیں۔

پھر قرآن کے نہ سمجھنے کا الزام جیسا اُن مسلمانوں پر ہے جو عربی نہیں جانتے ویسا ہی بلکہ مع شئی زائد اُن پر بھی ہے جو بقدر فہم قرآن عربی جانتے ہیں۔ گو کم ہیں بہت کم ہیں۔ بہت ہی کم ہیں اور یہ مع شئی زائد اس سے ملزم ٹھیرے کہ سمجھ سکتے ہیں اور نہیں سمجھتے بلکہ جو عربی نہیں جانتا وہ تو شاید ثواب کے لیئے رمضان کے رمضان ایک قرآن ختم بھی کر لیتا ہو گا اور عربی جاننے والوں کو ہم نے تو الترزاماً قرآن کی تلاوت کرتے دیکھا نہیں۔ اکثر کو تو دوسرے علوم

[1] ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا اور انہیں کے قدم بقدم ہم (بھی اُن کی) پیروی کر رہے ہیں۔ (سورۃ الزخرف)

میں تو تعقل سے فرصت نہیں اور بعض جو فراغ کے قریب پہنچے ہیں وہ اپنی استعداد کے غرض سے میں قرآن کے پڑھنے پڑھانے کو کم سواد آدمیوں کا کام سمجھتے ہیں۔

ہم مسلمانوں میں تعلیم کا اسلوب کچھ ایسا بگڑا ہے کہ پڑھنے لکھنے سے چاہیئے تھا کہ دو کی جگہ چار آنکھیں ہو جاتیں مگر بُرا ماننے کی بات نہیں اور میں بُرے دل سے کہتا بھی نہیں کہ ہمارے یہاں بہت پڑھنے سے کچھ از خود رفتگی سی آجاتی ہے اور اس کی وجہ بھی معقول ہے کہ ایسے لوگوں کو اپنے علمی مشاغل سے دنیا اور مافیہا کی طرف توجہ کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ کہنے کو دو ہی چیزیں ہیں دنیا اور دین کہنے کو میں نے اس لیئے کہا کہ لوگ ایسا ہی خیال کرتے ہیں۔ کچھ آج سے نہیں بلکہ میں جانتا ہوں کہ شروع سے جیسا کہ کہا ہے ؎

دنیا خواہی و دیں ہمی طلبی		ایں نازبخانۂ پدر باید کرد	

اس سے ظاہر ہے کہ دنیا اور دین دو چیزیں ہیں ضدِ یکدیگر۔ اور میں دنیا اور دین کا ضدِ یگدیگر ہونا کیسا دونوں میں مغائرت کا بھی قائل نہیں۔ میرے نزدیک اسی دنیا کا نام ہے دین بشرطیکہ دنیا شریعت کے سانچے میں ڈھلی ہوئی ہو۔ دنیا اور دین میں فرق ہے بھی تو ایسا ہی فرق ہے جیسے چاندی اور روپئے یا سونے اور اشرفی میں روپیہ چاندی ہے اور سونا اشرفی ہے مگر مسکوک ٹکسال میں ٹھپّا کیا ہوا۔ دیکھو تو لفظوں اور حیثیتوں کے اختلاف سے بات کیا سے کیا ہو جاتی ہے وہ ؎

دُنیا خواہی و دیں۔ ہمی طلبی		ایں نازبخانۂ پدر باید کرد	

بھی اپنی جگہ صحیح ہے اور میں نے شریعت کے سانچے میں ڈھلی ہوئی دنیا کو دین کہا تو یہ بھی ایسا ہی صحیح ہے جیسے مسکوک چاندی کو روپیہ یا مسکوک سونے کو اشرفی کہہ دیا۔ ؎

دُنیا خواہی و دیں ہمی طلبی		ایں نازبخانۂ پدر باید کرد	

صاف و صریح اور کھلی ہوئی رہبانیت ہے اور اسلام رہبانیت کا روادار نہیں لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَامِ۔ (ترجمہ) اسلام میں جوگ اور سنیاس یعنی ترک دنیا کا دستور نہیں ہے ۱۲

اور خود قرآن بھی اسی کی تائید میں ناطق ہے مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ اور جہاں جہاں یہود کا مذکور ہے اُن کی ذلت اُن کی مسکنت اور زوالِ سلطنت کو اُن کی نافرمانیوں کی سزا فرمایا ہے۔ مگر دنیا خواہی و دین ہمی طلبی ز ایں نازبخانہ پدر باید کرد۔ کے کہنے والے نے بھی اپنے دل سے بات نہیں بنائی اور جیسے لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ حدیث ہے

	دنیا خواہی و دیں ہمی طلبی		ایں نازبخانہ پدر باید کرد		

کا ماخذ بھی کئی حدیثیں ہیں ازاں جملہ وہ مشہور حدیث اَللّٰهُمَّ بَنَا جِيْفَةٌ وَطَالِبُهَا كِلَابٌ اس کے علاوہ جناب رسول خدا صلعم نے دنیا اور دین کو ضَرَّتَانِ بھی فرمایا ہے یعنی دو سوکنیں جن کی ایک دوسرے سے نہیں بنتی اور نہیں بنا کرتی۔ اب ان دو متناقص باتوں میں وجہ توفیق پیدا کرنا اُن بزرگوں کا کام ہے جنہوں نے تعلیم پاکر فضیلت کی پگڑی بندھوائی اور عالم و فاضل اور مولوی اور مولانا کہلاتے ہیں مگر

	دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر		ما ہمچناں در اولِ بحثِ تو ماندہ ایم		

اِن سے ابھی تک وہی عقدہ حل نہیں ہوا کہ ابن حاجب نے مسلمان ہوکر کافیے کے آغاز میں حمد و نعت کیوں نہیں لکھی اور خرق اجماع کے علاوہ حدیث كُلُّ اَمْرٍ ذِيْ بَالٍ لَمْ يُبْدَءْ بِحَمْدِ اللّٰهِ فَهُوَ اَبْتَرُ کے کیوں خلاف کیا اور اس عقیدے کے حل کرتے وقت اگر کوئی پوچھ بیٹھا ہر چند اسلام میں کسر رد کی مناہی ہے یَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ

---

۵۱ اللہ نے جو زینت (کے ساز و سامان) اور کھانے (پینے کی پاکیزہ چیزوں) اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں (ان کو) کس نے حرام کیا ہے۔ ۱۲ ۵۲ دنیا مردار ہے اور اُس کے طلب کرنے والے کتے۔ ۱۲

۵۳ کوئی بادقت کام جو خدا کی تعریف سے شروع نہ کیا جاوے وہ ادھورا رہ جاتا ہے۔ ۱۲

۵۴ مسلمانو! بہت باتیں (کرید کرید کر) نہ پوچھا کرو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تم کو بُری لگیں اور ایسے وقت میں کہ قرآن نازل ہو رہا ہو (باتوں کی بہت) پوچھ پاچھ لگاؤ گے تو تم پر ظاہر (بھی) کر دی جائیں گی (پھر پچھتاؤ گے اب تو) اللہ نے اس حرکت سے درگزر کیا اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے۔ ۱۲

مُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَاِنْ تَسْئَلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ اور اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ کے قاعدے نے ہم کو پوچھ کچھ اور کرید سے بے نیاز کر دیا ہو لیکن اگر کوئی پوچھ بیٹھا اور اس زمانے میں اس قسم کی باتیں اکثر پوچھا کرتے ہیں اور پوچھنے سے میری مراد ہو استفتا یعنی فتویٰ لینا۔ غرض اگر کوئی پوچھ بیٹھا یَا مَعْشَرَ الْعُلَمَاءِ مَا تَقُوْلُوْنَ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ فِيْ ابْنِ حَاجِبٍ صَنَّفَ كِتَابًا فِي النَّحْوِ وَسَمَّاهُ الْكَافِيَةَ لٰكِنَّهٗ لَمْ يَبْدَ اَنْ اَرْكَبَ بِهٖ بِحَمْدِ اللّٰهِ هَلْ يَجُوْزُ لِلْمُسْلِمِ اَنْ يَقْرَاَ ذٰلِكَ الْكِتَابَ بَيِّنُوْا تُؤْجَرُوْا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ عقدہ اور بھی پیچ ہو جائے گا اور اگر کوئی مناظرے سے پیش آگیا اور رسالہ بازی شروع ہوئی۔ تو بس مولوی صاحب ساری عمر کے لیے اسی کے ہو رہے۔ ایسی تعلیم میں آنکھیں تو دو کی چار کیا ہوتی تھیں بصیرت بھی کم ہو جاتی ہے فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ وہی جیسا میں نے ابھی پورے دو مہینے بھی نہیں ہوئے کلکتہ کی کانفرنس میں کہا تھا ؎

منوں ہے باز فراط پیش نظر ہیں		مگر چونکہ دل کور ہیں بے بصر ہیں	

دنیا کا حال یہ ہے کہ طلب صادق پر بھی مشکل سے ملتی ہے بلکہ نہیں بھی ملتی اور جیسا ایک قوم کو مذہباً دنیا سے بے رغبتی اور زہد کی تعلیم دی جائے تو اس قوم کا وہی انجام ہونا چاہیئے جو ہم مسلمانوں کا ہوا۔ وہ تو دنیا کو خدا نے شرط زیست بنا دیا ہے۔ جیسے مچھلی کے لیے پانی۔ اس سے لوگوں نے کتابیں منظور کیا مگر اس مردار کو نہ چھوڑا ؎

؎ اے گروہ علما خدا تمہارے حال پر رحم کرے تم اس صورت کی نسبت میں کیا فرماتے ہو کہ ایک شخص ابن حاجب نے علم نحو میں ایک کتاب تصنیف کی اور اس کا نام رکھا کافیہ مگر اس نے خدا کی تعریف سے اپنی کتاب کو شروع نہیں کیا آیا مسلمان کو اس کتاب کا پڑھنا جائز ہو یا نہیں۔ اس کا حکم بیان کرو۔ خدا تم کو اجر دے گا ۱۲

؎ بات یہ ہے کہ کچھ آنکھیں اندھی نہیں ہوا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں ۱۲

سب کو دنیا کی ہوس خوار لیے پھرتی ہے	کون پھرتا ہے یہ مردار لیے پھرتی ہے

اور ہمارا کہنا یہ ہے کہ آخر تو کتے بنے۔ تو تازی کتے کیوں نہ بنیں کہ آپ شکار ماریں مزے سے خون پئیں جہاں سے جی چاہے اور جو نسا جی چاہے گوشت کھائیں اور پس خوردہ دوسروں کے لیئے چھوڑ دیں۔ یہ کیا کہ کتے بھی بنے تو ٹینی ساری عمر گوشت کو ترسا کیئے جھڑکیاں سنتے اور ماریں کھاتے رہے اور اس آو بھگت پر کھانے کو چھیچھڑے چچوڑنے کو خالی ہڈیاں وہ بھی کبھی کبھار اور پیٹ بھر کر نہیں۔ ہر چند مذہبی خیال کے لوگوں نے دنیا کی مذمت میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا۔ اور دنیا داروں کو بہتیرا ڈرایا دھمکایا شرمایا اس پر بھی دنیا لوگوں سے نہ چھوٹی اور نہ چھوٹ سکتی تھی جس طرح لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ یہ خود مذمت کرنے والوں سے نہ چھوٹی اور نہ چھوٹ سکتی تھی قطعہ

اے ذوق کرے گا کوئی دنیا کیا ترک	دنیا ہے بُری بلا ارے کیسا ترک
ممکن نہیں ترک ہو کسی سے دنیا	جب تک نہ کرے آپ اُسے دنیا ترک

مگر ہاں ایک چاؤ کا کھانا ہوتا ہے اور ایک گھن کا۔ دنیا تو نہ چھوٹی اور نہ چھوٹ سکتی تھی لیکن وہ جو کہتے ہیں کہ اونگتے کو ٹھیلتے کا بہانہ زہد کی تعلیم خالی بھی نہیں گئی ؎

نرگسی آنکھیں سرمہ آلودہ خاک میں ہم کو ملائیں گی	
	کیا یہ نگاہیں نیچی نیچی اوپر اوپر آجائیں گی

اسی تعلیم سے دوڑنے والے چلنے لگے چلنے والے کھڑے ہو گئے کھڑے ہونے والے بیٹھ گئے۔ بیٹھنے والے لیٹ گئے۔ لیٹنے والے سو گئے۔ اگرچہ علما بھی تعلیم زہد کے ثواب میں شریک ہیں اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ مگر حضرات مشائخ شریک غالب ہیں کہ ان کے یہاں آدمی مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کے شکنجے میں کسا جاتا ہے علما اور مشائخ کی دو بڑی زبردست مذہبی جماعتیں دنیا کے پیچھے پڑیں تو دنیا کے پائے ثبات اُکھڑ ہی

؎ ایسی بات کیوں کہہ بیٹھا کرتے ہو تو جو عمل کرتے نہیں دکھاتے۔ ۱۲ ؎ مرنے سے پہلے مرو۔ ۱۲

چاہیں۔ غرض سب طرف سے دنیا کو دیکھے ملتے تھے۔ آخر بیچاری اپنا سا منہ لے کر اپنے خریداروں میں جا لی۔ لیکن وہ جو کہتے ہیں قدرِ نعمت بعد زوال اب دنیا کے لیئے سر پر ہاتھ دھرے رو رہے ہیں مگر کون؟ سچا اور پکا مسلمان تو دنیا کے جانے کا افسوس کرنے سے رہا۔ رو رہے ہیں۔ چند نیچری۔ نیچری کچھ آج سے نہیں رو رہے برسوں سے رو رہے ہیں ان کو روتا دیکھ اَلْبُکَآءُ یَھِیْجُ الْبُکَآءَ۔ مسلمان بھی روئے تو نہیں مگر بسورنے لگے ہیں۔ یہ روئیں گے۔ فَلْیَضْحَکُوْا قَلِیْلًا وَّلْیَبْکُوْا کَثِیْرًا مگر اُس وقت روئیں گے جب رونا کچھ کام نہیں آئے گا تو ان کی قسمت اِذَآ اَرَادَ اللّٰہُ بِقَوْمٍ سُوْٓءً فَلَا مَرَدَّ لَہٗ وَمَا لَھُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ مِنْ وَّالٍ۔

اگر میں اسی پر بس کروں تو اس کے یہی معنی ہوں گے کہ میں نے ایک ضروری مسئلے کی چھیڑ نکالی اور اس کو اَدھورا چھوڑ دیا مگر مسئلہ فی نفسہا ایسا پیچیدہ اور مشکل ہے کہ اس کا بیان شافی بڑا وقت وسیع چاہتا ہے اور تمہارے یہاں کوئی دم کو چندے کے لیئے بازکشیدہ ہونے کو ہے تاہم تنگی وقت کے ساتھ مَا لَا یُدْرَکُ کُلُّہٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّہٗ جہاں تک میری زبان یاری دے میں اس بات کے دکھانے کی کوشش کروں گا کہ ہم مسلمانوں کے تنزل کے جہاں اور اسباب ہیں اُن میں ایک بلکہ میں کہتا ہوں کہ قوی الاثر ایک یہ نہیں کہ ہم میں تعلیم نہیں بلکہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں کی تعلیم کا کورس ٹھیک نہیں یہ کورس اُن وقتوں میں بنا جب کہ مسلمان تمام اقوام روئے زمین پر سبقت لے گئے ہوئے تھے۔ اسلامی سلطنت کی ابتدا ملک کی پوچھو تو عرب سے ہوئی اور بانی سلطنت کی پوچھو تو جناب

---

۵۱ ایک کا رونا دوسروں کو بھی رُلاتا ہے۔ ۱۲ ۵۲ تو (ایک دن ہوگا کہ) یہ لوگ ہنسیں گے کم اور روئیں گے بہت۔ ۱۲ ۵۳ جب خدا کسی قوم پر اُن کے عملوں کے پاداش میں کوئی مصیبت ڈالنی چاہیے تو وہ (کسی کے ٹالے) ٹل نہیں سکتی اور خدا کے سوا ان لوگوں کا کوئی (حامی) مددگار بھی نہیں۔ ۱۲ ۵۴ جس چیز کا کامل طور پر حاصل کرنا آدمی کے مقدور میں نہ ہو۔ بھی مناسب نہیں کہ اُس کو بالکل چھوڑ بیٹھے۔ ۱۲

پیغمبر خدا صلعم سے۔

عرب کا جغرافیہ پڑھا بول رہا ہو کہ وہاں کے باشندوں کو کیسا ہونا چاہیئے۔ اُس ملک کے اکثر حصے میں سوکھے پہاڑ اور پیاسے ریگستان ہیں خدا نے نباتات میں اور پانی میں لازم و ملزوم کا تعلق رکھا ہو کہ جہاں درخت کثرت سے ہوتے ہیں وہاں پانی بھی بہت برستا ہو اور بالعکس اب یہ نیچری بھائیوں کا کام ہو کہ بارش اور کثرت نباتات میں سے ایک کو سبب بنائیں اور دوسرے کو نتیجہ جیسے حیوانات اور نباتات میں توالد تناسل کا سلسلہ قایم ہو کہ مرغی انڈا دیتی ہو اور انڈے سے دوسری مرغی پیدا ہوتی اور درختوں میں بیج سے درخت اور درخت سے بیج اور ضرور تاً لازم آتا ہو کہ شروع میں انڈا بے مرغی کے دیئے ہوا ہو یا مرغی بے انڈے کے اور درخت بے بیج کے ہوا ہو یا بیج بے درخت کے مگر نیچریوں کے سوا اور کون تجویز کرے کہ ان شقوں میں کون سی شق تسلیم کی جاے۔ بہرکیف ملک عرب کا بڑا حصہ جیسا کہ نباتات سے عاری و بارش کو بھی ترستا رہتا ہو اور اسی وجہ سے وہاں زراعت نہیں ہوتی اور ہوتی بھی ہو تو اس قدر کم کہ زمین کا پیداوار باشندوں کے گزر کے لیے کافی نہیں ہوتا۔ ایک پانی کی کمی وجہ سے وہ لوگ نہ تو بڑے قصبے یا شہر بسا سکتے ہیں اور نہ بہت دنوں تک ایک مقام پر ٹھیر سکتے ہیں اور چوں کہ اپنے ملک میں کھانے کو نہیں پاتے ناچار ان کو غیر ملکوں سے غلہ لانا پڑتا ہو۔ غرض وہ لوگ مسافرت پیشہ یا خانہ بدوش ہوتے ہیں اور اسی لیے ان لوگوں میں ایسے ہنروں کا رواج نہیں جن کے لیے اطمینان شرط ہو آئے دن کے سفر اور ملک کی ویرانی نے ان لوگوں کو سپاہی اور آزاد منش اور جفاکش اور چست و چالاک اور جری بنا دیا ہو وہ کبھی کسی بادشاہ کے مطیع ہو کر نہیں رہے اب بھی نہیں لوگ قبیلوں میں منقسم ہیں ہر قبیلے کا ایک شیخ ہوتا ہو اور اس کو اپنے قبیلے کے لوگوں پر اسی قسم کی حکومت ہوتی ہو جو ہر ایک بڑے بوڑھے کو خاندان میں ہوا کرتی ہو اُن کے حالات زیادہ تر اُن سرحدی اقوام سے ملتے جلتے ہیں جو ہمارے ہندوستان کی مغربی سرحد پر آباد ہیں۔ ان کی اخلاقی اور تمدنی حالت عرب سے زیادہ بگڑی ہوئی تھی کہ خدا نے

ان کو سنوارنا چاہا اور جناب پیغمبر خدا صلعم کو ان میں پیغمبر بنا کر بھیجا اور ان کو ان وحشیوں کی اصلاح پر مامور فرمایا۔ پیغمبر صاحب نے بڑی نرمی اور بردباری کے ساتھ اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ اپنی کارروائی شروع کی۔ قاعدہ ہے کہ لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانا کرتے پیغمبر صاحب نے گدھوں کو نمک دینا چاہا گدھوں نے کہا کہ ہماری آنکھیں پھوٹیں نرمی کے جواب میں لگے گرمی دکھانے سر چڑھا کر لڑنے آسمان کا تھوکا اُلٹا منہ کو آیا اب سمجھے کہ ہاں خدا بھی کوئی چیز ہے۔ اتنا سمجھنا تھا کہ پیغمبر صاحب کا کلمہ بھرنے لگے ان کا بچہ بچہ اس زمانے کے فنون سپہ گری میں استاد تھا فوجی قوت کی ملک میں کمی نہ تھی مگر وہ قوت آپس کی لڑائیوں کی وجہ سے عرب کی عرب ہی میں صرف ہوتی رہتی تھی جیسے نیستان میں بانسوں کے رگڑنے سے آگ پیدا ہوتی اور نیستان کو جلا کر خاک سیاہ کر دیتی ہے ؎

اپنوں سے نہ مل اپنے ہیں سب اپنوں کے دشمن	ہر فرد میں بھری آگ نیستاں کے لیے ہے

یہی حال خانہ جنگیوں نے عرب کا کر رکھا تھا۔ وہ لوگ دوسروں پر اپنا ربط ضبط بٹھانے کی پوری لیاقت رکھتے تھے مگر خود ضابطے کے محتاج تھے۔ خدا نے پیغمبر صاحب کو ان کا ضابطہ بنایا اور پیغمبری کے روکھن میں اسلامی سلطنت نے اپنا نقشہ جمایا۔

پیغمبر صاحب کا ہرگز یہ مطلب نہ تھا کہ اپنے لیے یا اپنی نسل کے لیے یا اپنے خاندان کے لیے سلطنت جمع کر جائیں اور اگر وہ ایسا چاہتے تو آسانی کے ساتھ کر گزرتے۔ بت پرستی کو مٹانا لوگوں کو خدائے واحد کا گرویدہ کرنا عرب کے قبائل کو جن میں سالہائے دراز سے لڑائی ٹھنی ہوئی تھی صرف زبانی باتوں سے آپس میں ملا دینا لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ[۱] یہ کام سلطنت کے حاصل

[۱] اے پیغمبر لوگوں کو (عقل کی باتوں اور اچھی اچھی نصیحتوں سے اپنے پروردگار کی طرف بلاؤ۔ ۱۲ اگر تم روئے زمین کے سارے خزانے بھی صرف کر ڈالتے تو بھی اُن کے دلوں میں الفت نہ پیدا کر سکتے مگر (وہ تو) اللہ (ہی تھا جس) نے ان لوگوں میں الفت پیدا کر دی بے شک وہ زبردست (اور) صاحبِ تدبیر ہے (سورۃ الانفال)

کرنے سے بھی کہیں زیادہ اہم اور مشکل تھے۔ مگر پیغمبر صاحب نے ان مقاصد کو ایسی عمدگی اور کامیابی اور عجلت کے ساتھ پورا کیا کہ تاریخ میں اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ اُن کا اقتدار اپنے رفقا اور اعوان و انصار پر اس درجے کا تھا کہ کسی وقت میں کسی ہر دلعزیز بادشاہ کو اپنی فوج اور اپنی رعایا پر نصیب نہیں ہوا اور نہ آگے کو نصیب ہے میں اپنے بیان کی شہادت میں مختصر طور پر ایک تاریخی واقعہ پیش کرتا ہوں کہ ہجرت کے چھٹے برس پیغمبر صاحب عمرہ کرنے کی نیت سے مکے تشریف لے جا رہے تھے مقام حدیبیہ پر جہاں سے مکہ چند میل کے فاصلے پر رہ جاتا ہے مکے والوں نے خبر پاکر کہلا بھیجا کہ شہر مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ نہ کرنا ورنہ لڑائی ہو پڑے گی۔ چنانچہ پیغمبر صاحب اور اُن کے ہمراہی مقام حدیبیہ میں ٹھیر گئے اور طرفین سے صلح کے پیغام دوڑنے لگے آخر دس برس کے لیئے صلح ہو گئی۔ اس صلح میں جہاں اور بہتیرے عیوب تھے ایک بڑا عیب جھوٹ اور عہد شکنی کا بھی تھا۔ چنانچہ صلح کے تین برس بعد مکے والوں کی طرف سے عہد شکنی ہوئی کہ صلح نامے کے خلاف مسلمانوں کے حلیف بنی خزاعہ کے مقابلے میں بنی بکر کی مدد کی ناچار مسلمانوں کو مکے پر چڑھائی کرنی پڑی۔ مسلمانوں کے لشکر کا آخری پڑاؤ تھا کہ ابوسفیان جو اس وقت قبیلہ قریش کی ریاست پر تھا چپکے سے دریافت حال کے لیئے مسلمانوں کے لشکر میں آیا اور یہاں پہچانا گیا آپس میں رشتہ داریاں تو تھیں ہی حضرت علی نے پیغمبر صاحب کی اجازت سے اُس کو اپنے پاس ٹھیرایا اور اگلے دن رخصت کر دیا۔ ابوسفیان نے مکے پہنچ کر اپنے لوگوں کو جمع کیا اور کہا میں بڑے بڑے زبردست بادشاہوں کے درباروں میں گیا ہوں جو ادب اور جان نثاری محمدؐ کے لیئے ان کے لشکر میں دیکھ آیا ہوں میں نے تو کسی بادشاہ کے لشکر میں دیکھی نہیں۔ محمدؐ کے رفقا اس کے وضو کے پانی کا قطرہ تک زمین پر نہیں گرنے دیتے اور تبرکاً منھوں پر مل لیتے ہیں۔ بھلا تم ایسے لوگوں سے کیا برسر آسکو گے۔ یہ ابوسفیان ہی کے سمجھانے کا اثر تھا کہ اہل مکہ شہر چھوڑ باہر جا پڑے اور مسلمانوں نے بلا مزاحمت شہر پر قبضہ کر لیا۔ تو وہی ابوسفیان کا کہنا کہ جو شخص اپنے رفقا پر اس خاص قسم کا اقتدار رکھتا ہو اگر وہ سلطنت کو اپنے لیئے یا اپنی نسل

کے لیے یا اپنے خاندان کے لیے احراز کرنا چاہتا تو نہایت آسانی سے کر سکتا تھا مگر پیغمبر صاحب نے اپنی ساری عمر عسرت میں گزار دی جس کی توجیہ سوائے اس کے اور کچھ ہو ہی نہیں سکتی کہ سلطنت کا حاصل کرنا ہرگز پیغمبر صاحب کا مقصود نہ تھا۔

لیکن تعلیم جو وہ فرماتے تھے اس کا ضروری نتیجہ تھا کہ مسلمانوں کو سلطنت ملے اور مسلمانوں کے غلاموں کو ملے اور ملی۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـــًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ الله الله ایک وہ تعلیم تھی جس نے زبردستی سلطنت پلے بندھوائی۔ اور ایک یہ تعلیم ہے جو ہم مسلمانوں میں مروج ہے اور جس کہ جدید انگریزی تعلیم اور انگریزی کی تعلیم کی وجہ سے متروک سی ہو گئی ہے۔ مسلمانوں کے بعض گروہ دین داری کے جوش میں آکر اس کی امداد اور حمایت پر کمربستہ ہیں الغرض ایک وہ پیغمبر صاحب کی تعلیم تھی جس نے زبردستی سلطنت مسلمانوں کے پلے بندھوادی تھی ع

ورنہ تانی بستم میرسد

اور ایک یہ ہماری تعلیم ہے جس کا نتیجہ اکثر صورتوں میں گداگری ہے۔ گداگری کا لفظ لوگوں کے سامنے پر گراں گزرا ہوگا۔ اور میں نے بھی بڑی ہی کراہت سے اس کا استعمال کیا ہے مگر

---

۵۱ تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بھی کرتے ہیں ان سے خدا کا وعدہ ہے کہ (ایک نہ ایک دن) ان کو ملک کی خلافت (یعنی سلطنت) ضرور عنایت کرے گا۔ جیسے ان لوگوں کو خلافت عنایت کی تھی جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں اور جس دین کو اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے (یعنی اسلام) اس کو ان کے لیے جما کر رہے گا اور خوف (وخطر) جو ان کو (لاحق) ہو اس کے بعد (جو قریب ہی) ان کو (اس کے) بدلے میں امن دے گا کہ (بے اطمینان) ہماری عبادت کیا کریں گے (اور) کسی چیز کو ہمارا شریک نہ گردانیں گے اور جو شخص ان (تمام احسانات) کے بعد ناشکری کرے تو ایسے ہی لوگ نافرمان ہیں۔ ۱۲

میں جو مولوی صاحبوں کی معاش کے ابواب پر نظر کرتا ہوں تو وعظ ہو تو درس ہو تو۔ افتا ہو تو امامت ہو تو۔ میں تو ان سب کو گداگری ہی سمجھتا ہوں۔ دروازے دروازے جا کر صدا کرنا اور مسجد میں صورت سوال بن کر بیٹھنا میرے نزدیک دونو یکساں ہیں اور دونو داخل گداگری ہیں۔ تعلیم نبوی کی بدولت ایک صدی آدھی صدی کیسی پاؤ صدی بھی نہیں۔ صدی کے آٹھویں حصے سے بھی کم یعنی دس ہی برس کے عرصے میں مسلمانوں کی حالت میں رات اور دن کا سا فرق پڑ گیا یعنی ہجرت تک وہ کسی شمار میں نہ تھے ضعیف مغلوب۔ بے یار۔ بے مددگار۔ جو جہاں تھا اپنی جگہ سہما ہوا چھپا بیٹھا تھا۔ مجال نہ تھی کہ خدا کا نام تو زبان سے نکال لے آخر کار مدینے والوں کی حمایت کے آسرے پر چوری چھپے گھروں سے بے سروسامان نکل نکل کر مدینے میں آ جمع ہوئے مدینے میں آنے سے وہ ہر وقت کی بے اطمینانی تو رفع ہوئی مگر عسرت بڑھتی چلی جاتی تھی کہ بیٹھے بٹھائے تیسرے برس بدر کی لڑائی پیش آ گئی۔ شمار اور سامان اور توانائی کوئی پہلو مسلمانوں کے جیتنے کا نہ تھا مگر وہی کَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ خدا کا کرنا مسلمانوں نے لڑائی مار لی قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ط فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ط وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ پھر تو لڑائیوں کا تار بندھ گیا۔ مگر از بس کہ مسلمان مظلوم تھے اور چھیڑ خانی کی ابتدا مخالفوں کی طرف سے ہوئی تھی اور خدا ہمیشہ مظلوم کا حامی ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہجرت کے تیسرے برس پہلی لڑائی ہوئی اور ہجرت

---

۱۱ (کثرت (ایسا ہوا کہ) اللہ کے حکم سے تھوڑی جماعت بڑی جماعت پر غالب آ گئی ہے۔ ۱۲ (دو دین اسلام کے انکار رکھنے والو) اُن دو (مخالف) گروہوں میں تمہارے (سمجھنے کے) لیے (خدا کی قدرت کی بڑی بھاری) نشانی (ظاہر) ہو چکی ہے جو (بدر کے مقام پر) ایک دوسرے سے گتھ گئے (ان میں سے) ایک گروہ تو خدا کی راہ میں لڑتا تھا اور دوسرا (گروہ) منکروں کا تھا جن کو آنکھوں دیکھتے مسلمانوں کا گروہ اپنے سے دوچند دکھائی دے رہا تھا اور اللہ اپنی مدد سے جس کی چاہتا ہے تائید فرماتا ہے اس میں شک نہیں جو لوگ (دل کی) آنکھ رکھتے ہیں ان کے لیے اس (واقعہ) میں (بڑی) عبرت ہے

کے تیرہویں برس پیغمبر صاحب نے انتقال فرمایا۔ اس حساب سے دس برس کے اندر ہی اندر تقریباً تمام جزیرۂ عرب میں مسلمانوں کی مطمئن حکومت بیٹھ گئی تھی۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا۔

سلطنت کا درخت تو پیغمبر صاحب نے نصب کیا اور اُس نے پیغمبر صاحب کی حیات میں بخوبی جڑ بھی پکڑ لی اور پھر تو وہ ایسا بڑھا کہ بسا بے تمام روئے زمین پر چھا گیا۔ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا۔ عرب تو بالاضافت الی اخوتہ ایک مفلس ملک ہے بایں ہمہ سلطنت اسلامی کے آغاز میں یعنی حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں مسلمان اس قدر دولت مند ہو گئے تھے کہ جو لوگ صاحب نصاب تھے زکوٰۃ کے لیئے مدینے کی گلیوں میں پکارتے پھرتے تھے اور کوئی زکوٰۃ کے لینے کی حامی نہیں بھرتا تھا یہ بتوں سلطنت کے ساتھ ساتھ بڑھتا چلا گیا یہاں تک کہ خلفائے عباسیہ کے ساز و سامان ان کی داد و دہش ان کے تزک و احتشام ہماری قسمت تو ایسی کہاں تھی کہ آنکھوں سے دیکھتے۔ ہاں کبھی کتابوں میں نظر پڑ جاتے ہیں تو بے اختیار اِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ منہ سے نکل جاتا ہے۔

اب تعلیم کے ساتھ اس مطلب کا پیوند لگانے کے لیئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ تعلیم کا مقصود اصلی کیا ہے اور کیا ہونا چاہیئے تعلیم کا مقصود اصلی یہ ہے اور یہی ہونا بھی چاہیئے کہ انسان از روئے فطرت اشرف المخلوقات پیدا ہوا ہے

---

۱۲ (اے پیغمبر) جب کہ خدا کی مدد آپہنچی اور (مکہ) فتح (ہو گیا) اور تم نے لوگوں کو (بچشم خود) دیکھ لیا کہ دین خدا یعنی اسلام میں جوق جوق داخل ہو رہے ہیں تو اپنے پروردگار کی حمد (و ثنا) کے ساتھ (اس کی تسبیح (و تقدیس) میں مشغول ہو جاؤ اور اُس سے گناہوں کی معافی مانگو بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔ ۱۲

۱۳ (نیک بات) گویا ایک پاکیزہ درخت ہے اُس کی جڑ مضبوط ہے اور اُس کی ٹہنیاں آسمان میں ہیں۔ اپنے پروردگار کے حکم سے ہمہ وقت اپنے پھل لاتا رہتا ہے۔ ۱۲ ۱۴ جتنی چیزیں ہیں ہمارے ہاں سب کے خزانے (کے خزانے) بھرے پڑے ہیں ۱۲

یہ شرافت صرف منہ سے کہنے کی نہ ہو بلکہ اس کی ایک ایک ادا شرافت کی گواہی دے۔ جتنے دنیاوی اور دینی کمالات آدمی حاصل کر سکتا ہے اسی فطری شرافت اور فضیلت کے قائم رکھنے کے لیے ہیں۔ اب دیکھنا چاہیے کہ اسلام نے تعلیم کے ساتھ کیا سروکار رکھا۔ اپنے پیروؤں اور معتقدوں کو کیا تعلیم کیا اور وہ تعلیم مسلمانوں کے حق میں کہاں تک مفید یا مضر ثابت ہوئی ہم دیکھتے ہیں کہ آدمی ہر روز کچھ نہ کچھ سیکھتا ہی رہتا ہے پس دنیا حقیقت میں درس گاہ ہے اور قرآن میں جہاں آدم علیہ السلام کی پیدائش کا ذکر ہے وہاں لکھا ہے کہ خدا نے آدم کو چیزوں کے نام سکھائے وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا۔ غرض آدم علیہ السلام کے وقت سے جو تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا ہے کبھی منقطع نہیں ہوا۔ اول تو خدا اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وقتاً فوقتاً آدمیوں کو تعلیم فرماتا رہا ہے پھر خود آدمی اپنے ابنائے جنس سے دوسری مخلوقات سے دنیا کے واقعات سے بہت کچھ سیکھتا رہتا ہے۔ جناب رسول خدا صلعم کے حق میں خدائے تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

پیغمبر صاحب کو تو ایسے لوگ تعلیم کے لیے سپرد ہوئے تھے جن میں نام کو بھی انسانیت نہ تھی یعنی وہ تعلیم پذیر ہی نہ تھے۔ مگر تعلیم کا کورس خدا کا بنایا ہوا تھا اور وہ ان وحوش کے رگ وریشے سے خوب واقف تھا أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ۔ اور اس کو معلوم تھا کہ ان لوگوں میں کس بات کی کمی ہے اور یہ کیوں کر درست ہوں گے۔ آپ سمجھے کہ خدائی

---

۵۱ اور آدم کو سب چیزوں کے نام بتائے ۵۲ وہ خدا ہی تو ہے جس نے (عرب کے) جاہلوں میں ان ہی میں سے (محمد کو) پیغمبر بنا کر بھیجا (وہ) ان کو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور ان کو (کفر و شرک کی گندگی سے) پاک صاف کرتے اور ان کو کتاب (الٰہی) اور عقل (کی باتیں) سکھاتے ورنہ (اس سے) پہلے تو یہ لوگ صریح گم راہی میں (مبتلا) تھے ہی۔ ۱۲

۵۳ بھلا (ہو سکتا ہے کہ خدا) جو پیدا کرے (وہی اپنی مخلوقات کے حال سے) ناواقف ہو حالاں کہ وہ (بڑا) باریک بیں (اور) باخبر ہے۔ ۱۲

کورس یعنی خدا کے بنائے ہوئے کورس سے میری کیا مراد ہے۔ میری مراد ہے قرآن۔ دیکھنے میں تو حجم اور ضخامت کے اعتبار سے کچھ اتنی بڑی کتاب بھی نہیں مگر وہ دریا کو کوزے میں بند کرنا سنا ہو تو واقع میں دنیا اور دین دونوں کے لیئے اس میں کافی ہدایت موجود ہے صدہا برس تک بڑی سے بڑی اسلامی سلطنت کے انتظام ان ہی اوراق کی برکتوں سے ہوا کیئے ہیں کہ ہندوؤں کی اصطلاح کے مطابق وہ ست جگ کے عہد تھے۔ اس کورس یعنی قرآن نے اپنے پڑھنے والوں یعنی مسلمانوں کو جو فائدہ پہنچایا ساری دنیا نے دیکھ لیا کہ جس حیثیت سے دیکھو اپنے وقتوں میں مسلمان بہترین اقوام رہے زمین تھے اسلامی سلطنت کے قائم ہونے کا یہ گر تھا کہ عرب کے لوگوں میں فوجی قوت تو اعلیٰ درجے کی تھی ہی۔ صرف اتنی کسر تھی کہ کوئی ان کا سردار ہو۔ اور وہ ان کو ایک بات پر جمع کر دے۔ چنانچہ پیغمبر صاحب نے محمد رسول اللہ بن کر ان کو کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر جمع کر دیا اور یہ بادشاہ ہو گئے۔ فوجی قوت کے سوا جو اُن میں پہلے ہی سے موجود تھی اور آپس کی لڑائی جھگڑوں میں ضائع ہوتی رہتی تھی۔ سلطنت کے لیئے ان کو ہلدی پھٹکری نہیں لگانی پڑی پھر لڑائی کا قاعدہ ہے کہ جہاں اوپر تلے دو چار فتوحات ہوئیں کہ فاتح کی دھاک بندھ جاتی ہے چنانچہ پیغمبر صاحب نَصَرْتُ بِالرُّعْبِ[۵۱] فرمایا بھی کرتے تھے اور قرآن میں بھی ایک جگہ اس کی طرف اشارہ ہے جہاں فرماتے ہیں۔ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ[۵۲] تَذْهَبَ رِیْحُكُمْ بالکل ہمارے محاورے سے ملتا ہوا ہے کہ زوالِ ہیبت کو ہمارے یہاں ہوا کا اُکھڑ جانا بولتے ہیں۔ جب تک مسلمان اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَا تَنَازَعُوْا کی تعمیل کرتے رہے ان کی ہوا بندھی رہی۔ ہوا کے بندھے رہنے سے ان کو کہاں تک مدد ملتی رہی وہ اس سے ظاہر ہے کہ:۔

---

۵۱ مجھ کو رعب سے بڑی مدد ملتی ہے۔ ۱۲ ۵۲ (مسلمانو!) اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ آپس میں جھگڑا کرنے سے) تم ہمت ہار دو گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی (اور لڑائی کی تکلیفوں پر) صبر کرو (اللہ صبر کرنے والوں کا ساتھی ہے) ۱۲۔

فرماتے ہیں اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ یَغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ وَاِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ۔

شروع شروع میں تو ایک مسلمان دس دشمنوں پر غالب رہتا تھا کیوں کہ بیس اور دو سو اور سوا اور ہزار میں ایک اور دس کی نسبت ہے۔ پھر سلطنت کے ساتھ قول بڑھا اور قول کی وجہ سے وہ جوش بھی کسی قدر ٹھنڈے پڑے تو پیغمبر صاحب ہی کے وقت میں ایک اور دس کی جگہ ایک اور دو کی نسبت رہ گئی تھی اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ یَّغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ وَاِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفَیْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ایک اور دو کی نسبت بھی بہت ہوئی اور ہمارے وقتوں میں تو بڑی سے بڑی بہادر قوم بھی اس نسبت سے دشمن پر غالب نہیں آسکتی۔ ہاں دشمن نہتے ہوں اور ہتھیار بند ہوں تو اُن کے پاس سوڈان کے درویشوں کی طرح توپوں کے مقابلے کے لیئے اگلے وقتوں کے دقیانوسی چھرے اور کٹار اور برچھے اور تیر ہوں تو دوسری بات ہے۔ شروع شروع کے مسلمانوں کی بہادری اور ان کے جوش اور ان کی دھاک کی نسبت میں نے علی گڑھ کے ایجوکیشنل کانفرنس میں ایک نظم پڑھی تھی اس کے چند شعر آپ صاحبوں کو سناتا ہوں ؎

گئے دن کہ اسلام سے کانپتے تھے		زمان و زمیں بید کی طرح تھر تھر	

۵۱ اگر تم (مسلمانوں) میں سے ثابت قدم رہنے والے بیس بھی ہوں گے تو وہ دو سو کافروں پر غالب رہیں گے اور اگر تم (مسلمانوں) میں سے (ایسے) سو ہوں گے تو ہزار کافروں پر غالب آئیں گے کیوں کہ یہ (کافر) ایسے لوگ ہیں جو (اجر عاقبت کو) سمجھتے ہی نہیں کہ اس کے لیئے جان دینے میں مضایقہ نہ کریں۔ ۵۲ (مسلمانوں) اب خدا نے تم پر سے (اپنے کلمہ کا) بوجھ ہلکا کر دیا اور اس نے دیکھا کہ تم میں (ابھی) کم زوری ہے تو اگر تم میں سے ثابت قدم رہنے والے سو ہوں گے تو وہ دو سو (کافروں) پر غالب رہیں گے اور اگر تم میں سے (ایسے) ایک ہزار ہوں گے تو وہ خدا کے حکم سے دو ہزار کافروں پر غالب رہیں گے اور اللہ اُن لوگوں کا ساتھی ہے جو (لڑائی کی تکلیفوں پر) صبر کرتے ہیں ۱۲۰

بت و برہمن کی زباں پر تھا جاری — دم نعرۂ ذکر اللہ اکبر
جدہر رُخ کیا سلطنت زیر فرماں — جدہر آنکھ اٹھائی ممالک مسخر
یہ حاکم ہر ایک غض ان کی رعیت — یہ آقا تمام آدمی ان کے نوکر
زمانے میں اس وقت جتنے ہنر تھے — یہی سب میں فائق یہی سب میں برتر
یہ ممتاز تھے حق بجانب کہ کوئی — نہ مدِ مقابل نہ ثانی نہ ہمسر
طبیعت میں ہر ایک کے غم گساری — مزاجوں میں سب کے شرافت کا جوہر
خدا نے عجب دل دیئے تھے کہ جن میں — کسی کی طرف سے نہ تھا کینہ مضمر
اگر صبح کو لڑ لیے بھائی بھائی — تو پھر شام تک ہو گئے شیر و شکر
کبھی رونق افزائے بزمِ مسرت — کبھی مردِ میدان و سالارِ لشکر
لڑائی میں ایک ایک رس پہ بھاری — شہیدانِ بدر و شجاعانِ خیبر
لگیں دشمنوں کے تئیں ہو کے چھرے — اگر پھینک دیں لے کے مٹھی میں کنکر
بھگایا ہوا عدو کو یوں غازیوں نے — اُڑا کر ہوا جیسے لے جائے مچھر
خدا اور رسولِ خدا ان کے حامی — کوئی آ سکے اُن سے کس طرح برسر
ہلاڈالی بنیاد ایوانِ کسریٰ — رگڑ دی پکڑ گردنِ ملکِ قیصر

تعلیم صرف کتابیں رٹنے اور ریں ریں کرنے کا نام نہیں ہے۔ بہت سے فنون ہیں جو ابھی تک کتابت میں نہیں آئے جیسے ہمارے یہاں کی موسیقی یا فنون سپاہ گری یا اور بہت طرح کے پیشے تو ہر ایک آدمی کو اس کی حالت کے مناسب خاص طرح کی تعلیم درکار ہوتی ہے یہ نہیں جیسا کہ ہمارے یہاں ہو رہا ہے کہ تعلیم تو سرکاری دفاتر کے مطلب کی ہے اور جس کو دیکھیے اسی کے لیے تیاری کر رہا ہے۔ احمق اتنا نہیں سمجھتے کہ دفتروں کی ضرورتیں محدود ہیں ان کے لیے کارکنوں کی ایک خاص مقدار درکار ہوتی ہے۔ ہر برس جو ہزارہا آدمی مڈل اور انٹرنس اور ایف۔ اے اور بی۔ اے اور ایم۔ اے پاس کرتے چلے جا رہے ہیں ایسا کون سا دفتر ہے جس میں ان سب کی کھپت ہو گی۔

اب ہم کو یہ دیکھنا ہو کہ شروع کے مسلمانوں کی کیا حالت تھی ان کو کس طرح کی تعلیم درکار تھی اور جیسی تعلیم درکار تھی ان کو وہی بھی جاتی تھی یا نہیں۔ بانی اسلام یعنی پیغمبر صاحب خود تو اُمّی یعنی ناخواندہ تھے اور ان کا ناخواندہ ہونا بجائے خود ان کی رسالت کی دلیل تھا۔ وَمَا كُنتَ تَتْلُوا مِن قَبْلِهِ مِن كِتَابٍ وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ إِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُونَ بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ لیکن گو پیغمبر صاحب نے دنیا کے دستور کے مطابق تعلیم نہیں پائی تھی مگر اُنھوں نے جو کچھ سیکھا براہ راست خدا سے سیکھا عَلَّمَهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا اور خدا سے سیکھ کر اپنی اُمت کو ایسا سبق دیا کہ عمروں کی پڑھائی برسوں میں طے کرادی۔ ضرورتیں دو قسم کی ہوا کرتی ہیں دینی اور دنیاوی۔ سو دنیاوی ضرورتوں کی طرح دینی ضرورت بھی آدمی کو زندگی بھر لاحق رہتی ہو اور دینی ضرورت سے میری مراد ہو معتقدات اور عبادات۔ آدمی جب تک دنیا میں ہو اس کا سب سے بڑا فرض زندگی یہ ہو کہ وہ اپنا معاملہ خدا کے ساتھ درست رکھے اور خدا کے ساتھ معاملہ تب ہی درست ہو کہ خدا کو جیسا وہ ہو اور جیسا اُس نے اپنے تئیں اپنے کلام میں ظاہر کیا ہو اور جیسا اُس کو انسان کی عقلی گواہی کی رو سے ہونا چاہیئے۔ آدمی اُس کو ویسا ہی مانے ویسا ہی یقین کرے ویسا ہی سمجھے۔ جب آدمی نے اپنا عقیدہ ٹھیک کر لیا تو پھر اس کا دل اُس کو عبادت پر مجبور کرے گا اور وہ بے اختیار چاہے گا کہ اپنی احتیاج اپنی احسانمندی اپنی بندگی اپنی کوتاہی خدمت اور شرمندگی کا اظہار کروں کہ اسی کا نام عبادت ہو۔ غرض معتقدات اور عبادات کو تو میں آدمی کی دینی ضرورت قرار دیتا ہوں۔ پھر آدمی پتھر تو ہو نہیں کہ بے حس و حرکت جہاں پڑا پڑا ہو۔ آدمی کو تو خدا نے رنج و راحت کا احساس بخشا ہو وہ راحت اور آرام سے خوش اور رنج

۱؎ اور (اے پیغمبر) قرآن سے پہلے نہ تو تم کوئی کتاب ہی پڑھتے (پڑھاتے) تھے اور نہ تم کو اپنے ہاتھ سے لکھنا ہی آتا تھا کہ ایسا ہوتا تو یہ بے دین خواہی نخواہی شبہ کرتے۔ مگر جن لوگوں کو عقل دی گئی ہو اُن کے عقیدے میں تو یہ (قرآن ایسی کھلی کھلی آیتیں ہیں (کہ کوئی منصف مزاج اُن سے انکار نہیں کر سکتا) اور جو بے انصاف ہیں وہی ہماری آیتوں کو نہیں مانتے

۲؎ ہم نے اپنی طرف سے اس کو ایک (خاص) علم سکھایا تھا۔ ۱۲

اور تکلیف سے آزردہ ہوتا ہے یا دوسرے لفظوں میں آرام کا طالب ہے اور تکلیف سے ہارب۔ اس کی زندگی بڑے بکھیڑے کی زندگی ہے وہ سکڑنے پر آئے تو ایسا کہ وہ درویش در گلیمے بخسپند اور پھیلے تو اس قدر کہ دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند۔ مگر سکڑے یا پھیلے وہ کسی طرح اکیلا تو خوش رہ ہی نہیں سکتا۔ ناچار اس کو اپنے ہی جیسے آدمیوں میں مل کر رہنا پڑتا ہے کہ ضرورت پڑے پر اور ضرورت تو ہمہ وقت سب کے سامنے کھڑے ہی رہتی ہے یہ اُن کی اور وہ اُس کی مدد کریں۔ سوسائٹی اور تمدن ہے تو ایک دوسرے کی مدد کے لیئے اور سوسائٹی کی مزیداری بھی اسی میں ہے کہ سوسائٹی کے ممبروں میں ارتباط و التیام ہو۔ مگر جیسا واقعی یا ادعائی ضرورتیں آپس میں ٹکراتی ہیں تو پھر ان میں لڑائی جھگڑے بھی ہوتے رہتے ہیں جو زندگی کو تلخ کر دیتے ہیں تو بالاجمال آدمی کی دنیاوی ضرورت یہ ہے کہ وہ خوش زندگی بسر کرے یعنی اس کی سوسائٹی کے تعلقات مرنج و مرنجان ہوں اور اس کی حاجتیں اور ضرورتیں اکمل نہ رہیں۔

اگرچہ ہم نے انسان کی دینی اور دنیاوی ضرورتوں کو ایک دوسرے کا قسیم قرار دیا ہے مگر ہے یہ کہ زندگی کا حقیقی خوشی کے ساتھ بسر کرنا ایک ہی ضرورت ہے اور وہ بے اس کے رفع نہیں ہوتی کہ آدمی کے دینی اور دنیاوی کل تعلقات ٹھیک ہوں جس کو علم اخلاق میں سعادت کہتے ہیں اور امام غزالیؒ نے اسی پر سے اپنی کتاب کا نام کیمیائے سعادت رکھا ہے۔ دینی تعلقات تو خیر مگر دنیاوی تعلقات سب کے یکساں نہیں بلکہ شخص واحد کے بھی ہر وقت یکساں نہیں رہتے تو تعلیم کی عمدگی یہ ہے کہ وہ لوگوں کی وقتی ضرورتوں کو پورا کرے۔ پیغمبر صاحب کو ایسے لوگ تعلیم کے لیئے میسر ہوئے جو سراپا ضرورت تھے یعنی ان میں دین و دنیا کا کوئی ساہنر بھی نہ تھا۔ ہنر کہو تو لے دے کر ایک بہادری وہ بھی بُری طرح استعمال کیئے جانے کی وجہ سے داخل عیب۔ سو سب کو معلوم ہے کہ پیغمبر صاحب نے اپنے وقت کے مسلمانوں کو صرف ایک ہی کتاب پڑھائی یعنی قرآن پھر اُن کی تعلیم کا نتیجہ بھی سب نے دیکھا۔

خیر ایک وقت تو وہ تھا کہ پیغمبر صاحب زندہ تھے اور خود بنفس نفیس لوگوں کو تعلیم فرماتے تھے

پیغمبر صاحب کی زندگی تک مسلمانوں کی ایک حالت تھی کہ پیغمبر صاحب باتباعِ وحی مسلمانوں کی تربیت فرماتے تھے۔ اصحاب کو یہ آسانی تھی کہ جو مشکل پیش آئی گئے اور پیغمبر صاحب سے پوچھ آئے۔ پیغمبر صاحب کی وفات سے مسلمانوں کی دوسری طرح کی حالت ہوگئی کہ وحی تو ہوئی منقطع اور پیغمبر صاحب کو خدا نے اپنے پاس بلا لیا اور اُدھر اور پر تلے فتوحات ہیں کہ ہوتی چلی جارہی ہیں۔ پس پیغمبر صاحب کے وقت تک گویا صرف ملک گیری تھی یعنی مسلمان ملک فتح کرتے اور جناب پیغمبر خدا صلعم ملک داری کا سر انجام فرماتے۔ اب ملک گیری بڑھی سو بڑھی اس پر ملک داری اور مستزاد ہوئی اور اب ایسے ملک مسلمانوں کے قبضے میں آتے چلے۔ جن کا طرزِ تمدن عرب کے تمدن سے مغائر تھا۔ پس فصلِ خصومات میں جو لازمۂ ملک داری ہے مسلمان حاکموں کو دقتیں پیش آنے لگیں۔ لے دے کر ان کے پاس قرآن تھا جس کو وہ دین اور دین کا قانون جامع سمجھتے تھے اور وہ واقع میں ایسا ہی ہے بھی لیکن وہ بمنزلہ کوڈ کے ہے جس میں اصول منضبط ہیں مثلاً قرآن میں نماز کی فرضیت کے احکام تو ہیں مگر نماز کی کیفیت بیان نہیں فرمائی۔ اسی طرح زکوٰۃ کہ اس کی مقدار کی تعیین نہیں اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَھُمَا نے سرقہ کی سزا قطع ید قرار دی بلا لحاظ قیمت مال مسروقہ۔ اور جزئی واقعات کا حال یہ ہے کہ ہمیشہ نئی نئی شکلوں میں پیش آتے ہیں اور از بس کہ لوگوں کی استعداد کے مراتب ہر زمانے میں متفاوت ہوتے ہیں اصول سے جزئیات کے استنباط کو بڑی لیاقت درکار ہے پس جس زمانے میں سلطنت عروج پر تھی ملک داری ملک گیری سے بھی زیادہ مشکل ہو رہی تھی۔ اس وقت کے مسلمانوں میں جو لوگ اہل الرائے تھے انھوں نے مسلمانوں کی وقتی ضرورتوں پر نظر کر کے ان کے لیے تعلیم کا ایک کورس ٹھیرایا جس سے بہتر کوئی اور کورس خیال میں نہیں آسکتا۔ وہ کورس یہ تھا کہ قرآن کو بڑی تدقیق کے ساتھ پڑھا پڑھایا جائے تاکہ مسلمان خدا کے ٹھیرائے

لے مرد چوری کرے تو اور عورت چوری کرے تو ان کی اس کرتوت کے بدلے میں (بلا امتیاز) دونوں کے (دہنے) ہاتھ کاٹ ڈالو۔ ۱۲

ہوئے اُصول کے مطابق اپنی دنیا کا انتظام کریں جس کے دروازے خدا نے ان کے منہوں پر کھول دیئے تھے ان کو دنیا کمانے کی ضرورت نہ تھی بلکہ دنیا کے سنبھالنے کی۔ انہوں نے سمجھا اور ٹھیک سمجھا کہ جو ان کو دنیا کما گئے اور دنیا کے کمانے کا رستہ دکھا گئے وہ اُن کو دنیا کے رکھ رکھاؤ اور دنیا کے سنبھالنے کا تحریری دستور العمل اور ہدایت نامہ بھی دے گئے ہیں یعنی قرآن۔ پس انہوں نے قرآن کو مضبوطی سے پکڑا اور اپنی ساری توجہ اسی کی طرف مصروف کر دی۔ یعنی قومی تعلیم کا تمام زور قرآن پر ڈالا۔ اور جتنے علوم قرآن کی تدقیق قرآن کی چھان بین قرآن کے اتقان میں پاس کا یا دور کا دخل رکھ سکتے تھے اُن کو قرآن کا خادم قرار دے کر بڑے اہتمام سے اُن علوم میں کتابیں تصنیف کیں۔ مگر اُن کا اصلی مدعا قرآن کا غایت درجے کی تحقیق سے پڑھنا پڑھانا تھا۔ پھر اُنہوں نے جناب رسول خدا صلعم کے عمل درآمد کو جمع کیا کہ انہوں نے قرآن کے مصنف یعنی خدا سے پڑھا اور سمجھا تھا اور ان کا عملدرآمد بالکل خدا کے منشا کے مطابق تھا۔ پیغمبر صاحب کے عمل درآمد کے جمع کرنے سے میری مراد ہے علم حدیث جس میں پیغمبر صاحب کے اقوال اور افعال اور حالات جہاں تک زبانی روایتوں سے ان کا پتہ لگایا کر دیئے گئے ہیں۔ پس قرآن کی سب سے بہتر سب سے صحیح تر سب سے مستند تر تفسیر حدیث ہے جتنی بھی ہو جتنی بھی ہو کی قید میں نے اس سے لگائی کہ قرآن کی اکثر باتوں کا پتہ حدیث میں نہیں بھی ہے۔

حدیث کے بعد آثار صحابہ ہیں یعنی اُن لوگوں کے اقوال اور افعال اور حالات جن کو جناب پیغمبر صاحب صلعم کی صحبت بابرکت یا زیارت کا شرف حاصل ہوا صحابہؓ کے بعد تابعین جنہوں نے پیغمبر صاحب کو تو نہیں مگر اصحاب کو دیکھا رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین کے بعد جو تھے درجے میں تبع تابعین کہ حدیث خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم کی رو سے یہ سب بزرگ دین کی سمجھ قرون مابعد سے بہتر رکھتے تھے

لہ سب زمانوں سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر جو اس زمانے کے لوگوں کے بعد آئیں پھر جو ان بعد والوں کے بعد آئیں ۱۲

اگرچہ حدیث میں معتقدات اور عبادات اور معاملات سب ہی طرح کی باتیں ہیں مگر حدیث کے جمع کرنے کا بڑا باعث یہی ہوا کہ جوں جوں اسلامی سلطنت وسیع ہوتی گئی۔ دنیا کے نظم و نسق اور فصل خصومات کا کام مسلمانوں کے سر پڑتا گیا تو مسلمان حاکم اور ناظمانِ ملک کیا کرتے کہ جیسا کوئی معاملہ پیش آتا پہلے قرآن کی طرف رجوع کرتے قرآن میں حکم نہ پاتے تو حدیث کا سہارا پکڑتے پھر آثارِ صحابہ کا تابعین کا تبع تابعین کا اور اگر بالکل نئی طرح کا ہوتا تو اس میں اجتہاد کرتے اور اپنی رائے لگاتے اور یوں قرآن اور حدیث اور آثار اور اجتہاد سب کا ایک مجموعہ مدون ہوا جس کا نام ہے فقہ اب کوئی ہم کو بتائے کہ مسلمانوں کو اس وقت کس قسم کی ضرورتیں تھیں اور جو تعلیم انہوں نے اختیار کی اُن کی اُن ضرورتوں کو پورا بھی کرتی تھی یا نہیں۔ ان سوالوں کا جواب اس کے سوا اور کچھ ہو نہیں سکتا کہ اُس وقت مسلمانوں کو ملک گیری اور ملک داری کی دو ہی ضرورتیں تھیں بلکہ ملک گیری کی کم اور ملک داری کی زیادہ اس لیئے کہ اسلامی سلطنت فوجی قوت کے ذریعے سے ترقی اور وسعت کے معراج الکمال پر پہنچ چکی تھی ملک کا فتح کرنا اتنا مشکل نہیں جتنا اُس کا سنبھالنا تمہارے پاس کے پاس اس کا ثبوت موجود ہے کہ مولوی اسمٰعیل مرحوم نے پشاور کے نواح میں بہت سا علاقہ سکھوں سے چھین لیا تھا۔ چھینتے تو چھین لیا مگر وہ اُس کو سنبھال نہ سکے پس اُن کی فتح مکر چاندنی سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی تھی اور وہ علاقے بہت جلد اُن کے قبضے سے نکل گئے اور ان کا اور اُن کے لشکر کا وہی حال ہوا جو عالم گیر اور اُس کے لشکر کا دکن میں ہوا تھا کہ اب تک دلی میں یہ کہاوت مشہور ہے کہ سب کے بالم گھیر کرلے گئے عالم گیر۔

ان وقتوں کا بنایا ہوا کورس اگرچہ اس وقت بے وقعتی کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اس واسطے کہ اس کا اکثر حصہ زمانے کے انقلاب کی وجہ سے بیکار ہو گیا ہے اور ہم مسلمانوں کی وقتی ضرورتوں میں بکار آمد نہیں رہا۔ مگر وہ کورس فی نفسہٖ خاص کر اُس وقت کی حالت اور اُس وقت کی ضرورتوں پر نظر کرتے ہوئے جب کہ وہ بنا تھا بڑی وقعت کی چیز ہے۔

یہ کورس خود پکارے کہہ رہا ہو کہ مسلمانوں نے علوم کے جمع کرنے میں بڑی زحمتیں اُٹھائی ہیں اُنھوں نے سب سے پہلے علوم کی طرف توجہ کی اور توجہ بھی کی تو پڑے توغل کے ساتھ۔

اب ایک فن حدیث ہی کو لو کہ کہہ دینے کو مجموعۂ روایات ہو مگر اس ورد کو اس سے پوچھو جس نے کبھی کسی جگہ کی تاریخ کے لکھنے پر قلم اُٹھایا ہو سرکاری ریکارڈز میں ایک رکارڈ گیزیٹر کہلاتا ہو وہ ایک طرح کا انسائیکلو پیڈیا ہو کہ اس میں ہر شہر ہر قوم ہر چیز کے ہر طرح کے حالات شرح و بسط کے ساتھ تحقیق کر کے جمع کیے جاتے ہیں ڈاکٹر ہنٹر کے اہتمام اور اُن کی نگرانی میں ہندوستان کا گیزیٹر ترتیب دیا گیا اور میں خیال کرتا ہوں کہ اب بھی وقتاً فوقتاً اس کی ترتیب ہوتی رہتی ہو میں ایک زمانے میں تحصیل دار تھا اور مجھ کو ایک قصبے کے حالات جمع کرنے کا حکم ہوا اور باتوں کی کون کہے اس کا پتہ چلنا دشوار ہو گیا کہ یہ قصبہ کب بسا کس نے بسایا اور اس کی وجہ تسمیہ کیا ہو اور باشندگان قصبہ میں سے کون ہیں جن کا نسب بانی قصبہ تک منتہی ہوتا ہو بڑے سے بڑے نامور آدمی دنیا میں ہو گزرے ہیں معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں مرے اور کہاں دفن ہوئے اُن کی تاریخ ولادت میں اختلاف۔ تاریخ وفات میں اختلاف۔ جناب پیغمبر خدا صلعم سے بڑھ کر بھی کوئی ہو گا وہ خود عدنان تک تو اپنے نسب نامے کو تحقیق فرماتے ہیں اس سے اوپر کو مشتبہ عمارتوں میں قدامت اور استحکام اور ساخت کے اعتبار سے ساری دنیا میں اول درجے پر اہرام مصر جو لوگ قدامت کی تحقیق کے پیچھے پڑے رہتے ہیں اور اینٹی کوارین[۵۱] کہلاتے ہیں۔ وہ تحقیق نہیں بتا سکتے کہ یہ اہرام مصر کس نے بنائے کس زمانے میں بنائے اور کس غرض سے بنائے۔

ان باتوں کو پیش نظر رکھ کر دیکھو تو تاریخ ایک بڑا وسیع علم ہو جس میں دنیا کے واقعات جزو کل سے بحث کی جاتی ہو۔ تاریخیں طرح طرح کی ہوتی ہیں۔ کوئی مورخ صرف پیغمبروں کو لیتا ہو کوئی بادشاہوں کو کوئی اقوام کو کوئی عمارات کو کوئی مذاہب کو کوئی تجارت کو کوئی حرفت اور صنعت کو۔ پھر جو مورخ مثلاً بادشاہوں کو لیتا ہو کوئی اُن کے ذاتی حالات لکھتا ہو کوئی اُن کی فتوحات کوئی اِن کے انتظامات

[۵۱] جو لوگ قدیم زمانے کی چیزوں کی تحقیقات کیا کرتے ہیں اُن کو انگریزی میں اینٹی کوارین کہتے ہیں۔ ۱۲

کوئی ان کی شان و شوکت کوئی ان کے ساز و سامان۔ مگر کسی طرح کا مورخ ہو اُس کو اپنے موضوع کے قلمبند کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ عمارتوں سے سکوں سے۔ کتبوں سے۔ ہتھیاروں سے بتوں سے۔ تصویروں سے۔ باسنوں سے۔ اینٹوں سے کہ اس قسم کی چیزیں زبان حال سے تاریخی واقعات کا اظہار کرتی ہیں۔ ابھی چند روز ہوئے لارڈ کرزن نے اس مضمون کو ایک جماعت کے سامنے اس طرح بیان کیا:

Much of ancient history, even in an age of great discoveries, still remains mere guess work. It is only slowly being pieced together by the efforts of scholars and by the outcome of research.

But the clues are lying every where at our hand, in buried cities, in undeciphered inscriptions, in casual coins, in crumbling pillars, and pencilled slabs of stone. They supply the data by which we may reconstruct the annals of the past, and recall to life the morality, the literature, the politics, the art of a perished age.

حدیث بھی اگر سچ پوچھو تو تاریخ ہے مگر ایک خاص قسم کی یعنی مذہبی اور اس میں خاص کر جناب پیغمبر خدا صلعم کے ہر طرح کے حالات منضبط کیے جاتے ہیں لیکن اس کے جمع کرنے میں ایک بڑی مشکل یہ ہے کہ زبانی باتوں کو ان کی حد تک پہنچانا پڑتا ہے یعنی حدیث میں یہ دکھانا پڑتا ہے کہ پیغمبر صاحب نے کیا فرمایا اور کیا کہا اور کیا کسی کو کہتے سُنایا کرتے دیکھا۔ پھر سب سے بڑی مشکل جو تدوین حدیث میں پیش آئی یہ تھی کہ اس کے جمع کرنے کا سب سے پہلا خیال پیغمبر صاحب کی وفات کے ڈیڑھ سو برس بعد پیدا ہوا۔ یعنی ڈیڑھ سو برس بعد سے اس کی تحقیقات شروع ہوئی کہ پیغمبر صاحب نے یہ فرمایا یہ کیا تھا پھر مشکل اندر مشکل ست و مشکل اندر مشکل ست۔ حدیث کے جمع کرنے والے وہ لوگ تھے جنہوں نے پیغمبر صاحب کے ادب کو جو اوس کی سرحد تک پہنچا دیا تھا

وہ وعید مَنْ[1] کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ سُنے ہوئے تھے اور نہ صرف سُنے ہوئے تھے بلکہ ان کو کامل یقین تھا کہ پیغمبر صاحب کی طرف کوئی قول یا فعل جو انھوں نے نہیں کہا یا نہیں کیا منسوب کرنا ابدالآباد کے لیے جہنم میں جانے کے لیے بس کرتا ہے۔ جامعانِ حدیث کے سوا کسی زمانے اور کسی ملک میں کوئی مورخ ایسا نہیں ہوا جس نے ان کی طرح احتیاط اور صداقت کو اپنے اوپر لازم کیا ہو۔ امام بخاریؒ کی یہ حکایت مشہور ہے کہ انھوں نے رطب یابس صحیح وضعیف لاکھوں حدیثیں جمع کیں اور جو حدیثیں وہ اختیار کرنے والے تھے ان کے لیے انھوں نے ایسی سخت شرطیں قرار دیں کہ چھنٹ چھنٹا کر لاکھوں میں سے یہ رہ گئیں جو ان کی کتاب اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ صحیح بخاری میں ہیں اور جن کی تعداد بحذف مکررات تین ہزار کو بھی نہیں پہنچتی۔ اُن شرائط کے علاوہ جو امام بخاری نے انتخاب احادیث کے لیے قرار دی تھیں ایک عجیب نہایت عجیب شرط یہ تھی کہ جب وہ کسی حدیث کا اختیار کرنا ٹھان لیتے تو غسل کرکے دو رکعت نمازِ نفل پڑھتے اور گڑگڑا گڑگڑا کر خدا سے دعا کرتے کہ الٰہی اگر اس حدیث میں جس کو میں اپنی کتاب میں درج کرنا چاہتا ہوں میری قرار دی ہوئی شرطوں کے مطابق کچھ بھی ضعف ہو تو میرے دل میں القا کر کہ میں اس کے لینے پر اقدام نہ کروں اور یہ سب کچھ پیغمبر صاحب کے مرقدِ مبارک کے سامنے ہوتا۔ اس کے بعد بھی اگر ان کے ارادے میں کسی طرح کا تزلزل راہ نہ پاتا تو خدا کا نام لے کر اُس حدیث کو لکھ لیتے۔ دنیا میں کوئی تاریخ ایسے اہتمام اور ایسی احتیاط کے ساتھ لکھی گئی ہے؟ اس اہتمام اور اس احتیاط کے لحاظ سے دیکھا جائے تو جتنی تاریخیں ہیں کسی ملک کی ہوں اور کسی زبان میں ہوں اُن کو صحیح بخاری کے ساتھ ایک الماری میں رکھنا راستی اور انصاف کا خون کر دینا ہوگا۔ امام بخاری کی سی احتیاط تو ہر ایک سے ہونی مشکل ہے مگر صداقت کی طرف سے اپنا اطمینان حاصل کرنے کے لیے تو سبھی نے جس سے جتنی بن پڑی احتیاط کی جب کہ دوسرے مورخ احتیاط کے پاس بھی ہو کر نہیں پھٹکتے۔ اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہُ پس اکثر

[1] جو شخص دیدہ و دانستہ مجھ پر جھوٹ بولے وہ دوزخ میں اپنا ٹھکانا بنالے۔ ۱۲

مورخ بادہوائی سنی سنائی نقل در نقل کرتے چلے آتے ہیں۔ پھر جن حدیثوں کو کسی ایک محدث مثلاً امام بخاری نے رد کر دیا یعنی نہیں لیا۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ اُس حدیث کو انھوں نے غلط سمجھا۔ نہیں ان کے رد کر دینے اور چھوڑ دینے کے یہ معنی ہیں کہ وہ اُن کی ٹھیرائی ہوئی شرطوں میں پوری نہیں اُترتی نہ یہ کہ وہ حدیث غلط ہے کاہش اور تفتیش اور تلاش اور تحقیق کا تو کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا۔ اس پر بھی ایک بات کا پتہ نہ چل سکے اور اس کے پتے کا چلانا مرورِ زمانہ کی وجہ سے محال ہو گیا ہو اور وہ بات بھی زبانی روایت ہو جس کی کوئی اُس وقت کی تحریر ہی یا دواشت نہیں تو اس کو جامع حدیث کیا کرے۔

مسلمان مصنفوں کی تصنیفات سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ مسلمانوں نے جس فن کی طرف توجہ کی اُس کو تکمیل کے درجے تک پہنچا کر چھوڑا اور یہی وجہ ہے کہ متقدمین کی تصنیفات میں نئی باتوں کے بڑھانے کی بہت ہی کم گنجائش ہے جن علوم میں متقدمین تصنیفات کر گئے ہیں متاخرین نے اتنا تو کیا ہو گا کہ مطلب کی ترتیب بدل دی یا ادائے مطلب کا کوئی دوسرا پیرایہ اختیار کیا مگر متقدمین پر اضافہ نہیں کر سکے یا تو اضافے کی گنجائش نہ تھی جیسے قواعد صرف و نحو یا جو کچھ متقدمین لکھ گئے تھے متاخرین نے اس کو کارروائی کی قدر کافی سمجھا اور یوں ہمارے علوم ایک حد پر پہنچ کر ٹھہر سے گئے۔ ازبس کہ جمع حدیث کو لوگ ایک طرح کی عبادت سمجھتے تھے اس فن میں بھی لوگوں نے مختلف شانوں سے بکثرت تصنیفات کی ہیں بعض نے مطالب پر اپنی تصنیف کی بنیاد رکھی بعض نے الفاظ پر مثلاً ایک بزرگ نے احادیث اس طرح پر جمع کیا کہ جو حدیثیں لفظ اِنَّ سے شروع ہوتی ہیں اُن کا ایک باب قرار دیا۔ جن کی ابتدا اِنَّمَا سے ہو ان کا ایک۔ ظاہر ہے کہ اگر عبادت کا خیال اس زحمت کے اُٹھانے کا باعث نہیں ہوا تو اور کون سا مفاد احادیث کی ایسی لفظی ترتیب پر مترتب ہو سکتا ہے لوگوں نے تو ارادہ کیا تھا کہ احادیث کے الفاظ تک سند بہم پہنچائی جائے۔ مگر قرآن کے سوائے کسی نثر کو یہ بات نصیب نہیں ہوئی کہ اس میں

ذرا سا بھی ردو بدل نہ ہوا ہو اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ مجبور روایت بالمعنی پر قناعت کرنی پڑی۔

میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی بیان کر چکا ہوں کہ احادیث کی ترتیب پیغمبر صاحب کی وفات کے ڈیڑھ سو برس بعد سے شروع ہوئی۔ اس ڈیڑھ سو برس میں بھلا کچھ نہیں تو اوسط کے حساب سے کم سے کم پانچ نسلیں تو ہو گزری ہوں گی۔ اسی لئے جامع حدیث تک روایتیں اکثر چھ چھ سات سات وسائط سے پہنچتی ہیں اور چوں کہ غیر معمولی لمبی عمروں کے آدمی بہت تھوڑے ہوتے ہیں امام بخاری کو اپنی ثلاثیات یعنی ان احادیث پر جو امام کو صرف تین واسطوں سے پہنچیں بڑا فخر ہے۔ اس طرح پر جس نے پیغمبر صاحب سے جس قدر بعد حدیثیں سنی ہیں اسی قدر اُس کے وسائط زیادہ ہوتے گئے حدیث کی حقیقت سمجھنے کے لیئے کوئی سی ایک مثال لو مثلاً اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ امام بخاری اعلیٰ سے حدیث کہتے ہیں۔ یعنی وہ اس بات کے مدعی ہیں کہ جملہ پیغمبر صاحب کا فرمودہ ہے تو امام بخاری کو اپنے اس دعوے کا ثبوت دینا چاہیئے وہ یہ ثبوت دیتے ہیں کہ میں نے اپنے شیخ الف سے سنا اُنھوں اپنے شیخ ب سے انھوں نے ج سے اُنھوں نے د سے اُنھوں نے خود پیغمبر صاحب سے تو امام بخاری سے لے کر پیغمبر صاحب تک جتنے وسائط ہیں ان کی شہادت اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ کے حدیث ہونے کا ثبوت ہوئی۔ مگر اصل میں ثبوت وہی ایک د کی شہادت ہے جس نے خود پیغمبر صاحب کو ایسا فرماتے سنا تھا۔ اور باقی وسائط کا بیان شہادت نہیں بلکہ شہادت علی الشہادت ہے تاکہ ہم اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ کو پیغمبر صاحب کا فرمودہ تسلیم کریں ضرور ہے کہ از امام بخاری تا د جتنے راوی ہیں سب ثقہ ہوں عدول ہوں قوی الحافظہ ہوں اور جس سے سنا بیان کرتے ہیں اُس سے ملے بھی ہوں یوں ضرورت

ہے بے شک ہم ہی نے قرآن اُتارا ہے اور بے شک ہم ہی اس کے نگہبان بھی ہیں۔ ۱۲ ۵۲ عملوں کا حسن و قبح نیتوں پر موقوف ہے۔ ۱۲

داعی ہوئی کہ تمام احادیث کے تمام رواۃ کے حالات دریافت کیے جائیں اور رواۃ سو۔ دو سو۔ ہزار۔ دو ہزار نہیں لاکھوں۔ آج سالہا سال کے مرے ہوئے ایک شخص کے حالات کا ٹھیک طور پر دریافت کرنا اور جوئے شیر کا لانا برابر ہو نہ کہ لاکھوں کا۔ مگر واہ رے اگلے وقتوں کے مسلمانو! خدا تم کو تمہاری محنتوں کی جزائے خیر دے ان بزرگوں نے اسلام کی خیر خواہی اسلام کی ہمدردی کے آگے ان مشکلات کی ذرا بھی تو پروانہ کی اور شخصی حالات کے تفتیش کے دریائے ناپیدا کنار میں کود پڑے۔ اور موتی اور پوتھ جو کچھ ہاتھ لگا نکال لائے یعنی اپنے رسول کے ملفوظات اور معمولات کی حفاظت کے لیئے فن اَسْمَاءُ الرِّجَالُ وضع کیا۔ اتنی کاوش اور اس قدر تحقیقات اور ایسی تفتیش و تلاش پر بھی احادیث کا ایک مجموعہ مرتب ہوا جس میں اختلافات بھی ہیں اور اختلافات کا ہونا بجائے اس کے کہ فن حدیث کی وقعت کو کم کرے۔ ایک منصف مزاج آدمی کی نظر میں اس کی قدر کو بہت زیادہ کرتا ہے۔ میری عمر کا ایک اچھا معتدبہ حصہ نوکری کے ذریعے سے شہادت میں غور کرتے گزرا ہے اور میں نے اکثر دیکھا ہے اور جس کو شہادت کا تجربہ ہے ضرور اُس نے بھی دیکھا ہوگا کہ بعض اختلافات شہادت کی صداقت کا زیادہ یقین دلاتے ہیں۔ ایک مجسٹریٹ گواہوں کو چھوٹی چھوٹی غیر ضروری باتوں کا جواب دینے پر مجبور کرتا اور ایسی باتوں میں گواہوں کے اختلاف پر گواہی کو نامعقول ٹھیراتا ایک بار پولیس نے جوئے کا ایک مقدمہ اُس کے پاس چالان کیا مجسٹریٹ نے گواہان صفائی سے پوچھنا شروع کیا کہ جس بالاخانے پر جوا پکڑا گیا اور تم کہتے ہو کہ گرفتاری کے وقت ہم وہاں موجود تھے۔ اچھا تو اس کمرے میں کس رنگ کی دری کا فرش تھا اور اس میں کتنی دھاریاں تھیں۔ کمرے کی چھت میں کڑیاں کتنی تھیں۔ یہ اس قسم کی باتیں ہیں کہ گواہ واقع میں موجود بھی رہا ہو۔ تاہم ممکن ہو کہ اس نے دری کی دھاریاں اور چھت کی کڑیاں نہ گنی ہوں مگر مجسٹریٹ نے ایسے ہی اختلافات پکڑ کر گواہی کو جھوٹا قرار دیا اور ملزموں کو سزا دے دی۔ مقدمہ ہائی کورٹ پہنچا اور ججوں نے مجسٹریٹ کی خوب دھجیاں اڑائیں الغرض

وہ مورخ جو مختلف روایتوں کو ظاہر کرتا ہو جیسی اس کو پہنچیں اور جس ذریعے سے اُس کو پہنچیں اس مورخ سے بدارج عزت کا مستحق ہو جو اختلاف کی پردہ داری کرتا ہو۔ مسلمانوں کے علمی کورس میں کہیں پانی مرتا ہو تو علم حدیث میں پانی مرتا ہو مگر مسلمانوں کا علم حدیث یعنی مسلمانوں کی مذہبی تاریخ جیسی کچھ بھی ہو روی زمین پر کسی دوسری قوم کے پاس نہیں اور اس سے بہتر ہو بھی نہیں سکتی۔

میں نے اپنے زعم میں تا حدِ اطمینان یہ بات ثابت کر دکھائی ہو کہ مسلمان شروع سے تعلیم کی طرف متوجہ رہے اور تعلیم کا کورس جو انھوں نے وضع کیا جس زمانے میں وضع کیا اس زمانے کی حالت کے ٹھیک مناسب تھا اور اگر اس میں سقم تھا تو یہ تھا کہ مسلمانوں نے اپنے کورس کا سٹینڈرڈ یعنی درجہ یا معیار بہت اونچا رکھا یا دوسرے لفظوں میں یوں کہو کہ بڑا مشکل کورس بنایا۔ اُن کی اصلی غرض قرآن کی تعلیم تھی اور قرآن کا حال یہ ہو کہ اصل مطلب کو پیش نظر رکھ کر پڑھو تو اس سے بڑھ کر کوئی کتاب آسان نہیں جس کے حق میں خود خدا نے فرمایا ہو وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ[۵۱] ظاہر ہو کہ قرآن کے مخاطب کافۃ الناس ہیں اور وہ عامہ خلایق کی ہدایت اور نصیحت کے لیے نازل ہوا اور تاوقتیکہ آسان اور عام فہم نہ ہو اُس سے کافۃ الناس اور عامہ خلایق مستفید نہیں ہو سکتے۔ تو جو قرآن کو مشکل سمجھے اُس نے غلط سمجھا اور جو قرآن میں لایعنی غیر ضروری منطقی یا کسی اور طرح کی کٹ حجتیاں پیش کر کر زبردستی اس کو مشکل بنائے۔ وہ خدا کے منشا کے خلاف کرتا ہو قرآن جس غرض سے نازل ہوا ہو کہ لوگ اس سے نصیحت پکڑیں اور دنیا میں امن و عافیت اور خوش حالی کے ساتھ رہنا سیکھیں۔ اس غرض کے حاصل کرنے کے لیے تو قرآن کسی کے سمجھانے کا محتاج نہیں وہ خود اپنے سمجھانے کو کافی ہو اور یوں کافیہ کی کی طرح اُس کے اصل مطلب اَلْكَلِمَةُ لَفْظٌ وُضِعَ لِمَعْنًى مُفْرَدٍ سے تو غرض رکھو نہیں اور

[۵۱] اور ہم نے قرآن کو (لوگوں کے) نصیحت پکڑنے کے لیے آسان کر دیا ہو تو کوئی ہو کہ نصیحت پکڑے۔ ۱۲

لگو کُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَمْ یُبْدَ اِبِحَمْدِ اللّٰہِ فَھُوَ اَبْتَرُ کی بحث کرنے تو موجودہ تفاسیر بھی اس کے لیئے کافی نہیں - کیا معلوم آیندہ اصل غرض سے الگ ہو کر لوگ کیسے کیسے شبہات پیش لائیں گے اور ان کے دفع کرنے کے لیئے کیا کیا سامان بہم پہنچانا پڑے گا - لوگو! خدا کو ایک سمجھو اُسی کی عبادت کرو اور اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ اور لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِھَا اور وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ حُسْنًا اور وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ خَشْیَۃَ اِمْلَاقٍ اور لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا اور وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِیْلِ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ اور اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ اور فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَۃَ وَمَا اَدْرٰیکَ مَا الْعَقَبَۃُ فَکُّ رَقَبَۃٍ اَوْ اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَۃٍ یَتِیْمًا ذَا مَقْرَبَۃٍ اَوْ مِسْکِیْنًا ذَا مَتْرَبَۃٍ ثُمَّ کَانَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَۃِ یہ اور اسی طرح کے اور احکام قرآن میں بھی

---

۵۱ اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور جو تم میں سے صاحبِ حکومت ہیں (اُن کا بھی) ۱۲ ۵۲ انتظام ملک کے درست ہوئے پیچھے اُس میں فساد نہ پھیلاؤ - ۱۲ ۵۳ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کا حکم دیا - ۱۲ ۵۴ (لوگو!) افلاس کے ڈر سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو - ۱۲

۵۵ زمین میں اکڑ کر نہ چلا کر ۱۲ ۵۶ اور قرابت والے پڑوسیوں اور اجنبی پڑوسیوں اور پاس کے بیٹھنے والوں اور مسافروں اور جو (لونڈی غلام) تمہارے قبضے میں ہیں اُن سب کے ساتھ سلوک کرتے رہو - ۱۲

۵۷ اور ہم نے تم کو جو کچھ دے رکھا ہے اس میں سے (راہ خدا میں بھی کچھ) خرچ کرتے رہا کرو - ۱۲ ۵۸ پھر (بھی انسان ان نعمتوں کے شکر میں) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا اور (اے پیغمبر) تم کیا سمجھتے کہ گھاٹی (سے ہماری) کیا مراد ہے (گھاٹی سے مراد ہر کسی کی) گردن کا (غلامی یا قرض کے پھندے سے) چھڑا دینا یا بھوک کے دن یتیم (کو خاص کر جب کہ وہ اپنا) رشتہ دار (بھی ہو) یا محتاج خاک نشین کو (کھانا) کھلانا (تو جو ناحق کی شیخی مارتا ہے چاہیئے تھا کہ اس گھاٹی میں ہو کر گزرتا) اس کے علاوہ اُن لوگوں (کے زمرے) میں ہوتا جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو صبر کی ہدایت کرتے رہے اور (نیز) ایک دوسرے کو (خلقِ خدا پر) رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے ۱۲

بہت کچھ ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ ان میں کونسی بات تفسیر یا کسی کے سمجھانے کی محتاج ہو۔ نزولِ قرآن کی اصل غرض کو پیش نظر رکھ کر کسی ایک تفسیر کی طرف رجوع کرو تو پاؤ گے کہ ہم کو جس بات کے سمجھنے کی ضرورت ہو وہ ہم تفسیر کی مدد کیے بدون بھی قرآن کے لفظوں سے سمجھ سکتے تھے۔ غرض ہمارا تعلیمی کورس بنایا تو گیا قرآن کے سمجھانے کے لیئے۔ مگر ہم اُسی کورس میں اُلجھے رہے اور کورس کی اُلجھن نے قرآن کے سمجھنے کی نوبت نہ آنے دی کورس کا بجائے خود ایک انبار تھا اسی کا ڈھونا ہم کو مشکل پڑ گیا نتیجہ یہ ہوا اور ہونا ہی تھا کہ قرآن نے جو ولولے لوگوں کے دلوں میں پیدا کیئے تھے وہ ٹھنڈے پڑتے پڑتے صرف نام کے مسلمان رہ گئے اس لیئے کہ مسلمان کے گھر پیدا ہوئے۔ عبداللہ یا عبدالرحمٰن نام رکھا گیا۔ بڑوں کو گوشت کھاتے ایک خاص طرح کا لباس پہننے۔ ایک خاص طرح کی ظاہری وضع رکھتے دیکھا۔ وہی خوراک وہی پوشاک وہی وضع ہم نے بھی اختیار کر لی اور اپنے زعم میں مسلمان بن بیٹھے اور مسلمان کہے جانے لگے۔ خیر یہ نقص تو ہمارے تعلیمی کورس کی ذات میں تھا اور اگر وہی کیفیت باقی رہتی جس کے لیئے وہ کورس موضوع تھا تو چنداں جائے شکایت نہ تھی۔ مگر زمانہ آہستہ آہستہ ایک بڑے خطرناک انقلاب کی طیاری کر رہا تھا وہ انقلاب ہونا تھا اور اپنے وقت پر ہو کر رہا اور اس نے ہمارے تعلیمی کورس کو تقویم پارینہ کی طرح بیکار کر دیا۔

دنیا کا عجب دستور دیکھنے میں آتا ہے کہ قوموں میں رات دن کی طرح ترقی اور تنزل کا ایک چکر سا بندھا ہوا ہو۔ صدق اللہ تِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ[1] تاریخ ہم کو دکھا رہی ہو کہ ایک قوم تقاضائے وقت کے مطابق ترقی کرتی چلی جا رہی ہو اس کی ترقی کے زمانے میں ابنائے جنس اور اقران و امثال پر برتری حاصل کرنے کے لیئے جن جن صفتوں سے متصف ہونے کی ضرورت ہو اس قوم کے اکثر افراد اپنے میں ان صفتوں کے پیدا کرنے کی کوشش

[1] یہ اتفاقاتِ وقت ہیں جو ہمارے حکم سے نوبت بہ نوبت (سب) لوگوں کو پیش آتے رہتے ہیں۔ ۱۲

میں لگے ہیں دیکھنے اور شمار کرنے میں الگ الگ آدمی ہیں اور الگ الگ اُن کے دل ہیں تجربوں کے وہ سب ایک دُھن اور ایک خیال کے ہیں گویا سب کَنَفْسٍ وَاحِدَۃٍ ایک ہیں اور سب کا ایک دل ہو سب کے سب زمانے کی ہوا اور وقت کے سیلاب کے آگے آگے ہو لیئے ہیں اور برسوں کی رفتار مہینوں میں مہینوں کی ہفتوں میں۔ ہفتوں کی دنوں میں دنوں کی گھنٹوں میں گھنٹوں کی منٹوں میں طے کر رہے ہیں۔ نیلوفر کے درخت کی نسبت سنا ہی یا شاید نیلوفر نہ ہو کوئی اور درخت ہوگا جو تالاب کی تہ میں بویا جاتا ہو تو اُس کا یہ خاصہ ہو کہ برسات کے دنوں میں جوں جوں پانی تالاب میں بڑھتا جاتا ہو۔ اُس درخت میں خدا نے اتنا نمو دیا ہو کہ اُس کی پھننگ پانی کے اوپر رہتی ہو تو جو قوم بہ سرترقی ہوتی ہو یہی حال اُس کا ترقی کے زمانے میں ہوتا ہو کَشَطْءٍ[۵۱] اَخْرَجَ شَطْئَہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ یہاں تک کہ جب وہ قوم فی علم اللہ ترقی کی اُس حد کو پہنچ چکتی ہو جو اُس کے لیئے مقدر ہو خود بخود اُس میں تنزل کے اسباب پیدا ہونے شروع ہوتے ہیں۔ لوگوں کے دل ہی کچھ اور طرح کے ہو جاتے ہیں کہو سید ہی اور سمجھیں اُلٹی جفاکشی کے عوض اُن میں آرام طلبی آجاتی ہو کفایت شعاری کی جگہ اسراف۔ اُس جھاڑو کی طرح جس کا بندھن کھل کر سینکیں بکھر گئی ہوں اُس قوم کے افراد میں کسی طرح کا رابطہ باقی نہیں رہتا وہ زمانے کی ہوا اور وقت کے سیلاب کے آگے آگے ہو لینے کی عوض اُلٹے پھر کر زمانے اور وقت کا مقابلہ کرنے لگتے اور مُنہ کی کھاتے ہیں۔

اس تیرہ سو برس کے عرصے میں مسلمانوں کی ترقی کتابوں میں پڑھی اور تنزل اپنی آنکھوں دیکھ رہے ہیں مسلمان تو سلطنت پاکر عیش و آرام میں پڑ گئے اور اہل یورپ انگریزی مثال کے مطابق کہ نیسیسٹی از دی مدر آف انونشن (ضرورت ماورایجاد است) مسلمانوں کی فوجی قوت

---

[۵۱] جیسے کھیتی کہ اُس نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی پھر اُس نے (غذائے نباتی کو ہوا اور مٹی سے جذب کرکے اپنی) اس سوئی کو قوی کیا چنانچہ وہ (رفتہ رفتہ) موٹی ہوئی (یہاں تک کہ) آخر کار کھیتی اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور اپنی سرسبزی سے) لگی کسانوں کو خوش کرنے ۱۲

سے برسرِ نہ آکر کسی دوسری قوت کے ڈھ میں تھے چنانچہ جو نیدہ یا بندہ جن ڈھونڈا اُن پائیاں۔ جس چیز کی ان کو جستجو تھی وہ ملی اور ملتی چلی جارہی ہے کچھ سمجھے وہ قوت کیا تھی۔ وہ قوت تھی سائنس یعنی علومِ ریاضی کی جن کی بدولت انھوں نے چیزوں کے نئے نئے خواص دریافت کیے اور سینکڑوں اور ہزاروں قسم کی کلیں بنا ڈالیں۔ سائنس نے رفتہ رفتہ ایسا زور پکڑا کہ پرانی قسم کی فوجی قوت کو بھی بے کار محض کر دیا۔ اب وہ غلام اور کیکر سنگھ کے داؤ پیچ اُن کی گاؤ زوری بھکیتی پکیتی۔ بانک پٹہ بنوٹ۔ لیزم بنیٹھی۔ توپ اور بندوق کے آگے کیا کام دے جو ہزاروں قدم کے فاصلے سے ایک منٹ میں سینکڑوں فیر کرے۔ سائنس تو دنیا میں اسی وقت سے ہے جب سے دنیا عدم سے ہستی میں آئی۔ آدمی سائنس کی مدد کے بدون زندہ رہ ہی نہیں سکتا۔ جتنی چیزیں ہمارے کام آتی ہیں چھوٹی سے چھوٹی اور بھدی سے بھدی یہاں تک کہ توا اور چکی اور چاقو اور قینچی اور سوئی اور دیا سلائی سب سائنس کی ایجاد ہیں۔ جیسے جیسے دنیا میں آدمی کا قیام طول پکڑتا گیا اُس کے قیام کے ساتھ ساتھ سائنس کو اور سائنس کے ساتھ ساتھ سولزیشن کو ترقی ہوتی گئی۔ مسلمانوں کے عروج کے وقت سائنس نے کچھ ایسا عروج پکڑا تھا اور قوجی قوت کے مقابلے میں اس کا زور بہت گھٹا ہوا تھا۔ پھر بھی سائنس کو شکایت کرنے کا موقع نہیں کہ مسلمانوں نے اپنے وقت میں اس کی طرف سے غفلت اور بے پروائی کی اگر سائنس ایسی شکایت کرے تو خلفاے عباسیہ کا عہد اس کا منہ بند کرنے کو موجود ہوگا کہ اُن کے وقت میں سارا یونانی فلسفہ عربی میں ترجمہ ہوا اور بڑے اہتمام سے اُس کی اشاعت کی گئی۔ مگر جیسی شخصی حکومتیں تھیں ویسے ہی شوق تھے اور ایک روکاوٹ بڑی یہ آکر پڑی تھی کہ یونانیوں نے اپنے فلسفے میں الٰہیات بھر رکھے تھے اور معتقدات اسلام کے تھے خلاف۔ اس سے بھی مسلمان سائنس سے بدکتے اور کنیاتے رہے پھر تو مسلمانوں کی سبھی باتوں میں تنزل شروع ہوگیا اور رشدہ شدہ نوبت بایں جا رسید کہ ہم کو تو اپنے تئیں اُن مسلمانوں کے اعقاب اور اخلاف اور وارث اور جانشین اور نسل کہتے ہوئے بھی شرم

آتی ہو مگر کیا کریں آنکھیں دیکھتی ہیں کان سنتے ہیں اور کتنا ہی دفع کرو خیال آ ہی جاتا ہو۔

پھر خیال آئے پیچھے دل نہیں مانتا اور تنزل کا سبب ڈھونڈنا پڑتا ہو۔ بڑے سوچ بچار کے بعد آخر کار یہی سمجھ میں آتا ہو کہ ہم بگڑے جہل اور علم بتر از جہل سے۔ جہل سے تو خیر جہل ہی رہا علم سو اس کو کسی صورت میں بتر از جہل ہونا چاہیے نہیں۔ اس کی نسبت تو یہ مشہور ہو کہ علم شی بہ از جہل مگر میں نے علم کو بتر از جہل اس اعتبار سے اور صرف اسی اعتبار سے کہا کہ جس علم پر ہمارا دینی یا دنیاوی کسی طرح کا فائدہ مترتب نہ ہو وہ ہوا تو کیا اور نہ ہوا تو کیا۔ پھر بھی اس طرح کا علم جہل کے برابر ہوا۔ نہ بتر از جہل۔ ہاں ہاں وہ بتر از جہل اس سے ٹھیرا کہ اس علم نا مفید نے ہمارا وقت ضائع کیا اور ہم کو دھوکے میں رکھا۔ اب مجھ کو یہ دکھانا ہو کہ ہمارا علم یعنی وہ علم جو ہم اس کورس سے حاصل کرتے ہیں جو ہم مسلمانوں میں رائج ہو دین و دنیا میں مفید نہیں۔ سو دنیا میں اس کا نا مفید ہونا تو اظہر من الشمس ہو اور اب ندوہ تک کے علما کا بھی اس پر اجماع ہو کہ ہم کو دنیاوی فائدوں کے احراز کے لیے اپنے کورس کے بدلنے کی ضرورت ہو مجھ کو ندوہ کے ساتھ ایک طرح کی ارادت ہو اور میں ندوہ کے اجماع کو اجماع امت اور مسلمانوں کے لیے شرعی حجت سمجھتا ہوں۔ مجھ کو جو ندوہ کے ساتھ اختلاف ہو وہ صرف اس بات میں ہو کہ میں دین کے اعتبار سے بھی اسلامی کورس کو ویسا ہی محتاج تبدیل و ترمیم سمجھتا ہوں جیسے دنیا کے اعتبار سے میں اس سے پہلے بشرح و بسط بیان کر چکا ہوں کہ یہ کورس نہایت نیک نیتی سے مسلمانوں کے دینی اور دنیاوی فائدوں کے لئے وضع ہوا اور ایک وقت خاص تک جو افسوس نہایت افسوس ہو اب نہیں رہا مسلمان اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائے رہے مگر مسلمان خدا کے یہاں سے سلطنت کا کچھ استمراری پٹہ تو لکھوا کر لائے نہ تھے بلکہ جناب پیغمبر خدا صلعم جو اصدق القائلین تھے ان کو بَدَأَ الْإِسْلَامُ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ كَمَا بَدَأَ سے آگاہ کر گئے تھے جب مسلمانوں کی عروج کی مدت پوری ہو چکی

۱۵ اسلام کمزور شروع ہوا اور عنقریب ایسا ہی ہونے والا ہو۔ جیسے شروع ہوا تھا ۱۲

تو لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ کے قاعدے کے مطابق وہ کورس سب نہیں تو اُس کا اکثر حصہ نہ صرف دنیا بلکہ دین کے اعتبار سے بھی تقویم پارینہ کی طرح بے کار ہو گیا ہم تو دین و دنیا کو ایک دوسرے کا عدو سمجھتے رہے مگر زوالِ سلطنت نے ہم کو بتا دیا کہ دین اور دنیا میں جسم و روح کا سا یا گل اور بو کا سا تعلق تھا کہ دنیا گئی تو دین کو بھی مردہ اور بے رونق کر گئی ؎

حسن صورت محض بے رونق ہے سیرت کے بدون	جن گلوں میں بو نہیں وہ خوشنما کہنے کو ہیں

دین کو جسد فرض کرو تو معتقدات اور عبادات اور معاملات اُس کے اعضائے رئیسہ تھے اُن میں سے عضو معاملات کو تو لقوہ مار گیا کہ معاملات پر سے شریعت کی حکومت اُٹھ گئی اب معاملات میں سے شریعت کے پاس رہ کیا گئے ہیں اگر اس کو رہنا سمجھا جائے نکاح طلاق۔ میراث۔ شفعہ الا الدخیر صلاح۔ سو بھی حکم شریعت کا نافذ کرنے والا اور نہ صرف نافذ کرنے والا بلکہ اُس میں اپنی رائے لگانے والا حاکم وقت تو کیا اتنی سی اور ایسی برائے نام حکومت کے لیئے اس قدر دور سر کوہ کندن و کاہ برآوردن غرض اب لے دے کر دین میں کیا رہ گئے معتقدات اور عبادات۔ اس کو ہم مانتے ہیں کہ اس جزو دین سے ہم کسی حالت میں مستغنی نہیں اور گورنمنٹ بھی اس میں دست اندازی نہیں ہوتی ورنہ ہندوستان دارالحرب ہو جائے اور ہم سب کو بوریا بستر باندھ کر چالگام کا رستہ لینا پڑے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا مگر سن رکھو کہ یہ پرسش

لہ ہر ایک قوم کے مٹنے کا ایک وقت مقرر ہے (۱۲ منہ) لہ یعنی جو لوگ اپنے دین کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور اپنا کام کرتے ہیں ان کی جان قبض کیئے جانے پر فرشتے ان سے پوچھتے ہیں کہ تم (دارالحرب میں پڑے پڑے) کیا کرتے رہے) تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم تو وہاں بے بس تھے (اس پر فرشتے ان سے) کہتے ہیں کہ کیا اللہ کی (اتنی لمبی چوڑی)

گورمنٹ ہی ایک مبارک گورمنٹ ہو جس کو خدا نے نیوٹریلٹی اور امپارشیلیٹی کی توفیق دے رکھی ہو کہ انتظام ملک میں کسی مذہبی فریق کی طرف دار نہیں یہاں تک کہ اپنے ہم مذہب عیسائیوں کی بھی - ورنہ روے زمین کے پردے پر کوئی گورمنٹ نہیں جس کے یہاں مذہبی روک ٹوک نہ ہو - دوسری گورمنٹوں کی کون کہے ہماری اسلامی گورمنٹیں بھی جن کے قرآن میں لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ کا حکم صاف وصریح موجود ہو کبھی کبھی مذہبی معاملات میں جادۂ اعتدال سے منحرف ہوگئی ہیں - لیکن گورنمنٹ کسی طرح کسی مذہب میں دست انداز نہیں مگر وہ جزو مذہب جو تابع حکومت اور لازمۂ حکومت ہو اُس کو کیسے چھوڑ دے سکتی ہو اُس کو چھوڑنا تو حکومت سے دست بردار ہونا ہو الغرض دین اسلام کی حکومت سے معاملات کا جزو اعظم نکل کر اب رہ گیا گئے معتقدات اور عبادات - پس پہلی اصلاح و ترمیم یا تغیر و تبدیل جو مسلمانوں کے تعلیمی کورس میں کرنی ہو اُس کو معتقدات اور عبادات میں محصور کرنا ہو لیکن اصلاح و ترمیم اور تغیر و تبدیل کا نام منہ سے نکالنا آسان ہو کوئی مرد میدان بن کر سامنے آئے اور کچھ دکھائے تو جانیں - اس وقت ندوہ نے ہندوستان کے مسلمانوں کی نظر میں بڑا اعتبار پیدا کر رکھا ہو اور حمایت اسلام اور رعایت اسلام اور وقایت اسلام اور کفایت اسلام اور غایت اسلام کے ناموں سے جابجا بہت سی انجمنیں چل پڑی ہیں جن کو دین کے اعتبار سے ندوے کی ذیلات کہنا چاہیئے اور کیا ندوے اور کیا انجمنیں سبھی تو پکار رہی ہیں کہ مسلمانوں کا تعلیمی کورس دوسرا بننا چاہیئے مگر کسی نے

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۰ - زمین (اس قدر) گنجایش نہیں رکھتی تھی کہ تم اس میں (کسی طرف کو) ہجرت کر کے چلے جاتے یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہو اور وہ (بہت ہی) بری جگہ ہو مگر (ہاں) جو مرد اور عورتیں اور بچے اس قدر بے بس ہیں کہ ان سے کوئی حیلہ کرتے نہیں بن پڑتا اور نہ اُن کو (باہر نکل جانے کا) کوئی رستہ سوجھ پڑتا ہو تو امید ہو کہ اور ایسے لوگوں کو معاف کرے اور اللہ معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہو - ۱۲ لہ دین میں زبردستی (کا کچھ کام) نہیں - ۱۲

بنا کر بھی دکھایا اور چلا کر بھی دکھایا اس کو تو ہم چلنا سمجھتے نہیں کہ انجمن حمایت اسلام نے اُردو فارسی عربی انگریزی کی پہلی دوسری تیسری چوتھی پانچویں خدا جانے کس نمبر تک کی کتابیں بنوائیں اور اُن میں مذہبی باتیں بھر دیں اور ان کو حکماً اپنے مکتبوں میں رواج دے دیا۔ بات یہ ہے کہ مسلمانوں میں ان کے اندرونی مذہبی اختلافات کی وجہ سے اس کی صلاحیت ہی باقی نہیں رہی کہ ان کے لیئے ایسا مذہبی کورس بنایا جائے جس کو سب فرقے تسلیم کریں اور اگر ایسا کورس بننا ممکن ہے تو وہ کورس صرف قرآن ہے کہ اُس میں کسی اسلامی فرقے کو چون وچرا کرنے کی مجال نہیں اور کرے تو وہ اسلام سے خارج ہم کو اس سے بحث نہیں۔ الفاظ اور معانی دونو کے اعتبار سے قرآن ہی میں سے عربی خواں مسلمانوں کے لیئے ایسے کورس بنائے جا سکتے ہیں جو مبتدی سے لے کر منتہی تک کے کام کے ہوں۔ کورس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ آسان سے شروع کر کے محصل کو بتدریج رفتہ رفتہ اشکال کی طرف لاتے جاتے ہیں۔ قرآن بھی ادبی حیثیت سے اس مطلب کو بخوبی پورا کر سکتا ہے اس کی عبارت جہاں اکثر جگہ بہت سلیس بہت سہل ہے کہیں کہیں صرف ونحو اور معانی وبلاغت کے اعتبار سے مشکل اور زیادہ مشکل بھی ہے۔

مذہبی کورس تو کوئی کیا بدلے گا اور کیا بدل سکتا ہے سکولوں میں گلستاں بوستاں سکندر نامے کے انتخاب پڑھائے جاتے ہیں ان کو تو پسند کرتا ہی نہیں۔ میں نے ایک چھوٹا سا رسالہ صرف عربی میں لکھا تھا مَا یَحْتَاجُ اِلَیْہِ فِی الصَّرْفِ میں نے اُس کو گورنمنٹ میں پیش کیا گورنمنٹ نے مولویوں سے جو سررشتہ تعلیم میں ملازم تھے پوچھا سب نے پسند کیا مگر پسند کے ساتھ یہ بھی کہا کہ متقدمین کی کتابوں کو مسلمان بابرکت سمجھتے ہیں اور ان کو چھوڑنا نہیں چاہتے۔

علیٰ ہذا القیاس مختلف عبارات سے آدمیوں کی مختلف حالتیں ہیں مثلاً عمر کے اعتبار سے آدمی ایک وقت بچہ سمجھا جاتا ہے پھر وہ جوان ہوتا پھر بوڑھا۔ اور قرآن میں آدمی کی ہر ایک حالت کے مناسب الگ الگ عبارتیں ہیں۔ پس زیادہ نہیں ہم آدمی کی عمر کے

تین حصے کرلیں۔ طفلی اور جوانی اور پیری اور تین عمروں کے لیئے تین کورس ترتیب دے جائیں قرآن میں جو جو مطلب جس عمر کے مناسب آتا جائے اس کو اُسی کے کورس میں لکھتے جائیں تین کورس بن گئے اور کورس بھی بنے تو لاجواب ع

نہ در حرف او جائے انگشت کس	

میرے نزدیک دنیوی تعلیم کے ساتھ اتنی ہی دینی تعلیم نبھ سکتی ہے اتنی ہی کی ضرورت ہے اور اتنی ہی بس کرتی ہے دنیوی تعلیم کا حال یہ ہے کہ ہنوز وہ ابتدائی حالت میں ہے اس پر بھی روز بروز اس کا پیچ کستا اور کڑا ہوتا چلا جاتا ہے۔ میری طالب علمی کے زمانے میں اور میری ایسی عمر ہی کون سی بہت آگئی ہے بڈھا ہوں فرتوت نہیں شیخ فانی نہیں یونیورسٹی کی ڈگریوں کا کوئی نام بھی نہیں جانتا تھا اور نہ کیا میں ایل ایل ڈی نہ سہی ایم۔ اے بھی نہ ہوتا۔ پھر یہ ڈگریاں نکلیں پھر مڈل کی قید لگی۔ پھر اب سنتے ہیں مڈل موقوف ہو کر کم سے کم انٹرنس پاس پھر چند روز کے بعد سن لینا کہ انٹرنس پاس کی بھی سند نہیں ایف اے۔ پھر کچھ دنوں بعد ایف۔ اے کی بھی سند نہیں بی۔ اے اور اس کو ہوا ہی سمجھو۔ اچھا تو دنیوی تعلیم کی اس ابتدائی حالت میں مسلمانوں کا کیا حال ہے جو بچارے بی۔ اے پاس کرتے ہیں کوئی اس مصیبت کو اُن ہی کے دل سے پوچھے ؎

کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیر نیمکش کو		یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

میں نے کئی بی۔ اے ایسے دیکھے کہ انھوں نے جوں توں کر کے بی۔ اے تو پاس کیا مگر ہر چند ان کی تن درستی کی حفاظت کے لیئے اُن سے ڈنڈے بھی بجوائے اُن کو دوڑایا بھی نچایا بھی کُدایا بھی اور صبح و شام دن میں چار چار گھنٹے دلیل میں رگیدا۔ مگر خدا جانے دماغ پر کس قسم کا فشار پڑا ہے کہ ڈاکٹر کے پاس تن درستی کا سرٹیفکیٹ لینے جاتے ہیں تو صورت دیکھتے ہی اُن کی فیسٹ فار سروس بول اُٹھتا ہے۔ اچھے نماز معاف کرانے گئے تھے روزے گلے پڑے۔ اور پھر یہ اُن لوگوں کا حال ہے جنھوں نے اپنی تمام ہمت صرف دنیوی تعلیم

میں صرف کی وہی مولوی محمد حسین آزاد کا کہنا مصرع

کیڑے کی طرح لگ گیا ظالم کتاب کو

دینی تعلیم کی کون کہے سو کر اُٹھا ہی تو بھول کر کلمہ تک نہیں پڑھا۔ بھلا جس سے دنیوی تعلیم کا ایک گھر اُٹھائے نہ اُٹھے اُس سے دینی اور دنیوی تعلیم کی جوڑی کے ہلانے کی کیا اُمید ہو سکتی ہی۔ پس اس بات کو خوب سمجھے رہو کہ قرآن سے بڑھ کر دینی تعلیم کا دُم چھلا دنیا وی تعلیم کے کنکوے کو ہرگز ہرگز نہیں اُبھرنے دیگا۔ اور تم کو پیچ لڑانے ہیں ان سے جنہوں نے وقت اور محنت اور دولت کی ڈور کے گولے پلا پلا کر اپنے کنکوؤں کو آسمان کا تارا بنا دیا ہی۔ پس ایسا نہ ہو کہ حریف کی پارٹی کی طرف سے وہ کاٹا کا شور بلند ہو اور تم ڈور اور کنکوے اور دم چھلے سب کو کھو بیٹھو اور نقصان پر نقصان کے علاوہ شماتت ہمسایہ سے جھینپنا اور کھسیانا ہونا پڑے۔ میری تو دیانتاً قطعی دو ٹوک رائے ہی کہ مسلمانوں کو دین کے لحاظ سے قرآن صرف قرآن کی تلاوت طوطے کی طرح نہیں بلکہ مطلب سمجھ کر الفاظ قرآنی کے ذریعے سے ہو تو سبحان اللہ نورٌ علیٰ نور ورنہ تراجم کے ذریعے سے بس کرتی ہی۔ میرے نزدیک ہر ایک مسلمان کا مرد ہو یا عورت پڑھنا لکھنا جانتا ہو یا نہ جانتا ہو فرض اسلامی ہی کہ زیادہ نہیں تو دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں سے چوبیس منٹ کہ یہ وقت کا ساٹھواں حصہ ہوا کلام الٰہی کے پڑھنے پڑھانے سننے سنانے کے لیئے التزاماً خاص کر لے اور یاد رہے اتنا بھی نہیں تو اسلام کے لمبے چوڑے دعوے اپنے منہ میاں مٹھو نہیں تو کیا ہی۔ کسی کے دل میں دل نہیں ڈالا جاتا مگر ؎

قرآں ہو جان اپنی اور جان ہو تو سب کچھ | ایمان کی کہیں گے ایمان ہو تو سب کچھ

مسلمان کچھ سمجھ کر قرآن کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیں اور آخرت تو آخرت دنیا ہی میں اس کے نتیجے دیکھ لیں کہ انشاء اللہ وہی امپیریل وکٹوریہ کی بہتر سے بہتر رعایا ہوگے بہتر سے بہتر حاکم۔ بہتر سے بہتر محکوم۔ بہتر سے بہتر افسر۔ بہتر سے بہتر ماتحت۔ بہتر سے بہتر

ہمسائے بہتر سے بہتر زمیندار۔ بہتر سے بہتر کاشتکار۔ بہتر سے بہتر بائع۔ بہتر سے بہتر مشتری بہتر سے بہتر آقا۔ بہتر سے بہتر نوکر۔ بہتر سے بہتر باپ۔ بہتر سے بہتر بیٹے۔ بہتر سے بہتر خانہ دار۔ بہتر سے بہتر رب البیت اور میں نہیں جانتا کہ آدمی دنیا میں اس سے زیادہ اور کس بات کی تمنا کر سکتا ہے کہ وہ جس حالت میں ہو جس درجے کا ہو سوسائٹی کا بہتر سے بہتر ممبر ہو۔ الغرض آدمی کو بہتر سے بہتر آدمی بنانے کے لیے کہ یہی تعلیم کا اصلی اور اعلیٰ مقصد ہے قرآن کی تعلیم کافی اور وافی ہے خدا سب مسلمانوں کو قرآن کی تلاوت اور اس کے سمجھنے اور اس کی ہدایتوں پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین!

جیسی غلطی مسلمانوں سے دینی تعلیم کے بارے میں ہوئی اور ہو رہی ہے ویسی ہی بلکہ اس سے بھی کہ وہ تر غلطی ہم دنیوی تعلیم کے بارے میں کر رہے ہیں جو ہمارے کرنے سے نہیں بلکہ حقیقت میں گورنمنٹ کے کرنے سے دی جا رہی ہے اول تو ہم حق قدر اس کی قدر ہی نہیں کرتے اور پھر گورنمنٹ کیا کیا کرے تعلیم پر اتنا کچھ خرچ کرتی ہے تو یہ بھی اسی کا حوصلہ ہے آخر اس ملک میں ہندو بھی حکمراں رہے ہیں مسلمان بھی حکومت کر گئے ہیں کس کو تعلیم کے بارے میں اس کا عشر عشیر بھی کرنا نصیب ہوا تھا۔ پھر یہ تعلیم ہو بھی کس مصرف کی۔ یہی نہ کہ کچہریوں میں نوکری کے ذریعے سے روٹی کمانے کے قابل ہو گئے۔ مگر ایک کا منہ تو کھانڈے سے بھی بھرا جا سکتا ہے دس بیس کی تو چولھے کی راکھ سے بھی پوری نہیں پڑتی۔ ایک انار و صد بیمار۔ نوکریاں دس بیس پچاس ان کے خواہاں ہزاروں تو ابھی سے لوگ اس غلطی کا خمیازہ بھگتنے لگ گئے ہیں اور رجعت قہقری شروع ہو گئی ہے کہ تعلیم کی طرف سے بے دلی پھیلتی چلی جا رہی ہے پس قومی ترقی کے اعتبار سے تو اگر سچ پوچھو ابھی کچھ بھی نہیں ہوا۔ گورنمنٹ سمجھتی ہے مگر کر نہیں سکتی ہم ابھی کر نہیں سکتے اور جو سمجھتے ہیں ان کی کوئی سنتا نہیں۔ اور گستاخی معاف سمجھنے والوں کو سمجھانے کا سلیقہ بھی نہیں جیسے کوئی انگلی میں لوہو لگا کر شہیدوں میں ملنا چاہے سمجھنے سمجھانے والوں میں ایک میں ہوں وہی ۵

پس از سی سال ایں معنی محقق شد بجا قانی	کہ بورانی ست باد نجان و باد نجاں ست بورانی

مجھ کو بھی اب تین تین چار چار برس سے سوجھی ہے کہ قرآن ہی نے مسلمانوں کو ٹھیک کیا تھا اور اب بھی یہ ٹھیک ہوں گے تو قرآن ہی سے ٹھیک ہوں گے۔ تو بھائیو! ہر کسے مصلحتِ خویش نکوئے داند۔ اپنا نفع و نقصان تم آپ خوب سمجھتے ہو اور اب نہیں سمجھتے تو آگے چل کر سمجھو گے۔ اَللّٰہُ ھُوَ اَحْسَنُ الْمُؤَدِّبِیْنَ زمانہ تم کو سمجھائے گا۔ میرے کہنے سے میری خاطر سے اپنے اوپر رحم اور مجھ پر احسان کر کے ایک تدبیر اشاعت قرآن کی بھی کر کے دیکھو ہزاروں وعظ لاکھوں لکچر ایک طرف اور قرآن کریم ایک طرف۔ اس پر بھی اگر کوئی بھائی وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ میں داخل ہونا چاہیے اور اس کو ہمارے پرانے کورس کے ذریعے سے قرآن کا کمال تحقیق و تدقیق کے ساتھ پڑھنا منظور ہو تو چشم ما روشن دل ما شاد مگر میں اُن بزرگ کی خدمت میں اتنا ضرور عرض کروں گا کہ کورس کے پڑھنے میں جو اُن کا وقت صرف ہو یعنی اپنی عمر بھر کے لیے اپنی معاش کا ایسا بندوبست کر لیجئے گا کہ غریب مسلمانوں پر آپ کا بوجھ نہ پڑے ان مصیبت کے ماروں کو اپنے ہی اہل و عیال کے پیٹ کا پالنا مشکل ہو گیا ہے یہ خدائی لشکر کی رسد کے کسی طرح متحمل نہیں ہو سکتے۔ مسلمانوں کی طرح ہندو بھی دینی و دنیاوی تعلیم کے جمع کرنے کی فکر میں ہیں اور وہ کر گزریں گے مگر ان کے پاس دولت بہت ہے اور دولت کے علاوہ ان کے یہاں مذہبی گروہ کی معاش کا پکا بندوبست ہے ان کے مذہبی پیشواؤں نے اپنی نسلوں کی معاش کا براہ پیش بینی اچھا معقول قابل اطمینان بندوبست کر دیا ہے کہ کوئی ہندو بے اس کے کہ اپنے مذہبی پیشوا برہمن اور پروہت کو آئے دن دیتا رہے۔ زندگی کر نہیں سکتا۔ لیکن اسلام نے کسی پیشوا پروہت کا ایسا استحقاق تسلیم

۵۱ زیادہ سے بہتر اب سکھایا کرتا ہے ۱۲ ۵۲ اور تم میں ایک ایسا گروہ بھی ہونا چاہیے جو لوگوں کو نیک کاموں کی طرف بلائیں اور اچھے کام (کرنے) کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں اور (آخرت میں) ایسے ہی لوگ اپنی مراد کو پہنچیں گے

نہیں کیا۔ جاہل لوگ اپنے طور پر قاضی سے نکاح پڑھوالیا کرتے تھے اب کوئی قاضی کو بھی نہیں پوچھتا تو جب تک پرانے کورس کے پڑھنے والے مولویوں کی گزراوقات کا انتظام نہ ہو پرانے کورس کی طرف عموم دعوت اس قدر دوسرے مسلمانوں کے حق میں مضر نہیں ہوگی جس قدر خود مولویوں کو نقصان پہنچائے گی۔ ابھی تک بھی یہ لوگ در پردہ گداگری کرتے ہیں اور یہی لیل ونہار رہے تو ان کے ہاتھوں میں بھیک کا ٹھیکرا ہوگا اور دوکان دوکان اور گھر گھر مانگتے پھریں گے۔ خدا وہ دن مسلمانوں کو نہ دکھاوے۔

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اُنتالیسواں لکچر

جو

محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے سولھویں سالانہ جلسے بمقام ریاست رام پور دسمبر ۱۹۰۰ء

میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دُعا

الٰہی دے مسلمانوں کو توفیقِ مسلمانی	کہ پھر آجائے کشتِ مردۂ اسلام میں پانی
دلوں میں ان کے اپنی مہر سے ایسا تصرف کر	وہی جیسا کیا تھا وقتِ قرنِ اول وثانی

پارسال ان ہی دنوں کلکتے کی کانفرنس میں بھی میں نے اپنا لکچر نظم سے شروع کیا تھا میں اسی طرح کے مجامع میں پکارے کہہ دیتا ہوں کہ میں شاعر نہیں ہوں۔ یہاں تک کہ میں نے الیٰ[1] سَاعَتِنَا

[1] اس وقت تک۔ ۱۲

ہوں کوئی تخلص بھی اپنے لیئے نامزد نہیں کیا۔ نہ مجکو شعر گوئی کا شوق ہو اور نہ سلیقہ مگر وہ جو کہتے ہیں کہ رانڈ تو بہتیرا بیٹھنا چاہتی ہو مگر رنڈوے نہیں بیٹھنے دیتے۔ جب جب کوئی صاحب مجھے لکچر دینے کے لیئے بلاتے ہیں اور بلانے والے تو بہت ہیں۔ اس لیئے کہ انجمنوں اور سالانہ جلسوں اور لکچروں کا تو ڈبہ کھل پڑا ہو مگر میں اپنے لکچروں کی ہوا نہیں اکھڑنے دیتا کہ گلیوں گلیوں کام ٹربہی کام ٹربہی پکارتا پڑا پھروں۔ گنتی کے چند مقامات ہیں جن میں چار و نا چار شریک ہونا پڑتا ہو۔ اُن میں سب سے زیادہ سخت گیر اور شدید التقاضی یہ کانفرنس ہو ؎

رشتہ در گردنم افگندہ دوست		می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست	

غرض جب جب کوئی صاحب لکچر دینے کے لیئے بلاتے ہیں اُدھیڑ بُن کر نظم کی فرمایش ضرور کرتے ہیں۔ خدا جانے ان کو شاعری کا مُونہ چڑھانے میں کیا مزہ ملتا ہو۔ اگرچہ دوستوں کے جبر سے میں نظم کہہ کر لاتا ہوں لیکن ؎

راست می گویم و یزداں پسند و جز راست		حرفِ ناراست سرودن نہ کشِ اہرمن ست	

میری طبیعت نظم کی طرف سے ہرگز صاف نہیں اور میں اس مشغلے کو صمیم قلب سے ناپسند کرتا ہوں۔ بدو وجہ۔ اوّل تو شاعری کی مذمت قرآن میں پڑھنے سے دل کھٹا ہو گیا ہو[۱] وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَّهِيمُونَ۔ وَاَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ[۲] اِلَّا الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا وَّانْتَصَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا[۳] وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُونَ دوسرے یہی وہ شعر و سخن کا مذاق روی ہو۔

۱؎ (ہم جیسا کہ) جو (شاعروں کو) پیغمبر خیال کرتے ہیں پیغمبر شاعر بھی نہیں کیوں کہ شاعر (خود گمراہ ہوتے ہیں اور گمراہی کی تعلیم کرتے ہیں اور اُن کی پیروی (بھی) گمراہ (ہی) کرتے ہیں۔ (اے مخاطب) کیا تو نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ یہ (شاعر لوگ خیالی باتوں کے) ہر ایک میدان میں سرگرداں پڑے پھرا کرتے ہیں اور ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو خود نہیں کرتے

۲؎ مگر (ہاں) جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل بھی کیئے اور (اپنے اشعار میں) کثرت سے خدا کا ذکر کیا اور (کسی کی ہجو بھی کی تو اپنے خود) اُن پر ظلم ہو لیا ہو اس کے بعد اُنھوں نے (واجبی) بدلہ لیا اور تو ایسی شاعری

جس نے قوم کا ستیاناس کیا ہی۔ لوگ جھوٹ اور مبالغے اور خیالات بے اصل۔ اور گندے مضامین اور لفاظی میں مصروف اور منہمک ہوکر واقعات نفس الامری کی تفتیش و تلاش سے بے فکر ہو بیٹھے۔ وہی جیسا اس عاجز نے سیّد احمد خاں مرحوم کے مرثیے میں لکھا۔ ؎

رہے مصروف ہم تو سب کے سب باتیں بنانے میں	کہ یورپ دیکھ سے آکو دا ہندائی کارخانے میں
یہ ہم سے بھی گئے گزرے ہوئے تھے اک زمانے میں	پراب دنیا کی دولت پھٹ پڑی ان کے خزانے میں

خدا ہی نے کچھ ان کو راز دار اپنا بنایا ہی
کہ ان کی قوم نے نیچر کا رستہ دیکھ پایا ہی

اگرچہ مولوی الطاف حسین حالی کی دیکھا دیکھی ایشیائی شاعری کی شان تہذیب کے ٹھکانے پر آتی جاتی ہی لیکن ہماری عاشق مزاج قوم سے اس ہڑک کا چھوٹنا ہی مشکل اور دیر طلب چوری چوری سے جاتا ہی مگر ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔ تو جس طرح جلاپیں کا خول چڑھا کر کونین کی کڑواہٹ کو دبایا جاتا ہی۔ یا جس طرح یونانی حکیم ہر نسخے کے ساتھ شربت یا خمیرے کا بدرقہ لگا دیا کرتے ہیں۔ اسی طرح میں بھی اپنے زعم میں نصیحت کی کوئی بات نظم کے پیرائے میں کہہ گزرتا ہوں۔ میری شاعری کیا ہی نظم کی ریوڑیوں سے بچوں کا بہلانا ہی۔ غرض پارسال ان ہی دنوں کلکتے کی کانفرنس میں بھی میں نے اپنا لکچر نظم سے شروع کیا تھا اور اس کا آغاز بھی قریب قریب ایسے ہی مطلب سے تھا جو ان دعائیہ دو شعروں کا ہی۔ چنانچہ اس نظم کے شروع کے چند شعر یہ تھے ؎

عزیزو! سمجھتے ہو اسلام کیا ہی؟	وہ شی جس کا اسلام ہی نام کیا ہی؟
جو اس رمز معنے کو سمجھیں وہ کم ہیں	ولیکن بحمد اللہ ایک ان میں ہم ہیں
آؤ! تم کو مسلماں بنائیں	تمہیں دین و مذہب کی غایت بتائیں

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۸۸ - کا مضائقہ نہیں۔ اور جنھوں نے لوگوں پر ظلم کیے ہیں (مثلاً ناحق کسی کی ہجو کی ہی) اُن کو دامن قریب معلوم ہو جائے گا کہ کہیں جگہ اُن کو لوٹ کر جانا ہی۔ ۱۲

یہ غایت ہو پیمان خالی بھرے کی	یہ غایت کسوٹی ہو کھوٹے کھرے کی

بعد کو میں نے سنا کہ مسلمانوں کو خطاب کر کے میرا یہ کہنا کہ اور آؤ تم کو مسلمان بنائیں۔ بعض صاحبوں کو ناگوار گزرا وہ سمجھے کہ لکچرار ہم کو مسلمان نہیں سمجھتا۔ تب ہی تو ہم کو مسلمان بنانے کے لیئے بلاتا ہو۔ بجائے اس کے کہ میں اس اعتراض کو سن کر ناخوش ہوتا جیسا کہ قاعدہ ہو میں نے اس کو بھی اس الزام کے شواہد میں داخل کیا کہ مسلمان قرآن کی ولیسی او۔ وتنی خبر نہیں۔ کہتے جیسی اور جتنی اُن کو رکھنی چاہیئے۔ خبر رکھتے ہوتے تو قرآن کے چھٹے پارے سے نو رابعے سورۂ نساء میں اپنے اعتراض کا شافی جواب پاتے جہاں فرماتے ہیں یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا (مسلمانوں کو حکم دیتا کہ مسلمانو اللہ پر اُس کے رسول (محمدؐ) پر اور اُس کی کتاب (قرآن) پر جو اُس نے اپنے رسول (محمدؐ) پر اُتاری ہو اور اس کتاب پر جو اُس نے (قرآن سے) پہلے اُتاری ایمان لاؤ اور مسلمانوں کو بلاتا کہ آؤ تم کو مسلمان بنائیں میں تو دونوں باتوں میں کچھ بھی فرق نہیں سمجھتا۔ اور یہی سمجھ کر میں نے دعا کا بھی یہ پیرایہ اختیار کیا ہو۔

عرب کے دو قبیلے اوس و خزرج کتنی مدت تک	رہے ایک دوسرے کے تئیں دشمن جانی
پڑھائی جب انھیں سلام نے پٹی اُخوت کی	تمامی رنجشیں بھولیں بنے دیوار نسیانی

یہ مضمون بھی میں نے قرآن سے لیا ہو۔ اوس و خزرج کے نام کی صراحت تو نہیں ہو مگر قرآن میں دو جگہ ان ہی دو قبیلوں کی جنگ و صلح کی طرف اشارہ ہو۔ ایک جگہ چوتھے پارے کی سورۂ آل عمران میں یہ آیت ہو۔

لہ مسلمانو اللہ پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول پر اور اُس کتاب پر جو اُس نے اپنے رسول (محمدؐ) پر اُتاری ہو اور اُن کتابوں پر جو (قرآن سے) پہلے دوسرے پیغمبروں پر اُتاریں اور جو شخص اللہ کا منکر ہو اور اُس کے فرشتوں کا اور اُس کی کتابوں کا اور اُس کے رسولوں کا اور روز آخرت کا تو وہ راہ سے بہت دور بہک گیا۔

۱؎ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ

دوسری جگہ دسویں پارے کی سورۂ انفال میں ہے ۲؎ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۳؎ کسی کو لڑائی کی سیر دیکھنی ہو تو اس کو چاہیئے کہ عرب کی تاریخ پڑھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کو لڑائی کے سوا کوئی مشغلہ ہی نہ تھا عرب جاہلیت کا ایک شاعر کہتا ہے ۵

وَمَنْ تَكُنِ الْحَضْرَآءُ اَعْجَبَتْهٗ	فَاِنِّيْ بِرِجَالٍ بَادِيَةٍ تَرَانَا
وَمَنْ رَبَطَ الْجِحَاشَ فَاِنَّ فِيْنَا	قَنًا سُلْبًا وَاَفْرَاسًا حِسَانَا
وَكُنَّا اِذْ اَغَرْنَ عَلٰى جَنَابٍ	وَاَعْوَزَهُنَّ نَهْبٌ حَيْثُ كَانَا
اَغَرَّانَ مِنَ الضَّبَابِ عَلٰى حُلُوْلٍ	وَضَبَّبَ اِنَّهٗ مَنْ حَانَ حَانَا
وَاَيْبَانًا عَلٰى بَكْرٍ اَحِبُّنَا	اِذَا مَا لَمْ نَجِدْ اِلَّا اَحَانَا

۱؎ مسلمانو اللہ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور اسلام ہی پر مرنا۔ اور سب مل کر مضبوطی سے اللہ (کے دین) کی رسی کو پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہونا اور اللہ کا وہ احسان یاد کرو جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے پھر اللہ نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کی اور تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے (یعنی دوزخ) کے کنارے (آ لگے) تھے۔ پھر اس نے تم کو اس سے بچا لیا اسی طرح اللہ اپنے احکام تم سے کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم راہ راست پر آ جاؤ ۲؎ (اے پیغمبر) وہی (قادر مطلق) ہے جس نے اپنی امداد سے اور مسلمانوں سے تم کو قوت دی اور مسلمانوں کے دلوں میں باہم الفت پیدا کر دی اگر تم روئے زمین کے سارے خزانے بھی خرچ کر ڈالتے تو بھی ان کے دلوں میں الفت نہ پیدا کر سکتے مگر (وہ تو) اللہ (ہی) تھا جس نے ان لوگوں میں الفت پیدا کر دی۔ بے شک وہ زبردست (اور) صاحب تدبیر ہے ۳؎ شاعر شہریوں کے مقابلے میں اپنے دیہاتی ہونے پر فخر کرتا ہے کہ شہری لوگ گدھوں کو پالتے ہیں اور ہم عمدہ گھوڑوں کو علاوہ بریں

اور لڑائیاں بھی اس بلا کی لڑائیاں کہ جب تک دو مخالف فریقوں میں ایک فریق اپنے اعوان و انصار سمیت بالکل ملیامیٹ نہیں ہو لیا لڑائی ختم نہیں ہوئی۔ اس میں چار چار پانچ پانچ پشتیں کھپتی چلی جاتی تھیں۔ اب یہی اُوس و خزرج کی لڑائی ایک سو بیس برس جاری رہی شروع سے آخر تک اس کے تفصیلی حالات کا بیان کرنا بہت وقت چاہتا ہے مگر میں اس کے ضمن میں مسلمانوں کو خاص کر سورۂ آل عمران کی اُس آیت کی طرف جس سے میں نے استشہاد کیا ہے پھر توجہ دلاتا ہوں کہ اُس میں وَلَا تَفَرَّقُوْا کے صاف لفظوں میں پھوٹ کی مناہی ہے۔ بایں ہمہ یہ کیا کم افسوس کی بات ہے کہ جو مذہب اُن کو مجتمع رہنے کی ہدایت کرتا ہے اُسی کو مسلمانوں نے تفرقہ انداز بنا رکھا ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۵

عناصر جو تھے ضدِ یک دگر از ہم جدا ہو کر	بنے قومی جسد کے واسطے اعضائے جسمانی
بظاہر منفرد ہیں دست و پا و چشم و سر لیکن	تمام اعضا میں ہے اک اندرونی ربط پنہانی
اگر اک رونگٹا بھی مبتلائے درد ہوتا ہے	تو ہے ساری بدن کو بے قراری اور پریشانی

یہ وہی شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا مضمون ہے ۵

بنی آدم اعضائے یک دیگر اند	کہ در آفرینش ز یک جوہر اند	
چو عضوے بدرد آورد روزگار	دگر عضوہا را نماند قرار	
تو کز محنتِ دیگراں بے غمی	نشاید کہ نامت نہند آدمی	

شیخ سعدی تمام بنی آدم کو اعضائے یک دیگر قرار دیتے ہیں اور انھوں نے یوں سمجھا ہے کہ جتنے آدمی روئے زمین پر آباد ہیں کسی ملک کسی مذہب کسی قوم کے ہوں سب مل کر ایک جسم ہیں اور زید و عمرو بکر خالد و ولید اُس کے اعضا رہم وردی کے اعتبار سے یہ بھی ایک اعلیٰ

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ۔ ہم فلاں فلاں قبائل کو ہمیشہ لوٹ مار کرتے رہتے ہیں۔ پھر آخر میں کہتا ہے کہ اگر ہم کو دوسرے قبائل لوٹنے کو نہیں ملتے تو ہم بنی بکر اپنے بھائیوں کو بھی نہیں بخشتے ۱۲ ۵ ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور ہم کو جس حال رہنا ہے رہ سکے) اور ہم اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ۱۲۔

درجے کا خیال ہو۔ مگر اس سے بھی اعلیٰ تر اُن لوگوں کا خیال ہو جو ساری دنیا کو ایک وسیع بدن مان کر حیوانات اور نباتات کو بھی جزو بدن سمجھتے ہیں جیسا کہ ہندوؤں کے بعض فرقوں کو دیکھا جاتا ہو کہ جیو کا ستانا اور دُکھی کرنا تو درکنار رہے روکھ کا پتہ تک نہیں توڑتے۔ بعض نے تو ہمدردی کے بیج کو اتنا کسا کہ آپ اپنے تئیں ستانے لگے۔ حالاں کہ اس عام قاعدے کی رو سے جس کو انھوں نے اپنا دستور العمل بنایا تھا ان کو ایسا نہیں کرنا تھا۔ مگر خیر ہم کو اس سے بحث نہیں۔ ہم دردی میں ربر کی طرح تمدد کی خاصیت ہو۔ گھر سے شروع ہو کر پڑوس اور محلہ اور خاندان اور برادری اور شہر اور ملک اور آخر کار مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا تک پھیلتی چلی جاتی ہو۔ ابھی پچھلے برسوں کے قحط میں اہلِ یورپ اور اہلِ امریکا نے باوجود نامجانستی جیسی کچھ امداد و ہمدردی ہندوستان کے ساتھ کی اس کے ہم سب شکر گزار ہیں اور کیا ہو تو مونہ تک بات آئی ہوئی کہنی ہی پڑتی ہو۔ ہم نے بھی ٹرنسوال کے معاملے میں کچھ کمی نہیں کی حالاں کہ ہم خود قحط اور طاعون کے چند در چند مصیبتوں میں مبتلا تھے۔ اعلیٰ اور اعلیٰ سے اعلیٰ درجے تک ہم دردی کی توسیع تو بڑے حوصلے والوں کا کام ہو۔ مگر میں افسوس کے ساتھ دیکھتا ہوں کہ ہم مسلمانوں کے دل کچھ ایسے سُن ہو گئے ہیں کہ یہ گدگدی گھٹتے گھٹتے برائے نام یوں ہی سی باقی رہ گئی ہو۔ ؎

شنیدم کہ مردانِ راہِ خدا	دلِ دشمناں ہم نہ کردند تنگ
ترا کی میسر شود ایں مقام	کہ با دوستانت خلاف ست و جنگ

ولیکن ہم کو ہم قوم و قومیت سے نسبت کیا — مسلماں گو ہیں ہیں اور کتابوں میں مسلمانی

بایں نا اتفاقی جو مسلمانوں میں واقع ہو — انھیں اک قوم کہنا ہو سراسر جہل و نادانی
غرض ہوتی ہو کوئی مشترک تب قوم بنتی ہو — یہاں اغراض اگر ہیں بھی تو ہیں اہوار نفسانی
لغت والوں نے انساں کو لکھا ہو اُنس سے مشتق — محبت ہو تقاضائے سرشتِ طبعِ انسانی
نہیں انسان پر موقوف اُس خلاقِ اکبر نے — اسی منہج پہ رکھی ہو اساسِ عالمِ فانی

تمام اجسام ارضی اور سماوی خلقۃً کیا ہیں؟	بس اک جا مجتمع ہیں چند اجزائے ہیولانی
اسی سے ہی ثباتِ بندشِ شیرازۂ دنیا	یہی ہی زندگانی اور یہی ہی روحِ حیوانی
بدن سے باد و خاک و آب و آتش کا جدا ہونا	اسی کا نام مرنا ہی بہ سختی یا بآسانی

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ۝

عناصرِ قوم کے ماد و شما جب کشمکش میں ہوں	حیاتِ قوم کی کس طرح ممکن ہی نگہبانی
مسلمانوں کی بھی اک قوم تھی سو مٹی کب کی	اب اُس کا ذکر کرنا بھی ہی گویا مرثیہ خوانی
پڑے ہیں بس کہ حالات اُن کے تاریخی کتابوں میں	مگر آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ شکلیں اُن کی نورانی
خدا رحمت کرے انسان کامل کے نمونے تھے	فضائل اُن کے ثابت ہیں بروئے نصِ قرآنی

نصِ قرآنی کا جس شعر میں حوالہ ہی وہ چھبیسویں پارے کی سورۃ الفتح کی اخیر آیت ہی

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۔ اس کے علاوہ قرآن میں اور بھی کئی جگہ اہلِ بیت اور اصحابِ علیہم الرضوان کے

۵۱ (لوگو!) اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور (مرنے کے پیچھے) اسی میں تم کو لوٹا کر لائیں گے اور اسی سے (قیامت کے دن) تم کو دوبارہ نکال کھڑا کریں گے۔ ۵۲ محمد خدا کے بھیجے ہوئے (پیغمبر) ہیں اور جو لوگ اُن کے ساتھ ہیں کافروں کے حق میں (تو اُن کی ایذاؤں سے بچنے کے لیے) بڑے سخت ہیں (مگر) آپس میں رحم دل (اے مخاطب) تو اُن کو دیکھے گا کہ (کبھی) رکوع کر رہے ہیں اور (کبھی) سجدہ کر رہے ہیں اور خدا کے فضل اور خوشنودی کی طلب گاری میں لگے ہیں۔ اُن کی شناخت یہ ہی کہ سجدے کے گھٹے اُن کی پیشانیوں پر ہیں۔ یہی اوصاف اُن کے تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور (یہی) اوصاف اُن کے انجیل میں ہیں (اور وہ روز بروز اس طرح ترقی کرتے جائیں گے) جیسے کھیتی کہ اُس نے (پہلے) زمین سے اپنی سوئی نکالی پھر اُس نے (غذائے نباتی کو چوسا اور مٹی

فضائل ہیں جو بطریق اختصار بھی ایک جلسے میں بیان نہیں ہو سکتے ہیں۔ تمثیلاً صرف دو بزرگوں کا حال بیان کروں گا وہ بھی فقط ایثار کے متعلق ورنہ جتنے تھے اسلام کے لیئے یا یوں کہو کہ قوم کے لیئے کسی کو جان و مال سے دریغ نہ تھا۔ کس کے سیر کو سوا سیر کا کہہ دیجئے۔ جنھوں نے زیادہ خدمتیں کی ہیں وہ زیادہ کر سکتے تھے اور زیادہ کرنے کے قابل تھے ۵

یہی مشتے ضعیفانِ قوی دل متفق ہو کر ۔۔۔ ہوئے تھے چار دانگ سطوتِ اسلام کے بانی
نہیں امکاں کسی سے ہو سکے ایثار اُن کا سا ۔۔۔ کیئے ہیں آپ فاقے بھائیوں کی کر کے مہمانی
جنابِ مرتضیٰ اک بار روزوں کے مہینے میں ۔۔۔ طعامِ شب پہ بیٹھے تھے کہ آیا کوئی زندانی
پکارا یا علی بھوکا ہوں دلواؤ جو حاضر ہو ۔۔۔ کھلا کر اُس کو بھوکے سو رہے باخندہ پیشانی
پھر ایسا ہی ہوا ہی دوسرے اور تیسرے دن بھی ۔۔۔ یتیم آیا ہی یا مسکیں برائے لقمہ نانی
کیئے شیرِ خدا نے تین فاقے متصل پیہم ۔۔۔ اگر خواہی بہ گرد اور سی زنہار نتوانی

انتیسویں پارے کی سورۂ دہر میں ایک آیت ہی وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا مفسرین نے جناب علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے اسی واقعے کو اس آیت کی شانِ نزول میں لکھا ہی میں اس محل پر اس بات کے ظاہر کر دینے کو ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے جو قرآن کا ترجمہ کیا ہی۔ اگرچہ حتی الوسع اس کی کوشش کی گئی ہی کہ ترجمہ معنی عن التفسیر ہو اور اسی غرض سے میں نے جابجا اپنی طرف سے خطوط ہلالی میں محذوفات اور مقدرات کو کھول دیا ہی۔ اور جہاں اتنے سے کام نہیں چلا وہاں فوائد لکھ دیئے ہیں مگر آیاتِ مدح و ذم کی شانِ نزول کو

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۴ سے جذب کر کے اپنی) اس (سوئی) کو قوی کیا چنانچہ وہ (رفتہ رفتہ) موٹی ہوئی (یہاں تک کہ) آخر کار (کھیتی) اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور (اپنی سرسبزی سے) لگی کسانوں کو خوش کرنے (اور خدا نے اُن کو روز افزوں ترقی) اس لیئے (دی ہی) کہ ان (کی ترقی) سے (تر ساتر ساکر) کافروں کو جلائے۔ ان میں جو (سچے دل سے) ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل (بھی) کیئے ان سے خدا نے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہی۔ ۱۲

میں نے قصداً نہیں لکھا الا ماشاء اللہ کہ لوگ زیادہ تر اُن حسنات یا سیئات کی طرف متوجہ ہوں جن کی وجہ سے کسی کی تعریف یا مذمت کی گئی ہے مثلاً اُسی اُنتیسویں پارے کی سورۂ قلم میں یہ آیت واقع ہے وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۔

سارے قرآن میں اس سے بڑھ کر کسی کی مذمت نہیں۔ مذمت نہیں مذمتوں کی پچھے دار بوچھاڑ ہے اور تحقیق معلوم ہے کہ یہ آیت ولید بن مغیرہ منافق کے حق میں نازل ہوئی ہے کہ وہ اسلام کا اور پیغمبر صاحب کا بڑا سخت دشمن تھا اور اس آیت کے آگے جو سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ کا وعید ہے وہ بھی اسی ولید کے حق میں پورا ہوا کہ بدر کی لڑائی میں اُس کی ناک پر زخم لگا۔ قرآن میں تو خرطوم کا لفظ ہے جس کا ترجمہ ہماری بولی میں سونڈ ہے۔ میں نے ناک کا ترجمہ کیا ہے اور میں اس کو محاسن ترجمہ میں سے سمجھتا ہوں الحمد للہ علی ذالک۔ تو میں نے ترک شان نزول میں یہ مصلحت سمجھی کہ ایسا نہ ہو مسلمان ولید کا نام معلوم کر کے اُن سیئات پر نظر نہ کریں جن کی وجہ سے وہ معتوب ہوا۔ اگرچہ مجکو تو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی حکایت میں وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا اتنے ہی ٹکڑے سے مطلب تھا۔ مگر جس رکوع میں یہ آیت ہے سارے کا سارا رکوع ہے۔ اُس میں سے ایک آیت کا جدا کر لینا ایسا ہی ہے جیسے جڑاؤ زیور میں سے ایک

لہ الٰہی پیغمبر کہیں جھٹلانے والوں کے کہے میں نہ آجانا یہ تو ہی چاہتے ہیں کہ تم ملائم پڑو تو یہ بھی ملائم پڑیں اور تم کسی ایسے نابکار کے کہے میں بھی نہ آنا جو بہت قسمیں کھاتا ہے (اور) آبرو باختہ ہے (لوگوں پر) آوازے کسا کرتا ہے (اِدھر کی اُدھر اُدھر کی اِدھر) چغلیاں لگاتا پھرتا ہے اچھے کاموں سے (لوگوں کو) روکتا رہتا ہے حد (بندگی) سے بڑھ گیا ہے۔ بدہے۔ اکھڑ ہے (اور) ان عیبوں کے علاوہ بداصل بھی ہے جب ہماری آیتیں اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اس (برتے) پر کہ مال اور (بہت سے) بیٹے رکھتا ہے بول اُٹھتا ہے کہ یہ اگلے لوگوں کے گڑھے ہوئے قصے ہیں۔ ۱۲

نگ اُکھاڑ لیا جائے۔ پس آڈینس ملول ہی کیوں نہ ہوں میں تو سارا رکوع پڑھ کر رہوں گا بجکہ تجوید جس کو قرأت کہتے ہیں نہیں آتی مگر فہم معنی سے تجوید کی کمی کی تلافی کر لیتا ہوں هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْـًٔا مَّذْكُوْرًا۔ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًا بَصِیْرًا۔ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَا وَاَغْلٰلًا وَّسَعِیْرًا اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا۔ یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا۔ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِیْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا۔ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا۔ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْیَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِیْرًا مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَی الْاَرَآئِكِ لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا۔ وَدَانِیَةً عَلَیْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِیْلًا۔ وَیُطَافُ عَلَیْهِمْ بِاٰنِیَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِیْرَا قَوَارِیْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِیْرًا۔ وَیُسْقَوْنَ فِیْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِیْلًا۔ عَیْنًا فِیْهَا تُسَمّٰی سَلْسَبِیْلًا وَیَطُوْفُ عَلَیْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ اِذَا رَاَیْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا وَاِذَا رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا وَّمُلْكًا كَبِیْرًا عَالِیَهُمْ ثِیَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ وَحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْیُكُمْ مَّشْكُوْرًا۔

لہ ہاں شبہ (نوع) انسان پر (اتنے بڑے وسیع) زمانے سے ایک ایسا وقت (بھی) آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ مذکور نہ تھا ہم نے آدمی کو مرکب نطفے سے پیدا کیا (اور غرض یہ تھی) کہ اس (کی نیکی بدی) کو آزمائیں۔ پھر اسی لیے ہم نے اس کو سنتا دیکھتا مخلوق بنایا (پھر ہم نے) اس کو (دین کا) رستہ (بھی) دکھایا (پھر اب دو قسم کے آدمی ہیں یا تو شکر گزار ہیں (یعنے مسلمان) یا ناشکرے (یعنے کافر) ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور (دوزخ کی) دہکتی ہوئی آگ (یہ چیزیں) تیار کر رکھی ہیں بے شک جو (لوگ) نیکوکار (ہیں آخرت میں ایسی شراب کے) جام پئیں گے

سنی ہے حضرت صدیق اکبر کی یہ کیفیت	بہت خوش حال تھے اور مال کی بھی تھی فراوانی
دلے راہِ خدا میں خرچ کرتے کرتے آخر کو	بجائے تکمہ تھے ملبوس میں خارِ مغیلانی

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۷ - جس میں کافور کے پانی) کی آمیزش ہوگی (اور کافور کے پانی کا ایک) چشمہ (ہوگا) جس کا پانی اللہ کے (خاص) بندے پئیں گے (اور جہاں چاہیں گے) اس (چشمے) کو بہالے جائیں گے یہ (وہ لوگ ہیں جو اپنی) منتیں پوری کرتے ہیں - اور اُس دن سے ڈرتے ہیں جس کی مصیبت (عام سب طرف) پھیلی ہوئی ہوگی - اور خدا کا حب کر کے محتاج اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں (اور ان کو جتا بھی دیتے ہیں کہ) ہم تم کو صرف خدا کا منہ کر کے کھلاتے ہیں - ہم کو تم سے نہ (کچھ) بدلا درکار ہے اور نہ شکر گزاری ہم کو اپنے پروردگار سے اُس دن کا ڈر لگ رہا ہے جب لوگ (مارے رنج کے) منہ بنائے تیوری چڑھائے ہوں گے تو خدا نے (بھی) اُس دن کی مصیبت سے ان کو بچا لیا اور ان کو تازہ روئی اور خوش وقتی سے لا ملایا اور جیسا انھوں نے (دنیا میں) صبر کیا تھا اُس کے بدلے میں (رہنے کو) بہشت اور (پہننے کو) ریشمی پوشاک عنایت کی - بہشت میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے (موسم ایسے معتدل ہوں گے کہ) وہاں ان کو نہ (آفتاب کی) تپش معلوم ہوگی اور نہ (جاڑے کی) ٹھٹھر اور درختوں کے سائے (میں کہ) ان پر جھکے پڑتے ہیں اور پھل (ہیں کہ ہر وقت) ان کے اختیار میں ہیں کہ (جس طرح چاہیں اور جب چاہیں توڑیں اور کھائیں) اور ان پر چاندی کے باسنوں اور آبخوروں کا دور چل رہا ہوگا (اور وہ ایسے شفاف) ہوں گے (جیسے) شیشے (مگر شیشے (بھی کانچ کے نہیں بلکہ) چاندی کے کہ کارکنانِ قضا و قدر نے ان کو ٹھیک (جنیتوں کی ضرورت کے) اندازے کے مطابق بنایا ہے اور (اس کے علاوہ) ان کو (ایسی شراب کے) جام (بھی) پلائے جائیں گے جس میں سونٹھ (کے پانی) کی آمیزش ہوگی (اور) بہشت میں (سونٹھ کے پانی کا ایک) چشمہ ہوگا جس کا نام سلسبیل اور بہشتیوں کے پاس لڑکے (خدمت کے لیے) آتے جاتے ہوں گے کہ وہ ہمیشہ (لڑکے ہی) رہیں گے (اور ایسے خوب صورت ہوں گے کہ اے مخاطب) تو اُن کو (چلتے پھرتے) دیکھے تو (ایسا) خیال کرے (جیسے) موتی بکھرے ہوئے (ہیں) اور بہشت (کی مجموعی حالت) کو دیکھے تو (وہاں) تجھکو (ہر طرح کی) نعمت اور بڑی سلطنت (کا ساز و سامان) دکھائی دے جنیتوں پر کپڑے ہوں گے سبز ریشمی باریک اور دبیز اور اُن کو

غرض رنگیں برنگ صبغۃ اللہ سب کی دردی تھی	عقائد میں ارادوں ہمتوں میں سب کے یکسانی
ہمارے علم میں اُن کی ترقی کا یہی گر تھا	شجاعت اس کو سمجھو یا اسے تائید ربانی
ہر اک فرد بشر ان میں تھا اپنی قوم پر قرباں	سمجھ رکھا تھا حب القوم کو ایک جزو ایمانی

ان بزرگوں کے مبارک ہاتھوں سے سلطنتِ اسلامی کا قایم ہونا ہی ان کے اتحاد و یک دلی کا کافی ثبوت ہے آپس کی عداوت اور پھوٹ ایسی بدبلا ہے ؎

قدم نا مبارک و مسعود	گر بدریا رود بر آرد دود

کہ اس نے جمی جمائی سلطنت کو اُٹھ کر دیا یا اتفاقی کی صورت میں ممکن ہی نہ تھا کہ یہ لوگ نئی سلطنت قائم کر سکتے۔ ان میں اگر اختلاف تھے بھی تو اسی طرح کے تھے جیسے برٹش گورمنٹ کے پولیٹکل گروہوں میں ہیں کہ ایک کی مت دوسرے سے نہیں ملتی مگر باوجود اختلاف اصل مطلب سب کا ایک۔ سلطنت کی توسیع۔ سلطنت کا استحکام۔ سلطنت کا بہتر سے بہتر انتظام۔ مذہبی فرقوں کو ان پولیٹکل فرقوں سے سبق لینا چاہیئے۔ کہ پولیٹکل فرقوں کی طرح منزل مقصود ان کی بھی ایک ہے۔ صرف رستے الگ ہیں۔ کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۵

مگر جب دخل پایا قوم میں نا اتفاقی نے	گئی گزری ہوئی ساری جہانگیری جہانبانی
اب اُن باتوں کو کر کے یاد کیوں آنسو خاطر ہوں	مقدر ہوتے سوتے کس لیے کھینچیں پشیمانی
تسلی کو دلِ غم دیدہ کی یہ نکتہ کیا کم ہے	کہ وہ بھی چھاؤنی برسات کی تھی آنی اور جانی
مبارک ہیں وہ دل تسکین ہوتی ہے جنھیں اس سے	نہ ان کو فرحتِ بہبود ہے نے رنج نقصانی

یہ رضا و تسلیم کا درجہ ہے اور برگزیدگانِ خدا کے لیے خاص ہے جیسا ستائیسویں پارے کی سورۂ حدید میں فرمایا ہے مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۸ - چاندی کے کڑے پہنائے جائیں گے۔ اور اُن کا پروردگار اُن کو پاکیزہ شراب پلوائے گا (جنتیو) یہ ہے تمہارا بدلہ اور تمھاری (دنیاوی) کوشش (آج) مقبول ہوئی۔ ۱۲ ہر گروہ جو (عقیدہ) لیے بیٹھا ہے اُسی میں مگن ہے۔ ۱۲ ۵۲ (لوگو!) جتنی مصیبتیں (روئے) زمین پر نازل ہوتی ہیں اور (جو) خود تم پر نازل ہوتی ہیں (وہ سب)

نَبْرَأَهَا إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ۔ لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَا اٰتَاكُمْ ؕ

مگر ہم کس طرح سمجھائیں اپنے خیر خواہ دل کو
ملی ہے جس کو سیماب وملل کی حق سے نگرانی

پڑا ہو لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى جب سے
نہیں ہوتا ہے بے تدبیر اطمینان روحانی

دیئے ہیں دست و پا کو شش کو اور کسب مشیت کو
نہ بہر آں کہ مقعد بن کے کیجے سجدہ گردانی

جسے ہو تقنطوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ کی
وہ کیوں لائے نگاہوں میں خیال یاس حرمانی

یہ مانا بہ گئے پانی وہ اسلامی سمندر کے
کہ جن کی موج سے رہتی تھی ہر قطرہ میں طغیانی

محال عقل ہے اسلام میں اگلی سی رونق ہو
وہ عظمت پھر نہیں ہوتی وہ شوکت پھر نہیں آنی

مگر کچھ حال دل اب بھی ہو سکتا ہے محنت سے
بلا سے گر مقدر میں نہیں ہے اپنے بریانی

پر اس کے واسطے چندیں شرائط ہیں کہ بے ان کے
توقع کامیابی کی ہے ایک بے صرفہ حیرانی

کرو موقوف دیں کی کشمکش غیروں سے اپنوں سے
کہ بحث مذہبی ہر عہد میں ہے اغوائے شیطانی

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا (پندرھواں پارہ سورہ بنی اسرائیل ع)

کسی کے دین و مذہب سے غرض کیا ہم کو مطلب کیا
یہودی ہو کوئی اپنی طرف سے یا کہ نصرانی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

بقیہ صفحہ ۵۵ سے ان کے پیدا کئے سے پہلے ہم نے کتاب (لوح محفوظ) میں لکھ رکھی ہیں (اور) بے شک یہ اللہ کے نزدیک (ایک) سہل سی بات ہے (اور ہم نے تم کو) اس لیے جتا دیا ہے کہ کوئی چیز تم سے جاتی رہے تو اس کا رنج نہ کرو اور کوئی نعمت خدا تم کو عطا کرے تو اس پر اترا نہ جاؤ اللہ (ہی پیغمبر ہمارے بندوں (یعنی مسلمانوں) کو سمجھا دو کہ (مخالفین سے کوئی بات کہیں بھی تو ایسی کہیں کہ وہ اخلاق کے اعتبار سے) بہتر ہو کیوں کہ شیطان سخت بات کہلوا کر لوگوں میں فساد ڈلوا دیتا ہے (اور) اس میں شک نہیں کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے ۱۲ ع ۱۲ مسلمانو! تم اپنی خبر رکھو جب تم راہ راست پر ہو تو کوئی بھی گمراہ ہوا کرے (اس کا گمراہ ہونا) تم کو کچھ بھی (نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے جب تم اس پاس جاؤ گے) تو جو کچھ (دنیا میں) کرتے رہے ہو اس کا نیک و بد تم کو بتا دے گا ۱۲

تعصب ہو مگر طاعون عالم گیر بے درماں
کہ اس کے پیچھے عقلیں مر رہی ہیں سب کی دیوانی

بہ فکر دیگراں ہیں احتسابِ نفس سے فارغ
کہ گویا ہو چکا جنت کا ٹھیکہ ان کو ارزانی

تعصب کی بدولت ہی ہم اس نوبت کو پہنچے ہیں
تڑپتے تشنہ لب ہیں برکنارِ آبِ حیوانی

بچھے الوانِ نعمت کے ہیں خوان اور عام دعوت ہے
مسلمانوں نے خود اپنے گنوں سے لی مگس رانی

خدا نے جن کو دی ہیں کنجیاں دولت کی عزت کی
انھیں اب تک ہو اُن سے اجنبیت اور گریزانی

ہوا رنگِ تعصب دور جب آئینۂ دل سے
تو پھر شرطِ وجود قوم ہے ترکِ تن آسانی

اگر افراد میں ہو قوم کے یوں یک دلی پیدا
اَنَا السُّلطان پکار اُٹھے فلانی اور بہانی

غرض جس کے لیے قومی جماعت کی ضرورت ہے
ہے ان وقتوں میں تعلیمِ علومِ انگلستانی

نہ سیکھا جس نے ان کو زندگی کا کیا مزہ پایا
نہ جانا جس نے ان کو اُس نے قدرِ علم کیا جانی

کہاں تک روئیے اور کس کے آگے روئیے دکھڑا
کہ فرصت کم اور اپنی داستانِ غم ہے طولانی

سُنیں جتنا سنا کر پوچھیں اصل مطلب کو
طبیعت کیا دکھائے خاک پتھر انی جولانی

فہمِ سخن تا نہ کند مستمع
قوتِ طبع از متکلم مجوے

فسحتِ میدانِ ارادت بیار
تا بزند مرد سخن گوے گوے

تم اپنی نثر لو اور نظم کو چھوڑو نذیر احمد
کہ اس کے واسطے موضوع ہے حالی و نعمانی

عِبَادُ اللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہ میں نے نظم میں آپ کا بہت سا وقت لے لیا ہے کہ آڈیٹس قرآن سے اور دو دو سنڈ ہو گیا ہے یعنی عادت سے زیادہ قرآن سنایا گیا ہے۔ اس لیے کہ مجکو تمام آیتوں کا ترجمہ بھی کرنا پڑا ہے۔ اب اس کی تلافی سوائے اس کے کچھ میرے اختیار میں نہیں کہ نثر میں کمی کروں۔ کہنا تو بہت کچھ ہے مگر میں تعلیم کے متعلق صرف چند باتیں کہہ کر بس کروں گا۔ سب سے پہلے یہ بات دیکھنے کی ہے کہ تعلیم کی غرض و غایت کیا ہے۔ ہر شخص جس کے سر میں عقل ہے بے تامل اس بات کو تسلیم کرے گا کہ آدمی جب عدم سے وجود میں آیا یعنی پیدا ہوا۔

اب اس کو صرف اتنی بات درکار ہے کہ اپنی زندگی آرام و آسائش سے بسر کرکے اپنے اصلی ٹھکانے سے جا لگے۔ اسی کا نام علم اخلاق والوں نے اپنی اصطلاح میں سعادت رکھا ہے۔ اسی پر سے امام غزالی کی کتاب کا نام کیمیائے سعادت رکھا گیا ہے اور یہ لفظ لیا گیا ہے قرآن سے فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ۔

بہرکیف جب انسان پیدا ہوا اب اس کو اتنی بات درکار ہے کہ اپنی زندگی آرام و آسائش کے ساتھ بسر کرکے اپنے اصلی ٹھکانے سے جا لگے۔ مگر وہ آرام و آسائش جو انسان کو زندگی میں درکار ہے اس کے حاصل کرنے کے دو ذریعے ہیں ایک یہ کہ اس کے قوائے عقلی کو تکمیل کے درجے پر لایا جائے تاکہ ہر ایک قوت اس غرض کو جس کے لیئے وہ موضوع ہے بخوبی پورا کر سکے۔ دوسرے انسان ٹھیرا مدنی الطبع کہ وہ سوسائٹی کے بدون زندگی نہیں کر سکتا اس کی تمدنی حالت ایسی ہو کہ وہ کسی کی اور کوئی اس کی عافیت میں خلل نہ ڈال سکے۔ پس تعلیم کے مفید و نامفید ہونے کا معیار ٹھیرا انسان کی آسائش۔ انسان کی عافیت۔ تو تعلیم کی دو شاخیں ہو گئیں۔ جو تعلیم انسان کے قوائے عقلی کو ڈولپ کرے اس کو ہم دنیاوی تعلیم کہیں گے۔ اور جو تعلیم انسان کی تمدنی حالت کی اصلاح کرے اس کو دینی۔ یہ امر واضح ہدایت ہے کہ اہل یورپ کے قوائے عقلی بڑے زوروں پر ہیں۔ اور ریل اور اسٹیمر۔ اور تار برقی۔ اور انواع و اقسام کی مشینیں ان ہی زوروں کے آثار ہیں۔ دو چار سیدھی سادھی کلیں دیکھنے کا اتفاق ہوا خدا علیم ہے کہ ان کا

لہ (دو قسم کے لوگ ہوں گے) بعض (بدبخت اور بعض نیک بخت تو جو بدبخت ہیں وہ دوزخ میں ہوں گے (اور) وہاں ان کو چلانا اور دہاڑنا (رکھا) ہے مگا جب تک آسمان و زمین (قائم) ہیں ہمیشہ (رہیں گے) اسی میں ہیں گے مگر (اپنے) پیغمبر جس کو تمہارا پروردگار (نجات دینا) چاہے۔ بے شک تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے اور جو لوگ نیک بخت ہیں تو (وہ) بہشت میں ہوں گے اور جب تک آسمان و زمین (قائم) ہیں (شروع سے) برابر اسی میں رہیں گے مگر جس کو خدا چاہے (سزا دے کر) بہشت میں داخل کرے۔ یہ بخشش خدا کی (دین) ہے جس کا کبھی خاتمہ نہیں۔ ۱۲

کانسٹرکشن (ساخت) سمجھ میں نہیں آتا۔ کیسے ذہن ہوں گے جنھوں نے ان کو ایجاد کیا ہوگا۔ اچھا تو یہ زور اُن کے قوائے عقلی میں یہ انتقال اُن کے ذہنوں میں کہاں سے آیا۔ آب و ہوا کا خواص تو کہہ نہیں سکتے۔ کیوں کہ جب سے زمین و آسمان پیدا ہوئے ہیں آب و ہوا تو وہی ہے جو پہلے تھی۔ لیکن تاریخ بتا رہی ہے کہ اب سے زیادہ نہیں چار ساڑھے چار سو برس پہلے ہمارے ملک کے گونڈوں اور بھیلوں کی طرح اہلِ یورپ بھی وحشیانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ یا اور بہت سے ملک ہیں جن کی آب و ہوا یورپ کی آب و ہوا سے ملتی جلتی ہے اور وہاں کے باشندے کندۂ ناتراش ہیں۔ ہو نہ ہو یہ ترقی یہ عروج جو اہلِ یورپ کو ہے سائنس کی تعلیم کا نتیجہ ہے جو یورپ میں تکمیل کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ اور گورنمنٹ نے کمالِ فیاضی سے اُس کی ایجوکیشن کو پڑھانی شروع کی ہے فَمِنْهُمْ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَنْ صَدَّ عَنْهُ وَصَدَّ عَنْهُ میں کم نصیب بدقسمت بدبخت مسلمان ہیں جو اب تک اس جدید تعلیم کی طرف سے پس و پیش میں پڑے ہیں۔ پس اس کو تو خدا کی طرف سے فیصل شدہ سمجھو کہ دنیا کی بہبود و فلاح تو بدون سائنس کی تعلیم کے ہو نہیں سکتی اِنْ شَخْصِيًّا فَشَخْصِيٌّ وَاِنْ قَوْمِيًّا فَقَوْمِيٌّ مگر سائنس کے خزانے انگریزی کے صندوقوں میں بند ہیں پہلے ان صندوقوں کا کھولنا سیکھو تب خزانے کو ہاتھ لگاؤ۔ اور نہیں سیکھتے تو سلطنتیں کھو کر رعیت بنے ہو آگے اپنے ابنائے جنس کی غلامی کرو۔ جھڑکیاں سنو جوتیاں کھاؤ۔ اگلوں کا ڈھکا سینتا ہو چکے تو بھیک مانگو مگر میری صلاح مانو تو سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے کر ڈوب مرو ؎

قسمت میں قوم کے ہے لکھی صبح و شام موت	بے حرمتی کے جینے سے بہتر حرام موت

لیکن اگر خدا مسلمانوں کے دن پھیرے اور اُن کی عقل گدی میں سے سرک کر ماتھے میں آجائے اور اُن کو تعلیمِ مفید کی چاٹ لگے۔ تو ابتدا سے اُن کو یہ بھی سمجھ لینا چاہیئے کہ سائنس کا

۵۱ لوگوں میں سے کوئی تو اس (کتاب) پر ایمان لایا اور کوئی اس سے کھٹک رہا۔ ۱۲ ۵۲ خواہ وہ شخصی ہو تو شخصی سہی اور قومی ہو تو قومی۔ ۱۲

سیکھنا جوئے شیر کا لانا ہے۔ یہ ایسا بحر ناپیدا کنار ہے کہ ساری عمر اس میں پڑے غوطے کھایا کرو اور تھاہ نہ پاؤ۔ سر آئزک نیوٹن جیسا حکیم جس نے تمام اجسام میں کشش کی خاصیت دریافت کر کے سائنس کی کایا پلٹ دی کہا کرتا تھا کہ میں تو ابھی تک نیچر کے سمندر کے کنارے بیٹھا ہوا بچوں کی طرح سیپیاں سمیٹ رہا ہوں اور خدا کی قدرت کے موتیوں کے ڈھیر کے ڈھیر تہ میں دبے پڑے ہیں جن کو پاتے ہیں وہ جو اُن کے لیے غوطے لگاتے ہیں۔ اگرچہ سائنس کی لائن میں جو کچھ اس وقت تک ہو چکا ہے وہ اس کے مقابلے میں جو آیندہ ہونے والا ہے کچھ نہیں۔ مگر اسی کچھ نہیں نے دنیا میں نئی روح پھونک دی ہے۔ دیکھئے جو آیندہ ہونے والا ہے کیا رنگ لاتا ہے۔ رنگ کیا لائے گا ہم کو تو ذہنی خیالات کی رو سے ایسا دکھائی دیتا ہے کہ اس چوہے کی طرح جو ہلدی کی ایک گرہ پا جانے سے اپنے تئیں پنساری سمجھنے لگا تھا اتنی ہی سی معلومات کے برتے پر یورپ میں کفر والحاد بڑھتا جاتا ہے اور ہزار ہا بندگان خدا مذہب کو احمقانہ خیال سمجھتے ہیں۔ آیندہ کو سائنس کی ترقی کے ساتھ انسان کی معلومات بڑھتی جائیں گی وہ کارخانۂ دنیا میں بڑے بڑے تصرفات کرنے لگے گا۔ اُس کے اختیارات وسیع ہوتے جائیں گے عجب نہیں۔ شدہ شدہ یہ خناس بھی اُس کے ذہن میں سمائے کہ جو کچھ ہوں میں ہی ہوں۔ آخر فرعون جس کو اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کا دعویٰ تھا وہ بھی تو آدمی ہی تھا۔ اور آخر کافر اور ملحد اور دہریے بھی تو آدمی ہی ہوئے ہیں اور جو ہیں تو وہ بھی آدمی ہیں۔ تو جب انسان شیطنت پر آمادہ ہو گا جس طرح شیطان کو جنت سے نکالا ملا تھا نوع انسان کو روئے زمین پر سے معدوم کر دیا جائے گا۔ یعنی قیامت آجائے گی۔ یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ وَتَرَی الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ سَرَابِیْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰی وُجُوْهَهُمُ النَّارُ لِیَجْزِیَ اللّٰهُ کُلَّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ لیکن یہ میرا خیال ہے۔ ممکن ہے کہ سائنس کی ترقی

لہ جب (یہ) زمین بدل کر دوسری طرح کی زمین کر دی جائے گی اور (علی ہذا القیاس) آسمان اور (سب) لوگ خدائے واحد (اور) زبردست کے سامنے (جواب دہی کے لیے اپنی اپنی جگہ سے) نکل کھڑے ہوں گے اور اے پیغمبر تم اُس دن گنہگاروں کو دیکھو گے کہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں گے تارکول سے اُن کے کرتے ہوں گے اور اُن کے مونہوں کو آگ لگی ہو گی (اور یہ تمام سختیاں

کے ساتھ انسان کو اپنی عقل کی نارسائی اور خدا کی بے انتہا وسعت اور نامحدود قدرت کا یقین زیادہ ہوتا جائے خفا سے کبھی تحمہ بھی ہوتا ہے بایں ہمہ وہ ممد حیات بھی ہے۔ اسی طرح سائنس کے جاننے سے بعض دہریے بھی ہو گئے ہیں مگر وہ خدا شناسی کا بڑا ذریعہ بھی ہے اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَکُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ شَیْءٍ وَّاَنْ یَّکُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ بہرکیف بدون سائنس کے بھی نہیں گزرتی اور وہ بجائے خود دریائے ناپیدا کنار ہے۔ تو جو کوئی اس میں گھسنے کا نام لے اتنا سمجھ لے کہ ساری عمر دریا ہی میں رہنا ہوگا۔ جتنا کچھ سائنس میں اس وقت تک جمع ہو چکا ہے وہ بھی لوگوں کی سینکڑوں برس کی محنتوں کا ذخیرہ ہے اس کی دیکھ بھال کے لیے بھی عمر طبیعی نہیں تو عمر تحصیل بمشکل وفا کر سکتی ہے۔ خداوند تعالیٰ شانہ نے بالکل ٹھیک فرمایا ہے۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ سائنس کے پیچھے اتنی جان مار و تب کہیں جا کر روٹیاں سیدھی ہوں۔ پھر اس پر مذہب کی ایک شرط ضروری اور ہے کہ وہ اپنے حکم کے خلاف نہ کمانے دے اور نہ کھانے دے۔ ۵

بے حکم شرع آب خوردن خطاست	گر خوں بقوتی بریزی رواست

یعنی انسان کی زندگی کیا ہے ایک چکر ہے کہ مذہب کے لحاظ سے بیل تو نہیں کہا جا سکتا مگر ہاں دینی اور دنیاوی تعلیم کے دو گھوڑوں کے بدون جگہ سے سرک نہیں سکتا۔ دینی یا مذہبی تعلیم اپنی ذات سے تو دنیاوی تعلیم کی طرح کچھ ایسی دشوار تھی نہیں ھُوَ اجْتَبٰکُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ۔ مِلَّةَ اَبِیْکُمْ اِبْرٰهِیْمَ هُوَ سَمّٰىکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِیْ هٰذَا لِیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِیْدًا

اس غرض سے (کی جائیں گی) کہ خدا ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دے بیشک اللہ کو حساب لیتے کچھ بھی دیر نہیں لگتی۔

۵ کیا ان لوگوں نے آسمان و زمین کے انتظام اور خدا کی پیدا کی ہوئی کسی چیز پر بھی نظر نہیں کی اور اس بات پر کہ عجب نہیں ان کو موت قریب آ لگی ہو تو اب اتنا سمجھائے پیچھے اور کونسی بات ہے جس کو سن کر ایمان لے آئیں گے۔ ۱۲

۵ ہم نے آدمی کو (ایسا مخلوق) بنایا ہے کہ ساری عمر مصیبت میں (رہتا ہے تو اس کو غرور کرنا چاہیئے؟)

۵ اللہ نے تم کو (دنیا کے لوگوں میں سے) انتخاب فرمایا اور دین (کے بارے) میں تم پر کسی طرح کی سختی نہیں کی

عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ غرض دینی یا مذہبی تعلیم اپنی ذات سے تو دنیاوی تعلیم کی طرح کچھ ایسی دشوار تھی نہیں۔ مگر پیشوایانِ مذہب کے چابک سواروں کی بے تدبیریوں سے یہ گھوڑا ایسا اڑیل ہوگیا ہے کہ نہ آپ چلے اور نہ اپنی جوڑی کو چلنے دے ایک وقت تھا کہ اسلامی دنیا کے سارے کام سارے انتظام شریعت کے مطابق انجام پاتے تھے تو اُن دنوں علم دین کا دائرہ بھی بڑا وسیع تھا۔ اُن وقتوں کی اسلامی سلطنت کے مقابلے میں ہندوستان کی کیا حقیقت ہے اس پر بھی قوانین کا ایک انبار ہے اور واضعانِ قوانین ریشم کے کیڑوں کی طرح اُگل اُگل کر اُس انبار کو بڑھاتے ہی رہتے ہیں۔ لیکن مسلمانوں نے مِنْ عَنْدِ اَنْفُسِهِمْ دین و دنیا میں سو کوسوں کی سی رقابت پیدا کی۔ اور اُن میں اعتدال قایم نہ رکھ سکے۔ دنیا سے کی بے اعتنائی اس پر بھی دنیا بے حیائی سے مسلمانوں کے ساتھ رفاقت کیے چلی گئی مگر مصرعہ۔

ہر ایک امر کی آخر کچھ انتہا بھی ہے

اِدھر دنیا کے ساتھ کج ادائی اُدھر دین کی لگائی بجھائی مجبور ہو کر دنیا مسلمانوں کا ساتھ چھوڑ اُن میں جامی جو اُس کے لینے کے لیے ہاتھ پسارے بیٹھے تھے۔ اب دین میں رہ کیا گیا نماز روزہ الحمد للہ خیر صلاح زکوٰۃ کا مقدور نہیں حج کی استطاعت نہیں۔ نماز روزے کو جتنا چاہو پھیلاؤ اور جتنے دن چاہو پڑھو پڑھاؤ جیستاں نہیں۔ مماتاں نہیں۔ پہیلی نہیں۔ گورکھ دھندا نہیں۔ مولویوں کے مختلف فیہ مسائل نہیں۔ سیدھی سی بات ہے۔ دنیا تم کو درکار ہے یا نہیں۔ جس کو دنیا درکار نہیں۔ اُس سے بحث نہیں معارضہ نہیں روئے سخن نہیں۔ وہ کار ہے۔ تو اُس کے عزت و آبرو کے ساتھ حاصل کرنے کا متعین ذریعہ ہے

(تمہارے پہلے وہی) دین (تجویز کیا جو) تمہارے باپ ابراہیم کا تھا (اسی (خدا) نے (اگلی کتابوں میں) پہلے سے تمہارا نام مسلمان رکھا (یعنی فرماں بردار بندے) اور اس (قرآن) میں (بھی) تاکہ رسول تمہارے مقابلے میں گواہ ہوں اور تم (دوسرے) لوگوں کے مقابلے میں گواہ ہو تو نماز میں پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ ہی کا سہارا پکڑو وہی تمہارا کارساز ہے تو (کیا ہی) اچھا کارساز ہے اور (کیا ہی) اچھا مددگار ۱۲

انگریزی تعلیم۔ زبان کی الگ۔ سائنس کی الگ۔ جو شخص اس رائے کو تسلیم کرے انگریزی شروع کر دیجئے پھر وہ آپ ہی فیصلہ کر سکے گا کہ وہ کتنا وقت مروجہ مذہبی تعلیم کے لیئے دے سکتا ہو۔ دینوی تعلیم کے کورس کا گھٹانا تو اس کمپٹیشن کے زمانے میں اختیار سے خارج ہو۔ ہاں دینی کورس میرے نزدیک قرآن بس کرتا ہو بشرطیکہ سمجھ کر پڑھا پڑھایا جائے۔ معاش کی طرف سے لوگوں پر اس قدر سختی ہوتی چلی جاتی ہو کہ اگر مسلمان صرف قرآن ہی کو ضبط کیئے رہیں تو باوں تر لہ پاؤ رتی کے کھرے ٹکسالی مسلمان ہوں۔ دین و دنیا دونوں میں سرخ رو۔ یہ ہو میری بے غرضانہ اصلاح۔ وَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ۔

چالیسواں لکچر الموسوم بہ درباری لکچر

جو

سنہ ۱۹۰۳ء میں بمقام دہلی دیا گیا

جس میں لکچرار نے اپنی علمی لیاقت کے علاوہ اسلامی مذہبی تعلیم پر اپنی رائے ظاہر کی ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آتے دکھائی دیتے اپنے بھی دن بھلے ہیں	یعنی کہ اب مسلماں کچھ کچھ سمجھ چلے ہیں
کچھ کچھ سے لیکن اُن کو ٹھنڈک پڑے گی کیوں کر	جو دل کہ مدتوں تک ان کے لیئے جلے ہیں
گر علم کی طلب ہو صادق انھیں تو جانیں	ورنہ نمائشی یہ سب جوش و ولولے ہیں
روباہِ ناتواں ہیں پس خوردہ خوار۔ اور اس پر	شیروں کے ساتھ آکر ٹھہرے مقابلے ہیں
یورپ نے خشک و تر کو دنیا کے کھوند مارا	ان کی ہی ہمتیں ہیں۔ ان کے ہی حوصلے ہیں

لہ آگے چل کر تم میری بات کو جو میں تم سے کہتا ہوں یاد کرو گے اور میں تو اپنا معاملہ خدا ہی کو سپرد کرتا ہوں بیشک اللہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے

اک باغ ہے یہ کالج اور نونہال۔ بچے
دیکھو تو کیسے پھولے اور کس قدر پھلے ہیں

اب وقت وہ نہیں ہیں جو ہو چکے ہیں پہلے
بدلے ہوئے جہاں میں سارے معاملے ہیں

حقا کہ دردِ سر ہے دنیا میں ملک داری
کیا سلطنت کریں گے بھوزوں میں جو پلے ہیں

کیا پیش لائے دیکھیں تقلید وضعِ یورپ
کوّے ہیں چال ساری ہم ہنس کی چلے ہیں

منزل پر آن پونہچے جو چل پڑے سویرے
ہم رہ گئے پچھڑ کی جو دن ڈھلے چلے ہیں

گھر بار سب لٹا دیں تن پروری کے پیچے
دینے کے نام خالی آرے ہیں اور ریلے ہیں

ہے اختلافِ مذہب اک سبز کا سا کانٹا
اوّل مٹا خرے ہیں آخر مجا دلے ہیں

عزت کے ساتھ دنیا میں اب ہو چکی بسر تم
گو ایسی نعمتیں ہیں اور یہ مسالے ہیں

اعمالِ زشت اپنے آخر یہ رنگ لائے
بگڑے ہوئے سے ہیں۔ طاعون زلزلے ہیں

دے دو خوشی سے ورنہ ہم لیں گے دے کے دم بھر
تم پوچھو کو کہیں سے ہم بے لیے ٹلے ہیں

کل آدمی ہیں کندن گر علم و معرفت ہے
اور یہ نہیں تو یارو مٹی کے سب ڈلے ہیں

دنیا سے زہد و نفرت اک شانِ خود کشی ہے
یہ منع وہ عبادت۔ کیا خوب مسئلے ہیں

بی اے کے امتحاں کو اک پانی آب سمجھو
پھر اس کے بعد کتنے دشوار مرحلے ہیں

پڑھنے کی کس کو فرصت مفلس کو فکر ناں ہے
اور جو غنی ہیں اُن کو کچھ اور مشغلے ہیں

غفلت ہے اور مسلماں جس حال میں جہاں ہیں
گویا کہ ایک سانچے میں سب کے سب ڈھلے ہیں

صوفی و شیخ و زاہد عالم و واعظ ناصح
اپنی جگہ بڑے ہیں پر تل میں تلے ہیں

گاتے تھے چند لڑکے نظمِ نذیر احمد
ان پاس یا الٰہی ارگن ہیں یا گلے ہیں

رگڑے سے آسماں کے ثابت بچا نہ کوئی
تیری ہی طرح کے دانے اس نے بہت دلے ہیں

یہ اجتماعِ مردم بس داد آخری ہے
موقوف جس پہ قومی قسمت کے فیصلے ہیں

مخمس مولوی سید عبد الغفور شہباز پروفیسر اورنگ آباد کالج

ہی جائے شکر ہم میں نازوں کے جو پلے ہیں
اُن کے دلوں میں بھی اب معقول ولولے ہیں
عقلوں پہ چل رہے اب علموں کے مصقلے ہیں
آتے دکھائی دیتے اپنے بھی دن بھلے ہیں
یعنی کہ اب مسلماں کچھ کچھ سمجھ چلے ہیں

روشن جو ہیں دلوں میں شمعیں سمجھ کی گھر گھر
خوش قسمتی سے اپنی خوش طالعی کے اختر
جلوے دکھا رہے ہیں کچھ کچھ چمک دمک کر
کچھ کچھ سے لیکن اُن کو ٹھنڈک پڑے تو کیوں کر
جو دل کہ مدتوں تک ان کے لیے جلے ہیں

دیکھیں کسی ہنر میں حاذق انھیں تو جانیں
سمجھیں علوم کا گر عاشق انھیں تو جانیں
جانیں فنون کو عذرا واسق انھیں تو جانیں
گر علم کی طلب ہو صادق انھیں تو جانیں
ورنہ نمائشی یہ سب جوش ودلولے ہیں

پگڑا نہ جائے ہم سے ہو گرچہ صید لاغر
کھنچشک کس طرح ہو شہباز کے برابر
علمی شکار گہ میں ہم منہ دکھائیں کیوں کر
روباہِ ناتواں ہیں پس خوردہ خوار اور اس پر
شیروں کے ساتھ آکر ٹھہرے مقابلے ہیں

اسٹیمروں سے ان کا ہے بحر پر اجارا
ریلوں سے ہے اُنھی کے قبضے میں بر بھی سارا
رازِ نہانِ نیچر ہے ان پہ آشکارا
یورپ نے خشک و تر کو دنیا کے کھوند مارا
ان کی ہی ہمتیں ہیں اُن کے ہی حوصلے ہیں

کالج میں پڑھ رہے ہیں کچھ خرد سال بچے
کچھ خوش جمال بچے کچھ خوش خصال بچے
شائستہ و مہذب روشن خیال بچے
اک باغ ہے یہ کالج اور نونہال بچے
دیکھو تو کیسے پھولے اور کس قدر پھلے ہیں

ہو چاہے لاابالی پر مست بن کے رہ لے
ہم جیسے ناصحوں کو جو جی میں آئے کہہ لے

ہم گالیاں سہیں گے وہ اتنی بات سن لے
اب وقت وہ نہیں ہیں جو ہو چکے ہیں پہلے
بدلے ہوئے جہاں میں سارے معاملے ہیں

آساں نہیں ہے یارو عالم کی غم گساری
لازم ہے خلق اس کو اور عقل و ہوشیاری
ٹکے سے تاج کا بھی ہے بوجھ سر کو بھاری
حقا کہ دردِ سر ہے دنیا میں ملک داری
کیا سلطنت کریں گے بھوزوں میں جو پلے ہیں

پھولے نہیں سماتے بوٹوں کی سن کے رپ رپ
کرتے ہیں دل کے گرٹ پٹ یا جھوٹی مسکی گپ شپ
رفع خمارِ پگ[1] کو آتے ہیں چائے کے کپ
کیا پیش لائے دیکھیں تقلیدِ وضعِ یورپ
کوّے ہیں چال ساری ہم ہنس کی چلے ہیں

کالی گھٹا کی صورت شامت تھی گرچہ گھیرے
اقبال مدتوں سے گو منہ تھا اُن سے پھیرے
عزت کے لد گئے تھے ہر چند خیمے ڈیرے
منزل پر آن پہنچے جو چل پڑے سویرے
ہم رہ گئے پھسڈی جو دن ڈھلے چلے ہیں

یاں آفتیں ہیں چمٹی ہر اک غنی کے پیچھے
کچھ ہوش کھو رہے ہیں دل کی خوشی کے پیچھے
دیوانہ ہو رہا ہے کوئی پری کے پیچھے
گھر بار سب لٹا دیں تن پروری کے پیچھے
دینے کے نام خالی آرے ہیں اور بلے ہیں

مذہب نے جب تخالف کا کوٹ بر میں ڈالا
پھر صلح کل کہاں تھی آئی کہ اس کو ڈالا
دینی کتب کے اسما کنٹاب۔ ڈنڈھ۔ چانٹا
ہے اختلاف مذہب اک سیم کا سا کانٹا
اول مناظرے ہیں۔ آخر مجادلے ہیں

روزی کے محکمے میں قانون ہے یہ مقرر
ہوتے ہی بند اک در کھل جاتے ہیں کئی در
ہم غافلوں کے لیکن ایسے کہاں مقدر
عزت کے ساتھ روزی بس ہو چکی میسّر
گر ایسی غفلتیں ہیں اور یہ مساہلے ہیں

[1] جرعۂ شراب ۱۲

شمشیرِ آہن بدکب تک نہ زنگ لائے
لائے۔ بدیر لائے یا بے درنگ لائے
کیا چھوٹ پائے مجرم گو عذر لنگ لائے
اعمالِ زشت اپنے آخر یہ رنگ لائے

بگڑے ہوئے سمے ہیں۔ طاعون وزلزلے ہیں

ہم کو تمھاری خاطر ہے ایک کام کرنا
بے زر نہیں ہے ممکن اس کام کا سنورنا
آساں نہیں ہے قومی جیبِ طلب کا بھرنا
دے دو خوشی سے ورنہ ہم لیں گے دے کے دھرنا

تم پوچھ لو کہیں سے ہم بے لیے ٹلے ہیں

دل ہے خوشی کا معدن گر علم و معرفت ہے
سر ہے خرد کا مخزن گر علم و معرفت ہے
ہے شمعِ عقل روشن گر علم و معرفت ہے
کُل آدمی ہیں کندن گر علم معرفت ہے

اور یہ نہیں تو یارو مٹی کے سب ڈلے ہیں

ہے یاس خوشی کی جا غم۔ غم کی جگہ خوشی ہے
بیہوشی ہوشیاری یہ ہشیاری بیخودی ہے
کیا کیجیے۔ کس سے کیجیے۔ بس جائے خامشی ہے
دنیا سے زہد و نفرت اک شانِ خودکشی ہے

یہ منع وہ عبادت۔ کیا خوب مسئلے ہیں

دریائے علم سے تم یک قطرہ آب سمجھو
پانی سمجھ رہے ہو جس کو سراب سمجھو
دلبر کا روے نیکو زیرِ نقاب سمجھو
بی۔ اے۔ کے امتحاں کو اک پاتراب سمجھو

پھر اس کے بعد کتنے دشوار مرحلے ہیں

بے مقدرت ہے باوا بے قوت گھر میں ماں ہے
بھائی سسک رہا ہے۔ فاقہ بہن کے ہاں ہے
بہنوئی ہے تو انگریز سو مطلق العناں ہے
پڑھنے کی کس کو فرصت مفلس کو فکر ناں ہے

اور جو غنی ہیں ان کو کچھ اور مشغلے ہیں

بیدار مغربیوں کے پیدا کہاں نشاں ہیں
آثار خواب کے سے کچھ ہر طرف عیاں ہیں
انگڑائیاں ہیں پہروں گھنٹوں جمائیاں ہیں
غفلت ہے اور مسلماں جس حال میں جہاں ہیں

گویا کہ ایک سانچے میں سب کے سب ڈلے ہیں

اصلاح کے منافع افساد کے قبائح	اقوام کے وقائع اشخاص کے سوانح
تقریر گرم میں ہیں کیا کیا بھرے مصالح	صوفی و شیخ و زاہد عالم ادیب ناصح
اپنی جگہ بڑے ہیں پر تیل میں تلے ہیں	
ہو یہ قبول خاطر۔ سمجھو نہ تم خوش آمد	اک باغ میں کہ جس کے تختے تھے گل زبرجد
شاید سمجھ کے بچا۔ ٹھمری۔ ترانہ۔ دھرپد	گاتے تھے چند لڑکے نظم نذیر احمد
ان پاس یا الٰہی ارگن ہیں یا گلے ہیں	
رکھتا تھا اس جہاں میں شان شہانہ کوئی	تھا علم اور فن میں اپنے یگانہ کوئی
کرتا تھا زندگانی یاں عالیشانہ کوئی	رگڑے سے آسماں کے ثابت بچا نہ کوئی
تیری طرح کے والے اس نے بہت دلے ہیں	
تدبیر کی یہ چوسر ہمت سے ہو رہی ہو	پٹتی رہی ہیں گوٹیں۔ بازی تو جا چکی ہو
ہمت مگر نہ ہارو۔ پاسوں پہ آ اڑی ہو	یہ اجتماع مردم بس داد آخری ہو
موقوف جس پہ قومی قسمت کے فیصلے ہیں	

میں تو تعلیم کا اتنا ہی گنہ گار ہوں کہ انگریزی انیسویں صدی کے وسط میں یعنی اب سے آدھی صدی پہلے گھر میں باپ سے پرانے قاعدے پر پڑھنا شروع کیا۔ سب سے پہلے قرآن پڑھا مگر وہی طوطے کی طرح۔ میں نے جو قرآن کے اس پڑھنے کو طوطے کی طرح کا پڑھنا کہا تو اس سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھیں کہ میں اس طرح کے پڑھنے کو تضیع وقت سمجھتا ہوں۔ حاشا و کلا۔ میں نے اپنی ساری عمر میں کبھی ایک لمحے کے لیے بھی ایسا خیال نہیں کیا۔ ایک کم سن بچہ جس نے تحصیل علم کے میدان میں پہلا قدم رکھا ہو اس سے زیادہ اور کر بھی کیا سکتا ہے۔ قرآن کی زبان عربی ہے جو اس کی مادری زبان نہیں اور عربی خود ایسی مشکل زبان ہے کہ صرف و نحو اور لغت کی مدد سے بھی کہیں مدتوں میں جا کر اس کے ساتھ ایک طرح کی مناسبت پیدا ہوتی ہے۔ پس سمجھ کر قرآن کا پڑھنا تو چھوٹے بچوں کے امکان سے باہر ہے۔ تاہم طوطے کی

طرح کا پڑھنا بھی خاص کر مسلمانوں کے بچوں کے لیے ضرور مفید ہے۔ قرآن کے پڑھنے سے حروف عربی کے مخارج پر ان کی زبان لوٹتی ہے جو اردو کی تکمیل کے لیے ضرور ہے کیوں کہ اردو میں عربی کے الفاظ اس کثرت سے رواج پا گئے ہیں کہ جس کو عربی نہیں آتی وہ درستی کے ساتھ الفاظ عربی کو ادا نہیں کر سکتا۔ بڑے ہو کر خدا جانے اعصاب[1] دہن میں کچھ اس طرح کی خشونت آجاتی ہے کہ زبان جن حروف کے ادا کرنے کی ابتدا سے خوگر نہیں ہوئی پھر وہ اس سے بڑی عمر میں ادا نہیں ہوتے خ اور ق وغیرہ کتنے حرف ہیں جن کو انگریز نہیں بول سکتے الا بتکلف سچ ڈڑ عرب سے نہیں بولے جاتے دور کیوں جاؤ ہم لوگ ب اور ہ مخلوط پنجابیوں کی طرح ادا نہیں کر سکتے ادھر تو بچپن میں قرآن پڑھنے سے مخارج حروف عربی پر زبان لوٹتی ہے ادھر حروف متقارب المخرج ت ط۔ اور س ص ث اور ز ذ ض ظ وغیرہ کی کتابت اصلاح پاتی ہے۔ تیسرے مسلمانوں کے بچے خدا رسول اور مذہبی باتوں سے کسی قدر آگہی حاصل کرتے ہیں۔ اگر یہ بے سود ہو تو مولود کے کان میں اذاں کا دینا اس سے زیادہ بے سود اور فعل عبث ہے۔ مگر خدا تو آوازوں کو نہیں نیتوں کو دیکھتا ہے لَنْ یَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ یَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ[2]

مادروں را بنگریم و فعال را		مادروں را بنگریم و حال را	

قرآن سے بچوں کی تعلیم شروع کرنے کا یہ مفاد بھی کچھ کم نہیں کہ ذہین بچے لڑکے ہوں یا لڑکیاں عمامہ ٹوپی خطی کے سہارے سے قرآن کا اردو ترجمہ پڑھنے پر قادر ہو جاتے ہیں ایک کرشمہ دو کار۔ سب سے بڑا فائدہ جو بچوں کو طوطے کی طرح بے فہم مطلب قرآن پڑھانے سے مشاہدہ کیا جاتا ہے چاہے کوئی اس کو حسن عقیدہ سمجھے یہ ہے کہ قرآن خواں لڑکے زیادہ مؤدب اور کم آزار دیکھے جاتے ہیں وجہ یہ کہ وہ قرآن پڑھنے کے لیے مؤدب بٹھائے جاتے ہیں اور ادب رفتہ رفتہ داخل عادات ہو جاتا ہے۔ اپنے خیالات تو بچپن میں قرآن پڑھانے کی نسبت یہ ہیں

[1] پٹھے۔ ۱۲ [2] خدا تک قربانیوں کے گوشت و خون تو پہنچتے نہیں ہاں قربانی کرنے والوں کی پرہیزگاری اس تک پہنچتی ہے۔ ۱۲

مگر ہم میں سے جو لوگ تمام پرانی باتوں کو ناپسند کرتے ہیں اور ایسے بہت ہیں اور افسوس بہت ہوتے جا رہے ہیں اُنھوں نے تو یہ جدید شیوہ اختیار کیا ہے کہ بچے میں حرف شناسی کا مادہ پیدا ہوا اور اُنھوں نے اُس کو اُردو کی پہلی اور دوسری کے سلسلے میں جا لگایا۔ اور بقیۃ العمر ان کو قرآن پڑھنا نصیب نہیں ہوتا۔ تعلیم کے پرانے طریقے کی رو سے قرآن پڑھنے کے ضمن میں بچے چھوٹی چھوٹی دس پانچ سورتیں بھی نماز کے لیے یاد کر لیا کرتے تھے یا اب یہ حال ہو گیا ہے کہ مسلمانوں کے لڑکے جو جدید طریقے سے تعلیم پا رہے ہیں مُرُوْا اَوْلَادَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ[1] اِذَا بَلَغُوْا سَبْعًا وَاضْرِبُوْھُمْ اِذَا بَلَغُوْا عَشْرًا سے متجاوز ہو جاتے ہیں اور اُن کو الحمد تک پوری نہیں آتی درود اور التحیات کی کون کہے۔ اور آئے کہاں سے بیچاروں کو اس رستے پر ڈالا ہی نہیں گیا۔ اس کے امتحان کا موقع تو نہیں ملا مگر ایک بی۔ اے پاس کے ساتھ ایک بار نماز جماعت کے پڑھنے کا اتفاق ہوا لوگوں نے اُن سے اقامت کو کہا تو اُنھوں نے لاعلمی ظاہر کی بھلا ہوا کہ امامت کو نہ کہا۔ اگرچہ ہمارے اُن دوست کو اس وقت تکبیر نہ کہہ سکنے سے ندامت ہوئی ہو گی مگر دل میں اپنی وضع ظاہر بین بین کے ضرور شکر گزار بھی ہوئے ہوں گے کہ اسی وضع ظاہر کے طفیل میں وہ امامت کی مصیبت سے بچ گئے بہر کیف میں بڑے فخر اور بڑی مسرت کے ساتھ اس کا اعلان کرتا ہوں کہ میری تعلیم قرآن سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد میں نے فارسی کی متداول کتابیں اپنے والد سے پڑھیں۔ میں نے نیک و بد کی تمیز آئے پیچھے سمجھا کہ فارسی کتابوں کے اکثر مضامین متعلم کی طبیعت میں بدی کا بیج بوتے اور اس کو آوارگی سکھاتے ہیں۔ فارسی لٹریچر ایسا پیٹ بھر کو بگڑا ہے کہ جھوٹ اور مبالغہ اور حسن پرستی اور خوش آمد اور اوہائی خیالات اور ریا اور نفاق وغیرہ اخلاق ذمیمہ کے اعتبار سے اس کو چیونٹی بھر کباب کہنا ہرگز مبالغہ نہیں۔ مگر میں نے

[1] تمہارے بچے سات برس کے ہوں تو نماز پڑھنے کا حکم دو اور دس برس کے ہو جائیں تو نماز نہ پڑھنے پر مارو۔ ۱۲

اول تو فارسی ایسے صغر سن میں پڑہی کہ مجکو بدی کا احساس ہی نہ تھا۔ دوسرے پڑہی تو والد سے پڑہی۔ اُن کی تعلیم تریاق تھی فارسی لٹریچر کے زہر کا ؎

پس ازسی سال ایں معنی محقق شد بخاقانی	کہ بورانی است باد بخان وباد بخان است بورانی

اب ارذل العمر کو پونچ کر مجکو اس کا کامل یقین ہوا کہ محفوظ و قابل اطمینان تو گھر میں اپنے کسی بزرگ کی تعلیم ہے بشرطے کہ بزرگ ضابط اور معلم بننے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو ورنہ خیر گندم اگر بہم نہ رسد علی گڑہ یا انجمن حمایت اسلام لاہور۔ گھر کے بزرگ جیسا نہ کوئی استاد دردمند اور شفیق ہو سکتا ہے اور نہ متعلم کے خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ[۵۱] کو جان سکتا ہے اَهْلُ الْبَيْتِ اَبْصَرُ بِمَا فِي الْبَيْتِ میں تو اُسی ابتدائی تعلیم کی برکت کہوں گا جو میں نے اپنے باپ سے پائی تھی کہ میں نے خدا کی توفیق سے ساری عمر بھلے مانسوں کی طرح زندگی کی اور مذہب کے اعتبار سے کچہ دنوں بھٹک بھٹکا کر آخر کار مرکز پر آ رہا قرآن حفظ کیا جب کہ میری حالت قرآن حفظ کرنے کی نہ تھی اور جہد المقل ترجمے سے کلام الٰہی کی خدمت کی رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا[۵۳] اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ یوں میری تعلیم کی بنیاد باپ کی نگرانی میں پڑہ چکی تھی کہ تحصیل علم کے لیئے مجکو ترکِ وطن کرنا پڑا۔ والد مرحوم کا ارادہ مجکو دین دار مولوی بنانے کا تھا جس کے لیئے اُن کی حالت مساعد نہ تھی مگر اُنھوں نے علمی مذاق میری طبیعت میں پیدا کر دیا تھا اور یقین کر لیا تھا کہ مَنْ جَدَّ وَجَدَ[۵۴] مَنْ طَلَبَ غَلَبَ اس مذاق کے ہوتے منزلِ علم طے کرنے کے لیئے اور کسی ساز و سامان کی ضرورت نہیں۔ اُنھوں نے مجکو اپنی سرپرستی سے علی حدہ کر کے جناب مولوی نصر اللہ خاں صاحب مرحوم و مغفور کے سپرد کر دیا۔ یہ بزرگ حسن اتفاق سے اُن دنوں بجنور میں ڈپٹی کلکٹر تھے جو میرا مولد نہیں وطن اقامت نہیں بلکہ وطن اصلی ہے۔ جاہ و حشمت حکومت

---

۵۱ آنکھوں کی چوری اور دلوں کے مخفی راز۔ ۱۲ ۵۲ جو کچھ گھر میں ہو رہا ہے گھر والے ہی اُس کو خوب دیکھ سکتے ہیں۔ ۱۲ ۵۳ اے ہمارے پروردگار ہم سے ہمارا یہ عمل قبول فرما کیوں کہ تو سب کی سنتا اور سب کچھ جانتا ہے۔ ۱۲ ۵۴ جو کوشش کرتا ہے پاتا ہے اور جو طلب کرتا ہے مدعا پر غالب آتا ہے۔ ۱۲

وجاہت علم و فضل سیرچشمی حلم و تواضع شریعت طریقت اتنی صفتیں میں نے ڈپٹی صاحب کے سوائے کسی ایک شخص میں مجتمع نہیں دیکھیں اور اسی جامعیت کے اعتبار سے وہ فرد روزگار تھے۔ علم ظاہر و باطن کی تعلیم کے لیئے طلبا اور فقرا کی ایک جماعت کثیرہ کو اپنے ساتھ لیئے رہتے تھے۔ میرا چال چلن والد کے یہاں وثیقہ تھا تو ڈپٹی صاحب کے یہاں اُس کی رجسٹری ہوئی۔ یہ ڈپٹی صاحب کی خدا واسطے کی سچی محبت مجھ جیسے ناچیز کے ساتھ تھی کہ جب میں نحو عربی میں شرح ملا تک منطق میں میر قطبی تک فلسفہ میں ہیدی تک پونہچا تو انھوں نے اپنی عدیم الفرصتی کی وجہ سے والد کو بلا کر فرمایا کہ اب اس کو دہلی لیجاؤ وہاں اس کا پڑھنا خوب ہوگا۔ یہاں مجکو لاکر والد نے پنجابی کٹڑے کی مسجد میں چھوڑ دیا۔ اب تو وہ محلے کا محلہ ریل میں آگیا ہے مگر ۱۸۴۲ء و ۴۳ میں جب کا یہ مذکور ہے پنجابی سوداگر اُس میں آباد تھے مسجد کا نام اورنگ آبادی تھا اور وہ ہر طرح سے فتح پوری مسجد کی مدمقابل تھی اس میں مختلف مقامات کے پچاس ساٹھ طالب علم مسافرانہ رہتے تھے بعض نے کسی مسجد کی امامت یا پڑھانے کے ذریعے سے معاش کے ٹھکانے بنا رکھے تھے مگر اکثر باری باری سے دونوں وقت پنجابیوں کے گھروں سے ٹکڑے مانگ لاتے اور آپس میں بانٹ کھاتے اور ان ہی میں سے ایک میں بھی تھا۔ اورنگ آبادی مسجد مولویوں کے ایک خاندان کی تولیت میں تھی۔ ان میں اختلاف عقائد کی وجہ سے وہابی اور بدعتی دو گروہ تھے ایک دوسرے کے دشمن۔ مسجد کے طالب العلم بھی ان دو گروہوں میں منقسم تھے۔ میں تھا رکابی مذہب جدہر کچھ ملتا دیکھا اُدہر ہی کا ہو رہا۔ میں اُس وقت بھی ان لوگوں کے باہمی اختلافات کو نظر حقارت سے دیکھتا تھا۔ اور چونکہ میں مولوی نصر اللہ خاں صاحب کی صحبتیں دیکھے ہوئے تھا ان لوگوں کی طرف سے میرے دل میں ایک طرح کی بدگمانی اور نفرت پیدا ہو گئی تھی یہ نہ سمجھ لیجئے گا کہ جتنے طالب العلم جس مولوی کی سرکردگی میں تھے وہ مولوی ان کی تعلیم کا ذمہ دار تھا جس طرح بعض مولوی نام کے مولوی تھے اسی طرح بعض طالب العلم نام کے طالب العلم بھی تھے جنھوں نے پیٹ بھرنے کے لیئے گداگری

کی یہ شان اختیار کر رکھی تھی۔ مجکو تو کسی مولوی نے نہ آپ پڑھایا اور نہ پڑھنے دیا۔ آپ نہیں پڑھایا تو خیر ایک بات ہے۔ شکایت تو اس کی ہے کہ پڑھنے بھی نہیں دیا۔ وہ اس طرح کہ مجھ جیسے کم عمر لڑکے مولویوں کے زنان خانے میں جاتے تھے اور اُن سے خدمتگاری کا کام لیا جاتا تھا معاوضہ اس کا کہ مسجد میں رہتے ہیں۔ پس ان کے لیے مسجد بھٹیاری کی سرائے تھی اور اس کا کرایہ مولویوں اور مولونوں کی خدمت۔ اُن دنوں کے بعض طالب العلم و دیتین برس کے اندر اندر مجھ سے ملے ہیں اور میں نے اُن کو علم کی طرف سے ایسا ہی کورا اور ٹھوس پایا جیسے وہ پچاس پینتالیس برس پہلے تھے۔ جس جس پہلو سے میں اُس وقت کو یاد کرتا ہوں جب کہ میں پنجابی کٹڑے کی مسجد میں تھا تو پاتا ہوں کہ میری ساری عمر میں وہ بدترین وقت تھا اور اگر اُس کو چار پانچ برس کا بھی امتداد ہو تو میں تو دنیا اور دین دونوں طرف سے تباہ ہو لیا تھا عَلیٰ[۵۱] شَفَا جُرُفٍ بارے ایک عجب اتفاق سے میں دہلی کالج کی دوسری عربی جماعت میں داخل ہو گیا۔ داخل ہوتے ہی مجکو وظیفہ ملنے لگا اور خدا نے مجکو مسجد کی گدایانہ زندگی سے نجات دی کالج کی تعلیم کی ابتدا تھی کہ وطن میں والد کا انتقال ہو گیا۔ دو ڈھائی برس کی بڑائی چھٹائی سے دو متقارب العمر لڑکوں کے وظیفوں پر آٹھ دس آدمیوں کی خانہ داری کے بوجھ کا پڑ جانا حقیقت میں مصیبت کے پہاڑ کا ٹوٹ پڑنا تھا مگر عَسیٰ[۵۲] اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ ۵

اَلَا لَا تَحْسَبَنَّ[۵۳] اَخُوا الْبَلِیَّۃِ	فَلِلرَّحْمٰنِ اَلْطَافٌ خَفِیَّۃٌ

والد کا قبل الوقت انتقال تحصیل علم کے لیے گاری نا دیانے کا کام کر گیا۔ والد کو رو پیٹ کر واپس آیا تو یہ خیال تھا کہ مجھ اکیلے کے نہیں بلکہ سارے خاندان کے ٹوٹی آرنا[۵۴] ٹوٹی کا فیصلہ ہے۔ اِمَّا لِھٰذَا وَاِمَّا لِذَا۔ چنانچہ تحصیل علم کے میدان میں یا تو قدم بقدم چل رہا تھا یا اب

---

۵۱ دریا کے پھسلنے گڑھے کے کنارے۔ ۱۲ ۵۲ عجب نہیں تم کو ایک چیز بری لگے اور وہ تمہارے حق میں بہتر ہو ۱۲
۵۳ اے مصیبت مند ہرگز غمگین نہ ہو کیوں کہ خدائے رحمٰن کے پاس مخفی عنایتیں ہیں۔ ۱۲ ۵۴ دو ٹوک فیصلہ اوہر یا اوہر۔ ۱۲

لگا سرپٹ دوڑنے - باوجودیکہ بجائے خود مدرسے کی پڑھائی کا ایک انبار تھا میں نے اُس وقت کے مشاہیر سے مدرسے کے علاوہ دو سبق اور شروع کر دیئے - میرا اُن دنوں کا پڑھنا پڑھنا نہ تھا بلکہ کتابوں کا پھانکنا تھا - سرکاری مدرسوں کی پڑھائی میں طلب العلم فوت الکل کا عیب شروع سے چلا آتا ہے یعنی نہ متعلم کے رجحان طبیعت کو دیکھیں نہ اُس کی رغبت کو پہچانیں تین تین چار چار وہ جن مختلف المذاق لڑکوں کی ایک جماعت بنائی اور سب کو ایک لاٹھی ہانک چلے پھر پڑھائی اتنی کہ غذائے نامرغوب کی طرح اوپر تلے ٹھونسی جاتی ہو اور وہ ہضم نہیں ہوتی جس کا ضروری نتیجہ ہے کہ جس کو اصلی استعداد کہتے ہیں وہ کسی فن میں بھی حاصل نہیں ہوتی - جیکٹ آف آل اینڈ ماسٹر آف نن کمثل الحمار یحمل اسفارا [1]

نہ محقق بود نہ دانشمند		چار پائے بر و کتابے چند	

اب تو انگریزی کا اس قدر رواج ہو گیا ہے کہ سرکاری مدارس کے طالب العلموں میں اور بیرونی طالب العلموں میں کسی طرح کی پڑھائی مشترک باقی نہیں رہی کہ ایک کا دوسرے کے ساتھ مقابلہ کیا جائے مگر میری طالب العلمی کے زمانے میں عربی ایسی کس مپرس حالت میں نہ تھی اور نہ رستے اور شہر کے عربی خواں طالب العلموں میں ایک طرح کی منافقت قائم تھی اور کبھی کبھی دونوں گروہوں میں مٹھ بھیڑ بھی ہو جاتی تھی تو شہری طالب العلم استعداد کے اعتبار سے ہم لوگوں کو اپنا جوڑ نہیں سمجھتے تھے اور واقع میں بھی مدرسے والے شہریوں کے ٹکر کے نہ تھے - وجہ کیا کہ شہریوں کے پاس لے دے کر ایک عربی تھی اور وہ بھی اختیاری جتنا چاہا پڑھا تو یہ لوگ مقامات کے پڑھے ذہنی تھے خاطر خواہ فرصتیں ملتی تھیں جس کتاب کو لے کر بیٹھے اُس کی سیاہی تک چوس گئے برخلاف مدرسے والوں کے کہ ان کا حال یک سر و ہزار سودا کا تھا [2]

یک دل و خیلِ آرزو دل یک مدعا نہم		تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم	

[1] تھوڑی تھوڑی شد و بسب میں مگر کمال ایک میں بھی نہیں - ۱۲

[2]

میرا حال یہ تھا کہ تاریخ اور ریاضی کے نام سے مجھکو وحشت ہوتی تھی مگر سکالرشپ کے لیے چار و ناچار دیکھنا ہی پڑتا تھا۔ ع

جو کچھ خدا دکھائے سو ناچار دیکھنا	

لیکن وہ دیکھنا پالے کا سا چھونا تھا۔ مگر یہ بڑی جیت تھی کہ نمبروں کے مجموعے پر پاس اور فیل کا فیصلہ کیا جاتا تھا خدا عربی کا بھلا کرے کہ وہ ریاضی وغیرہ کی تلافی کرتی رہتی تھی اور یہ نہ ہوتا تو میں کسی طرح جماعت میں بیٹھ نہیں سکتا تھا پس مجھے جو کچھ بھلا بھی آتا ہو میں اس کے لیے کالج سے بڑھ کر باہر کی پڑھائی کا شکر گزار ہوں اگرچہ یہ شکر یہ بھی کالج ہی کی طرف عود کرتا ہو کیوں کہ کالج کا وظیفہ مجھے سپورٹ (امداد) نہ کرتا تو میں کسی طرح یہ شغل جاری رکھ ہی نہیں سکتا تھا۔ اگرچہ کالج نے عربی میں میری کافی مدد نہیں کی اور اگرچہ بے مناسبتی کی وجہ سے میں نے سائنس کو شوق سے نہیں پڑھا لیکن معلومات کی وسعت رائے کی آزادی ٹالرینس (تعدیل) گورنمنٹ کی سچی خیر خواہی اجتہادی علی البصیرت یہ چیزیں جو تعلیم کے عمدہ نتائج ہیں اور جو حقیقت میں شرط زندگی ہیں ان کو میں نے کالج ہی میں سیکھا اور حاصل کیا اور اگر میں نے کالج میں نہ پڑھا ہوتا تو میں بتاؤں کیا ہوتا مواوی ہوتا تنگ خیال متعصب اکھل کھرا اپنے نفس کے احتساب سے فارغ۔ دوسروں کے عیوب کا متجسس برخود غلط

ترک دنیا بمردم آموزند	۵	خویشتن سیم و غلہ اندوزند

کا عامل مسلمانوں کا نادان دوست[۱] تقاضائے وقت کی طرف سے اندھا بہرا[۲] گونگا[۳] کیا ہوتا[۴] بہرکیف مَآ اَصَابَنِیْ مِنْ حَسَنَةٍ فِی الدِّیْنِ اَوْ فِی الدُّنْیَا فَمِنْ اَثَرِ الْکَالِجِ برٹش گورنمنٹ نے لیجس[۵] نیوٹریلیٹی کا بڑا ہی دانشمندانہ اصول اختیار کر رکھا ہو خاص کر ہندوستان میں تو سلطنت اسکے ثبات و استحکام کی اس سے بہتر کوئی تدبیر نہیں ہو سکتی کیوں کہ اس ملک میں سیکڑوں برس سے

[۱] بہرے گونگے اندھے کہ وہ کسی طرح راہ راست پر آ ہی نہیں سکتے۔ ۱۲ [۲] مجھکو دینی دنیاوی جو فائدہ پہنچا کالج کی بدولت۔ ۱۲ [۵] مذہبی معاملات سے الگ تھلگ رہنا ۱۲

اختلافِ مذہب کا طاعون پھیلا ہوا ہو اور اس طاعون کا انا کیولیشن (ٹیکہ) ہو تعلیم اور تعلیم اول تو یہاں ہو نہیں اور ہو بھی تو سیرم اچھا نہ ہونے کے علاوہ کافی بھی نہیں یعنی کوالٹی خراب کوانٹٹی کم یوں لوگوں میں طرح طرح کے اختلاف ہیں۔ لوگوں کی شکلیں مختلف۔ زبانیں مختلف زمین مختلف آسمان مختلف ماندو بود مختلف اوضاع مختلف طبائع مختلف۔ غذا مختلف روز و شب مختلف آب و ہوا مختلف پیشے مختلف وجوہ معاش مختلف اور اختلاف کو خدا نے اپنی قدرت کی نشانی بھی فرمایا ہو وَمِنْ اٰيٰتِهٖ اِخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ[۵۱] شیخ ابراہیم ذوق اختلاف کی نسبت فرماتے ہیں ؎

گلہائے رنگ رنگ سے ہو رونقِ چمن او		اے ذوق اس جہاں کو ہو زیب اختلاف سے

اور میں کہتا ہوں کہ اختلاف دوسرا نام ہو ہستی کا۔ عالم بنا موالید ثلثہ سے اور موجوداتِ عالم ممتاز ہوے تشخصات سے اور تشخصات نہیں ہیں مگر اختلافات بہرکیف لوگوں میں چند در چند طرح طرح کے اختلاف ہیں اور وہ باوجود چند در چند اختلافات کے سازگاری اور صلح کاری کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں مثلاً حلوائی بزاز سے نہیں لڑتا کہ تو میری طرح مٹھائی کیوں نہیں بناتا۔ بزاز اس پر نہیں بگڑتا کہ حلوائی کپڑا کیوں نہیں بیچتا۔ لیکن اختلافِ مذہب بعض کا ایسا چلتا ہوا عمل ہو کہ اس کا نام آیا اور ایک فریق دوسرے کا جانی دشمن ہوا ہندوستان کا فرماں روا لیجس نیوٹریلٹی[۵۲] کے بدون کسی طرح یہاں کی رعایا میں امن قایم رکھ ہی نہیں سکتا حکامِ وقت کی نیوٹرلیٹی کے ہوتے تو آئے دن مذہبی کشت و خون ملک میں ہوتے رہتے ہیں اور یہ نہ ہو تو شاید ایک برس بھی خیریت کا نہ گزرے۔ اختلافِ مذہب کے نتیجے دیکھ کر ڈنڈگل[۵۳] کے پنڈت کی طرح

---

۵۱ خدا کی قدرت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہو کہ تم لوگوں کی زبانیں اور رنگتیں ایک دوسرے سے مختلف ہیں ۱۲

۵۲ مذہبی معاملات سے الگ تعلق رہنا ۵۳ ڈنڈگل مدراس کے علاقے میں ایک قصبہ ہو وہاں ایک بڑے بھاری جوتشی پنڈت رہتے ہیں انھوں نے حال میں پیشین گوئی کی تھی کہ ستمبر ۱۹۰۲ء میں بڑا عظیم زلزلہ آئے گا مگر وہ پیشین گوئی غلط ثابت ہوئی ۱۲

نہیں بلکہ عقلی اصول کی بنا پر ہندوستان کے حق میں یہ پیشین گوئی کی جاسکتی ہو اور وہ اس کے لیئے فالِ نیک بھی ہو کہ ہندوستان ہمیشہ کے لیئے فارینرز[۵۱] کا محکوم رہے گا اور وہ فارینرز پوریپینز ہوں گے اور یوروپینز میں بھی ان شاء اللہ ہمارے شاہنشاہ ایڈورڈ ہفتم اور اُن کے بیٹے پوتے پڑوتے دَھلُمْ جَرًّا[۵۲] آمین۔ تو برٹش گورنمنٹ رلجس نیوٹریلٹی کے اصول کی ایسی سختی کے ساتھ پابند ہو کہ گورنمنٹ کے جتنے صیغے ہیں کسی میں مذہب سے کچھ بحث نہیں اور یہی حال سررشتۂ تعلیم کا ہو کہ ادنیٰ جماعتوں سے لے کر اعلیٰ جماعتوں تک جتنے کورس ہیں کسی میں کسی مذہب کا دخل نہیں۔ لیکن فرض کرو کہ کوئی مذہب فی نفسہ ایسا لغو ہو کہ اُس نے واقعات غلط اور مشاہداتِ بے اصل کو داخلِ معتقدات کر رکھا ہو اور وہ سرکاری مدارس کی تعلیم کو جو سرتاسر واقعاتِ حقہ صحیحہ ثابت پر مبنی ہو اپنے ادعائی معتقدات کے خلاف سمجھ کر سرکاری تعلیم کو مذہبی مداخلت قرار دے اور ناحق کی واویلا کرے تو یہ اُس کا اور اُس کے مذہب کا قصور ہو اور کوئی منصف مزاج آدمی تو اس معاملے میں گورنمنٹ کو مداخلتِ مذہبی کا الزام دینے کا نہیں۔ میں اس بات کی ذرا زیادہ تصریح کرنی چاہتا ہوں اس لیئے کہ میرے نزدیک مسلمانوں کو ایسی ہی غلط فہمیوں نے اس تعلیم سے جس کے لیئے اب ہر طرف اور تقریباً ہر جگہ مشت بعد از جنگ چلائے جا رہے ہیں اتنے دنوں تک محروم رکھا کہ یار لوگ بازی لے گئے اور یہ بدنصیب موئے تکتے کے تکتے ہی رہے۔ باتیں تو بہت ہیں مگر مثال کے طور پر میں صرف ایک ہی بات بیان کرتا ہوں کہ جغرافیہ گویا انگریزی تعلیم کی بسم اللہ ہو اور ہمارے لڑکے ہیں کہ جغرافیے کو سخت ناپسند کرتے ہیں وجہ کیا سفر کے ولولے قوم کے دلوں سے سلب ہو گئے کہیں نوکری ان کو کرنی نہیں اس لیئے کہ کوئی دیتا نہیں اور دے بھی تو گھر کی آدھی باہر کی ساری ؎

گرچہ ہو ملکِ دکن میں ان دنوں قدرِ سخن	کون جائے ذوق پر دلی کی گلیاں چھوڑ کر

تجارت ان کے بس کی نہیں اس کو چاہیئے سرمایہ اور وہی مثل ہو مصرع

[۵۱] غیر ملکی ۱۰ [۵۲] اور اسی طرح اور ۱۲

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں۔ مسلمان سرمایہ دار ہوتے اور اس کو خیر المکاسب تجارت میں مشغول کرتے تو پھر رونا ہی کاہے کا تھا۔

غرض نوکری اور تجارت یہی دو چیزیں ہیں جن کے لیے سفر کیا جاتا ہے اور دونوں سے مسلمان ازیں سوراندہ وزاں سودرماندہ۔ پھر واقع میں ان کو جغرافیے کی طرف رغبت ہو تو کیوں تاریخ اور جغرافیے کی طرف سے بے رغبتی جو عموماً سکولوں اور کالجوں کے لڑکوں میں دیکھی جاتی ہے میں نے تو اس کو اپنے ذہن میں صحیح ہو یا غلط قومی ترقی اور تنزل کی شناخت کا تھرمامیٹر قرار دے رکھا ہے۔ خیر تو بہرکیف جغرافیہ انگریزی تعلیم کی بسم اللہ ہے اور وہ اسی سے شروع ہوتا ہے کہ زمین گول ہے اور اپنے اوپر پلٹے کھاتی ہوئی آفتاب کے گرد گھوم رہی ہے۔ اب یہ پہلی ہی دو باتیں ایسی ہیں کہ رہ بعید شنید۔ مگر جن پر یہ راز منکشف ہوا انھوں نے اس کو ایسا ثابت کر دکھایا جیسے دو اور دو چار۔ اور یہاں قرآن میں پڑھا تھا یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا اور اَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ اور اس کے معنی یہ سمجھ رکھے تھے کہ زمین ہموار اور ٹھیری ہوئی ہے اور ایسا ہی دکھائی دیتا اور ایسا ہی خدا فرماتا ہے پس مدرسے سے اٹھ کر جاتے ہی اولے پڑے یعنی مدرسے میں داخل ہوتے ہی قرآن اور جغرافیہ میں مخالفت شروع ہوئی اور جغرافیے نے معاذ اللہ قرآن کو رد کر دیا۔ اور یہ تو میں نے تمثیلاً ایک چھوٹی سی بات بیان کی ہے۔ سائنس کے کتنے مسئلے ہیں جو عام مسلمانوں کے معتقدات مذہبی کے خلاف ہیں اس کشمکش کا ضروری نتیجہ یہ ہے کہ سائنس کا پڑھنے والا انگریزی کی خصوصیت نہیں چاہے وہ کسی زبان میں پڑھے عقیدۃً عام طور کا مسلمان تو رہ نہیں سکتا۔ ہاں مسلمانوں کے ڈر کے مارے وہ مسلمانوں میں ملا جلا رہے تو بھی وہ منافق ہو گا

لہ لوگو اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو اور ان لوگوں کو جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں پیدا کیا عجب نہیں کہ تم پرہیزگار بن جاؤ وہ خدا ایسا ہے جس نے تمہارے لیے زمین کا فرش بنایا اور آسمان کی چھت ۱۲ لہ خدا نے زمین میں اٹل پہاڑ بنا دیے کہ مبادا زمین تمہیں کسی طرف کو لے کر جھک نہ جائے ۱۲

ظاہر مسلمان باطن کافر۔ اور نہ صرف یہ ہے کہ سائنس کا پڑھنے والا عام طور کا مسلمان نہیں رہ سکتا میں کہتا ہوں اور پکارے کہتا ہوں اور بلا خوف تردید کہتا ہوں کہ مذاہب متعارفہ میں سے کسی مذہب میں بھی نہیں رہ سکتا نہ ہندو نہ عیسائی نہ یہودی نہ کوئی نہ کوئی کیوں کہ جتنے بھی مذاہب ہیں سب میں سائنس کی مخالفت ضرور ہے۔ اب تو سائنس شباب پر ہے جو زمانہ اس کی طفولیت کا تھا اُس وقت سے سائنس مذہب کے پیچھے پڑا ہے کوئی سا بھی ہو۔ میں ذرا بھی اس بات کے کہنے میں باک نہیں کرتا کہ کالج کی طالب العلمی کا زمانہ مذہب کی رو سے مجھ پر بڑے ہی تذبذب کا گزرا ہے۔ یہ تو میرا حال تھا جس نے مدت العمر سائنس کا شوق نہیں کیا وائے برحال اُن کے جو سائنس میں منہمک تھے اور اُن کا ملغ العلم یہی سائنس تھا اور بس۔ مگر جو ساری عمر سائنس سے گریز سا رہا اس کے دو سبب ہوئے اول یہ کہ سائنس کے بعض مضامین اقلیدس جبر و مقابلہ و امثالہا بہت سوچ بچار چاہتے ہیں اسی کا ہو رہے تو اس سے عہدہ برآ ہو سکے اور انبار پڑھائی کے ہوتے کسی ایک کا کیسے ہو رہے پس بہت طالب العلم اپنی پسند کی ایک چیز لے لیتے ہیں اسی پر زیادہ توجہ کرتے اور اسی میں اچھے بھی رہتے ہیں میں نے عربی ادب لے لیا تھا اور سائنس کو بے دھڑکا چھوڑ رکھا تھا۔ ادب عربی مابعد کی زندگی میں تو میرے بہت کام آیا نہیں مگر اتنا ضرور ہوا کہ عمر بھر کے لیے ایک دل خوش کن مشغلہ ہاتھ آگیا۔ دوسرا سبب سائنس کی طرف سے میری بے رغبتی کا یہ بھی ہوا کہ میری طبیعت واقع ہوئی ہے کنسرویٹو تھوڑا بہت کنسرویٹزم تو سبھی طبیعتوں میں ہوتا ہے میری طبیعت میں اس کا عنصر کچھ زیادہ ہے سائنس نے جو میرے مذہبی خیالات پر حملہ کرنا شروع کیا سائنس میں توغل کرنے کو طبیعت نے گوارا نہ کیا۔ مگر بے رغبتی کیا کام آئے۔ سائنس کی صدائیں کالج کے در و دیوار میں پڑی گونج رہی تھیں بلکہ ایک وقت تو ایسا آیا کہ گونجتے گونجتے ڈھول بجنے لگے یعنی سائنس کے پروفیسر جناب ماسٹر رام چندر صاحب جو ذات کے کایستھ تھے جنھوں نے کتاب پنکیما اینڈ منما تصنیف کر کے تمام یورپ میں اپنی ریاضی دانی کا سکہ بٹھا دیا تھا اصطباغ لینے پر آمادہ ہوئے۔ وہ علمی سوسائٹی میں بڑے نامی نامور آدمی تھے اور

اُنھوں نے ڈنکے کی چوٹ عیسائی ہونا چاہا تو تمام شہر میں ڈھنڈورا سا پٹ گیا اور جابجا مباحثے کی مجلسیں گرم ہوگئیں عربی جماعتوں کے مولویوں اور طالب العلموں کے ساتھ بھی آئے دن جھوڑ ہوتی رہتی تھی لیکن میں دیکھتا تھا کہ مولوی چپ تو نہیں ہوتے تھے کچھ نہ کچھ کہے ہی جاتے تھے مگر وہ کہنا سمجھنے والے کے نزدیک لاجواب ہونے کے برابر تھا اس لیئے کہ یہ لوگ عیسائی مذہب کے کونے کھدرے سے محض ناواقف تھے اُن کو خبر ہی نہ تھی کہ عیسائیوں میں کہاں کہاں پانی مرتا ہے ورنہ نزاعرضہ بالمثل ماسٹر صاحب کو بند کرنے کے لیئے بس کرتا تھا غرض بات کہوں صاف سائنس کے زہر نے باوجود یہ کہ میں نے اس کو ذرا کی ذرا چکھا ہی تھا۔ میرے ایمان کو توڈانواڈول کر دیا تھا۔ آٹھ برس کے قریب میں کالج میں رہا اور برابر باہر کی پڑھائی کی بھی ڈیوڑھ لگائے رکھی تو درسی کتابیں بھی نظر سے گزر گئیں اور میں نے اس اثنار میں پڑھانا بھی شروع کر دیا تھا۔ میں اپنے میں اتنی استعداد پاتا تھا کہ درس کو جاری رکھتا تو رفتہ رفتہ کمانے بھی لگتا مگر مولویت کی دکان کا جمانا ذرا ہی دیر طلب۔

حسن اتفاق سے میری طالب العلمی ختم ہونے ہی کو تھی کہ ضلع گجرات پنجاب میں تھید کے طور پر چھ سکول کھولے گئے اور مدرس دہلی کالج سے طلب ہوئے میں نے سوچا کہ لوگوں کو عقیدت مند بنانے کی تو میری عمر نہیں خدا نے غیب سے ایک سامان کیا ہے اسے کیوں چھوڑوں نقد را بنسیہ گزاشتن کار خردمنداں نیست۔ چنانچہ کنجاہ پونچھ کر میں نے مدرسے کی بنیاد ڈالی اور منت خوشامد سے چند ابجد خواں لڑکے جمع کیئے۔ مگر میں اپنی قسمت کو روتا تھا کہ الٰہی اتنا پڑھ لکھ کر بھی حرف شناس منڈے میری تقدیر کے تھے۔ لوگ سچ کہتے ہیں کہ مکتب کے لونڈے میاں جی کی عقل چر لیتے ہیں میرا جتنا وقت کنجاہ میں صرف ہوا علم کے اعتبار سے میں اس کو رجعت قہقری سے تعبیر کرتا ہوں۔ یعنی جس وقت میں نے کالج چھوڑا عربی کے سیکڑوں شعر مجکو زبانی یاد تھے یا پنجاب کے دو برس کے قیام میں شاید مشکل سے دو ورجن یاد رہے ہوں گے باقی سب بھول گئے۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ مطالعے کی قوت دست بردِ نسیاں سے

محفوظ رہی ۵

تو نگیں توڑ نہ دل کا کہ بڑی کاوش سے	اسم کو میں نے ترے کندہ کیا ہوا اس میں

پنجاب کا قیام محکومانہ گوارا تو تھا ہی چھ مہینے نہیں گزرنے پائے تھے کہ میں نے ملّا کی دوڑ مسجد سررشتۂ تعلیم کے حکام کو عرضیاں دوڑانی شروع کیں تاکہ محکومان اطراف میں کہیں جگہ مل جائے بارے ایک دم سے دو آفر[۵۱] آئے اجمیر کالج کی سو روپے کی عربی مدرسی اور کان پور کی اسّی روپے کی ڈپٹی انسپکٹری۔ میں نے آیندہ کی توقعات کے لحاظ سے ڈپٹی انسپکٹری قبول کر لی۔ جہاں جائے بھوکا وہیں پڑے سوکا کنجاہ کی مدرسی کا سا تو حال نہ تھا کہ منڈوں کو بیٹھے ہجے کراؤ مگر یہاں بھی قریب قریب ہماں آش ورکاسہ ہجے نہ کراؤ تو پہاڑے سنتے پھرو اتنے میں تو مصرع

	یاراں فراموش کردند عشق

کا وقت آیا یعنی ۱۸۵۷ء کا مشہور غدر۔ کس کی نوکری اور کیسا پڑھنا جینے کے لالے پڑ گئے بارے تقدیر میں تو انگریزی عملداری کی برکات سے متمتع ہونا لکھا تھا ہم مولویوں کے خاندان سے ایک بڑے دھڑے کی خیر خواہی بن پڑی باغیوں نے انگریز یورپین عیسائی قیدیوں کو جمع کر کے میگزین کے میدان میں باڑ ماری ان میں مسسز لیسن بھی تھیں یہ بھی زخمی ہوئیں مگر مریں نہیں ان کو مولویوں نے اپنے یہاں رکھ کر اُن کی مرہم پٹی کی توانا تندرست ہوئیں تو دہلی کی فتح سے پہلے ان کو انگریزی کیمپ میں پونہچا دیا۔ یہ خیر خواہی قطع نظر اس سے کہ ایسے نازک اور خطرناک وقت میں۔ ۶

	چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

مولویوں کے خاندان سے ہوئی اور ایسی رازداری کے ساتھ کہ ایک طرف مسجد میں جہادی بھرے پڑے تھے اور دوسری طرف اُن کے پڑوس میں مصرع

	مسجد کے زیر سایہ خرابات چاہیے

۵۱ یعنی دو جگہ سے اظہار خواہش کیا گیا۔ ۱۲

ایک لیڈی کئی مہینے ٹھیری رہی اور اس کی ہوا تک نہ پھوٹی غرض یہ خیر خواہی فی نفسہ اس رتبے کی تھی کہ گورنمنٹ اس کے صلے میں جو کچھ بھی کرتی کم تھا مگر مولویوں کے باہمی اختلاف نے جو ان کی گھٹی میں پڑا ہوا ہے اِذَا لَقَاحَ ضَانَشَا قَطَا[۵۱] اتنی بڑی خیر خواہی کو خاک میں ملا دیا یعنی کم سے کم اس خیر خواہی کی رازداری میں تو مولویوں کے خاندان کا بچہ بچہ شریک تھا مگر اس وقت رئیس خاندان دو تھے مولوی **نذیر حسین** صاحب جن کا حال میں انتقال ہوا ہے اور میرے خسر مولوی **عبدالقادر** صاحب مرحوم اور خیر خواہی میں بھی ان ہی دو کا نام تھا باوجودیکہ دونوں میں سالے بہنوی کا رشتہ بھی تھا اس پر بھی دونوں میں اختلاف ہوا اور خیر خواہی کا انعام یہ ملا کہ جنرل **بخت خاں** باغی نے مولویوں سے زبردستی جہاد کے فتوے پر مہریں کرالی تھیں اگر یہ خیر خواہی نہ ہوتی تو ان کو پھانسی ملتی انھوں نے میم کی جان بچائی سرکار نے ان کی جان بخشی فرمائی اَلنَّفْسُ[۵۲] بِالنَّفْسِ پھر دونوں نے اس اختلاف کا خمیازہ بھی بھگتا۔ میں نے جو یہ پھوٹ دیکھی بجالی کا حکم لے الہ آباد میں جا کر دم لیا جان بچی لاکھوں پائے۔ غدر کی وجہ سے گورنمنٹ کی مشنیری کے سارے کیل پرزے ڈھیلے پڑ گئے تھے خاص کر سررشتۂ تعلیم تو ایسا چپیٹ میں آیا کہ اس کو سنبھلتے سنبھلتے کئی برس لگے۔ میں نے غدر کی یہ حکایت اس لیے بیان کی کہ مجھ کو جتنا کچھ بھی اس خیر خواہی میں دخل یا اس سے تعلق تھا وہ کالج کی تعلیم کالج کی صحبت کا اثر تھا۔ غدر کے دو تین برس بعد سررشتۂ تعلیم تو پنپ گیا مگر جس چیز کو میری آنکھیں ڈھونڈتی تھیں کہیں اس کا مذکور تک نہ تھا وہی باپ تول وہی بھوگول[۵۳] بارے مساعدت توفیق سے اب میری اپنی تعلیم نے ایک دوسری شان اختیار کی جس نے میری پچھلی تعلیم کی خاطر خواہ داد دی اور مجھ کو ایک ایسے شغل سے لگا دیا کہ وہ مجھے ساری عمر کے لیے بس کر ہوا اور

---

۵۱ دو اڑے دونوں گرے ۱۲۔ ۵۲ جان کے بدلے جان ۱۲۔

۵۳ باپ تول ڈپٹی رام سرن داس کی بنائی ہوئی تین چار ورق کی کتاب ہے جس میں بگیہ بسوہ کا حساب لکھا ہے اور بھوگول بابو شیو پرشاد کا بنایا ہوا ناگری جغرافیہ ہے ۱۲

اب علم کی طرف سے میری خاطر جمع ہو جیسے ایک پیاسا چشمۂ آب حیات پر بیٹھا ہو اور اُس کا دل سیر ہو جب چاہے گا پی لے گا۔ تصریح اس اجمال کی یہ ہے کہ طالب العلمی کے زمانے میں تو سوسائٹی کے تعصبات نے انگریزی پڑھنے کی اجازت نہ دی اور خود میں بھی انگریزی کی طرف سے بدگمان ہی سا رہا۔ الہ آباد میں عبداللہ خان مرحوم امین عدالت نے مجھے مکان میں ٹھیرایا۔ بیٹھک میری اُن کی مشترک تھی ساتھ کے اُٹھنے بیٹھنے سے معلوم ہوا کہ انھوں نے اُردو کی شدبد کے علاوہ مشن سکول میں انگریزی کی تعلیم بھی پائی ہے۔ یہ معلوم کر کے میں تو کسی قدر کھٹکا گر دیکھا تو ان کو پکا مسلمان پایا غلو کے ساتھ صوم وصلوٰۃ کے پابند۔ باوجودیکہ انگریزی میں اچھی لیاقت ہے مگر وضع ظاہر طرز ماندو بود اور گفتگو سے کوئی جان نہیں سکتا کہ ان کو انگریزی چھو بھی گئی ہے عبداللہ خاں کی وہ ادا جس کو میں نے بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھا یہ تھی کہ ۱۸۵۷ء کے غدر نے جو آگ ملک میں لگائی تھی وہ ابھی تک پڑی سُلگ رہی تھی یعنی دار وگیر جاری تھی تو جو لوگ ناکردہ گناہ دشمنوں کی مخبری پر یا محض اشتباہ پر ماخوذ تھے ان کے عزیز وقریب ان کی رہائی کے لیے یہاں صدر الہ آباد میں آکر پڑے ہوئے تھے اور ان کو انگریزی استغاثے اور اپیلیں لکھوانے کی ضرورت ہوتی تھی اور وکیلوں اور بارسٹروں کی یہ کیفیت کہ کسی کا گھر جلے اور کوئی تاپے تو میں عبداللہ خاں کو دیکھتا تھا کہ راتوں کو بیٹھ بیٹھ کر مسلمانوں کی اپیلیں مفت لکھتے اور کوئی کچھ دیتا بھی تو بڑے مضایقے کے ساتھ لیتے اس وقت مسلمانوں کی امداد اور خیر خواہی کا اس سے بہتر کوئی پیرایہ نہ تھا۔ سب سے پہلے شخص جنہوں نے انگریزی اور انگریزی دانوں کی طرف سے میرے سوءِ ظنہ کو دور کیا وہ عبداللہ خاں تھے عبداللہ خاں کو دیکھ کر آزما کر میں نے اول بار سمجھا کہ انگریزی اور اسلامی عقائد مانعۃ الجمع نہیں۔ عبداللہ خاں مذہبی آدمی تو تھے ہی اکثر مجھ سے قرآن کی آیتوں اور دعاؤں کے معنی پوچھتے رہتے تھے تو میں متعلق الفاظ ایسی طرح سمجھاتا کہ وہ جلدی سے سمجھ لیتے اور عبارت سے استنباط مطلب پر قادر ہو جاتے۔ یوں تو برابر عبداللہ خاں مجھ سے انگریزی پڑھنے کے لیے کہتے رہتے تھے اب انھوں نے میری اتنی ذری سی

امداد کے صلے میں زیادہ اصرار کرنا شروع کیا اور کہا کہ میں تم کو چنگی بجاتے میں انگریزی سکھا دوں گا۔ غرض میں نے انگریزی پڑھنی شروع کی۔ مگر مشکل یہ تھی کہ میری نوکری تھی دورے کی تو میں کیا کرتا کہ سامان ٹاپ کی عربین نائیٹس[۵۱] کے دس دس پندرہ پندرہ صفحے عبداللہ خاں سے دیکھ لیتا اور دورے میں اُن کو رٹا کرتا۔ شروع شروع میں تو انگریزی کے ہجوں سے ایک طرح کی وحشت ہوئی مگر جب ہزار ڈیڑھ ہزار لفظ ذہن نشین ہو گئے تو میں انگلش اِنٹو اُردو ڈکشنری کی مدد سے آسان آسان عبارتوں کا مطلب نکالنے لگا اور یہ صرف چھ مہینے میں۔ اس طرح پر انگریزی کے سیکھنے میں مجکو یہ بات معلوم ہوئی کہ آدمی کوئی سی زبان بھی باقاعدہ سیکھ لے تو اُس کی مدد سے دوسری زبان کا سیکھنا آسان ہو جاتا ہے۔ میں نے انگریزی سبقاً سبقاً ترتیب سے نہیں پڑھی اور انگریزی کی گرامر مجھے اب تک بھی نہیں آتی مگر چونکہ عربی ٹھوک بجا کر پڑھی تھی اس نے انگریزی کو میرے لیئے ایسا سہل کر دیا کہ جو مدرسے کے لڑکے برسوں میں کرتے ہیں میں نے مہینوں میں کر لیا۔ میر ناصر علی خاں ذوالقدر مرحوم نے جو الہ آباد میں اول درجے کے ڈپٹی کلکٹر تھے اور میرے حال پر خاص عنایت فرماتے تھے میری انگریزی کو میری غیر معمولی ذہانت پر محمول فرمایا اور چوں کہ خود لائق اور لیاقت کے قدر شناس تھے مجکو عزیز رکھنے لگے اسی اثنار میں اول بار انکم ٹیکس ایکٹ جاری ہوا سر ولیم میور نے جو اُن دنوں رونیو بورڈ کے سینیر ممبر تھے میر ناصر علی خاں سے اُس کے اُردو ترجمے کی فرمایش کی اُنھوں نے عذر کیا کہ مجکو تو انگریزی نہیں آتی ہاں ایک شخص میری نظر میں ہے میں اُس کو حاضر کروں گا حضور اُس کا امتحان لے لیں میرے نزدیک وہ کر سکے گا اور اچھا کر سکے گا۔ وہاں تو ڈپٹی صاحب نے یہ کہا اور مجکو بلا کر فرمایا کہ میں تیرا نام لے آیا ہوں اور کل میں تجھ کو میور صاحب پاس لے چلوں گا یہ سن کر میرے تو ہوش اُڑ گئے اور میں نے کہا کہ آپ نے یہ کیا غضب کیا اور میں آج ہی رات کو دورے پر چلا جاتا ہوں فرمایا کہ کہیں جاؤ جو تمہارے انسپکٹر جنرل بادیو پرشاد اُن کے نام حکم جائے گا اور وہ

---

[۵۱] الف لیلہ کا انگریزی ترجمہ۔ ۱۲

تم کو بچہ کر بھیجدیں گے میں دیر تک حجت کرتا رہا یہاں تک کہ ڈپٹی صاحب ناخوش ہونے لگے اور میں نے سمجھا کہ واقع میں انھوں نے نادانی کر کے میرا نام لے دیا آخر میں چلا آیا مگر مجکو سارہی رات نیند نہیں آئی میں اس خیال میں مستغرق رہا کہ کل وے برندش ہوگا اور چھوٹتے ہی میور صاحب انگریزی بولیں گے تو میں کیا سمجھوں گا اور کیا جواب دونگا ضرور اُس احمق بہرے بھنڈ کا سا حال ہونا ہے کہ وہ ایک بیمار کی عیادت کو گیا اَلتَّهْدِيدُ عَنِ السَّمْعِ لِمَعْذُورُوْنَ میں سے تو تھا ہی اور اس پر بے بصیرت آپ ہی آپ دماغ بیہودہ بخت وخیال باطل بست کہ میں صاحب سلامت کے بعد مزاج پوچھوں گا تو وہ جیسا دستور ہے کہیں گے کہ ہاں اب تو کسی قدر تخفیف ہے اس پر میں کہوں گا اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔ پھر میں پوچھوں گا کہ کون صاحب معالج ہیں۔ وہ کسی کا نام لیں گے تو میں کہوں گا شَكَرَ اللّٰهُ سَعْيَهُ پھر میں بیمار کا دل خوش کرنے غسل صحت کے لیے پوچھوں گا۔ وہ کوئی دن بتائیں گے۔ میں کہوں گا بَارَكَ اللّٰهُ اور چوں کہ آداب عیادت میں یہ بھی ہے کہ بیمار کے پاس حتی الوسع جلسہ خطیبی سے زیادہ نہ بیٹھے بس اتنی ہی باتیں کر کے رخصت ہولوں گا۔ لیکن سوچا کچھ اور ہوا کچھ اس نے مزاج پوچھا تو بیمار نے مری ہوئی آواز سے کہا کیا پوچھتے ہو مصرع

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی	

اس نے اُسی اللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ کا اعادہ کیا اس نے طبیب کو پوچھا تو بیمار نے جل کر کہا عزرائیل اس نے جواب میں شکر اللہ سعیہ سے دعا دی۔ آخر میں اس نے غسل صحت کو دریافت کیا۔ بیمار نے مایوسانہ یہ شعر پڑھا ؎

موت ہی سے کچھ علاج درد فرقت ہو تو ہو		غسل میت ہی ہمارا غسل صحت ہو تو ہو	

یہ احمق عیادت کنندہ تو بارک اللہ کہہ کر رخصت ہوا اور بیمار اور بیمار داروں نے بہت ہی بُرا مانا۔ ایسے خیالات نے مجھے رات بھر بے چین رکھا۔ اگلے دن تو نہیں بجے تھے کہ آدمی دوڑا ہوا آیا کہ ڈپٹی صاحب بگھی لیے کھڑے ہیں۔ جانا پڑا مگر رستے بھر مارے غصے کے میں نے

۵۱ سننے سے بے نصیب ۵۲ خدا زیادہ کرے ۵۳ خدا کرے ان کی سعی کامیاب ہو ۵۴ مبارک ہو۔ ۱۲

ڈپٹی صاحب سے آنکھ تک نہیں ملائی۔ ڈپٹی صاحب مجھے باہر بٹھا آپ اندر چلے گئے بس کوئی چار پانچ منٹ گزرے ہوں گے کہ میری طلبی آئی قریب جاکر سلام کیا۔ دیکھا کہ سخت عدیم الفرصت ہیں۔ انگریزی کاغذات کے بہت سے بنڈل سامنے دھرے ہیں سر جھکائے دیکھ دیکھ کر اُن پر پنسل سے کچھ لکھا اور الگ رکھ دیا۔ مجھے سلام کرتے کو تو کیا دیکھا ہوگا مگر میری آہٹ پاکر اُسی طرح جھکے جھکے اُردو میں پوچھا کہ علم کہاں حاصل کیا۔ عرض کیا دہلی کالج میں۔ اور جس طرح موسیٰ علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام نے وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ[۵۱] کے جواب میں هِيَ عَصَايَ[۵۲] کے ساتھ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ اُخْرَىٰ زیادہ کردیا تھا اتنا میری زبان سے اور نکلا کہ جب حضور نے غدر سے پہلے کالج کا ملاحظہ فرمایا تو میں عربی کی اول جماعت میں تھا بلکہ حضور نے مجھ سے تاریخ یمینی کا ایک قصیدہ بھی پڑھوا کر سنا تھا۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ سر ولیم میور نے میری اس بات کو توجہ سے سُنا یا نہ سنا مگر سامنے گزٹ کی نتھی پڑی تھی اُٹھا کر مجھے دی اور فرمایا کہیں سے اس کے ایک چیپٹر کا ترجمہ کرکے آج ہی کے دن اسی وقت مجکو دکھا جانا۔ اس کے بعد ڈپٹی صاحب اور میں دونوں رخصت ہوئے۔ رستے میں ڈپٹی صاحب نے مجھے خوب آڑے ہاتھوں لیا۔ مکان پر پہنچنے کے ساتھ میں تو ستو باندھ کر ترجمے کے پیچھے پڑا چھوٹا سا چیپٹر منتخب کیا الفاظ کو ڈکشنری میں دیکھا اور مطلب کے زور سے مطلب سمجھا پھر ترجمہ تو مونہ کا نوالا تھا۔ میعاد سے تین دن پہلے میں نے اصل و ترجمہ ڈپٹی صاحب پاس بھیج دیا کہ یہ بھی ایک نظر دیکھ لیں۔ یہ ایسے جلد باز کہ اُسی وقت میور صاحب پاس لے دوڑے۔ انھوں نے دیکھ کر پسند کیا اور فرمایا کہ نذیر احمد ترجمہ کرے اور وقتاً فوقتاً ڈپٹی صاحب سکرٹری کو دکھاتا رہے۔ ڈپٹی صاحب نے کہا کہ وہ سررشتۂ تعلیم کا ملازم ہے اور اکثر دورے میں رہتا ہے اس پر میور صاحب نے بابو شیو پرشاد صاحب کے نام ایک چٹ لکھدی کہ نذیر احمد کو

---

۵۱ موسیٰ تمھارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے ۱۲ ۵۲ میری لاٹھی ہے کہ میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اسی سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں اس کے علاوہ اس سے میرے اور بھی کئی کام نکلتے ہیں۔ ۱۲

کو انکم ٹیکس ایکٹ کے ترجمے کے لیئے اُس کے کام سے سبکدوش کرو۔ یہاں کا تو قصہ یہاں چھوڑا یہاں سنو اب ذرا ترجمے کا بیان۔ میور صاحب نے جو دن مقرر فرمایا تھا میں نے ایک دن پہلے ڈپٹی صاحب سے جا کر کہا کہ اب کل مجکو لے چلئے گا۔ ڈپٹی صاحب نے روکھے پھیکے ہو کر فرمایا کہ مجھ سے جو نادانی ہوئی تھی میں نے اُس کو نباہ دیا۔ اب تم جانو اور میور صاحب جانیں میں نے بہتیری ہی منت اور سماجت کی اُنھوں نے میور صاحب تک چلنے کی ہامی ہی نہ بھری یہاں تک کہ عین دن کے دن میں نے صبح سے جا کر دہرنا دیا پھر بھی وہ انکار ہی کرتے رہے۔ جب مجھے خوب زچ کر لیا اور میں رونکا سا ہوا تو بورڈ کا سرکاری لفافہ میرے آگے ڈال دیا اُس میں میور صاحب کے دستخطی چٹ بابو شیو پرشاد صاحب کے نام کی تھی کہ نذیر احمد کو انکم ٹیکس ایکٹ کے ترجمے کے لیئے اس کے کام سے سبکدوش کرو۔ غرض میں باطمینان ترجمے کے کام میں مشغول ہو گیا۔ بڑا آدھا ترجمہ کر چکا تھا کہ بابو صاحب آ دھمکے اور میں اُن کی پیش دستی میں ترجمہ کرنے لگا۔ اس سے مجکو بے دلی سی ہوئی مگر ڈپٹی صاحب نے سمجھایا کہ میور صاحب اور لوکو صاحب تم کو جان چکے ہیں ان کا اتنا جاننا تمہارے لیئے بس کرتا ہے۔ ڈپٹی صاحب۔ تمہارے کیئے ہوئے میں بابو صاحب نے تو کچھ تصرف نہیں کیا۔ میں ایک نقطے کا بھی نہیں۔ ڈپٹی صاحب۔ بس تو مال میں آنے کی تیاری کرو۔ یہ کہہ کر مجھے شفقت سے زیادہ پاس بلایا اور خوش ہو ہو کر اور اور باتیں کرتے رہے جیسے اِن کو میری آیندہ ترقی کا اذعان تھا۔ یہ ہی مودتِ اہل صفا چہ در روچہ در قفا۔ انکم ٹیکس ایکٹ کے ترجمے پر تو اس کے سوا کوئی عاجل منفعت مترتب ہوئی نہیں کہ بابو شیو پرشاد صاحب لوصاحب پاس میرا آنا جانا سُن کر ذرا سیدھی طرح بولنے بات کرنے لگے اور ہاں میری انگریزی کو اس سے بہت فائدہ پونہچا۔ اور اب مجکو عربی کی بھی قدر آئی۔ یا تو انکم ٹیکس ایکٹ کے ترجمے کا نام سُن کر میرے حواس باختہ ہو گئے تھے یا اب ایسا ہوا کہ کھلا کہ میں نے لوصاحب سے مانگ کر بورڈ کے کئی سرکلر ترجمے کیئے۔ اور میں ایسا خیال کرتا ہوں کہ ترجمے کی جنتری میں سے نکل کر میری اُردو کی تحریر بھی ٹھیک ہو گئی۔ اور

مجکو لفاظی اور قافیہ بندی اور مبالغہ اور استعارات اور تشبیہات کے بدون سادہ سلیس شگفتہ عبارت میں ادائے مطلب کا ڈھب آگیا جس کو آگے چل کر لوگوں نے بہت پسند کیا اور ہر تو میری طبیعت ترجمے کی سان پر چڑھی ہوئی تھی اور ہر اسی کے مقارن سر جارج ایڈمنسٹن اپنی خاص نگرانی میں پینل کوڈ کا اردو ترجمہ کرا رہے تھے اس طرح پر کہ بریلی کے منشی عظمت اللہ ترجمے کرتے پھر ریڈ صاحب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن کے میر منشی مولوی کریم بخش صاحب اس کو بناتے پھر ریڈ صاحب انگریزی سے مقابلہ کرتے اس سب کے بعد وہ ترجمہ اصلاح خاتم کے لیئے لفظ بلفظ لاٹ صاحب کو سنایا جاتا تب کہیں جاکر وہ ٹھکانے سے بیٹھتا۔ لاٹ صاحب معمولی سرمائی دورے کے لیئے پہاڑ پر سے اترے۔ الہ آباد پونچھنے میں ابھی ہفتے عشرے کی دیر ہو کر ریڈ صاحب کی چھٹی میرے نام آئی کہ لاٹ صاحب صرف دو دن الہ آباد ٹھیر کر بنارس چلے جائیں گے عظمت اللہ کریم بخش ان کے ساتھ مجھ سے آگے بڑھ جائیں گے میں چند روز ٹھہر کر ہل صاحب کمشنر کے یہاں الہ آباد ٹھیروں گا تم کچہری کے وقت میں عظمت اللہ کا ترجمہ مجھے سنا دیا کرنا چنانچہ لاٹ صاحب آئے بھی اور گئے بھی میں حکم کے مطابق ہر روز جاتا اور جس طرح حاکم کے سامنے رپورٹ خوانی ہوتی ہے منشی عظمت اللہ کا ترجمہ مولوی کریم بخش کا بنایا ہوا ریڈ صاحب کو سنا کر چلا آتا۔ ریڈ صاحب جگہ جگہ رکتے اور کبھی کبھی ناخوش بھی ہوتے مجھ پر نہیں مترجموں پر میں تین چار دن ریڈ صاحب کا منگ ڈھنگ دیکھتا رہا کہ کیا چاہتے ہیں اور کہاں اٹکتے ہیں۔ جب اس کی اٹکل مل گئی تو میں نے بیچ میں سے چار پانچ دن کے سنانے کی قدر چھوڑ اٹھارویں چیپٹر سے متوکلاً علی اللہ آپ ترجمہ شروع کر دیا۔ دستور یہ تھا کہ برخاست کرتے وقت ریڈ صاحب سکشنوں کو گن لیا کرتے تھے۔ تو فی یوم اکثر سات سکشنوں کا اوسط پڑتا رہتا تھا۔ اٹھارویں باب پر پہنچ کر تو میں نے ہمت کر کے اپنا ترجمہ پڑھا۔ خدا کا کرنا پہلے ہی دن تیرہ سکشن پاس ہوئے۔ اٹھتے وقت گنا تو شبہ ہوا کہ شاید کچھ سکشن چھوٹ گئے بار بار الٹ کر دیکھنے سے معلوم ہوا کہ نہیں کچھ چھوٹا نہیں تو ریڈ صاحب کو بڑا تعجب ہوا تب میں نے

---

۱۵ انگریزی مجموعہ تعزیرات ہند۔ ۱۲

دبی زبان سے کہا یہ ترجمہ میں نے کر لیا تھا کہ دیکھوں کر بھی سکتا ہوں یا نہیں۔ اس پر ریڈ صاحب کو اور بھی تعجب ہوا۔ ترجمہ تو مجھ سے لے لیا اور لاٹ صاحب کے نام کی ایک چٹھی میرے حوالے کی کہ آج ہی ڈاک میں بنارس پونہچ کر یہ چٹھی لاٹ صاحب کو دو وہ تم کو ترجمے میں شریک کر لیں گے اور میں بھی آج کے چوتھے دن لاٹ صاحب کے کیمپ میں ہوں گا۔ غرض میں بنارس پونہچا اور منشی عظمت اللہ اور مولوی کریم بخش کے ساتھ ثالث الاثالث[1] بنا لیا گیا میرا منصب کرٹیسیا رز یعنی نکتہ چینی کا تھا۔ میں نے اسی میں لاٹ صاحب اور ریڈ صاحب دونوں کی نظر میں اتنا اعتبار پیدا کر لیا کہ ترجمے کے ختم ہونے پر جو منشی عظمت اللہ اور مولوی کریم بخش کو دیا وہ مجھ کو دیا یعنی پانچ چھ سو کی مسیکب کی قیمتی گھڑی جس کے ڈھکنے کے اندر نام اور عطیہ گورنمنٹ ولایت سے کندہ ہو کر آیا اور ڈپٹی کلکٹری کے لیے تینوں کو یکساں نام زد کر دیا۔ ہاں اس کو جو چاہو سمجھ لو کہ میں نے بحکم گورنمنٹ لکھنؤ رہ کر منشی نول کشور کے یہاں ترجمہ چھپوایا میں نے انڈکس بنایا میں نے دفعات کے خلاصے لکھے۔ میری اس کامیابی سے یوں تو جیسا قاعدہ ہے میرے دوست احباب سبھی خوش ہوئے لیکن اوروں کی خوشی خالی خوشی تھی ہاں لکھنؤ سے واپس آ کر جو میں لو صاحب کے سلام کو گیا تو انھوں نے کہا تم نے بڑی دیر لگائی کان پور میں ایک تحصیل داری خالی ہونے والی ہے میں نے تمہارے انتظار میں اس کو روک رکھا ہے ڈپٹی کلکٹری تو آپ لوگوں کو ملے گی ضرور ملے گی مگر میرے نزدیک پایہ بیا پایہ چڑھنا اچھا ہے اور میں بھی عن قریب کلکٹری پر جانے والا ہوں میں نے سوچا کہ نقد را بہ نسیہ گزاشتن کار خردمنداں نیست جیسا آیا تھا ویسا ہی لو صاحب سے چٹھی لے کان پور کو لوٹ گیا تحصیل دار ہوا تو سائنسی علم دریاؤ میں تھا اس کو چسکے سے نابلد لوگوں پر اپنا وقار قایم رکھ کر کام سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مجھ کو قانون اور ہدایت نامہ اور سرکلر اور دستور العمل اور مثلوں کے دیکھنے میں طالب العلمی سے بہت زیادہ محنت کرنی پڑی۔ اور شاید کارروائی کے لیے میں اتنی محنت نہ بھی کرتا تحصیلداری

[1] چوتھے کے تین بازوؤں کا تیسرا بازو ۱۲

کے امتحان میں صرف تین یا چار مہینے باقی تھے اور میں جدید الخدمت ہونے کا عذر کرتا تو ضرور پذیرا بھی ہوتا مگر میں نے کہا کہ برس روز تک کون دگدے میں رہے میں نے جان توڑ کر ایسی محنت کی کہ روزمرہ کے کام کو بھی پس ماندہ نہ ہونے دیا اور ساتھ ہی کے ساتھ امتحان کے لیے بھی تیاری کرتا رہا۔ اس محنت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ساتھ کے امتحان دینے والوں میں سب میں اول رہا۔ اب یہ وقت آیا تھا کہ میں دن بھر گاؤ تکیہ لگائے بیٹھا تھے بجایا کرتا مگر وہ جو کہتے ہیں کام کرنے والے کو کام کی کمی نہیں ان ہی دنوں ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۱ء کا اردو ترجمہ ضابطہ فوجداری گورمنٹ گزٹ میں شائع ہوا۔ باوجودے کہ ضابطہ گویا قانون تعزیرات ہند کا ضمیمہ تھا چاہیئے تھا کہ تعزیرات ہند کی طرح ہم ہی لوگ ضابطے کا بھی ترجمہ کرتے مگر کسی کو اس کا خیال نہ آیا اور مسٹر ولسٹن مترجم گزٹ نے اپنے طور پر بلا لحاظ تعزیرات ہند ضابطے کا ترجمہ کر میرے شیرنے گزٹ میں چھپوایا بھی دیا تو تعزیرات ہند اور ضابطے میں اختلاف ہوا [illegible] کے ذریعے سے یہ بات گورمنٹ کے کانوں تک پونہچائی۔ بات معقول تھی گورمنٹ نے فروگزاشت کو تسلیم کیا اور آخر مجھی کو ضابطے کا ترجمہ درست کرنا پڑا۔ غرض تحصیل داری کا زمانہ جو دو برس سے متجاوز نہ تھا کام سے آگاہی پیدا کرنے بجا آوری خدمت اور ضابطہ فوجداری کی اصلاح میں مشغول رہا۔ پھر میں ڈپٹی کلکٹر کر دیا گیا دو مہینے کان پور میں کام کرنے پایا تھا کہ محنت جو میری قسمت میں لکھی تھی گورکھپور لے گئی۔ دیکھا کہ ضلع بجائے خود ڈویژن ہے جس کا ایک ایک پرگنہ آبادی اور مالگزاری اور وسعت رقبہ میں بڑے بڑے اضلاع کی ہمسری کرتا ہے اور شملہ بمقدار علم جیسا ضلع بڑا ہو ویسا ہی مال فوجداری کا معمولی کام بہت ہے اور بندوبست اس کے علاوہ۔ کثرت کار دیکھ کر گھبرایا تو سہی مگر ہمت نہیں ہاری رات دن محنت کر کے کام کو کار آمروز بفر دا گزار پر لا ڈالا۔ مرتے کو مارے شاہ مدار کثرت کار کے علاوہ ایک بنچ ڈپٹی کلکٹری کے امتحان کی اور تھی لیکن محنت میں خدا نے بڑی برکت دی ہے دن بھر کام کی اوہیڑبن میں رہا رات کو امتحان کے لیے کتابوں کی ورق گردانی کی

بارے تمام پراونس میں مال و فوجداری دونوں صیغوں میں اول رہا اور بقیۃ العمر امتحانوں سے چھٹی پائی۔ اس کے بعد میری بدلی ضلع جالون کو ہوگئی۔ مصرع

بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں بیداست	

یہاں بھی وہی بندوبست۔ بندوبست میں رد کرفرصت کی توقع ایسی ہو جیسے کوئی شخص چیل کے گھونسلے میں انس ڈھونڈتا پھرے۔ التماس کہ میرے لیے کہ میں کارِ سرکار میں تغافل کو بھی فرضوں کی طرح اپنے اوپر لازم کر لیا کرتا تھا۔ بندوبست کی کم فرصتی پر ایک حکایت یاد آئی۔ کہ میں ایک بار رمضان کے مہینے میں دورے پر تھا اتفاق سے ایک دوست غالی فی المذہب دن کے وقت تشریف لائے اور مجھے حقہ پیتے دیکھ لیا تعجب کیا اور پوچھا کہ کیا آپ کو روزہ نہیں۔ میں نے کہا پوچھنے کی کیا ضرورت ہے آپ دیکھتے ہی ہیں۔ فرمانے لگے خیر ہے کیا عذر ہے۔ میں نے کہا سفر۔ دوست۔ دورے کو امام ابوحنیفہ نے سفر تسلیم نہیں کیا۔ میں۔ کون امام ابوحنیفہ۔ دوست۔ ایں آپ کیسی تجاہل عارفانہ کی سی باتیں کرتے ہیں اجی وہی امام ابوحنیفہ جن کے ہم سب حنفی مقلد ہیں۔ میں۔ وہ کہیں بندوبست کے ڈپٹی کلکٹر بھی رہے تھے۔ دوست لاحول ولاقوۃ الا باللہ اُن کی شان اس سے ارفع اور اعلیٰ تھی اُنھوں نے خدمتِ قضا تو قبول کی ہی نہیں ڈپٹی کلکٹری لعنت ہیچ کیا چیز ہے۔ میں۔ امام ابوحنیفہ غلام زحمتِ کشتی نیاز مودہ بود۔ تو دورے کو سفر نہیں مانتے اور گورنمنٹ تین روپیہ روز بھتہ دیتی ہے از برائے خدا کہیں یہ مسئلہ کسی حاکم کے گوش گزار نہ کر دیجئے گا ورنہ ہم بیچارے ڈپٹی کلکٹروں کا بھتہ مارا جائے گا۔ باوجود ایسی عدیم الفرصتی کے بھی میں نے علمی مشغلہ نہ چھوڑا مگر ہاں اُس کی شان بدل دی۔ یعنی اب میرے بچے دو بیٹیاں جن میں سے بڑی کے جوان مرگ مرنے کا میرے دل پر داغ ہے اور ایک بیٹا خدا اُس کی عمر دراز کرے اس قابل ہوئے کہ اُن کو پڑھانا شروع کرایا جائے۔ بیٹے کے بارے میں تو ابھی وہ طفل رضیع ہی تھا تبھی سے میں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ جس طرح میں نے اپنے باپ سے پڑھنا شروع کیا تھا

میں آپ اس کو پڑھاؤں گا - رہیں بیٹیاں ان کے لیے قرآن ترجمہ قرآن اور چھوٹے چھوٹے مذہبی رسائل راہ نجات وغیرہ کے سوائے کوئی کتاب ہی نہ تھی - اور بیٹے کے لیے بھی سرکاری سکولوں کی کتابیں تو خاصی تھیں مگر میں ان سے زیادہ شگفتہ کتابیں چاہتا تھا تاکہ اس کو پڑھنے سے وحشت نہ ہو - اس پر بھی ایک حکایت یاد آئی اور اکثر یاد آیا کرتی ہے کہ بشیر کوئی پانچ برس کا ہوگا میری عادت تھی کہ کھانا کھانے سے فارغ ہو کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مصرع

شکر نعمتہا ے تو چند اں کہ نعمتہا ے تو	

بالالتزام پڑھا کرتا تھا تو ایک دن بشیر نے پوچھا کہ ابا جان آپ کھانے کے بعد یہ کیا پڑھا کرتے ہیں میں نے کہا بیٹا خدا نے عزت و آبرو کے ساتھ روزی دی ہے اس کا شکر کرتا ہوں کہنے لگا کہ مجھ کو بھی سکھا دیجئے میں نے کہا کہ عربی تو تم کو مشکل سے یاد ہوگی میں اردو کی دعا بنا دوں گا تم وہی پڑھ لیا کرنا - چنانچہ میں نے یہ شعر بنا دیا ؎

یہ رزق طیب بلا مشقت خدا کی قدرت کا ہے کرشمہ	گنہگاروں کو من و سلویٰ کیا عنایت گندموں کو حلوا

لڑکا اچھی تھی جلد ہی سے یاد ہو گیا اور بشیر کرتے کرتے کر وقت بے وقت پڑھتا پھرا مگر بچہ سمجھتا بوجھتا تو کچھ تھا نہیں گندموں کو حلوا کی جگہ گندموں کا حلوا زبان پر چڑھ گیا اور وہ اسی کو رٹتا رہا - بات تھی ہنسی کی نہ میں نے روکا نہ کسی کو روکنے دیا - اب تک بھی جب کبھی گندموں کا حلوا یاد آجاتا ہو تو ہم لوگ ہنسا کرتے ہیں - تو میں اپنے بچوں کے لیے ایسی کتابیں چاہتا تھا کہ وہ ان کو چاؤ سے پڑھیں - ڈھونڈا تلاش کیا کہیں پتہ نہ لگا - ناچار میں نے ہر ایک کے مناسب حالات آپ کتابیں بنانی شروع کیں بڑی لڑکی کے لیے مراۃ العروس چھوٹی کے لیے منتخب الحکایات - بشیر کے لیے چند پند - یہ نہیں کیا کہ کتابیں سالم لکھ لیں تب پڑھانی شروع

؎ خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور ہم کو مسلمان پیدا کیا اور ہماری آخری بات یہ ہے کہ سب طرح کی تعریف خدا کو ہیں جو سارے جہان کا پالنے والا ہے ۱۲

کیں۔ نہیں بلکہ ہر کتاب کے چار چار پانچ پانچ صفحے لکھ کو ہر ایک کے حوالے کر دیئے۔ مگر وہ بچوں کو ایسی بھائیں کہ جس کو پاؤ صفحہ کے پڑھنے کی طاقت تھی وہ آدھے صفحے کے لیئے اور جس کو ایک صفحے کی استعداد تھی وہ ورق کے لیے مستعجل تھا۔ جب دیکھو ایک نہ ایک متقاضی ہے کہ میرا سبق کم رہ گیا ہے۔ میں اسی وقت قلم برداشتہ لکھ دیا کرتا تھا۔ یوں کتابوں کا پہلا گھان پورا ہوا۔ اتنے میں تو کیمپبن صاحب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن دورہ کرتے کرتے ضلع کے ہیڈ کوارٹر اورئی کے باغ میں فروکش ہوئے شام کے وقت خیمے کے باہر درختوں کے تلے ٹہل رہے تھے کہ بشیر تانگن پر سوار دو تین آدمی ساتھ لیئے اُدھر سے نکلا صاحب کو دیکھ تانگن پر سے اُتر سلام کیا صاحب نے نام و نشان کے بعد پوچھا کیا پڑھتے ہو۔ بشیر چند پند صاحب۔ یہ نام تو ہم نے نہیں سنا۔ بشیر۔ یہ کتاب میرے والد نے میرے لیئے بنا دی ہے۔ صاحب۔ کتاب کا مضمون کیا ہے۔ بشیر۔ بڑی اچھی اچھی نصیحت کی باتیں ہیں۔ صاحب۔ مجکو وہ کتاب دکھا سکتے ہو۔ بشیر۔ میں ابھی جا کر گھر سے لے آتا ہوں وہ نالے پار رہا ہے گھر دکھائی دیتا ہے۔ تھوڑی دور سے لوٹ کر۔ میں بڑی آپا اور چھوٹی آپا کی کتابیں بھی لیتا آؤں چند پنہ ہے بھی اچھی ہیں بڑے مزے مزے کی باتیں ہیں۔ صاحب۔ ضرور سب لاؤ۔ بشیر نے بستے کا بستہ گھر سے لا صاحب کے حوالے کیا۔ شام کو میں جو کچہری سے گھر آیا تو بہن بھائی لڑ رہے تھے بہنوں کو شکایت تھی کہ ہماری کتابیں کیوں دے آئے میں نے سن کر کہا کہ کیا مضایقہ ہے میں تم سب کو اُن سے بہتر کتابیں بنا دوں گا۔ اگلے دن جو میں کیمپبن صاحب سے ملا تو انھوں نے شاید اُن کتابوں کو کچھ دیکھ بھال لیا ہوگا فرمایا ان کی نقلیں مجھے پرسوں تک کاپی پونہچا دو۔ یہاں میرے پاس خسرے کی صفائی میں بہت سے اجیر تھے خوش خط اور کتابیں بھی چھوٹے چھوٹے رسالے میں نے بشیر ازہ توڑا اوراق تقسیم کر دیئے شاموں شام نقل ہو کر آ گئے۔ چلتی ہوئی جلدیں بندھوا کر صاحب تو پرسوں تک کو کہہ گئے تھے۔ میں نے اگلے ہی دن کتابیں پونہچا دیں۔ کوئی دو مہینے بعد نینی تال سے کیمپبن صاحب کی چٹھی آئی کہ مراۃ العروس کو

پڑھ کر میں بہت ہی محظوظ ہوا یہ اپنے طرز مقبول میں پہلی ہی کتاب ہے اور ہزار روپئے کے انعام کی مستحق ہے اور اسی غرض سے میں اس کو گورنمنٹ میں پیش کروں گا۔ لفٹنٹ گورنر تھے وہی سر ولیم میور جن کی فرمائش سے میں نے انکم ٹیکس کا ترجمہ کیا تھا۔ انھوں نے تو مراۃ العروس کو آسمان پر چڑھا دیا ہزار روپیہ گورنمنٹ سے سرور بار انعام دیا ایک قیمتی ٹائم پیس میرا نام کندہ کرا کے جیب خاص سے کیمپبن صاحب اور اپنے رپورٹ گورنمنٹ گزٹ میں چھپوایا۔ وہ جو کہتے ہیں کہ مزدہ خوش دل کند کار بیش۔ میں نے بھی تصنیف کا ڈربہ کھول دیا اور اب بھی کھلا ہی سا ہوا ہے کے رعشے کی وجہ سے پٹ بھیڑ دیئے ہیں بند نہیں کیئے۔ مراۃ العروس کے بعد میں نے سینڈ فورڈ کی طرح کا ایک ناول بنات النعش لڑکیوں کے لیے لکھا اور اس کو بھی بطمع انعام سرکار میں چلتا کیا۔ ہر روز عید نہیں کہ حلوا خور دے کتنے تاہم پانسو روپیہ اس پر بھی انعام ملا اور چوں کہ بابو شیو پرشاد نے اتنے ہی کی سفارش کی میں اس پانسو کو بھی کئی پان سو کی برابر سمجھتا ہوں۔ ضلع جالون کا بندوبست ختم ہونے کو ہوا تو مجھکو پھر گورکھپور بدل دیا گیا بہتری میں تو گورکھپور کا نام سن کر ڈر گیا تھا مگر اس مرتبہ کام تھوڑا تھا اور تھوڑے دنوں کا بھی تھا مدتوں سے سالانہ رپورٹوں میں شکایت لکھی جا رہی تھی کہ ضلع بندوبست کے وقت ضلع گورکھپور میں جنگل بہت تھا اس کے بعد سے گرانٹ سسٹم پر جنگل کٹ کٹا کر کاشت ہو گئے نیپال کی ترائی کے لوگوں نے کتنے گانو بسا لیئے کام اور عمال کو کثرت کار رعایا کو صدر کی آمد و شد سے بہت تکلیف ہے اور اتنے لوگوں کی روک تھام بھی مشکل ہے۔ آخر کار ضلع گورکھپور سے کچھ علاقہ کٹ کر ضلع بستی قرار پایا۔ میری تعیناتی اسی غرض سے تھی کہ ضلع بستی کے کاغذات بندوبست الگ کر دوں۔ جیسا سرکاری کام تھوڑا تھا ویسا ہی ایک چھوٹا سا کام تصنیف و تالیف کا بھی مل گیا کہ میری پہلی آمد میں ایک مختصر بندوبست مسٹر لیپرڈن بھی کر گئے ہیں ان کا لحن تو نہ تھا مگر وہ آدمی تھے علم دوست دو چار ملاقاتوں میں مہربانی فرمانے لگے۔ انھوں نے قانون شہادت پر انگریزی میں ایک عالمانہ متن لکھا اور مجھ سے اس کے ترجمے کی فرمائش

کی - رسالہ تو چھوٹا تھا مگر بڑا ہی اوق - ون صاحب نے ترجمہ پسند کیا اور منشی نول کشور نے مطبع میں اُس کو چھپوایا بھی پھر مجکو نہیں معلوم ہوا کہ اُس کا کیا حشر ہوا - میں تو اس کا ذکر بھی نہ کرتا مگر آگے چل کر ان ہی پوروں صاحب کے ایک فرمایشی ترجمے کا حال بیان کروں گا جس کی وجہ سے میرے حق میں ایک بڑا مفید نتیجہ مترتب ہوا تفریق کاغذات کا کام پورا ہو لیا تو مجکو اعظم گڈھ بھیج دیا - کتاب بینی اور تصنیف و تالیف کی لذت تو فرصت ڈھونڈتی تھی ؎

جی چاہتا ہو پھر وہی فرصت کے رات دن	بیٹھے رہیں تصور جاناں کیے ہوئے

اور کُلُّ اِنسَانٍ اَلزَمنَاہُ طَائِرَہٗ فِی عُنُقِہٖ بندوبست ہو کہ پیچھا نہیں چھوڑتا - میں بار بار حکام سے درخواست کرتا ہوں کہ اب مجکو ضلع کا کام ملے حکام وعدہ بھی فرماتے ہیں مگر عین وقت پر مصرع

اے روشنی طبع تو بر من بلا شدی

پہلی نظر مجھ پر پڑتی ہے - میں تو بندوبست سے اس قدر ملول ہو گیا تھا کہ جب سر ولیم میور[۵۱] نے آگرہ کے مقام پر ڈیوک آف ایڈنبرا کی موجودگی میں مجکو مراۃ العروس کی تصنیف کے صلے میں انعام دیا ہے جس کا ذکر میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی کر چکا ہوں تو میں اُن کی شان میں عربی کا مدحی قصیدہ لکھ کر لے گیا تھا اُس میں تین شعر یہ بھی تھے ؎

وَلِی عَمَلٌ[۵۲] فِی الْبَندِ وَلَبِسْتُ وَحْشَۃً	اُکَابِدُھَا بِالصَّبْرِ مُنْذُ ثَمَانِ
نَھَذَا[۵۳] اِمْرَاءِیْ وَ اسْتَقَعْتُ تَلَوُّنًا	وَھٰذَا مَشِیْبِیْ شِبْتُ قَبْلَ اَوَانِ

۵۱ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے لفٹنٹ گورنر تھے جو عربی کے بڑے ادیب اور فاضل اجل تھے خدمت سے ریٹائر ہونے کے بعد وہ ایڈنبرا یونیورسٹی کے چانسلر تھے کیمپسن صاحب ایم اے - ان کے داماد ڈاکٹر کرآف پبلک انسٹرکشن تھے اُنھوں ہی نے مراۃ العروس اور توبۃ النصوح کا انگریزی ترجمہ کیا اور توبۃ النصوح کی ایک مبسوط شرح بھی انگریزی میں لکھی - ۱۲ ۵۲ اور میں آٹھ برس سے بندوبست میں ہوں اور مجکو بڑی محنت کرنی پڑتی ہے اور میں صبر کے ساتھ مشقت اُٹھاتا ہوں - ۱۲ ۵۳ اب یہ میری صورت ہے کہ میری رنگت متغیر ہو گئی ہے اور میں وقت سے پہلے بوڑھا ہو گیا ہوں ۱۲

	وَقِيلَ رِجَائِي وَالرَّجَاءُ مُعَوَّلِي		عَلَى ثِقَةٍ بِالنَّجْحِ وَالثُّكْلَانِ

اعظم گڑھ کے قیام کا زمانہ تصنیف وتالیف کے اعتبار سے اچھا کامیاب زمانہ تھا میں نے اعظم گڑھ میں ایک تو توبۃ النصوح لکھی جو میری تصنیفات میں سب سے زیادہ مقبول ہوئی - وہ مذہبی رنگ میں ڈوبی ہوئی تھی اور لاٹ صاحب کو گورنمنٹ کی نیوٹرلیٹی کے لحاظ سے مائل سکتا کہ وہ اس کو انعامی کتابوں کے شمول میں لے بھی سکتے ہیں یا نہیں - مگر کتاب کا پلاٹ کچھ ایسا بن پڑا تھا کہ لاٹ صاحب کو لیتے ہی بن آئی اور کتاب باوجودیکہ اسلام کے سانچے میں ڈھالی گئی تھی مگر اس میں کہیں بھی کوئی ایسی بات نہ تھی جس کو کوئی دوسرے مذہب کا آدمی دیکھ کر برا مانے - اس پر بھی گورنمنٹ نے ایک ہزار روپیہ اول درجے کا انعام دیا اور انعام سے بڑھ کر یہ ہوا کہ سول سروس کے کورس میں داخل کی گئی - میں جو کتابیں بناتا تھا تو صرف انعام کی طمع سے نہیں بلکہ اصل میں مجکو ان کتابوں کے ذریعے سے اپنے بچوں کی تعلیم منظور ہوتی تھی اور گورنمنٹ سے جو انعام مل جاتے تھے وہ روکھن میں - چنانچہ بشیر کے لیئے میں نے صرف ونحو عربی کے دو رسالے بنائے وہی اس کو پڑھائے اور انھیں رسالوں کی مدد سے وہ طالب العلمانہ طور پر اچھی خاصی طرح عربی عبارت کے پڑھنے پر قادر بھی ہوگیا - صرف کا رسالہ صَائِغُ الْبَنَائِكَ فِي الصَّرْفِ چھپوا کر سرکار میں پیش بھی کیا وہاں سے لکھ کر واپس آیا کہ جن مولویوں سے اس پر رائے لی گئی وہ اس کو پسند تو کرتے ہیں مگر ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ جو کورس اگلوں سے چلا آیا ہے اس کو بدلنا مناسب نہیں - شعر فہمی عالم بالا معلوم شد کے بعد میں نے صَائِغُ الْبَنَائِكَ فِي النَّحْوِ

لہ اور مجکو آپ سے بڑی امید ہے اور امید پر مجکو بھروسہ ہے اور کامیابی کا یقین - ۱۲ لہ یہ کتاب مولوی علی احمد صاحب برادر اکبر مولوی نذیر احمد صاحب میرے والد ماجد مرحوم ومغفور کی فرمائش پر لکھی تھی جس کا نام انھوں نے "توشیح المرام" رکھا تھا اور میں نے سبقاً سبقاً پڑھی تھی - نحو میں یہ کتاب بہت جامع ہے لیکن جب سال صرف کا وہ حشر ہوا کہ نہ چلی تو نحو کی کتاب کے روبراہ ہونے کی کیا امید تھی - اس زمانے میں عربی کی تعلیم ہی گئی ہوئی ہے تو پھر اس کتاب کے چلنے کی کیا امید کی جاسکتی تھی لہذا اس کے چھپوانے کی ہمت نہ پڑی اور یہ بیش بہا ذخیرہ یوں ہی پڑا ہوا

دبی زبان سے کہا یہ ترجمہ میں نے کرلیا تھا کہ دیکھوں کر بھی سکتا ہوں یا نہیں۔ اس پر ریڈ صاحب کو اور بھی تعجب ہوا۔ ترجمہ تو مجھ سے لے لیا اور لاٹ صاحب کے نام کی ایک چٹھی میرے حوالے کی کہ آج ہی ڈاک میں بنارس پونہچ کر یہ چٹھی لاٹ صاحب کو دو وہ تم کو ترجمے میں شریک کرلیں گے اور میں بھی آج کے چوتھے دن لاٹ صاحب کے کیمپ میں ہوں گا۔ غرض میں بنارس پونہچا اور منشی عظمت اللہ اور مولوی کریم بخش کے ساتھ ثالث الاثالث[1] بنالیا گیا میرا منصب کمشیائر یعنی نکتہ چینی کا تھا۔ میں نے اسی میں لاٹ صاحب اور ریڈ صاحب دونوں کی نظر میں اتنا اعتبار پیدا کرلیا کہ ترجمے کے ختم ہونے پر جو منشی عظمت اللہ اور مولوی کریم بخش کو دیا وہ مجھ کو دیا یعنی پانچ چھ سو کی میکیب کی قیمتی گھڑی جس کے ڈھکنے کے اندر نام اور عطیہ گورنمنٹ ولایت سے کندہ ہو کر آیا اور ڈپٹی کلکٹری کے لیے تینوں کو یکساں نام زد کردیا۔ ہاں اس کو جو چاہو سمجھو کہ میں نے بحکم گورنمنٹ لکھنؤ رہ کر منشی نول کشور کے یہاں ترجمہ چھپوایا میں نے انڈکس بنایا میں نے دفعات کے خلاصے لکھے۔ میری اس کامیابی سے یوں تو جیسا قاعدہ ہے میرے دوست احباب بھی خوش ہوئے لیکن اوروں کی خوشی خالی خوشی تھی ہاں لکھنؤ سے واپس آکر جو میں لو صاحب کے سلام کو گیا تو انھوں نے کہا تم نے بڑی دیر لگائی کان پور میں ایک تحصیل داری خالی ہونے والی ہے میں نے تمہارے انتظار میں اس کو روک رکھا ہے ڈپٹی کلکٹری تو آپ لوگوں کو ملے گی ضرور ملے گی مگر میرے نزدیک پایہ بپایہ چڑھنا اچھا ہے اور میں بھی عن قریب کلکٹری پر جانے والا ہوں۔ میں نے سوچا کہ نقد را بہ نسیہ گزاشتن کار خردمنداں نیست جیسا آیا تھا ویسا ہی لو صاحب سے چٹھی لے کان پور کو لوٹ گیا۔ تحصیل دار ہوا تو سائنسی علم دریاؤ میں تھا اس کوچے سے نابلد لوگوں پر اپنا وقار قایم رکھ کر کام سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مجھ کو قانون اور ہدایت نامہ اور سرکلر اور دستور العمل اور مثلوں کے دیکھنے میں طالب العلمی سے بہت زیادہ محنت کرنی پڑی۔ اور شاید کارروائی کے لیے میں اتنی محنت نہ بھی کرتا تحصیلداروں

[1] چوسلے کے تین بازوؤں کا تیسرا بازو ۱۲

کے امتحان میں صرف تین یا چار مہینے باقی تھے اور میں جدید الخدمت ہونے کا عذر کرتا تو ضرور پذیرا بھی ہوتا مگر میں نے کہا کہ برس روز تک کون دگدے میں رہے میں نے جان توڑ کر ایسی محنت کی کہ روزمرہ کے کام کو بھی پس ماندہ نہ ہونے دیا اور ساتھ ہی کے ساتھ امتحان کے لیے بھی تیاری کرتا رہا۔ اس محنت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ساتھ کے امتحان دینے والوں میں سب میں اول رہا۔ اب یہ وقت آیا تھا کہ میں دن بھر گاؤ تکیہ لگائے بیٹھا رہتے بجایا کرتا مگر وہ جو کہتے ہیں کام کرنے والے کو کام کی کمی نہیں ان ہی دنوں ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۹۶۱ء کا اردو ترجمہ ضابطہ فوجداری گورنمنٹ گزٹ میں شائع ہوا۔ باوجودے کہ ضابطہ گویا قانون تعزیرات ہند کا ضمیمہ تھا چاہیئے تھا کہ تعزیرات ہند کی طرح ہم ہی لوگ ضابطے کا بھی ترجمہ کرتے مگر کسی کو اس کا خیال نہ آیا اور مسٹر ولسٹن مترجم گزٹ نے اپنے طور پر بلا لحاظ تعزیرات ہند ضابطے کا ترجمہ کر میرے شیر نے گزٹ میں چھپوایا بھی دیا تو تعزیرات ہند اور ضابطے میں اختلاف ہوا ہی چاہتا اور ہوا بھی۔ میں نے میر ناصر علی خاں ذوالقدر کے ذریعے سے یہ بات گورنمنٹ کے کانوں تک پہنچائی۔ بات معقول تھی گورنمنٹ نے فروگزاشت کو تسلیم کیا اور آخر مجھی کو ضابطے کا ترجمہ درست کرنا پڑا۔ غرض تحصیل داری کا زمانہ جو دو برس سے متجاوز نہ تھا کام سے آگاہی پیدا کرنے بجا آوری خدمت اور ضابطہ فوجداری کی اصلاح میں مشغول رہا۔ پھر میں ڈپٹی کلکٹر کر دیا گیا دو مہینے کان پور میں کام کرنے پایا تھا کہ محنت جو میری قسمت میں لکھی تھی گورکھپور لے گئی۔ دیکھا کہ ضلع بجائے خود دو تہائی ہے جس کا ایک ایک پرگنہ آبادی اور مالگزاری اور وسعت رقبہ میں بڑے بڑے اضلاع کی ہمسری کرتا ہے اور شملہ بمقدار علم جیسا ضلع بڑا ہے ویسا ہی مال فوجداری کا معمولی کام بہت ہے اور بندوبست اس کے علاوہ۔ کثرت کار دیکھ کر گھبرایا تو سہی مگر ہمت نہیں ہاری رات دن محنت کر کے کام کو کار امروز بفردا مگزار پر لا ڈالا۔ مرتے کو مارے شاہ مدار کثرت کار کے علاوہ ایک پنج ڈپٹی کلکٹری کے امتحان کی اور تھی لیکن محنت میں خدا نے بڑی برکت دی ہے۔ دن بھر کام کی اوہیڑ بن میں رہا رات کو امتحان کے لیے کتابوں کی ورق گردانی کی

بارے تمام پراونس میں مال و فوجداری دونوں صیغوں میں اول رہا اور بقیۃ العمر امتحانوں سے چھٹی پائی۔ اس کے بعد میری بدلی ضلع جالون کو ہوگئی۔ مصرع

بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیداست	

یہاں بھی وہی بندوبست۔ بندوبست میں رہ کر فرصت کی توقع ایسی ہے جیسے کوئی شخص بیل کے گھونسلے میں مانس ڈھونڈتا پھرے خاص کر میرے لیئے کہ میں کارِ سرکار میں نفلوں کو بھی فرضوں کی طرح اپنے اوپر لازم کر لیا کرتا تھا۔ بندوبست کی کم فرصتی پر ایک حکایت یاد آئی کہ میں ایک بار رمضان کے مہینے میں دورے پر تھا اتفاق سے ایک دوست غالی فی المذہب دن کے وقت تشریف لائے اور مجھے حقہ پیتے دیکھ لیا تعجب کیا اور پوچھا کہ کیا آپ کو روزہ نہیں۔ میں نے کہا پوچھنے کی کیا ضرورت ہے آپ دیکھتے ہی ہیں۔ فرمانے لگے خیر ہے کیا عذر ہے۔ میں نے کہا سفر۔ دوست۔ دورے کو امام ابوحنیفہ نے سفر تسلیم نہیں کیا۔ میں۔ کون امام ابوحنیفہ۔ دوست۔ ایں آپ کیسی تجاہل عارفانہ کی سی باتیں کرتے ہیں۔ جی وہی امام ابوحنیفہ جن کے ہم سب حنفی مقلد ہیں۔ میں۔ وہ کہیں بندوبست کے ڈپٹی کلکٹر بھی رہے تھے۔ دوست لاحول ولاقوۃ الا باللہ اُن کی شان اس سے ارفع اور اعلیٰ تھی اُنھوں نے خدمتِ قضا تو قبول کی ہی نہیں ڈپٹی کلکٹری لعنت ہیچ کیا چیز ہے۔ میں۔ امام ابوحنیفہ غلام زحمتِ کشتی نیاز مودہ بود۔ تو دورے کو سفر نہیں مانتے اور گورنمنٹ تین روپیہ روز بھتہ دیتی ہے از برائے خدا کہیں یہ مسئلہ کسی حاکم کے گوش گزار نہ کر دیجئے گا ورنہ ہم بیچارے ڈپٹی کلکٹروں کا بھتہ مارا جائے گا۔ باوجود ایسی عدیم الفرصتی کے بھی میں نے علمی مشغلہ نہ چھوڑا مگر ہاں اُس کی شان بدل دی۔ یعنی اب میرے بچے دو بیٹیاں جن میں سے بڑی کے جوان مرگ مرنے کا میرے دل پر داغ ہے اور ایک بیٹا خدا اُس کی عمر دراز کرے اس قابل ہوئے کہ اُن کو پڑھانا شروع کرایا جائے۔ بیٹے کے بارے میں تو ابھی وہ طفل رضیع ہی تھا تبھی سے میں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ جس طرح میں نے اپنے باپ سے پڑھنا شروع کیا تھا

میں آپ اس کو پڑھاؤں گا - رہیں بیٹیاں ان کے لیئے قرآن ترجمہ قرآن اور چھوٹے چھوٹے مذہبی رسائل راہ نجات وغیرہ کے سوائے کوئی کتاب ہی نہ تھی - اور بیٹے کے لیئے بھی سرکاری سکولوں کی کتابیں تو خاصی تھیں مگر میں ان سے زیادہ شگفتہ کتابیں چاہتا تھا تاکہ اس کو پڑھنے سے وحشت نہ ہو - اس پر بھی ایک حکایت یاد آئی اور اکثر یاد آیا کرتی ہے کہ بشیر کوئی پانچ برس کا ہوگا میری عادت تھی کہ کھانا کھانے سے فارغ ہو کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مصرع

شکر نعمتہائے تو چند اں کہ نعمتہائے تو

بالالتزام پڑھا کرتا تھا تو ایک دن بشیر نے پوچھا کہ ابا جان آپ کھانے کے بعد یہ کیا پڑھا کرتے ہیں میں نے کہا بیٹا خدا نے عزت و آبرو کے ساتھ روزی دی ہے اس کا شکر کرتا ہوں کہنے لگا کہ مجھ کو بھی سکھا دیجئے میں نے کہا کہ عربی تو تم کو مشکل سے یاد ہوگی میں اردو کی دعا بنا دوں گا تم وہی پڑھ لیا کرنا - چنانچہ میں نے یہ شعر بنا دیا ؎

یہ رزق طیب بلا مشقت خدا کی قدرت کا ہے کرشمہ	گناہگاروں کو من و سلویٰ کیا عنایت گندموں کو حلوا

لڑکا اچھی تھی جلدی سے یاد ہو گیا اور بشیر کڑک کڑک کر وقت بے وقت پڑھتا پھرا اگر بچہ سمجھتا بوجھتا تو کچھ تھا نہیں گندموں کو حلوا کی جگہ گندموں کا حلوا زبان پر چڑھ گیا اور وہ اسی کو رٹتا رہا - بات بھی ہنسی کی نہ میں نے روکا نہ کسی کو روکنے دیا - اب تک بھی جب کبھی گندموں کا حلوا یاد آجاتا ہے تو ہم لوگ ہنسا کرتے ہیں - تو میں اپنے بچوں کے لیئے ایسی کتابیں چاہتا تھا کہ وہ اُن کو چاؤ سے پڑھیں - ڈھونڈا تلاش کیا کہیں پتہ نہ لگا - ناچار میں نے ہر ایک کے مناسب حالات آپ کتابیں بنانی شروع کیں بڑی لڑکی کے لیئے مراۃ العروس چھوٹی کے لیئے منتخب الحکایات - بشیر کے لیئے چند پند - یہ نہیں کیا کہ کتابیں سالم لکھ لیں تب پڑھانی شروع

؎ خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور ہم کو مسلمان پیدا کیا اور ہماری آخری بات یہ ہے کہ سب طرح کی تعریف خدا کو ہیں جو سارے جہان کا پالنے والا ہے ۱۲

کیں۔ نہیں بلکہ ہر کتاب کے چار چار پانچ پانچ صفحے لکھ کو ہر ایک کے حوالے کر دیئے۔ مگر وہ بچوں کو ایسی بھائیں کہ جس کو پاؤ صفحہ کے پڑھنے کی طاقت تھی وہ آدھے صفحے کے لیئے اور جس کو ایک صفحے کی استعداد تھی وہ ورق کے لیئے مستعجل تھا۔ جب دیکھو ایک نہ ایک متقاضی ہی کہ میرا سبق کم رہ گیا ہی۔ میں اسی وقت قلم برداشتہ لکھ دیا کرتا تھا۔ یوں کتابوں کا پہلا گھان پورا ہوا۔ اتنے میں تو کیمپین صاحب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن دورہ کرتے کرتے ضلع کے ہیڈ کوارٹر اورئی کے باغ میں فروکش ہوئے شام کے وقت خیمے کے باہر درختوں کے تلے ٹہل رہے تھے کہ بشیر ٹانگن پر سوار دو تین آدمی ساتھ لیئے اُدھر سے نکلا صاحب کو دیکھ ٹانگن پر سے اُتر سلام کیا صاحب نے نام و نشان کے بعد پوچھا کیا پڑھتے ہو۔ بشیر۔ چند پند صاحب۔ یہ نام تو ہم نے نہیں سنا۔ بشیر۔ یہ کتاب میرے والد نے میرے لیئے بنا دی ہی۔ صاحب۔ کتاب کا مضمون کیا ہی۔ بشیر۔ بڑی اچھی اچھی نصیحت کی باتیں ہیں۔ صاحب۔ مجکو وہ کتاب دکھا سکتے ہو۔ بشیر۔ میں ابھی جا کر گھر سے لے آتا ہوں وہ نالے پار ہمارا ہی گھر دکھائی دیتا ہی۔ تھوڑی دور سے لوٹ کر۔ میں بڑی آپا اور چھوٹی آپا کی کتابیں بھی لیتا آؤں چند پند سے بھی اچھی ہیں بڑے مزے مزے کی باتیں ہیں۔ صاحب۔ ضرور سب لاؤ۔ بشیر نے بستے کا بستہ گھر سے لا صاحب کے حوالے کیا۔ شام کو میں جو کچہری سے گھر آیا تو بہن بھائی لڑ رہے تھے بہنوں کو شکایت تھی کہ ہماری کتابیں کیوں دے آئے میں نے سن کر کہا کہ کیا مضایقہ ہی میں تم سب کو اُن سے بہتر کتابیں بنا دوں گا۔ اگلے دن جو میں کیمپین صاحب سے ملا تو انھوں نے شاید اُن کتابوں کو کچھ دیکھ بھال لیا ہوگا فرمایا ان کی نقلیں مجھے پرسوں تک کالپی پونہچا دو۔ یہاں میرے پاس خسرے کی صفائی میں بہت سے اجیر تھے خوش خط اور کتابیں بھی چھوٹے چھوٹے رسالے میں نے شیرازہ توڑا اوراق تقسیم کر دیئے شاموں شام نقل ہو کر آ گئے۔ چلتی ہوئی جلدیں بندھوا کر صاحب تو پرسوں تک کو کہہ گئے تھے۔ میں نے اگلے ہی دن کتابیں پونہچا دیں۔ کوئی دو مہینے بعد نینی تال سے کیمپین صاحب کی چٹھی آئی کہ مراۃ العروس کو

پڑھ کر میں بہت ہی محظوظ ہوا یہ اپنے طرز مقبول میں پہلی ہی کتاب ہے اور ہزار روپئے کے انعام کی مستحق ہے اور اسی غرض سے میں اس کو گورنمنٹ میں پیش کروں گا۔ لفٹنٹ گورنر تھے وہی سر ولیم میور جن کی فرمائش سے میں نے انکم ٹیکس کا ترجمہ کیا تھا۔ انھوں نے تو مراۃ العروس کو آسمان پر چڑھا دیا ہزار روپیہ گورنمنٹ سے سرور بار انعام دیا ایک قیمتی ٹائم پیس میرا نام کندہ کرا کے جیب خاص سے کیمپسن صاحب اور اپنے رو برو کو گورنمنٹ گزٹ میں چھپوایا۔ وہ جو کہتے ہیں کہ مزدہ بر خوش دل کند کار ہیں۔ میں نے بھی تصنیف کا ڈبہ کھول دیا اور اب بھی کھلا ہی سا رہتا ہے کہ رعشے کی وجہ سے پٹ بھیڑ دیئے ہیں بند نہیں کیئے۔ مراۃ العروس کے بعد میں نے سینڈ فورڈ کی طرح کا ایک ناول بنات النعش لڑکیوں کے لیئے لکھا اور اس کو بھی بطمع انعام سرکار میں چلتا کیا۔ ہر روز عید نہیں کہ حلوا خورد کسے تاہم پانسو روپیہ اس پر بھی انعام ملا اور چونکہ بابو شیو پرشاد نے اتنے ہی کی سفارش کی میں اس پانسو کو بھی کئی پان سو کی برابر سمجھتا ہوں۔ ضلع جالون کا بندوبست ختم ہونے کو ہوا تو مجکو پھر گورکھپور بدل دیا گیا بترقی میں تو گورکھپور کا نام سن کر ڈر گیا تھا مگر اس مرتبہ کام تھوڑا تھا اور تھوڑے دنوں کا بھی تھا مدتوں سے سالانہ رپورٹوں میں شکایت لکھی جارہی تھی کہ ضلع بندی کے وقت ضلع گورکھپور میں جنگل بہت تھا اس کے بعد سے گرانٹ سسٹم پر جنگل کٹ کٹ کر کاشت ہو گئے پنیالی کی ترائی کے لوگوں نے کتنے گانو بسا لیے حکام اور عمال کو کثرت کار سے رعایا کو حصار کی آمد و شد سے بہت تکلیف ہے اور اتنے لوگوں کی روک تھام بھی مشکل ہے۔ آخر کار ضلع گورکھپور سے کچھ علاقہ کٹ کر ضلع بستی قرار پایا۔ میری تعیناتی اسی غرض سے تھی کہ ضلع بستی کے کاغذات بندوبست الگ کردوں۔ جیسا سرکاری کام تھوڑا تھا ویسا ہی ایک چھوٹا سا کام تصنیف و تالیف کا بھی مل گیا کہ میری پہلی آمد میں ایک مہتمم بندوبست مسٹر لیورون بھی تھے میں ان کا ماتحت تو نہ تھا مگر وہ آدمی تھے علم دوست دو چار ملاقاتوں میں مہربانی فرمانے لگے انھوں نے قانون شہادت پر انگریزی میں ایک عالمانہ متن لکھا اور مجھ سے اس کے ترجمے کی فرمائش

کی - رسالہ تو چھوٹا تھا مگر بڑا ہی ادق - ون صاحب نے ترجمہ پسند کیا اور منشی نوال کشور نے مطبع میں اُس کو چھپوایا بھی پھر مجھکو نہیں معلوم ہوا کہ اُس کا کیا حشر ہوا - میں تو اس کا ذکر بھی نہ کرتا مگر آگے چل کر ان ہی پوروِن صاحب کے ایک فرمایشی ترجمے کا حال بیان کروں گا جس کی وجہ سے میرے حق میں ایک بڑا مفید نتیجہ مترتب ہوا تفریق کاغذات کا کام پورا ہو لیا تو مجکو اعظم گڈھ بھیج دیا - کتاب بینی اور تصنیف و تالیف کی لذت تو فرصت ڈھونڈتی تھی ؎

جی چاہتا ہو پھر وہی فرصت کے رات دن	بیٹھے رہیں تصور جاناں کیے ہوئے

اور کُلُّ اِنسَانٍ اَلزَمنَاہُ طَائِرَہٗ فِی عُنُقِہٖ بندوبست ہو کہ پیچھا نہیں چھوڑتا - میں بار بار حکام سے درخواست کرتا ہوں کہ اب مجکو ضلع کا کام نہ حکام وعدہ بھی فرماتے ہیں مگر عین وقت پر مصرع

اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی

پہلی نظر مجھ پر پڑتی ہے - میں تو بندوبست سے اس قدر ملول ہو گیا تھا کہ جب سر ولیم میور[۵۱] نے اگرہ کے مقام پر ڈیوک آف ادنبرا کی موجودگی میں مجکو مراۃ العروس کی تصنیف کے صلے میں انعام دیا ہے جس کا ذکر میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی کر چکا ہوں تو میں اُن کی شان میں عربی کا مدحی قصیدہ لکھ کر لے گیا تھا اُس میں تین شعر یہ بھی تھے ؎

وَلِی عَمَلٌ[۵۲] فِی الْبَندِ وَلْبَستِ وَحْشَۃٌ	اُکَابِدُ هَا بِالصَّبْرِ مُنْذُ ثَمَانِ
فَهَلْ[۵۳] اَمْرُ وَاءٍ وَ اَمْتَنِعْتُ تَلَوُّنًا	وَهٰذَا مَشِیْبِی شِبْتُ قَبْلَ اَوَانِ

۵۱ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے لفٹنٹ گورنر تھے جو عربی کے بڑے ادیب اور فاضل اجل تھے خدمت سے ریٹائر ہونے کے بعد وہ ایڈنبرا یونیورسٹی کے چانسلر تھے یہ کیمپسن صاحب ایم اے - ان کے داماد ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن تھے اُنھوں ہی نے مراۃ العروس اور توبۃ النصوح کا انگریزی ترجمہ کیا اور توبۃ النصوح کی ایک مبسوط شرح بھی انگریزی میں لکھی - ۱۲ ۵۲ اور میں آٹھ برس سے بندوبست میں ہوں اور مجکو بڑی محنت کرنی پڑتی ہے اور میں صبر کے ساتھ مشقت اُٹھاتا ہوں - ۱۲ ۵۳ اب یہ میری صورت ہے کہ میری رنگت متغیر ہو گئی ہے اور میں وقت سے پہلے بوڑھا ہو گیا ہوں ۱۲

	وَقَنِيْكَ رِجَائِيْ وَالرَّجَاءُ مُعَوَّلِيْ		عَلَى ثِقَةٍ بِالنُّجْحِ وَالثُّكْلَانِ

اعظم گڑھ کے قیام کا زمانہ تصنیف وتالیف کے اعتبار سے اچھا کامیاب زمانہ تھا۔ میں نے اعظم گڑھ میں ایک تو توبۃ النصوح لکھی جو میری تصنیفات میں سب سے زیادہ مقبول ہوئی۔ وہ مذہبی رنگ میں ڈوبی ہوئی تھی اور لاٹ صاحب کو گورنمنٹ کی نیوٹرلیٹی کے لحاظ سے تامل تھا کہ وہ اس کو انعامی کتابوں کے شمول میں لے بھی سکتے ہیں یا نہیں۔ مگر کتاب کا پلاٹ کچھ ایسا بن پڑا تھا کہ لاٹ صاحب کو لیتے ہی بن آئی اور کتاب باوجودیکہ اسلام کے سانچے میں ڈھالی گئی تھی مگر اس میں کہیں بھی کوئی ایسی بات نہ تھی جس کو کوئی دوسرے مذہب کا آدمی دیکھ کر برا مانے۔ اس پر بھی گورنمنٹ نے ایک ہزار روپیہ اول درجے کا انعام دیا اور انعام سے بڑھ کر یہ ہوا کہ سول سروس کے کورس میں داخل کی گئی۔ میں جو کتابیں بناتا تھا تو صرف انعام کی طمع سے نہیں بلکہ اصل میں مجکو ان کتابوں کے ذریعے سے اپنے بچوں کی تعلیم منظور ہوتی تھی اور گورنمنٹ سے جو انعام مل جاتے تھے وہ روکھن میں۔ چنانچہ بشیر کے لیے میں نے صرف ونحو عربی کے دو رسالے بنائے وہی اس کو پڑھائے اور انھیں رسالوں کی مدد سے وہ طالب العلمانہ طور پر اچھی خاصی طرح عربی عبارت کے پڑھنے پر قادر بھی ہوگیا۔ صرف کا رسالہ مَا يَغْنِيْكَ فِي الصَّرْفِ چھپوا کر سرکار میں پیش بھی کیا وہاں سے لکھ کر واپس آیا کہ جن مولویوں سے اس پر رائے لی گئی وہ اس کو پسند تو کرتے ہیں مگر ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ جو کورس اگلوں سے چلا آیا ہے اس کو بدلنا مناسب نہیں۔ شعر فہمی عالم بالا معلوم شد کے بعد میں نے مَا يَغْنِيْكَ فِي النَّحْوِ

لہ اور مجکو آپ سے بڑی امید ہے اور امید پر مجکو بھروسہ ہے اور کامیابی کا یقین۔ ۱۲ لہ یہ کتاب مولوی علی احمد صاحب برادر اکبر مولوی نذیر احمد صاحب نے میرے والد ماجد مرحوم ومغفور کی فرمایش پر لکھی تھی جس کا نام انھوں نے "توضیح المرام" رکھا تھا اور میں نے سبقاً سبقاً پڑھی تھی۔ نحو میں یہ کتاب بہت جامع ہے لیکن جب رسالہ صرف کا وہ حشر ہوا کہ نہ چلی تو نحو کی کتاب کے روبراہ ہونے کی کیا امید تھی۔ اس زمانے میں عربی کی تعلیم گری ہوئی ہے تو پھر اس کتاب کے چلنے کی کیا امید کی جاسکتی تھی لہذا اس کے چھپوانے کی ہمت نہ پڑی اور یہ تین سو روپیہ یوں ہی پڑا رہا

کو ہوا تک بھی نہ لگنے دی۔ مگر میری محنت پھر بھی رائگاں نہیں گئی کیوں کہ بشیر نے اس کو پڑھا اور اس سے فائدہ اٹھایا۔ سر ولیم میور کی گورنمنٹ کو تعلیم کی طرف خاص توجہ تھی ادھر تو بشیر منطق شروع کرنے والا تھا اُدھر گورنمنٹ کو سرکاری مدارس کے مبتدیوں کے لیے ایک رسالے کی ضرورت تھی اشتہار دیا گیا جگہ جگہ رسالے بننے لگے وَلٰکِنْ اَنّٰی دَلُوْکَ فِی الدَّلَاءِ میں نے بھی عربی اور انگریزی منطق کو ملا جلا کر ایک نئی قسم کا رسالہ لکھا مبادی الحکمۃ گیارہ رسالوں میں میرا رسالہ بازی لے گیا اور انعام کے پان سو جیتا کلکتہ یونیورسٹی نے اس کو کورس میں بھی لے لیا۔ اب نہیں معلوم رہنے دیا یا فکال پھینکا۔ مگر ما یغنیک فی الصرف اور مبادی الحکمۃ دونوں رسالے چھپتے تو رہتے ہیں کورس میں ہوں یا نہ ہوں۔ قیام اعظم گڑھ کی برکات میں سے دی لاسٹ[۵۲] دوناٹ دی لیسٹ علم ہیئۃ کی مشہور اور مقبول کتاب گولمنز ہونز کا ترجمہ ہے یہ کتاب ایک فرانسیسی عالم نے لکھی۔ مضمون تو سوکھا پھیکا ہے مگر مصنف نے ایسے دلچسپ پیرائے میں لکھا ہے کہ قصہ معلوم ہوتا ہے۔ پھر وہ جرمن میں ترجمہ ہوئی جرمنی سے انگریزی میں۔ اب لپورون صاحب کو خیال آیا کہ اس کو اردو کیا جائے گزٹ میں ایک ہزار روپیہ کے انعام کا اشتہار دیا اور مجکو چٹھی لکھی کہ میں نے اشتہار تو دیا ہے مگر میری نگاہ تم پر ہے میں نے عذر کیا کہ میں نے تعلیم نسواں کا سلسلہ لے رکھا ہے اور اس میں مجکو ابھی بہت کچھ کرنا ہے جب تک بندوبست میں ہوں اس سے زیادہ فرصت نہیں پا سکتا۔ مرد بزرگ نے یہ تو نہ کیا کہ سن کر مجکو ضلع میں بدلوا دیتے اُلٹا سر ولیم میور کا دباؤ ڈلوایا۔ ناچار مجھے ترجمہ کرنا پڑا۔ سب ملا کر گیارہ ترجمے ہوئے۔ ان میں محاکمہ کرنے کو لپورون صاحب نے نقادانِ فن کی کمیٹی بٹھائی۔ کمیٹی نے میرے ترجمے کو سب سے بہتر تو مانا مگر ساتھ ہی یہ پچر لگا دی کہ آپ[۵۳] ٹو مارک نہیں ہزار میں سے چار سو کے قابل ہے۔ جی جل کر خاک ہی تو ہو گیا۔ ممبران کمیٹی کے نام پوچھتا ہوں تو نام نہیں بتاتے استقام در ریاضت کرتا ہوں

---

[۵۲] لیکن جہاں اور لوگ اپنے ڈول ڈال رہے ہیں تو بھی اپنا ڈول ڈال دے۔ ۱۲ [۵۳] سب سے اخیر سہی مگر کمی سے کم نہیں۔ ۱۲ [۵۴] جیسی چاہیئے ویسی نہیں۔ ۱۲

کام یہ کیا کہ بدون اس کے کہ کار سرکار میں کسی طرح کا فتور واقع ہو چھ مہینے سترہ دن میں قرآن حفظ کر لیا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ۔ سر سالار جنگ کے انتقال کے بعد ان کے سبھی آوردوں کے پائے ثبات لڑکھڑا اٹھے اور جو سب سے پہلے بھاگ کھڑا ہوا وہ میں تھا۔ حیدرآباد کے ساتھ میں نے نوکری کے پیشے ہی کو ہمیشہ کے لیے خیرباد کہا کسی کی بھی ہو اور سرکار عالی نظام سے وظیفہ لے مزے سے گھر آ بیٹھا اَلْعَادَۃُ طَبِیْعَۃٌ ثَانِیَۃٌ ساری عمر کام اور محنت میں گزری مشغولی شرط زندگی ہو گئی تھی میں نے پڑھنے لکھنے سے بے کاری کی تلافی کر لی اور یہ نہ کرتا تو اب تک کبھی کا مر بھی گیا ہوتا پندرہ سولہ برس گھر بیٹھے ہو گئے پڑھنے لکھنے کی بدولت نہ کبھی ایک منٹ کے لیے گرمی صحبت کی تمنا کی مصرع وَخَیْرُ جَلِیْسٍ فِی الزَّمَانِ کِتَابٌ اور نہ تنہائی سے تنگ دل ہوا ؎

ہو آدمی بجائے خود ایک محشر خیال	ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

اس خانہ نشینی کے زمانے میں **اَین الوقت محصنات - رویائے صادقہ** تین تو ناول لکھے۔ وہ انعاموں کا سلسلہ تو مدتوں سے موقوف ہے جو خودستائی کا حیلہ شرعی تھا اب تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ میری ساری کتابیں انعامی اور غیر انعامی جائز ناجائز طور پر بار بار چھپتی ہی رہتی ہیں اور مراۃ العروس کو تو لوگوں نے ایسا سر چڑھایا ہے کہ انگریزی، بنگالی، گجراتی

بقیہ نوٹ صفحہ ۴۴۳ - کو یہ حسن الوجوہ والی ملک کی سمع مبارک تک پہونچا ہے چنانچہ ان رسالوں نے نواب میر محبوب علی خان غفراں مکان کے ملاحظہ انور سے گزرنے کا شرف و افتخار حاصل کیا۔ والد مرحوم کی پنشن بروے قاعدہ چار سو ہوتی تھی کیوں کہ دکن کی مدت ملازمت کم تھی اور برٹش گورنمنٹ کی سروس محسوب کرنے پر بھی اُن کو ماہوار حالیہ کی نصف کی پنشن نہ ہو سکتی تھی لہذا چار سو پنشن اور دو سو یہ ماہانہ ان رسالوں کا انعام سرفراز ہو کر چھ سو روپیہ پنشن ہوئی جو اُس وقت کے قواعد کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ مقدار پنشن کی تھی۔ ۱۲ ؎ اور خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو یہ رستہ دکھایا اور بے اُس کے رستہ دکھائے ہم ہرگز رستہ نہ دیکھ پاتے ۱۲ ؎ جس چیز کی عادت پڑ جاتی ہے وہ انسان کی طبیعت میں داخل ہو جاتی ہے ۱۲ ؎ بہترین ہم جلیس زمانہ کتاب ہے ۱۲

بھاشا پنجابی، کشمیری زبانوں میں میرے علم و اجازت سے ترجمے کیے ہیں اور مجھ سے بے پوچھے کسی نے ترجمہ کر لیا ہو تو وہ جانے اور اُس کا ایمان۔ ناولوں کے علاوہ غم نداری بزبخر لکچروں کی بلا اپنے پیچھے لگا لی کہ یہ بھی سال کے سال میرا مستدبہ وقت خرچ کرا دیتے ہیں۔ بالالتزام انگریزی اخبار کے مطالعے سے انگریزی کو بھی اپنے زعم میں پڑھا لیا ہے اور میں انگریزی اخبار کو اپنے لیے بلکہ ہر ایک انگریزی دان کے لیے سب سے بہتر معلم اور اخبار کو سب سے بہتر سبق سمجھتا ہوں۔ عربی میں تو کچھ پڑھنا نہیں بلکہ جگالی کرنا تھا یعنی جو کچھ زمان طالب العلمی میں پڑھ لکھ لیا تھا اُسی کو دوہرانا اُسی میں غور کرتے رہنا۔ تو میں نے ادب اور دینیات میں سے بھی تفسیر اور حدیث اور سیر کو لے لیا کہ ان ہی چیزوں میں میرا جی لگتا ہے۔ حدیث پڑھتے پڑھتے ایک کتاب میری نظر سے گزری تَیْسِیْرُ الْوُصُوْلِ اِلٰی جَامِعِ الْاُصُوْلِ فِیْ اَحَادِیْثِ الرَّسُوْلِ میں تو اس کتاب کو دیکھ کر پھڑک گیا۔ کہ صاحبِ کتاب نے حقیقت میں دریا کو کوزے میں بند کر دیا یا چنے کی دال پر قل ہو اللہ کندہ کر دی یعنی مجموعہ صحاح ستہ کو ایک جلد میں جمع کر دیا وہ وہ جلد صحاح ستہ[1] کی چھ کتابوں میں ہر ایک کتاب سے ضخامت میں چھوٹی اور مزہ یہ کہ اختلافات لفظی میں سے زیر زبر کے اختلاف تک کو نہیں چھوڑا۔ دیکھتے کے ساتھ بے اختیار دل میں آیا کہ دین کی خدمت اس سے بہتر اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کتاب کا اُردو ترجمہ کر دوں تاکہ خدا کا فرمودہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا[2] مسلمانان ہند کے حق میں جو عربی نہیں جانتے پورا ہو۔ ایک جملہ معترضہ تیسیر کے ترجمے کے متعلق اور بھی سن لیجئے کہ جب سے مراۃ العروس کے ساتھ اس بات کی شہرت ہوئی کہ میں اُردو اچھی لکھتا ہوں تبھی سے چند دین وار دوستوں نے مجھ سے درخواست کی تھی کہ اگر تم قرآن کا اُردو ترجمہ کر دو تو بڑا کام کرو۔ میں بھی اس ضرورت کو تو سمجھتا تھا مگر کلام الٰہی کی عظمت کے لحاظ سے ترجمے کے لیے قرآن کو چھوتے ہوئے ڈر لگتا تھا

---

[1] حدیث کی چھ مستند کتابیں۔ موطا۔ بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ۱۲ [2] آج ہم نے تم مسلمانوں کا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے اسی دین اسلام کو پسند فرمایا۔ ۱۲

بار بار خیال آیا اور بار بار میں نے اس کو دفع کیا یہاں تک کہ میں تیسیر کا ترجمہ کرتے کرتے کتاب التفسیر تک پہنچا تو اُس میں آیات قرآنی آنی ہی تھیں۔ اب ان آیتوں کے پرانے ترجمے رہنے دیتا ہوں تو ان کی اُردو میری اُردو سے نہیں ملتی اور اپنے طور پر ترجمہ کرتا ہوں تو اوپر اجازت نہیں دیتا مصرع

گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل	

اسی گومگو میں برسوں گزر گئے قلم اُٹھاتا ہوں اور رکھ دیتا ہوں۔ آخر ڈرتے ڈرتے کتاب التفسیر کی آیتوں کا اپنے طور پر ترجمہ کیا۔ پھر تو میرا ہیاؤ کھل گیا تیسیر کا ترجمہ تو کیا بند اور ترجمۂ قرآن کے بارے میں استخارے کے طور پر خدا سے دعا کی۔ اس کے بعد میں نے اپنے ارادے میں کسی طرح کا تزلزل نہ پایا تو میں سمجھا کہ خدا سے یہ خدمت لینی چاہتا ہے اور میں نے تین برس کی لگاتار رات دن کی محنت میں سارے قرآن کا ترجمہ کر لیا۔ خدا کے فضل سے میری عمر کا کوئی بڑا حصہ قرآن سے بے تعلقی کا نہیں گزرا اور گزرا ہو تو حفظ کرنے سے میں نے اس کی کافی تلافی کر لی ہے۔ اور فہم معنی قرآن کو بھی ایک عمر گزری مگر ترجمہ کرتے وقت مجھ پر ایسے نکات منکشف ہوئے جن کی طرف پہلے کبھی ذہن منتقل نہیں ہوا تھا۔ اُن میں سے بعض حقایق میں نے لکچروں میں ظاہر بھی کیے ہیں اور بعض کے اظہار کو ملتوی رکھا ہے اس لیے کہ عام لوگوں کے اذہان ابھی اُن کے متحمل نہیں۔ یہ ہی میری شروع سے اب تک کی تعلیم جس کو میں نے فی زعمی اپنے حق میں دنیا و دین دونوں کے اعتبار سے مفید پایا فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ۔ تعلیم کا مضمون اس وجہ سے کہ اُس پر سالہا سال سے از حکم تا محکوم ہر شخص غور کر رہا ہے تعلیم سے کچھ بھی تعلق رکھتا ہو ایسا مستعمل مضمون ہو گیا ہے کہ اب کوئی بڑے سے بڑا ایکسپرٹ (ماہر) بھی کوئی نئی بات نہیں نکال سکتا جیسے ایشیائی شاعروں کے ہجر و وصال و انتظار و گل و بلبل کے معمولی فرسودہ مضامین کہ خیال تو خیال اب نئی بندش بھی کسی کو نہیں سوجھتی خاص

لہ تو جو چاہے مانے او جو چاہے نہ مانے۔ ۱۲

جب سے ایجوکیشن کمیشن بیٹھا تعلیم کا کوئی پہلو نہیں رہ گیا جس پر کافی بحث نہ ہو چکی ہو۔ بایں ہمہ مسلمانوں کی مذہبی تعلیم پر میں کچھ ریمارک کرنے چاہتا ہوں۔ اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ مسلمانوں کی مذہبی غلط فہمیوں نے ان کا سارا سیتاناس مارا ہے ان ہی غلط فہمیوں نے انھیں یہ روز بد دکھایا ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو مذہب میں افراط و تفریط سکھائی۔ ان ہی غلط فہمیوں نے ان کے کان میں یہ منتر پھونکا کہ دنیا مردار ہے اور دنیا کے طالب کُتے اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَّ طَالِبُھَا کِلَابٌ ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو کاہل بنایا۔ ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو تقدیر اور توکل کے حیلے تعلیم کیے۔ ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو تعصب پر ابھارا۔ ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو انگریزی عملداری کی برکتوں سے متمتع نہ ہونے دیا۔ ان ہی غلط فہمیوں نے غیرت اور حمیت کی صفات فاضلہ سے سلب کر لیں۔ ان ہی غلط فہمیوں نے ایک اسلام سے ستر و بہتر فرقے نکال کھڑے کیے جن میں ایک کی مت ایک سے نہیں ملتی ان ہی غلط فہمیوں نے بھائی کو بھائی سے لڑوایا۔ غرض ان ہی غلط فہمیوں نے ان کو پیٹ بھر کر لنگاڑا۔ ان میں سے بعض غلطیاں تو ایسی ہیں جنہوں نے گویا اسلام کے ساتھ ساتھ نشو و نما پایا پھر جوں جوں زمانہ گزرتا گیا ہر کہ آمد براں مزید کر دہ ہوتا گیا۔ یا تو ایک زمانہ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا کا تھا یا اب یہ حال ہو گیا ہے کہ جو پشتینی مسلمان ہیں ان ہی کو اسلام میں ٹھیرنے کی مشکل پڑی ہے نہ وہ خود ٹھیر سکتے نہ ان ہی کے ہم مذہب ان کو ٹھیرنے دیتے ہندوستان کے مسلمانوں کا تو یہ حال ہے فرنگ کی ترقی اسلام یا تو آوازوں دور ہی یہاں روکھ نہیں وہاں ارنڈ روکھ ہمارے یہاں تو غلط فہمیاں کا بڑا عمل کا بڑ نقل در نقل ہوتے ہوتے شیرط اسلام بلکہ جزو اسلام بلکہ عین اسلام قرار پا گئیں۔ ایک مذہبی روایت ہے جس کا مذکور قرآن میں بھی ہے وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ غُدُوُّھَا شَھْرٌ وَّرَوَاحُھَا شَھْرٌ وَاَسَلْنَا لَہٗ عَیْنَ الْقِطْرِ ط وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ یَّعْمَلُ بَیْنَ یَدَیْہِ بِاِذْنِ رَبِّہٖ ط وَمَنْ یَّزِغْ مِنْھُمْ

۵ دنیا مردار ہے اور طالب دنیا کتے ہیں ۱۲ ۵ اور اے پیغمبر ہم لوگوں کو بچوکہ خدا کے دین میں گروہ گروہ داخل ہو رہے ہیں ۱۲
۵ اور (اسی طرح) ہوا کو سلیمان کا مطیع کر دیا تھا کہ اُس کی صبح کی منزل ایک مہینے بھر کی (راہ) ہوتی اور (اسی طرح) اُس کی شام کی منزل مہینے بھر کی (راہ) ہوتی) اور ہم نے اُن کے لیے تانبے کا چشمہ بہا دیا تھا

عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ۝ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰي مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ میں خیال کرتا ہوں تو اس روایت کو مسلمانوں کی حالت پر بالکل منطبق پاتا ہوں جس طرح حضرت سلیمان علیہ السلام جب تک زندہ رہے جنات کو مطیع فرمان کیے رہے وفات کا وقت آیا تو اس خیال سے کہ ایسا نہ ہو میرا مرنا معلوم کر کے جنات یہ کشی کریں کار و خدمت کو چھوڑ بیٹھیں اور بیت المقدس کی تعمیر رک جائے عصا کے سہارے کھڑے کھڑے جان دے دی۔ جنات کام پر آتے تو حضرت سلیمانؑ کو کھڑا پاتے اور بدستور اپنی اپنی خدمتیں بجا لاتے۔ یہاں تک کہ جس لکڑی کے سہارے سے لاش کھڑی تھی اس کو گھن کے کیڑے نے کھاتے کھاتے کھوکھلا کر دیا۔ لکڑی میں لاش کی سہار نہ رہی تو ٹوٹی اور اور لاش دھڑام سے گر پڑی۔ تب جنات نے جانا کہ ان کو دھوکا ہوا۔ میں اسلام کے خلفاء اور

اور جنات (کو سلیمان کے بس میں کر دیا تھا اور ان) میں سے ایسے بھی تھے جو ان کے پروردگار کے حکم سے ان کے ہاتھ تلے (طرح طرح کے) کام کرتے تھے اور (ہم نے یہ بھی فرما دیا تھا کہ) ان میں سے جو کوئی ہمارے حکم سے انحراف کرے گا ہم اس کو (آخرت میں) عذاب دوزخ (کا مزہ) چکھائیں گے (تو) سلیمان کو جو کچھ (بنانا) منظور ہوتا (یہ جنات) ان کے لئے بناتے (جیسے مسجد بیت المقدس کی بڑی اونچی شان دار عمارتیں اور (بڑی) مورتیں اور (ایسے بڑے بڑے) لگن جیسے حوض اور (بڑی بھاری بھاری) دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہیں اور ہم نے (داؤد کی نسل کو حکم دیا کہ) اے نسل داؤد (ان نعمتوں کے بدلے میں ہمارا شکر کرتے رہو اور ہمارے بندوں میں (بہت ہی تھوڑے (بندے) شکر گزار (ہوتے) ہیں۔ پھر جب ہم نے سلیمان پر موت کا حکم جاری کیا تو جنات کو (کسی چیز نے) ان کے مرنے کا پتہ نہ بتایا مگر گھن کے کیڑے نے کہ وہ سلیمان کے عصا کو کھاتا تھا یعنی جب (عصا جس کے سہارے سے سلیمان مرے پیچھے کھڑے تھے کھوکھلا ہو گیا اور سلیمان) گر پڑے تب جنات نے جانا کہ (اگر ہم غیب جانتے ہوتے تو اس (ذلت کی) مصیبت میں نہ رہتے۔ ۱۲

رہتے ہیں زیادہ تر اسی اختلاف روایت کے نتیجے ہیں جو بھگتے جا رہے ہیں یا مجتہدین کی اختلاف
رائے کے۔ ہر چند میں نے اختلاف روایت نتائج پر نظر کر کے تیسیر الوصول کے ترجمے کو
جس قدر ہو چکا تھا بالائے طاق نسیاں رکھ دیا کہ کیوں مسلمانوں کو الجھن میں ڈالا تاہم میں حدیث کو
بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور یہ میرا ایمان ہے کہ کسی قوم کے پاس ایسی معتبر تاریخ نہیں
جیسی ہم مسلمانوں کے پاس باوجود اختلافات کے حدیث۔ حدیث میں اختلافات کا ہونا ہی تو میرے
نزدیک تاریخی حقیقت ہے حدیث کی معتبری کی دلیل ہے۔ غرض اختلاف تو صنف اسلام میں داخل
ہو گیا اور اب وہ کسی کے مٹائے مٹنے والا نہیں ایسی صورت میں مذہبی کورس بنے تو کیسے بنے
اس کی صرف ایک ہی تدبیر میرے خیال میں آئی ہے باوجود اسکے کہ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ چلے گی
نہیں اور مولوی اس کو چلنے ہی نہیں دیں گے مگر میں تو اپنی طرف سے گوش گزار کئے دیتا ہوں
وہ یہ کہ میں نے اپنے ترجمہ قرآن کے شروع میں اسطالب قرآن کی مطلب وار ایک فہرست بنا کر
لگا دی ہے یعنی ہر ایک مضمون کی جتنی آیتیں جہاں جہاں قرآن میں ہیں سب کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔
پس مذہبی مواد تو طیار ہے اب اس میں سے نصابوں کا انتخاب کرنا اور مختلف سنوں کے لئے دی جانے
تو میں آدمی کی عمر کے اعتبار سے نصابوں کو ترتیب دوں۔ آدمی کی عمر کے پانچ حصے ایسے ایک
دوسرے سے ممتاز ہیں کہ ایک عمر کی حالت دوسری عمر کی حالت سے بہت ہی کم ملتی ہے۔ ہر ایک
حصے کے لئے جداگانہ تعلقات ہیں جداگانہ خیالات جداگانہ ضرورتیں گویا آدمی عمر کے ہر حصے
میں ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا آخر کا مصداق ہوتا رہتا ہے۔ وہ پانچ حصے ہیں طفلی۔ نشان۔ شباب۔ وقوف۔
پیری۔ اور ایک حصہ معاد کا ہے کہ وہ اس زندگی سے متعلق ہے جو بعد مرگ پیش آئے گی۔ میں تو
اس طرح کے نصاب کبھی کے بنا چکا ہوتا مگر لکیروں سے فقیروں سے ڈر لگتا ہے کہیں ایسا نہ ہو
نصاب بھی بناؤں اور میں آپ ہی اس کو ٹھیکا پڑھا کرنے لگوں اور بدوں لعنت بنوں سو اگر بھلے لوگ
رفارم رفارم (اصلاح اصلاح) پکار رہے ہیں چاہے کسی غرض سے پکارتے ہوں میری آن کی بات
ہے رفارمیں وَلْيَبْلُغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ کہ مسلمانوں کی اصلی رفارم تو یہ کبھی ہو گی اور ہو سکتی

اَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا سید احمد خاں نے تو فی زعمہ بہتیرا مذہب سے الگ تھلگ رہنا چاہا مگر مسلمانوں نے مذہب ہی آپڑوسن لڑیں بنا رکھا تھا کہ وہ خواہی نخواہی ہر ایک کے سر ہوتا پھرتا تھا ؎

کوئی کام ہو اُس میں دیں کے اڑنگے	کوئی بات ہو اُس میں مذہب کی پچر

مغربی علوم کا نام ہی مسلمانوں کے بدکا دینے کو بس کرتا تھا اس پر کریلا اور نیم چڑھا مصرع

سمندِ ناز پر اور ایک تازیانہ ہوا

حضرت نے مغربی علوم کی ترویج کا بیڑا اُٹھایا تو کوٹ پتلون ڈانٹے ہوئے ولایت سے واپس آکر گلی کے کتوں کو بھونکتا دیکھ لگے عوام الناس بھی غرّانے غرض وہ جو کہتے ہیں کہ سر منڈاتے ہی اولے پڑے شروع ہی سے مذہبی بحث آپڑی۔ رہ رہ کر غصہ تو اس بات پر آتا ہے کہ مسلمانوں سے کہا جاتا ہے کہ دنیا میں عزت آبرو اور خوش حالی سے رہنا چاہیئے ہو تو انگریزی پڑھو تو جواب دیتے ہیں کہ ؎

مُبَادا دلِ آں فرومایہ شاد		کہ از بہرِ دنیا دہد دیں بباد	
دُنیا خواہی و دیں ہمی طلبی خیز		ایں نازبجنانہ پدر باید کرد	

یعنی انگریزی پڑھنا دنیا کا طلب کرنا ہے اور دین و دنیا آب و آتش ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے اور یوں ان کے شبانہ روز کا احتساب کیجیے تو چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا کھانا پینا سونا جاگنا جینا مرنا کوئی دنیا کا کام نہیں جس میں دین کا دخل نہ ہو یعنی دین و دنیا لازم و ملزوم ہیں۔ مَا لَکُمْ کَیْفَ تَحْکُمُوْنَ[1]

بس یہاں تک تو سید احمد خاں کی کارروائی ٹھیک تھی کہ کالج میں دین و مذہب سے کچھ بحث نہ تھی جیسے دوسرے گورنمنٹ کالج ویسا علی گڈھ کالج پڑھائی سب کی یکساں اور سید احمد خاں تہذیب اخلاق اور تفسیر قرآن اور رسالوں اور آرٹیکلوں کے ذریعے سے

[1] کیا کفار مکہ نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم ملک کو چاروں طرف سے مسلمانوں کے لیئے فتح کرتے اور بڑھاتے چلے آتے ہیں ۔۔۔ تم کو کیا ہو گیا ہے کیسے حکم لگا ۔۔۔

اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑتے رہتے تھے اس پر بھی سید احمد خاں کے تعلق کی وجہ سے لوگ کالج کی طرف سے بدگمان رہتے تھے تو یہ بدگمانی بے اصل محض تھی اِنَّ[۵۱] بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ اور چوں کہ بے اصل محض تھی بے ثبات بھی تھی مگر سید احمد خاں کو تو یونیورسٹی کی دُھن تھی کہ کب علی گڈھ کالج میں ہزار بورڈر ہوں اور کب محمدن یونیورسٹی بنا کھڑی کروں۔ یونیورسٹی کی جلدی کے مارے سید احمد خاں نے رسّی ڈھیلی چھوڑ دی اور مسلمانوں کی استمالت اور تالیف کے لیئے تعلیم مذہبی کو کالج میں لا داخل کیا تاکہ مسلمانوں کو کوئی عذر باقی نہ رہے۔ اس میں شک نہیں کہ کالج ہر ہر پہلو سے ترقی کر رہا ہے۔ بورڈر اتنے بڑھ گئے ہیں کہ بورڈنگ ہوس میں نہیں سماتے ایک ہزار بورڈروں کا خواب جو سید احمد خاں اور مسٹر بیک دیکھا کرتے تھے اُس کے ظہور کا وقت بھی قریب آتا جاتا ہے۔ یونیورسٹی کے امتحانوں کا نتیجہ بھی کالج کے حق میں عمدہ ہی نکلتا رہتا ہے۔ انگریزی کھیلوں میں اچھے اچھے کھلاڑی یہاں کے طالب العلموں کا لوہا مانتے ہیں۔ اور سب سے بڑی بات جو اس کالج کے لیئے مایہ الامتیاز ہے یہ ہے کہ یہاں کے طالب العلموں میں ایک طرح کی نیشنلٹی[۵۲] آجاتی ہے جو قوم کے لیئے فالِ نیک ہے۔ بہرکیف کالج نے گورنمنٹ اور پبلک دونوں کی نظر میں اعتماد اور اعتبار پیدا کر لیا ہے وَذٰلِکَ[۵۳] هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ لیکن سوال یہ ہے کہ دوسری باتوں سے قطع نظر کر کے صرف طلبہ کی کثرت کا کیا سبب ہوا۔ بھلا کالج کے ٹرسٹیوں میں سے کوئی ٹرسٹی کالج کے سٹاف میں سے کوئی ایک ٹیچر کوئی ایک پرنسپل کوئی پراکٹر کوئی مانیٹر طالب العلموں میں سے کوئی ایک طالب العلم تو کھڑا ہو کر کہے کہ یہ تعلیم مذہبی کی کشش ہے۔ بے شک طالب العلموں کے بزرگوں میں اور شاید متعلقین کالج میں بھی معدودے چند اس خیال کے بھی ہوں گے مگر کتنے۔ عدد صحیح کے مقابلے میں کوئی چھوٹی سی کسر اعشاری جو کسی شمار میں نہیں۔ پس انگریزی تعلیم کو مقصود بالذات بنانا اور رو کھن میں مذہب سکھانا اور یہ سمجھنا کہ اس سے ہم اسلام کی حفاظت کر رہے ہیں پبلک کو

---

۵۱ بے شک بعض بدگمانیاں داخل گناہ ہیں ۱۲ ۵۲ قومیت ۱۲ ۵۳ اور یہی بڑی کامیابی ہے ۱۲

دھوکا دینا اور مذہب کو حقیر کرنا ہے۔ اول تو سوچنے کی بات ہے کہ انگریزی تعلیم کے اعتبار سے ابھی تک بھی مسلمان مبتدی ہیں اور بدقسمتی سے ان کو مقابلہ کرنا ہے اُن لوگوں کے ساتھ جن کی گھٹی میں انگریزی داخل ہے اور مسلمانوں کے اس درد کو کوئی نہیں پاتا اور پھر انگریزی تعلیم کا سٹینڈرڈ (معیار) اتنا اونچا کر دیا گیا ہے اور ابھی اور بھی اونچا ہوگا ؎

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا	آگے آگے دیکھ تو ہوتا ہے کیا

کہ اگر بڑی انگریزی پڑھنی ہو تو اچھا مجتمع القوی ذہین جفاکش آدمی پندرہ سولہ برس کی مسلسل محنت میں اُس سے بمشکل اسی قدر عہدہ برآ ہو سکتا ہے کہ بی۔ اے ہو جائے اس کے بعد وہ کوئی پیٹ کا دھندا لے کر بیٹھے اور تین چار برس کو سیکھے۔ آدھی عمر طبعی تو سیکھنے میں صرف ہو گئی اب وہ کمائے گا کب اور بیٹھ کر کھائے گا کب۔ ایسے شخص پر انگریزی تعلیم کے علاوہ مذہبی تعلیم کا بوجھ لادنا وہی مثل ہو گئی مرتے کو مارے شاہ مدار مصرع

نہ اُٹھے جس سے کلھیا اُس کے سر پر دہرو یا مٹکا

اس ڈبل تعلیم کا ضروری نتیجہ ہے ازیں سو راندہ درگاں سو راندہ نہ ادھر نہ اُدھر یہ بلا کد ہر نہ مولوی نہ مسٹر مَذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ جس طرح دنیاوی تعلیم کے مدارج ہیں کہ طالب العلم مڈل سے لے کر بتدریج انٹرنس۔ ایف۔ اے۔ بی۔ اے۔ ایم۔ اے تک ترقی کرتا جاتا ہے اسی طرح مذہبی تعلیم کے بھی مدارج ہونے چاہئیں آدمی پتھر تو ہے نہیں کہ جب سے بنا ایک وضع پر جیسا بنا تھا ویسا ہی پڑا ہے۔ نہ وہ درخت ہے جگہ کا پابند بڑھا پھولا پھلا کھڑا کھڑا سوکھ گیا یا کھوکھلا ہو کر گر پڑا نہ وہ جانور ہے کہ جتنے کمالات اُس کے لئے مقدر ہیں اوقات معینہ پر بلا اکتساب اُس کو حاصل ہوتے ہیں۔ قطعہ

مرغک از بیضہ بروں آید و روزی طلبد	آدمی زادہ نہ وارد نہ دہد عقل تمیز
اُں بناگاہ کہ گشت و بچیزے نرسید	ویں تمکین و فضیلت بکرشت از ہمہ چیز

نہ ادھر نہ اُدھر ۱۲

غرض آدمی ایک خاص طرح کا مخلوق ہے وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا قطعہ

آدمی زادہ طرفہ معجونے است	از ملائک سرشتہ وز حیواں
گر کند میل ایں شود کم ازیں	ور رود سوئے آں شود بہ ازاں

آدمی کے جسمانی خواص تو حیوانوں کی طرح کے ہیں مگر جسم کے علاوہ اُس میں ایک روح ہے وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ جو ایک جوہر شریف ہے۔ آدمی کی جسمانی اور روحانی دونوں قسم کی قوتیں ترقی پزیر ہیں جسمانی اور عقلی یا دماغی یا روحانی قوتوں میں فرق یہ ہے کہ جسمانی قوتیں ایک حدِ خاص پر پہونچ کر ٹھیر جاتی ہیں اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا۔ اور پھر عمر کے تنزل کے ساتھ اُن میں انحطاط شروع ہو جاتا ہے برخلاف دماغی قوتوں کے کہ ان کی ترقی کی کوئی حد نہیں باوجودیکہ اہلِ یورپ کی دماغی قوتوں نے حیرت ناک ترقی کی ہے پھر بھی آئے دن ایک سے ایک عجیب راز منکشف ہوتے رہتے ہیں جسمانی قوتوں میں تو اتنا نہیں مگر عقلی قوتوں کی ترقی میں سعی و اکتساب کو بڑا دخل ہے اور اسی سعی و اکتساب کا نام ہے تعلیم۔ پس تعلیم میں ہم کو ہمیشہ غرض و غایت کو پیشِ نظر رکھنا چاہیئے یعنی ہم تعلیم کا ایسا طریقہ اختیار کریں کہ جو قوتیں خدا نے متعلم میں ودیعت رکھی ہیں اپنے اپنے وقت پر ظہور کریں اور جس غرض سے وہ قوتیں دی گئی ہیں وہ مطلب کامل طور پر حاصل ہو تو اس کے لیے ہم کو تعلیم سے پہلے متعلم کی صلاحیت اور قابلیت کا مطالعہ کرنا ہوگا۔ مگر کسی کو کیا غرض پڑی ہے کہ اتنا دردِ سر اٹھائے۔ ایشیائی تعلیم اور اُس کے نصاب کو دیکھا جاتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے کسی فن میں کتاب لکھنی چاہی اور جو کچھ اور جیسا کچھ اس کے جی میں آیا جمع کر دیا۔ یہی

---

۱۲ اور البتہ ہم نے بنی آدم کو عزت دی (خشکی اور تری میں اُن کو جانوروں اور کشتیوں پر) سوار کیا اور عمدہ (عمدہ) چیزیں اُنھیں (کھانے کو) دیں اور جتنی مخلوقات ہم نے پیدا کی ہے اُن میں بہتیروں پر اُن کو برتری دی ۱۳ اور ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی۔ ۱۴ تو (زمین پر دہاکے کے ساتھ چلنے سے) زمین کو تو نہیں پھاڑ سکے گا اور نہ (تن کر چلنے سے) درازی (قد) میں پہاڑوں تک پہونچ جائے گا۔ ۱۲

حال تمام نصاب کا ہی۔ پڑھانے والوں نے حجم اور ضخامت کے اعتبار سے یا عبارت کی دقت اور سہولت کے اعتبار سے کتابوں کے درجے قرار دیدیئے اور ایک لاٹھی شاگردوں کو ہانک چلے اس طرز تعلیم کا ضروری نتیجہ یہ ہوتا ہی کہ متعلمین کی عقلیں خبط ہوجاتی ہیں اور جس فن کے پیچھے وہ عمر میں صرف کر دیتے ہیں اُس میں بھی ؎

	نہ محقق بود نہ دانش مند		چارپائے بروکتابے چند	

رہتے ہیں۔ بات عام تعلیم میں جا پڑی مگر مجکو تو صرف مذہبی تعلیم کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کرنی ہی۔ مذہبی علوم کا بھی اتنا انبار جمع ہوگیا ہی کہ اُن پر پورا احاطہ کرنا مقدور بشر نہیں۔ اور چوں کہ اسلام ایک ایسی شریعت ہی کہ مسلمانوں کے پیدائش سے لے کر وفات تک کے سارے معاملات جزو کل اُس کے محکوم ہیں تو ایسی شریعت کے احکام کا مجموعہ خواہی نخواہی انبار ہوگا اور وہ ہی بھی۔ لیکن ہم کو ان لوگوں کے حال سے بحث نہیں جو دین کے علامہ محقق اور مجتہد بننا چاہتے ہیں۔ ہم کو تو صرف اتنی بات دیکھنی ہی کہ ہم ہند کے مسلمانوں کی جو حالت ہی کہ ہم برٹش گورمنٹ کی رعایا ہیں سلطنت اور ملک داری ہمارے ہاتھ سے نکل جا چکی ہی اور جو حکام وقت اپنے طور پر ملک کا انتظام کرتے ہیں ایسی صورت میں اسلامی شریعت یعنی فقہ کا بڑا حصہ جو فصل خصومات سے متعلق تھا اور جس کو اب ہم باختیار خود نافذ نہیں کر سکتے نہ اپنے اوپر نہ دوسرے پر وہ حصہ تو ہمارے حق میں بکار آمد نہ رہا تو اس کا جاننا بھی فعل عبث فصل خصومات اور معاملات کو دینیات میں سے خارج کرو تو صرف تین مضمون باقی رہتے ہیں معتقدات۔ عبادات۔ آداب تمدن جن کا جاننا مسلمانوں کو مذہبًا ضروری ہی بس ہمارا مذہبی کورس اگر ہو تو ان ہی تین مضمونوں میں منحصر ہو۔ اگر ہو کی قید میں نے اس سے لگائی کہ اتنے کے لیئے میری رائے دنیاوی اور دینی تعلیم کے جمع کرنے کی نہیں جمع کرنے سے دونوں طرح کی تعلیم ادھوری رہ جاتی ہی اور ادھوری تعلیم دنیا کی ہو یا دین کی مفید نہیں ہوسکتی بیچ کہتے ہیں نیم ملاخطرۂ ایمان۔ دوسری بات یہ ہی کہ بارہ سو تیرہ سو برس سے اسلام کی منادی ہو رہی ہی

اُس کی آواز سارے ہندوستان میں پڑی گونج رہی ہے اور ہم مسلمانوں کی بیس بیس پچیس پچیس پشتیں اسلام میں گزر گئی ہیں مسلمان کا ایسا ہی کوئی کم بخت گھر ہوگا کہ اسلام کی ضروری باتیں عورتوں اور بچوں تک کے کانوں میں نہ پڑی ہوں۔ عمل کرنا نہ کرنا دوسری بات ہے سزاوار خداوندیش کس نتواند کہ بجا آورد۔ اگر کسی مسلمان کو دیکھو کہ نماز نہیں پڑھتا روزے نہیں رکھتا تو نہ پڑھنا اور نہ رکھنا اس سے ہے کہ وہ نماز اور روزے کی فرضیت سے واقف نہیں۔ نہیں۔ وہ سب کچھ جانتا ہے کاہلی اور ضعف عقیدہ کی وجہ سے عمل نہیں کرتا۔ اور چوں کہ خدا کی عادت نہیں کہ نافرمانیوں پر بندوں کو فوراً سزا دے دیا کرے یہ ورگز بندوں کے حق میں اونگھنے کو ٹھیلنے کا بہانہ ہو جاتی ہے۔ یٰاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ فِیْ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ۔ تو جو لڑکے سکول میں داخل ہوتے ہیں کیسے ہی کم سن ہوں وہ سکول کا مذہبی کورس پڑھے ہوئے آتے ہیں سبقاً سبقاً نہیں سینہ بسینہ۔ ایک مشکل اور بھی ہے جس کی وجہ سے دینیات کی تعلیم دنیاوی تعلیم کے ساتھ سکولوں اور کالجوں میں جمع نہیں ہو سکتی اور جمع ہونی چاہیئے بھی نہیں۔ وہ مسلمانوں کے مذہبی فرقوں کا باہمی اختلاف ہے مقلدوں غیر مقلدوں دوالین ذوالین کے اختلافات کا لحاظ نہ بھی کرو تاہم سُنّی شیعہ کا اختلاف تو اس درجے کا ہے کہ یہ تفرقہ مسلمانوں میں قدیمی تفرقہ ہے اور جناب رسول خدا صلعم کے وقت سے بلکہ خود خاندان نبوت سے پیدا ہوا ہے بڑھتے بڑھتے یہاں تک نوبت پونہچی کہ گو ہر دو فریق ایک خدا ایک رسول۔ ایک قرآن۔ ایک قبلہ مانتے والے ہیں بایں ہمہ ایک دوسرے سے ایسے

۱؎ اے آدم زاد تجھکو کس چیز نے اپنے پروردگار کی جناب میں گستاخ کر دیا ہے جس نے تجھکو بنایا اور (بنایا بھی تو) بہت درست بنایا اور تیرے جوڑ بند مناسب رکھے (پھر) جس قطع سے چاہا تیرا (یعنی تیرے اعضا کا) پیوند ملا دیا مگر بات یہ ہے کہ تم (بنی آدم روز) جزا کو نہیں مانتے۔ حالاں کہ تم پر (ہمارے) چوکی دار (تعینات ہیں (یعنی) کراماً کاتبین (فرشتے) کہ جو کچھ بھی) تم کرتے ہو ان کو معلوم رہتا ہے۔ ۱۲

الگ ہیں کہ ان میں [۵۱] اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ کا سا اتحاد نہ ہوا ہی اور نہ ہوگا۔ میں نے اپنی کتاب رویائے صادقہ میں اس کے متعلق بہت کچھ لکھا ہی [۵۲] مَنْ شَآءَ فَلْیَرْجِعْ اِلَیْہِ اب جو مسلمان سکولوں اور کالجوں میں دنیاوی اور دینی تعلیموں کو جمع کرنا چاہتے ہیں تو یہ جمع کرنا دو ہی طرح پر ہو سکتا ہی یا تو ہر فریق کو اُسی کے مذہب کی کتابیں پڑھائی جائیں تو یہ سرود بستاں یاد دہانیدن ہوگا۔ یا یہ کیا جائے کہ جو باتیں فریقین کے متفق علیہ ہیں وہی درس میں رکھی جائیں اور مختلف فیہ متروک تو یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی۔ اختلاف ہی تو ہر فرقہ کی جان ہی تو اختلاف کے مٹانے کی کوشش کرنا گویا اُس فرقے کو معدوم کرنا ہی۔ یہ راز کبھی نہ کبھی عوام پر کھلے گا اور جس دن کھلا عوام فوراً اپنے پیشواؤں کے ہتے سے اُکھڑ جائیں گے جناب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر ہوں یا حضرت ندوۃ العلماء میں دونوں صاحبوں کی خدمت میں بکمال ادب عرض کرتا ہوں کہ یہ اختلاف مصرع

اے صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

آپ ہی نے تو اس کا بیج بویا آپ ہی نے اس کو پرورش کیا جب درخت جڑ پکڑ گیا اب آپ چاہتے ہیں کہ پھونک مار کر اس کو اکھاڑ پھینکیں۔ سو یہ تو ہونا نہیں۔ [۵۳] حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ قطعہ

درختے کہ اکنوں گرفت ست پائے	بہ نیروئے مردے برآید زجائے
وگر ہمچناں روزگارے ہلی	بگردونش از بیخ برکنگلی

میں یہ باتیں کچھ اپنے مغز سے اتار کر نہیں کہتا بلکہ مصرع۔

آنچہ اُستاد ازل گفت ہماں می گویم

جو کچھ میں کہہ رہا ہوں قرآن کی سند سے کہہ رہا ہوں فرماتے ہیں۔ [۵۴] وَلَوْ شَآءَ رَبُّکَ لَجَعَلَ النَّاسَ

۵۱ مسلمان تو آپس میں سب بھائی بھائی ہیں۔ ۱۲ ۵۲ جو چاہے اسے دیکھے۔ ۱۲ ۵۳ یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں گھس جائے۔ ۱۲ ۵۴ اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو سب

أُمَّةً وَّاحِدَةً وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ إِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ - بھلا اب جو ندوۃ العلماء مسلمانوں میں سے مذہبی اختلاف کے اُٹھا دینے کی فکر میں ہو تو یہ قرآن کی پیشین گوئی لایزالون مختلفین کی کیا توجیہ کریں گے۔ خیر علی گڑھیوں نے تو اتنا ہی کیا تھا کہ انگریزی تعلیم کو مقدم رکھ کر مذہبی تعلیم کو روکھن میں رکھا تھا۔ ندوۃ العلماء نے علی گڑھ کو بھی مات کیا کہ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد علی گڑھ کالج کا جواب اپنا ایک دار العلوم بنایا جس میں انگریزی کو سکنڈ لینگویج قرار دیا۔ سبحان اللہ وہی تو انگریزی جو سکنڈ لینگویج بنا کر پڑھی اور آئی۔ انگریزی اور مذہبی تعلیم کے جمع کرنے میں مجھے ایک اعتراض اور بھی ہو کہ ایک طرف تو طالب العلموں کو سائنس پڑھایا جاتا ہو جو بنظر ظاہر نفس مذہب کا دشمن ہو اور ازاں جملہ اسلام کا بھی۔ اور دوسری طرف مذہب کی تعلیم ہوتی ہو تو چاہیئے کہ مذہب کی تعلیم ہو تو ایسے طور پر ہو کہ سائنس سے جو شکوک پیدا ہوں اُن کو دفع کرتی رہے اور طالب العلموں کو مذہب کی طرف سے بدگمان نہ ہونے دے۔ مگر جو مذہبی کورس ہمارے ہاتوں میں اگلے زمانے کے بنے ہوئے ہیں وہ تو اس مطلب کے لیئے ہرگز کافی نہیں اس لیئے کہ سرے سے یہ شکوک ہی اُن وقتوں کی پیداوار نہیں آب ندیدہ موزہ از پا کشیدہ متقدمین قبل الوقت ان کا دفعیہ کیسے کرتے۔ ان باتوں پر لحاظ کر کے میں نے اپنے نزدیک فیصلہ کر لیا ہو کہ انگریزی اور مذہبی تعلیم کو جمع نہ کیا جائے علی گڑھ کالج علوم دنیاوی کی تعلیم اپنے ہاتھ میں رکھے اور دار العلوم ندوہ مذہب کو لیئے رہے اور وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ کا بھی یہی منشا معلوم ہوتا ہو۔ اسلام

---

۱۱۸ لوگوں کی ایک ہی مت کر دیتا اور لوگ ہمیشہ آپس میں اختلاف کرتے رہیں گے مگر جس پر تمہارا پروردگار رحم کرے اور اسی لئے تو ان کو پیدا کیا ہو اور تمہارے پروردگار کا فرمودہ پورا ہو کر رہے گا کہ ہم دوزخ کو آدمیوں اور جنات سب سے بھر کر رہیں گے ۱۲ ۱۱۹ اور تم میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہونے چاہئیں جو لوگوں کو نیک کام کی طرف بلائیں بھلائی کرنے کو کہیں اور نامشروع باتوں سے منع کریں اور یہی لوگ آخر کار فلاح پانے والے ہیں ۱۲۰

تو فی نفسہ ایسا سچا اور سیدھا اور کھرا اور معقول اور مستحکم مذہب ہے کہ ایک سائنس نہیں ہزار سائنس اس پر حملہ کریں تو بھی اس کا کچھ نہیں بگڑتا مگر ہاں مسلمانوں کے اندرونی اور باہمی اختلافات نے اسلام کو ایسا الجھا دیا ہے کہ اس کی تلافی کی کوئی صورت سمجھ میں نہیں آتی۔ اس لیے کہ ان کے اختلافات متفرع ہیں اکثر احادیث کی روایت پر میں نے تیسیر کا ترجمہ کرتے وقت نمونے کے طور پر صرف چند حدیثوں کے اختلاف کے رفع کرنے کی کوشش کی آخر ہار کر بیٹھ رہا اور سمجھا کہ یہ کام میرے بس کا نہیں۔ حدیث میں بریں نیست کہ ایک یا چند صحابی کی شہادت ہو اس بات کی کہ جناب رسول خدا صلعم نے اصل راوی یا روات کی سماعت میں ایسا فرمایا ان کی آنکھوں کے سامنے ایسا کیا پھر یہ نہیں کہ اصل راوی نے خود ہم سے وہ روایت بیان کی ہو۔ نہیں۔ بلکہ وہ روایت متعدد ذرائع اور وسائط سے شہادۃ علی الشہادۃ علی الشہادت در لہم گڈمڈ ہوتے ہوتے ہم تک پہنچی اور جوں جوں زمانہ گزرتا جاتا ہے ذرائع اور وسائط بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ اسی کاش شروع ہی میں حدیثیں لکھ لی گئی ہوتیں تو غالباً اس قدر اختلاف نہ ہونے پاتا سو تو ہمیر صاحب نے خود منع فرمایا تھا کہ قرآن کے سوائے میری کوئی بات قلمبند کیا کرو عَنْ اَبِی الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّعَمْ لَا تَکْتُبُوْا عَنِّیْ شَیْئًا غَیْرَ الْقُرْاٰنِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ۔ لوگوں نے دیکھا کہ پیغمبر صاحب کا طریق عمل بھی نہ چلتا ہے نہ چلا جاتا ہے تو چار احادیث کو جمع کرنا شروع کیا مگر پیغمبر صاحب کے عہد کے ڈیڑھ سو برس بعد۔ ادھر تو پیغمبر صاحب نے جمع احادیث کو منع فرمایا تھا اور ادھر حضرت عمرؓ جن کی لیاقت ملک گیری و ملک داری اور عقل مصلحت اندیش تمام صحابہ میں اعلیٰ درجے کی تھی روایت کے سخت مخالف تھے اور اُن کے ڈر سے کوئی صحابی روایت پر جرأت نہیں کر سکتا تھا ان دو وجہوں سے قرن اول میں باب روایت گویا بند ہی سا رہا۔ یہ اختلاف روایت ہی تو تھا جس کے خیال سے پیغمبر صاحب نے جمع احادیث کو منع فرمایا اور عمرؓ نے جہاں تک بن پڑا اُس کو روکا۔ آخر کار جب حدیثیں جمع کی جانے لگیں تو اختلاف روایت ہونا ہی تھا اور ہوا اور یہ باہمی جھگڑے اور فسادات جو آئے دن مسلمانوں میں واقع ہوتے

رہتے ہیں زیادہ تر اسی اختلاف روایت کے نتیجے ہیں جو بھگتے جا رہے ہیں یا مجتہدین کی اختلاف
رائے کے۔ ہر چند میں نے اختلاف روایت نتائج پر نظر کر کے تیسیر الوصول کے ترجمے کو
جس قدر ہو چکا تھا بالائے طاق نسیاں رکھ دیا کہ کیوں مسلمانوں کو الجھن میں ڈالا تاہم میں حدیث کو
بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور یہ میرا ایمان ہے کہ کسی قوم کے پاس ایسی معتبر تاریخ نہیں
جیسی ہم مسلمانوں کے پاس باوجود اختلافات کے حدیث۔ حدیث میں اختلافات کا ہونا ہی تو میرے
نزدیک تاریخی حیثیت سے حدیث کی معتبری کی دلیل ہے۔ غرض اختلاف تو صلب اسلام میں داخل
ہو گیا اور اب وہ کسی کے مٹائے مٹنے والا نہیں ایسی صورت میں مذہبی کورس بنے تو کیسے بنے
اس کی صرف ایک ہی تدبیر میرے خیال میں آتی ہے باوجود اسے کہ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ چلے گی
نہیں اور مولوی اس کو چلنے ہی نہیں دیں گے مگر میں تو اپنی طرف سے گوش گزار کئے دیتا ہوں
وہ یہ کہ میں نے اپنے ترجمہ قرآن کے شروع میں مطالب قرآن کی مطلب وار ایک فہرست بنا کر
لگا دی ہے یعنی ہر ایک مضمون کی جتنی آیتیں جہاں جہاں قرآن میں ہیں سب کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔
بس مذہبی مواد تو طیار ہے اب اس میں سے نصابوں کا انتخاب کرنا ہے۔ اگر مجھ سے رائے لی جائے
تو میں آدمی کی عمر کے اعتبار سے نصابوں کو ترتیب دوں۔ آدمی کی عمر کے پانچ حصے ایسے ایک
دوسرے سے ممتاز ہیں کہ ایک عمر کی حالت دوسری عمر کی حالت سے بہت ہی کم ملتی ہے۔ ہر ایک
حصے کے لیے جداگانہ تعلقات ہیں جداگانہ خیالات ہیں جداگانہ ضروریات گویا آدمی عمر کے ہر حصے
میں ثم انشانا ہ خلقا آخر کا مصداق ہوتا رہتا ہے۔ وہ پانچ حصے ہیں طفلی۔ عنفوان۔ شباب۔ وقوف۔
پیری۔ اور ایک حصہ معاد کا ہے کہ وہ اس زندگی سے متعلق ہے جو بعد مرگ پیش آئے گی۔ میں تو
اس طرح کے نصاب کبھی کے بنا چکا ہوتا مگر لکیروں کے فقیروں سے ڈر لگتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو
نصاب بھی بنا دوں اور میں آپ ہی اس کو بیٹھا پڑھا بھی کروں اور ہو ف لعنت بنوں سو اگر مجھ لوگ
رفارم رفارم (اصلاح اصلاح) پکار رہے ہیں چاہے کسی غرض سے پکارتے ہوں میری آج کی بات
سن رکھیں لیبلغ الشاھد الغائب کہ مسلمانوں کی قومی رفارم تربیہ کبھی ہو گی تو اسی سے ہو گی

ہو گی کہ پہلے مسلمانوں کے مذہب کی اصلاح کی جائے اور مسلمانوں کے مذہب کی اصلاح جب کبھی ہو گی اسی صورت سے ہو گی کہ یہ لوگ قرآن کے سوائے کسی مذہبی کتاب کو ہاتھ نہ لگانے پائیں تفسیر ہو یا حدیث یا فقہ۔ قرآن ہی ایک کتاب ہے جس پر تمام اسلامی فرقوں کا اجماع ہے باوجود اختلافات باہمی اور باہمی اختلافات ہرگز قرآن کی تعلیم نہیں بلکہ تعلیم اگر ہے تو تفاسیر کی احادیث کی مسائل فقہ کی یا کوئی صاحب مجھکو بتا دیں کہ اختلاف آیا تو کہاں سے آیا۔ قرآن کے حق میں تو خود خدائے تعالیٰ امر صحیح

تصنیف واصنف نیکو کند بیاں

فرماتا ہے اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا۔ یعنی قرآن کے منزل من اللہ ہونے کی دلائل میں سے ایک دلیل یہ بھی ہے کہ اس کی تعلیم میں اختلاف نہیں۔ علاوہ بریں قرآن صاف لفظوں میں مسلمانوں کو تفرق و اختلاف سے کنارہ کش رہنے کی تاکید فرماتا ہے وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔ اور لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَھُمُ الْبَیِّنٰتُ۔ میں اس خطرے بے خبر نہیں ہوں کہ جو کچھ میں نے مذہبی تعلیم کے بارے میں کہا بالکل انوکھی بات ہے اور کسی مسلمان کے کان اس سے آشنا نہیں حتیٰ کہ ان لوگوں کے بھی جو مسلمانوں کی اصلاح حالت کا بیڑا اٹھائے ہیں اور مدتوں سے اس کی تدبیریں سوچ رہے ہیں ایک اور دوسرے یہ مضمون ایسا وسیع ہے کہ ایک جلسہ کیا ایسے ایسے شاید دس جلسوں میں بھی میں اس کا حق ادا نہیں کر سکتا پس بمجبوری اس وقت اسی پر اکتفا کرتا ہوں ۵

نگاہِ لطف و عنایت ذرا خدا کے لیے	کہ ہم سب آئے ہیں خدمت میں التجا کے لیے
نہ دیدے ہو غرض اور نہ سیر سے مطلب	ہوئے ہیں جمع ہم ایک خاص مدعا کے لیے

۱۲ کیا قرآن کو نہیں سوچتے اور اگر خدا کے سوائے کسی اور کی طرف سے نازل ہوا ہوتا تو اس میں بہتیرے اختلافات پاتے ۱۲
۱۲ اور سب مل کر (خصوصی سے اللہ (کے دین) کی رسی کو پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہونا ۱۲ اور ان جیسے نہ بنو جو (ایک دوسرے سے) بچھڑ گئے اور کھلے کھلے احکام آنے پر بھی آپس میں اختلاف کرنے لگے ۱۲

ہماری قوم ہی بیمار مختصر مثل — اب اس کی زیست ہی بس آخری فنا کے لیے
مگر جو اس کے ہوا خواہ ہیں وہ کہتے ہیں — دوا مرض کے لیے ہی مرض دوا کے لیے
خدا کے فضل سے کوئی نہ ہو کبھی مایوس — محال باطل و مشکل ہی ماسوا کے لیے
اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہی فنا و بقا — بنا ہی عالم اسباب ابتلا کے لیے
کوئی بتا نہیں سکتا مآل مستقبل — یہ علم خاص ہی بے چون و چرا کے لیے
خدا ہی جانے کہ کیا کس کو پیش آنی ہی — کوئی تو سمت مقرر کرے ہوا کے لیے
اگرچہ حال ہی بیمار کا روی لیکن — ہمارا فرض ہی کوشش کریں شفا کے لیے
نہیں ہی یہ کہ علاج مرض نہیں معلوم — نہ یہ کہ جاوے ہی تشخیص میں خطا کے لیے
علاج وہ جسے یورپ نے آزما دیکھا — تو کیوں مفید نہ ثابت ہو ایشیا کے لیے
دل و دماغ و سر و سینہ جو وہاں موجود — وہی ہی معدے کی ایک دیگچی غذا کے لیے
گر ان میں ہم میں تفاوت ہی کچھ تو رنگت کا — وگرنہ ایک سے سانچے ہیں دست پا کے لیے
سروں میں دونوں کے ہیں تعبیہ دو چشم و دو گوش — وہ دیکھنے کو یہ سننے سے ماسوا کے لیے
کمی ہی ہم میں تو ایک علم کی کہ علم مفید — ہماری قوم میں سے اٹھ گیا سدا کے لیے
شما میں ہیں کروروں ولیک فرشتاس — جو ڈھونڈیے تو نہیں ایک رہنما کے لیے
ہمارا علم ہی الفاظ کا اتار چڑھاؤ — کہ اتنا بس ہی فضیلت کی انتہا کے لیے
کسی کے ذہن میں گر ہی بلند پروازی — تو علم فلسفہ مسلّم[۵۱] ہی ارتقا کے لیے
مگر وہ فلسفہ جو کچھ بکار خلق نہیں — نہ اس زمیں کے لیے اور نہ اس سما کے لیے
ذلیل ہو گئے ایسے کہ منہ دکھانے کی — جگہ نہیں ہی کسی مرد باحیا کے لیے
ہمیں جو صید زبوں سب نے دیکھ پایا ہی — ہر ایک بے سبب آمادہ ہی جفا کے لیے
کبھی تو چین ہو کیا اے تداول ایام — ہمیں ہیں دلنے کو گردوں کی آسیا کے لیے

[۵۱] مسلّم ہی ۱۲، ۱۳ پڑھا ہی ۱۲

دوا ہوئی بھی تو کیا جب وہ اتنی مہنگی ہو
کہ گنج چاہیئے قارون کا بہا کے لیئے

جو ہم میں شاذ کوئی ہو امیر دولت مند
تو اُس کا مال ہو اسرافِ ناروا کے لیئے

اُسے کسی کی مصیبت کی ہو چکی پروا
جو معتقد ہو کہ ہو عیش اغنیا کے لیئے

کبھی سُنا نہیں اُس نے کہ کیا بلا ہے قوم
نہ یہ کہ اُس کا تمول ہو ماشما کے لیئے

اگرچہ قوم میں ہیں نسبتاً غریب بہت
کہ دن کو فاقہ ہو اور کچھ نہیں عشا[۵۱] کے لیئے

لباس موسمِ گرما میں گو نہیں درکار
مگر ہو تازہ زندگی شستا[۵۲] کے لیئے

وہ بدنصیب کہاں پائے رخت سرمائی
کہ جس کے پاس نہیں جیتمڑ[۵۳] ردا کے لیئے

پر اتفاق بجائے خود ش ہو دولت ملک
یہ بن پڑے تو بس اکسیر ہو غنا کے لیئے

مگر یہاں تو کسی کو نہیں کسی سے لگاؤ
کہاں سے آئیں خزانے جداجدا کے لیئے

غرض نظر نہیں آتی کوئی سبیل فلاح
تو آؤ دل سے اُٹھیں ہاتھ سب دعا کے لیئے

الٰہی ہم تو ہیں نالائق و گنہگار و مجرم
تو ہی ہو مرجع حاجات ہر گدا کے لیئے

ہماری کوتہیوں پر نظر نہ کر یارب
ذرا سمجھ کر دو دنا کردہ مصطفیٰ کے لیئے

یہ عہد عافیت و عدل و امن و آزادی
صلائے عام ہو ہر نوشتش آزما کے لیئے

لے ثبات ہو اور ہم کو عہد کی توفیق
کہ آج وعدہ ہو موعود[۵۴] اسعدی کے لیئے

ہمارے قبضۂ قدرت میں ہوں خزائن ارض
نہیں ہمارے لیئے جمع فقط خدا کے لیئے

---

۵۱ طعام شب - ۱۲

۵۲ جاڑا - ۱۲ ۵۳ چادر - ۱۲

۵۴ جو کوشش کرے - ۱۲

اکتالیسواں لکچر نہایت مفید و عبرت خیز

موسوم بہ

تنبیہ

جو

ایجوکیشنل کانفرنس کے ستروہیں اجلاس میں مقام بمبئی دسمبر ۱۹۰۳ء کو دیا گیا

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَعِبْرَۃً

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یک دلِ خجل آرزو دل بکہ مدعا نہم
تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

اگرچہ ایشیائی شاعروں کے ملفوظات مبالغے سے کمتر خالی ہوتے ہیں الا ماشاء اللہ لیکن اگر اس شعر کو اس زمانے کے مسلمانوں کے حسبِ حال خیال کیا جائے تو میرے نزدیک اس میں ذرا بھی مبالغہ نہیں کیوں کہ روحانی۔ عقلی۔ تمدنی۔ اخلاقی جس جس پہلو سے مسلمانوں کی حالت پر نظر کی جاتی ہے وہ یوماً فیوماً قعرِ تنزل میں گرتے چلے جاتے ہیں۔ میرے مُنہ میں خاک۔ میرے نزدیک تو ان کا مرض علاج سے گزر چکا ہے۔ یہ سچ ہے کہ معدودے چند نفوس کو قوم کی حالت کا احساس ہو چلا ہے مگر اول تو وہ معدودے چند مسلمانوں کی مردم شماری اور وسعتِ مُلک کے مقابلے میں ہیں کتنے۔ اُونٹ کے مُنہ میں زیرہ۔ کھانے میں نمک بھی تو نہیں۔ پھر ابھی تو تدبیریں سوچ رہے ہیں اور یہ سوچنا مشت بعد از جنگ ہے ۵

خیالِ زلفِ بتاں میں نصیر پیٹا کر		گیا ہے سانپ نکل تو لکیر پیٹا کر	

غرض سوچ رہے ہیں کہ کرنا معدودے چند کے بس کا نہیں بس سوائے اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ

موت ہی سے کچھ علاجِ دردِ فرقت ہو تو ہو		غسلِ میت ہی ہمارا غسلِ صحت ہو تو ہو	

ع ۔ تا تو بمن می رسی من بجہانی رسم

ظاہر میں آدمی اکہرا جسم دکھائی دیتا ہے مگر حقیقت میں دوہرا ہے اس لیے کہ جسم کی ہم زاد روح اس میں حلول کیے ہوئے ہے ۔ روح نہ جسم ہے نہ جان ہے بلکہ ایک جداگانہ چیز ہے جسے ہر شخص مَیں سے تعبیر کرتا ہے اور جسم کے تعلق سے تمام اجزائے جسم کو اپنا بتاتا ہے اور کہتا ہے ۔ میرا دل ۔ میرا دماغ ۔ میرا سر ۔ میرے ہاتھ پاؤں وغیرہ جسم و روح کے تعلق کو خیال کرتے ہیں تو ذہن لفظِ چادر کے معنے کی طرف منتقل ہوتا ہے وہ تمامیہ ہے قطعہ

ایک اگر چار سے جائے تو رہیں چار کے چار		دو اگر چار سے جائیں تو رہیں چار کے چار	
تین اگر چار سے جائیں تو رہیں چار کے چار		چار اگر چار سے جائیں تو رہیں چار کے چار	

اور اس کا حل اس طور پر ہے کہ لفظ چادر میں سے ایک حرف دال حذف کر دو تو لفظ چار باقی رہتا ہے ۔ جیسا کہ قطعے کے پہلے مصرع میں ہے ۔ پھر لفظ چادر میں سے دو حرف د ر نکال ڈالو تو باقی رہتا ہے چا ۔ بقاعدہ جمل چ کے تین کا ایک مجموعہ چار ۔ قطعے کا دوسرا مصرع ۔ پھر لفظ چادر میں سے چ آ کو نکال دو تو باقی رہتا ہے حرف د جس کے لیے چار کا عدد خاص ہے ۔ قطعے کے تیسرے مصرع کا ثبوت ۔ پھر لفظ چادر میں سے لفظ چار ساقط کر دو تو حرف د رہ جائے گا جس کے چار ہوتے ہیں یا د ساقط کر و جس کے چار ہوتے ہیں تو لفظ چار رہ جائے گا ۔ غرض قطعے کے چوتھے مصرع کے ایک چھوڑ دو دو ثبوت ۔

یہی حال ہے میں کا کہ مثلاً آدمی کا ہاتھ کاٹ ڈالو میں بدستور ۔ پاؤں قطع کر دو میں بدستور وَقِسْ عَلٰی ھٰذَا سَائِرَ الْجَسَدِ ۔ سر یا کوئی عضو رئیس کاٹ دینے سے آدمی تو مر جائے گا مگر

میں کا مدلول بدستور۔ یہاں تک کہا جاتا ہو کہ یہ فلاں کی قبر ہو یہ اُس کا مزار ہو۔ خواجہ میر درد فرماتے ہیں

ہووے کب وحدت میں کثرت سے خلل		جسم و جاں گو دو ہیں پر ہم ایک ہیں	

آدمی شروع سے روح کی ٹوہ میں لگا ہو مگر اس وقت تک تو کچھ پتا چلا نہیں کہ روح ہو کیا چیز اور جسم کے ساتھ کیوں کر اُس کا پیوند ملا ہو۔ صدق اللہ عزوجل وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُم مِّنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ہم نے روح کو پہچانا اُن قوتوں سے جو جو مبدا فیاض جل و علا شانہ نے اُس کو عطا فرمائی ہیں۔ یہ قوتیں وہبی ہیں اور ان کا تخم ہر فرد بشر کی طبیعت میں ودیعت رکھا گیا ہو مگر ان قوتوں کا اُکسانا ابھارنا موقوف ہو ریاضت اور اکتساب پر۔ کسی نے ان قوتوں کی انتہا اور انتہا نہیں پائی کہ کہاں تک ترقی کر سکتی ہیں۔ ترقی پر نظر کرتے ہیں تو پاتے ہیں **قطعہ**

خاک کے پتلے نے دیکھا کیا ہی مچایا ہو شور		فرش سے لے عرش تک کر رہا ہو اپنا زور	
سینے میں قلزم کے قطرے کا قطرہ رہا		بل بے سمائی تری اُف رے سمندر کے چور	

تنزل کو دیکھتے ہیں تو آدمی اسفل السافلین حیوانیت میں گرا ہوا دکھائی دیتا ہو۔ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ۝ **قطعہ**

آدمی زادہ طرفہ معجونے ست		از ملائک سرشتہ و ز حیوانے	
گر کند میل ایں شود کم ازیں		ور رود سوئے آں شود بہ ازاں	

آدمی کو ان قوتوں کے ساتھ دیکھا جاتا ہو تو ہر ایک آدمی بجائے خود ایک شاہی دربار ہو جس میں رُوح بادشاہ ہو عقل وزیر اعظم۔ حافظہ خزانہ دار۔ اعضا و جوارح لاؤ لشکر۔ حواس ظاہری طلیعہ اور جاسوس۔ متعارف سلطنتوں میں سے کسی سلطنت کو مقیس علیہ ٹھیرا لو جتنی خدمتیں جتنے عہدے

---

۱ اور (اے پیغمبر لوگ) تم سے روح کی حقیقت دریافت کرتے ہیں تو ان سے کہہ دو کہ روح (بھی) میرے پروردگار کا ایک حکم ہو اور تم لوگوں کو سوا راہ الٰہی میں سے بس تھوڑا ہی سا علم دیا گیا ہو۔ ۱۲ ۲ یہ لوگ چارپایوں کی مثل ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہوئے یہی وہ لوگ ہیں جو دین سے بالکل بے خبر ہیں۔ ۱۲ ۳ جس پر قیاس کیا جائے۔ ۱۲

اُس سلطنت میں دیکھتے ہو ویسی ہی خدمتیں ویسے ہی عہدے انسانی سلطنت میں بھی پاؤ گے۔ یہ تو ہوا مگر سلطنت کو چاہیئے مُلک سو زمین سے لے کر آسمان تک اِسی انسانی سلطنت کا علاقہ ہے۔ مُنہ کے کہنے سے نہیں بلکہ شاہنشاہی فرمان کی رو سے۔ وہ فرمان کیا ہے وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ صورت شکل دیکھو تو بعض دوسری مخلوقات کے مقابلے میں آدمی ایک وجود محقر معلوم ہوتا ہے تن و توش میں توانائی میں اور اسی لیئے اس کو انسان ضعیف البنیان کہا جاتا ہے اور بجا کہا جاتا ہے۔ مگر اس کو عقل و دانش کا ایک وزیر باتدبیر ایسا ملا ہے کہ اُس سے کام لے اُس کی صلاح پر کاربند اُس کی رائے پر عامل ہو تو یہ سچ مچ کا بڑا زبردست بادشاہ ہے۔ پھر خدائے تعالیٰ جلّ علاشانہٗ کی مزید عنایت تو دیکھو کہ دنیا کے بادشاہ جن مصیبتوں سے مُلک فتح کرتے ہیں آئے دن دیکھتے رہتے ہو وہ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا کی اتنی وسیع سلطنت آدمی کے بس کی تو نہیں مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا تو رہا اپنی جگہ۔ بس کی پوچھو تو ایک پرکاہ بھی آدمی کے بس کا نہیں۔ أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَّا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوا شَجَرَهَا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَعْدِلُونَ ۝ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ

لہ (لوگو!) اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (اُسی نے اپنے حکم سے) ان سب کو تمہارے کام میں لگا رکھا ہے بے شک ان (باتوں) میں (قدرتِ خدا کی) بہتیری (ہی) نشانیاں ہیں (مگر اُن (ہی) لوگوں کے لیئے جو غور و فکر کو کام میں لاتے ہیں۔ ۵۲ حقیر ۵۳ بھلا آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا اور آسمان سے تم لوگوں کے لیئے (کس نے) پانی برسایا (ہم ہی نے برسایا) پھر پانی کے ذریعے سے ہم (ہی) نے خوشنما باغ اُگائے۔ (لوگو!) تمہارے تو بس کی بات نہ تھی کہ تم ان کے درختوں کو اُگاتے کیا خدا کے ساتھ (کوئی اور) معبود (بھی) ہے؟ (نہیں) مگر یہی (بے سمجھ) لوگ ہیں کہ (خدا سے) کنی (دی) کر رہے ہیں ۵۴ بھلا کس نے زمین کو (آدمیوں اور جانوروں کے) ٹھیرنے کی جگہ بنایا اور اُس کے بیچ بیچ میں

أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ أَمَّنْ يُّجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝ أَمَّنْ يَّهْدِيكُمْ فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا ۱

لہ نہری نالے بنائے اور اُس کے (ایک وضع خاص پر رکھنے کے) لیئے اُس پہاڑ بنائے اور (میٹھے اور کھاری دو سمندروں میں حدِ فاصل رکھی کہ ایک دوسرے سے نہ مل جائیں) کیا اللہ کے ساتھ (اور کوئی) معبود (بھی) ہے (نہیں) مگر ان لوگوں میں اکثر (اتنی موٹی بات بھی) نہیں جانتے۔ بھلا کون ہے کہ جب کوئی شخص (بے قرار ہو کر) اُس سے فریاد کرے وہ اُس بے قرار کی فریاد کو پہنچے اور (اُس کی) مصیبت کو ٹال دے اور (کون ہے جو) زمین میں تم لوگوں کو (اپنا) نائب بناتا ہے (کہ تم اُس میں مالکانہ تصرف کرتے ہو) کیا اللہ کے ساتھ (کوئی اور) معبود (بھی) ہے؟ (نہیں مگر) تم لوگ غور (اور فکر) کو بہت ہی کم کام میں لاتے ہو۔ بھلا کون (ہے جو) تم لوگوں کو خشکی اور تری کی تاریکیوں میں راہ دکھاتا ہے اور کون (ہے جو) اپنی رحمت (یعنی مینہ) کے آگے (آگے) ہواؤں کو (بارش کی) خوش خبری دینے کے لیئے بھیجتا ہے

بقیہ فائدہ صفحہ ۴۶۶۔ قدرتین یاد دلا کر پوچھتا ہے کہ یہ بڑے بڑے کام کس نے کیئے۔ چوں کہ تمام آدمیوں کے دل میں بناوٹ اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ ہر ایک آدمی یہ جانا ہوا بات تسلیم کرتا ہے کہ بے شک یہ کام خدا کے ہیں اور کسی دوسرے سے نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ کئی جگہ یہ مضمون صاف صاف لفظوں میں ہے۔ مثلاً سورۂ عنکبوت میں ہے وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۖ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ تو پہلے بہ تقاضائے فطرتِ انسانی یہ بات تسلیم کرا کے کہ آسمان و زمین کا پیدا کرنا وغیرہ وغیرہ یہ کام خدا ہی نے کیئے ہیں اور کسی اور سے نہیں ہو سکتے دلیل کو اس طرح پر پورا کیا ہے کہ جس نے یہ کام کیئے ہوں وہی قابلِ عبادت ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ خدا کے سوا کوئی اور قابلِ عبادت نہیں اس پر بھی جو لوگ شرک و بت پرستی کرتے ہیں راہِ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں ۱۲ ف۔ خلفا جمع ہے خلیفہ کی جس کے معنی جانشین اور نائب کے ہیں ہم نے اِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً کے پتے سے نائب ترجمہ کیا ہے اور خلوٹ و صدانی میں نیابت کی وجہ بھی کھول دی ہے لیکن خلیفہ کے معنی جانشین کے سمجھیں تو ترجمہ یوں کرنا ہوگا اور (کون ہے جو) زمین میں تم لوگوں کو (پچھلوں کا) جانشین بناتا ہے (کہ بڑوں کے مرنے پر چھوٹے ان کے قائم مقام ہوتے ہیں) ۱۲

لہ پارہ ۲۰ سورہ نمل رکوع ۴ کا پہلا ف ۱ و ۲ ۔ ۱۲ پارہ ۱۹ سورہ فرقان رکوع ۲ کا پہلا ف دیکھو۔

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

بااین ہمہ خدا نے اپنی قدرت سے مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا کو زیر کر کے یا یوں کہو کہ ایک ایسی وسیع سلطنت هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ کو سرکر کے آدمی کے حوالے کر دیا کہ اس میں حکم رانی کرے۔ مخلوقاتِ ارضی میں جیسے جیسے تصرفات آدمی نے کیے ہیں اور کر رہا ہے وہ تو سب کے سامنے موجود ہیں کہ سوائے اس کے کہ آدمی ایک بھنگا۔ ایک مچھر۔ ایک مکھی۔ ایک تنکا۔ ایک قطرہ۔ ایک ذرہ تو پیدا نہیں کر سکتا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا

ل کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور (معبود بھی) ہے؟ یہ لوگ جیسے جیسے شرک کرتے ہیں اللہ (کی شان) اس سے بالاتر ہے۔ ف بھلا کون ہے جو مخلوقات کو اوّل بار پیدا کرتا ہے پھر اسی طرح کی مخلوقات بار بار پیدا کرتا رہتا ہے ف۱ اور کون (ہے جو) تم لوگوں کو آسمان و زمین سے روزی دیتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود (بھی) ہے؟ (نہیں) اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ اگر (شرک کے دعوے میں) سچے ہو تو اپنی دلیل پیش کرو۔ ۱۲ ۵۲ مجھ کو ایسی سلطنت عنایت کر کہ میرے پیچھے کسی کو سزاوار نہ ہو۔ ۱۲ ۵۳ لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے تو اس کو کان لگا کر سنو کہ خدا کے سوا جن (معبودوں) کو تم پکارتے ہو ایک مکھی (بھی) پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ اس کے (پیدا کرنے کے لیے ف مطلب یہ ہے کہ پیدائش کا سلسلہ جو انسانوں میں ہر سال جاری رہتا ہے [illegible] جیسا پیدائش کا سلسلہ نباتات میں جاری ہے ویسا ہی حیوانات میں اور باوجودیکہ ہم آدمیوں اور جانوروں اور نباتات کو متواتر پیدا ہوتے دیکھتے رہتے ہیں اس پر بھی ہم پیدائش کے راز سے آگاہ نہیں اسی طرح کی پیدائش نباتات میں بھی ہوتی ہے ہم تو اس سے انکار کرنے کی کوئی وجہ معقول نہیں ہو سکتی اور ایک معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ کیا لوگوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ خدا کس طرح مخلوقات کو اوّل پیدا کرتا ہے بس اس پر کلام تمام ہو گیا۔ اور آگے دوسری بات شروع ہوتی ہے کہ اسی طرح خدا اوّل بار پیدا کرتا ہے [illegible] اسی طرح [illegible] کو دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ ۱۲

ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

باقی قلعے اور مکانات اور شہر اور دیہات اور کھیتی اور باغات اور سڑکیں اور پل اور کشتیاں اور جہاز اور ہر طرح کا ساز و سامان یہ سب چیزیں آدمی ہی کی بنائی بسائی لگائی ہوئی ہیں۔

اِس سے بڑھ کر تصرفات دیکھنے ہوں تو چلو یورپ۔ وہاں تم کو وہ وہ منظر دکھائی دیں گے جنھیں دیکھ کر رہی سہی عقل بھی چکر میں آجائے گی۔ اور مشتے نمونہ از خروارے اہل یورپ کی ایجاد کی ہوئی چند کلیں جو اس بدقسمت اس غافل اس احمق ہندوستان میں چل پڑی ہیں کسی ڈرک شاپ میں دیکھنے کا اتفاق ہوا تو سادہ سے سادہ اور سلیس سے سلیس کل کا گورکھ دھندا اپنی سمجھ میں تو نہیں آیا ایک آدمی ہم ہیں کہ سادہ سے سادہ اور سلیس سے سلیس کل کے عمل کو سمجھ نہیں سکتے۔ اور ایک آدمی عنصب کے بچھے ہوئے اہل یورپ ہیں کہ یہ کلیں ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہیں ؎

ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی ہی صورت کو بگاڑ	ایک وہ ہیں جنھیں تصویر بنا آتی ہے

وہ تو غنیمت ہے کہ یورپ والوں نے سوپر چیرل پوورز کا دعوی نہیں کیا ورنہ بزورِ ہنرمندی و بزورِ دولت تو ہم سے لے ہی چکے تھے کتنوں کا دھرم ایمان بھی ہڑپ کر لیئے ہوتے۔ مدت ہوئی جب میں نظام سروس میں داخل ہونے کے لیئے حیدرآباد گیا تھا تھوڑے دنوں کا گیا ہوا تھا کہ یہ حضرت جو بیٹھے ہیں اب تو یہ ماشاء اللہ نواب بالانتخاب ہیں اُس وقت یہ نرے مولوی مہدی علی تھے مجھے وہاں کی ڈرک شاپ دکھانے کو لے گئے۔ دستگیری کچھ ایسی بہت پیچیدہ نہ تھی اور

ل (سب سے کمزور) اگر مکھی (ہی کیوں نہ) ہو جائیں اور اگر کبھی ان سے کچھ چھین لے جائے تو اس کو اس سے چھڑا نہیں سکتے (کیسے) کمزور ہے طلب کرنے والا (مکھی سے) اور جس سے طلب کی جائے (بت) اور نہیں قدر کی اللہ کی جیسی قدر کرنی چاہیئے تھی بیشک اللہ قوی (اور) غالب ہے

ف ہم نے طالب تو ان کو اور مطلوب مکھی کو بنایا ہے۔ اور دوسرے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ بت پرست طالب ہوں اور بت مطلوب۔ طالب و مطلوب دونوں طرح ٹھیک بیٹھتا ہے۔ منہ

کام بھی موٹی ہی موٹی قسم کے کر رہی تھی جیسے تخمہ کا چیرنا پھاڑنا۔ رندہ کرنا۔ لوہے اور لکڑی کے ٹھوں اور شہتیروں کا بلینڈنا۔ بھٹی کا دہکانا وغیرہ وغیرہ۔ جہاں تک میں نے دیکھا ہے کپڑا بننے کی کلوں میں بڑی الجھن ہوتی ہے۔ پھرکیاں اور کٹ پتلیاں ایسی پھرتی سے گردش کرتی ہیں کہ نظر نہیں جمتی۔ خیر تو ہم ورک شاپ کے تمام حصوں کو دیکھتے پھرے۔ جوں ہی برمے پر نظر پڑی جو لوہے کو تراش رہا تھا تو دیکھا کہ گاجر کی طرح تراشتا اور چھیلتا چلا جاتا ہے بے اختیار میری زبان سے نکلا کہ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ (داؤد کے لیے ہم نے لوہے کو (بھی) ملائم کر دیا تھا) ع

در کفِ داؤد آہن موم کرد

ہو رہا ہے یہ ہے جو ابھی میں نے تھوڑی دیر ہوئی کہا تھا کہ اہلِ یورپ بزور ہنرمندی و ہن دولت تو ہم سے لے ہی چکے تھے سو پریفیچرل پورز کا دعویٰ کرتے تو الہٰیتون کا دھرم ایمان بھی ہڑپ کر لیتے میں خود سائنس اور سائنس کے کرشموں سے ناواقف ہوں مگر ہاں اخبار میں عجائباتِ ایجاد و اختراع پڑھا کرتا ہوں اور انگریزی خوانوں سے سنا ہے اور انھوں نے بھی کسی سے سنا ہی ہوگا اور کسی سے کیا سنا ہوگا چار و ناچار کسی یورپین ہی سے سنا ہوگا کہ سائنس ایک پہیلی ہے جو اس کو بوجھے وہ ایسے بہتیرے کرشمے کر سکتا ہے۔ غرض اصلی سلطنت تو یہ تھی جو خدا نے سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ اور اِنِّيْ جَاعِلٌ[۵۱] فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً کی رو سے بنی آدم کو عطا فرما کر من وجہ خدائی کا حصے دار بنا لیا تھا مگر ہم بنی آدم نے حَقَّ قَدْرِهَا اس عطیے کی قدر نہ جانی اور کسی کا ذہن ہی اس طرف کو منتقل نہیں ہوا الا ماشاء اللہ کہ ہم بھی کچھ ہیں اور کرنے پر آئیں تو بہت کچھ ہیں اور بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ ہم نیچر کی ہمدرد کی سطح پر پڑے منڈلایا کیے اور بھولے بھٹکے جھینگے بھی شکار کرتے رہے ؎

بدریا در منافع بے شمار است

کا بھول کر بھی خیال نہیں آیا اور آیا بھی تو اوغائی مذہب کے لحاظ سے ہو

---

[۵۱] میں زمین میں (اپنا نائب) بنانے والا ہوں۔ ۱۲

اگر خواہی سلامت برکنار ست

کا ایک پیچ اور اگر پڑا کہ خدا نے جو مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا پر آدمی کو اختیار دیا تو وہ اختیار ہر فرد بشر کو عطا ہوا تھا۔ اُدھر تو اختیارات عطا ہوئے اور اِدھر نسلِ آدم نے پاؤں پھیلانے شروع کیئے جتنے وارا تنے سارے اور سلطنت وہی ایک مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند کی رو سے لگے آپس میں جوتی پیزار کرنے چنانچہ وہ جوتی پیزار پہلے بشر آدم کے دو بیٹوں

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ	اور (اے پیغمبر) ان لوگوں کو آدم کے دو بیٹوں
اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا	(ہابیل اور قابیل) کے واقعی حالات پڑھ کر سناؤ
وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ	کہ جب دونوں نے (خدا کی جناب میں) نیازیں
قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝	چڑھائیں کہ اُن میں سے ایک (یعنی ہابیل)
لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ	کی قبول ہوئی اور دوسرے (یعنی قابیل) کی
مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ	قبول نہ ہوئی تو (قابیل) مارے حسد کے بھائی سے
اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝	لگا کہنے کہ میں ضرور تجھ کو قتل کر کے رہوں گا۔ اُس نے
	جواب دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں کی (نیازیں)
	قبول کرتا ہے اگر میرے قتل کرنے کے ارادے سے تو
	مجھ پر اپنا ہاتھ چلائے گا تو میں تجھے قتل کرنے
	کے لیئے تجھ پر اپنا ہاتھ چلانے والا نہیں۔
	(کیوں کہ) میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں

باقی بر صفحہ آئندہ

ف اس سے ہابیل کی یہ غرض نہ تھی کہ میں پرہیزگار ہوں۔ بلکہ جتانا مقصود تھا کہ تمہاری نیاز جو قبول نہیں ہوئی تو اس میں میرا کوئی قصور نہیں بلکہ قصور تمہارا ہے کہ پرہیزگار نہیں ہو۔ اس لیئے خدا نے قبول نہیں کی ۱۲

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۷۱

اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ تَبُوْٓءَ بِاِثْمِیْ وَ
اِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ
وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ
لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِیْهِ فَقَتَلَهٗ
فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ
غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ كَیْفَ
یُوَارِیْ سَوْاَةَ اَخِیْهِ ؕ قَالَ یٰوَیْلَتٰٓى
اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ
فَاُوَارِیَ سَوْاَةَ اَخِیْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ ۝

میں تو یہ چاہتا ہوں کہ (زیادتی ہو تو تیری ہی طرف سے ہو) اور) تو میرا اور اپنا (دونوں کا) گناہ سمیٹے اور دوزخیوں میں (جا شامل) ہو۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔ اس پر بھی اُس کے (یعنی قابیل کے) نفس نے اس کو اپنے بھائی کے مار ڈالنے پر آمادہ کیا (چنانچہ) آخرکار اُس کو مار ڈالا اور (آپ ہی) گھاٹے میں آگیا۔ اس کے بعد اللہ نے ایک کوّا بھیجا جو زمین کو کُریدنے لگا تاکہ اُس کو (یعنی قابیل کو) دکھائے کہ اسے اپنے بھائی کی فضیحت (یعنی اُس کی بوسیدہ لاش) کو کیوں کر چھپانا چاہیئے (چنانچہ) وہ کوّے کو زمین کُریدتے دیکھ کر) بول اُٹھا ہائے میری شامت کیا میں اس سے بھی گیا گزرا ہوا کہ (بلا سے) میں اس کوّے (ہی) جیسا (ہوشیار) ہوتا تو اپنے بھائی کی فضیحت (یعنی لاش) کو چھپا دیتا الغرض وہ (اپنے کیے سے بہت ہی) پشیمان ہوا ف

ف ہابیل و قابیل آدم علیہ السلام کے دو بیٹے تھے۔ قابیل کھیتی کرتے ہابیل بکریاں پالتے۔ دونوں نے خدا کی نیاز کی قابیل نے مال ردی نیاز میں۔ کھلا اور ہابیل نے بہتر سے بہتر بکری جو اُس کے ریوڑ میں تھی۔ قابیل کی نیاز نامنظور ہوئی اور وہ نامنظور ہونے کے قابل بھی تھی اور ہابیل کی نیاز قبول ہوئی۔ یعنی اُس وقت کے دستور کے مطابق آسمان سے آگ آکر اُس کو جلا گئی۔ قابیل نے غصے میں آکر مارے حسد کے بھائی کو مار ڈالا اور اُس کی لاش کو لادے لادے پھرا۔ کیوں کہ وہ پہلی موت تھی جو زمین پر واقع ہوئی۔ آخر اُس نے کوّے سے دفن کرنا سیکھا اور اُس کو اپنی حالت پر سخت رنج ہوا۔

ہابیل قابیل سے شروع ہو کر الیٰ ساعتنا ھذہ (اس وقت تک) چلی جاتی ہے اور بنی آدم ہیں کہ آپس ہی میں کٹے مرتے ہیں۔ یہ آگ کچھ ایسی گھڑی کی لگی ہے کہ نسل آدم کو زمین پر بسے ہوئے ہزاروں برس ہو گئے یہ آگ ہی بجھنے پر نہ آئی ایک طرف سے زور کم ہوتا ہے دوسری طرف سے پھوٹ پڑتی ہے۔ غرض اولاد آدم نے زمین کو کوہ آتش فشاں بنا دیا ہے اور سمندروں کے پانی کو کر دس آئل۔ وہ تو خدا نے زمین ہی اتنی بڑی بنائی تھی کہ ہر ایک گروہ کو تھوڑا بہت ملک مل گیا ورنہ آئے دن کے باہمی کشت وخون سے آدم کی نسل کبھی کی کان لم تغن بالامس (گویا کل اس کا نام ونشان ہی نہ تھا) ہو گئی ہوتی۔ مگر یہ سلطنت جس کے لیے زمین پر خون کے دریا بہ گئے اس مافی السموت ومافی الارض جمیعا کی سلطنت کے مقابلے میں ہے کیا چیز؟ سمندر کے مقابلے میں قطرہ بھی نہیں ایک چھینٹ! مغرب کے مقابلے میں پوست!! آفتاب کے مقابلے میں نزدا!! سورے میں روکھن! تول میں پاسنگ!!! اے کاش شروع سے سب نہیں سو میں دو چار بھی خزائن الارض کی ٹوہ میں لگے رہتے ۵

وان من شیء الا عندنا خزائنہ وما ننزلہ الا بقدر معلوم۔	اور جتنی چیزیں ہیں ہمارے ہاں سب کے خزانے (کے خزانے بھرے پڑے) ہیں مگر ہم ایک اندازہ معلوم (و مقرر) کے ساتھ ان کو (مخلوقات کے لیے) بھیجتے رہتے ہیں

تو کیوں اس سلطنت کو ہاتھ سے جانے دیتے اور دوسر کستر پہ گئی تھی تو کیوں اس کے جانے کا ماتم کرتے ۵

تو ہی ہر جائی تو اپنا بھی یہی طور سہی	تو نہیں اور سہی اور نہیں اور سہی

ہمارا روئے سخن تو خاص کر مسلمانوں کی طرف ہے کہ ان کی جماعت ایک مذہبی جماعت ہے یعنی اب سے تیرہ سو برس پہلے شہر مکہ کے شریف ترین منتسبہ قریش میں عبد المطلب کے گھر جو اپنے وقت میں رئیس البطحا تھے ان کے پوتے محمد بن عبد اللہ صلوات اللہ علیہ یتیم پیدا ہوئے ہر چند عبد المطلب بجائے خود کثیر العیال تھے مگر انہوں نے یتیم پوتے کو بڑی شفقت سے پالا پوسا۔ برسوں کے اعتبار سے عمر کی صرف آٹھ منزلیں طے کرنے پائے تھے کہ دادا

کا بھی انتقال ہوگیا تو چچا ابو طالب متکفل ہوئے۔ یہ تھی ابتدا اُس شخص کی جو بڑا ہو کر دین و دنیا دونوں کا بادشاہ ہونے والا تھا۔ میں نے تعدد ازواج پر ایک کتاب لکھی تھی۔ فسانۂ مبتلا۔ اور چوں کہ تعدد ازواج پر تھی کتاب کے بھی دو نام رکھے محصنات اور فسانۂ مبتلا۔ اور مولوی خواجہ **الطاف حسین** حالی کا نہیں بلکہ اُن کے مسدس مدّ و جزرِ اسلام کا منہ چڑانے کے لیے ایک مسدس اتمام حجت کے نام سے اُس کتاب کے آخر میں لگا دیا تھا۔ مناسب محل اُس مسدس کے چند بند پڑھتا ہوں جن سے حضراتِ سامعین کو اجمالی طور پر معلوم ہو جائے گا کہ جنابِ رسالت مآب کی ولادتِ باسعادت کے وقت دنیا کا اور خاص کر اہلِ عرب کا کیا حال تھا۔

سب جانتے ہیں عالمِ اسباب ہے جہاں
ہر واقعہ نتیجۂ علت ہے بے گماں
اِک قاعدے سے بھاگ کے جائے کوئی کہاں
جاری ہے یہ زمین سے لے تا بہ آسماں

یہ ضابطہ جدید نہیں سرسری نہیں
اسلام بھی عموم سے اِس کے بری نہیں

دیں کا عروج بے سببِ معتبر نہ تھا
تھا مُزدِ سعی[1] صرف دعا کا اثر نہ تھا
راہِ خدا میں جان تلک کا بھی ڈر نہ تھا
مومن نہ تھا کہ جس کا ہتیلی پہ سر نہ تھا

اِن معرکوں میں کتنے عزیزوں کا خوں[2] بہا
اِک سلطنت اور اتنے شہیدوں کا خوں[3] بہا

تھی نارِ شرک سارے زمانے میں مشتعل
روئے زمیں پہ نورِ ہدایت تھا مضمحل
اہلِ کتاب تک اسی آفت میں تھے بگل
پس دو طرح کے لوگ تھے یا ضال[4] یا مضل[5]

شیطان کی جہاں میں دوہائی پھری ہوئی
یعنی خدا سے ساری خدائی پھری ہوئی

[1] کوشش کا صلہ ۱۲ [2] یعنی خون گرا ۱۲ [3] تاوان معاوضۂ خون ۱۲ [4] یعنی گمراہ یا گمراہ کرنے والے ۱۲

اہلِ[۵۱] عرب کا حال تھا سب میں بہت خراب
جیسے بلا مبالغہ چیونٹی بھرا کباب

بارود سے زیادہ مزاجوں میں التہاب[۵۲]
گر بات تو چھیڑے تو ملے جنبیت[۵۳] جواب

استثنے سے لفظ پر کہ چلو یا ہٹو پرے
لڑنے پر مستعد ہوئے حتی کہ کٹ مرے

سفاک کینہ[۵۴] توز ستم گر ستیزہ جو
بے رحم سنگدل متمرد درشت خو

غارت گروں کو اہلِ قوافل[۵۵] کی جستجو
اس ٹوہ میں سدا پڑے پھرتے تھے چار سو

صحرا نورد وحشی و خانہ بدوش تھے
اونٹوں کو پالتے تھے بس اتنے ہی ہوش تھے

اُن کو نظر نہ تھی نہ زیاں پر نہ سود پر
گھر بار سب لٹا دیں گر آجائیں جود پر[۵۶]

جانیں نثار کرتے تھے اپنے وفود پر[۵۷]
مرتے تھے فخر و عزت و نام و نمود پر

برداشت کر نہ سکتے تھے از بسکہ ہیٹیاں
کم بخت مار ڈالتے تھے اپنی بیٹیاں

محکوم تھے کبھی بعض تو صرف از برائے نام
کیا جانیں ایسے لوگ سیاسات[۵۸] و انتظام

اک رنگ میں رنگے ہوئے چھوٹے بڑے تمام
داداوں کا لیتے پوتے پڑوتوں سے انتقام

ہر قوم سے طنابِ عداوت تنی ہوئی
بارہ مہینے اُن میں لڑائی ٹھنی ہوئی

تھے گرچہ علم و فضل و لیاقت سے بے نصیب
لیکن ہر ایک باغِ فصاحت کا عندلیب

ترکیب اُن کی بولی کی واقع ہوئی عجیب
جادو اگر نہیں ہے تو جادو سے ہے قریب

وہ دل کو موہ لیتے تھے طرزِ بیان سے
باتوں میں پھول جھڑتے تھے اُن کی زبان سے

۵۱ یہ حال اہلِ بکا تواریخ سے ظاہر ہوتا ہے ۱۲ ۵۲ افروختہ شدن آتش ۱۲ ۵۳ جنبیہ یک آ قتل ہر ۱۲ ۵۴ کینہ کش ۱۲ ۵۵ جمع قافلہ ۱۲

۵۶ سخاوت ۱۲ ۵۷ مہمان ۱۲ ۵۸ جمع سیاست ۱۲

باآں کہ شہر مکہ میں تھا کعبہ خلیل
گھر میں خدا کے سینکڑوں بُت ہوگئے دخیل

نالائقوں نے اُس کو کیا اِس قدر ذلیل
جیسے کہ آن بیٹھے ہما کی جگہ میں چیل

کیا انقلاب گردشِ چرخِ کہن کے ہیں
یہ بُت پرست[۵۱] خلف اُسی بُت شکن کے ہیں

غالب صفت تھی اُن کی خشونت[۵۲] باہمی جدال[۵۳]
وہ خانہ داریاں تھیں بجائے خود وبال

اِس طرز میں شریک تھے کیا اہل کیا عیال
اِک مرد جتنی عورتیں چاہے کرے حلال

منکوحہ چھوٹ جاتی تھی عذرِ سخیف[۵۴] پر
نزلہ گرا ہی کرتا ہے عضوِ ضعیف پر

ناگفتہ بہ ہے اُن کا طریقِ معاشرت
کرہاً[۵۵] زنانِ بیوہ کی ارث و مقاسمت

شرم و حیا سے اُن کو نہ تھی کچھ مناسبت
دو بہنیں اور حقوقِ زنی میں مشارکت

ظاہر خراب اُس سے زبوں تر سریرتیں
انسان ہو کے اُن کی بہائم کی سیرتیں

سب اہلِ روزگار تھے گم راہ یک قلم
مستوجبِ عذابِ الٰہی عرب عجم

پر اُس[۵۶] نے عین وقت پہ اپنا کیا کرم
پیدا[۵۷] ہوئے نجات دہندۂ اُمم

بنیادِ شرک و کفر و ضلالت کی ہل گئی
بھٹکے ہوؤں کو منزلِ مقصود مل گئی

۵۱ یعنی اہلِ عرب حضرتِ ابراہیم خلیل اللہ صلعم کی اولاد اور اُن کے دین کے مدعی تھے اور پھر کعبے میں بُت رکھ کر بُت پرستی کرنے لگے ۱۲ ۵۲ سختی درشتی ۱۲ ۵۳ بہرحال ۱۲ ۵۴ بودا، کمزور ۱۲ ۵۵ عرب جاہلیت کا دستور تھا کہ مثلاً باپ دس بیبیاں چھوڑ مرا تو وہ بیبیاں مثل مالِ متروکہ بیٹوں پر تقسیم کر دی جاتی تھیں اور اِن کی بانٹ میں لڑائیاں ہوتی تھیں اِس کے علاوہ حقیقی بہنیں ایک نکاح میں ہوتی تھیں۔ اِن بُری رسموں کو اسلام نے موقوف کیا۔ ۱۲ ۵۶ اعمالِ باطن ۱۲

۵۷ یعنی خدائے تعالیٰ نے ۱۲ ۵۸ پیغمبر ہمارا صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲

حالات جو اس نظم میں مذکور ہیں مختصر اور نہایت مختصر تو ہیں مگر شاعرانہ خیالات نہیں ہیں بلکہ واقعاتِ نفس الامری ہیں جو سیر اور تاریخ کی کتابوں میں کندہ کیے ہوئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمانے کی حالت اس کی متقاضی تھی کہ خدا اپنے بندوں کو ضائع نہ ہونے دے اور اُس نے اپنی مہربانی سے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝	اور (اے پیغمبر) ہم نے تو تم کو دنیا جہان کے لوگوں کے حق میں رحمت (بنا کر) بھیجا ہے اور بس

حضرت ختم المرسلین کو پیدا کیا اور ایسے لوگوں میں پیدا کیا جو ننگِ انسانیت تھے اور وہی ننگِ انسانیت اتنے تھوڑے عرصے میں کہ ایسے عظیم اور عجیب انقلاب کے لحاظ سے اُس کو طرفۃ العین کہنا ہرگز مبالغہ نہیں غرض چشم زدن میں اتنے بگڑے ہوئے ایسے سنورے اس قدر گرے ہوئے ایسے اُبھرے کہ ہم تو اس کو معجزہ ہی کہیں گے۔ معجزے کے سر میں سینگ نہیں ہوتے اگر یہ معجزہ نہیں تو پھر موسیٰؑ اور دمِ عیسیٰؑ کوئی بھی معجزہ نہیں۔ ہم تو ایک لمحے کے لیے بھی اس بات کو نہیں مانتے کہ جبر و اکراہ سے کوئی مذہب اشاعت پا سکتا ہے۔ اور بفرضِ محال اشاعت پا بھی جائے تو اس طرح جڑ نہیں پکڑ سکتا کہ اتنے جھکولوں پر جو اسلام کو پیش آ رہے ہیں اُکھڑنے کا کیا مذکور ہے جگہ سے ہلا تک بھی تو نہیں۔

اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ	اُس کی جڑ مضبوط ہے اور اُس کی ٹہنیاں آسمان میں ہیں

دیکھو تو کیا مزے کی بات ہے ہم نے مانا کہ تلوار نے بزور لوگوں کو مسلمان کیا تو ہم پوچھتے ہیں کہ تلوار کو کس نے مسلمان کیا۔ ناچار ماننا پڑے گا کہ اسلام کی حقانیت نے بہرکیف مسلمانوں کی جماعت مذہبی جماعت ہے یعنی مذہبی عقائد نے اس جماعت کو کھڑا کیا ہے۔ ان کے عقائد ایک کتاب میں جمع ہیں جس کا نام ہے قرآن۔

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ	جھوٹ نہ تو اُس کے آگے (ہی کی طرف) سے اُس کے پاس پھٹکنے پاتا ہے اور نہ اُس کے پیچھے (کی طرف) سے کیوں کہ

حَمِیْدٌ ۝	حکمت والے ستوار اور حمد (و ثنا یعنی خدا) کی اُتاری ہوئی ہے

قرآن کبھی ایک عجیب و غریب کتاب ہے جیسا اس کا مصنف لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ہے ویسے ہی یہ کتاب اپنا جواب نہیں رکھتی۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ ھٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِہٖ وَلَوْ کَانَ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ ظَھِیْرًا ۝	(اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ اگر آدمی اور جنات جمع (ہو کر اس بات پر آمادہ) ہوں کہ اس قرآن کی طرح کا (اور کلام) بنا لائیں تو ہم اس جیسا نہیں بنا لا سکتے اگرچہ اُن میں سے ایک کی پُشتی پر ایک (کیوں نہ) ہو۔

سانچے میں ڈھلے ہوئے لفظ تکسال چڑھے ہوئے مطالب ؎

اُمّی نے کتاب پڑھ سنائی	بولا تو عرب سے نچپ لگائی
گویا وہ فصیح سب کے سب تھے	پر سامنے اُس کے بستہ لب تھے

جامعیت پر نظر کرتے ہیں تو زمانہ ابتدائے آفرینش سے قیامت تک کی تاریخ ہو اور تاریخ بھی ہو تو آج کل کی تاریخوں جیسی نہیں کہ لونڈوں کو پریشان کرنے کے لیے سنوں کی بھرمار ہو تاریخ کیا ہو گویا جنتری ہو اور وہ بھی پارینہ یا مضامین ہوں تو ایسے کہ ملک میں فساد کی آگ بھڑکا دیں۔ قرآن تاریخ بھی ہے تو ایسی تاریخ جو آدمی کے تکلے کے سے بل نکال دے اور اس کو بھلا آدمی بنائے منکسر۔ متواضع۔ ملنسار۔ خوش معاملہ۔ حق شناس۔ خدا پرست۔ تاریخی مضامین کے علاوہ قرآن میں مواعظ ہیں۔ حکم ہیں۔ مناظرات ہیں قصص ہیں۔ امثال ہیں۔ اوامر ہیں۔ نواہی ہیں۔ ترغیبات ہیں۔ ترہیبات ہیں۔ اور سب کا مقصودِ اصلی ایک کہ آدمی آدمی بنے ؎

آدمیت اور شے ہے علم اور کچھ اور چیز	کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

غرض قرآن جیسا دستور العمل تو مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے جو ہر ایک بات میں ان کی رہنمائی کے لیے بس کرتا ہے۔ حَسْبُنَا کِتٰبُ اللّٰہِ (ہمیں کتاب اللہ کافی اور بس ہے) اس کے علاوہ جناب

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات بابرکات کا نمونہ موجود ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا۔	(مسلمانو!) تمہارے لیئے (یعنی) اُن لوگوں کے لیئے جو اللہ اور روزِ آخرت (کے عذاب) سے ڈرتے اور کثرت سے یادِ الٰہی کیا کرتے تھے (پیروی کرنے کو) رسول اللہ کا ایک عمدہ نمونہ موجود تھا۔

پھر ہم نہیں سمجھتے کہ کیوں مسلمانوں نے ایک طرف اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً اور سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا کو نظر انداز کیا اور دوسری طرف نمونۂ رسول سے چشم پوشی کی۔ چشم پوشی کا موجب نری غفلت ہوتی تو چنداں جائے شکایت نہ تھی۔ مصیبت بڑی مصیبت بڑی سخت مصیبت تو یہ ہے کہ اُنھوں نے مرے سے طلبِ دنیا ہی کو مذہباً حرام سمجھا اور یہ غلط فہمی اور نکمے پن کو سہولت کا بہانہ بن گئی ؎

بقدرِ ہر سکوں راحت بود بنگر تفاوت را		دو میدان رفتن استاوں نشستن خفتن و مردن

مسلمانوں کو دنیاوی ترقی اور عروج کے اعتبار سے دیکھا جاتا ہے تو ان منزلوں میں سے صرف ایک مردن کی منزل رہ گئی ہے باقی کی منزلیں غفلت اور کج فہمی اور تعصب کی مہربانی سے سب طے ہو چکیں۔ میں جانتا ہوں کہ میرا یہ کہنا مسلمانوں کو ضرور ناگوار گزرا ہوگا اَلْحَقُّ مُرٌّ کہ اُنھوں نے احکامِ الٰہی کو نظر انداز کیا اور میں نے دیدہ و دانستہ عمداً اور ارادۃً ناگوارِ خاطر گزرنے ہی کے لیئے یہ بات کہی بھی ہے۔

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝	(کیا اس وجہ سے کہ تم لوگ حدِ (عبودیت) سے باہر ہو گئے ہو ہم (تمہاری اصلاح سے) بے تعلق ہو کر نصیحت کرنا چھوڑ دیں گے

جی میں ہی کچھ نہیں ہے ہمارے وگرنہ ہم	شعر	سر جائے یا رہے نہ رہیں پر کہے بغیر

ناگوار گزرنا دلیلِ اثر ہے اور اثر اصلاحِ آئندہ کی ضمانت۔ میں پکارے کہتا ہوں اور تحدی کرتا ہوں کہ

لہ حق بات کڑوی لگا کرتی ہے ۱۲

جو لوگ مسلمان ہونے کے بڑے لمبے چوڑے دعوے کرتے ہیں اپنے گریبان میں منہ ڈال کے دیکھیں۔ میں عمل کو نہیں پوچھتا عمل کا درجہ تو بالاتر ہے اور اس امتحان میں پورا اُترنا مشکل ۔ چودہ سو برس سے قرآن کی منادی ہو رہی ہے کتنوں نے قرآن کو اول سے آخر تک ایک بار صرف ایک بار سمجھ کر پڑھا یا پڑھوا کر سنا لاکھوں کروڑوں مسلمان ساٹھ ساٹھ ستّر ستّر برس کی عمر میں پاکر مر جاتے ہیں اور اُن کو سمجھ کر سارے قرآن کا پڑھنا یا سننا نصیب نہیں ہوتا۔

آجائے ایسے جینے سے اپنا تو جی تنگ	جیتا رہے گا کب تلک ای خضر مر کہیں

اسلام کا دعویٰ اور جنّت کا ارمان اور قرآن کی طرف سے ایسی بے پروائی۔ جائے شرم۔ مسلمانوں نے جو بڑی سخت گڑھی نسخ کی وہ یہ تھی کہ جو بڑے دین دار ہیں اُنھوں نے لفظوں کے بُڑ بُڑا لینے پر قناعت کی اور مولوی روم کو یہ کہنے کا موقع دیا ؎

من ز قرآں مغز را برداشتم	استخواں پیش سگاں انداختم

لوگ یہ عذر بدتر از گناہ کریں گے کہ قرآن کی زبان عربی ہے اور ہم عربی نہیں جانتے ع

زبانِ یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

سچ ہے مگر یہ تو فرمایئے کہ اسلام میں آنے کے لیئے کون آپ کی خدمت میں ہاتھ جوڑنے گیا تھا فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ (پس جو چاہے مانے اور جو چاہے نہ مانے) علاوہ بریں ہم دیکھتے ہیں کہ مسلمان دنیاوی عارضی فانی موہوم فائدے کے لیئے انگریزی کی سخت کرخت نامانوس زبان سیکھتے اور بی۔ اے۔ ایم۔ اے کی ڈگریاں حاصل کرتے ہیں اور چند دن بعد نکمل برائے اکل اسی کے لیئے یہ کانفرنس کے سوانگ بھرے جا رہے ہیں فلاحِ عاقبت کو کیا نانی جی کے گھر کا لقمہ سمجھا ہے کہ گئے اور چھینکے پر سے اُتار کھا لیا۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ لَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ	(مسلمانو) کیا تم ایسا خیال کرتے ہو کہ (ویسے ہی) بہشت میں جا داخل ہو گے اور ابھی تم کو اُن لوگوں کی سی حالت پیش نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں

مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَ زُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝	کہ اُن کو سختیاں (بھی) پہنچیں اور تکلیفیں (بھی پہنچیں) اور جھڑجھڑائے (بھی) گئے یہاں تک کہ پیغمبر اور ایمان والے جو اُن کے ساتھ تھے چلا اُٹھے کہ (آخر) خدا کی مدد (کے آنے) کا کوئی وقت بھی ہے؟ سنبھلو سنبھلو اللہ کی مدد (کا وقت) قریب (آلگا) ہے۔

پھر پڑھو اگر نہ سننے کا کیا جواب۔ اب پھر اصل مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں کہ آدمی پیدا ہوتا ہو تو اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً کی رو سے خلافتِ الٰہی کے اختیارات لیئے ہوئے پیدا ہوتا ہے یعنی مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا کی نمایش گاہ اُس کے سامنے کردی جاتی ہے کہ اپنی اور اپنے ابنائے جنس کی آسائش کے لیئے مخلوقاتِ عالم میں تصرف کرے۔ چنانچہ جب پہلا آدمی عرصۂ ہستی میں آیا ہوگا تو اُس نے آتے کے ساتھ بھوک پیاس گرمی سردی کو ضرور ہی احساس کیا ہوگا۔ بیچارہ اور تو کچھ جانتا نہ تھا پیٹ بھرنے کے لیئے جنگل کے خودرو پھل کھاتا دریاؤں کا پانی پیتا۔ درختوں کے تلے یا پہاڑوں کی کھوہ میں دھوپ اور مینہ بوندی سے پناہ لیتا رہا ہوگا۔ رفتہ رفتہ اُسکو عقل آتی گئی اور وہ پاؤں پھیلاتے پھیلاتے اب اِس درجے کو پہنچا کہ اُس ابتدائی زندگی کے مقابلے میں ہر شخص شاہانہ زندگی کر رہا ہے۔ اور ابھی کیا ہے ؎

ایں کہ دیدی مراتبِ جزوی ست	کارِ کلی ہنوز در قدرست

آدمی اگر اسی نسبت سے سولزیشن میں ترقی کرتا رہا تو خدا جانے کیا کچھ کر گزرے گا۔ اسی کا نام ہے سائنس کہ آدمی دنیا کی چیزوں میں کوئی ایسا تصرف کرے جو اس کے اور اس کے ہم جنسوں کے لیئے بکار آمد ثابت ہو۔ سوئی۔ چاقو۔ قراض۔ کلہاڑی۔ کڑاہی۔ چولھا۔ چکّی۔ پھکنی۔ دست پناہ۔ برتن بھانڈا۔ سب اپنی اپنی جگہ پر سائنس ہیں۔ سائنس کی ابتدائی شکل موٹی بھدی بدنما۔ سائنس کی حدِ منطقی جو کچھ بھی فلاسفہ کرتے ہوں میرے نزدیک سائنس کی وسعت لفظوں میں آ ہی نہیں سکتی۔ میں نے جو سمجھا ہے وہ تو یہ ہے کہ سائنس نام ہے سولزیشن کا یا دوسرے لفظوں میں

تصرف کرنے کا جیسا کچھ بھی ہو۔ وحشی سے وحشی قومیں بھی سائنس کی ابجد کے دو چار حرف ضرور پہچانتی ہوتی ہیں اور اسی نسبت سے اُن میں سولزیشن بھی ہوتی ہے کیوں کہ سائنس آدمی کے لیئے شرطِ زندگی ہے۔ پھر زندگی اور سولزیشن اور سائنس کے مدارج ہیں۔ ایک زندگی اہل یوروپ کی ہے۔ ایک گونڈوں اور بھیلوں کی۔ ایک ہماری کہ نہ اہل یورپ کی طرح پورے سولائزڈ ہیں نہ گونڈوں اور بھیلوں کی طرح نرے وحشی بلکہ سولائزڈ قوموں سے گرے ہوئے نرے وحشیوں سے سولزیشن کی طرف بڑھے ہوئے جس زمانے میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جزیرۂ عرب میں مبعوث ہوئے اہل عرب کی سولزیشن کا حال سن ہی چکے ہو اپنا عقیدہ تو یہ ہے کہ دعوتِ اسلام عرب کے وحشیوں کو سولائزڈ (مہذب) بنانے کی ایک ترکیب تھی اور اسی غرض سے تھی۔ اس بات کو دشمن سے دشمن بھی تسلیم کرے گا کہ اسلام مشن (وفد) اس ارادے میں ناکام نہیں رہا بلکہ جیسی کامیابی اسلام کے مشن کو ہوئی ہے کسی مشن کو نصیب نہیں ہوئی۔ اسلام نے عرب کے اُن وحشیوں کو جو انسانیت کے پیچھے لٹھ لیئے پھرتے تھے چٹکی بجاتے میں اسفل السافلین حیوانیت سے اُبھار کر سولزیشن یا انسانیت کے اعلیٰ علیین پر پہنچا دیا۔ گویا یہ سب کچھ بدون سائنس کی مدد کے ہو گیا تھا۔ سائنس کے بدون تو آدمی کچھ کر ہی نہیں سکتا۔ اس کے اُٹھنے بیٹھنے میں سائنس ہے۔ چلنے پھرنے میں سائنس ہے۔ بولنے بات کرنے میں سائنس ہے۔ اس کے ہر ایک کام میں سائنس ہے۔ مگر تھوڑے ہیں جن کو اس کا شعور ہوتا ہے۔ جیسے زبان کہ ایک اَن پڑھ آدمی بھی بولنے میں صرف و نحو کے قاعدوں کا استعمال کرتا ہے مگر اس کو ان قاعدوں کا قاعدے کے طور پر علم نہیں ہوتا۔

جب سے دنیا ہے تب ہی سے سائنس بھی ہے اور ذرے ذرے میں سرایت کیئے ہوئے ہے۔ آدمی نے کسی قدر سائنس کو جانا ہے اور بہت کچھ جاننے کو باقی ہے۔ یہ جو کہتے ہیں کہ سائنس ترقی کر رہا ہے محض غلط ہے۔ سائنس تو جو ہے سو ہے۔ یوں کہو کہ آدمی کا علم ترقی کر رہا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دنیا میں روز سے سائنس کی حکومت رہی ہے اور آدمی نے جب کبھی اور جہاں کہیں

جیسی کچھ برتری بھی حاصل کی ہو چاہے وہ برتری ابنائے جنس پر ہو یا دوسری مخلوقات پر سائنس ہی کے ذریعے سے حاصل کی ہو۔ پس جتنا کچھ سائنس جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں معلوم ہو چکا تھا اُسی کے ذریعے سے اُنھوں نے خدائے واحد کا سکہ بٹھانا چاہا اور بٹھا دیا۔

با آنکہ اُن کو ذاتِ خدا کی پناہ تھی	پر مقتضائے وقت پہ ہر دم نگاہ تھی
تدبیر صلح و جنگ کی شام و پگاہ تھی	جو دوسروں کی راہ ہو وہ اُن کی راہ تھی

تقصیر کب درست ہو تدبیر کار میں
ہم اُن کے سامنے ہیں بھلا کس شمار میں

میرے کہنے کا مطلب یہ ہو کہ ہم مسلمانوں کو اوّل تو نفس قرآن سے یہ بات سمجھنی چاہیئے تھی کہ خدا نے ہم کو مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا پر سلطنت اور حکومت کرنے کے لیئے پیدا کیا ہو۔ لیکن سب کے ذہن ایسے رسا نہیں کہ قرآن کے لطیف اشاروں کو سمجھیں تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی زندہ تفسیر تھے اُنھوں نے اپنے طرزِ عمل سے سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْہُ کا مطلب بچے بچے کو سمجھا دیا تھا وہ طرزِ عمل کیا تھا کہ اُنھوں نے ایک اپنے دم سے اسلامی سلطنت قایم کر دی۔ لیکن ہم نے اس تفسیر کے سمجھنے میں بھی غلطی کی اور غلطی کی وجہ یہ ہوئی کہ پیغمبر صاحب کی زندگی کے دو پہلو تھے۔ ایک پہلو سے تو وہ جزیرہ عرب کے بادشاہ تھے اور بادشاہ بھی ایسے مقتدر کہ روم کے قیصر، فارس کے کسریٰ حبش کے نجاشی اُن کے نام سے تھراتے تھے۔ اُن دنوں فوجی قوت پر سلطنت کا مدار تھا اب بھی ہو صرف قوت کی شان بدلی ہوئی ہو کہ جسمانی توانائی دل کی بہادری بھدے ہتھیار سب کے عوض مشینیں چل پڑی ہیں جنھوں نے ساعۃ آسمانی کو مات کر دیا ہو۔ سو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی فوجی قوت کا اندازہ اس سے ہو سکتا

لہ کَتَبَ اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ ط اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۱۲

ہو کہ حجۃ الوداع میں آپ کے ساتھ تخمیناً ایک لاکھ سپاہ تھی اور سپاہ بھی عرب کی جن کی بہادری کا لوہا سب مانتے آئے ہیں۔ بہادری کے علاوہ اُن کی جان نثاری کا حال یہ تھا کہ ہجرت کے چھٹے برس پیغمبر صاحب نے عمرے کا ارادہ کیا اخیر پڑاؤ حدیبیہ میں تھا کہ اب اگلے دن مکے جا داخل ہوں گے۔ مکے والوں نے مسلمانوں کی آمد سُن کر کہلا بھیجا کہ خبردار مکے میں داخل ہونے کا قصد نہ کرنا ورنہ تلوار چل جائے گی۔ پیغمبر صاحب حدیبیہ میں رُک گئے اور صلح کے پیغام سلام ہونے لگے۔ ابھی صلح کی بات چیت ہو رہی تھی کہ ابوسفیان رئیس مکہ جاسوسی کے طور پر مسلمانوں کے لشکر کی خبر لینے آیا۔ باہمی رشتے ناطے تو تھے ہی۔ شیرِ خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اُس کو اپنے پاس ٹھیرایا پھر جو ابوسفیان مکے لوٹ کر گیا تو اُس نے جا کر اپنے لوگوں سے کہا کہ محمدؐ سے لڑنے کا تو تمام ہی نہ لینا میں نے روم و فارس کی شاہی فوجوں کو دیکھا ہے اور میں اُن کے حال سے واقف ہوں۔ محمدؐ کی فوج کا حال یہ ہے کہ اُس کے وضو کے پانی پر لوگ لڑتے ہیں اور تبرک سمجھ کر اُس کو زمین پر نہیں گرنے دیتے ایسے لوگوں سے تم کیا برسر آسکو گے۔ اَیُّھَا الْمُسْلِمُوْنَ اس بیان سے تم سمجھ سکتے ہو کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبری کے ساتھ زبردست بادشاہ بھی تھے۔ تو پیغمبر صاحب کی زندگی کا ایک پہلو تو سلطنت کا پہلو تھا۔ یہی وہ پہلو ہے جس کو کوئی مسلمان نہیں دیکھتا۔ اِن کی نظر پڑتی ہے تو پیغمبر صاحب کے پہلوئے فقر پر پڑتی ہے کہ ساری عمر نہ اچھا کھایا نہ اچھا پہنا۔ نہیں کھایا اِس لیے کہ دوسروں کا پیٹ بھرے۔ نہیں پہنا تاکہ اوروں کے تن بدن ڈھکیں۔ فقرِ نبوی کا مذکور آگیا ہے تو اِس کے متعلق چند باتیں سنو۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی لگاتار دو روز جَو کی روٹی سے پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبِيْتُ اللَّيَالِيَ الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا هُوَ وَاَهْلُهٗ لَا يَجِدُوْنَ عَشَآءً وَكَانَ اَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزَ الشَّعِيْرِ

ابن عباس کا بیان ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اہل و عیال کئی کئی راتیں پیہم خالی پیٹ گزار دیتے اور رات کا کھانا میسر نہ ہوتا اور اکثر اوقات انھیں جو کی روٹی ملتی تھی۔

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنَّا اٰلَ مُحَمَّدٍ نَمْكُثُ شَهْرًا مَا نَسْتَوْقِدُ بِنَارٍ اِنْ هُوَ اِلَّا التَّمْرُ وَالْمَآءُ

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ہم لوگ مہینوں آگ نہ جلاتے تھے اور ہمارا کھانا صرف یہی کھجوریں اور یہی پانی ہوتا تھا۔

عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ حَجَرَيْنِ۔

حضرت انس رضؓ ابو طلحہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم لوگوں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کرتے ہوئے اپنے پیٹوں پر سے ایک ایک پتھر اٹھا کر دکھایا تو آپ نے اپنے پیٹ پر سے دو پتھر اٹھا کر دکھا دیے۔

اس وقت مسلمانوں کا اتنا ہجوم ہے کوئی تو خدا کا بندہ کھڑا ہو کر کہے یا نہ کہے تو اپنے دل میں احتساب کرے کہ اس نے مدت دراز تک ساتے فاقہ کرنا تو بڑی بات ہے کبھی کسی بھوکے کی خاطر ایک لقمہ بھی کم کھایا ہے۔ غرض جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات بابرکات کے دو پہلو تھے۔ ایک طلب دنیا کا اور دنیا بھی اعلیٰ درجے کی یعنی سلطنت۔ دوسرا فقر اور۔ وہ بھی اعلیٰ درجے کا لیکن سلطنت کی طلب تھی تو اپنے نفس کے لیے نہیں بلکہ اس لیے کہ

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ۔

اور (مسلمانو!) کافروں سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فساد (نام و نشان کو باقی) نہ رہے اور دھائی ساری خدا ہی کی ہو

اور فقر و فاقہ تھا تو بخل سے نہیں بلکہ۔

يُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ط	اپنے اوپر تنگی ہی کیوں نہ ہو (مہاجرین بھائیوں کو) اپنے سے مقدم رکھتے ہیں۔

کی وجہ سے۔ تمام اسلامی فرقوں کا اس پر اجماع ہے کہ مسلمان کے لیے زندگی کے بسر کرنے کا بہترین طریقہ اتباعِ سنت ہے یعنی مسلمان کو چاہیے کہ جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے طرزِ زندگی کو اپنا دستور العمل قرار دے۔

إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ ط	اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو کہ اللہ (بھی) تم کو دوست رکھے گا۔

اچھا تو پیغمبر صاحب کی پوری پوری پیروی تو یوں ہو کہ ہر مسلمان حصولِ سلطنت کا بھی خواہاں ہو اور دوسروں کو آرام پہنچانے آپ تکلیف اٹھائے۔ اب میں سلطنت یعنی متعارف سلطنت کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ متعارف سلطنت تو یہ ہے کہ جو کوئی اس پر قابض ہو اسی کی فوج ہو۔ اسی کا سکہ۔ وہی خراج لے۔ اسی کی عدالت ہو۔ اسی کی حکومت۔ ایسی سلطنت کے بارے میں جو علاج نیک مسلمان بھائیوں کو دی جا سکتی ہے یہ ہے کہ اس کے سوا دوسری بات نہیں کہ سلطنت کی یاد کو ایسا بھلا دیں کہ خواب میں بھی اس کا خیال نہ آنے پائے۔ سلطنت کے حاصل کرنے کے جتنے ذرائع تھے وہ سب سائنس نے اپنے قبضے میں کر لیے ہیں اور سائنس پر یورپ کا قبضہ ہے۔ خاصہ منطقی شکل اول ہو۔ یعنی الانتاج شرائط انتاج اسباب صغریٰ اور کلیہ کبریٰ موجود۔ نتیجہ یہ کہ خلق خدا کی ملک اہلِ یورپ کا۔ اور اہلِ یورپ میں سے بھی ہمارے شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم کا حکم والسرائے لارڈ کرزن کا۔ یہ گفتگو تو عام مسلمانوں کے ساتھ ہے کہیں کے بھی ہوں۔ رہے ہم ہند کے مسلمان اول تو کسی قابل نہیں اور ہوتے بھی تو ہمارا مذہب ہی ہمیں سلطنت کی اجازت نہیں دیتا۔ غرض جب تک انگریزی عملداری ہے اسلام اور طمعِ سلطنت۔ دو خیال ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ علاوہ بریں اب سلطنتیں اگلی سی مرفوع القلم

سلطنتیں نہیں رہیں کہ جو چاہا سو کیا کوئی پرسانِ حال نہیں بلکہ لوگوں میں ابتدائی اسلامی سلطنتوں کی سی آزادی آگئی ہے۔

قَالَ ابْنُ عَوْنٍ كَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ لِمُعَاوِيَةَ وَاللّٰهِ لَتَسْتَقِيْمَنَّ يَا مُعَاوِيَةُ أَوْ لَنُقَوِّمَنَّكَ فَيَقُوْلُ بِمَاذَا فَيَقُوْلُ بِالْخَشَبِ فَيَقُوْلُ إِذًا نَسْتَقِيْمُ ۝	ابن عون کہتے ہیں کہ ایک معمولی سا آدمی بھی معاویہ سے کہہ دیا کرتا تھا کہ معاویہ! تم خدا کی ہمارے ساتھ سیدھے رہتے ہو تو رہو ورنہ تم کو خود سیدھا کر دیں گے معاویہ کہتے کس سے سیدھا کرو گے تو وہ کہتا کہ لاٹھی سے اس پر معاویہ کہتے تو ہم سیدھے ہو جائیں گے۔

یا شاید عمر بن عبد العزیز کا مذکور ہے کہ کسی بڑھیا کا بیٹا فوج میں تھا اور فوج مہم پر گئی ہوئی تھی کچھ عرصے تک بڑھیا کو اپنے بیٹے کا حال معلوم نہ ہوا اُس نے خود خلیفہ سے جا کر پوچھا خلیفہ نے لاعلمی ظاہر کی تو بڑھیا نے کہا کہ اے خلیفہ اگر تو ایسا بے خبر ہو تو خلاف اپنے سے بہتر کسی باخبر کے حوالے کر۔ اتنا تو نہیں مگر اس کے قریب قریب اس زمانے میں جہاں تک میں خیال کرتا ہوں بادشاہ اور حاکم کی زندگی ایک مصیبت مند زندگی ہے۔ انگریزی مثل کے مطابق "تاج پہننے والا سر ہمیشہ دکھتا ہی رکھتا ہے" کون سا انگریزی یا اردو اخبار ہے اور اخبار کا کون سا پرچہ ہے جو گورنمنٹ کے انتظام پر نکتہ چینی نہیں کرتا بادشاہ اور حاکم کی تمام حرکات اور سکنات اور افعال و اقوال افواہِ مردم میں زیرِ بحث رہتے ہیں گویا کہ اُن کے ہاں راز کی کوئی بات ہی نہیں

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۝	کوئی بات منہ سے نہیں نکالنے پاتا مگر ایک چوکیدار اُس کے پاس (لکھنے کو) تیار رہتا ہے۔

غرض کوئی بادشاہ سلطنت کو کوئی حاکم حکومت کو خود اختیاری کے ساتھ چلا نہیں سکتا بشرطیکہ اُس میں غیرت اور انصاف اور خوفِ خدا ہو۔

وہ جو کہتے ہیں کہ دولت کا کمانا اتنا مشکل نہیں جتنا اُس کا رکھ کھاؤ مشکل ہے اسی طرح ان وقتوں میں جتنا سا مَنِس سلطنت کے حاصل کرنے کے لیے درکار ہے اُس سے زیادہ سلطنت

کے سنبھالنے کے لیئے درکار ہے۔ غرض حضرت سائنس نے خدا ان سے سمجھے ہم کو ہمیشہ کے لیئے سلطنت سے محروم کر دیا چاہیے وہ سلطنت متعارف سلطنت ہو اور چاہے سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا کی سلطنت ہو تقدیر میں جو اہل یورپ کی دست نگری محکومی بلکہ غلامی لکھی جا چکی ہے لاکھ جتن کرو وہ تو کسی کے مٹائے مٹنے والی نہیں اور اَلْاِسْلَامُ بَدَاَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا (اسلام شروع میں بھی غریب تھا اور آخر میں بھی غریب ہوگا) کی پیشین گوئی پوری ہونی ہی تھی پوری ہو رہی ہے اور پوری ہو کر رہے گی۔ اب پوچھو کہ پھر تم لوگ یہ کیا تعلیم یعنی تعلیم پکارتے پڑے پھر رہے ہو۔ ہاں تو ہم لوگ اس بات کی منادی کرتے پھر رہے ہیں کہ اوّل غلام بنو آخر غلام بنو یہ طوق غلامی تو ہماری گردن کے ساتھ ہے

اَلْغُلُّ الْقَلِقُ وَالْجُرْحُ الَّذِيْ لَا يَنْدَمِلُ	جوؤں دار طوق اور نہ بھرنے والا زخم

اور ہم تم سب حسن اتفاق سے انگلستان کے غلام ہیں اور غلام کا لفظ ناگوار خاطر گزرتا ہو تو یوں کہو کہ رعایا ہیں مگر وہی غلام والی رعیت ہم تو دونوں کے معنی ایک ہی سمجھتے ہیں۔ تو ہم لوگ اس بات کی منادی کرتے پھر رہے ہیں کہ ایک تو انگلستان کی غلامی کو غنیمت سمجھو کہ آقاؤں میں ایک یہی آقا ہے جو غلاموں کے ساتھ غلاموں کا سا برتاؤ نہیں کرتا بلکہ اپنے بال بچوں کی طرح غلاموں کی پرداخت کرتا رہتا ہے۔ دوسرے یہ کہ غلام تو بنے ہی ہو تو ایاز کی طرح کے غلام بنو۔ کیوں کر بنو۔ تعلیم سے کیسی تعلیم۔ وہ ان پریزیڈنٹ صاحب سے پوچھو اور ان کے مصاحب کاروں سے۔ ؎

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید	کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا
سن اے تہذیب تجھ پہ پیروں کا سایہ	تجھے جیسا سنتے تھے ویسا ہی پایا
عرب کا ہو وہ ہند کی سرزمیں ہیں	تو گویا کہ برزخ ہے دنیا و دیں میں
بھرے تجھ میں یاں دور کے خزانے	شرف تجھ کو بخشے ہیں کتنے خدا نے
تجارت کا تجھ کو عجب گر ملا ہے	سمندر سے اک سے بہا دُر ملا ہے

تو گلدستۂ علم و فضل و ہنر ہے — حکومت کا صوبے کی ہڈ کوارٹر ہے
غرض تیری ہر اک ادا ہم کو بھائی — خصوصاً تری رفتگی اور صفائی
ہیں شہر اور بھی پر ہے کیا بات تیری — مکانات تیرے عمارات تیری
سمندر کا ساحل ترا مستقر ہے — حکومت تری بر سر بحر و بر ہے
تہی دستی اور مفلسی بد بلا ہے — مگر دیکھ کر تجھ کو جی خوش ہوا ہے
نہ ہوں گر میاں[۵۱] بوا[۵۲] ہر نمایاں — مسلمان رہ جائیں مثلِ گدایاں
نہیں یہ کہ اوڑھے ہوئے شال سب ہیں — ولیکن بہر حال خوش حال سب ہیں
مگر ہم کو تم سے شکایت بڑی ہے — ہمیں قوم کی تم کو اپنی پڑی ہے
قدم رنجہ فرماؤ چل کر تو دیکھو — ذرا گھر سے باہر نکل کر تو دیکھو
مسلمان کس رنگ کس حال میں ہیں — تمام ان کی خرمستیاں کھال میں ہیں
یہ مانا کہ تم کو ذرا غم نہیں ہے — غمِ قوم سمجھو۔ تو کچھ کم نہیں ہے

اَے آں کہ با قبالِ تو در عالم نیست
گیرم کہ غمت نیست غمِ ما ہم نیست

بُرا گر نہ مانو تو اک بات پوچھیں — سبب پوچھیں اور وجہ مافات پوچھیں
فقط ہند میں ہیں مسلمان کتنے — کہو چھ کروڑ اور اوپر سے اتنے
تو کیا تم سب آپس میں بھائی[۵۳] نہیں ہو — اسی ایک دیں کے فدائی نہیں ہو

[۵۴] اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ — [۵۵] مسلمان تو بس (آپس میں بھائی بھائی) ہیں۔
[۵۶] اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ — [۵۷] جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے پھر اللہ نے تمھارے دلوں
فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا — میں الفت پیدا کی اور تم اُس کے فضل سے بھائی (بھائی) ہو گئے

اگر مختلف فیہ ہیں چند باتیں — تو کیوں اُن پہ سُلگے چلیں اور لاتیں

[۵۱] گروہ معین ۱۲ [۵۲] گروہ ۱۲ تا ۱۳

جو کرنا ہی تم کو کرو ایک بن کر	بدی کو دباتے رہو نیک بن کر
وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا	اور سب (دل کر) مضبوطی سے اللہ (کے دین) کی رسی کو پکڑے رہو اور ایک دوسرے سے الگ نہ ہونا۔
اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝	برائی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کرو کہ وہ بہت ہی اچھا ہو جائے اگر ایسا کرو گے) تو تم دیکھو لو گے کہ (تم میں اور کسی شخص میں عداوت تھی تو اب ایک دم سے گویا وہ (تمھارا) دل سوز دوست ہی

زمانے میں ہر اک کی حالت جدا ہی	شہنشاہ ہی کوئی کوئی گدا ہی
مبذر ہے مسرف ہی خراج کوئی	رہے کوڑی کوڑی کو محتاج کوئی
کسی کو نہیں استطاعت سے افاقہ	کسی کو ہی ناچار دو دن کا فاقہ
پہنتا ہی پشمینہ یک بخت کوئی	سڑتا ہی جاڑے میں کم بخت کوئی
نہ پیارا خدا کا ہی وہ جو غنی ہی	نہ مفلس سے اللہ کو دشمنی ہی

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝	اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ سب لوگ ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو ساز و سامان دنیا ہمارے ہاں اس قدر حقیر ہی کہ) جو لوگ منکر (خدائے) رحمٰن ہیں ان کے لئے گھروں کی چھتیں ہم چاندی کی کرا دیتے اور (چھتوں کے علاوہ چاندی کے) زینے کہ اُن پر چڑھتے (اُترتے) اور (چاندی ہی کے) اُن کے گھروں کے دروازے (کر دیتے) اور (چاندی ہی کے) تخت کہ اُن پر (مزے سے) تکیے لگا لگا کر بیٹھتے اور (چاندی ہی نہیں بلکہ) سونے کے (بھی) اور (پھر بھی) یہ تمام (ساز و سامان دنیا کی زندگی کے (چند روزہ) فائدے ہیں اور (اے پیغمبر مفاد) آخرت تمھارے پروردگار کے ہاں پرہیزگاروں (ہی) کے لئے ہی

مگر جو ہی جس حال میں ہی جہاں ہی	ہر اک کا لیا جا رہا امتحاں ہی

لِيَبْلُوَكُمْ فِيمَا اٰتٰىكُمْ (تاکہ جو نعمتیں تم کو دی ہیں اُن میں تمھاری (شکرگزاری اور فرماں برداری کی) آزمائش کرے

امیروں سے کیا چاہتے ہیں؟ سخاوت!	غریبوں سے صبر و شکیب و قناعت
تو اے صاحبو دل میں انصاف کر لو	سمجھ لو اگر شبہ ہی صاف کر لو
کہ جو کچھ ہو اس کو تم اپنا نہ جانو	خدا کی امانت اسے کر کے مانو
کفایت شعاری سے اس کو اٹھاؤ	ضرورت سے زائد نہ پہنو نہ کھاؤ

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ۝	(اور اے پیغمبر اپنا ہاتھ نہ تو اتنا سکیڑو کہ گویا) گردن میں بندھا ہی اور نہ بالکل اُس کو پھیلا ہی دو (ایسا کرو گے) تو تم ایسے بیٹھے رہ جاؤ گے کہ لوگ تم پر ملامت بھی کریں گے (اور) تم تہی دست بھی ہو گے۔

اگر ایک کوڑی بھی کی صرف بے جا	کیا جائے گا پلپلا سر کا بھیجا

وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ۝	اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے رہتے اور اس کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو (اے پیغمبر) اُن کو (روزِ قیامت کے) عذابِ دردناک کی خوش خبری سنا دو جب کہ اُس (سونے چاندی) کو دوزخ کی آگ میں (رکھ کر) تپایا جائے گا پھر اُس سے اُن کے ماتھے اور اُن کی کروٹیں اور اُن کی پیٹھیں داغی جائیں گی (اور اُن سے) کہا جائے گا کہ) یہ ہے جو تم نے اپنے لئے دنیا میں جمع کیا تھا تو (آج) اپنے جمع کئے کا مزہ چکھو۔

بس انداز ہو خرچ سے جو کمائی	کرو اس سے لوگوں کی حاجت روائی
سو یہ مسئلہ ہو چکا ہو مسلّم	ہی تعلیم سب حاجتوں میں مقدّم

سب اغراض کو برؤف تیرہی یہ
تو اس فنڈ کے اہل مہدی علی ہیں
اگر قوم تعلیم سے بہرہ ور ہو

کُل امراض کے حق میں اکسیر ہی یہ
اگر ہم مسلمان ہیں یہ ولی ہیں
تو ہم بخش دیں سلطنت بھی۔ اگر ہو

اگر آں ترکِ شیرازی بدست آرد دلِ مارا
بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را

یہ چندے پھر آخر کو واپس ملیں گے
وہاں چل کے اِک اِک کے دس دس ملیں گے

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔

جو شخص (قیامت کے دن) نیکی لے کر آئے گا تو اس کو دس گنا اُس کو (ثواب) ملے گا۔

اگر اس سے بڑھ کر کسی کو ہو ہو کا
تو قرآن میں وعدہ ہی سات سَو کا

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

جو لوگ اپنے مال خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اُن کی (خیرات کی) مثال اُس دانے کی سی ہے کہ جس سے سات بالیں پیدا ہوئیں۔ ہر بال میں سو دانے اور اللہ برکت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور اللہ (بڑی) گنجایش والا (اور ہر ایک چیز کے حال سے) واقف ہے۔

جنابِ الٰہی میں اب ہاتھ اُٹھا کر
نذیر احمد ان سب کے حق میں دعا کر

جہاں میں خوش و خرّم و شاد رہنا
بفضلِ خدا دیر آباد رہنا

بیالیسوان لیکچر

یہ لیکچر موسوم بہ "آزادی اور مستورات کی بے پردگی" انجمن حمایت اسلام کے انیسویں سالانہ جلسے بمقام لاہور اپریل ۱۹۰۴ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ

اور جب پیغمبر کی بیبیوں سے تمہیں کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کے باہر (کھڑے رہ کر) اُن سے مانگو

باندھتے ہیں سر کو آزاد اور وہ پابگل	کیسی آزادی کہ یاں یہ حال ہے آزاد کا

سامعین میں چند صاحب ایسے بھی ضرور ہوں گے جنھوں نے اسی پلیٹ فارم پر مجھے شاعری کی مذمت کرتے سنا ہوگا۔ میں شاعری کی مذمت نہ النَّاسُ اَعْدَآءٌ لِّمَا جَهِلُوْا کی وجہ سے کرتا ہوں۔ ایسا کروں تو میری مثال اُس لومڑی کی سی ہو جو انگور کے خوشوں پر دسترس نہ پا کر یہ کہتی ہوئی گزر گئی تھی کہ انگور کھٹے ہیں نہیں میں شاعری کی مذمت اس وجہ سے کرتا ہوں کہ خود اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے باستثنار بعض قرآن پاک میں شاعروں کی مذمت فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں[1] وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔ مدتوں تک میری یہ رائے

---

[1] اور (کافر خیال کرتے ہیں کہ پیغمبر شاعر ہیں۔ وہ شاعر بھی نہیں کیوں کہ) شاعر (خود گم راہ ہوتے ہیں اور گم راہی کی تعلیم کرتے ہیں اور اُن کی پیروی (بھی) گمراہ (ہی) کرتے ہیں (اے مخاطب) کیا تو نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ یہ (شاعر لوگ خیالی باتوں کے) ہر ایک میدان میں سرگرداں پڑے پھرا کرتے ہیں اور ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو خود نہیں کرتے (مگر ہاں) جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل (بھی) کیے اور (اپنے اشعار میں) کثرت سے خدا کا ذکر کیا اور (کسی کی ہجو کی بھی تو پہلے خود) اُن پر ظلم ہو لیا ہو اس کے بعد اُنھوں نے (واجبی) بدلہ لیا (تو ایسی شاعری کا مضائقہ نہیں) اور جنھوں نے (اُن) لوگوں پر ظلم کیے ہیں

ہی کہ مروجہ شاعری قوم کے اخلاق کو خراب کرنے والی ہو مگر اب ۵

پس ازسی سال ایں معنی محقق شد بخاقانی	کہ بورانی است بادنجان و بادنجان ست بورانی

میرا خیال یہ ہو کہ پہلے قومی مذاق بگڑا ہو اور مذاق بگڑا ہو مذہبی لاپروائی سے جو ایک طرح کی آزادی ہو اور مذہبی لاپروائی پیدا ہوئی ہو اُس غفلت سے جو مسلمانوں نے قرآن کی طرف سے کی ہو اور کر رہے ہیں۔ شاعروں کا مقصود اصلی یہ ہوتا ہو کہ اُن کا کلام عام پسند ہو جیسے عام تھے جیسے اُن کے مذاق تھے۔ شاعروں نے عام کے خوش کرنے کو ویسے ہی سانچے میں اپنے کلام کو ڈھالا۔ یوں شاعری کی مٹی پلید ہوئی۔ اسی مذاق کی گندگی نے خواجہ حافظ شیراز جیسے پاک نفس صوفی کو مجبور کیا کہ انھوں نے شراب اور ساقی کے پیرائے میں تصوف کے مسائل بیان کیے۔ عوام شراب وساقی کے نام پر لٹو ہوئے۔ اور خواص نے شراب سے عشق الٰہی مراد لی۔ اور ساقی سے شیخ و مرشد خواص خواجہ حافظ کے کلام کے ایسے گرویدہ ہوئے کہ انھوں نے خواجہ کو لسان الغیب کا خطاب دیا کہتے ہیں کہ عالمگیر جیسا متشرع ہمہ وقت دیوان حافظ پاس رکھتا اور بات بات میں استخارے کے طور پر اُس سے تفاول کرتا۔ میں نے بچشم خود ایک صاحب دل کے پاس قرآن اور مثنوی مولانا روم اور دیوان حافظ کو ایک جلد میں بندھا ہوا دیکھا ہو اور رندِ لاابالی کو بمستی کی حالت میں مصرع

ساقی خوشنوا بگو تازہ بتازہ نو بہ نو

گاتے بھی سنا ہی۔ اُردو۔ فارسی کا لٹریچر پیٹ بھر کر بگڑا ہوا تو ہی مگر اُس میں بہت سے اشعار ایسے بھی ہیں کہ خواجہ حافظ کے اشعار کی طرح دو پہلو رکھتے ہیں ایک تہذیب کا اور دوسرا رندی کا۔

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۹۳۔) (مثلاً ناخ کسی کی ہجو کی ہو) اُن کو مرنے پر اعن قریب معلوم ہو جائے گا کہ کیسی جگہ دل کو لوٹ کر جانا ہو

(فائدہ صفحہ ۴۹۳) ان آیتوں سے ثابت ہو کہ ایشیائی شاعری کا رنگ غیر صاحب کے وقت میں بھی بہت بگڑا ہوا تھا۔ الا ماشاء اللہ اور اب تو جھوٹ اور مبالغے اور فحش کے سوا اور کوئی بات ہی دیکھنے میں نہیں آتی سو غیر اور قرآن کو بیہودہ خیالات سے کیا مناسبت اس میں نصیحت کی باتیں ہیں۔ اخلاق کی تعلیم ہو۔ خدا پرستی کی تاکید ہو۔ کجا شاعرانہ خیالات اور کجا قرآن زمین و آسمان کا فرق ہو۔ مشرق و مغرب کا تفاوت ۱۲

اب کے جو میں انجمن کے لکچر کے لیے خیالات جمع کرنے کو ہوا۔ تو خود بخود ذوق کا یہ شعر خیال پر چڑھ گیا۔

باندھتے ہیں سرو کو آزاد اور وہ پا بگل	کیسی آزادی کہ یاں یہ حال ہے آزاد کا

اس میں تو برائی کا کوئی پہلو نہیں۔ میں نے اسی کو اپنے لکچر کا سبجکٹ بنایا اور یہ شعر مجکو کچھ ایسا بھایا کہ میں آپ ہی آپ اس کو بار بار پڑھتا رہا۔ اور اسی کے وزن پر خود بھی کچھ شعر کہے تو پہلے میں اپنے شعر پڑھ لوں پھر آزادی پر کچھ کہوں۔ میں نے ان اشعار کے علاوہ پہلے بھی اپنے لکچروں کے ساتھ نظمیں پڑھی ہیں کبھی شروع میں کبھی آخر میں۔ لیکن میں نے جب جب نظم کہی ہے۔ بادلِ ناخواستہ فرمایشی شاعری کی ہے اور میں اتنے کو بھی پسند نہیں کرتا مگر لوگوں کی فرمایش سے مجبور ہو جاتا ہوں۔ قرآن میں ایک جگہ ایک امر منہی عنہ کے بعد فرمایا ہے کہ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا یعنے حلال و حرام میں ایک حد قرار دے کر فرمایا کہ حد سے تجاوز کرنا کیسا حد کے پاس جانے کی بھی جرأت نہ کرو اور اسی بنا پر صحابہ رضوان اللہ علیہم بہ تقاضائے احتیاط مباحات میں بھی توسیع سے پرہیز کرتے تھے۔ پس اگرچہ مولوی **الطاف حسین** حالی و امثالہ کی قومی نظموں کے پڑھنے میں کسی طرح کی قباحت نہیں بلکہ میں ایسی نظموں کو وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ کے مستثنیات اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا میں داخل سمجھتا ہوں مگر شیوۂ احتیاط یہی ہے کہ نوجوان طالب العلموں کی طبائع میں نظم کا مذاق ہی پیدا نہ ہونے دیا جائے اور ان کی پوری توجہ علم نافع کے اکتساب میں مشغول رکھی جائے۔ میں نے **علی گڑھ** کالج اور انجمن حمایت اسلام کے طلبہ کو کبھی کبھی ہم لوگوں کی دیکھا دیکھی نظم کہتے دیکھا ہے اور اُن کی اس ادا کو پسند نہیں کیا مگر لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ کی وجہ سے طلبہ جیسا چاہیئے متاثر نہیں ہوئے۔ میری اصلی رائے تو یہ ہے لیکن وہ جو کہتے ہیں کہ چور چوری سے جاتا ہے تو بھی ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔ نظم کہہ کر لایا ہوں تو بے سنائے نہیں رہا جاتا۔ وہ طرح کا شعر تو سن چکے ہو اس پر میرے اشعار یہ ہیں ؎

؎ یہ اللہ کی (باندھی ہوئی) حدیں ہیں تو ان کے پاس بھی نہ پھٹکنا۔ ۱۲ ؎ کیوں کہہ بیٹھا کرتے ہو جو تم کرتے نہیں دکھاتے ۱۲

ممبرانِ انجمن میں ذکر کیا فرہاد کا	اُس میں ان میں فرق ہے شاگرد اور استاد کا
جذبِ چیدہ کم نہیں لانے سے جوئے شیر کے	بے تکلف ہے تفاوت سنگ اور فولاد کا

یہ دونوں شعر ظاہر بے مناسبت سے معلوم ہوتے ہیں لیکن میں ان کی تھوڑی سی تشریح کروں تو بے مناسبتی دور نہیں تو کم ضرور ہو جائے گی۔ اوّل سمجھنا چاہیئے کہ عشق کیا چیز ہے؟ حد سے بڑھی ہوئی محبت کا نام ہے عشق اِمطلق محبت تو انسان کے خمیر میں داخل ہے یہاں تک کہ انسان کی وجہ تسمیہ یہی بیان کی جاتی ہے کہ لفظ انسان نکلا ہے اُنس سے۔ اور دیکھا بھی جاتا ہے کہ کوئی فرد بشر اُنس محبت سے خالی نہیں جس کو جس چیز کا جس بات کا شوق ہو اگر وہ شوق حُبُّکَ الشَّیْءَ یُعْمِیْ وَیُصِمُّ کے درجے کو پہونچ گیا ہے۔ تو اُسی کو عشق کہیں گے۔ یہ تو لغت کی رو سے ہوا۔ مگر عرف میں عشق ایسی محبت پر بولا جاتا ہے۔ جو آدمی کو اپنے محبوب کے ساتھ ہو۔ شاعروں نے ادعائی طور پر جیسی اُن کی عادت ہے۔ اسی طرح کا میلان جانوروں میں بھی فرض کر کے پروانے کو شمع کا بلبل اور بھونرے کو گل کا۔ قمری کو سرو کا۔ گرگٹ کو آفتاب کا۔ چکور کو چاند کا عاشق قرار دیا ہے۔ نوع بشر میں وامق اور عذرا لیلی اور مجنوں۔ نل اور دمن۔ غیلان اور می۔ رامن اور ویس سلیمان اور بلقیس۔ یوسف اور زلیخا۔ فرہاد اور شیریں کا عشق مثل زد ہے۔ میں نے فرہاد کو اس لیئے خاص کیا کہ اس کی معشوقہ شیریں نے تعلیق المحال بالمحال پہاڑ میں سے جوئے شیر لانے کی فرمایش کی۔ فرہاد نے جنونِ عشق کے جوش میں کہ اَلْعِشْقُ نَوْعٌ مِّنَ الْجُنُوْنِ۔ ممکن و محال پر تو نظر کی نہیں لگا پہاڑ کو کھودنے۔ پہاڑ سے جوئے شیر تو کیا لا سکتا تھا۔ مگر اُس نے دنیا پر اپنا سچا عشق تو ثابت کر دیا جس کا افسانہ آج تک زبان زدِ شعرا ہے۔ میں انجمن اسلام لاہور کے حال پر نظر کرتا ہوں۔ تو ممبرانِ انجمن کو فرہاد سے بھی بڑھا ہوا پاتا ہوں۔ کاہے میں؟ اُسی جنون میں! جو فرہاد کو تھا۔ ممبرانِ انجمن لفظ جنون کے استعمال کو معاف فرمائیں کیوں کہ اَلْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ میں بُری نیت سے ان کے حق میں اس لفظ کا استعمال نہیں کرتا۔ ممبرانِ انجمن اور فرہاد میں مشابہت اور مماثلت بھی ہے اور پھر ان کو فرہاد پر فضیلت بھی ہے مماثلت اور مشابہت تو عشق میں ہے۔ فرہاد شیریں کا عاشق تھا۔ ممبران انجمن قوم کے عاشق ہیں۔ فرہاد نے

لہ کسی چیز کی محبت تجھے اندھا بہرا کر دیتی ہے ۲ عشق کبھی ایک حال کی رہنے والی نہیں ہوتا ۳ اعمال کا مدار نیتوں پر ہے ۱۲

جوئے شیر کے لانے میں قصدِ محال کیا تھا۔ ممبرانِ انجمن نظر بحالاتِ زمانہ قوم کی تعلیم میں قصدِ محال کر رہے ہیں ممبرانِ انجمن کو فرہاد پر برتری اور فضیلت اِس بات میں ہے کہ فرہاد پہاڑ سے جوئے شیر لانا چاہتا تھا ممبرانِ انجمن مفلس اور قدر ناشناس قوم کے جیبِ دل سے ابیضِ منقوش اصفرِ صیاح کے نکالنے کے فکر میں ہیں ؎

چاہیئے زر ممبرانِ انجمن کے واسطے	قوم مفلس۔ یاں نہیں کوڑی کفن کے واسطے
سیم و زر مفلسوں کے پاس کہاں	چیل کے گھوسلے میں ماس کہاں

افلاس کے علاوہ اُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؎

گر جاں طلبی مضایقہ نیست	ور زر طلبی سخن دریں نیست

اسی لحاظ سے میں نے فرہاد کو کہن کے مقابلے میں ممبرانِ انجمن کو فولاد شکن سمجھا۔ کیوں کہ فولاد پتھر سے بہت زیادہ سخت ہے ثُمَّ[1] قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ۔ پس بقاعدہ علی حسب قدر المرتاتی العزائم "جن کے رتبے ہیں سوا اُن کو سوا مشکل ہے" فرہاد پر ممبرانِ انجمن کی فضیلت ثابت۔ خدا خدا کر کے میرے شروع کے دو شعر تو ہوئے۔ اب اور لو ؎

کچھ تو ایسی ہی مصیبت آ بنی ہے قوم پر	انجمن میں آج اک ہنگامہ ہے فریاد کا
مٹ گئیں قومیں کی قومیں اپنی ہی کرتوت سے	کیا سنا تم نے نہیں قصہ ثمود و عاد کا
اک ثمود و عاد کیا قومِ شعیب اخوانِ لوطؑ	لشکرِ اصحابِ فیل و فوجِ ذی الاوتاد کا
نوحؑ کی اُمت کو جب غارت کیا طوفان نے	سطحِ پر پانی کے ایک انبار تھا اجساد کا
ڈوب کر پانی میں نکلے جا کے فی نارِ الجحیم	پر نتیجہ اُن کے حق میں ایک تھا اضداد کا

[1] اور (تھوڑا بہت) بخل تو سب ہی کی طبیعت میں ہوتا ہے ۱۲ پھر اسکے بعد تمہارے دل (ایسے) سخت ہو گئے کہ گویا وہ پتھر ہیں بلکہ (اُن سے بھی) سخت تر اور پتھروں میں تو بعضے ایسے بھی (ہوتے) ہیں کہ اُن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں اور بعض پتھر ایسے بھی (ہوتے) ہیں جو پھٹ جاتے ہیں اور اُن سے پانی بھر آتا ہے اور بعض پتھر ایسے بھی (ہوتے) ہیں جو اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں

کہا کے گندم بوالبشر آدم نے نقصان کر لیا
اپنا اور اولاد کا۔ اولاد کی اولاد کا

ایک سجدے کے نہ کرنے سے ہوا شیطان رجیم
پس نہیں اپنے گناہوں کو شمار اعداد کا

سنۃ اللہ ہے کبھی بدلی کسی کے واسطے
کچھ لحاظ اس نے کیا نمرود کا شداد کا

رافت و رحمت خدا کی عام ہے بندوں کے ساتھ
کفر اور کفران ہے اس پر گماں بیداد کا

ہاں مگر بندے خود اوپر اپنے لاتے ہیں بلا
خونِ فاسد گویا مشتاق ہے فصاد کا

منزلِ ہستی کو ہم سب کر رہے ہیں طے۔ مگر
مفلسی سے حال ہے واماندۂ بے زاد کا

بھیک منگوا کر تمھیں چھوڑے گا یورپ ایک دن
یا نکالو سوچ کر رستہ کوئی ایجاد کا

گنجِ قاروں سرزمینِ ہند میں مدفون ہے
اک اشارہ چاہیے سائنس کی امداد کا

کب سے قائم ہے جہاں اور اتنے استحکام پہ
ہر بشر شاکی ہے اس کی سستی بنیاد کا

خضر نے کھے کر ڈبوئی ہم مسلمانوں کی ناؤ
گمرہانِ چند نے منصب لیا ارشاد کا

نامِ انگریزی کے پڑھنے کا اگر لیتا کوئی
مولوی دیتے تھے فتویٰ کفر کا الحاد کا

مشتِ بعد از جنگ آخر سیجے بعض بعض
کھوجڑا جب کھو چکے ہر خانماں برباد کا

قُل ہو اللہ پڑھ رہی ہیں انڑیاں ہر شخص کی
اور یہ پڑھواتے ہیں اوپر سے سبق اوراد کا

آنکھ اندھی ہو تو شاید بن سکے تدبیر سے
چارہ ناممکن ہے دل کے کور مادر زاد کا

حیف ہم خوشیاں منائیں اپنے فرزندوں کے ساتھ
اور نہ خیال آئے یتیموں کے والیِ شاد کا

وقت اب تنگ ہے دنیا ہے جو کچھ دے چکو
ہو نہیں سکتا تحمل وعدہ و میعاد کا

میں کہاں اور شاعری کا مشغلہ بے سود محض
یہ وہ کرتا ہے جو محفل سے ہو خواہاں داد کا

انجمن کے واسطے میں بھی ہوں خواہاں داد کا
دادِ تحسین کا نہیں۔ داد و دہش کی داد کا

یہ جو کچھ میں نے کہا لکچر کے بعد ہوتا تو میں اس کو روکتا نہ ٹوکتا۔ مگر لکچر سے پہلے ہو تو میں اس کو بانگی کہہ سکتا ہوں۔ اس نظم میں جن لوگوں کا مذکور ہے کہ ان پر نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ خدا کا عتاب ہوا ایک نظر

لہ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۱۲

سرو کی آزادی تو ایک شاعرانہ خیال ہی جیسے سبزہ بے گانہ ؎

ہو گیا آنکھوں سے آگے باغ تاراج خزاں	آشنا اپنا بھی واں ایک سبزۂ بے گانہ تھا

سرو کی نسبت آزادی کا خیال اُس کی بے ثمری کی وجہ سے پیدا ہوا۔ شعرا۔ اولاد کو ثمرِ زندگی تصور کرتے ہیں۔ جیسا کہ شیخ ابراہیم ذوق فرما گئے ہیں ؎

توڑا کر شاخ کو کثرت سے ثمر کی	دنیا میں گرانبار ی اولاد غضب ہو

تو سرو کی آزادی کے یہ معنی ہوئے کہ وہ ثمر کے بکھیڑے سے آزاد ہو۔ اب ہم آزادی کو انسان کی حالت پر منطبق کر کے دیکھنا چاہتے ہیں کیوں کہ ہمارے تعلیم یافتوں میں اور تعلیم یافتوں سے میری مراد انگریزی پڑھے ہوئے اس لیے کہ اس زمانے میں انگریزی ہی علم ہے یعنی علمِ دنیا اور باقی سب جہل۔ بلکہ بدتر از جہل غرض ہمارے تعلیم یافتوں میں شاید ہی کوئی سرِ آزادی کے خبط سے خالی ہو۔ ورنہ جس کو دیکھو آزادی آزادی پکارتا ہے اور اس کو انگریزی عملداری کی برکات میں راس البرکات سمجھا جاتا ہے اور وہ راس البرکات ہے بھی۔ کامل آزادی تو خدا کی شان اور اُس کی صفتِ لازمی ہے اور جس طرح خدا تعالیٰ شانہٗ کا شریک لذاتی ذاتہ ہے۔ اسی طرح لاشریک لہ فی صفاتہ بھی ہے یعنے کوئی مخلوق خواہ وہ فرشتہ یا پیغمبر یا خلقاً[1] مما یکبر فی صدورکم ہی کیوں نہ ہو اُس کی سی کسی صفت کے ساتھ نہ کبھی متصف ہوا ہے نہ ہو سکتا ہے۔ کامل آزادی۔ کامل قدرت کے بدون نہیں ہو سکتی۔ اور کامل قدرت کامل بے نیازی کے بدون نہیں ہو سکتی۔ پس انسان جو سراپا احتیاج پیدا کیا گیا ہے کامل بے نیاز ہو نہیں سکتا۔ اور کامل بے نیاز نہیں ہو سکتا تو وہ کامل قدرت بھی نہیں رکھ سکتا۔ اور کامل قدرت نہیں رکھ سکتا تو وہ کامل آزاد کس طرح ہو سکتا ہے۔ یہ بات کہ انسان سراپا احتیاج پیدا کیا گیا ہے اسی سے ظاہر ہے کہ سرے سے اُس کی ہستی ہی کسی اور کے ارادے کی محکوم ہے اور وہ ارادہ خدا کا ارادہ ہے پھر وہ حق ہو بھی تو شروع سے آخر تک ہر وقت اُس کو اتنے لوازم درکار ہیں۔ کہ جتنا کچھ ساز و سامان بھی دنیا میں ہے سب اسی کے ایک دم کے لیے ہے ؎

[1] یا کوئی اور چیز بھی من جملہ جو تمہارے خیال میں بڑی (سخت) ہو۔۱۲

جو کچھ کہ جہاں میں ہے سب انساں کے لیے ہے		آراستہ یہ گھر اسی مہماں کے لیے ہے	

یہ صرف ایک شاعر کا خیال نہیں مَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ[۱] خود قرآن کے شروع ہی میں یہ آیت موجود ہے هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا[۲] - اسی مضمون کو سعدی نے یوں ادا کیا ہے **قطعہ**

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک کار انند		تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری	
ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرماں بردار		شرط انصاف نباشد کہ تو فرماں نہ بری	

ایک دفعہ یوں ہی بیٹھے بیٹھے خیال دوڑایا تھا تو ثابت ہوا کہ قدرتی اعوان و انصار کے علاوہ معمولی زندگی کے لیے بھی آدمی کو سینکڑوں ابنائے جنس سے مدد لینے کی ضرورت واقع ہوتی ہے - ایک ظریف کا قول ہے کہ "جینا تو جینا مرنا بھی بے دوسروں کی مدد کے نہیں ہو سکتا" پس انسان کو سراپا احتیاج کہنے میں ذرا بھی مبالغہ نہیں - اتنی احتیاجوں کے ہوتے آدمی آزادی کا دم بھرے تو اس کی نسبت چھوٹا منہ بڑی بات کے سوائے اور کیا کہا جا سکتا ہے - بایں ہمہ ہر فرد بشر کی طبیعت میں آزادی کا مادہ و دیعت کر دیا گیا ہے یعنی ہر فرد بشر بالطبع آزادی کا خواہش مند ہے - ایک طرف تو آدمی سراپا احتیاج ہونے کی وجہ سے اکیلا زندگی بسر کر نہیں سکتا - اور اس کی یہ حالت اس کو تمدن پر مجبور کرتی ہے کہ اپنے جیسے لوگوں سے مل کر رہے اور یوں آدمی ایک دوسرے کی ضرورتوں میں مدد کریں - جیسا کہ کر رہے ہیں - دوسری طرف طبیعتوں کی آزادی چاہتی ہے کہ آدمی آدمی کو چھو نہ جائے فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ[۳] وہی لَوْ كَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا[۴] - آزادی تو سبھی کی طبیعتوں میں ہے ممکن نہیں کہ آزادیوں میں سر ٹکراؤ نہ ہو اور سر پھٹول ہو تو تمدن کہاں باقی رہا - یہ خدا کا انتظام ہے کہ جس طرح اس نے آدمی کے جسم میں مختلف الطبائع عناصر کو جمع کر رکھا ہے **قطعہ**

چہار طبع مخالف دسرکشش		چند روزے بوند باہم خوش	

[۱] ۱۲ شاعر کا قول نہیں ہے [۲] ۱۲ وہی (خدا وہی) جس نے تمہارے لیے زمین کی کل کائنات پیدا کی [۳] ۱۲ (اس زندگی میں تو تیری یہ منزل ہے کہ زندگی بھر اکھاڑ پچھاڑ کرتا پھرے (دیکھو) تجھے کوئی چھو نہ جائے) [۴] ۱۲ اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا اور معبود ہوتے تو زمین و آسمان دونوں کبھی کے تباہ و برباد ہو گئے ہوتے ۱۲

چوں یکے زیں ہمہ شد غالب		جانِ شیریں برآمد از قالب	

اِسی طرح اُس نے اپنی کامل دانشمندی سے آزاد طبع آدمیوں کو سوسائٹی میں منتظم کر رکھا ہے۔ اور وہ اس طرح کہ جب سے آدمی پیدا ہوتا ہے اُسی وقت سے اُس کو اطاعت و انقیاد کی جنتری میں سے نکالا جاتا ہے آدمی پیدا ہوتا ہے تو ایک مضغۂ گوشت ہوتا ہے وَاللّٰہُ اَخْرَجَکُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّہٰتِکُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْئًا وَّجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَۃَ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ قطعہ

مرغِ فکرت از مبیضہ بروں آید و زی طلبد		آدمی زادہ ندارد خرد و عقل و تمیز	
آں بناگاہ کسے گشت و بچیزے نرسید		ویں بہ تمکین و فضیلت بگزشت از ہمہ چیز	

آدمی کو اِس بیچارگی کی حالت میں چار و ناچار دوسرے کا مطیع و منقاد بننا پڑتا ہے۔ ہر ایک گھر بجائے خود ایک گورنمنٹ ہے۔ ربّ البیت بادشاہ۔ اور خاندان کے باقی لوگ اہل و عیال خدم و حشم رعایا۔ آدمی کا بچہ پہلے گھر کی گورنمنٹ میں اطاعت کا سبق سیکھتا اور آزادی کو روکنے اور دبانے کی تعلیم پاتا۔ پھر اِس کی گرون پر ماسٹر اور معلم کی نگرانی اور ہدایت کا جوا رکھا جاتا ہے اور آخر کو حاکمِ وقت کی حکومت کا۔ غرض آدمی کو ساری عمر اِن ہی پابندیوں میں گزارنی پڑتی ہے اور سب سے بڑی پابندی تو عقل کی ہے۔ لغت کی رو سے عقل کے معنے ہی بندش کے ہیں۔ عقال وہ رسّی جس سے جانور کو باندھا جاتا ہے جیسے اگاڑی پچھاڑی باگ ڈور وغیرہ۔ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب تک زندہ رہے زکوٰۃ اور صدقات سے جو آمدنی ہوتی پیغمبر صاحب پر اور اُن کی نسل پر بلکہ اُن کے ہم جدیوں پر یعنے بنی ہاشم تک پر حرام تھی پیغمبر صاحب کو اس فنڈ سے اتنا ہی تعلق تھا کہ جو کچھ آتا بیت المال میں داخل ہوتا۔ اُس کے مصارف خدا کی طرف سے مقرر ہو چکے تھے پیغمبر صاحب کی رائے اور تجویز سے اُن ہی مصارف میں صرف کیا جاتا[۹۲] اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ وَالْعٰمِلِیْنَ عَلَیْہَا وَالْمُؤَلَّفَۃِ قُلُوْبُہُمْ وَالرِّقَابِ وَالْغٰرِمِیْنَ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ

[۹۲] اور (دیکھو) اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اور اُس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔ اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں (دیں) اور دل (دیئے) تاکہ تم (اِس کا) شکر کرو۔ [۹۳] خیرات (کا مال) تو بس فقیروں کا حق ہے اور محتاجوں کا اور اُن کارکنوں کا جو (مال) خیرات (کے) وصول کرنے پر (تعینات) ہیں اور اُن لوگوں کا جن کے دلوں کو پرچانا منظور ہو (ان مصارف میں مال خیرات یعنی

ابْنِ السَّبِيْلِ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۔ پیغمبر صاحب کا انتقال ہوا تو عرب کے نومسلموں نے زکوٰۃ کا بیت المال میں داخل کرنا بند کیا اور یہ متید اس بات کی تھی کہ یہ لوگ زکوٰۃ دینی نہیں چاہتے تھے تو حضرت ابوبکرؓ نے ان لوگوں پر جہاد کرنا چاہا۔ حضرت عمرؓ نے ان سے کیا اختلاف کہ مانعین زکوٰۃ مسلمان کلمہ گو ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ کو اپنی رائے پر اصرار تھا۔ اور فرماتے تھے وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عِقَالًا لَّقَاتَلْتُهُمْ آخر حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ اتفاق کیا میں اس واقعے سے دو باتیں مستنبط کرتا ہوں اول اختلاف کا ہونا اور پھر اس کا رفع ہو جانا۔ ایک وہ لوگ تھے کہ اختلاف بھی کرتے تھے اور پھر متفق بھی ہو جاتے تھے اس واسطے کہ جیسے اُن کا اختلاف لوجہ اللہ ہوتا تھا ویسا ہی اُن کا اتفاق بھی لوجہ اللہ ہوتا تھا اُن کی باتوں میں سخن پروری کا مطلق دخل نہ تھا۔ یا اب ہمارے علماء کا یہ حال ہے کہ چھوٹی سی بات میں اختلاف پیدا ہوا اور پھر وہ مختلف گروہوں میں الیتام کا رستہ ہمیشہ کے لیئے بند۔ دوسری بات جو میں نے واقعہ منع زکوٰۃ سے مستنبط کی یہ ہے کہ جو مسلمان نصاب کا مقدور رکھتے ہیں اور خدا کے فضل سے ابھی تک بھی ایسے بہت ہیں اُن کو اپنی جگہ سوچنا چاہیئے کہ واقعہ منع زکوٰۃ ان پر کہاں تک صادق آتا ہے۔ اول تو بہت سے مسلمان زکوٰۃ ہی نہیں دیتے۔ دوسرے جو دیتے ہیں نا مستحق کو دیتے ہیں اور پوری نہیں دیتے اور نہ انجمن حمایت اسلام لاہور کو ہر سال دست گدائی دراز کرنے کی نوبت نہ آنے پائے۔ زکوٰۃ کا بیت المال میں داخل ہونا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت سے بند ہوا اس لیئے کہ حضرت عمرؓ اپنے عہد خلافت میں بہت سے فتوحات کر مرے تھے۔ اور ممالک مفتوحہ سے جو خراج آتا تھا وہ مسلمانوں کی ضرورت کو کافی اور کافی سے زیادہ تھا۔ زکوٰۃ کی چھوٹی چھوٹی رقموں کا حساب کتاب درستی کے ساتھ رکھنا اُن وقتوں میں مشکل تھا۔ اور مسلمان صاحب نصاب بھی بہت ہو گئے تھے حضرت عثمانؓ نے اپنے وقت کے مسلمانوں پر قیاس کر کے زکوٰۃ کا لینا موقوف کیا۔ اور سمجھے کہ جس طرح مسلمان

بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۰۳۔ زکوٰۃ کو خرچ کیا جائے اور نیز قید غلامی سے غلاموں کی (گردنوں کے چھڑانے) اور قرض داروں (کے قرضے) میں اور (نیز) خدا کی راہ (یعنی مجاہدین کے سازوسامان) میں اور مسافروں (کے زادِ راہ) میں (یہ حقوق) اللہ کے مقرر کئے ہوئے (ہیں) اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا (اور) حکمت والا ہے۔

اپنی طبیعتوں کے تقاضے سے فریضۂ نماز ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح فریضۂ زکوٰۃ بھی بطور خود ادا کرتے رہیں گے اُن کو اِن دقتوں کی خبر نہ تھی کہ مسلمان فرائض اسلام کی طرف سے اس قدر غفلت اختیار کریں گے یہی ایک حکم زکوٰۃ ہے کہ اگر احتیاط کے ساتھ اس کی تعمیل ہو اور حق السعی پورا ادا کیا جائے اور مستحق کو پہنچایا جائے یعنی مسلمانوں کی تعلیم میں خرچ کیا جائے۔ تو یہ تمام شور و غل جو آج کل ہوا کرتا ہے ایک دم سے بند ہو جائے مگر یہ بات صرف عقل پر ادا آگئی تو آدمی پر بڑی روک عقل کی ہے اور عقل کو عقل اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ بُرے کاموں سے روکتی اور منع کرتی ہے۔ غرض آدمی ایک خاص طرح کا مخلوق ہے۔ آزادی پسند اور قید علائق میں جکڑ بند اس کے ساتھ وہ منزل الرائے بھی ہے کہ اعتدال پر قائم نہیں رہ سکتا خدا نے اس کو تھوڑا سا اختیار بھی دے رکھا ہے جس کے نشے میں آکر وہ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ اور اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی بھی کہنے لگتا ہے سلطنت اور حکومت سے قطع نظر کر لو تو اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی ہم ہی جیسے ایک بشر کا مقولہ ہے جو اَلَیْسَ لِیْ مُلْکُ مِصْرَ وَھٰذِہِ الْاَنْھٰرُ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِیْ کے برتے پر یٰٓاَیُّھَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرِیْ۔ پکار اٹھا تھا۔ اور اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ بھی فرعون جیسے ایک بادشاہ کی بیہودہ بکواس ہی جو ابراہیم علیہ السلام کا معاصر تھا اور اُس کا قصہ آپ کے ان لفظوں میں مذکور ہے اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰھٖمَ فِیْ رَبِّہٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ اِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ قَالَ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ قَالَ اِبْرٰھٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ

---

۱۲ میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں ۱۲ تم میں مقابلہ بڑا پروردگار ہوں ۱۲ کیا ملک مصر ہمارا نہیں؟ اور (تم دیکھ رہے ہو کہ) یہ نہریں ہمارے (ایوان شاہی کے) نیچے (پڑی) بہ رہی ہیں۔ ۱۲ اے اہل دربار! میں تمہارے واسطے اپنے سوا کوئی خدا معلوم نہیں ہوا ۱۲

۵۵ (اے پیغمبر! کیا تم نے اُس شخص (کے حال) پر نظر نہیں کی جو صرف اس وجہ سے کہ خدا نے اُس کو سلطنت دے رکھی تھی (ابراہیم سے آکر) ابراہیم سے اُن کے پروردگار کے بارے میں لگا حجت کرنے جب ابراہیم نے (اُس سے) کہا کہ میرا پروردگار تو وہ ہے جو (لوگوں کو) جلاتا اور مارتا ہے (اس پر) وہ لگا کہنے کہ میں بھی (جلاتا اور مارتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا کہ اچھا اللہ تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا ہے آپ اُسے مغرب سے نکالیں (تو جانیں) اس پر وہ کافر ہکا بکا ہو کر رہ گیا اور پھر بھی ایمان نہ لایا) اور اللہ ہٹ دھرم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا ۱۲

فَبُهِتَ الَّذِیْ کَفَرَ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ سامعین میں اکثر تعجب کریں گے کہ فرعون نے بندہ بشر ہو کر کس مُنہ سے اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی ۔ کہا ہوگا تو حضرات! اس سے انسان کی اوچھی طبیعت کا پتہ ملتا ہو اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ ھَلُوْعًا اِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّہُ الْخَیْرُ مَنُوْعًا فرعون تو خیر مصر کا بادشاہ بھی تھا ۔ ہم ان گئے وقتوں میں امرا کو دیکھتے ہیں کہ اُن کے خطابات پندرہ بیس کے فرق سے اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی سے ملتے جلتے ہوئے ہیں ۔ اور امرا کی کیا خصوصیت ہے میں اپنے **شمس العلماء** اور **ایل ایل ڈی** کے خطابوں کو بھی اسی قبیل سے سمجھتا ہوں ۔ مولانا روم سچ فرما گئے ہیں ؎

ہیچ کس از ما کم از فرعون نیست	لیکن اورا عون ما را عون نیست

جو جس حال میں ترقع چاہے وہ فرعونیت کی شان لیے ہوئے ہو اور تِلْکَ الدَّارُ الْاٰخِرَۃُ نَجْعَلُھَا لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا کی رو سے اُس کی حالت محل خطر ہے ۔ آدمی کی خصلتوں میں سے بدترین اور کیا عند اللہ اور کیا عند الناس مبغوض ترین خصلت غرور ہے ۔ شیخی اور خود پسندی اور عُجب سب غرور ہی کی قسمیں ہیں ملکی بھاری ۔ ایک غرور شیطان کا تھا ۔ اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَہٗ مِنْ طِیْنٍ ایک فرعون کا اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی ایک اُن لوگوں کا جو ہمارے شیخی کے تخمنوں سے نیچے تک تہ بند لٹکاتے تھے ۔ ہر شخص کو چاہیئے کہ اپنے نفس میں احتساب کرے اور وہ پائے گا کہ شاید ہی اُس کا کوئی فعل شائبہ غرور سے خالی ہو ۔ فرعون نے تو اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کہہ کر غرور کی حد ہی کر دی تھی ۔ اس سے دوسرے درجے میں وہ غرور ہے جس کے حق میں فرمایا ہے وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْہِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ اب لکچر عظ

۱؎ بے شک آدمی بڑا ہی گھبرا جیا پیدا کیا گیا ہے کہ جب اس کو کسی طرح کا نقصان پہنچتا ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اُس کو کسی طرح کا فائدہ پہنچتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے ۱۲ ۲؎ دنیا کی نعمتیں تو ہر کس و ناکس کو مل جاتی ہیں مگر یہ آخرت کا گھر ہے جس (کی نعمتوں) کو ہم نے اُن لوگوں کے لیے (خاص کر) رکھا ہے جو دنیا میں کسی طرح کی شیخی نہیں کرنی چاہتے اور نہ فساد کے خواہاں ہیں ۱۲ ۳؎ میں اس سے بہتر ہوں (کیوں کہ) مجھ کو تو آگ سے پیدا کیا اور اس کو خاک سے پیدا کیا ۱۲ ۴؎ اور اس سے بڑھ کر ظالم اور (کون) ہوگا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا دعویٰ کرے کہ میری طرف وحی آئی ہے حالانکہ اُس کی طرف کچھ

کی شان پکڑ چلا ہو اور وہ منصب ہو.... کا۔

تو میں پھر اصل مطلب کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ کہ آدمی ایک خاص طرح کا مخلوق ہو۔ آزادی پسند اور قید علائق میں جکڑ بند پس اس کی آزادی نام کی آزادی ہو ورنہ وہ محکوم ہو قوانین نیچر کا محکوم ہو خاندانی حکومت کا۔ محکوم ہو وقت کے حاکم کا۔ محکوم ہو عقل کا۔ محکوم ہو رسم و رواج کا۔ محکوم ہو عام لوگوں کی رائے کا۔ محکوم ہو مذہب کا۔ محکوم ہو اپنے نفس کا اور یہ ساری محکومیاں اضطراری ہیں۔ شاعر کو تو ایک پاگل ہونے سے سر کی آزادی تسلیم نہیں۔ اتنی محکومیوں کے ہوتے آدمی کو کیسے آزاد مانا جا سکتا ہو۔ معلقات کے ایک شاعر نے آدمی کی آزادی کی ایک بہت ہی جربۂ مثال دی ہو وہ کہتا ہو ؎

لَعَمْرُكَ إِنَّ الْمَوْتَ مَا أَخْطَأَ الْفَتَى	لَكَالطِّوَلِ الْمُرْخَى وَثِنْيَاهُ بِالْيَدِ

شعر کا مطلب یہ ہو کہ موت کے مقابلے میں آدمی کی زندگی کی مثال ایسی ہو جیسے کسی شخص نے جانور کے گلے میں رسی باندھ کر اسے چرنے کے لیے چھوڑ رکھا ہو۔ اور رسی کا ایک سرا اس شخص کے ہاتھ میں ہو تو اس صورت میں جانور صرف اس دائرے کے اندر اندر گویا مطلق العنان ہو جس کا نصف قطر بقدر طول رسن ہو اسی طرح جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ بیٹھے بیٹھے زمین پر مستطیل کی طرح کی ایک شکل بنائی۔ شکل کے بیچ میں ایک لمبا خط کھینچا۔ اور اس خط کے دائیں بائیں چھوٹے چھوٹے کئی خط۔ تو ان چھوٹے چھوٹے خطوں سے مل کر اس لمبے خط کی شکل کنکھجورے کی سی ہو گئی پھر مستطیل کے وار پار ایک اور لمبا خط کھینچا۔ صحابہؓ نے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ مستطیل آدمی کی موت ہو جو اس کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہو اور یہ کنکھجورا آدمی اور اس کے عوارض ہیں اور مستطیل کے وار پار کا خط آدمی کی ہوس ہو۔ موت کی حد سے بھی آگے بڑھی ہوئی مصرع

گویم مشکل وگرنہ نگویم مشکل

ہر چند چاہتا ہوں کہ وعظ کی شان نہ آنے پائے ورنہ "دوستانی بسیم مے رسد" آ ہی جاتی ہو اور یہی

بقیہ نوٹ صفحہ ۵۰۶ - بھی ہو ہی نہ آئی ہو اور (نیز اس سے بڑھ کر بھی ظالم اور کون ہو گا) جو دعویٰ کرے کہ (قرآن) جس (کی نسبت تم کہتے ہو کہ اس) کو اللہ نے اتارا ہے (کہو تو) ایسا ہی میں بھی اتار دوں ؎

حال ہی تو لیکچر کا تمام ہونا بھی معلوم۔ انجمن اجازت دے یا نہ دے خود مجھ میں اگلی ہی تو نائی نہیں رہی ہے

نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا اور اب		لب تک آتا ہو جو ایسا ہی رسا ہوتا ہو	

افسوس تو اس بات کا ہے کہ حاشیوں کی وجہ سے اصل متن رہا جاتا ہو۔ میں نے اس ارادے سے لیکچر شروع کیا تھا کہ ہر ایک قسم کی آزادی پر بحث کر کے آؤٹ لائن کو بتاؤں گا کہ آزادی کی خواہش جو ہر ایک بشر کی طبیعت میں ہو۔ چند در چند اضطراری قیود کے ساتھ جو لازمۂ فطرتِ انسانی ہیں کیوں کر اور کہاں تک عمل میں لائی جائے۔ سو یہ تو بڑا وسیع مضمون ہو تاہم میں چلتے چلتے اتنا تو کہے دیتا ہوں کہ ہم لوگوں نے اُس آزادی کے مصرف ہی کو نہیں سمجھا جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے ہم کو عطا ہوئی ہو۔ اُس آزادی کا مصرف صحیح تو یہ تھا کہ ہم خواص الاشیا کی تہ لگاتے۔ اور کائناتِ عالم سے خدمت لیتے جیسا کہ اہلِ یورپ کر رہے ہیں سو اس طرف تو ہم نے جیسی چاہیے توجہ کی نہیں اور جیسے خالی بیٹھا ہوا بنیا بٹہ لگاتا یا اس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں اور اُس کوٹھی کے دھان اِس کوٹھی میں کیا کرتا ہو۔ فکر رائیگاں اور لایعنی مشغلوں میں پڑ گئے یا کم سے کم نقلوں کے پیچھے فرضوں کو ناغہ کرنے لگے۔ ان ہی قسموں میں سے ایک قسم کی آزادی وہ ہو جس کے لیئے مخالفینِ پردہ مسلورات شور و غل مچا رہے ہیں۔ ان دنوں روس اور جاپان میں لڑائی زور ہی ہو۔ جاپانی تو خشکی اور تری دو طرف سے روس پر حملہ کرنا چاہتے ہیں مخالفینِ پردہ ایک دم چار طرف سے پردے پر حملہ کر رہے ہیں۔ یعنی پردے کے خلاف میں چار چار دلیلیں پیش کرتے ہیں۔

اوّل یہ کہ رواجی پردہ شرعی پردے کی حد سے بڑھا ہوا ہو۔ اور اسی وجہ سے اٹھا دینا چاہیے دوسرے یہ کہ اتنا پردہ سختی کی وجہ سے عورتوں پر ظلم ہو۔ تیسرے یہ کہ پردے نے قوم کے آدھے دھڑ کو بے کار کر رکھا ہو۔ کیوں کہ مردم شماری کی رو سے مردوں اور عورتوں کا شمار قریب قریب برابر کے ہو۔ ان دنوں چوں کہ تعلیم پر بڑا زور دیا جا رہا ہو۔ مخالفینِ پردہ۔ تیسری دلیل کے تتمہ کے طور پر یہ بات بھی پیش کرتے ہیں کہ قوم کی ترقی موقوف ہو تعلیم پر اور پردے کی وجہ سے عورتوں کی تعلیم کا انتظام نہیں ہو سکتا اگر ہم عورتوں کی غفلت پر نظر کریں اور اُس تعلق پر جو خدا نے مرد اور عورت میں ٹھیرا دیا ہو۔ تو مخالفینِ پردہ

کی سب دلیلیں مکڑی کے جالے کی طرح ایک پھونک سے ٹوٹتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں مَثَلُ الَّذِیْنَ
اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَوْلِیَآءَ کَمَثَلِ الْعَنْکَبُوْتِ اِتَّخَذَتْ بَیْتًا وَاِنَّ اَوْھَنَ الْبُیُوْتِ لَبَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ
میں تو صرف دو باتیں کہتا ہوں اور دونوں مرئی و مشاہد ہیں۔ جن سے انکار ہی نہیں ہو سکتا۔ اوّل یہ کہ
مرد و عورت کا باہمی تعلق پیار و اخلاص کا تعلق ہے۔ اس کا ثبوت خود خدا کا فرمودہ جس نے مرد و عورت
کے دل ہی ایسے بنائے ہیں کہ ایک دوسرے کی طرف کھنچے ہوں۔ اور ایک دوسرے کی طرف کو رغبت
کریں۔ وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً
اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ بے شک کہیں کہیں میاں بی بی میں موافقت نہیں بھی ہوتی
مگر ایسی مثالیں شاذ و نادر ہیں وَالنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْمِ اور پھر میاں بی بی کے بگاڑ کا اعتبار کیا دن کو لڑے
رات کو پھر ایک کے ایک۔ دنیوی تعلقات میں یہی ایک تعلق جیتے جی کا تعلق ہے۔ خدا نے دونوں کے
اغراض کو ایسا وابستہ یک دگر کیا ہے کہ نکاح سے شروع ہو کر توالد و تناسل کے ذریعے سے عمر کے ساتھ
بڑھتا اور قوی ہوتا جاتا ہے۔ اور اشتراکِ اغراض کی وجہ سے دونوں کو ایک جان دو قالب کہہ سکتے ہیں
پس سرے سے یہ فرض ہی غلط ہے کہ جن لوگوں میں عورتوں کے پردے کا رواج ہے اُن میں مرد اور
عورت کا تعلق موافقانہ اور مؤالفانہ نہیں بلکہ مخالفانہ اور مخاصمانہ ہے اور مردوں نے زبردستی عورتوں کی
مرضی کے خلاف ظلماً انھیں پردوں میں قید کر رکھا ہے۔ حقیقۃ الحال یہ ہے کہ عورت کو خدا نے مرد کے مقابلے
میں ضعیف پیدا کیا ہے اس کے پیچھے ایسے عوارض لگا دیئے ہیں کہ وہ ائس کو کم زور کرتے رہتے ہیں۔ اور
یہی وجہ ہے کہ انگریزی میں عورتوں کو ویکر سکس کہتے ہیں یعنے صنفِ ضعیف۔ تو مرد اور عورت نے جن کو

لہ جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے (دوسرے) کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مثال مکڑی کی سی ہے کہ اُس نے بھی
اپنے رہنے (کے لیے ایک) گھر بنایا اور کچھ شک نہیں کہ گھروں میں بودے سے بودا مکڑی کا گھر ہوتا ہے اور اسی کی (قدرت
کی نشانیوں میں سے (ایک یہ بھی) ہے کہ اُس نے تمھارے لیئے تمھارے ہی جنس کی بی بیاں پیدا کیں تاکہ تم کو اُن کی طرف
(رغبت کرنے سے) راحت ملے اور تم (میاں بی بی) میں پیار اور اخلاص پیدا کیا جو لوگ سوچ سمجھ کو کام میں لاتے ہیں ان کے
لیئے ان باتوں میں (قدرتِ خدا کی بہتیری ہی) نشانیاں ہیں۔ ۱۲۔

اپنی زندگی ایک ساتھ بسر کرتی تھی۔ دنیاداری کے کاموں کو صلح و سازگاری سے آپس میں تقسیم کیا قطعہ

قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے		جس چیز کے ناسخ کوئی نظر آیا	
بلبل کو دیا نالہ تو پروانے کو جلنا		غم ہم کو دیا سب سے جو مشکل نظر آیا	

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا۔ اعمال شاقہ جن میں زیادہ توانائی درکار تھی مردوں کے حصے میں آئے اور انتظام خانہ داری۔ اور اولاد کی پرورش ہلکے ہلکے کام عورتوں نے لیے جو اُن کے مناسب حال تھے۔ اور چوں کہ عورتوں کے کرنے کے کام بدون اس کے اچھی طرح سرانجام نہیں پا سکتے کہ عورت جم کر گھر میں بیٹھی رہے۔ خانہ نشینی سے پردے کی صورت اختیار کر لی۔ تو اس حساب سے پردہ لازمۂ فطرتِ نسوانی ہوا اور لازمۂ فطرت ہوا تو پردے پر اعتراض کرنا فطرت پر اعتراض کرنا ہے یعنی معاذ اللہ خدا پر مصرع

نہ بر حرف او جائے انگشت کس

اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ایک بات اور ہے جس سے پردے کا لازمۂ فطرت نسوانی ہونا پایا جاتا ہے ثبوت نہ سہی مؤید تو ہے کہ جن لوگوں میں عورتوں کے پردے کا دستور نہیں اُن کی عورتوں میں بھی اختلاط ذکور سے ایک طرح کی جھجک تو دیکھی جاتی ہے اور ایشیا کے لڑکپن سے بھی اس کا پتہ چلتا ہے کہ شاعروں نے اس وحشت و گریز کو حسن کی ایک ادا سمجھا ہے۔ اور یہ تو اپنے آنکھوں دیکھی بات ہے کہ بڑے بڑے انگریز اپنی لیڈیوں کو دوروں میں ساتھ لیے پھرتے ہیں۔ یا ستوں میں دعوتیں ہوتی ہیں۔ ایڈریس دیئے جاتے ہیں۔ ایڈریس کے مخاطب صحیح تو صاحب ہوتے ہیں مگر اُن کے خوش کرنے کو ایڈریس میں میم صاحب کا بھی تذکرہ ضرور ہوتا ہے صاحب ایڈریس کے جواب میں میزبان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اپنی طرف سے تو خیر میم صاحب کی طرف سے بھی اس لیے کہ مجمع میں بولنے

لہ ہم نے ذمہ داری کو جو انسان پر ہے آسمانوں پر اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا۔ (اور یہ بوجھ اُن پر لادنا چاہا) تو انھوں نے بزبانِ حال) اُس کے اُٹھانے سے انکار کیا اور اُس سے ڈر گئے اور آدمی نے (گویا ارادۂ بے تامل) اُس کو اُٹھا لیا اس میں شک نہیں کہ وہ (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم تھا اور (ظالم ہونے کے علاوہ) بڑا ہی ناداں ہے۔

اور بات کرنے کو بھی ہرات چاہیئے۔ اور میم صاحب میں بے حجابی بھی ہو۔ تعلیم بھی ہو۔ شائبہ حکومت بھی ہو۔ ایک نہیں تو جرأت نہیں۔ کیوں نہیں؟ وہی جھجک جو ازبسکہ جبلی لازمۂ فطرت نسوانی ہے پردے کا! عورتوں کے اس خاصۂ طبیعی کا بیان ایک جگہ قرآن میں بھی ہو کہ مشرکین عرب کے عقائد فاسدہ میں سے ایک یہ بھی تھا کہ فرشتے خدا کی بیٹیاں ہیں۔ قرآن میں ان کو اس طرح قائل کیا گیا ہو کہ تم تو بیٹیوں سے عار رکھتے ہو اس عار کو خدا کی طرف منسوب کرنے سے تم کو شرم نہیں آتی کیسے احمق ہو۔ سرے سے اولاد اور اولاد میں سے بھی بیٹیاں۔ خدا کی شان کو کیا زیب دیتی ہیں۔ جن کا حال یہ ہو کہ ساری عمر کنگھی چوٹی بناؤ سنگار میں لگی رہیں۔ زبانی تکرار ہونے لگے تو موقعہ سے بات نہ نکلے (أَوَمَن يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ) مطلب یہ ہو کہ مردوں اور عورتوں نے آپس کی صلاح سے مناسب حالت اپنے اپنے گھروں کا انتظام کر رکھا ہو ؎

ہر کسے مصلحتِ خویش نکو می داند

سوسائٹی ایک وضع پر سکون و اطمینان سے چل رہی ہو۔ بلا ضرورت پردے کی بحث چھیڑ کر گھروں میں فساد ڈلوانا۔ (يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ) نہیں تو اور کیا ہو اچھی ریفارم کی سوجھی جس کا ضروری نتیجہ یہ ہو کہ گھروں سے عافیت اٹھ جائے۔ ایسے رفارموں سے میرے نزدیک حفظ امن کے مچلکے لینے چاہئیں۔ اور اگر قانون اجازت نہ دے تو لارڈ کرزن سے عرض معروض کر کے سرکاری زمرداری کی طرح کابل پاس کرایا جائے۔ لارڈ صاحب کی طبیعت ماشاء اللہ دونوں بہت جولانیوں پر ہو۔ رہا تعلیم کا ایلہ فریب حیلہ تو اس کا مختصر جواب ہو ؎

تو کار زمیں را نکو ساختی		کہ با آسماں نیز پرداختی	

بندگان خدا ابھی مردوں کی تعلیم کا اونٹ تو ایک کروٹ بیٹھا ہی نہیں۔ ادھر یونیورسٹی ہل انڈیا لیجس لیٹو کونسل میں پڑا جھول رہا ہو۔ اُدھر علی گڑھ کالج اسٹاف نے احیائے عربی کا شگوفہ نکال کھڑا

ف کیا (بیٹی ذات) جو زیوروں میں نشو و نما پائے اور (کوئی جھگڑا آپڑے تو) جھگڑتے وقت (اچھی طرح) اظہار (مطلب) نہ کر سکے (وہ خدا کی شان کے زیبا ہو؟) ۱۲ میاں بی بی میں جدائی ڈال دیں ۱۲

کیا ہو عورتوں کے پردے کی بحث چھیڑ کر تعلیم کے مسئلہ کو اور بھی گول مال کرنا چاہتے ہو کیا۔ کب سے لڑکوں کی تعلیم پر زور دیا جا رہا ہو اور زور بے اثر بھی نہیں رہا۔ مگر نتیجہ یہی نا کہ لاہور کی تو خبر نہیں ایک دلی میں۔ بیس۔ بائیس۔ بی۔ اے۔ بے کار بیٹھے ہیں۔ اُن میں سے ایک کا حال مجھے معلوم ہو۔ کہ خدا خدا کر کے بڑی سفارشوں سے نقل نویسوں میں بھرتی ہوا۔ لڑکیاں کچھ بھی کریں۔ لڑکوں کے برابر تعلیم پانے کی ان میں قابلیت ہی نہیں۔ اور نہ مہلت۔ بہت کرو ان کو اُردو لکھنا پڑھنا سکھا دو۔ یا بی۔ اے۔ ایم۔ اے کے درجے تک پڑھانا ہو تو حساب میں جمع۔ تفریق۔ ضرب۔ تقسیم۔ تو شریفوں کے گھروں میں اتنی تعلیم سبقاً سبقاً اور سینہ بہ سینہ پردے کے ساتھ اب بھی ہو رہی ہو۔ اس کے لیے اتنا غل غپاڑہ کرنا کیا ضرور ہو ۵

رات دن چکر میں ہیں سات آسماں	ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا

اب رہا پردے کے متعلق شرع کا حکم تو مولویوں کی طرح ان پیچیدگیوں میں تو پڑنا چاہتا نہیں کہ لَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا میں زینت سے اور مَا ظَهَرَ مِنْهَا سے اور یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ میں جلابیب سے اور اولئے جلابیب سے کیا مراد ہے میں تو ایک سیدھی سادی طبیعت کا مسلمان ہوں اور اَلَّذِیْنَ التَّصِیْحَةُ کی رو سے سب مسلمان بھائیوں کو صلاح دیتا ہوں کہ میری ہی طرح کی سیدھی سادی طبیعت رکھیں۔ میں نے پردے کی آیتوں سے جو قرآن میں ہیں یہ سمجھا ہو کہ پردے کا مقصود اصلی عفت کی حفاظت ہو تاکہ مسلمانی کی سوسائٹی فواحش کی گندگی سے پاک صاف رہے اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا اور خدا کا شکر ہو کہ مسلمانوں کی سوسائٹی بِالنِّسْبَةِ اِلٰی اَخَوَاتِهَا مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ بہت کچھ

---

۵ اپنی زینت (کے مقامات) کو ظاہر نہ ہونے دیں مگر جو اس میں سے (چاہنا نہ چاہنا) کھلا رہتا ہو (تو اس کا ظاہر ہونے دینا مضائقہ کی بات نہیں) ۱۲ ۵ اپنی چادروں کے گھونگٹ نکال لیا کریں ۱۲ ۵ دین نام ہو خیر خواہی کا ۱۲ ۵ (اسی پیغمبر کے) گھر والو! خدا کو تو بس یہی منظور ہو کہ تم سے (ہر طرح کی) گندگی کو دور کرے اور تم کو ایسا پاک صاف بنائے کہ جیسا پاک صاف بنانے کا حق ہو ۱۲

فواحش کی گندگی سے پاک ہو بھی۔ اور اس کا سبب ظاہر یہی عورتوں کا پردہ ہے۔ پس پردے کے مقصود اصلی یعنی حفظ عفت کو فوت نہ ہونے دو۔ اور اس کے لیے جو احتیاط بھی عمل میں لاؤ گے اُس کو محکوم شرع سمجھو۔ احتیاط کے لیے کوئی عام سٹینڈرڈ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ایک احتیاط شہریوں کے لیے ہے ایک دیہاتیوں کے لیے۔ ایک امیروں کے لیے۔ ایک غریبوں کے لیے۔ ایک جوانوں کے لیے۔ ایک بوڑھوں کے لیے۔ ایک کواروں کے لیے۔ ایک بیاہے ہوؤں کے لیے۔ ایک خوبصورتوں کے لیے۔ ایک بدصورتوں کے لیے۔ ایک خواص کے لیے۔ ایک عوام کے لیے۔ ایک ایک حالت کے لیے۔ ایک دوسری حالت کے لیے۔ لیکن نیک نیتی سے جو جیسی کچھ احتیاط کرتا ہے اس کے لیے وہی محکوم شرع ہے بمبئی کی کانفرنس میں جو معاملہ پیش آیا آپ صاحبوں میں سے بعض نے نہیں سنا ہوگا وہ معاملہ یہ تھا کہ مسلمانان بمبئی کے دو بڑے لیڈر مستورات کے پردے کے مخالف ہیں۔ ہز ہائنس سر آغا خان اور جسٹس سید بدرالدین طیب جی۔ یہ دونوں یکے بعد دیگرے محمڈن ایجوکیشنل کے پریزیڈنٹ قرار دیے گئے سال پیوستہ میں سر آغا خان اور سال گزشتہ میں جسٹس سید بدرالدین۔ دونوں نے پردے کے مخالف اپنا خیال ظاہر کیا۔ بمبئی کے لوگ سید بدرالدین کی تقریر پر برہم ہوئے۔ میں تو اپنی ڈیوٹی ادا کر کے بمبئی سے کوچ چلا گیا بمبئی میں ایک بڑا معزز خاندان ناخدا محمد علی روگے کا ہے ناخدا صاحب تو علیل ہیں مگر اُن کے خاندان کی عظمت قائم ہے۔ قال مقال پردے کی بحث ناخدا صاحب کے حرم محترم میں پہنچی۔ اور انھوں نے اپنے داماد نواب نصر الدخاں صاحب کو دوڑایا۔ وہ مجکو مہم سے واپس لے گئے اور میں نے ناخدا صاحب کی بی بی کے فرمانے سے پردے پر لکچر دیا۔ کوئی سو یا زیادہ لیڈیاں پردے کے اندر بیٹھی سن رہی تھیں اور میں پردے کے پاس مردوں میں لکچر دے رہا تھا۔ لکچر میں یہی کچھ تھا۔ جو میں ابھی عرض کر چکا ہوں مگر ذرا تفصیل کے ساتھ لکچر کے تمام ہونے پر ناخدا صاحب کی بی بی نے ایک ہزار۔ ناخدا صاحب کی بہن نے ایک ہزار۔ ناخدا صاحب کی صاحب زادی نے پالنسو۔ کل ڈھائی ہزار روپیہ کے نوٹ اُسی وقت میرے حوالے کیے۔ دیئے تو مجکو مگر نواب محسن الملک گھات میں لگے ہوئے تھے۔ انھوں نے آپ کے

پچھلے مہینے میں مسٹر آرنلڈ کو رخصت کرنے علی گڈھ گیا دیکھا کہ اس روپیے کے شان دار کمرے تیار ہیں کمروں کے دروازوں پر میرے لکچر کا حوالہ دے کر پتھر کندہ کرا کر نصب کر دیئے ہیں۔ بمبئی سے ڈھائی ہزار روپے ملے تھے اب دیکھیں لاہور سے کیا وصول ہوتا ہے۔ میں اپنے لیے نہیں مانگتا۔ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ۔ دو اور بھائی شمس[۵۲] دین لیں اور انجمن کے بینگ لگے۔ هَنِيْئًا مَّرِيْئًا۔

تینتالیسواں[۴۳] لکچر

الموسوم بہ

نصاب المسلمین

جو

محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اٹھارہویں سالانہ جلسے میں بمقام لکھنؤ سنہ ۱۹۰۴ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گرچہ ہے شعر و سخن سے مجھے کلی نفرت
اک مصیبت ہے مگر طبع کی موزونیت

اونگھنے کو ہوا کرتا ہے بہانہ جس طرح
ٹھیلنے کا۔ یہی حالت ہے یہی کیفیت

اک تقاضائے طبیعت ہے دوام فرمایش
محسن الملک کا کہنا نہ کروں۔ کیا طاقت

ہاں میں ہاں جو نہ ملائے وہ ٹرسٹی کیسا
نیچر ہی کیا۔ نہ کرے ان کی اگر تحسیت

ایک مشکل ہے بڑی اور کہ اس مجمع میں
نظم کا نام لوں۔ میری نہیں پڑتی ہمت

لکھنؤ ہے یہ اور اس خطے کے رہنے والے
رکھتے ہیں شاعری و حسن بیاں میں شہرت

پشتہا پشت سے شغل ان کا ہے تحسین زبان
یہی معیار فضیلت ہے یہی علمیت

[۵۲] میری اُجرت تو بس خدا پر ہے ۱۲ [۵۳] پنجاب کے لیے کی نقل ہے ۱۲ [۵۳] رجٹرڈ بچتا ۱۲

قابلیت جو تھی سب صرف ہوئی لفظوں میں — اور مضامیں کی اگر پوچھو تو بس خیریت
وہی اک عشق کا رونا ہے ہر اک صورت سے — نہ لگائے کسی بندے کو خدا اس کی لت
اس نے کر دی ہیں بہت سلطنتیں خاک سیاہ — حیف ہے گر نہ ہو اس پر بھی کسی کو عبرت
ڈوب مرنے کی جگہ ہے عرق خجلت میں — جتنے ہم جیتے ہیں اس حال میں سب ہے غیرت
سلطنت کا نہیں زنہار ہمیں رنج و ملال — ہم تھے نااہل گئی شکر خدا والمنت
سلطنت ہی کا ہے خمیازہ یہ سب رسوائی — سلطنت ہی کا نتیجہ ہے یہ ساری نکبت
سلطنت ہی نے کیا قوم کو سست اور کاہل — سلطنت ہی نے کیا ان کو سراپا غفلت
سلطنت ہی نے خراب ان کے کیے سب اخلاق — سلطنت ہی نے سکھائی ہے انہیں بدعادت
سلطنت ہی نے مٹی صورت ظاہر کی تمیز — کس کو کہیے کہ مسلمان ہے یا ہندو مت
سلطنت ہی کا تھا بے قاعدہ اگلا اسلوب — کبھی وہ رحم الٰہی تھی کبھی تھی زحمت
حاکم وقت نہ ہو جس پہ مسیطر کوئی — حاکم وقت نہ ہو جس کو کسی کی دہشت
وہ جو چاہے سو کہے دے نہ سکے کوئی جواب — وہ جو چاہے سو کرے ہیچ نہ ہو زجر و عتبت
بندہ حلقہ بگوش اس کی رعایا ہے تمام — زر خرید اس کے ہیں گویا بادائے قیمت
خرچ کرتا ہے زر و مال کو بے دردو دریغ — حاصل ملک اسی کا ہے فقط بے شرکت
ایسا آزاد منش جس پہ کوئی روک نہ ٹوک — دیو سفاک ہو یا شاذ فرشتہ خصلت
ادب آموز رعایا ہوا کرتا ہے رئیس — دل ہو بیمار تو ہو جسم کو کیوں کر صحت
وہ مثل ہے کہ خدا گنجے کو ناخون نہ دے — کہ کرے گنج کو گنجینہ درد و کلفت
رنج اگر ہو اور اگر رنج کے قابل ہو تو یہ — کہ گئی ہاتھ سے ایجنسی رب العزت
وہ خلافت نہ تھی فی الجملہ خدائی تھی اگر — ہم سے بن آتی کما حقہٗ شرط خدمت
دیکھنا دیکھا ہے ہم سا بھی کوئی دشمن کام — دیکھنا دیکھا ہے ہم سا بھی کوئی بدقسمت
ہند کا خطۂ زرخیز نہیں جس کی نظیر — فیض قدرت نے اسے دی ہے بہت سی برکت

رشکِ یورپ اسے ہونا تھا۔ مگر عند اللہ
اس کی اصلاح تھی وابستۂ انگریزیت

شرط یہ بھی ہوئی پوری تو نہیں اب باقی
عذر کوئی مگر اعمال کی اپنی شامت

سر میں دو کان ہیں اور منہ پہ ہیں آنکھیں دو دو
دیکھتے سنتے ہو۔ کاہے کی ہم تم میں قلت

بیٹے کیتے ہوا پابج نہیں معذور نہیں
ہاں مگر اٹھ گئی ہر قوم میں سے قومیت

پھوٹ نے کر دیئے ہیں قوم کے اعضا مفلوج
جسمِ قومی میں نہیں نام کو حس و حرکت

ہو گی جب ہو گی کبھی حشر میں فکرِ نفسی
قوم کے حق میں ابھی سے ہے یہ نفسانیت

ایک کو ایک کا افسوس نہیں درد نہیں
زیرِ عشرت میں ہے اور بکر ہے محوِ عشرت

کس زباں میں انہیں کس طرح کوئی سمجھائے
یہ کہ افراد میں اور قوم میں کیا ہے نسبت

سب مثالوں میں ہے برجستہ وہی ایک مثال
لکھ گئے ہیں جسے سعدی علیہ الرحمت

قوم اک جسم ہے افراد ہیں اس کے اعضا
جن کے آپس میں ہے اس طرح کا ربطِ الفت

درد کرتا ہے جسد میں سے اگر ایک مسام
سارے ہو جاتے ہیں بے چین ز راہِ شفقت

قوم کے بننے بگڑنے کا یہی ہے معیار
اس سے زائد نہیں تفتیشِ سبب کی حاجت

گر نہ چاہتے ہو اس کی تو دیکھو تاریخ
تا کہ ثابت ہو مری بات کی تم کو صحت

کیا کہا میں نے یہ بے سوچے کہ دیکھو تاریخ
عقل کے حق میں یہ کہنا ہے دلیلِ خفت

اُن مشاغل سے ۔ رہا کرتے ہو جن میں مصروف
مجکو معلوم ہے تم کو نہیں مطلق فرصت

اور اگر ہو بھی تو تاریخ میں ناول کی طرح
نہ تعشق کے مزے اور نہ ہنسی کی لذت

خیر تاریخ بتاتی ہے کہ کیوں کر اسلام
متمکن ہوا اطراف میں با ایں عجلت

سارے اہلِ عرب آزاد تھے۔ مطلق آزاد
جس زمانے میں کہ مبعوث ہوئے آں حضرتؐ

حکمراں اُن پہ نہ تھا غیر کوئی غیرِ شیوخ
نہ وہ منقادِ حکومت نہ مطیعِ ملت

ملک میں اُن کے نہ تھی ایسی فراوانیِ آب
کہ ہو پانی کے سبب کھیتی کی ہر سُو کثرت

وہ جو کہتے ہیں کہ خالی سے ہو بیگار بھلی
مشغلے اُن کے تھے بس قتل و نہیب و غارت

بطنِ مادر سے وہ ہوتے تھے سپاہی پیدا
ان کی گھٹی میں تھی جانبازی و جنگی جرات

توڑ دے بے خبری میں کوئی تنکا جیسے
ان کے ہاں جان کی اتنی بھی نہ تھی وقعت

مول لیتے تھے لڑائی کو لڑائی کے لیے
نہ لحاظ ان کو قرابت کا نہ پاسِ قربت

ایک ہابیل تھا اور دوسرا بھائی قابیل
بھائی کے خون میں بھائی کے تھے کپڑے لت پت

دوسرے ملک کے لینے کا وہ کیا کرتے قصد
خانہ جنگی میں فنا ہوتی تھی ساری قوت

آیا اسلام تو جس جس نے کیا اس کو قبول
اس کی تعلیم نے دی سب کی بدل ماہیت

باپ مارے کا تھا گر بیر تو ایسا بھولا
کہ عداوت کی جگہ ہو گئی راسخ خلت

جمع ہو کر جو چلے فتح ممالک کے لیے
تو بھڑیں تھیں کہ کریں چھٹے سے اپنے رحلت

مسجدوں میں جو اذاں دیتے تھے وہ بہرِ نماز
پنج وقتی اذاں الملک کی بجتی نوبت

ہو گئے امن کے آتے ہی ورد رسم و دیر
برسی آکاش سے اور دہر تی سے اُبلی دولت

بات کی بات میں ان تنکوں نے جہاں زیر و زبر
سہروردی رومیوں اور فارسیوں کی سطوت

چھوڑ واں وقتوں کا مذکور کہ ان باتوں سے
تازہ ہوتا ہے خیالِ غم و رنج و حسرت

اب نہ وہ وقت نہ وہ لوگ نہ وہ رسم و رواج
نہ وہ مذہب نہ وہ دیں اور نہ انسانیت

جن کے ہاتھوں میں حکومت ہے بہارِ کن کی
ہم اگر نام بھی لیں اس کا تو ہے لغویت

بس غنیمت ہے کہ اقران سے پیچھے نہ رہیں
دو ڑ میں گر نہیں تقدیر میں اپنی سبقت

یہ بھی موقوف ہے تعلیم پہ اعلیٰ تعلیم
بی۔ اے اور ایم اے اسی کی تو ہے بابت حماقت

قوم نادار ہے اور جنس گراں ہے تعلیم
کاش سمجھیں وہ جنہیں دی ہے خدا نے ثروت

شوق دل میں ہے مگر فیس کا مقدور نہیں
بے پڑھے کام نہ دے ذہن کی خالی جودت

کتنے ہیں جوہرِ قابل کہ جِلا پانے سے
جسمِ قومی کے ہوں سرمایۂ زیب و زینت

کر رکھا ہے انھیں افلاس نے بدتر ز خزف
اب وہ بد رنگ ہیں بدروپ ہیں اور بدہیئت

اک وظیفہ تمہیں بتلاتا ہوں از بہرِ ثواب
جس کی ظاہر ہو اسی آن میں مقبولیت

من و تو چھوڑو - وظائف سے کروان کی مدد
یہی اک بات مجھے کہنی تھی اچھا رخصت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جس فریضہ خدمت کے ادا کرنے کے لیے میں کھڑا ہوا ہوں یعنی لیکچر میں آپ اُس کو فعل عبث سمجھتا ہوں - فریضہ بھی میں نے اس کو اُس کمیٹی کے ادب کے لحاظ سے کہہ دیا جس نے کانفرنس کا پروگرام بنایا ہے کہ اُس نے کچھ سمجھ ہی کر لیکچر کو پروگرام میں داخل کیا ہوگا - یہ تو میرا حال ہے اور عام مسلمانوں سے پوچھو تو کانفرنس و متعلق بہ سب کو ممنوعاتِ شرعیہ میں سے بتائیں گے - ہاں ایک وقت تھا کہ لیکچر کانفرنس کے لیے شرطیہ ضروری تھا - اُس وقت سے میری مراد کانفرنس کی ابتدا ہے کہ مجھ جیسے بے بھگو عطائی انگریزی دانوں کو لفظ "کانفرنس" کے معنے تک بھی معلوم نہ تھے غرض و غایت کی کون کہے - تو لوگوں کو بتانا سمجھانا تھا کہ "محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس" ایک جماعت کا نام ہے جو مسلمانوں میں اشاعتِ تعلیم کی تدابیر سوچتی اور عمل میں لاتی ہے - یعنی "کانفرنس" "تعلیم" کا منادی ہے - منادی کا لفظ میں نے ایک ہندوستانی عیسائی واعظ سے سُنا تھا - کہ اُس نے اپنے عہدے کا نام منادی بتایا - اور معنے کہے انجیل کا منادی کرنے والا - فعّال کا وزن اصل وضع میں تو بالغے کے لیے ہے مگر پیشہ وروں کو کثرتِ اشتغال کی وجہ سے خیاط - حجام - عطار وغیرہ کہا جاتا ہے - اس اعتبار سے تو منادی کرنے والے کو منادی کہنا ٹھیک ہے مگر نفسِ صیغہ قاعدے کی رو سے غلط - اُسی واعظ نے اثنارِ تقریر میں بڑے مقرر کو نقار بھی کہا تھا - یہ نوبت تو عربی کی اغیار کے ہاتھ سے پہنچ چکی ہے - اور اگر مسلمان تعلیم کی طرف سے ایسے ہی غافل رہے جیسے کہ ہیں تو یہی کوئی دن کو اسکمل اور اسکمل کرنے لگیں گے - خیر تو "کانفرنس" کی ابتدا میں تو لیکچر کانفرنس کے لیے شرطِ ضروری تھا مگر اب فعلِ عبث ہے اس لیے کہ کانفرنس کو تعلیم کی منادی کرتے ہوئے بہت برس ہو گئے اور کانفرنس کے علاوہ "دون روپی فنڈ" "ڈیوی ڈیوپٹیشن" بہت سے منادی پیدا ہو گئے اور کانفرنس کی آواز چار دانگِ ہندوستان میں پڑی

گونج رہی ہو۔ اب کانفرنس بچہ نہیں رہا کہ اس کو لکچروں کے دودھ سے پرورش کیا جائے۔
راجہ تصدق رسول خاں وامثالہ نے اس کو بریانی تمجن کی چاٹ لگادی ہو وہی ملے تو اس کو سیری ہو۔ لیکن جس طرح دودھ خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ بچوں سے لے کر بوڑھوں تک کو تغذیئے کا کام دیتا ہو۔ لکچر بھی کانفرنس کی تھوڑی بہت امداد کرے گا۔ میرا خیال ہو کہ باوجود مناد وں کی کثرت کے لوگوں نے کانفرنس کے مفہوم کو کماحقہٗ نہیں سمجھا اس لیے کہ تعلیم کو کماہوحقہ نہیں سمجھا۔ ابھی تک بھی بہت لوگوں کو تعلیم کی طرف سے بدگمانیاں ہیں۔ غلط فہمیاں ہیں۔ یوں تو ہر زمانے اور ہر ملک اور ہر قوم میں خواندوں کا شمار ناخواندوں کے مقابلے میں بہت ہی کم رہا ہو حتیٰ کہ یورپ اور امریکہ میں بھی پڑھے لکھے فی صد آحاد سے نہیں بڑھے اور میں اس حساب میں تعلیم کا ادنیٰ سے ادنیٰ درجہ لیتا ہوں یعنی اُن لوگوں کو خواندہ سمجھتا ہوں جو اپنی زبان میں نقوش کے ذریعے سے آپس میں بات چیت کرسکیں تو اس اعتبار سے ہندوستان بھی سدا سے ناخواندوں کے شمار میں نہیں رہا۔ کیوں کہ فی صد پورا ایک نہیں تو عام یا اعشاری کسر خواندوں کی ضرور رہی ہوگی۔ لیکن تعلیم کا یہ درجہ مردم شماری کے نقشوں کی خانہ پُری کے لیے رکھا گیا ہو۔ عرف میں تعلیم یافتہ کہلانے کے لیے بہت کچھ ذخیرہ جمع کرنا ہوتا ہو۔ جس طرح تعلیم کا ادنیٰ درجہ حرف شناسی ہو اسی طرح تعلیم کا اعلیٰ درجہ ہم مسلمانوں میں اُس نصاب پر عبور کرنا ہو جو سلسلۂ نظامیہ کہلاتا ہو۔ تعلیم کے ادنیٰ اور اعلیٰ درجوں کے بیچ بیچ میں بہت سے مدارج ہیں۔ مجکو صرف مسلمانوں کے اعلیٰ نصابِ تعلیم پر کچھ کہنا ہو تو اس کے لیے کتابوں کے نام گنوانے کیا ضرور ہیں۔ صرف علوم کا نام بتادینا کفایت کرے گا۔ لیکن اس سے پہلے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نصابِ تعلیم کس اصول پر قرار دیا جاتا ہو اور کس اصول پر قرار دیا جانا چاہیئے۔ علم کے معنے ہیں دانستن لیکن اتنے سے علم کا مفہوم پورا نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ جاننے کے لیے دنیا میں بے انتہا چیزیں ہیں اور بے انتہا باتیں ہیں اور آدمی جس کی زندگی محدود ہو اَکْثَرُ اَعْمَارِ اُمَّتِیْ بَیْنَ سِتِّیْنَ وَسَبْعِیْنَ[1] مادم الحیات ناامتناہی پر

[1] میری امت کی زیادہ سے زیادہ عمریں ساٹھ اور ستر کے بیچ میں ہیں ۱۲

احاطہ نہیں کرسکتا۔ اور اسی سے فرمایا ہے وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا[۱] مطلق جاننا تو انسان کی باطنی قوتوں میں سے ایک فطری قوت ہے اور شروع ولادت سے اس قوت کا ظہور ہونے لگتا ہے اور تادم مرگ ہوتا رہتا ہے۔ بچے کے پیدا ہوتے ہی اس کے تمام حواس ظاہر و باطن اپنا اپنا کام کرچلتے ہیں۔ آنکھوں سے دیکھتا۔ کانوں سے سُنتا۔ جلد بدن سے چھوتا اور دیکھنے سننے چھونے سے جو کیفیتیں دماغ میں پیدا ہوتی ہیں اُن کو حافظے میں جمع کرتا جاتا اور پھر اُس کی قوتِ متخیلہ اُن معلومات میں تصرفات کرتی رہتی ہے۔ یہ ہے بنیاد آدمی کے علم کی اور یہ فطری ہے اور اسی وجہ سے تحصیلِ علم کی قوت کو فطری کہا گیا ہے۔ بچہ جوں جوں بڑا ہوتا جاتا ہے اُس کی ابتدائی معلومات ترقی کرتی جاتی ہے اور دیکھنے سُننے چھونے سے اُس کو وقت اور بُعد کا احساس ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر وہ فطری قوتوں سے برابر کام لیتا رہے اور اُن کو معطل نہ پڑا رہنے دے تو سِنِ رُشد کو پہنچ کر وہ خلافتِ الٰہی کے سرانجام کرنے کے قابل ہوجاتا ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ ایک حد تک تو علم کا حاصل کرنا اضطراری رہتا ہے اور پھر اُس حد سے آگے بڑھ کر اختیاری ہوجاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بنی نوعِ انسان کے مدارجِ علم کے اعتبار سے متفاوت ہوتے ہیں فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ[۲] جہاں تک علم زندگی کا موقوف علیہ ہو وہیں تک اُس کو اضطراری سمجھو وَمَا زَادَ عَلٰى ذٰلِكَ فَهُوَ فِيْ حَدِّ الْاِخْتِيَارِ اِنْ شِئْتَ طَلَبْتَهٗ وَاِنْ شِئْتَ تَرَكْتَهٗ اگر وہیں تک علم کے حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی جو زندگی کا موقوف علیہ ہے تو کچھ جھگڑا ہی نہ تھا۔ جیسا سب چاہتے ہیں اور بُری طرح یا بھلی طرح جیتے بھی ہیں۔ شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن مگر زندگی کے علاوہ جلبِ ملائم اور دفعِ ناملائم کو بھی زندگی سے دوسرے درجے میں فطری ہی سمجھو اور یہی علمی مدارج کے تفاوت کی اصل جس کی بنا پر علمی نصاب بدلتے رہے ہیں اور جب تک دنیا قائم ہے بدلتے رہیں گے۔ اب ہم مسلمانوں کے علمی نصاب پر نظر ڈالو تو ان کے تمام علوم میں شروع سے آخر تک مذہب کی جھلک مارتی ہے صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً[۳] ابتدارِ اسلام میں

---

[۱] اور تم لوگوں کو (اسرارِ الٰہی میں سے) بس تھوڑا ہی سا علم دیا گیا ہے ۱۲ [۲] (دنیا میں) ہر ایک دانا سے بڑھ کر (دوسرا) دانا موجود ہے ۱۲

[۳] (مسلمانوں! ان لوگوں سے کہو کہ ہم تو اللہ کے رنگ میں رنگے گئے۔ اور اللہ (کے رنگ) سے اور کس کا رنگ بہتر ہوگا؟ ۱۲

مسلمانوں کی جُل ہمت دین ہی کی اشاعت اور دین ہی کی حفاظت میں مصروف تھی اس لیئے کہ مسلمانوں کا گروہ مذہبی گروہ تھا۔ مذہب ہی نے اُن کو اکسایا ابھارا۔ مذہب ہی نے اِن کو روشناس عالم کیا۔ مذہب ہی نے اُن کو مشارٌ الیہ بالبنان بنایا۔ غرض اِن کی دنیا متفرع تھی دین پر تو ان کو دین ہی کے سنبھالنے کی ضرورت تھی اور دین ہی اِن کا نصاب تھا یعنی قرآن۔ اتنا ضرور ہو کہ مسلمانوں کے اس نصاب کی تعلیم ایک مدت تک زبانی یا سینہ بسینہ تھی کہ لوگ دین کی باتوں کو ایک دوسرے سے سُن کر یاد کر کے سیکھتے تھے۔ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ تعلیم کتابی تو مابعد کی ایجاد ہے شروع شروع میں تعلیم کا طریقہ زبانی یا سینہ بسینہ تھا اور بہت سی باتوں میں ابھی تک بھی طریقہ مروج ہے۔ انسان کے جتنے افعال ہیں سب معلل بالاغراض ہیں یعنی انسان ایک مخلوق خود غرض ہے کہ بے مطلب ٹکڑا بھی نہیں توڑتا۔ اس رو سے نصاب تعلیم کی بھی کوئی نہ کوئی غرض ہونی چاہیئے اور ہوا کی ہوا و۔ جب تک انسان ہے ہوا کرے گی۔ اچھا تو مسلمانوں کے ابتدائی نصاب یعنی مذہبی نصاب کی غرض و غایت کیا تھی۔ تو انسان ایک وجود مرکب ہے جسم و روح سے تو اس کے اغراض بھی دو طرح کے ہونے چاہییں جسمانی اور روحانی۔ مسلمانوں کا ابتدائی مذہبی نصاب ان کی دونوں غرضوں کو بخوبی پورا کرتا تھا دنیا کے اعتبار سے وہ اسی مذہبی نصاب کے بل پر ملک فتح کرتے اور دولت سمیٹتے چلے جاتے تھے۔ یہ تو اُن کی جسمانی کامیابی تھی۔ اور آخرت کے اعتبار سے وہ نعیم بہشت کی امیدیں دل میں لے کر مرتے تھے فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ۔ پھر فتوحات ملکی کے ساتھ ان کو ممالک مفتوحہ کے انتظام کی ضرورت بھی پیش آتی تھی اور ساتھ کے ساتھ جمع احادیث اور تدوین فقہ سے ان کا مذہبی کوڑ

---

۱۱۹ اور یہ بھی) مناسب نہیں کہ مسلمان سب کے سب (اپنے اپنے گھروں سے) نکل کھڑے ہوں (اور مدینے میں آ ٹھہریں ایسا کیوں نہ کیا کہ اُن کی ہر ایک جماعت میں سے کچھ لوگ (اپنے گھروں سے) نکلے ہوتے کہ دین کی سمجھ پیدا کرتے اور جب (سیکھ سمجھ کر) اپنی قوم میں واپس جاتے تو ان کو (نافرمانی خدا سے) ڈراتے تاکہ وہ لوگ (بھی) بُرے کاموں سے بچیں ۱۲ ۱۲۰ جو شخص (دوزخ کی) آگ سے پرے ہٹا دیا گیا اور اس کو (وہاں) رہنے کے لیئے جنت میں جگہ دی گئی تو اُس نے (سچ مچ) مراد پائی ۱۲

یعنی قرآن بھی تشریحات اور نظائر سے تکمیل پا چکا تھا۔ غرض کہ ان کا مذہبی نصاب حالت کے اس درجے تک ان کو خاصی اچھی طرح کام دیتا تھا۔ انتظام کی خوبی امن اور رعیت کی خوش حالی سے پہچانی جاتی ہے اور یہ دونوں باتیں حاصل تھیں۔ اس لیے کہ انھوں نے اپنے نصاب کو اپنی حالت کے مناسب بنا لیا تھا۔ ابتدا شیوع اسلام سے لے کر الیٰ یومنا ھذا مسلمانوں پر من حیث المجموع تین حالتیں گزری ہیں۔ عروج۔ وقوف۔ انحطاط۔ اور ان حالتوں کا تسلسل یعنی یکے بعد دیگرے واقع ہونا بالکل قانون قدرت کے مطابق ہے تِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ جیسے اشخاص میں ویسے اقوام میں بلکہ اجسام میں کہ اگر ایک پتھر اوپر کی طرف کو پھینکا جائے تو پھینکنے والے کی تحریک سے وہ ایک حد تک اوپر جاتا ہے۔ پھر رفتار ترقی منقطع ہو کر گرنا شروع کرتا ہے۔ آفتاب طلوع ہو کر چڑھتا چلا آتا ہے۔ سمت الراس پر پہنچ کر ڈھلنا شروع کرتا ہے۔ یہ کہنے والے کے یہ معنے ہیں۔ مسلمانوں کے ائمہ ثلثہ کی تحدید ان کے تفصیلی حالات کا بیان۔ اسباب کی تفتیش موقع کا کام ہے مجھے اس سے کچھ مطلب نہیں میں تو اتنا ہی جانتا ہوں اور اتنا ہی کہنا چاہتا ہوں کہ مسلمانوں کے لیے یہ زمانہ انحطاط کا ہے۔ اس رفتار کو کسی کی مجال نہیں کہ روک دے مگر اس رفتار کو بطی کرنے کی تدبیریں ہیں۔ ان میں سے ایک تدبیر یہ کا نقرش ہے۔ یہ بھی معلوم ہے کہ مسلمانوں کا گروہ ایک مذہبی گروہ ہے کہ مذہب اسلام نے ان کا ایک جتھا بنایا اور وہ جتھا اختلاف عقائد کی وجہ سے تمام معاصرین کی نظر میں مبغوض ہوا۔ وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ۔ مجبور ہے

وقتِ ضرورت چو مناند گریز		دست بگیرد سرِ شمشیر تیز	

لڑائیاں ٹھنیں اور "عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد" اسلامی سلطنت کی بنیاد رکھی گئی۔ اگرچہ شروع کے مسلمان ان پڑھ تھے اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہ مگر اس حالت میں بھی ان کے پاس ایک نصاب تھا قرآن کہ وہ اس کو کتابی طور پر نہیں تو ایک دوسرے سے سن کر یاد کر لیتے تھے وہ نصاب فی حد ذاتہ

لہ اور وہ مسلمانوں کی اسی بات سے چڑے کہ وہ اللہ پر ایمان لائے جو زبردست (اور) ستودہ (و ثنا) ہے (اور وہ) ایسا (قادر مطلق ہے) کہ آسمانوں (کی) اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے۔

ایسا جامع اور کامل ہو کہ اگر سمجھ کر پڑھا جائے جیسا کہ سمجھ کر پڑھنے کا حق ہو اور اُس پر پورا پورا عمل کیا جائے جیسا کہ پورا پورا عمل کرنے کا حق ہو تو وہ ہمیشہ کے لیے مسلمانوں کی تمام ضرورتوں کو کافی اور وافی ہو۔ قرآن کو نصاب جامع اور کامل اس اعتبار سے کہا کہ تمام علوم اولین و آخرین دینی اور دنیاوی یا تو صراحۃً قرآن میں مذکور ہیں یا اُن کا حوالہ ہو جس سے پایا جاتا ہو کہ انسان کو جو خدا کا خلیفہ ہو ان علوم کا جاننا بھی ضرور ہو۔ مثلاً اجرام فلکی کے حالات کے واسطے ایک خاص علم موضوع ہو جس کا نام ہو ہیئۃ۔ تو گو علم ہیئۃ کے مباحث قرآن میں مذکور نہیں مگر خدائے تعالیٰ جا بجا قرآن میں اجرام فلکی سے اپنی ذات اور اپنی قدرت پر استدلال فرماتا ہو اور نہ صرف استدلال فرماتا ہو بلکہ اُن لوگوں کو جو اس علم کی طرف سے غفلت کریں ملامت بھی فرماتا ہو وَكَأَيِّن مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ۔ اور یہی حال ہو باقی تمام علوم کا جو یورپ اور امریکہ کی یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے ہیں اور جن کی اشاعت کے لیے اتنا کچھ غُل غپاڑہ ہمارے ہندوستان میں ہو رہا ہو اور اسی غرض خاص کے لیے یہ کانفرنس ہر سال منعقد ہوتا ہو قرآن کو نصاب جامع اور کامل کہنے کی ایک وجہ اور بھی ہو کہ غنا اور فقر۔ سفر و حضر۔ تجرد اور تاہل۔ صلح و جنگ۔ طفلی و شباب۔ اور شیخوخت۔ صحت اور علالت۔ تجارت۔ حرفت۔ صناعت۔ فلاحت۔ حاکم و محکوم۔ آدمی کو کسی حالت کسی مذاق کا بھی فرض کرو قرآن میں اصولاً اس کے لیے ہدایت موجود ہو۔ اس سے بڑھ کر جامعیت اور کیا ہو سکتی ہو۔ باوجود جامعیت و کاملیت قرآن سے فائدہ اُٹھانے کی شرط ضروری تھی کہ اُس کو سمجھ کر پڑھا جائے اور اُس پر عمل کیا جائے۔ سو مسلمانوں نے اپنے نصاب کی قدر تو کی اور کیوں نہ کرتے کہ اسی کی بدولت وہ وحشی سے مہذب محتاج سے دولتمند رعیت سے بادشاہ محکوم سے حاکم بن گئے تھے۔ مگر افسوس ہو کہ انھوں نے نصاب کے ساتھ ٹاواں کی سی دوستی برتی۔ یعنی معانی اور مطالب کے عوض قرآن کے لفظوں پر زیادہ زور دیا پس ان کے حق میں

۱؎ اور آسمان و زمین (خدا کی قدرت کی ایسی) کتنی نشانیاں ہیں جن پر لوگ ہو کر گزر جاتے ہیں اور وہ اُن کی کچھ پروا نہیں کرتے اور اکثر لوگوں کا حال یہ ہو کہ خدا کو مانتے ہیں اور شرک بھی کرتے جاتے ہیں۔ ۱۲

قرآن قالب بے جان رہ گیا۔ قرآن کے نصاب میں گڑبڑ شروع ہوا عجم کے فتوحات سے کہ جو ملک فتح ہوتا۔ وہاں اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ کی رو سے اسلام کو رواج پانا ہی تھا۔ اصل فاتح تو عرب ہوتے تھے وہ مفتوح نومسلموں کو اسلام لاتے کے ساتھ برابری کے درجے میں لے لیتے کہ مذہب اسلام میں یہی حکم تھا۔ مفتوح ممالک کے لوگ شروع میں مساواتِ حقوق کی طمع سے اسلام لے آتے ہوں گے اس سے ہم کو معاذ اللہ اُن بزرگوں کے اسلام کی توہین منظور نہیں۔ کیوں کہ اُن میں ایسے ایسے اسلام کے فدائی بھی ہوگزرے ہیں جنھوں نے اسلام کے پودے کو اپنے خون سے سینچا ہے اور اسلام [illegible] کسی طرح کسی سے کمتر نہیں ہو سکتا۔ مگر تو اسلامی حیثیت سے اُن کے کُتّوں کے پاؤں خاک کی بھی برابری نہیں کر سکتے مگر پھر ہم کہنا یہ ہے کہ اسلام کی خوبیاں اُنھیں بعد کو معلوم ہوئی ہوں گی وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ اسْتَجَارَکَ فَاَجِرْہُ حَتّٰی یَسْمَعَ کَلٰمَ اللّٰہِ ثُمَّ اَبْلِغْہُ مَاْمَنَہٗ ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْلَمُوْنَ ۝ اسلام کی خوبیاں بے قرآن کے پڑھے سمجھے معلوم ہو نہیں سکتیں۔ اور چوں کہ قرآن عربی زبان میں ہے تو کوئی عجمی اس کو بے عربی جانے سمجھ نہیں سکتا۔ اور سمجھنا تو درکنار باوجودیکہ عربی اور فارسی دونوں زبانیں ایک ہی طرح ایک ہی طرز کے نقوش میں لکھی جاتی ہیں عربی عبارت پڑھ بھی نہیں سکتا۔ اس مشکل کے رفع کرنے کو قرآن میں اعراب لگانے اور اعراب کے سوائے عربی کی صرف و نحو کے قواعد بنانے پڑے یعنی اسلامی نصاب میں صرف و نحو لغت تین علموں کا اضافہ ہوا۔ اور یہ سب اُسی اصلی نصاب قرآن کی خدمت کے لیے بھرتی ہونے کے علاوہ تلفظ کی بھی دشواری تھی کہ بعض حروف عرب کے ساتھ خاص تھے اور عجمی اُن کو بول نہیں سکتے تھے۔ اس ضرورت سے تجوید یعنی قرأت کے قاعدے وضع کیے گئے اور یہ چوتھا علم قرار پایا۔ مگر صرف و نحو کی طرح یہ بھی اُسی اصلی نصاب قرآن کا خادم عجمیوں کی ضرورتیں تو

(۱) اور (اے پیغمبر) مشرکین میں سے اگر کوئی شخص تم سے پناہ کا خواستگار ہو تو اُس کو پناہ دو یہاں تک کہ وہ (اطمینان سے) کلام خدا کو سن (سمجھ) لے پھر اُس کو اُس کے امن کی جگہ پر پہنچا دو یہ (رعایت اُن لوگوں کے حق میں اسی وجہ سے کرنی ضرور ہے) کہ یہ لوگ (اسلام کی حقیقت سے) واقف نہیں ۱۲

یوں پوری کی گئیں اسی طرح کی ایک ضرورت خود عرب کو بھی پیش تھی کہ زمانۂ نزولِ قرآن میں فصاحت بلاغت کا بڑا چرچا تھا اور سارا جزیرۂ عرب فصاحت بلاغت کی متوالی کووں کھائے ہوئے تھا اُن کی معمولی بات بھی اگر نظم نہ ہوتی تھی تو مقفّٰی اور مسجع تو ضرور ہی ہوتی تھی۔ خطابت کا یہ زور تھا کہ بلا مبالغہ تمام جزیرۂ عرب شاعروں کی مٹھی میں تھا۔ صلح و جنگ کے لیئے وہی اپنے قبیلوں کے بادشاہ تھے۔ زبان آوری کے متعلق اُن لوگوں کے کچھ ایسے مغز چلے ہوئے تھے کہ اپنے سوائے دوسروں کا نام رکھا تھا عجم یعنی گونگے کہ اُن کو بولنا بات کرنا بھی نہیں آتا۔ اگر قرآن میں اعلیٰ درجے کی فصاحت بلاغت نہ ہوتی تو وہ اس سے ایسے متنفر اور متوحش ہوتے کہ اس کو سننے تک بھی تو نہیں۔ تو جو چیز ان کو خوب رواں تھا اسی سے ان کو پچھاڑا اور ڈنکے کی چوٹ برابر تحدّی کی جاتی تھی کہ اِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۔ اور قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا۔ اور اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَیٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ تو اس بات کا یقین کرا دینے کے لیئے کہ واقعی قرآن جیسی فصاحت بلاغت مقدور بشر نہیں ایک علم جداگانہ جمع کرنا پڑا جس کا نام ہے **معانی اور بلاغت**۔ اور خدامِ قرآن میں ایک خادم اور بڑھا۔ یہ اور اس طرح کے اور چند علوم جو

۱؎ اور (اے لوگو) ہم نے اپنے بندے (محمد پر قرآن) اُتارا ہے اگر تم کو اس میں شک ہو اور یہ سمجھتے ہو کہ یہ کتاب خدا کی نہیں بلکہ آدمی کی بنائی ہوئی ہے) اور (اگر اپنے اس دعوے میں) سچے ہو تو اسی جیسی ایک سورت (تم بھی بنا) لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے حمایتیوں کو بھی بلا لو ۱۲ ۲؎ (اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ اگر آدمی اور جنات جمع ہو کر اس بات پر آمادہ) ہوں کہ اس قرآن کی طرح کا (اور کلام) بنا لائیں تو (بھی) اس جیسا نہیں (بنا) لا سکتے اگرچہ اُن میں سے ایک کی پشت پر ایک (کیوں نہ) ہو ۱۲ ۳؎ (اے پیغمبر) کیا (کافر) کہتے ہیں کہ اس (شخص یعنی تم) نے قرآن اپنے دل سے بنا لیا ہے تو ان لوگوں سے کہو کہ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو (کہ میں نے یہ قرآن اپنے دل سے بنایا ہے) تو تم بھی (اہل زبان ہو) اسی طرح کی بنائی ہوئی (زیادہ نہیں) دس (ہی) سورتیں لے آؤ اور خدا کے سوا جس کو مدد کے لیئے تم سے بلا سکتے بن پڑے بلا لو ۱۲

الفاظِ قرآنی کے متعلق ہیں وضع کیے گئے۔ عربی عجمی مسلمانوں کے فائدے کے لیئے تاکہ قرآن کو سمجھیں جیسا اُس کے سمجھنے کا حق ہے۔ ظاہر ہے کہ ان علوم کا نصاب بنانے میں واضعانِ نصاب کی نیت بخیر تھی اور مسلمانوں کو اس نصاب کی ضرورت بھی تھی۔ لیکن جیسے جیسے اسلامی سلطنت وسیع ہوتی جاتی تھی اور کسی محکوم یا مغلوب کو جبراً مسلمان کرنے کی مذہباً سخت مناہی تھی۔ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ تو اب مسلمانوں کو بہت سے غیر مذہب والوں میں بھی رہنا پڑا اور ایسی تو کیا بات ہے کہ ایک جگہ کے رہنے سے آپس میں مذہبی گفتگو درمیان میں نہ آجاتی ہو تو قرآن کی حمایت کے لیئے معقولات کی قسم کے کئی علم نصاب میں داخل کرنے کی ضرورت ہوئی۔ چوں کہ مذاہب مروجہ سے الگ ہو کر اسلام نیا مذہب نکلا تھا تو مسلمانوں کے محدود گروہ کے علاوہ تمام دوسرے فرقے اسلام کے مخالف تھے۔ مخالفتوں میں سخت تر مخالفت فلاسفۂ یونان کی تھی کہ وہ بات بات میں عقلی حجتیں نکالتے اور ایک اسلام کیا اپنی عقل کے آگے کسی مذہب کی حقیقت نہیں سمجھتے تھے اور ازبسکہ عام طبائع ہمیشہ سے آزادی پسند واقع ہوئی ہیں۔ لوگ معتقداتِ فلاسفہ کی طرف بالطبع مائل تھے اور اسی اثنا میں بعض مسلمان بادشاہ بھی جن کو مذہباً اپنے تئیں خلیفۃ المسلمین کہلانے کا کوئی حق نہ تھا فلسفۂ یونان کی طرف یا یوں کہو کہ دہریت کی طرف ایسے راغب ہوئے کہ انھوں نے یونانی کتابوں کے عربی میں ترجمے کرائے۔ اور اس طرح پر فلسفہ کا ایک بڑا ذخیرہ اسلامی کتابخانوں میں جمع ہو گیا۔ تاریخوں میں اُن وقتوں کے حالات پڑھنے سے ہم کو تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مذہب اسلام پر یہ زمانہ اُس سے بھی زیادہ سخت تھا جب کہ مسلمانوں کو دین کی حمایت کے لیئے جہاد کرنے پڑتے تھے۔ مسلمانوں کی عملداری میں سلطنت کا مذہب اسلام تھا۔ حاکمِ وقت نائب رسول سمجھا جاتا تھا مذہبی باتوں میں لوگ موم کی ناک بنے ہوئے اُسی کی تقلید کرتے تھے اور وہ جدھر کو چاہتا تھا اُن کو موڑ دیتا

لہ دین میں زبردستی (کا کچھ کام) نہیں گمراہی سے ہدایت (الگ) ظاہر ہو چکی ہے تو جو جھوٹے معبودوں کو نہ مانے اور اللہ ہی پر ایمان لائے تو اُس نے مضبوط رسی پکڑ رکھی ہے جو ٹوٹنے والی نہیں۔ اور اللہ (سب کی) سنتا اور (سب کچھ) جانتا ہے۔

تھا جن مسلمانوں بادشاہوں نے فلسفۂ یونان کے ترجمے کرائے ہم اُن کی نسبت کوئی قطعی رائے قائم نہیں کر سکتے۔ ایک طرف وہ خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کہلاتے تھے اور بعض اُن کے متشرع بھی تھے مگر اکثر عیش پرست۔ غرض جیسی شخصی سلطنت تھی اسلام بھی شخصی اسلام تھا جن لوگوں نے مسلمان ہو کر فلسفۂ یونان کے ترجمے کیے اور کرائے ممکن ہو کہ وہ اسلام کی طرف سے متشکک رہے ہوں اور ممکن ہو کہ انھوں نے تردید کے لیے کیے اور کرائے ہوں۔ بہرکیف مسلمانوں کی نصاب تعلیم میں ان مذہبی مناظروں اور مناقشوں کے وجہ سے ایک عنصر اور بڑھا۔ یہ دیوبند کے مدرسہ کا نصاب تعلیم میرے ہاتھ میں ہے۔ نصاب عربی میں اکیس علوم اور چورانوے کتابیں ہیں۔ اور آٹھ برس میعاد تحصیل و تکمیل ہیں اس بارے میں بھی کچھ کہنا نہیں چاہتا کہ یہ نصاب میعاد ہشت سالہ میں ممکن التحصیل بھی ہے یا نہیں۔ میں نے بھی یہی پاپڑ بیلے ہیں اور باوجود بے سروسامانی اور کم سنی شوق اور محنت سے بیلے ہیں۔ اور خدا کے فضل سے میں اعلیٰ درجے کا ذہین نہیں ہوں تو ایسا غبی بھی نہیں ہوں با ایں ہمہ سبقاً سبقاً پڑھنا تو درکنار اگر زبردہرانا چاہوں تو بھی مشکل معلوم ہوتا ہے۔ میری اتنی عمر ہونے آئی اور جتنی آئی ہے ان ہی لوگوں میں گزری ہے۔ میں نے تو کوئی ایسا عزیز الوجود آدمی دیکھا نہیں جس نے آٹھ برس میں میزان الصرف سے لے کر اکیس علوم اور چورانوے کتابوں پر عبور کر لیا ہو۔ خیر یہ تو دوسری بحث ہے۔ مجکو تو صرف اتنی بات دکھانی تھی کہ اس نصاب میں اوّل سے آخر تک مذہب کی جھلک پڑی مار رہی ہے۔ یہ اکیس علوم اور چورانوے کتابوں کا نصاب اصل میں دین کی خدمت کے لیے بنا ہے تو دین کے تعلق سے نصاب کی چار قسمیں کی جا سکتی ہیں۔

(۱) خالص دینیات ؎

علم دین فقہ است و تفسیر و حدیث		ہر کہ خواند غیر ازیں گرد جہلیست	

(۲) خادم دین بلا واسطہ صرف و نحو و امثالہما۔

(۳) خادم دین بواسطہ منطق وغیرہ۔

(۴) علوم حقیقی جن کو دینیات سے ظاہر اکوئی تعلق نہیں صرف تنوّع معلومات کے لیے نصاب میں

داخل کر لیئے گئے ہیں۔ اقلیدس جبر و مقابلہ وغیرہ۔

اب میں مختصر طور پر اس نصاب کی خرابیاں دکھانی چاہتا ہوں۔ اور اسی لیئے میں لکچر دینے کھڑا بھی ہوا ہوں۔ خرابیاں دو قسم کی ہیں۔ داخلی اور خارجی۔ داخلی خرابی سے مراد ہے وہ کمی وہ فروگزاشت جو نفسِ نصاب میں ہے۔ وہ یہ کہ جن لوگوں نے نصاب بنایا اُن ہی کے خیالات دین کے بارے میں وسیع نہ تھے۔ جیسے اُن کے خیالات تنگ اور محدود تھے ویسے ہی اُنھوں نے تنگ اور محدود نصاب بنایا۔ یہ کچھ آج کی غلطی نہیں ہے۔ خدا معاف کرے مسلمانوں نے شروع سے دین و دنیا کے تعلق کے سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ مسلمانوں نے دین و دنیا کو ضد بکدیگر سمجھا تو یہ تو جبھی بن نہیں پڑتی کیوں کہ وہ دنیا و دین کو ضد بکدیگر سمجھ نہیں سکتے تھے۔ اُن کے باپ میں اُن کے منہ میں اُن کے دل میں قرآن تھا۔ اور وہ اُسے اصل دین سمجھتے اور مانتے تھے۔ اور قرآن کا حال یہ ہے کہ اُس نے بڑے سے بڑے دنیاوی معاملات سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے تک کو نہیں چھوڑا ہر ایک دنیاوی معاملے کی نسبت اُس میں حکم و ہدایت موجود ہے تو اس صورت میں دنیا و دین کو کیوں کر اور کس بنا پر کوئی ضد بکدیگر سمجھ سکتا ہے (الا من شیفہ نفسہ) پھر باقی رہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ بابرکات اور اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کا طرزِ عمل اسی قرآن کی تفسیر ہے اور اُن کے حالات من و عن جزو کل حدیث و سیر کی کتابوں میں ثبت ہیں وہ بھی کو صاف طور پر بتاتے ہیں کہ دنیا میں کس طرح رہنا اور دنیا کو کس طور پر برتنا ہے۔ چوں کہ اُن کے وقتوں میں طلبِ دنیا کا بڑا ذریعہ ملک گیری تھی وہ اسی ذریعے سے کام لیتے تھے جب وہ ذریعہ تھک گیا بس غلطی یہ ہوئی کہ اُن کے جانشینوں نے طلبِ دنیا کے دوسرے ذرائع تلاش نہیں کیئے۔ تنزل شروع ہونا ہی تھا شروع ہوا۔ خیر اگلوں نے طلبِ دنیا کے دوسرے ذرائع تلاش نہ کیئے تو اُن کے پاس بزرگوں کا متروکہ عیش و عشرت کے لیئے کافی تھا۔ اس نے ان کو دوسرے ذرائع کی ضرورت کا احساس تک نہ ہونے دیا نتیجہ یہ ہوا کہ ملک گیری کے درجے سے گر کر ملک داری کے درجے پر آ رہے۔ حوصلے تو پست ہو ہی چکے تھے کاہلی نے جو لازمۂ عیش پرستی ہے زیادہ دن تک اس درجے میں بھی ٹھیرنے

نہ دیا اور اب جس درجے میں ہیں سب دیکھتے اور جانتے ہیں کہ خانہ داری تک کا سلیقہ نہیں۔ اور اسی سے کہتے ہیں کہ دولت کا کمانا چنداں مشکل نہیں جتنا اس کا رکھ رکھاؤ مشکل ہے۔ کیا نوابوں اور راجاؤں اور تعلقہ داروں اور رئیسوں اور امیروں کو جو اپنی اولاد کو ناز و نعمت میں پالتے اور ان کو دولت کمانے اور دولت کے سنبھالنے کے طریقے نہیں سکھاتے یعنی حسب تقاضائے وقت تعلیم نہیں دلاتے ان واقعات میں جو کچھ چشم دید اور کچھ مثل چشم دید ہیں کافی نصیحت نہیں۔ اَفَاَمِنُوْا مَکْرَ اللّٰہِ فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ۔ ادھر تو زمانہ مسلمانوں سے ملک گیری اور ملک داری کا سلیقہ سلب کر رہا تھا اور ادھر تِلْکَ الْاَیَّامُ نُدَاوِلُھَا بَیْنَ النَّاسِ روئے زمین کے تھیٹر پر اہل یورپ آنے کو تیار تھے۔ ملک گیری اور ملک داری کا ایک ایکٹ ہی جو مسلمانوں نے اپنی باری میں دکھایا اور اب وہی ایکٹ اہل یورپ دکھا رہے ہیں۔ اور سب باتیں تو دونوں کی ملتی جلتی ہوئی ہیں مگر اہل یورپ کا ایکٹ دلکش زیادہ ہے اس واسطے کہ ان کی کمپنی میں پھیلاؤ و پری لیڈی سائنس تو جس کی ایک ایک ادا تماشائیوں پر جادو کا کام کرتی ہے۔ اب پھر اسی مولویانہ مضمون کی طرف لوٹو جس کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے کہ مسلمانوں کے نصاب تعلیم میں بڑی کمی تو یہ تھی کہ نصاب کا سارا زور منقولات پر تھا۔ معقولات تھے تو وہ بھی مفروضات اور ادعائی احتمالات کا تھا کہ ان میں غور و خوض کرنے سے اچھا بچھا آدمی مخبوط الحواس ہو جائے۔ منطقیوں کی نسبت لوگ ایک حکایت نقل کرتے ہیں خدا جانے جھوٹ یا سچ مگر جہاں تک ان لوگوں کے حالات دیکھے گئے ہیں ان سے تو خیال کیا جاتا ہے کہ سچ ہو تو عجب نہیں کہ دو منطقی حقیقی بھائی کسی بات پر لڑ پڑے ؎

تو گوئی خروسان شاطر بجنگ		در افتادہ باہم بمنقار و چنگ	

تو جیسا دستور ہے کہ مناظرے کا انجام اکثر مجادلہ اور مکابرہ ہوتا ہے اور اسی لیے خدا نے ہم مسلمانوں کو

؎ تو کیا اللہ کے داؤ سے نڈر ہو گئے ہیں سو اللہ کے داؤ سے تو وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو (آخر کار) برباد ہونے والے ہیں۔ ۱۲

؎ یہ اتفاقات وقت ہیں جو ہمارے حکم سے نوبت بہ نوبت (سب) لوگوں کو پیش آتے رہتے ہیں۔ ۱۲

حکم دیا ہو وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ - دونوں بھائی گالی گلوچ پر اتر آئے - خیر یہ تو ہونا ہی تھا مگر منطقی گالیاں برداشت کے قابل نہ ہوں سننے کے قابل ہیں کہ دونوں ایک دوسرے کو ماں کی گالی دیتے تھے - من حیث انہا امک یعنی اس حیثیت سے کہ وہ تیری ماں ہو اور اسی وجہ سے لَوْلَا اِلٰهٌ عِبَادَاتُ لَبَطَلَ الْحِكْمَةُ خود مولویوں کے زبان زد ہو رہا ہو۔

نصاب میں دوسرا داخلی نقص یہ ہو کہ وہ ہاتھی کے دکھانے کے دانت ہیں کھانے کے نہیں یعنی فہرست میں جو کتابیں لکھ دی ہیں بعض تو پڑھائی ہی نہیں جاتیں اور بعض پڑھائی جاتی ہیں تو اُن کا پڑھنا ایسا ہو جیسا کبڈی میں پالے کا چھونا کہ خاص خاص مقام پڑھے اور کتاب بالائے طاق - اس نصاب میں داخلی نقص جو ہیں سو ہیں ایک خارجی نقص اتنا بڑا ہو کہ اُس نے سارے نصاب کو قریب قریب بے کار کر دیا ہو اور وہ نقص طرزِ تعلیم کا ہو کہ سارا نصاب عربی میں ہو اور عربی ہم لوگوں کے لیے اجنبی زبان ہو اور اجنبی ہونے کے علاوہ دقیق اور مشکل جس کو اردو سے کسی طرح کی مناسبت اور مماثلت نہیں - مثلاً ایک موٹی سی بات ہو کہ صرفِ عربی کی پہلی کتاب میزان الصرف میں فَتَحَ مادہ مجرد کی ماضی معروف کے تیرہ صیغے ہیں ہماری اردو میں - اُس نے کیا انھوں نے کیا تو نے کیا - تم نے کیا - میں نے کیا - ہم نے کیا ضمیرِ فاعل میں تو مفرد اور جمع کے لحاظ سے تھوڑا سا تصرف کرنا بھی پڑتا ہو وہی ایک صیغہ (کیا) ساری گردان کا کام دیتا ہو - یہ تو مفرد لفظوں کی بناوٹ ہوئی - ترکیبِ کلمات کی دوسری مصیبت ہو چھوٹا سا چھوٹا جملہ بولو تو لفظ لفظ کی اور حرف حرف کی حرکت کا لحاظ رکھو - غرض عربی کی معمولی عبارت پڑھنے کے لیے بھی چار ناچار صرف و نحو کی دشوار گزار گھاٹیوں میں سے گزرنا پڑتا ہو - یہ گھاٹیاں کچھ تو اپنی ذات سے دشوار گزار ہیں - اور

---

۵ اور (مسلمانوں نے) اہلِ کتاب کے ساتھ جھگڑا نہ کیا کرو مگر ایسی طرح پر کہ وہ نہایت ہی عمدہ (اور شائستہ) ہو ہاں جو لوگ اُن میں سے زیادتی کریں (تو اُن کو تُرکی بہ تُرکی جواب دینے کا مضائقہ نہیں) اور (ان لوگوں سے) کہو کہ جو (کتاب) ہم پر نازل ہوئی اور جو کتاب تم پر نازل ہوئیں ہم تو سبھی کو مانتے ہیں اور ہمارا خدا اور تمہارا خدا ایک ہی ہو اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں - ۱۲

مولویوں کی طبع آزمائیوں نے اِن کو اور بھی مشکل بنا دیا ہو کہ بہتیرے برسوں اِسی بھول بھلیوں میں پڑے بھٹکا کرتے ہیں۔ نصاب کو حصنِ حصین فرض کرو کہ اُس میں اندر جانے کا ایک ہی پھاٹک ہو تو صرف و نحو کا زبانیہ کی طرح کا ایک ڈراؤنا ترش رو سنتری اُس پھاٹک پر کھڑا پہرہ دے رہا ہو کہ اُس کے ڈر سے عموماً نصاب کے اندر جانے کی ہمت نہیں پڑتی اور اکثر کو تو وہ اندر جانے ہی نہیں دیتا۔ سپنسر ایک بڑا نامی گرامی فلسفی انگریزوں میں ہو گزرا ہو اور ابھی حال میں اُس کا انتقال بھی ہوا ہو۔ اُس نے فلسفہ پر بہت کتابیں لکھی ہیں۔ ازاں جملہ اُس کی ایک کتاب تعلیم پر بھی ہو اور اُس کا عمدہ اور شگفتہ ترجمہ خواجہ غلام الحسنین نے اردو میں کیا ہو۔ سپنسر نے اپنی کتاب "تعلیم" میں تعلیم اور طرزِ تعلیم کی خرابیاں بڑے شرح و بسط سے بیان کر کے اُن کی اصلاح کی ہو۔ وہ صرف و نحو کی تعلیم کا بڑا مخالف ہو اور کہتا ہو کہ انسان کا اصل معلم تو خدا ہو ہم کو سپنسر کی یہ بات بہت ہی پسند آئی۔ اِس لیئے کہ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا[1] سے اس کی تصدیق ہوتی ہو۔ پھر وہ کہتا ہو کہ ہم کو تعلیم میں خدا ہی کی طرزِ تعلیم کی تقلید کرنی چاہیئے کیوں کہ وہ قانونِ قدرت ہو اور بدون اُس کی تقلید کے کامیابی ہو نہیں سکتی۔ اچھا تو وہ قانونِ قدرت کیا ہو؟ وہ قانون یہ ہو کہ بچہ دنیا میں آکر لوگوں کی باتیں سُنتا رہتا ہو اور حد سے حد تین برس میں وہ خاصی طرح مادری زبان سیکھ لیتا اور بے تکلف اُس میں بات چیت کرنے لگتا ہو۔ کیا اُس نے صرف و نحو کے ذریعہ سے زبان کو سیکھا ہو؟ نہیں ہرگز نہیں۔ بلکہ مواقعِ استعمال کو یاد رکھ کر اُس نے اپنے ذہن سے آپ قاعدے بنا لیئے ہیں اور گفتگو میں اُن قاعدوں کی پابندی کرتا ہو۔ اُس کو قاعدوں کی حیثیت سے قاعدوں کا شعور نہیں ہوتا۔ زبان سے قاعدے استنباط کیئے جاتے ہیں نہ یہ کہ قاعدوں سے زبان۔ تو پہلے گفتگو کے ذریعے سے زبان سکھاؤ۔ قاعدوں کا بنانا سیکھنے والوں پر چھوڑ دو۔ اِس طریقے سے زبان جلد آجائے گی۔ جیسے بچوں کو بے امدادِ قواعد جلد آجاتی ہو سپنسر کا یہ کہنا بالکل بجا اور درست ہو اور ہم اپنی مادری زبان اُردو کے ساتھ یہی معاملہ کرتے ہیں کہ اِس وقت تک اُس کی گرامر

[1] آدم کو سب (چیزوں) کے نام بتا دیئے۔ ۱۲

منضبط نہیں اور ہم اُردو کے زبان داں ہیں ۵

نسیم دہلوی ہم موجد بابِ فصاحت ہیں	کوئی اُردو کو کیا سمجھے گا جیسا ہم سمجھتے ہیں

مادری زبان کا رستہ تو سپنسر نے فی زعمہ صاف کر دیا اور وہ پہلے سے بھی صاف تھا مگر اجنبی زبان کی مشکلات کو وہ رفع نہیں کر سکا۔ ہم کو خوف ہے کہ لوگ تو جیسے مآل اندیش ہیں معلوم کیں سپنسر کے کہے میں آکر عربی یا کسی دوسری اجنبی زبان کے ساتھ ہی معاملہ نہ کرنے لگیں۔ مادری زبان میں تو یہ ہوتا ہے کہ بچہ دن رات جب تک جاگتا رہتا ہے لوگوں کی باتیں سنتا ہے اور اس طرح چند روز میں اُس کی معلومات مواقع استعمال زبان پر حاوی ہو جاتی ہے۔ اجنبی زبان والوں کے ساتھ اس طرح کا ہر وقت کا میل جول ممکن نہیں لے دے کر وہی کتابی معلومات یا خاص صورتوں میں اہلِ زبان کے ساتھ تھوڑی دیر کا اختلاط۔ اور یہی وجہ ہے کہ انگریزی کلبوں میں بابو انگریزی یعنی ہندوستانی انگریزی کی ہنسی اُڑائی جاتی ہے۔ اس میں بابوؤں اور ہندوستانیوں بے چاروں کا کیا قصور ہے۔ قصور ہے تو اس کا ہے کہ ان کو انگریزی سیکھنے کے لیے وہ سہولتیں میسر نہیں جو ایک بچے کو مادری زبان حاصل کرنے کے لیے ہوتی ہیں جیسی ٹوٹی پھوٹی غلط سلط انگریزی ایک ہندوستانی بولتا ہے یا لکھتا ہے اُس سے کہیں بدتر ایک انگریز اُردو بولتا ہے اور لکھنا تو شاید سینکڑوں میں دو چار ہی کو اس قدر آتا ہوگا کہ چار سطر کی عرضی آپ پڑھ لے اور اس پر اپنے قلم سے اتنا ہی حکم لکھ دے کہ سررشتہ سے کیفیت طلب ہو۔ غرض مسلمان عربی کی طرف سے عجب کشمکش میں ہیں کہ نہ تو عربی کو چھوڑ سکتے ہیں۔ اس لیے کہ قرآن عربی حدیث عربی۔ فقہ عربی۔ دین عربی۔ آسمان عربی۔ یعنی زبانِ عربی جزوِ مذہب اور نہ بآسانی اُس کو سیکھ سکتے ہیں اور ابھی تو یہ کتابی عربی حاصل کرنے کے مشکلات ہیں۔ رہا عربی کا روزمرہ اُس کا آنا تو محالات سے ہے مگر یہ کہ ہجرت کر کے عرب میں جا رہیں۔ کیوں کہ روزمرہ اور کتابی عربی میں زمین آسمان کا فرق پڑ گیا ہے مگر لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ کو کیا کریں۔ اب ایک نیا تجربہ کیا جائے کو ہے کہ ایک عربی داں صاحب بہادر ولایت سے اور ایک مصری عالم جامع الازہر سے تشریف لائیں اور اُن طالب العلموں کو جنھوں نے بی اے اور ایم اے میں عربی لی تھی عربی کی تکمیل کرائیں۔ اول تو بی اے ایم اے اول تو

کی عربی کو کوئی مجھسے پوچھے کہ میں سالہا سال سے پنجاب یونیورسٹی میں عربی کا ممتحن ہوتا رہتا ہوں۔ یوں تو مجھی کو عربی کیا خاک آتی ہو مگر اسی خراب خستہ نصاب کی مدد سے جیسی کچھ بھی آتی ہو بی اے ایم اے کی عربی کے پرکھنے کو بس کرتی ہو مولوی ذوالفقار علی نے سبعہ معلقہ متنبی حماسہ ادب عربی کی اونچی اونچی کتابوں کے ترجمے کر دیئے ہیں اور ادب عربی کا خون کیا ہو۔ یہ بی اے ایم اے والے ترجمے یاد کر لیتے ہیں اور سوالات زیادہ تر یہی ہوتے ہیں کہ انگریزی میں ترجمہ کرو۔ اس سے پردہ ڈھکا رہتا ہو لیکن جب انگریزی عبارت دی جاتی ہو کہ عربی میں ترجمہ کرو تو قلعی کھلتی ہو۔ صیغے غلط۔ صلے غلط۔ ترتیب کلمات غلط خود غلط۔ املا غلط۔ انشا غلط۔ الا ماشاء اللہ۔ سو الا ماشاء اللہ بھی وہی ہوتے ہیں جنھوں نے کالج میں داخل ہونے سے پہلے ایشیائی طریقے پر کچھ صرف و نحو اپنے گھر پڑھ لی تھی سوا ایسے کتنے ہیں اور کتنے ہو سکتے ہیں۔ عربی کی حفاظت اور حمایت جو کی جا سکتی ہو وہ یہی ہو کہ علی رغم سپنسر صرف و نحو سے اس کی تعلیم شروع ہو۔ نصاب کی اصلاح کی جائے۔ عربی کی تحریر اور تقریر پر زیادہ زور دیا جائے گورمنٹ کو پہلے ہی سے کسی فرقے کے مذہب اور دین سے تعلق نہیں اور اسی بے تعلقی کی وجہ سے نصاب عربی کا خالص دینیات کا حصہ اور وہی نصاب مروجہ میں بڑا حصہ بھی ہو محفوظ۔ زبان اور خالص دینیات کا حصہ چھوڑ کر اب صرف معقولات رہ گئے سو اول تو وہ کچھ ہیں نہیں اور جو ہیں سخت نامعقول وجہ یہ کہ حکمت نظری تو بری بھلی کچھ تھی بھی ہمارے معقولات عمل کو تو چھو ہی نہیں گئے حالاں کہ یہ حکمت عملی ہی تو دنیاوی فلاح دنیاوی ترقی۔ دنیاوی بہبود کا گر ہو۔ تعلیم کا مضمون ایسا وسیع مضمون ہو کہ مہینوں اس پر لکچر دیا کروں تو بھی اس کا حق ادا نہ ہو۔ تعلیم پر لکچر دینا اس کا حق ہو جو خود مروجہ علوم پر حاوی ہو ہر ایک علم کی غرض و غایت جانتا ہو اور اس کی ضرورت کا صحیح اندازہ کر سکے۔ پھر ہر ایک علم کی کتابوں پر اس کی نظر ہو۔ ان کے عیب و صواب اس کو معلوم ہوں۔ طرز تعلیم پر واجبی نکتہ چینی کر سکے۔ اتنا ہو لے تو تعلیم پر لکچر دینے کا نام لے۔ میں نے تھوڑا سا پڑھ لکھ کر صرف اتنی بات معلوم کی ہو کہ خدا نے آدمی کو اس لیئے پیدا کیا ہو کہ دنیا میں رہ کر تجربہ یعنی قوانین قدرت کی پابندی کے ساتھ ایک حد تک خدا کی نیابت کرے۔ قوانین قدرت سے مراد ہیں خواص الاشیاء اور چیزوں کی علت و معلول

اور نتیجہ اور سبب کے تعلقات۔ مثلاً پانی کا خاصہ ہے کہ نشیب کی طرف کو بہے اور اس کی یہ خاصیت متفرع ہے اس اصول پر کہ تمام اجسام میں کشش کی خاصیت ہے اور اسی وجہ سے بھاری چیزیں اوپر سے زمین پر گرتی ہے اور اسی وجہ سے نظامِ شمسی کے اجرام آفتاب کے گرد پڑے گھوم رہے ہیں۔ گرم پانی ہوا کی طرف مستحیل ہو جاتا ہے۔ یہ اور اس طرح کے بے انتہا دستور اور قاعدے ہیں جو قوانین نیچر یا قوانینِ قدرت کہلاتے ہیں اور ان میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيلًا آدمی بطنِ مادر سے ان قوانین کا علم لیے ہوئے پیدا نہیں ہوتا۔ بلکہ اپنے ذاتی تجربے اور ابنارِ جنس کے تجربوں سے اُن کا علم حاصل کرتا ہے پھر خدا کی نیابت کے یہ معنی ہیں کہ آدمی موجوداتِ عالم پر حکمرانی کرے۔ اور اُن سے خدمت لے قوانینِ نیچر اتنے بہت ہیں کہ کوئی آدمی اپنی زندگی میں کہ وہ خود قوانینِ قدرت کی رو سے محدود ہے۔ نیچر کے تمام قوانین پر تو احاطہ کر نہیں سکتا اور کسی ایک آدمی کا تو کیا حوصلہ ہے کہ تمام قوانینِ نیچر پر احاطہ کر سکے۔ تمام آدمی آغازِ آفرینش سے علی قدرِ استعداد قوانینِ نیچر کی ٹوہ میں لگے رہے ہیں لیکن اَلْاَقْدَمُ فَالْاَقْدَمُ جن کی سخت ضرورت تھی اُن کو پہلے معلوم کیا۔ پھر اُس سے کم کو پھر اُس سے کم کو وَهَلُمَّ جَرًّا سب سے پہلے آدمی نے اکل و شرب کی ضرورت کو پورا کیا ہوگا۔ پھر دفعِ حر و برد کے لیے لباس کی مکان کی ضرورت کو۔ یہاں تک کہ اب تو آدمی اس قدر آرام طلب ہو گیا ہے کہ وہ جگہ سے ہل کر پانی بھی پینا نہیں چاہتا اور اگر کلوں کی یہی بھرمار رہی تو آدمی ایک دن مضغۂ گوشت کی طرح بے حس و حرکت پڑا اینڈا کرے گا۔ ڈپٹی انسپکٹری مدارس کے زمانہ میں ایک لالہ بھائی میرے تحت میں سب ڈپٹی انسپکٹر تھے۔ وہ دورے میں میرے ساتھ رہتے تو میں دیکھتا تھا کہ رسوئی کے لیے اُنھوں نے ایک کہار رکھ چھوڑا تھا۔ پکی رسوئی تو وہ کھا ہی کر لیا کرتا تھا جس دن کچی رسوئی کرنی ہوتی۔ یعنی روٹی دال یا روٹی کے ساتھ کوئی ترکاری تو وہ بیچارہ کہار چوکا دیتا دال چڑھا دیتا دال کے نیچے آگ جلاتا رہتا اور چوکے کے باہر بیٹھ کر آٹا گوندتا روٹی بیلتا۔ یہاں تک سارے کام

لہ تو (اے پیغمبر) تم خدا کے قاعدے کو ہرگز بدلتا ہوا نہ پاؤ گے اور نہ خدا کے قاعدے کو ہرگز ٹلتا ہوا پاؤ گے ۱۲

کمہار کو کرنے پڑتے تھے۔ لالہ جی دہوتی باندہ کر چوکے میں جا بیٹھتے پیلی ہوئی روٹی کمہار کے ہاتھ سے لی توے پر ڈالی۔ اٹھائی منہ میں رکھ لی۔ غرض سائمن ہم کو لالہ بھائی بنا کر رہے گا سائمن نے یہ تو اچھا سلوک کیا ۵

ہوس گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا		عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے	

خدا اُن کا بھلا کرے جنھوں نے نیچر کے کتنے قوانین دریافت کر کے کتابوں میں جمع کر دیئے کہ ہم اُن کی بدولت سٹیم اور الکٹرسٹی اور عناصر اور خداداد قوتوں پر حکومت کر رہے ہیں۔ پس اُسی تعلیم کو سودمند کہا جا سکتا ہے جو ہم کو بجا آوری شرائط نیابت الٰہی کے قابل بنائے۔ جہاں نیچر کے اور قوانین ہیں وہاں ایک قانون یہ بھی ہے کہ انسان ضعیف البنیان اس ہستی میں قوانین نیچر پر بتمامہا احاطہ کر نہیں سکا اور کر بھی نہیں سکے گا وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ[۵] تو بحکم مَا لَا یُدْرَكُ كُلُّهٗ لَا یُتْرَكُ كُلُّهٗ جتنا بھی ہم معلوم کر سکیں وتناہی ہم اپنے تئیں نیابت الٰہی کا مستحق ثابت کر سکیں گے۔ اور اسی میں ہماری دنیا کی بھی بھلائی ہے اور دین کی بھی۔ دنیا کی بھلائی تو یوں ہے کہ ہماری زندگی کی ضرورتیں اور راحتیں اس کے ساتھ وابستہ ہیں۔ اور دین کی بھلائی یوں ہے کہ خدا نے ہم کو اسی لیئے پیدا کیا ہے تو ہم اُس کے رضا جو اور اُس کے منشا کے پورے کرنے والے ٹھیرتے ہیں اور یہ عین دین ہے۔ ہم خرما و ہم ثواب۔

غرض یہ خیال ایک کسوٹی ہے جس پر تعلیم کا مفید و نامفید ہونا بآسانی پرکھا جا سکتا ہے۔ ہم اپنی تعلیم کو اس کسوٹی پر کس کر دیکھتے ہیں تو جس کو سونا سمجھتے رہے وہ حقیقت میں پیتل ہے اور پیتل بھی ردی قسم کا۔ اور باوجودے کہ مہربان رعایا پرور برٹش گورنمنٹ نے ہم کو مفید تعلیم دلانے کے لیئے اپنی

[۵] اور زمین میں جتنے درخت ہیں اگر (ان سب کے) قلم ہوں اور سمندر (کی سیاہی) اور وہ بھی اس طرح پر کہ اُس کے (ہو چکنے) پیچھے (ویسے ہی) سات سمندر (اور) اُس کی مدد کریں (غرض ان تمام قلموں اور ساری سیاہیوں سے خدا کی باتیں لکھی جائیں تو بھی) خدا کی باتیں تمام نہ ہوں بے شک اللہ زبردست (اور حکمت والا ہے) ۱۲۰

طرف سے بہت کچھ کیا اور کیے چلی جارہی ہے لیکن ۵

تہیدستانِ قسمت راچہ سود از رہبر کامل	کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ مے آرد سکندر را

گورمنٹ اتنا ہی کرسکی ہے کہ اُس نے ہم کو تعلیم کے سیدھے رستے لگا دیا ہے۔ اب اِس رستے پر چلنا ہمارا کام ہے۔ اور ہم ہیں کہ چلنا کیسا رستے کی طرف کو رُخ بھی تو نہیں کرتے اور معدودے چند کرتے بھی ہیں تو وہ گورمنٹ سے کہتے ہیں کہ لا دو ولدا دوا دینے والا ساتھ دو۔ گورمنٹ یہ بھی کرے خدا کے فضل سے اُس کے خزانے میں ہر سال کروڑوں روپیہ خراج کا آتا ہے مگر جیسی آمدنی ویسے خرچ۔ وہی مثل ہے کہ ایک کا منہ تو کھانڈ سے بھی بھرا جا سکتا ہے اور دس کا تو خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا۔ میں نے کبھی کبھی اخباروں میں لوگوں کا یہ اعتراض پڑھا ہے کہ گورمنٹ تعلیم پر بقدرِ واجب خرچ کرنے میں دریغ کرتی ہے تو مجھے اپنی طالب العلمی یاد آئی کہ جب میں دہلی کالج میں داخل ہوا اُس وقت ہماری جماعت میں چار روپیہ ماہوار سے لے کر بارہ روپے تک کے وظائف تھے اور ہمارے مولوی صاحب سو روپے تنخواہ پاتے تھے اور قاعدہ یہ تھا کہ ہر اگلے مہینے کے شروع میں خزانچی روپیہ ساتھ لاکر جماعت جماعت کے تمام مصارف چکا دیتا تھا۔ ہم طالب العلموں کے وظائف تو اتنے کم مقدار کے ہوتے تھے کہ خزانچی نے چٹکی میں روپے لیے اور ایک ایک کے آگے پھینک دیے۔ مولوی صاحب کے سو روپے فرش پر بچھا کر گننے پڑتے تھے تو ہم طالب العلم سو روپے کی رقم کو بڑی عظمت کی نگاہ سے دیکھتے حسد کی نگاہ سے نہیں۔ اور مولوی صاحب اُلٹے عسرت کی شکایت کیا کرتے تھے۔ علی حدہ بیٹھ کر مولوی صاحب کی تنخواہ کے بجٹ پر مباحثہ کرتے۔ کھانا۔ کپڑا۔ نوکر سواری کرایہ مکان ایک ایک رقم کو فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست فی زعمنا اضعافاً مضاعفہ لگاتے تو بھی مصارف ساٹھ ستر سے متجاوز نہ ہوتے آخر ایک وقت وہ بھی آیا کہ کانپور کی ڈپٹی انسپکٹری میں میری پہلی تنخواہ پورے سو روپے کی آئی۔ سو روپے کی ڈھیری دیکھ کر مجھے مولوی صاحب یاد آئے اور میں نے اُس بدگمانی پر جو مولوی صاحب کی نسبت کیا کرتا تھا اپنے تئیں بڑی ملامت کی

بعینہ یہی حال اُن لوگوں کا ہے جو گورنمنٹ کے بجٹ میں نکتہ چینیاں کرتے رہتے ہیں کہ تعلیم کے خرچ میں بخل کرتی ہے۔ گوروں کی اتنی ساری فوج ناحق بھر رکھی ہے وَاَمْثَالِ ذَالِکَ۔

گورنمنٹ کو ہیٹلے بچوں کی طرح رعایا ملی ہے اور گورنمنٹ تَالِیفًا لِّلْقُلُوْبِ وَاِسْتِمَالَةً لَّهَا ان کی ہر طرح کی ناز برداریاں کرتی ہے۔ لیکن ناز برداری کی بھی ایک حد ہے جس طرح جا بے جا ناز برداری سے بچہ اور زیادہ بگڑتا ہے تعلیم میں بھی ناز برداری کا نتیجہ بُرا ہی بُرا دکھائی دیتا ہے۔ گورنمنٹ نے یہ دیکھ کر کہ مسلمان بات بات میں دین و مذہب کے حیلے نکال کھڑے کیا کرتے ہیں اب عربی کی تعلیم پر ضرورت سے زیادہ زور دینا چاہا ہے اور ہم کو یہ کہہ کر پرچایا جاتا ہے کہ علم کو علم کے لئے حاصل کرو۔ لیکن کیا گورنمنٹ کو معلوم نہیں کہ ہم سدا سے یہی بھاڑ جھونکتے رہے ہیں۔ ہمارا پرانا نصاب تو کسی کام ہی کا نہ تھا۔ مثلاً ہم نے گرامر بنائی اس غرض سے کہ عربی عبارت پر قادر ہو جائیں لیکن بنائی تو ایسی بد سلیقگی سے کہ اُسی میں اُلجھے رہے۔ میں نے صرف عربی پر سر ولیم میور کی فرمایش سے ایک رسالہ لکھا مَا یُغْنِیْنَا فِی الصَّرْفِ اُس کے دیباچے میں صرف و نحو کے نصاب پر یہ رائے لکھی "کہ ہمارے وقتوں کے صرفیوں نحویوں کی مثال اُس نجومی کی سی ہے کہ وہ اجرام فلکی کے نظارے کا مشتاق تھا۔ اس غرض سے اُس نے دوربین لگائی مگر وہ دوربین کے کیل پرزوں کی ساخت میں ایسا محو ہوا کہ اُس کو آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھنا بھی نصیب نہیں ہوا" ہمارا سارا عربی کا نصاب اسی قسم کا ہے کہ اس کو اسی کے لئے پڑھا پڑھایا جاتا ہے۔ اب آیا انگریزی کا نصاب تو وہ بھی ہماری تقدیر سے ہماں آش ورکاسہ نکلا۔ کسی نے اس نصاب کی بدولت کوئی نئی بات ایجاد کی۔ کوئی کل بنائی۔ مُلکی دولت بڑھائی غرض جس طرح کی تعلیم ہم کو ہوا کی ہے چاہے وہ عربی کا نصاب ہو چاہے انگریزی کا اس سے تو ہم کو کوئی فائدہ پہنچا نہیں۔ اس لئے کہ علم سے لئے علم کا حاصل کرنا ہے ؎

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی		ہم نے سو سو طرح سے مرد دیکھا	

اب سمجھے کہ کیوں علی گڈھ والے سید احمد خاں کی اُمت سقّہ باندھ کر محمدن یونیورسٹی کے پیچھے

پڑے ہیں ہم آپ اپنی ضرورتوں کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں۔ اس لیے کہ بیمار ہم ہیں۔ بیماری کی سختیاں ہم پر گزر رہی ہیں۔ طبیب کتنا ہی حاذق کیوں نہ ہو۔ تشخیص مرض کے لیے تمام خارجی تدبیریں عمل میں لائے گا۔ مگر ہم میں حلول کر جانے سے تو رہا۔ ہمارا علاج متعین ہے **محمدن یونیورسٹی** اور وہ تو ساری قوم کی متفقہ کوشش کے بدون بنتی بناتی نہیں اور قوم کا سا جواب دیتی ہے ؎

گر جاں طلبی مضایقہ نیست		ز میطلبی سخن دریں است

چوالیسواں لکچر

جو

"تعلیم" پر انجمن حمایت اسلام لاہور کے بیسویں سالانہ جلسے میں ۱۹۰۵ء میں دیا گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَیْرٍ فَلِلْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ وَالْیَتٰمٰى وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ۝[1]

تعلیم کی ضرورت کو تو اب سب لوگ سمجھنے لگے ہیں جن کو خدا نے ایسی باتوں کے سمجھنے کی صلاحیت دی ہے۔ مگر ابھی تک بھی لوگوں نے تعلیم کو اس کے محدود معنوں میں سمجھا ہے۔ تعلیم کے وسیع مفہوم کے سمجھنے والے تھوڑے بہت تھوڑے ہیں۔ تعلیم نکلا علم سے۔ علم کے معنی جاننا تعلیم۔ سکھانا سمجھانا۔

[1] (اے پیغمبر) تم سے (لوگ) پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کیا خرچ کریں تو (ان کو) سمجھا دو کہ (خیر خیرات کے طور پر) جو مال بھی خرچ کرو تو وہ تمہارے) ماں باپ کا حق ہے اور قریب سے کی رشتہ داروں کا اور یتیموں کا اور محتاجوں کا اور مسافروں کا اور تم کوئی بھی بھلائی بھی (لوگوں کے ساتھ) کرو گے تو اللہ اس کو جانتا ہے ۱۲

تعلم سیکھنا سمجھنا۔ جاننے کے لیے دنیا میں اتنی بہت چیزیں ہیں کہ آدمی اپنی محدود زندگی میں[۵۱] اکثر اَعْدَادِ اُمَّتِی بَیْنَ سِتِّیْنَ وَسَبْعِیْنَ سب چیزوں کو جان نہیں سکتا۔ اور اسی لیے خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا[۵۲]۔ بایں ہمہ مطلق علم انسان کے لیے شرطِ زندگی ہے۔ اور اس کے حاصل کرنے کا شوق ہماری فطرت میں داخل ہے۔ اور ہماری فطرت ہم کو علم کے حاصل کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ پس علم کے حاصل کرنے کا شوق ایک حد تک اضطراری ہے جیسا تنفس کہ آدمی کا بچہ پیدا ہوتے ہی سانس لینے لگتا ہے تو یہ سانس کا لینا اُس کا فعل اضطراری ہے جس میں اُس کے ارادے کو کچھ دخل نہیں اور وہ بے اس کے کہ کوئی اُس کو سانس لینا سکھائے خود بخود سانس لینے لگتا ہے۔ یہی حال علم کا ہے کہ مبدا فیاض یعنی خدائے تعالیٰ نے آدمی کو حواسِ خمسہ کے پانچ پارچوں کا خلعت دے کر دنیا میں بھیجا ہے اور یہی حواس خمسہ علم کے حاصل کرنے کے ذرائع ہیں دیکھنے کے لیے آنکھ۔ سننے کے لیے کان۔ سونگھنے کے لیے ناک۔ چکھنے کے لیے زبان۔ چھونے کے لیے جلد بدن۔ تو جس طرح آدمی کا بچہ بے کسی کے سکھائے پیدا ہوتے ہی سانس لینے لگتا ہے۔ اسی طرح اُس کے حواسِ خمسہ پیدا ہوتے ہی اُس کے لیے اپنے اپنے قبضے کی معلومات حاصل کر چلتے ہیں۔ یہ ہے بنیاد علم کی۔ اور یہ معلومات شروع شروع میں زندگی کے باقی رکھنے کے لیے کام میں لائی جاتی ہے۔ اور اسی اعتبار سے ہم نے علم کو شرطِ زندگی قرار دیا۔ انسان کے ابتدائی حالات پر نظر کرو تو آدم علیہ السلام نے دنیا میں آکر سب سے پہلے اپنی اُس وقت کی معلومات کے قدر کھانے پینے۔ مینہ بوندی۔ گرمی سردی۔ موذی جانوروں سے بچنے کا سامان کیا ہوگا کہ بدون اُس کے وہ زندہ نہیں رہ سکتے تھے وہ جنگل کی خودرو پھل پھلاری کھاتے۔ قدرتی ندی نالوں تالابوں کا پانی پیتے اور درختوں کے سائے اور غاروں میں پناہ لیتے رہے ہوں گے۔ پھر رفتہ رفتہ انھیں آرام و آسائش کا خیال آیا ہوگا اور انھوں نے شکار اور موٹی جھوٹی کھیتی سے رزق کی توسیع کی ہوگی۔ درختوں کے پتوں اور جانوروں کی کھالوں سے تن بدن کو ڈھانکا ہوگا۔ بولنے بات کرنے کے لیے اشاروں اور جانوروں کی طرح

---

[۵۱] میری اُمت کی اکثر عمریں ساٹھ ستر کے درمیان ہیں۔ ۱۲ [۵۲] اور تم لوگوں کو (اسرار الٰہی میں سے) بس تھوڑا ہی علم دیا گیا ہے۔ ۱۲

کی آوازوں سے کام لیا گیا۔ اور یہ سب کچھ خدا کے الہام سے کہ آدمی جو کچھ معلومات حواس ظاہر کے ذریعے سے جمع کرتا ہے عقل انسانی اُس میں طرح طرح کے تصرفات کرتی رہتی ہے۔ جزئیات سے کلیات بناتی۔ معلوم مقدمات کو ترتیب دے کر نامعلوم نتیجے نکالتی۔ تجرد و استقرار سے چیزوں کے خواص دریافت کرتی۔ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا کے یہی معنی ہیں۔ اِس چھوٹی سی آیۃ میں گنتی کے صرف تین لفظ ہیں۔ علم۔ اٰدم۔ اسماء۔ اور تینوں تشریح طلب علّم فعل ماضی ہے اور اِس کا فاعل اللہ تعالیٰ جل شانہ یعنی خدا نے سکھایا خدا کے سکھانے کا یہ مطلب کہ خدا نے آدمی کی زندگی اور آسایش و آرایش کے ساز و سامان زمین میں پیدا کر کے خود آدمی کو ایسا مخلوق بنایا کہ زندگی اور آسایش و آرایش اُس کو عزیز ہو۔ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۵ اور ابقار حیات اور تحصیل آرایش و آسایش کا اُس کو سلیقہ دیا یعنی عقل اور حواس خمسہ اور اعضاء و جوارح کے آلات و ادوات۔ کہ اِن کو کام میں لا کر زندگی سے متمتع ہو۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۵ پس انسان

---

۵ (خدا نے) آدم کو سب چیزوں کے نام بتا دیئے۔ ۱۲ ۵ لوگوں (کی بناوٹ) اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ اُن کو دنیا کی مرغوب چیزوں یعنی (مثلاً) بی بیوں اور بیٹوں اور سونے چاندی کے بڑے بڑے ڈھیروں اور عمدہ عمدہ گھوڑوں اور مویشیوں اور کھیتی کے ساتھ دل بستگی سہل معلوم ہوتی ہے (حالاں کہ یہ تو) دنیا کی زندگی کے چند روزہ فائدے ہیں (اور ہمیشہ کا) اچھا ٹھکانا تو اللہ کے ہاں ہے۔ ۱۲

۵ (اے پیغمبر ان لوگوں سے) پوچھو کہ اللہ نے جو زینت (کے ساز و سامان) اور کھانے (پینے) کی ستھری چیزیں اپنے بندوں کے لیئے پیدا کی ہیں (اُن کو) کس نے حرام کیا ہے (یہ تو اس کا کیا جواب دیں گے تم ہی ان کو) سمجھا دو کہ جو لوگ دنیا کی زندگی میں ایمان لائے ہیں قیامت کے دن یہ نعمتیں (خاص کر اُن ہی کو دی جائیں گی) اس طرح ہم (اپنے) کلام اُن لوگوں کے لیئے جو سمجھ رکھتے ہیں تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ ۱۲

کی ہستی زبانِ حال سے پکار رہی ہو کہ وہ کس لیئے پیدا کیا گیا ہو۔ وہ پیدا کیا گیا ہو زندگی سے متمتع ہونے کے لیئے۔ مگر تمتع موقوف ہو تدبیر پر اور تدبیر موقوف ہو علم پر۔ تو نتیجہ کیا نکلا کہ آدمی پیدا کیا گیا ہو کائنات کا علم حاصل کرنے کے لیئے۔ اگر آدمی کائنات کے حال سے بے خبر ہو تو وہ موجوداتِ عالم سے اپنی خدمت کیا لے اور سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ کا ثبوت کیا دے اور زندگی سے متمتع کیا ہو اور رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا کی تصدیق کیا کرے۔ آدمی جو کائنات کے حال سے بے خبر ہو وہ نہ صرف اپنے تئیں وجود معطل بناتا ہی بلکہ حکمتِ الٰہی کا ابطال کرتا ہی جو دوسرے لفظوں میں کفر ہی اور کفر نہیں تو کفرانِ نعمت ہونے میں تو کچھ بھی شک نہیں۔ کیوں کہ جو چیز بھی دنیا میں ہی ہمارے لیئے ہی اور ہماری حق میں نعمت ہی اور خدا ان ہی چیزوں کی ہم پر منت رکھتا ہی اور منت نہیں رکھی جاتی مگر نعمت کی فرماتے ہیں اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ اور اس طرح کی قرآن میں سینکڑوں آیتیں ہیں۔ وہ تو نعمت ہو کہ مطلق علم شرطِ زندگی ہی۔ جیسا کہ میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی کہہ چکا ہوں ہم دیکھتے ہیں اور دیکھنا بھی ایک طرح کا علم ہی سنتے ہیں اور سننا بھی ایک طرح کا علم ہی سونگھتے ہیں اور سونگھنا بھی ایک طرح کا علم ہی۔

---

۵ جو کچھ آسمانوں میں ہو اور جو کچھ زمین میں ہو اُسی نے (اپنے کرم سے) ان سب کو تمھارے کام میں لگا رکھا ہو ۱۲ ۵ اسی نے تمھارے پروردگار تو نے اس (کارخانۂ عالم) کو بے فائدہ (تو) نہیں بنایا ۱۲ ۵ اسی طرح (ایسا قادر مطلق) ہو جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا پھر پانی کے ذریعے سے (درختوں کے) پھل نکالے کہ وہ تم لوگوں کی روزی ہو (کشتیوں کو تمھارے اختیار میں کر دیا تاکہ اس کے حکم سے دریا میں چلیں اور (نیز) ندیوں کو تمھارے اختیار میں کر دیا اور (اسی طرح ایک اعتبار سے) سورج اور چاند کو تمھارے اختیار میں کر دیا کہ دونوں پڑے چکر کھا رہے ہیں اور (ایسا ہی ایک دوسرے اعتبار سے) رات اور دن کو تمھارے اختیار میں کر دیا اور جو کچھ تم کو درکار تھا بقدرِ مناسب سب تم کو دیا اور اگر خدا کی نعمتوں کو گننا چاہو تو اُن کو پورا پورا گن نہ سکو کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا ہی بے انصاف (اور) بڑا ہی ناشکرا ہو ۱۲

چکھتے ہیں اور چکھنا بھی ایک طرح کا علم ہے چھوتے ہیں اور چھونا بھی ایک طرح کا علم ہے۔ کھانا پینا پہننا مکانوں میں رہنا۔ ہر ایک چیز کے لیے ایک علم نہیں کئی کئی علم درکار ہیں۔ اصل میں تو علم کا مفہوم اس قدر عام ہے کہ دنیا کی ہر ایک چیز سے اُس کا تعلق ہے۔ یعنی علم کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ دنیا و مافیہا اور آخرۃ سب کچھ اس میں سما سکتا ہے۔ مگر ہم نے سمندر کو قطرہ بیابان کو ذرہ بنا رکھا ہے۔ سلسلۂ سخن ذرا ٹوٹ سا چلا ہے لاؤ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا کی تشریح کو پورا کرلیں۔ خدا کے سکھانے کے معنی میں کہہ چکا ہوں کہ آدمی کو سیکھنے اور جاننے کی صلاحیت کا دینا یہی خدا کا سکھانا ہے ورنہ سوچو تو آدمی خود اپنا معلم ہے کہ آدمی جو کچھ بھی سیکھتا ہے خود اُس کی ضرورتیں اُس کو سکھاتی ہیں۔ انگریزی کی ایک مثل ہے نیسسٹی ازدی مدر آف انونشن "ضرورت مادر ایجاد است"۔ اس کے یہی معنی ہیں کہ ضرورت آدمی سے ایجاد کراتی ہے۔ اور ایجاد کرنا سکھاتی ہے۔ دونوں کا ایک ہی مطلب ہے۔ خدا کے سکھانے کی توجیہ جو میں نے عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا کی تشریح میں کی۔ اس طرح کی توجیہات قرآن کی بہت سی آیتوں میں کرنی پڑتی ہیں۔ اور ان توجیہات سے قرآن کی اعلیٰ درجے کی بلاغت ظاہر ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر میں قرآن کی ایک اور آیت لیتا ہوں وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى۔ شَهِدْنَآ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ۔ اس آیت میں عہد الست کا مذکور ہے جس کا قصہ مشہور ہے کہ خدا نے روز ازل میں تمام بنی آدم کی روحوں کو جمع کرکے پوچھا کہ کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ہوں جواب میں سب نے اپنی عبودیت اور خدا کی ربوبیت

لہ اور (اے پیغمبر ان لوگوں کو وہ وقت بھی یاد دلاؤ) جب تمھارے پروردگار نے بنی آدم سے یعنی اُن کی پیٹھوں سے اُن کی نسلوں کو باہر نکالا اور اُن کے مقابلے میں خود ان ہی کو گواہ بنایا (اس طرح پر کہ ان سے پوچھا) کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ہوں؟ سب نے جواب میں ہم (اس بات کے) گواہ بنے (اور یہ اس غرض سے کیا کہ ایسا نہ ہو) کبھی قیامت کے دن تم کہنے لگو کہ ہم تو اس بات سے بے خبر ہی رہے (یعنی کسی نے ہم کو جتایا بتایا نہیں یا کہنے لگو کہ شرک تو ابتدا میں ہمارے بڑوں ہی نے کیا اور ہم اُن ہی کی اولاد تھے (کہ) اُن کے بعد (دنیا میں آئے جیسا بڑوں کو کرتے دیکھا ہم بھی ویسا ہی کرنے لگے) تو (اے خدا) کیا تو ہم کو اُن لوگوں کے جرم کی پاداش میں ہلاک کیے دیتا ہے جنھوں نے (پہلے غلطی کی اور

کا اقرار کیا۔ تو یہاں بھی خدا نے انسانی فطرت کو سوال و جواب کے پیرایہ میں بیان فرمایا ہو اور مراد یہی ہو کہ انسان کی فطرت ہی اس طرح کی واقع ہوئی ہو کہ وہ منکرِ خدا ہو ہی نہیں سکتا کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُّوْلَدُ عَلٰی فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ فَاَبَوَاهُ یُهَوِّدَانِهٖ اَوْ یُنَصِّرَانِهٖ اَوْ یُمَجِّسَانِهٖ۔ اور جن کو مشرک اور بت پرست سمجھا جاتا ہو وہ بھی منکرِ خدا نہیں ہیں بلکہ خدا کے مصداق میں غلطی کرتے ہیں کہ کسی فرشتے یا پیغمبر یا کسی بزرگ یا اجرامِ فلکی میں سے آفتاب یا عناصر میں سے کسی عنصر کو خدا مانتے ہیں عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا۔ میں عَلَّمَ کی تشریح بقدرِ ضرورت نہیں تو بقدرِ وسعت تو ہو چکی۔ اب لو لفظ اٰدَمَ تو آدم سے ابوالبشر آدم علیہ السلام مراد ہیں اور اُن کے ضمن میں اُن کی نسل تمام بنی آدم داخل عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا میں تیسرا لفظ اَلْاَسْمَآءَ ہو جس کی تشریح ذرا مشکل ہو۔ اسماء کے معنی ہیں نام تو کیا عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا کے یہ معنی ہیں کہ خدا نے آدم علیہ السلام کو ساری بولیاں سکھا دی تھیں جو دنیا میں کبھی بولی گئیں یا اب بولی جاتی ہیں یا آئندہ بولی جائیں گی۔ اور بولیوں کا حال یہ ہو کہ دو ہزار سے زیادہ ہی زیادہ تو دنیا میں اب بقدرِ معلوم بولی جا رہی ہیں اور کتنی متروک الاستعمال ہو گئیں اور خدا جانے کتنی آئندہ پیدا ہوں گی۔ علاوہ بریں دنیا کی کسی چیز کسی حالت کو ثبات و قیام تو ہو نہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ لوگوں کے باہمی میل جول سے بولیوں میں تغیر ہوتا رہتا ہو اور اس ایجاد و اختراع کے زمانے میں خصوصاً نئی نئی چیزوں کے لیے نئے نئے نام گھڑنے پڑتے ہیں زبانوں کی کثرت اور اُن کے تغیرات کا تو یہ حال ہو اور خدا فرماتا ہو عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا تو ضرور ہوا کہ آیت کی کوئی ایسی توجیہ کی جائے کہ قرینِ قیاس اور قریب الفہم ہو۔ اور وہ توجیہ یہی ہو سکتی ہو کہ تمام زبانوں پر عبور کرا دینے کے یہ معنی ہیں کہ آدمی کو خدا نے زبان کے وضع کرنے کی قدرت دی ہو اور قدرت کا دینا ہی سکھا دینا ہو۔ پھر ایک نکتہ لفظِ اسماء میں فہمِ عوام سے بالاتر اور ہو کہ آدمی کسی چیز کی حقیقت اور ماہیت کو نہیں جان سکتا۔ وہ جو کچھ جانتا ہو اور جان سکتا ہو چیزوں کے خواص ہیں۔ اَعراض ہیں۔ لوازم ہیں جیسے نام کہ نام بھی مسمّیٰ کی

۱؎ ہر بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہو پھر اُس کے ماں باپ اُسے یا تو یہودی کر دیتے ہیں یا نصرانی یا مجوسی ۱۲

حقیقت پر دلالت نہیں کرتا بلکہ وہ ایک لفظ ہی جو وضعاً مسمّٰی کے ساتھ خاص کر دیا گیا ہی۔ پھر خواص الاشیا کے سکھا دینے کا بھی وہی مطلب ہی کہ آدمی کو خدا نے چیزوں کے خواص۔ چیزوں کے اعراض۔ چیزوں کے لوازم جاننے اور معلوم کرنے کی صلاحیت دی ہی۔ یہی اُن کا سکھا دینا ہی۔ یہ صفت ہم نے خاص کلام الٰہی ہی میں دیکھی ہی کہ جتنا غور کرو بات میں سے بات نکلتی چلی آتی ہی۔ اب یہی عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا دیکھنے میں ایک مختصر سا جملہ ہی لیکن سوچنے سے معلوم ہوتا ہی کہ دریا کوزے میں بند ہی یا جملہ ایک دفتر کا اجمال ہی۔ انسان کی حدِ منطقی عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا سے بہتر ہو ہی نہیں سکتی۔ فلسفی اَلْاِنْسَانُ مَاهُوَ کے جواب میں آدمی کے ظاہر حال پر نظر کر کے کہتا ہی جِسْمٌ[1] نَامٍ مُتَحَرِّكٌ بِالْاِرَادَةِ بَادِیُ الْبَشَرَةِ حَسَّاسٌ عَرِیضُ الْاَظْفَارِ مُسْتَقِیمُ الْقَامَةِ۔ لیکن کیا ممکن نہیں کہ انسان کے سوائے خشکی یا تری میں کسی پہاڑ کی چوٹی پر یا کسی جزیرے میں کوئی اور جانور ایسا ہو جس میں یہ سب باتیں پائی جائیں ایسا استقرارِ تام کس نے کیا اور کون کر سکتا ہی کہ خشکی اور تری کا کوئی جاندار اُس کی نظر سے نہ بچا ہو۔ حالاں کہ خدائے تعالیٰ جو جہاں کا پیدا کرنے والا ہی وَهُوَ اَصْدَقُ الْقَآئِلِیْنَ[2] اپنے کلام میں فرماتا ہی وَیَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ[3] پس فلسفی نے جو انسان کی تعریف کی تھی مانع نہیں رہی۔ پھر فلسفی نے دوسرا پہلو بدلا اور اَلْاِنْسَانُ مَاهُوَ کے جواب میں کہا حَیَوَانٌ نَاطِقٌ اِس پر بھی اعتراض وارد ہوا کہ حیوان تو حیوان یعنی زندہ یہ ناطق کیا چیز ہی۔ فلسفی نے کہا متکلم جو بولے۔ معترض نے کہا کہ سب جانور بولتے ہیں یہ دوسری بات ہی کہ تم انسان کے بولنے کو نطق سے تعبیر کرتے ہو اور دوسرے جانوروں کی بولیوں کے تم نے دوسرے نام رکھ چھوڑے ہیں جیسے زئیر الاسد۔ خوار الثور۔ عواء الکلب۔ نہیق الحمار۔ نعیق الغراب صہیل الفرس اِس پر فلسفی نے کہا کہ ناطق کے معنی ہیں مُدْرِکُ الْکُلِّیَاتِ وَالْاُمُوْرِ الْغَیْبِیَّاتِ اِس پر بھی معترض نے فلسفی کو آڑے ہاتھوں لیا کہ دوسرے جانداروں میں ادراک کا فقدان ثابت کرو۔ حالاں کہ جانور ولی

---

[1] بڑھنے والا جسم۔ ارادے کے ساتھ حرکت کرنے والا ظاہر الجلد۔ مدرک۔ چوڑے ناخن والا سیدھے قد والا ۱۲ اور وہ سب سچ کہنے والوں سے ہے ۱۳ کہنے والا ہو ۱۴ اور وہی اور بہت چیزیں پیدا کرتا ہی جن کو تم نہیں جانتے ۱۲

کی حرکات و سکنات سے ثابت ہوتا ہے کہ جس صنف کو جتنے ادراک کی ضرورت ہے وہ اُسے حاصل ہے۔ فَبُهِتَ الَّذِیْ کَفَرَ یہ تو فلسفیوں کے حدود کا حال ہے کہ تین طرح پر انسان کی حد بیان کی اور تینوں ناقص اب اُس حد کو دیکھو جو خدا نے اپنے کلام پاک میں کی ہے مختصر اور اُس پر جامع و مانع۔ وہ حد کیا ہے اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً یعنی اَلْاِنْسَانُ مَا هُوَ کا جواب ہے ایک لفظ خلیفہ۔ اب لکچر عالمانہ رنگ پکڑتا جاتا ہے تو جو کچھ اور بستا کچھ میں نے اب تک کہا اُس کو تمہید سمجھو۔ لکچر کا موضوع لہ اتنی ہی بات ہے کہ خدا نے انسان کو ایک خاص طرح کا مخلوق پیدا کیا۔ ظاہر حال کے اعتبار سے محض بے سروسامان اور عقل کے اعتبار سے ایسا با سروسامان کہ کسی مخلوق کو اُس کا عُشرِ عشیر بھی نصیب نہیں۔ هُوَ الَّذِیْ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ انسان کی ابتدائی حالت کو اُس کی موجودہ حالت کے ساتھ مقابلہ کر کے دیکھو کہ اُس نے ایک عقل کے زور سے صرف ضرورت کے لیئے نہیں بلکہ آسایش اور تکلفاتِ آرایش کے لیئے کتنا کچھ سامان جمع کر لیا ہے اور اس پر بھی قانع نہیں۔ وہ رات دن تکلفات کو نہ صرف ضرورتوں میں بلکہ اشد ضرورتوں میں داخل کرنے کے درپے ہے ؎

حرص قانع نیست صائب ورنہ اسباب جہاں	آنچہ من در کار دارم بیشتر در کار نیست

شاعر اسباب جہان کے جمع کرنے کو حرص سے تعبیر کرتا ہے جو دائم اخلاق میں سے ہے۔ اور ایک یہ شاعر کیا کہتا ہے۔ ہمارے مذہبی پیشواؤں میں سے بھی ایک بڑا گروہ زہد کی تعلیم فرماتا ہے۔ ایک طرف تو یہ لوگ ہیں جو دنیا سے نفرت کرنا سکھاتے ہیں اور دوسری طرف خدا ہے جس نے آدمی کے لیئے دنیا میں عیش و عشرت کے سامان مہیا کیئے اور آدمی کو اُن سے متمتع ہونے کی اجازت ہی نہیں بلکہ حکم دیا کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اور قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْۤ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ

---

۵۱ تو حیران رہ گیا فلسفی ۱۲ ۵۲ میں زمین میں (اپنا ایک) نائب بنانے والا ہوں ۱۲۔ ۵۳ اور (لوگو!) اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اور اُس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں (دین) اور دل (دیئے) تاکہ تم (اُس کا) شکر کرو ۱۲ ۵۴ اس آیت کا ترجمہ اسی لکچر میں اوپر آچکا ہے ۱۲

اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا خَالِصَۃً یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ کَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ علاوہ بریں ہم دیکھتے ہیں کہ ضرورت تو ضرورت خدا تعالیٰ قرآن میں عیش و عشرت کے سامان کی بھی ہم بنی آدم پر منت رکھتا ہے جیسے مثلاً میوہ جات کی وَھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّکُمْ مِّنْہُ شَرَابٌ وَّمِنْہُ شَجَرٌ فِیْہِ تُسِیْمُوْنَ یُنْۢبِتُ لَکُمْ بِہِ الزَّرْعَ وَالزَّیْتُوْنَ وَالنَّخِیْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ۔ وَھُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَیْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُکُلُہٗ وَالزَّیْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِہًا وَّغَیْرَ مُتَشَابِہٍ کُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّہٗ یَوْمَ حَصَادِہٖ وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۝ اور اَنْعَامَ لذیذہ کی وَالْاَنْعَامَ خَلَقَھَا لَکُمْ فِیْھَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْھَا تَاْکُلُوْنَ اور وَھُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْکُلُوْا مِنْہُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْہُ حِلْیَۃً تَلْبَسُوْنَھَا وَتَرَی الْفُلْکَ مَوَاخِرَ فِیْہِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِہٖ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ۝

---

۵۱ اور وہی (قادر مطلق) ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جس میں سے کچھ تمھارے پینے کا ہے (اور کچھ ایسا ہے کہ) اُس سے درخت (پرورش پاتے) ہیں جنھیں تم (اپنے مویشیوں کو) چراتے ہو اسی پانی سے خدا تمھارے لیے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر طرح کے پھل پیدا کرتا ہے جو لوگ سوچ سمجھ کو کام میں لاتے ہیں اُن کے لیے اس میں (قدرتِ) خدا کی (ایک بڑی) نشانی ہے ۱۲ ۵۲ اور وہی (قادر مطلق) ہے جس نے باغ پیدا کیے (بعض تو ٹٹیوں پر) چڑھائے ہوئے (جیسے انگور کی بیلیں) اور (بعض) نہیں چڑھائے ہوئے اور کھجور کے درخت اور کھیتی جن کے پھل مختلف (قسموں کے) ہوتے ہیں اور زیتون اور انار کہ (بعض تو صورت شکل مزے میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے (ہیں) اور (بعض) نہیں (بھی) ملتے جلتے (دیکھو!) یہ سب چیزیں جب پھلیں اُن کے پھل (بے تامل) کھاؤ اور (ان نعمتوں کے شکریے میں) ان کے کاٹنے (اور توڑنے) کے دن حق اللہ (یعنی زکوٰۃ اُس میں سے) دے دیا کرو اور فضول خرچی نہ کرو کیونکہ فضول خرچی کرنے والوں کو خدا پسند نہیں کرتا ۱۲ ۵۳ اور اُسی نے چارپایوں کو پیدا کیا جن (کی کھال اور اون) تم لوگوں کی جڑاؤ[۵۴] ہوا اور اور بھی بہت طرح کے فائدے ہیں اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے (بھی) ہو ۱۲ ۵۴ اور وہی (قادر مطلق) ہے جس نے (ایک اعتبار سے) دریا کو (تمھارا) مطیع کر دیا ہے تاکہ اُس میں سے تم (مچھلیاں نکال کر اُن کا تازہ) گوشت کھاؤ اور (نیز) اُس میں سے زیور (کی چیزیں یعنی جواہرات) نکالو جن کو تم لوگ پہنتے ہو اور (اے مخاطب) تو کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ (پانی کو) پھاڑتی ہوئی دریا میں چلی جا رہی ہیں اور دریا کو اس لیے بھی تمھارا مطیع کیا ہے تاکہ تم لوگ خدا کا فضل (یعنی تجارت کے فائدے) تلاش کرو اور (تاکہ آخر کار ان سب منفعتوں پر نظر کر کے خدا کا) شکر کرو ۱۲

---

۵۴ جاڑے کے ساتھ ۔ وجڑاؤ ل ہے ہیں ۱۲

لباس فاخرہ کی یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا زیور کی وَلْیَتَّخِذْ جُوْا مِنْهُ حُلِیَّةً تَلْبَسُوْنَهَا۔ غرض ہر طرح کے ساز و سامان کی اور منافع زندگی کی ظاہر ہو کہ منت رکھی جاتی ہو نعمت کی اور نعمت تب ہی نعمت ہو سکتی ہو کہ ہم اُس سے متمتع ہوں۔ اور زہد ہوا تو کیسا تمتع اور کیسی نعمت اور کیسی منت اور کیسا شکر۔ یعنی زہد ہم کو شکرِ نعمت نہیں کرنے دیتا کہ وہ افضل العبادات ہو۔ ان دو متضاد باتوں میں کہ ایک طرف تو ہم سے شکرِ نعمت طلب کیا جاتا ہو یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ وَاشْکُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اور دوسری طرف تعلیم زہد سے ہم کو شکر کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا ۵

	درمیانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہ		باز میگوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

ان دو متضاد باتوں میں وجہ توفیق پیدا کرنا کام تو اُن کا ہو جو بڑے شد و مد کے ساتھ زہد کی تعلیم فرماتے ہیں مگر اپنے فہم ناقص کی قدر وجہ توفیق میں عرض کرتا ہوں کہ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا میں جو لَا تُسْرِفُوْا ہو اسی قدر زہد مشروع ہو فَادْفَعِ الْاِخْتِلَافَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ۔ یعنی خدا کی نعمتوں سے فائدے اُٹھاؤ مگر اسراف سے بچو۔ کیوں کہ اسراف سے نعمت کی بے قدری پائی جاتی ہو اور نعمت کی بے قدری کا ضروری نتیجہ ہو ناشکری اِنْ تَکْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنْکُمْ وَلَا یَرْضٰی لِعِبَادِهِ الْکُفْرَ وَاِنْ تَشْکُرُوْا یَرْضَهُ لَکُمْ۔ مسلمانوں کے اصلی تنزل کا سبب یہی زہد نامشروع فی طلب الدنیا ہو۔ اچھا تو یہ زہد نامشروع فی طلب الدنیا ان کی طبیعتوں میں کہاں سے آیا خدا نے تو قرآن میں ایسے زہد کا حکم دیا نہیں۔ ہاں آیا ان کی غفلت

۵ اے بنی آدم ہم نے تمہارے لیے (ایسا) لباس اُتارا ہو جو تمہارے پردے کی چیزوں کو چھپائے اور موجب زینت (بھی) ہو۔ ۱۲

۵ مسلمانو ہم نے جو تم کو رزق طیب دے رکھا ہو اُس کو بے تامل کھاؤ اور اگر تم اللہ ہی کی بندگی کا دم بھرتے ہو تو اس کا شکر (بھی) کرو ۱۲ ۵ کھاؤ اور پیو اور فضول خرچیاں نہ کیا کرو ۱۲ ۵ تو اختلاف اُٹھ گیا اور خدا کا شکر ہو جس نے ہم کو اس کا رستہ دکھایا اور خدا ہم کو ہدایت نہ کرتا تو ہم رستہ (ڈھونڈے) نہ پاتے ۱۲ ۵ اگر تم (خدا کی) ناشکری کرو تو اللہ تم سے بے نیاز (مطلق) ہو اور اپنے بندوں کے لیے ناشکری کو پسند نہیں کرتا اور اگر تم اُس کا شکر کرو تو وہ تمہاری اس ادا کو پسند کرتا ہو۔ ۱۲

اور کاہلی سے۔ اور اونگتے کو ٹھیلتے کا بہانہ توکل اور تقدیر اور زہد کی غلط فہمی سے اور یہ ہے خیال میں وہ لاکھوں میں خدا والا زہد تو نہیں باقی زہد کسی قسم کا ہو۔ ترکِ حیوانات ہو۔ ترکِ عمرانات ہو۔ تشدد ہو خدا کی مرضی کے صریح خلاف ہے۔ لیکن غفلت اور کاہلی مسلمانوں کی طبیعت ہو گئی ہے اور مذہبی غلط فہمیوں کے زنگ کا بڑا عن کا بڑ اور خَلَفٌ بَعْدَ سَلَفٍ ان کے دلوں پر بیٹھے ہوئے ہیں بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ خدا نے ان کو ترقی کا سبق پڑھایا وہی وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا اور یہ اُس کو قصداً عمداً ارادۃً بھلا بیٹھے۔ حالاں کہ خود ان کی فطرت ہمہ وقت ان کو وہ سبق یاد دلاتی رہتی ہے فَاَ فِي الْاَرْضِ اٰيَاتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ مگر

نسیمِ غفلت کی چل رہی ہے اُمنڈ رہی ہیں بلا کی نیندیں	
کچھ ایسا سوئے ہیں سونے والے کہ جاگنا حشر تک قسم ہے	

ہم سب نے کچھ ایسا بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھ لیا ہے کہ اگلوں کی پس خوردہ خواری کرتے ہیں وہ بھی ٹھکروں اور ٹکڑوں سے۔ یعنی کھیتی سے پیدا کیا ہوا اناج کھاتے۔ کپڑے پہنتے مکانوں میں رہتے آرام و آسایش کے ساتھ زندگی بسر کرتے۔ اور یہ سب کچھ اگلوں کے طفیل کہ وہ یہ سب طریقے ایجاد کر مرے تھے جن سے ہم فائدے اٹھا رہے ہیں ورنہ ہم نے تو اپنی ذات سے نہ کچھ کیا اور نہ کچھ کرنا خدا نے تو ہم کو ایسی عقل دی تھی کہ ہم اپنے تئیں آپ سکھاتے اور اپنے سے آپ سیکھتے۔ مگر خیر سب کے ذہن تو ایسے رسا نہیں ہوتے۔ کہ جو چاہے اور جب چاہے کوئی نئی بات پیدا کر لیا کرے۔ خصوصاً اس زمانے میں کہ دنیا اہلِ یورپ اور اہلِ امریکہ اور ثالثۃ الاثافی جاپان کی بدولت معراج الکمال ترقی پر پہونچ گئی ہے مگر اس سے یہ نہ سمجھنا کہ انسان مدارجِ کمال کی جو اس کے لیے مقدر ہیں تکمیل کر چکا نہیں ۵

۵۱ بلکہ (بات یہ ہے کہ) ان کے دلوں پر ان (ہی) کے اعمال (بد) کے زنگ بیٹھ گئے ہیں۔ ۱۲ ۵۲ اور لوگو! یقین لانے والوں کے لیے زمین میں (قدرتِ خدا کی بہتیری ہی) نشانیاں ہیں اور خود تم میں بھی (تو کیا تم کو سوجھ نہیں پڑتا۔ ۱۲

۵۳ ثالثۃ الاثافی (ع) تیسرا چولھا (یعنی) تیسرا درجہ کا ملک جو ترقی میں پہلے دو کے بعد ہے۔ ۱۲

ایں کہ دیدی مراتب جزوی ست		کارِ کُلّی ہنوز در قدرست	

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔ خدا کے سوا کسی کو معلوم نہیں کہ انسان ایجادات۔ اختراعات۔ انکشافات میں کہاں تک ترقی کر سکتا ہو اور کہاں تک ترقی کرے گا اب بھی اہلِ یورپ کا کیا حال ہو **قطعہ**

کوئی روز شاید کہ جاتا ہو خالی		کہ یورپ کے لوگوں کے اذہانِ عالی	
نہ کرتے ہوں اک تازہ ایجاد کوئی		ہو تم میں بھی اے قوم ناشاد کوئی	

مگر یہ کب ہوتا ہو کہ قوم کی قوم۔ مُلک کا مُلک ایجاد و اختراع کی دُھن میں لگا ہوتا ہو خدا کسی کے ذہن میں برکت دیتا ہو اور اُس کو کوئی کام کی بات سُوجھ جاتی ہو ؎

حکمتِ محض ست اگر لطفِ جہاں آفریں		خاص کند بندہ مصلحتِ عام را	

خیر میں اُسی بات کا پھر اعادہ کرتا ہوں جو ابھی کہہ چکا ہوں کہ خدا نے تو ہم کو انسان ہونے کی حیثیت سے ایسی عقل دی تھی کہ اپنے تئیں آپ سکھاتے اور اپنے سے آپ سیکھتے مگر سب کے ذہن تو ایسے رسا نہیں ہوتے تو آدمی آدمی سے سیکھتا خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہو۔ ہم میں غضب یہ ہو جس نے آیندہ کی امیدوں کو خاک میں مِلا رکھا ہو کہ ایجاد تو ایجاد نقل و تقلید تک کا بھی سلیقہ نہیں۔ ورنہ ہمارے ہندوستان میں کاہے کی کمی ہو بلکہ سچ پوچھو تو یورپ کے مقابلے میں کیا باعتبارِ آب و ہوا کیا باعتبار بحور و انہار کیا باعتبارِ پیداوارِ اراضی۔ کیا باعتبارِ اقسامِ حیوانات۔ کیا باعتبارِ معادن۔ ہندوستان کو جنت نشان کہنے میں رتّی بھر مبالغہ نہیں۔ آلات۔ اَدوات۔ مشینیں یہ کلیں تو لائیں یورپ سے آمریکہ سے۔ جاپان سے اور اُن سے کام لیں ہندوستان میں۔ پھر دیکھیں کون سا ملک تمول اور خوش حالی میں ہندوستان سے برسرآتا ہو۔ مگر یورپ اور امریکہ اور جاپان جانا اُن کی شاگردی میں کام سیکھنا۔ کلیں خریدنا۔ پھر ہندوستان میں لاکر اُن سے کام لینا اس طولِ عمل کو چاہیئے عقلِ سلیم۔ شوق۔ ہمّت۔ دولت۔ اتفاق۔ سات سہاگنوں کا ہاتھ لگے تو لاڈو کا اُبٹنا پیسے نہ تو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی۔ مگر ہاں جن لوگوں کو خدا نے ایجاد و اختراع کا مادّہ دیا ہو۔ یعنی وہی اہلِ یورپ کہ وہ

اِس فن میں اُستاد الکل ہیں اِن ہی لوگوں نے ایک نسخہ بیک کرشمہ ایجاد کیا ہی۔ وہ کیا ہی تعلیم

زمیں فی المثل اِک خدا ساز گھر ہی
مزیّن ہی۔ آراستہ۔ سربسر ہی

ضرورت کے کُل ساز و ساماں ہیں اِس میں
ہم اُترے ہوئے مثل مہماں ہیں اِس میں

بجز اپنے کس کی شکایت کریں ہم
خدا میزباں اور بھوکوں مریں ہم

بہم اُس نے الوانِ نعمت کیے ہیں
یہاں بدنصیبی نے مُنہ سی دیئے ہیں

اُدھر سے کلوا واشربوا کی صلا ہی
مگر اپنی قسمت میں فاقہ لکھا ہی

کچھ اِس طرح کے ہضم بگڑے ہوئے ہیں
کہ فاقے نہیں ہیں تو تخمے ہوئے ہیں

خُدا جو نقائص سے پاک اور بری ہی
ہر اِک کام میں اُس کے دانش وری ہی

وہ چیزیں ہیں جن کی ہی سخت حاجت
مہیّا و موجود ہیں بے مشقّت

ہوا سانس لینے کو پینے کو پانی
مگر ہم نے کچھ قدر اِن کی نہ جانی

تجمّل تکلّف کے اسباب سارے
کسی کو نہیں ملتے بے مُونہ پسارے

میز میز اقسام کھانے لگائے
اجازت ہوئی۔ جس کو جو بھائے کھائے

اگر کوئی ہی دال دلیے پہ قانع
وہ جانے۔ نہیں میزباں اُس کا مانع

مگر اُس نے نعمت کو نعمت نہ جانا
نہ منّت اُٹھائی نہ احسان مانا

رہا مبتذل اور وقار اپنا کھویا
غرض اُس نے نام خلافت ڈبویا

نہ کچھ انتہا پائی عقل رسا نے
خدا ہی خود اپنے خزانوں کو جانے

مگر آدمی زاد تعلیم پاکر
پونہچتا ہی اُن تک سُرنگیں لگاکر

تو وہ زندگی میں مزے کر رہا ہی
زمانے کو جو وہ کہے کر رہا ہی

سلیماں ہی اور ہوا اُس کے بس میں
عناصر کے جنّات اُس کے قفس میں

وہ خاصیتِ عرض و جوہر سے واقف
ہی فی الجملہ اسرارِ نیچر سے واقف

تعلیم ایک پھولتا پھلتا درخت ہے جو ہر مقام میں جگہ پکڑ سکتا ہے اس کی پودہ ہندوستان میں بھی ہے اور قدیم الایام سے ہے۔ مگر اس کا بیج بگڑا ہوا ہے۔ اس کا سب سے بہتر بیج یورپ میں ہے وہی بیج یہاں لاکر بویا جائے تو ملک کے سارے درد دور ہو جائیں۔ تعلیم کے مسئلے پر سالہا سال سے غور کیا جا رہا ہے اور ہم مسلمانوں میں تو تعلیم پر غور کرنے اور مسلمانوں کو تعلیم مفید کی صلاح دینے کے لیے ایک خاص **کانفرنس** قایم ہے۔ اور ہر برس بڑے دن کی چھٹیوں میں بڑی دھوم سے اس کے اجلاس ہوتے ہیں۔ تعلیم کا بڑا بوجھ بجھکڑ پریسیڈنٹ بنایا جاتا ہے۔ سرگرمی کے ساتھ رد و قدح ہو کر رزولیوشن پاس ہوتے ہیں یعنی ہر سال تعلیم کے دستور العمل میں چند دفعات کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ پریسیڈنٹ کی اسپیچ کانفرنس کی جان ہوتی ہے۔ سولہ سترہ برس سے کانفرنس کا قیام ہے۔ اس اثنار میں بڑے سے بڑے لایق پریسیڈنٹ زیب دہ کرسی صدارت ہوئے اور انھوں نے ایک سے ایک بڑھ کر دھواں دار سپیچیں دیں مگر پارسال لکھنؤ کا کانفرنس سب پر سبقت لے گیا۔ کہ آنریبل **مارلین** پریسیڈنٹ تھے ان کو پندرہ برس کامل پروفیسر اور آخر کار پرنسپل ہونے کی حیثیت سے علی گڈھ کالج کے ساتھ تعلق رہا ہے۔ یونیورسٹی بل کے لیے گورنمنٹ آف انڈیا نے ان کو اپنا مشیر بھی بنا لیا تھا۔ آدمی ہیں پرفکٹ جنٹلمین۔ ملنسار۔ خوش خلق اور مسلمانوں کے سچے خیر خواہ۔ ان سے بہتر تعلیم کے مالہ اور ماعلیہ اور مسلمانوں کی ضرورت کو کون جان سکتا ہے انھوں نے اپنی اوپننگ سپیچ میں تعلیم کا سچا سچا کچا چٹھا اوڈٹ کے روبرو پیش کر دیا اور اس سے سارے ابہام دور ہو کر تعلیم کا مضمون روز روشن کی طرح واضح ہو گیا۔ تعلیم کے اعتبار سے انھوں نے مسلمانوں کے تین طبقے قرار دیئے۔ اسفل۔ عوام الناس جو محنت مزدوری سے اپنا پیٹ پالتے ہیں۔ ان کے حال سے آنریبل مارلین نے اپنی سپیچ میں کچھ بحث نہیں کی۔ اور ان کی تعلیم بحث کے قابل تھی بھی نہیں۔ ان لوگوں کو پیٹ کے دھندوں سے اتنی فرصت نہیں ملتی کہ تعلیم کی طرف متوجہ ہوں مجبور ہو کر چھوٹے چھوٹے بچوں کو ہلکے ہلکے کاموں میں لگا لیتے ہیں۔ ان کے لئے اتنی ہی تعلیم بس کرتی ہے کہ موقع ملے تو اپنی زبان میں لوٹا پھوٹا لکھنا پڑھنا موٹا جھوٹا حساب سیکھ لیں۔ سو اتنی تعلیم کس شمار میں۔

دوسرا طبقہ متوسط الحال لوگوں کا ہے جو سرکاری نوکری وکالت۔ طبابت۔ انجنیری۔ تجارت وغیرہ کے معزز پیشوں سے معاش کمانا چاہتے ہیں۔

تیسرے اعلیٰ طبقے میں وہ لوگ ہیں جن کو معاش کے لیے علم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں جیسے امرا جن کو بزرگوں کی موروثی دولت مل گئی ہے۔

جس طرح آنریبل پریسیڈنٹ نے تعلیم کے اعتبار سے مسلمانوں کے تین طبقے قرار دیئے ہیں اسی طرح انھوں نے تعلیم کے بھی تین درجے ٹھیرائے۔

ادنیٰ درجہ۔ کالج سے فروتر۔ اسکولوں کی تعلیم طبقۂ اسفل کے لیے۔ تعلیم کا متوسط درجہ بی۔ اے جس کی نسبت انھوں نے فرمایا کہ متوسط الحال لوگ جو معزز پیشوں کے ذریعے سے معاش پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اُن کو انگریزی بی۔ اے کی ڈگری تک ضرور تعلیم پانی چاہیئے کہ اس سے کم میں کامیابی کا ہونا مشکل ہے۔ پھر انھوں نے مثال دے کر توضیح کے ساتھ سمجھایا کہ تجارت حرفت۔ صناعت سب اپنی اپنی جگہ معزز پیشے اور دولت کمانے کے عمدہ ذریعے ہیں اور مسلمان زیادہ تر دولت ہی کے محتاج ہیں۔ ان پیشوں میں بی اے کی انگریزی لیاقت سے کیوں کر کام لینا ہوگا۔

غرض آنریبل مارسین نے تعلیم کے تین حصے کیے۔ اول سکول کی تعلیم۔ دوم کالج کی تعلیم پھر کالج کی تعلیم کے دو حصے پہلا بی اے تک۔ دوسرا بی اے سے بالا جس کو انھوں نے یونیورسٹی کی تعلیم قرار دیا۔ چوں کہ انجمن کا اسلامیہ کالج بی اے تک محدود ہے۔ اور اسی کے سنبھالنے کے لالے پڑے ہیں۔ آنریبل مارسین کی درجہ بندی سے اسلامیہ کالج کے حق میں بڑا مفید نتیجہ نکلتا ہے۔ وہ یہ کہ سارے ہندوستان میں اس سرے سے اُس سرے تک مسلمانوں کے دو ہی کالج ہیں۔ اسلامیہ کالج اور علی گڑھ کالج۔ ہر چند علی گڑھ کالج میں ایم۔ اے کلاس ہے مگر اُس کے یونیورسٹی ہونے کو صبر ایوبؑ اور عمر نوحؑ چاہیئے۔ علی گڈھ کالج کی ابتدا مسٹر محمود سے ہوئی۔ اسی وقت سے اُن کا خیال اپنے والد **سید احمد خاں** کی امداد سے کالج کو آخر کار محمڈن یونیورسٹی بنانے کا تھا۔

مگر یونیورسٹی ہستی کی سرسوں تو نہ تھی۔ پہلے بہت چھوٹے پیمانے کا اسکول قایم ہوا۔ پھر اسکول سے ہائی سکول۔ پھر ہائی سکول سے کالج۔ کالج شباب پر پہونچنے پایا تھا کہ خدا نے سرسید کا سایہ اُس پر سے اُٹھا لیا۔ سرسید کے حواریوں کو اُن کی یونیورسٹی کی وصیت تو معلوم تھی ہی بتعمیلِ وصیت کے جوش میں آکر دس لاکھ سے یونیورسٹی بنانے کھڑے ہوئے کئی طرح کے جتن کرنے سے کئی برس میں اونٹ کے مُونہ میں زیرہ کچھ روپیہ بھی جمع ہوا۔ مگر کہیں اُوس سے بھی پیاس بجھی ہو۔ قدرِ قلیل جو بتفاریق آگیا۔ کالج کی ھَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ ضرورتوں میں کھپتا گیا۔ "ہر چیز کہ در کانِ نمک رفت نمک شد" اور یونیورسٹی ہنوز دلّی دور یہاں تک کہ آرنیبل مارلیسن کی اپیل نے یونیورسٹی کی طرف سے رہی سہی آس بھی توڑ دی اُنھوں نے فرمایا کہ یونیورسٹی کے لیے چاہئیں تمام فنون کی فیکلٹیاں اور یہاں کسی فیکلٹی کا ابھی نام و نشان بھی نہیں۔ ایک عربی کی فیکلٹی کے لیے تو سر ڈگس لاٹوش کی گورمنٹ نے کچھ سہارا دیا بھی ہو۔ اِس کے بعد سائنس کی ضروری فیکلٹی جو سب سے زیادہ گراں قیمت ہو۔ پھر تاریخ کی۔ پھر انجنیرنگ کی۔ پھر طبابت کی قانون کی۔ اک کی ڈھمک کی بھلا بے چارے مفلسا بیگ بھکڑ مسلمانوں کو گنج قارون کا پتہ معلوم ہو فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ کہ کھود کر نکال لائیں اور یونیورسٹی کی نذر کردیں۔

غرض نظر بحالتِ موجودہ محمڈن اورینٹل کالج دونوں ایک ہی درجے میں ہیں یعنی بی اے تک کے کالج۔ بے شک اسلامیہ کالج کو علی گڑھ کالج سے کسی بات میں کسی طرح کی مناسبت نہیں۔ نہ وتنی مرجیت۔ نہ ویسی مرجیت۔ نہ وتنے طالب العلم۔ نہ ویسے طالب العلم نہ وتنا اسٹاف نہ ویسا اسٹاف۔ نہ وتنی عمارت۔ نہ ویسی عمارت۔ نہ وتنے فنڈز۔ نہ وتنا گڑ نہ وتنی مٹھاس۔ مگر پھر بھی دونوں انسٹیٹیوشنوں میں محاسدہ نہ سہی ایک طرح کی رقابت تو ہو۔ اور بے چارہ اسلامیہ کالج تو اتنی ہی رقابت میں لپیا جاتا ہو۔ باہمی حاسدے کا نہ ہونا بھی میں اس سے کہتا ہوں کہ انجمن والوں میں سے کبھی کسی متنفس نے میری سماعت میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں کہا جس سے

لہ پھر ہم نے قارون اور اُس کے گھر والوں کو زمین میں دھنسا دیا۔

مجھ کو خیال ہوتا کہ علی گڈھ کالج کی ترقی سے جلتے ہیں اور علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کہ وہ علی گڑھ کالج کا آرگن ہے ہمیشہ انجمن کے ساتھ اپنے آرٹیکلوں میں ہمدردی ظاہر کرتا رہتا ہے۔ رہا میں مجھ کو دونوں انسٹیٹیوشنوں سے تعلق ہے اور میں اسی جگہ کسی سالانہ جلسے میں اعلان کر چکا ہوں کہ علی گڑھ کالج میری دائیں آنکھ ہے اور اسلامیہ کالج بائیں مجھ کو دونوں عزیز ہیں اور میں دونوں کی خیر مناتا ہوں۔ لیکن رقابت یا ہمچشمی کا محاسدہ ہو جانا کیا مشکل ہے مصرع

نامردی و مردی نہ ترا مے فاصلہ دارد

میں سچ کہتا ہوں کہ میں ہمیشہ ڈرتا رہتا ہوں کہ کہیں ان دو انسٹیٹیوشنوں میں محاسدہ قایم ہو کر نزلہ بر عضو ضعیف اسلامیہ کالج کی شامت نہ آجائے کہ اس کے پاس خالی خولی سلف ہلپ کی شیخی کے سوائے مستقل فنڈ نہیں۔ اور اسی وجہ سے ایک تو یونیورسٹی بل اس کے پیچھے پڑا ہے۔ دوسرے علی گڑھ کالج تمام اسلامی دنیا پر احاطہ کرنے کی تدبیریں کر رہا ہے۔ رنگون اور ایران تک تو اس کے نقیب پونچ ہی چکے ہیں۔ اور مصر پر چڑھائی کی تیاریاں ہو رہی ہیں اور وہ بھی ان شاء اللہ آخر کار ضرور فتح ہو کر رہے گا۔ کہ برٹش گورمنٹ کی مداخلت اس مہم کے لیے رستہ صاف کر چکی ہے ایسی صورت میں گو محاسدہ۔ منافسہ۔ رقابت۔ ہمسری۔ ہمچشمی کے خیالات نہ بھی ہوں تاہم اسلامیہ کالج کے حق میں مطلق علی گڑھ کالج ہونا "ہم چو برف ست و آفتاب تموز" ؎

عجب ست با وجودت کہ وجود من بماند		تو بگفتن اندر آئی و مرا سخن بماند	

کوڑہ میں کھاج اسلامیہ کالج کا بڑا حق پنجابیوں پر ہے۔ جیسا بھی ہو ان ہی کا کالج ہے یہی اس کے بانی یہی اس کے چلانے والے یہی اس کے ہمدرد دوست۔ یہی اس کے ہمدرد دستگیر

خود کردہ را خدا کند گر خود گلی کند زہ" با ایں ہمہ چند ایسے بھی ہیں جو شروع سے اس کو علی گڑھ کالج کے ہوتے مذیل اور ناممکن الثبات سمجھتے اور اسی لیے اس کی امداد میں مضایقہ کرتے ہیں۔ مرتے کو مارے شامدار۔ چند لوگوں کے اس خیال نے اسلامیہ کالج کی رفتار ترقی کو اور سست کر دیا ہے۔ لیکن واہ رے ناظرین اور واہ رے تیری صداقت اور واہ رے تیری

بے غرضانہ عام مسلمانوں کی خیرخواہی کہ باوجود علی گڑھ کالج کی مفرط محبت اور پندرہ برس کی رفاقت کے ہندوستان سے جاتے جاتے کم زور کالجوں کی کمر کیا بند ہوا چلا اُن کو ایک چارٹر دے چلا کہ بی۔ اے تک کی تعلیم دینے والے کالج جس کثرت سے بھی ہوں مسلمانوں کی ضرورت کے مقابلے میں کم ہیں۔ بڑھاؤ اِن کو جتنا بڑھا سکو۔ اب بھی کوئی کہہ سکے گا کہ اسلامیہ کالج فضول ہے اور علی گڑھ کالج کے ہوتے مسلمانانِ پنجاب کو اس کی ضرورت نہیں۔ میرے کہنے سے نہیں آنریبل مارلیسن کے فرمانے سے یقین کرو کہ اسلامیہ کالج فی حدِ ذاتہ فضول نہیں۔ اِس میں جو کچھ کمی کوتاہی ہے فنڈز کی ہے اور فنڈز کی کمی لوگوں کی بے توجہی اور ناقدردانی کی وجہ سے ہے۔ میں نے چاہا تھا کہ آنریبل مارلیسن کی سپیچ کا وہ حصہ جو بی اے سے متعلق ہے انگریزی میں پڑھ کر سناؤں مگر آڈینس کے بہت سے حضرات انگریزی نہیں سمجھیں گے۔ اور ایسے ہی صاحبوں سے مجھے عرض مطلب کرنا ہے اور ایسے ہی صاحبوں سے فنڈز کے بہم پہنچانے کی اُمیدیں ہیں۔ توقعات ہیں۔ تو میں ۱۰ جنوری ۱۹۰۵ء کے اخبار البشیر سے اس قدر کا اُردو ترجمہ پڑھ کر سناتا ہوں یہ ترجمہ مستند ترجمہ ہے اس واسطے کہ البشیر سے لیا گیا ہے۔ اور البشیر علی گڑھ کالج کا آرگن ہے۔ آنریبل مارلیسن نے فرمایا کہ

"آپ کو معلوم ہوگا کہ اِس وقت تک ہندوستان کے مسلمان گریجوایٹوں کا بہت بڑا حصہ علی گڑھ کا تعلیم یافتہ ہے۔ اور میرے بعض دوست سمجھتے ہیں کہ ایک مسلمان کو علی گڑھ کے سوا کسی دوسری جگہ سے بی اے پاس کرنا خلافِ حمیت قومی ہے۔ ان صاحبوں کے نزدیک مسلمانوں کے لیے تعلیم بی اے کا کسی دوسری جگہ پر انتظام کرنا غلطی ہے۔ مجھکو یاد ہے ایک وہ بھی زمانہ تھا جب کہ لوگ سمجھتے تھے کہ کوئی اسلامی ہائی سکول علی گڑھ سے باہر نہیں ہونا چاہیئے مگر اب ہائی سکولوں کے متعلق یہ خیال جاتا رہا۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ بی اے کے درجے کے کالجوں کے متعلق بھی یہ خیال بہت عرصے تک نہ رہے گا۔ قوم کی مالی فلاح کو ترقی دینے کے لیے ہم چاہتے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے ایسے مسلمانوں کی تعداد کو بڑھائیں جو شریف پیشوں

کے لیئے تیار ہوں اور تعلیمی مرکز کے شوق میں ہم کوئی ایسی بات نہ کریں جو مسلمان نوجوانوں کی زیادتی کو زندگی کے مختلف پیشوں میں روکنے والی ہو۔ مسلمانوں کے موجودہ کالج شوق سے بی۔ اے کا پورا انتظام کریں۔ لوکل کمیٹیاں مسلمان طلبہ کو گورمنٹ اور مشن کالجوں میں تعلیم پانے کے لیئے وظائف بہم پہنچائیں۔ اس سے علی گڑھ کی اہمیت میں جو مسلمانوں کی تعلیمی اسکیم میں اس کو حاصل ہے سرمو فرق نہ آئے گا وہ جیسا کہ اب ہر حصّہ ہندوستان کے مسلمانوں کی متفقہ کوششوں اور قومی جوش کا مستحق ہے ویسا ہی اُس وقت بھی رہے گا۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ وہ اُس وقت مسلمانوں کے علوم اور اعلیٰ خیالات کا مرکز نہ ہوگا۔ رہے پیشے اُن کے لیئے محض تعلیم عامّہ کی ضرورت ہے جو میرے نزدیک بی۔ اے کے درجے تک کی کافی ہے۔ اور اس قسم کی تعلیم جس قدر عام ہو اُسی قدر قوم کی مالی بہبودی کے لیئے بہتر ہے۔"

یہ جو میں نے آپ صاحبوں کو پڑھ کر سنایا آنریبل مارلین کی سپیچ کے بیچ کا ٹکڑا ہے۔ اور اس سے فقط اس بات پر استشہاد کرنا منظور تھا کہ اسلامیہ کالج کا ہونا اہلِ پنجاب کے لیئے مفید اور ضروری ہے۔ اس کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ لوگ ہر جگہ تعلیم کی ضرورت کا احساس کرنے لگے ہیں اور تعلیم کے علاوہ اور بھی طرح طرح کی قومی ضرورتیں وقتاً فوقتاً پیش آتی رہتی ہیں اور سب ضرورتوں کا حاجت روا ایک چندہ۔ تو ہم دیکھتے ہیں کہ ملک میں چندوں نے طوائف الملوکی کر رکھی ہے۔

میرے نزدیک اس طرح کی کشمکش کا ہونا خاص کر امورِ خیر میں اچھا نہیں۔ اور میں چاہتا ہوں کہ چندوں کے لیئے علاقے تقسیم ہو جائیں۔ مگر تقسیم کرے کون۔ کرے نہ کرے ایجوکیشنل کانفرنس کہ وہی ایک ایسا مجمع ہے جہاں ہر طرف کے مسلمان جمع ہوتے ہیں۔ اگر کانفرنس ایسا کرے تو میں یقین کرتا ہوں کہ اَلْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ کی رو سے پنجاب بِحَذَافِیْرِہٖ لامحالہ

اسلامیہ کالج کے حصے میں آئے گا۔ اور اس صورت میں اسلامیہ کالج کے لیئے کافی اور مستقل فنڈز کا جمع ہونا بہت ہی آسان ہو جائے گا۔ اور کانفرنس کا انتظار کرنا بھی کیا ضرور ہے۔ اہل پنجاب خود اپنے اوپر لازم کرلیں کہ اسلامیہ کالج کے سوائے کسی اور کو چندہ نہیں دیں گے۔ کیا

یَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۭ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ [۱]

سے اسلامیہ کالج کا حق فایق ثابت نہیں ہوتا اَلْاَقْرَبِیْنَ میں جیسے نسبی قرابت ویسے مقامی قرابت۔

نظم

خدا نے ہمکو بتائے ہیں پانچ مصرفِ خیر	کہ مستحق کرامت یہ پانچ ہیں لاغیر
ہو والدین کا حق سب حقوق پر غالب	محلِّ حیف ہو ماں باپ خیر کے طالب
ہو تو سعید تو کیوں ہو سقیم حال اُن کا	اُن ہی کا تو ہے ترا مال بھی ہے مال اُن کا
تو اُن کی فرع ہے اصلِ وجود ہیں ماں باپ	بڑا ہوا ہے کوئی پل پلا کے آپ سے آپ
اُن ہی سے پایا ہے ہستی نے تیری نشوونما	بس ایک ذاتِ خدا ہے کہ جس کے باپ نہ ما
اُٹھائے رنج بہت تا کہ تجھ کو راحت ہو	تجھے ہو پہلے۔ کسی اور کو ہو یا مت ہو

[۱] (اے پیغمبر، تم سے (لوگ) پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کیا خرچ کریں تو (ان کو) سمجھا دو کہ (خیر خیرات کے طور پر) جو مال بھی خرچ کرو تو وہ تمہارے) ماں باپ کا حق ہے اور قریب کے رشتہ داروں کا اور یتیموں کا اور محتاجوں کا اور مسافروں کا اور تم کوئی سی بھلائی بھی (لوگوں کے ساتھ) کروگے تو اللہ اس کو جانتا ہے ۱۲

تو زیرِ منّتِ احسان والدین کے ہو
پس اُن کا دینا بجائے ادائے دَین کے ہو

پھر اِن کے بعد دوم نمبر اقربین کا ہو
یہی طریق سخاوت میں اہلِ دین کا ہو

پر اقربین کے بھی مختلف مدارج ہیں
نہیں کہ جن سے قرابت نہیں وہ خارج ہیں

کسی کے دل میں اگر اُنس اور مروّت ہو
تو پاسِ مذہبِ اسلام بھی اخوّت ہو

گزر کے دین سے پھر داعیہ وطن کا ہو
تو اس حساب سے دو ہر اِک انجمن کا ہو

علاوہ اس کے دلیلِ مزیدِ استحقاق
یتیم خانہ ہو۔ منصوص مصرفِ انفاق

ہو چوتھے درجے میں مسکین پھر مسافر ہو
صفِ حقوق میں حق اس کا سب سے آخر ہو

کسی کو دینے دلانے کا ہو اگر مقدور
تو اُس کو چاہیئے ترتیب کا لحاظ ضرور

بعید کا نہیں کچھ حق قریب کے ہوتے
امیر کا نہیں کچھ حق غریب کے ہوتے

اگر اپنے دینے میں نا مستحق کو دو ترجیح
تو ایسے دینے سے حق دار پر ہو ظلم صریح

ذرا سی بھول میں سب ہو گیا حساب اُلٹا
گئے ثواب کمانے ملا عذاب اُلٹا

خدا کا مال ہو تم اُس کے ہو امانت دار
تو جس کو وہ کہے پہنچاؤ اُس کو بے تکرار

تم اپنی رائے کو دو دخل تم کو حق کیا ہو
پڑھو قرآن کی آیت سورق[1] کیا ہو

تمام

[1] اُس آیت کی طرف اشارہ ہو جو لکچر کے شروع میں ہو۔ ۱۲

خاتمۃ الطبع

بے عزم درست و سعیِ کامل
کس را نشود مراد حاصل

ہر کام جب تک شروع نہ کیا جائے پہاڑ معلوم دیتا ہو لیکن خداوند تبارک و تعالیٰ نے ارادے کی تصمیم میں وہ برکت دی ہو کہ ہر مشکل سہل ہو جاتی ہو ؎

مشکل ز توجہ تو آساں
آساں ز تغافل تو مشکل

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہو کہ مجموعۂ لیکچر کی جلد دوم بھی چھپ کر تیار ہو گئی اس طرح چوالیس لکچر جو بکھرے پڑے تھے دو جلدوں میں گندھ گئے۔ شائقین کے لیے یہ نایاب مجموعہ جس میں میرے والد مرحوم کے سارے کے سارے لیکچر موجود ہیں بہت قدر کے قابل ہو۔ کاغذ۔ لکھائی چھپائی سب بہتر ہو قیمت بھی جو بلحاظ مصارفِ خطیر کم سے کم رکھی جا سکتی تھی وہی رکھی گئی ہو۔ صرف ایک ہزار جلدیں چھپی ہیں جو مانگ کے لحاظ سے عجب نہیں کہ ہاتھوں ہاتھ نکل جائیں۔ شائقین جلدیں ایسا نہ ہو کہ طبع سوم کا انتظار کرنا پڑے جس کا بھی لحاظ حالاتِ موجودہ زمانِ قریب میں ہونا ناممکن نہیں تو مشکل اور دیر طلب ضرور ہو۔ فقط

خاکسار
بشیر الدین احمد غفرلہٗ

دہلی۔ اگست ۱۹۱۸ء

	قیمت	محصول ڈاک
فطری ہیں۔ جو شخص ذرا بھی سمجھ رکھتا ہو وہ بخوبی تصفیہ کر سکتا ہے کہ دنیا میں اگر کوئی مذہب سچا ہے تو وہ اسلام ہی ہے۔ "کافر نتوانی شدنا چار مسلمان شو"	عصہ	۴ر
(۹) حیات النذیر۔ مولٰنا سے مرحوم کی مکمل سوانح عمری مع فوٹو اور دو عکسی خطوط کے ۶۹۴ صفحات	۸ر	۸ر
(۱۰) نظم بے نظیر۔ مولٰنا سے مرحوم کی کل نظموں کا مجموعہ مع صراحت اس امر کے کہ کس جلسہ اور تقریب کے لیئے لکھی گئی تھی	عصہ	۳ر
(۱۱) مراۃ العروس لڑکیوں کو امور خانہ داری اور سلیقہ سکھلانے کی بے نظیر کتاب جس پر گورنمنٹ سے ایک ہزار روپیہ انعام ملا	۸ر	۳ر
(۱۲) بنات النعش گویا کہ مراۃ العروس کا حصۂ دوم ہے جس میں لڑکیوں کی اصلاح حالت اور ترقی ہیں اُن کو زیادہ تر بکار آمد بنانے کے لیئے عمدہ عمدہ تعلیمی مضامین لکھے گئے ہیں۔ اس پر گورنمنٹ سے پانسو روپیہ انعام ملا ہے	۸ر	۳ر
(۱۳) توبۃ النصوح۔ نیک کرداری۔ اخلاق اور مذہبی تعلیم کا بیش بہا ذخیرہ جس پر گورنمنٹ سے ایک ہزار روپیہ انعام ملا	۸ر	۳ر
(۱۴) محصنات۔ یعنی فسانۂ مبتلا جس میں دو شادیاں کرنے کی مصیبتوں کو نہایت دردناک طور سے بیان کیا گیا ہے اور آخر میں ایک مخمس بھی ہے	۱۴	۳ر
(۱۵) ایامیٰ۔ بیواؤں کی دکھ بھری کہانی خود اُن کی زبانی۔ اُن کے اصلی حالات اور دلی جذبات کا فوٹو اُن کی مشکلات کا بس یہی خیال ہے کہ بیواؤں کا کالج ثانی کیا جائے	۱۳ر	۳ر
(۱۶) ابن الوقت۔ انگریزی کورانہ تقلید کی خرابیاں نتیجہ یہ کہ نہ ادھر سورہ نہ دھر سورہ۔ مذہبی مسائل پر نہایت عمدہ معقول اور مسکت مباحث	۱۴ر	۴ر
(۱۷) موعظۂ حسنہ۔ وہ تمام نصیحت آمیز خطوط جو مولٰنا نے اپنے اکلوتے بیٹے کو تعلیم کے زمانہ میں وقتاً فوقتاً لکھے تھے	۱۲ر	۲ر

نام کتاب	قیمت	محصول ڈاک
(۱۸) **منتخب الکایات** - بچوں کے لئے چھوٹی چھوٹی کہانیاں	۶ر	۲ر
(۱۹) **چند پند** - بچوں کے لیئے عمدہ عمدہ نصیحت آمیز مضامین	۶ر	۲ر
(۲۰) **صرف صغیر** - فارسی زبان کے قواعد سلیس اُردو میں	۴ر	۲ر
(۲۱) **نصاب خسرو** - امیر خسرو کی ترمیم شدہ خالق باری	۴ر	۲ر
(۲۲) **رسم الخط** - املا و انشا کے نوآموز بچوں کے لیئے سلیس قواعد	۴ر	۲ر
(۲۳) **مبادی الحکمت** - علم منطق کے قواعد سلیس اور عام فہم اُردو میں جس پر گورمنٹ سے پانسو روپیہ انعام ملا	۸ر	۳ر
(۲۴) **مائینک فی الصرف** - صرف عربی کے قواعد زبان اُردو میں ...	۸ر	۳ر

زیر طبع

(۲۵) **امہات الامہ** - یہ وہ کتاب ہی جسے سو فتنی قرار دے کر مولنا پر کفر کا فتوی ہوا تھا اب چند مستند علماء کی نظر ثانی ترمیم اور تعدیل کے بعد خواہش مندوں کے سخت اصرار پر زیر طبع ہی - خواہش مند اپنا نام رجسٹر کرالیں -

مولنائے مغفور کی آخری اور ناتمام تصنیف

(۲۶) **مطالب القرآن** کلام مجید کی مکمل اُردو تفسیر کا حصہ اول "معتقدات" صفحہ (۱۴۸) تک پوری تفسیر کو چھ حصول میں لکھنا مرکوز خاطر تھا اور جتنی لکھی جاتی تھی اُتنی ہی چھپ بھی جاتی تھی افسوس ہو کہ مولنا کی زندگی نے چندے اور وفا نہ کی اور کتاب ادھوری رہ گئی - اب جتنی اور جس حیثیت سے طیار تھی - ناظرین کی خدمت میں پیش کی جاتی ہی - ..... عہ مع محصول ڈاک -

ملنے کا پتہ

بشیر الدین احمد تعلقہ دار پنشنر کھاری باؤلی دہلی